تمام شد

عقائد کي فہرست

مسیحیون کو منع هی اِسي طرح همین یقین هی کہ عیسوي مذهب کسي کے دیا دهرم کے مقدمے مین حاکم کی حکم سے قسم کهانے کو منع نهین کرتا بشرطیکہ نبي کی سکهانے کے موافق یہہ عدل و اِنصاف اور سچائي کي راہ سے هو

اُوپر کے عقیدون کا تقرر

اُوپر کے عقیدے هماري ملکہ جناب الیسبا کي جو بفضل اِلهي اِنگلستان فرنس اور ایرلنڈ کی ملکہ حامي دین اور بهت کچهہ هین خوشي و خوشنودي اور خورسندي و رضامندي کي نظرون سے منظور هوے اور اِس ملک مین اِنکے جاري اور مقرر هونے کي پروانگي ملي اور کنووکیشن کے دونون گهر کے یعنے اُسقف اور بڑے اُسقف اور تمام پادریون کي مجلس مین سنہ ۱۵۷۱ عیسوي مین عقیدۂ مذکور تامل سے پڑهے گئے اور اُن سب صاحبون کے دستخط سے صحت اور قبولیت کو پهنچے

لوگ خواہ دیني خواہ دنیاوي تمام مقدمات میں اُسکے زیر حکم هیں اور کسي دوسرے ملک کا حاکم یہان نہ اِختیار رکھتا اور نہ مناسب هی کہ رکھے

جب هم جناب ملکہ کو مختار کل کہتے هیں (سننے میں آیا کہ اِس لقب سے بعضے بیر و بغضوالے ناراض هوتے) تو اِس میں سمجھا چاهیئے کہ هم اپنے سلطانون کو خدا کے کلام سنانے یا ساکریمنٹ کي خدمت بجا لانے نہیں دیتے یہہ بات هماري ملکہ الیسبا کے قانون سے جو تھوڑے روز سے جاري هوئي صاف ظاهر هی بلکہ صرف ایسا اِختیار دیتے جو هم دیکھتے هیں کہ سب دیندار۔ بادشاهون کو مقدس کتاب میں خدا خود دیا کیا یعنے کہ وے سب عہدون اور درجون کا جو خدا نے اُنهیں سونپے بندوبست کریں خواہ دیني هون خواہ دنیاوي اور حکومت کے زور سے سرکشون و بدکارون کو روک دیں

روم کا اُسقف اِنگلستان کے ملک میں کچھہ اِختیار نہیں رکھتا

روا هی کہ ملکي ایسے قانون هون کہ جنکہ موافق برے اور سخت گناہ کے لئے مسیحیون کو قتل کي سزا دي جاوے

مسیحیون کو روا هی کہ حاکم کے حکم سے هتیار باندهیں اور لڑائي پر جاویں

۳۸—اِس کے بیان میں کہ مسیحیون کے ملک و مال مشترک نہیں

مسیحیون کے ملک و مال بسبب حق اور قبالے اور قبضے کے مشترک نہیں جیسے بعضے انابپٹسٹ جھوٹھہ گھمنڈ سے کہتے هیں تسپر بھي هر شخص کو مناسب هی کہ اپني چیزون میں سے مقدور بھر سخاوت سے کنگالون پر خیرات کرے

۳۹—مسیحیون کے قسم کھانے کے بیان میں

جسطرح هم مان لیتے هیں کہ همارے خداوند یسوع مسیح اور اُس کے رسول یعقوب کے حکم سے بیفائدہ اور بیتامل قسم کھاني

۳۶—اُسقف کے تقدس اور خادم الدین کے تقرر کے بیان میں

اسقف اور بڑے اُسقف کے تقدس اور قسیس و خادم الدین کے تقرر کي کتاب جو چھٹھے ایڈورڈ شاہ کے وقت میں جاري اور اُسیوقت پارلیمنٹ کے حکم سے مقرر هوئي اُس میں تقدس و تقرر مذکور کي سب ضروري باتین موجود هین اور اُس مین بذاته کوئي بات بیجا و بیدیني کي نهین

پس اِس لئے همارا حکم هي که جو ایڈورڈ بادشاه ممدوح کے تخت پر بیٹھنے کے دوسرے برس سے اِس وقت تک اُس کتاب کي رسمون کے موافق تقدس یا تقرر کئے گئے اور جو کوئي اب سے آگے کو اُنهین رسمون کے موافق تقدس یا تقرر کئے جاوین اُن کا تقدس یا تقرر صحیح و درست اور شرع کے موافق هي

۳۷—حاکمون کے بیان میں

جناب ملکه کو اِنگلستان کے ملک اور اُسکے دوسرے ملکون میں ایک اِختیار کلي هي که اِس بادشاهت کے سب درجے کے

برخلاف نہ ہون اور ربیوالون کے حکم اور مرضی سے مقرر ہون تو اِس لئے کہ دوسرے ایسے کام سے ڈرین اُسے یون علانیہ ملامت کرنی چاہیئے جیسے اُسے جو کلیسیا کے تمام دستور کے برخلاف کرتا ہی اور حاکم کی حکومت مین خلل ڈالتا اور ناتوان بھائیون کے دل گھائل کرتا ہی

ہرایک کلیسیاے مستقل یعنے قوم کی کلیسیا اِختیار رکھتی ہی کہ کلیسیا کے لئے رسومات و دستورات مقرر کرے یا اُنہین جو صرف آدمی کے حکم سے ٹھہرائی گئین بدل ڈالے یا موقوف کردے اِس غرض پر کہ سب باتین بہتری کے واسطے کی جاوے

۳۵—حوملی یعنے مقرری وعظ کے بیان مین

حوملیون کی دوسری کتاب کے وعظ جن کے سب نام جدے جدے اِس عقیدے کے نیچے لکھے جاتے ہین اُن مین اچھی اور عافیت بخش تلقین ہی اور جو کہ اِن دونون کے لئے چاہیئے جیسے حوملیون کی پہلی کتاب مین بھی ہی جو کہ چھٹھے ایڈورڈ شاہ کے وقت مین مروج ہوئی اِس لئے ہمارا حکم یہہ ہی کہ کلیسیاؤن مین دین کے خادم اُنہین کوشش کرکے صاف صاف پڑھین تا کہ لوگ اُنہین سمجھین

حوملیون کے نام

١ کلیسیا مین قرینے سے حاضر ہونے کے بیان مین
٢ بت پرستی کے خطرے کے بیان مین
٣ کلیسیاؤن کی مرمت کرنے اور صاف رکھنے کے بیان مین
٤ نیک اعمال کے بیان مین اور پہلے روزے کے
٥ کھانے کے ہوکھے اور نیشہ کی برائی مین
٦ پوشاک کے بیہودہ خرچ کی برائی مین
٧ نماز کے بیان مین
٨ نماز کے وقت اور جگہہ کے بیان مین
٩ اِسکے بیان مین کہ جماعت کی نماز اور ساکریمنٹ اُس زبان مین ادا کی جاوے جو جاری ہووے

اور اُسکے سوا گناہ کے لئے دوسرا کوئي بدلہ نہین اِس لئے مسسون کي قربانیان جنکي بابت اکثر کہا جاتا کہ قسیس اُن مین زندون اور مردون کے لئے مسیح کو قرباني چڑھاتا ھی تا کہ اُنکي سزا یا گناہ معاف ھو جاوے سو کفر کي واھیات باتین اور بڑے خوف کے دھوکھے ھین

۳۲—پادریون کے بیاہ کے بیان مین

اسقف اور قسیس و خادم الدین کو خدا کي شرع مین حکم نہین کہ مجرد رھنے کا عہد کرین یا نکاح سے کنارہ کش ھووین اِس لئے اور سب مسیحیون کي طرح اُن کو بھي روا ھی کہ اپني راے کے موافق نکاح کر لین جبکہ وے جانین کہ اِس سے دین کا کام اور زیادہ درست ھوگا

۳۳—اِسکے بیان مین کہ جو لوگ کلیسیا سے خارج کئے گئے اُن سے کیونکر پرھیز کیا چاھیئے

جو شخص کہ کلیسیا کے ظاھر حکم سے واجب طور پر کلیسیا کے میل سے منقطع اور خارج کیا گیا تمام ایمانداروں کي جماعت کو لازم ھی کہ اُسے بیدین اور محصول لینیوالے سا جانین جب تک کہ وہ توبہ کر کے برملا پھر ملایا جاوے اور حاکم کے وسیلے سے جو اِس کا اِختیار رکھتا ھو کلیسیا مین قبول کیا جاوے

۳۴—کلیسیا کي رسومات کے بیان مین

ضرور نہین کہ رسم و دستورات سب جگہہ ایک ھي اور سب باتون مین یکسان ھون کیونکہ وہ ھر زمانے مین الگ الگ ھوئے اور جدے جدے ملک اور وقت اور لوگون کي رواج کے موافق بدل بھي جا سکتے ھین پر اِس شرط پر کہ خدا کے کلام کے برخلاف کچھہ ٹھہرایا نہ جاوے جو کوئي اپني ھي عقل سے قصد کرتے اور جان بوجھہ کے کلیسیا کي اُن رسمون اور دستورات کو برملا ٹال دے جو کلام اِلھي کے

ماهیت کا بدل جانا یعنے عشاے ربانی مین روٹي اور وین کي ماهیت بدل جاني مقدس کتاب سے ثابت نہین هو سکتي بلکہ کتاب کي صاف صاف باتون کے صریح برخلاف هی اور ساکریمنٹ کي حقیقت بهي اُٹها دیتي اور اُسکے سبب سے بہت وهمي باتون نے دخل پایا

عشاے رباني مین صرف آسماني اور روحاني طور پر مسیح کا بدن دیا لیا اور کهایا جاتا هی اور وسیلہ جس سے عشاے رباني مین مسیح کا بدن لیا اور کهایا جاتا ایمان هی

عشاے رباني کي ساکریمنٹ کو رکهہ چهوڑنا یا لئے پهرنا یا اُٹهانا یا سجدہ کرنا مسیح کا حکم نہین

۲۹ — شریرون کے بیان مین کہ وے عشاے رباني کے دستور مین مسیح کا بدن نہین کهاتے

شریر اور جن کو زندہ ایمان نہین وے اگرچہ مقدس اگستین کے کہے بموجب جسماني اور ظاهري طور پر مسیح کے بدن اور لہو کي ساکریمنٹ کو دانت سے چابتے هین تو بهي کسي طرح وے مسیح کے شریک نہین بلکہ ایسي عمدہ چیز کے نشان یا ساکریمنٹ کو اپني سزا پانیکے لئے کهاتے پیتے هین

۳۰ — ساکریمنٹ کے دونون جز کے بیان مین

جماعت سے خداوند کا پیالہ روک رکهنا لازم نہین کیونکہ ساکریمنٹ کے دونون جز مسیح کے ٹهہرائے اور حکم سے سب مسیحیون کو برابر دیا چاهیئے

۳۱ — مسیح کي ایک هي قرباني کے بیان مین جو صلیب پر تمام هوئي

مسیح کي قرباني جو ایک بار هوئي تمام دنیا کے سب گناهون کي خواہ خلقي هو خواہ فعلي پوري فدیہ و کفارہ اور بدلا هی

اور نہ خدا کي نعمتون کا فضل اُن شخصون پر کم هو جاتا جو ایمان کے ساتھہ اُنکے هاتھون درستي سے ساکریمنٹین لیتے کہ وے مسیح کي طرف سے مقرر هین اور اُسکے وعدے کے سبب اثر رکھتے هین گو کہ برے آدمیون کے وسیلے سے عمل مین آوین

باوجود اِسکے کلیسیا کے منتظمون کا کام هی کہ دین کے برے خادمون کي تحقیق کرین اور جو لوگ اُنکے گناهون سے واقف هون اُن پر نالش کرین آخر جب وے گنہگار ٹھہرین تو صحیح فتوے کے بموجب موقوف کر دیئے جائین

۲۷ــــبپتسما کے بیان مین

بپتسما مذهب کا صرف ایک نشان اور تفاوت کي ایک علامت هي نہین جسکے سبب مسیحي لوگ اُن سے الگ معلوم هوتے هین جنھون نے بپتسما نہین پایا بلکہ یہہ نئے جنم کا نشان بھي هی جس سے ایک وسیلے کے طور پر وہ لوگ جو درستي سے بپتسما پاتے هین کلیسیا مین پیوند هو جاتے اور گناہ کي معافي کے روح قدس کے وسیلے سے همارے حق مین خدا کے منہہ بولے بیٹے هونے کے وعدے پر ظاهرا دستخط و مہر هوتي اور خدا سے دعا مانگنے کے باعث ایمان مضبوط هو جاتا اور فضل بڑھتا هی

چھوٹے لڑکون کا بپتسما کلیسیا مین جاری رکھنا هر طرح مناسب هی کیونکہ یہہ مسیح کے قاعدے کے بہت موافق هی

۲۸ــــعشاے رباني کے بیان مین

عشاے رباني محبت کي صرف ایک نشاني نہین جو مسیحیون پر آپس مین رکھنا واجب هی بلکہ هماري رهائي کي جو مسیح کي موت سے حاصل هوتي ایک ساکریمنٹ هی یہان تک کہ جو درست اور لائق طور پر ایمان کے ساتھہ اُسے لیتے هین اُن کو روٹي توڑنا مسیح کے بدن مین شامل هونا اور یون هي برکت کا پیالہ (پینا) مسیح کے لہو مین شامل هونا هی

اُسکي نیک خواهش کے صاف اور صریح گواه اور موثر نشان هین جنسے وہ هم مین ایک پوشیده طور پر اثر کرتا هی اور اپنے اُپر همارے ایمان کو صرف تازه هي نهين بلکه اُسے ثابت و اُستوار بهي کر دیتا هی اِنجیل مین همارے خداوند مسیح نے دو ساکریمنتین مقرر کین یعنی بپتسما اور عشاء رباني

وے پانچ جو بهتون مین ساکریمنٹ کهلاتے هین یعنے دین پر مستقیم هونا اور توبه کرنا اور خدمت کا عهده اور نکاح اور آخري وقت تیل ملنا سو اِنجیل کي ساکریمنتین نه سمجها چاهیئے که بعضي اُن مین رسولون کي نادرست پیروي سے نکلین اور بعضي زندگاني کي ایسي حالت هین جنکي پروانگي مقدس کتاب مین هی پر تو بهي بپتسما اور عشاء رباني کي مانند ساکریمنٹ کا رتبه نهین رکهتین کیونکه خدا کي طرف سے اُنکا کوئي ظاهري نشان یا رسم مقرر نهین

مسیح نے ساکریمنتون کو اِس لئے مقرر نهین کیا که اُنهین تکا کرین یا لئے پهرین بلکه اِس واسطے که اُن کو واجب طور سے بجا لاوین اور اُنکي صحت بخش تاثیر وے هي لوگ حاصل کرتے جو اُنکو بطور شایسته عمل مین لاتے هین پر جو اُنهین لائق طور سے عمل مین نهین لاتے وے مقدس پولوس کے کهے کے موافق اپنے لئے عذاب حاصل کرتے هین

۲۶—خادم الدین کي نالیاقتي کے بیان مین جو ساکریمنتون کے اثر روکنا نهین دیتي

اگرچه ظاهري کلیسیا مین بهلے برے همیشه ملے رهتے هین اور بعضے وقت برے لوگ کلام کے سنانے اور ساکریمنٹ کے عمل مین لانے کا اول درجه رکهتے پر اِس واسطے که وے اپنے نام سے نهین بلکه مسیح کے نام سے یهه کرتے هین اور اُسکي مختاري و سند سے خدمت بجا لاتے اُن سے خدمت لینا خدا کے کلام سنانے اور ساکریمنٹ دینے مین همارے لئے روا هی اُنکي شرارت سے نه مسیح کے ٹهرائے هوئے دستورون کا اثر جاتا رهتا

بھي جو خدا سے علاقہ رکھتي ھين اِس لئے جن باتون کو اُنھون نے نجات کے لئے ضرور سمجھہ کر ٹھہرایا ھی اِسکے ثابت کئے بغیر کہ وے مقدس کتاب سے لي گئي ھین اُنکي کچھہ قدر اور اِقتدار نھین

۲۲—اعراف کے بیان مین

رومي تعلیم اعراف اور مغفرت اور بتون و تبرکون کي تعظیم و پرستش اور مقدسون کو پکارنے کي بابت جھوٹي بات اور بیہودہ اِیجاد ھی اور بیبل کي کسي سند سے اِس کا ثبوت نھین بلکہ وہ خدا کے کلام کے برخلاف ھی

۲۳—کلیسیا کي خدمت گذاري کے بیان مین

کسي کو روا نھین کہ علانیہ وعظ کا عھدہ یا کلیسیا مین ساکریمنٹ کي تعمیل از خود اِختیار کرے اُس سے پہلے کہ وہ شرع کے موافق اُس کام کے لئے ٹھہرایا اور بھیجا جاوے اور ھمین مناسب ھی کہ اُنھین شرع کے رو سے ٹھہرائے اور بھیجے گئے سمجھین جو اُن لوگون کي طرف سے اِس کام کے لئے چنے اور مقرر ھون جن کو کلیسیا مین برملا اِختیار ملا ھو کہ خادمون کو بلا کر خداوند کي تاکستان مین بھیجین

۲۴—کلیسیا کے درمیان اُس زبان کے بولنے کے بیان مین جو کہ لوگ سمجھتے ھون

یہہ بات خدا کے کلام اور پہلي کلیسیا کے دستور سے صریح برخلاف ھی کہ کلیسیا مین برملا نماز یا ساکریمنٹین ایسي زبان مین ادا کي جاوین جسے لوگ نھین سمجھتے ھین

۲۵—ساکریمنٹون کے بیان مین

مسیح کي مقرر کي ھوئي ساکریمنٹین مسیحیون کے صرف مذھب کي نشانیان نھین بلکہ خدا کے فضل اور ھمارے حق مین

کے مطابق درست کرے کیونکہ مقدس کتاب همین صرف یسوع مسیح کا نام بتاتي هی جس سے آدمي نجات پا سکتے هین

۱۹—کلیسیا کے بیان مین

مسیح کي ظاهري کلیسیا ایمانداروں کي جماعت هی جس مین خدا کا خالص کلام سنایا جاتا اور ساکریمنتین اُن سب چیزون کے ساتهه جو اُنکے لئے فرضیت کي راه سے مطلوب هین مسیح کے حکم بموجب درستي سے عمل مین آتین

جیسے که اورشلیم اور اسکندریه و انطاکیه کي کلیسیا نے خطا کي ویسا هي روم کي کلیسیا نے بهي صرف چال اور دستورات کي باتون مین نهین بلکه اعتقادیات کے مقدمه مین بهي خطا کي هی

۲۰—کلیسیا کے اختیار کے بیان مین

کلیسیا رسم و دستورون کے مقرر کرنے کي مستحق هی اور اعتقادیات کے مقدمه مین بهي اختیار رکهتي لیکن خدا کے لکهے هوئے کلام کے برخلاف کسي بات کا حکم کرنا کلیسیا کو روا نهین اور نه بیبل کے کسي مقام کا یون بیان کرنا که دوسرے مقام کے برخلاف هو جاے اسلئے گو کلیسیا مقدس کتاب کي گواه اور محافظ هی تو بهي جیسا کسي بات کا حکم مقدس کتاب کے برخلاف کرنا اُسے روا نهین ویسا هي اُسے لوگون کے لئے یهه ٹههرانا درست نهین که اُس کتاب کے سوا کسي دوسري بات کا اعتقاد رکهنا نجات کے لئے ضرور هی

۲۱—کونسل عمیم کے اختیار کے بیان مین

بادشاهون کے بے حکم اور بے مرضي کونسل عمیم جمع نهین هو سکتي اور جب وے جمع هون تو اسواسطے که وے ایسے آدمیون کي ایک جماعت هی جو سب خدا کے روح اور کلام کے تابع نهین سو خطا کر سکتے هین اور اُنهون نے بعضے مرتبه کي بهي هی بلکه اُن چیزون مین

وقت پر اُنمیں تاثیر کرتا اُسکے ارادہ کے موافق بلائے جاتے ھیں وے فضل کے سبب بلانے کے تابع ھوتے ھیں وے مفت راستباز گنے جاتے ھیں وے خدا کے منہہ بولے فرزند ٹھہرائے جاتے ھیں وے اُسکے اکلوتے بیٹے یسوع مسیح کي شکل پر بنتے ھیں وے نیک اعمال کے ساتھہ دینداري کي راہ پر چلتے ھیں اور آخر خدا کي رحمت سے ھمیشہ کي خوشي کو پہنچتے ھیں

دینداروں اور ایسوں کو جنھوں نے معلوم کیا ھی کہ مسیح کا روح اُنمیں تاثیر کرتا اور اُنکي جسماني و نفساني خواھشیں مارتا اور اُنکے دلوں کو بلند و آسماني چیزوں کي جانب اُبھارتا ھی مراد مقدم اور مسیح میں ھماري برگزیدگي کا خیال دینداري کي راہ سے کرنا ایسا میٹھا و مزہ‌دار اور تسلي سے بھرا ھی کہ بیان میں نہیں آتا کیونکہ وہ مسیح کے وسایہ اُنکي ھمیشہ کي نجات کا ایمان خوب پکا و مضبوط کرتا اور خدا کے عشق کي آگ بھي اُنکے دلوں میں بھڑکاتا ھی پر جاسوس طبع اور نفساني لوگوں کو جن میں مسیح کا روح نہیں اُنکي نظر کے سامھنے خدا کي مراد مقدم کا حکم سدا رہنا بڑي خوف ناک خواري ھی جس سے شیطان اُنہیں یا نااُمیدي میں ڈالتا یا ایسي محض گندي چال کي بیفکري میں جسکے درمیان نااُمیدي سے کچھہ کم خطرہ نہیں ھی پھنساتا ھی

اس کے سوا ھمیں ضرور ھی کہ خدا کے وعدوں پر اُسي طرح یقین رکھیں جیسے مقدس کتاب میں اکثر مقاموں میں ھمارے واسطے لکھي ھیں اور اپنے اعمال سے خدا کي اُس مرضي کے تابع رہا چاھیئے جو ھمیں صاف صاف خدا کے کلام میں بتائي گئي

۱۸—اسکے بیان میں کہ ھمیشہ کي نجات صرف مسیح کے نام سے حاصل ھوتي ھی

اُنہیں دین سے خارج سمجھا چاھیئے جو گستاخ ھو کر کہتے ھیں کہ ھرایک شخص اُس شرع یا طریق سے جس کا وہ پیرو ھو نجات پاویگا بشرطیکہ وہ کوشش کر کے اپني چلن اُس شرع اور عقل کي روشني

۱۵—مسیح هي کے بے گناہ هونے کے بیان میں

مسیح في الحقیقت هماري جنسیت اختیار کرکے سب باتون میں هماري مانند تها مگر گناہ میں کہ اُس سے جسم اور روح دونون کي نسبت وہ بلکل مبرا رها وہ بے عیب برہ کي مانند هو آیا تا کہ آپ کو ایک بار قربان چڑها کر جہان کے گناهون کو اُٹها لے جائے اور مقدس یوحنا کے کہے بموجب اُس میں گناہ نہ تها پر هم سب اگرچہ بپتسما پاکر مسیح میں سر نو پیدا هوے تو بهي بہت باتون میں خطا کرتے هیں اور اگر هم آپ کو بے گناہ کہیں تو هم اپنے تئیں بهلا دیتے هیں اور هم میں سچائي نہیں

۱۶—بعد بپتسما کے گناہ کے بیان میں

نہ هر ایک مہلک گناہ جو آدمي بپتسما کے بعد قصدا کرتا روح قدس کي بنسبت گناہ هی اور اُسکي معافي انہونی اِس لئے جو بپتسما کے بعد گناہ کرے اُس پر توبہ کا دروازہ بند نہ کیا چاهیئے هو سکتا هی کہ هم روح قدس پانے بعد فضل سے کنارے هو کر گناہ میں پڑیں اور خدا کے فضل سے پهر اُٹهیں اور اپني روش درست کریں پس اُن پر صریح الزام هی جو کہتے هیں کہ وے یہان تمام عمر پهر گناہ نہیں کر سکتے یا سچي توبہ کرنیوالون کي مغفرت کا انکار کرتے هیں

۱۷—مراد مقدم اور برگزیدگي کے بیان میں

زندگاني کي مراد مقدم خدا کا ابدي ارادہ هی جس سے اُسنے دنیا پیدا کرنے کے پہلے اپني مصلحت کے موافق جو هم سے پوشیدہ هی نت ٹهان رکها کہ جنہیں اُسنے مسیح میں آدمیون میں سے چن لیا اُنہیں لعنت اور عذاب سے چهڑاوے اور مسیح کے وسیلے اُن برتنون کي مانند جو عزت کے لئے بنتے هیں همیشہ کي نجات کو پہنچاوے اِس لئے جنکو خدا کي طرف سے ایسي خاص نعمت ملي هی وہ خدا کے روح سے جو

اور کچھہ اپنے اعمال یا ثواب کے باعث نہین پس یہہ تلقین کہ ہم صرف ایمان ہي سے راستباز ٹھہرتے ہین بہت ہي صحیح اور تسلي بخش هی جیسا کہ راستباز ہونے کي حوملي یعنے مقرري وعظ مین اِس کا مفصل بیان هی

۱۲—نیک اعمال کے بیان مین

اگرچہ نیک اعمال جو ایمان کے پھل اور آدمي سے اُسکے راستباز ہونے بعد صادر ہوتے ہین نہ ہمارے گناہ دور کر سکتے اور نہ خدا کي کھري بارگاہ مین بے عیب ٹھہر سکتے ہین پر تو بھي وے مسیح کے سبب خدا کے حضور پسند اور مقبول ہین اور سچے و زندہ ایمان سے ضرور صادر ہوتے یہان تک کہ اُن کے سبب زندہ ایمان ایسا صاف معلوم ہوتا هی جیسا پیڑ اپنے پھل سے پہچانا جاتا ۔

۱۳—راستباز ہونے سے پیش تر کے اعمال کے بیان مین

جو اعمال کہ مسیح کے فضل اور اُس کے روح کے ملنے سے پہلے کئے جاتے سو خدا کو پسند نہین آتے کیونکہ وے یسوع مسیح پر ایمان لانے سے نہیں صادر ہوتے اور نہ آدمیون کو حصول فضل کے قابل کرتے اور نہ بعضے علما کے کہے بموجب اُنہین فضل کے دعوے کي قابلیت بخشتے ہین بلکہ ہمین کچھہ شک نہین کہ وے گناہ مین گنے جاتے ہین اِس لئے کہ خدا کے حکم اور اُسکي مرضي کے موافق نہین کئے گئے ہین

۱۴—اِفراطي اعمال کے بیان مین

ایجاد طبع کے کام جن کو (بعضے) اِفراطي اعمال کہتے اور خدا کے احکام کے علاوہ (سمجھتے) ہین بغیر غرور اور بیدیني کے نہین سکھائے جاتے کیونکہ لوگ اُن سے ظاہر کرتے ہین کہ وے نہ اُتناہي ادا کرتے جتنا اُن پر خدا کا قرض هی بلکہ اُسکے واسطے فرض کے حد سے بھي زیادہ کرتے ہین پر مسیح صاف اِس کے برخلاف فرماتا هی کہ جب سب تم کر چکو جنکا تم کو حکم هی تو بھي کہو کہ ہم نکمے بندے ہین

۹—خلقي يعنے پيدايشي گناه کے بيان مين

خلقي گناه آدم کي پيروي کرنے سے مراد نهين (جيسا که پليجيني بے معنے بکتے هين) بلکه وه هرايک آدمي کي جو طريقه معين پر آدم کي اولاد مين سے پيدا هوتا ذاتي نقص و فساد هی اِس کے سبب آدمي اصلي راستي سے بهتهي دور جا پڑا اور خود اپني ذات سے بدي کي طرف مائل هی چنانچه جسم روح کے برخلاف هميشه خواهش نفساني مين پهنسا رهتا هی اور اِسکے باعث هرايک شخص مين جو دنيا کے بيچ پيدا هوتا يهه خلقي گناه خدا کے غضب اور عذاب کے لايق هی اور سرشت کا يهه اِنحراف اُن مين بهي باقي رهتا جنهون نے نيا جنم پايا جس سے جسم کي طبيعت (جو يوناني مين فرونيما سرکس کهلاتي جسے بعضے جسماني حکمت بعضے جسماني عادت اور بعضے جسماني طبيعت اور بعضے جسماني تقاضا کهتے هين) خدا کي شريعت کے تابع نهين هوتي اور اگرچه اُن کے لئے جو ايمان لائے اور بپتسما پائے هين کچهه سزا کا حکم نهين پر تو بهي رسول نے ظاهر کيا که بري خواهش اور لالچ بذاته گناه هی

۱۰—اِختيار کے بيان مين

آدم کي لغزش کے بعد آدمي کا حال ايسا هوا که وه آپ اپني اصلي طاقت اور نيک کامون سے اپنے تئين ايمان اور خدا کي بندگي کي طرف رجوع اور مستعد نهين کر سکتا پس بے اِسکے که خدا کا فضل جو مسيح کے وسيلے سے هی پهلے همارے شامل حال هو تا که هم مين نيک نيتي پيدا هووے اور هماري اُس نيک نيتي کے ساتهه کام کرنے مين همارا مددگار بهي رهے همين کچهه طاقت نهين که ايسے اچهے کام جو خدا کے پسنديده اور مقبول هون کر سکين

۱۱—آدمي کے راستباز هونے کے بيان مين

هم خدا کے حضور اپنے خداوند اور نجات بخشنيوالے يسوع مسيح هي کے ثواب کے سبب ايمان کے وسيلے راستباز گنے جاتے هين

عزرا کي تیسري کتاب	بروخ نبي
عزرا کي چوتھي کتاب	تین لڑکون کے شعر
طوبیت کي کتاب	سوسن کا قصہ
یھودیث کي کتاب	بیل اور اژدھے کا قصہ
استر کي کتاب کا باقي حصہ	منسي کي دعا
حکمت کي کتاب	مکابي کي پہلي کتاب
سیراخ کے بیٹے کي	مکابي کي دوسري کتاب

نئے عہد کي سب کتابین جیسے کہ اکثرون نے قبول کئین ہم اُنہین مانتے اور قانون جانتے ھین

۷—پرانے عہدنامے کے بیان مین

پرانا عہدنامہ نئے کے برخلاف نہین کیونکہ نئے اور پرانے دونو عہدون مین آدمزاد کے واسطے ہمیشہ کي زندگي کي راہ مسیح کے وسیلے سے کھلي ھی جو خدا بھي اور آدمي بھي ھو کر صرف وھي خدا اور آدمي کے بیچ درمیاني ھی اِس لئے اُنکي نہ سنا چاھیئے جو واھیات بکتے ھین کہ اگلے باپ دادے صرف فاني وعدون کے منتظر تھے۔

اگرچہ شرع جسے خدا نے موسیٰ کے وسیلے دیئي مسیحیون کو اُسکي رسم اور دستور کي قید نہین اور نہ اُسکے ملکي بندوبست کا ماننا کسي ملک کے لوگون کو ضرور ھی پر تا ھم کوئي مسیحي ھي شخص اِس بات سے چھوٹا نہین کہ اُن حکمون کو جو اخلاق کے کہلاتے ھین بجا نہ لایا کرے

۸—تینون عقیدون کے بیان مین

تینون عقیدون کو یعنے عقیدۂ نیس اور عقیدۂ اتھاناسیس اور وہ جو اکثر رسولون کا عقیدہ کہلاتا بالکل قبول کرنا اور ماننا لازم ھی کیونکہ اُن کا ثبوت بیشک کلام مقدس کي سند سے ھی

۶—اسکے بیان میں کہ مقدس کتاب نجات کے لئے کافی و وافی ہی

جو باتیں کہ نجات کے لئے ضرور ہیں سو مقدس کتاب یعنے بیبل میں سب موجود ہیں پس جو بات کہ اُس میں نہیں ملتی یا اُس سے ثابت نہیں ہو سکتی تو کسی سے اس امر کی طلب نہ کیا چاہیئے کہ اُسے دین کا عقیدہ سمجھے یا نجات کے لئے ضرور جانے ہم پرانے اور نئے عہد کے قانون کی اُن کتابوں کو جن کی سند میں کلیسیا کو کدھی شک نہ گذرا مقدس کتاب یعنے بیبل سمجھتے ہیں

قانون کی کتابوں کے نام اور شمار

پیدایش کی کتاب	زمانے کے حال کی پہلی کتاب
خروج	زمانے کے حال کی دوسری کتاب
احبار	عزرا کی پہلی کتاب
گنتی	عزرا کی دوسری کتاب یعنی نحمیا
اِستثنا	اُستر کی کتاب
یوشع	ایوب کی کتاب
قاضی	زبور
روتھ	امثال
صموئیل کی پہلی کتاب	واعظ
صموئیل کی دوسری کتاب	شعروں کے شعر جو سلیمان کے ہیں
سلاطین کی پہلی کتاب	چار نبی بڑی کتاب والے
سلاطین کی دوسری کتاب	بارہ نبی چھوٹی کتاب والے

اور دوسری کتابیں (جیسے کہ جروم کہتا ہی) چال و چلن کی درستی اور اخلاق کے سیکھنے کو کلیسیا البتہ پڑھتی ہی پر اُنہیں تلقین کے لئے سند نہیں لاتی چنانچہ یے ہیں جو نیچے لکھی ہیں

۲—کلمہ یعنے خدا کے بیٹے کے بیان میں جو فی الوقع اِنسان بنا

بیٹا جو باپ کا کلمہ اور ازل میں باپ سے متولد ہوا وہ برحق اور ازلي خدا ہی اور اُسکي اور باپ کي ایک ھي ماھیت ھی اُس نے اِنسان کي ذات کو مبارک کنواريہ کے پیٹ میں اُسکي ماھیت سے اِختیار کیا ایسا کہ دونوں ذات یعنے اُلوھیت و اِنسانیت ساري اور پوري ایک اقنوم میں اِکٹھا ھوئیں جو کدھي الگ ھونے کي نہیں جن کا ایک مسیح ھوا عین خدا اور عین اِنسان حقیقت میں اُسنے دکھہ سہا مصلوب ھوا مرگیا اور مدفون ھوا تا کہ باپ کو ھم سے ملاوے اور آپ قربان ھووے نہ صرف خلقي عیب و تقصیر بلکہ آدمیوں کے کئے ھوے گناھوں کے واسطے بھي

۳—مسیح کے عالم ارواح میں جانے کے بیان میں

جسطرح کہ مسیح ھمارے لئے موا اور مدفون ھوا اُسي طرح یہہ اعتقاد فرض ھی کہ وہ عالم ارواح میں گیا

۴—مسیح کے جي اُٹھنے کے بیان میں

مسیح مردوں میں سے فی الحقیقت پھر جي اُٹھا اور اپنے بدن کو گوشت اور ھڈي اور اُن سب چیزوں کے ساتھہ جن پر ذات اِنسان کا کمال موقوف ھی پھر اِختیار کیا اور اُن سمیت وہ آسمان پر چڑھہ گیا اور جب تک کہ آخرت کے دن سب آدمیوں کا اِنصاف کرنے کو پھر آوے وھاں بیٹھا ھی

۵—روح قدس کے بیان میں

روح قدس باپ اور بیٹے سے نکلتا ھی اور باپ اور بیٹے کے ساتھہ اُسکي ایک ھي ماھیت اور عظمت و جلال ھی اور وہ برحق و ابدي خدا ھی

مقائد دین

دفع اِختلاف اور دین پر مضبوطي اِتفاق کے لئے

جن پر دونون صوبه کے اُسقوف اور بڑے اُسقوف اور تمام پادري اُس مجلس مین جو سنه ۱۵٦۲ عیسوي کے بیچ لندن کے درمیان جمي تهي متفق هوئے اور ملکه کے حکم سے رواج پائي

دین کے مقائد

ا — تثلیث مقدس پر اعتقاد کے بیان مین

ایکهي زنده و برحق خدا هی وه ازلي هی اور اُس کو جسم و جزو اور جوش نهین اُسکي قدرت و حکمت اور خوبي بیحد هی وه سب چیزون کا جو دیکهنے مین آتین اور جو دیکهنے مین نهین آتین خالق اور حافظ هی اور اُسکي خدائي کي وحدانیت مین تین اقانیم ایکهي ماهیت اور قدرت و ازلیت کے هین یعني باپ بیٹا اور روح قدس

ایک ایمان اور ایک بپتسما اور هم سب کا ایک هي خدا اور باپ هي اسي طرح آگے کو هم سب ایک دل و ایک جان هو کر سچائي اور صلح اور ایمان و محبت کي ایک هي پاک بندش میں متفق هو جاوے اور ایک دل و ایک زبان سے تیرا جلال ظاهر کریں همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے آمین

ای خداوند هم تیري منت کرتے هیں یهه بخش که تیري حکومت سے اس جهان کا بندوبست ایسي سلامتي کے ساتهه هووے که تیري کلیسیا دینداري کے چین میں خوشي سے تیري بندگي بجا لاوے همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے آمین

ای قادر مطلق خدا هم تیري منت کرتے هیں یهه بخش که جو باتیں هم نے آج اپنے ظاهري کانوں سے سني هیں تیرے فضل سے همارے دلوں کے اندر یوں پیوند هو جاویں که وے تیرے نام کي عزت اور تعریف کے لئے نیک چال کا پهل هم میں لاویں همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے آمین

ای قادر مطلق خدا تمام دانائي کے سر چشمے تو همارے مانگنے سے پیشتر هماري ضروریات کو اور مانگتے وقت هماري ناداني کو جانتا هي هم تیري منت کرتے هیں که هماري ناتوانیوں پر ترس کها اور اُن چیزوں کو جن کے مانگنے کا همیں اپني نالایقي کے سبب مقدور نهیں اور اپنے اندهیپن کے باعث مانگ نهیں سکتے هیں تو کرم کر کے اپنے بیٹے همارے خداوند یسوع مسیح کي لیاقت کے واسطے همیں بخش آمین

سلام الله جو تمام فهم سے باهر هي تمهارے دلوں اور خیالوں کو خدا کي اور اُسکے بیٹے یسوع مسیح همارے خداوند کي پهچان اور محبت میں نگهباني کرے اور خدا قادر مطلق باپ بیٹے اور روح قدس کي برکت تمهارے بیچ هووے اور تم میں همیشه رهے آمین

راہ بتاتا اور کسی کی کچھہ پروا نہیں رکھتا کیونکہ تو آدمیوں کی ظاہر حالت پر نظر نہیں کرتا پس ہم سے کہہ تو کیا خیال کرتا ہی قیصر کو جزیہ دینا روا ہی یا نہیں پس یسوع نے اُنکی شرارت سمجھ کر کہا ای مکارو مجھے کیوں آزماتے ہو جزیہ کا سکہ مجھے دیکھاؤ وے ایک دینار اُس پاس لائے تب اُسنے اُنسے کہا یہہ صورت و سکہ کس کا ہی اُنہوں نے کہا قیصر کا پھر اُس نے کہا پس جو چیزیں قیصر کی ہیں قیصر کو اور جو خدا کی ہیں خدا کو دو اُنہوں نے یہہ سنکر تعجب کیا اور اُسے چھوڑ کر چلے گئے

نیس کے عقیدے کے بعد وعظ سنایا جاوے

پھر اُن آیتوں میں سے جو اُس عقیدے کے بعد لکھی ہیں یہہ آیت پڑھی جاوے

تمہاری روشنی آدمیوں کے سامھنے یوں چمکے کہ وے تمہارے نیک کاموں کو دیکھیں اور تمہارے باپ کی جو آسمان پر ہی بڑائی کریں متی ۵ باب ۱۶ آیت

اُس دعا کے بعد جسکا شروع یہہ ہی (ہم مسیح کی تمام کلیسیا کے واسطے جو اس روے زمین پر الی آخرہ) یہہ نیچے کی دعائیں پڑھی جاویں

اتفاق کے لئے دعا

ای خدا ہمارے خداوند یسوع مسیح کے باپ کہ وہی ہمارا اکیلا نجات دہندہ اور صلح کا بادشاہ ہی ہم پر فضل کر کہ اُن بڑے خطروں پر جن میں ہم اپنے خراب تفرقہ کے سبب گرفتار ہوے دل سے سوچ کریں ساری دشمنی اور طرفداری اور سب باتیں جن کے سبب ہم میں دینی میل ملاپ نہیں ہونے پاتا دور کر کہ جس طرح ایکہا بدن اور ایک روح اور ہماری طلبی کی ایک اُمید اور ایک خداوند ور

ریاکاري و بیدیني اور وسوسے اور بت پرستي اُسکے سامہنے اُڑ جاویں بدعتیں اور جہوٹي تلقینیں کلیسیا کي رفاہ میں حرکت نہ کرنے پاویں تفریقہ اور بیوجہہ اِختلاف اُسے ضعیف نہ کرے بلکہ ایسا کر کہ ہم ایک دل اور ایک سمجہہ ہو کر تیري جو ہمارا خدا هي بندگي کریں اور تیري مرضي کے موافق اپني ملکہ کے تابع رهیں اور اُسکے خاندان میں سے همیشہ کوئي موجود رهے کہ اُس کا جانشیں هو کر اِس متحد سلطنت کي حکومت کرے تا کہ یہہ خوبیان پشت در پشت بني رهیں اور هماري اولاد اُسکي اولاد کو اور اِسرائیل کي سلامتي کو دیکهیں ایسا کہ هم تیرے لوگ اور تیرے گلے کي بهیڑیں سدا تیرا شکر بجا لاویں اور نسلا در نسل همیشہ تیري ستایش کیا کریں آمین

مکتوب ١ پطرس ٢ باب ١١ آیت

اي پیارو میں تم سے یوں جیسے پردسي اور مسافروں سے منت کرتا هوں کہ تم جسماني خواهشوں سے جو سپاهي بن کر جان کا مقابلہ کرتي هیں پرهیز کرو اور غیر قوموں کے بیچ اچهي چال چلو تا کہ وے جو تمهیں بدکار جان کے تمهاري بدگوئي کرتے هیں تمهارے نیک کاموں پر نظر کر کے اُس دن جب اُن پر نگاہ هو خدا کا جلال ظاهر کریں هرایک حکومت کے جو اِنسان کي طرف سے هي خداوند کي خاطر تابع رهو خواہ بادشاہ کے اس لئے کہ وہ سب سے بزرگ هي خواہ حاکمو کے اس لئے کہ وے اُسکے بهیجے هوے هیں تا کہ بدکاروں کو سزا دیں اور نیکوکاروں کي تعریف کریں کیونکہ خدا کي مرضي یوں هي کہ تم اچهے عمال کر کے احمقوں کي ناداني کا منہہ بند کر رکهو اپنے کو آزاد جانو پر اپني آزادي کو بدي کا پردہ نہ کرو بلکہ آپ کو خدا کے بندے سمجهو سب کي حرمت کرو بهائیوں سے اُلفت رکهو خدا سے ڈرو بادشاہ کا ادب مانو

اِنجیل متي ٢٢ باب ١٦ آیت

اور اُنهوں نے اپنے شاگردوں کو هیرودیوں کے ساتهہ اُس پاس بهیجا کہ کهیں اي اُستاد هم جانتے هیں کہ تو سچا هي اور سچائي سے خدا کي

اي کمال کریم خدا تو نے اپني بندي هماري ملکه وکتوریا کو اُس کے باپ دادون کے تخت پر بٹھلایا هی هم نهایت فروتني سے تیري منت کرتے هین که اُس تخت پر سارے خطرون سے جن کے درمیان وه گرفتار هو جاوے اُسے بچائے رکهه سرکشون کے حملے اور شریرون کے فساد سے اُس کو اپني پناه مین رکهه اُسکے سب دشمنون کے هاتهه سست کردے اور اُنکے منصوبون کو باطل اور اُنکي تدبیرون کو ابتر که نه پوشیده سازشین اور نه علانیه فساد اُسکي بادشاهت مین تهلکه ڈالین بلکه تیرے سائے تلے سلامت ره کر اور تیري قدرت سے سنبهل کر تمام اهل مخالفت پر وه غالب آوے تا که جهان اِقرار کرے که اُسکي تمام مشکلات اور مخالفت مین تو هي اُسکا حامی اور رستگاري بخشنیوالا قادر هی همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے آمین

تب سرکار هندوستان متعلقه انگریز بهادر کے لئے دعا پڑهي جاوے

عشاے رباني کے باب مین مکتوب کے پڑهنے کے پیشتر نوح والا دعا جو ملکه کے واسطے اور وه دعا جو اُس دن کے لئے مقرر هی اُن دونون کے عوض مین یهه آنیوالي دعا کلیسیا کے مختار کل یعني ملکه کے لئے پڑهي جاوے ۔

مبارک خداوند تو نے اپنے دین کي حمایت کے لئے مسیحي سلاطین مقرر کئے هین اور اُن پر یهه فرض کر دیا هی که وے اپنے لوگون کي دونون جهان کي بهلائي کے مددگار هون هم عاجز اور شکرگذار دل سے تیري بڑي مهرباني کا اِقرار کرتے هین جو تو نے اپني باندي هماري کریم الطبع ملکه کو اِس کلیسیا اور ملک پر مقرر کرکے هم پر ظاهر کي هم تیري منت کرتے هین که تو جو اُس کا خدا هی اُسے وه تمام آسماني نعمتین بخش که جو اُسکي عظیم المرتبه مختاري کے لئے ضرور هین تیرا کام اُسکے هاتهون بخوبي بر آوے جو تدبیرین وه تیرے دین حق کي که همارے درمیان مقرر هی مددگاري کے لئے کرے سو اُن کا انجام بخیر اُس کي آنکهین دیکهین اور جهان کهین که تیرا کلام حق روکا اور دبایا جاوے اُسکي حمایت کرنے اور رواج دینے مین اُسے ایک مبارک وسیله بنا

اور هم پر فضل کر کہ نيک نيتي کے سبب دل و جان سے خوشي کے ساتھہ اُسکے تابع رهيں تا کہ هماري نفساني خواهشيں اور خود غرضيان اُسکے کرم هميم کي فکروں کي مزاحم نہ هون اُسکے لوگون کے دل هميشہ اُسکي طرف متوجهہ رهيں تا کہ وہ اُسکو ادب بجا لانے اور اُسکي حکومت کے تابع رهنے ميں هرگز کوتاهي نہ کريں اُسکي سلطنت دراز اور اقبال کے ساتھہ هووے اور آنيوالے جهان ميں غير فاني تاج سے اُس کو سرفرازي بخش همارے خداوند يسوع مسيح کے وسيلے آمين

اُس روز ليتني هميشہ پڑهي جاے اور اُسکي اس دعا کے بعد جسکا شروع يہہ هے (اے باپ هم عاجزي سے تيري منت کرتے هيں) نيچے کي دعا ملکہ اور بادشاهي خاندان کے لئے پڑهي جاوے

اے خداوند همارے خدا سب چيزيں جو آسمان اور زمين پر هيں تو سنبهالتا اور اپنے حکم ميں رکهتا هے هماري عاجزي کي دعائيں همارے دلي شکرانے کے ساتھہ قبول کر کہ آج کے دن تو نے اپنے فضل و پيشبيني کي راہ سے هماري خاتون رئيسہ وکتوريا کو هم پر ملکہ مقرر کيا اُسکے ساتھہ البرٹ ايڈوارڈ ويلس کے شاهزادے اور ويلس کي شاهزادي اور تمام بادشاهي خاندان کو ايسي برکت بخش کہ وے سب تيري مهرباني پر تکيہ کر کے تيري قدرت سے محفوظ رہ کر اور تيرے هميشہ کے فضل و کرم کا تاج اپنے سر پر رکهے هوے تندرستي سلامتي خوشي اور عزت کے ساتھہ سدا تيرے حضور ميں رهيں اور زمين پر اُنکي عمر سعادتمندي کے ساتھہ دراز هو اور مرنے کے بعد آسمان کي بادشاهت ميں هميشہ کي زندگي اور جلال حاصل کريں همارے بچانيوالے يسوع مسيح کے ثواب و سفارش کے سبب جو باپ اور روح قدس کے ساتھہ سدا ايک خدا ابد تک زندہ اور سلطنت کرتا هے آمين

تب يہہ دعا جو نيچے لکهي هے پڑهي جاوے کہ خدا ملکہ کو اُسکے تمام دشمنوں سے پناہ ميں رکهے

قسیس—اپنے مقام مقدس سے اُسکي مدد بھیج

جواب—اور بڑي قدرت سے همیشه اُسکي حمایت کر

قسیس—اُسکے دشمن اُس پر قابو نه پاویں

جواب—شریر اُسکے نقصان کرنے کو اُس پاس نه پهنچے

قسیس—اپنے خادمون کو راستبازي کا لباس پهنا

جواب—اور اپنے برگزیده لوگون کو خوشي عنایت فرما

قسیس—ای خداوند اپنے لوگون کو محفوظ رکھه

جواب—اور اپني ملک مین برکت بخش

قسیس—ای خداوند همارے زمانے مین صلح بخش

جواب—که ای خدا تیرے سوا همارے لئے کوئي لڑنیوالا نهین

قسیس—ای خداوند همارے لئے ایک مضبوط قلعه بن

جواب—همارے دشمنون کے منهه پر

قسیس—ای خداوند هماري دعا سن

جواب—اور هماري فریاد آپ تک پهنچنے دے

نماز صبح کي پهلي دعا کے عوض مین یهه جو نیچے لکها هی عمل مین آوے که یهه شکرانه هی خاتون رئیسه ملکه کي تخت نشیني کا

ای قادر مطلق خدا تو جهان کي ساري سلطنتون کا سلطان هی اور جس طرح چاهتا اُنکے ساتهه کرتا هی هم دل سے تیرا شکر کرتے هین که آج کے دن تو نے هم پر مهرباني کر کے اپني عابده هماري خاتون رئیسه ملکه وکتوریا کو اس تخت سلطنت پر جلوس بخشا تیري حکمت اُسکي رهنمائي کرے اور تیرا بازو اُسے قدرت بخشے عدل اور صداقت و عظمت اور صلح و محبت اور وے سب نیکیان جو مسیحي مذهب کو زینت بخشتي هین اُسکے دنون مین رونق پاوین اُسکي تمام سعي اور صلاح مین تو هي رهنما هو تا که تیرا جلال اور اُسکے لوگون کي بهتري هووے

اُسکے وقت مين راستباز پھوليں پھلين اور همارے تمام نواحي مين امن رهے ۷۲ زبور ۷ آيت اور ۱۴۷ زبور ۱۴ آيت

شرمندگي کا جامہ اُسکے دشمنون کو پهنا اور اُسکے سر پر اُسکا تاج زيبا رهے ۱۳۲ زبور ۱۹ آيت

خداوند اسرئيل کا خدا مبارک هوجيو کہ وهي اکيلا عجايب کام کرتا هي ۷۲ زبور ۱۸ آيت

اُسکا مقدس نام ابد تک مبارک رهے سارا جهان اُسکي عظمت سے معمور هو جاوے آمين آمين ۱۹ آيت

ستايش باپ اور بيتے اور روح قدس کي هو

جيسي ابتدا مين تهي اب بهي هي اور هميشہ رهيگي آمين

مقرري زبور ۲۰ اور ۲۱ اور ۱۰۱ هين

پهلا مقرري ورد يشوع ۱۰ باب ۹ آيت تک

تب وہ محامد پڑھا يا گايا جاوے جس کا يہہ شروع هی (اے خدا هم تيري تعريف کرتے هم اقرار کرتے کہ تو هي خداوند هی)

مقرري دوسرا ورد پولوس کا مکتوب روميون کو ۱۳ باب

تب ۱۰۰ زبور پڑھا جاوے جس کا شروع يہہ هی (اے ساري زمينو خداوند کے لئے خوش آوازي کرو)

رسولون کے عقيدے کے بعد يہہ آيتين جو نيچے لکھي هين پڑھي جاوين

قسيس—اے خداوند اپني رحمت هم پر نازل کر

جواب—اور اپني نجات همين بخش

قسيس—اے خداوند ملکہ کي حفاظت کر

جواب—جو اپنا توکل تجهہ پر رکهتي هي

اگر هم کهیں که هم بیگناه هین تو اپنے تئین بهلا دیتے اور هم مین سچائي نهین اگر هم اپنے گناهون کا اقرار کرین تو وه همارے گناهون کے معاف کرنے اور هم کو هر طرح کي ناراستي سے پاک کرنے مین صادق القول اور عادل هی ۱ یوحنا ۱ باب ۸ اور ۹ آیت

۹۵ زبور کے عوض جس کا شروع یهه هی (آؤ هم خداوند کي مدح سرائي کرین) یهه مضامین جو نیچے لکهے هین پڑهي یا گائي جاوین قسیس ایک آیت اور خادم و جماعت دوسري آیت باري باري پڑهین

ای خداوند همارے مالک سارے جهان مین تیرا نام کیا هي بزرگ هی ۸ زبور ۱ آیت

ای خداوند آدمي کیا هی که تو اُسے کچهه چیز جانے اور آدمي کا بیٹا کون هی که تو اُسے شمار مین لاوے ۱۴۴ زبور ۳ آیت

حنان اور رحیمان خداوند نے اس طرح اپنے عجایب کام کئے هین که اُنهین یاد رکها چاهیئے ۱۱۱ زبور ۴ آیت

کاش که آدمي خداوند کي رحمت کے لئے اُسکي ستایش کرین اور اُن عجایب کامون کا جو وه بني آدم کے واسطے کرتا هي بیان کرین ۱۰۷ زبور ۲۱ آیت

ای خدا هماري سپر نظر کر اور اپني مسیح کي طرف متوجهه هو ۸۴ زبور ۹ آیت

اپني راهون مین اُسکے قدم مضبوتي سے جما که اُسکے پانو پهسلنے نه پاوین ۱۷ زبور ۵ آیت

ملکه کي عمر دراز فرما اور اپنے چهره کي خوشي سے اُسے خوشي بخش ۲۱ زبور ۶ آیت اور ۹ زبور ۶ آیت

وه تیرے حضور ابد تک بني رهے تیري رحمت و صداقت اُسکي حفاظت کرے ۶۱ زبور ۷ آیت

ترتیب

دعا اور شکرانے کی

قادر مطلق خدا کے

جو اِس بادشاہت کی تمام کلیسیا اور عبادت خانون مین ہر سال جون کی بیسوین تاریخ کو عمل مین آوے کہ اُس روز جناب عالیہ ملکہ نے سلطنت میمنت نمط کا آغاز فرمایا

اُس روز کی بندگی سب باتون مین تیوہارون کی بندگی کے مطابق ہو مگر جہان اس کی ترتیب اور طرح سے مقرر ہوئی ہو

اگر یہہ روز اتوار کے دن واقع ہو تو یہہ تمام ترتیب جو نیچے لکھی جاتی بالکل عمل مین آوے

صبح کی نماز ان نیچے کی آیتون سے شروع ہووے

مین التماس کرتا ہون کہ سب سے پہلے مناجاتین اور دعائین اور سفارشین اور شکرگذاریان سب آدمیون کے لئے کی جاوین بادشاہون کے لئے اور اختیار والون کے لئے تا کہ ہم کمال دینداری اور مناسب طور سے چین و آرام کے ساتھہ زندگانی گذرانین کیونکہ یہہ ہمارے نجات دینیوالے خدا کے آگے خوب اور مرغوب ہی طیمتاوس ۲ باب ۱ ۲ اور ۳ آیت

اپنے سب کامون کے درمیان جو اول اور آخر اور بیچ مین تجھي مے هون تیرے پاک نام کي بڑائي کرین اور تیرے رحم سے آخر کو همیشه کي زندگي پاوین همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے آمین

سلام الله جو تمام فہم سے باهر هی تمهارے دلون اور خیالون کو خدا کي اور اُسکے بیٹے یسوع مسیح همارے خداوند کي پہچان و محبت مین نگہباني کرے اور خدا قادر مطلق باپ بیٹے اور روح قدس کي برکت تمهارے بیچ هووے اور تم پر همیشه رهے آمین

تب سردار بشپ اسکو ایک جلد بیبل کی دے اور کہے

پڑھنے نصیحت کرنے اور تعلیم دینے مین تو مشغول رہ اس کتاب کی باتون پر دھیان رکھہ اُن مین سعی بلیغ کر کہ اُن سے تیری ترقی سب آدمیون پر ظاہر ہووے اپنی اور تعلیم کی چوکی رکھہ اور اُن مین لگا رہ کہ یہہ کر کے تو آپ کو اور اُنکو جو تیری سنتے ہیں بچاویگا مسیح کے گلہ کا گلہ بان ہو بھیڑیا نہین اُنہین چرا پھاڑ مت کہا ناتوانون کی مدد اور بیمارون کی علاج کر شکستہ حالون کو محفوظ رکھہ جو نکل گئے ہیں اُنہین پھر لا اور کھوئے ہوؤن کو ڈھونڈہ نرم دل ہو مگر غافل نہ ہو تنبیہ کر مگر رحم کو نہ بھول جانا تا کہ جب سردار گلہ بان ظاہر ہوگا جلال کا وہ ہار جو کبھی پژمردہ نہین ہوتا تجھہ کو ملے ہمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے آمین

تب سردار بشپ دستور عشاء ربانی پر متوجہ ہو اور اسکے ساتھہ نیا ٹھہرایا ہوا بشپ بھی ساتھہ دوسرون کے اسمین شامل ہووے

اور پیچھلی دعا کے عوض قبل برکت کی دعا کے یہہ دعائین جو ذیل مین ہین پڑھی جاوین

ای نہایت رحیم باپ ہم تیری مناجت کرتے ہین اپنے اس خادم پر اپنی آسمانی برکت نازل کر اور اس طرح اپنی روح القدس سے اُسکو مالامال کر کہ تیرے کلام کے وعظ کرنے مین وہ تمام صبوری اور تعلیم کے ساتھہ نہ فقط الزام دے اور مناجتین اور تنبیہ کرے بلکہ ایمان والون کے لئے بھی بول چال سے محبت اور ایمان سے پرہیزگاری اور پاکیزگی سے ایک اچھا اور پختہ نمونہ بنے ایسا کہ دیانت داری کے ساتھہ اپنی زندگی بسر کر کے روز اخر مین راستبازی کا وہ تاج پاوے کہ دھرا ہی خداوند حاکم حق کے یہان جو باپ اور روح قدس کے ساتھہ ایک خدا ابدالاباد زندہ اور سلطنت کرتا ہی آمین

ای خداوند اپنے کمال فضل و کرم سے ہمارے سب کامون مین ہماری پیشوائی کر اور اپنی ہمیشہ کی مدد سے ہمین آگے بڑھا کہ ہم

خداوند هماري سن

جواب—اور هماري فرياد کو اپنے تک پهنچنے دے

هم دعا مانگين

اى قادر مطلق خدا اور نهايت رحيم باپ تو نے اپني بے انتها مهرباني سے همين اپنا اکلوتا اور بڑاهي پيارا بيٹا يسوع مسيح بخش ديا تا که وه همارا رهائي دينيوالا اور زندگاني جاوداني کا باني هو اُسنے همارے نجات کے کام کو اپني موت سے پورا کرکے اور آسمان پر چڑه کر اپني نعمتون کو کثرت سے آدميون پر برسايا بعضون کو رسول بعضون کو نبي بعضون کو مبشر بعضون کو نگهبان اور معلم ٹههرايا تا که اُسکي کليسيا کي تقويت اور کامليت هو هم تيري منت کرتے هين اپنے اس خادم پر فضل کر که وه تيري انجيل يعني تيرے ملاپ کي خوش خبري کے پهيلانے مين سدا مستعد رهے اور يهه که وه اپنا اختيار کسي کي هلاکت کے نهين بلکه نجات کے لئے اور نه کسي کے نقصان کے مگر مدد کے واسطے کام مين لاوے ايسا که ايک دانا اور وفادار خادم کي مانند تيرے خانوادا کو اُنکا حصه وقت پر پهنچايا کرے که آخرش شادماني جاوداني مين داخل کيا جاوے همارے خداوند يسوع مسيح کے وسيلے سے جو تيرے اور روح قدس کے ساتهه ايک خدا سدا زنده اور حکومت کرتا هي آمين

تب سردار بشپ اور دوسرے حاضرين بشپ برگزيده بشپ کے سر پر هاتهه رکهين وه اُنکے سامهنے گهٹنے ٹيکے اور سردار بشپ يون کهے

خدا کي کليسيا کے درميان بشپ کے عهده اور کام کے لئے جو اب همارے هاتهه رکهنے سے تجهه پر مفوض هوتا هي روح قدس کو لے بنام باپ اور بيٹے اور روح قدس کے آمين اور ياد رکهه که تو اس فضل الهي کو جو همارے هاتهه رکهنے سے تجهه پر کيا جاتا هي سلگايا کرے کيونکه خدا نے همين دهشت کي روح نهين بلکه قدرت اور محبت اور هوشياري کي دي هي

اپنا فضل قوي همین اس قدر
بخش ای خداوند هم منت کرتے هین
که تو همارا تسکین دینیوالا هو
پچهلے مهیب دن کو

جهگرون کي اور پهوٹون کي
بندش توڑ ڈال ای خداوند
اور امن اور محبت کے عقوه کو گانته
سارے مسیحي ملکون مین

فضل بخش که هم جانین
باپ قادر مطلق کو
که اُسکے پیارے بیٹے کي
دید متبرک حاصل کرین

اور یهه که هم کمال ایمان کے ساتهه
مدام تیرے معترف هون
روح باپ اور بیٹے کي
ایک خدا تین اقانیم

خدا باپ کو حمد و سپاس
اور اُسکے متبرک بیٹے کو
اور فضل کے روح القدس کو
متساوي تین ایک هین

اور هم منت کرتے هین که همارا خداوند واحد
اپني مهرباني سے اپنا روح نازل کرے
اُن سبهون پر جو اُسکے نام کا اقرار کرینگے
آب سے جهان کے آخر تک آمین

اُسکے بعد سردار بشپ یون کہے

آگ ایسي دهکتي اور عشق ایسا شیرین
اور مسیح هی روحاني

تو نعمتین طرح بطرح کي بخشتا هی
که اُن سے مسیح کي کلیسیا برقرار هی
صادق دلون مین تو اپني شرع لکهتا هی
که اُنگلي خدا کے هاتهه کي توهي هی

مطابق اپنے وعدہ کے ای خداوند
تو فضل کے ساتهه گویائي عطا کرتا هی
که تیري اعانت سے خدا کي ثنا
هر جگهه مین گونجے

ای روح القدس همارے دلون مین
اپنا نور مبجاني نازل کر
سرگرمي کي آگ همارے دلون مین بهڑکا
که خدا کي عبادت دن رات کیا کرین

همارے ضعف کو توانائي سے بدل ڈال
که ای خداوند تو هي هماري ناتواني سے واقف هی
که نه شیطان نه دنیا نه شهوات جسماني
هم پر غالب آوین

همارے دشمن کو هم سے دور کر رکهه
اور مدد کر که هم حاصل کرین
اپنے دلون مین صلح نسبت خدا اور بشر کے
که یهي تحفه سب سے اچها جینے مے سچا هی

اور بخش که تو ای خداوند
همارا رهبر اور هادي هو
هم گناه کے پهندون سے بچین
اور هرگز تجهه سے نه پهر جائین

دور کر رکھہ ہمارے دشمن
گھر دوار میں امن و چین دے

جہاں تو ہادی ہی وہاں کسی برائی کو دخل نہیں
باپ اور بیٹے کی ہمیں پہچان دے
اور اپنی بھی (کہ تو دونو سے ہی)
اور تینوں ایک ہیں

کہ نسلاً بعد نسلاً سب دن چلا جائے
ہمارا یہہ گیت اور تجھے پسند آوے
ستایش تیری ابدی خوبی کی
باپ بیٹے روح قدس کی

یا یہہ

روح قدس خداے قدیم
جو اُپر سے نکلتا ہی سلیم
بھی باپ اور بیٹے سے
خدا امن و محبت کا

ہماری خاطروں سے تربیت کر ہمارے دلوں میں
فضل سبحانی کے الہام دے
کہ حق اور دینداری کی ہم
خواہش کامل سے پیروی کریں

توھی تسکین دینیوالا سچا ہی
غم اور ہر نوع کی تکلیفات میں
سبحانی انعام خدا تعلیٰ کا
کہ جسکی صفت میں ہر زبان بے بیان ہی

چشمۂ آب حیات
شادمانی آسمانی کا

سردار بشپ

کیا کنگال اور محتاج لوگوں اور سب لاچار بیگانوں پر مسیح کی واسطے اپنی تئیں حلیم اور مہربان دیکھاؤگے

جواب—ہاں خدا کی مدد سے ایسا ہی میں اپنے تئیں دیکھاؤنگا

تب سردار بشپ کھڑا ہوکے یوں کہے

قادر مطلق خدا ہمارا آسمانی باپ کہ جسنے ان سب باتوں کے بجا لانے کے لئے تمہیں نیک نیت دی ہی قوت اور توانائی بھی بخشے کہ اُنہیں تم ادا کرو اور وہ اچھا کام کہ جسکا اُسنے تم میں شروع کیا ہی کمال کو پہنچاوے تا کہ روز آخرت میں تم کامل اور بے اِلزام ٹھہرو ہمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے آمین

تب برگزیدہ بشپ اپنے سب دوسرے اسقوفی لباس سے ملبس ہو اور گھٹنے ٹیکے اور اُس پر گیت جو نیچے لکھا ہی گایا یا پڑھا جاوے سردار بشپ شروع کرے اور سب بشپ اور جماعت جو حاضر ہوں جواب کی اشعار مطابق ذیل کے پڑھیں

آ روح قدس ہم پر پھونک
اور آسمانی نور سے ہمیں نورانی کر
مسح کرنیوالی روح توہی ہی
جو اپنے ساتھہ گنی اِنعام بخشتا ہی

تیرا متبرک مسح جو اُپر سے ہی
تسکین اور حیات اور محبت کی آتش ہی
دایمی روشنی سے روشن کر
ہمارے نابینائی کی تاریکی کو

ہمارے داغی مونہہ کو دھو اور خوشنما
اپنی فضل کی فراوانی سے

سردار بشپ

آیا سب غلط اور جھوٹھی تعلیمن کو جو خدا کے کلام کے برخلاف ہو اُٹھا دینے اور دور کرنے کو سچے دل اور کوشش سے تم مستعد ہو اور خاص و عام میں اوروں کے اُبھارنے کے لئے طیار ہو کہ وہ بھی ایسی ہی کریں

جواب—ہاں خداوند کی مدد سے میں طیار ہوں

سردار بشپ

آیا تم تمام بیدینی اور دنیا کی بری خواہشوں سے انکار کروگے اور اس جہان گذران میں پرہیزگاری اور نیکوکاری اور دینداری سے زندگانی گذرانوگے ایسا کہ اوروں کے لئے سب باتوں میں نیک اعمال کا نمونہ بنو تا کہ مخالف جب تمہارے برخلاف کچھہ برا کہنے نہ پاویں شرمندہ ہو جاویں

جواب—خداوند کی مدد سے میں ایسا ہی کرونگا

سردار بشپ

تم بھر مقدور سب لوگوں میں امن و چین اور محبت و ملنساری کی پاسداری کروگے اور بڑھاؤگے اور تمہارے علاقہ بھر میں جتنے کہ مفسد اور نافرمان اور مجرم ہوں مطابق اُس اقتدار کے جو خدا کے کلام سے تمہیں دیا گیا ہی اور جو کہ اِس ملک کے قوانین سے تم کو مفوض ہوگا تم اُنہیں تربیت کروگے اور سزا دوگے

جواب—ہاں خدا کی مدد سے میں ایسا ہی کرونگا

سردار بشپ

آیا تم لوگوں کے تقرر اور ارسال یا ہاتھہ رکھنے میں دیانتدار رہوگے

جواب—ہاں میں ایسا ہی کرونگا خدا میرا مددگار ہو

بھائی چونکہ کتاب مقدس اور قدیم قوانین میں حکم ہی کہ مسیح کی کلیسیا کے انتظام کے لئے کہ جس کلیسیا کو اپنے لہو کی ایسی بڑی قیمت سے اُس نے خریدا کسی پر ہاتھہ رکھنے اور مقرر کرنے میں ہم جلدبازی نہ کریں پس قبل اِسکے کہ میں تمہیں اِس عہدے پر مقرر کرون میں کئی ایک باتون کی نسبت تم سے سوال کرتا ہون تا کہ جماعت حاضرین دیکھے سنے اور گوا رہے کہ خدا کی کلیسیا میں کس ڈھب سے چلنے کا تمہارا اِرادہ ہی

آیا تمہیں یقین ہی کہ تمہارے خداوند یسوع مسیح کی رضامندی اور اِس ملک کے بندوبست کے موافق تم صدقا اس خدمت کے لئے بلائے گئے ہو

جواب — ہان یہہ مجھے یقین ہی

سردار بشپ

آیا تمہیں یقین ہی کہ جو تعلیم ابدی نجات کے لئے کہ یسوع مسیح پر ایمان لانے سے ہوتی ہی ضرور ہی سو سب کچھہ بیبل ہی مین مندرج ہی اور تمہارا یہہ قصد ٹھنا ہی کہ جو لوگ تمہارے سپرد ہونگے تم اُس کتاب مقدس سے اُن کو تعلیم کروگے اور اُسکے سوا اور کچھہ نجات کے لے ضرور کرکے نہ سکھاوگے مگر وہی باتیں جو تمہاری سمجھہ میں صاف ثابت ہیں کہ اُسی کتاب میں اُسکی سند اور ثبوت ہی

جواب — میرا ایسا ہی یقین اور قصد ہی بفضل الہی

سردار بشپ

آیا تم اسی کتاب مقدس میں دیانتداری سے مشغول رہوگے اور خدا سے دعا مانگا کروگے کہ اُسکے فہم سلیم کا تمہیں اِدراک دے ایسا کہ اُس سے تم اچھی باتون کی تعلیم اور نصیحت کی قابلیت پیدا کرو اور سب عتراض کرنیوالون کا سامہنا اور اُنھیں معقول کرو

جواب — خدا کی مدد سے میں ایسا کرونگا

اس شخص کو جو که حاضر کیا گیا هي اُس کام پر که جسکے لئے همین اُمید هي که روح القدس نے اُسکي دعوت کي هي مقرر اور روانه کریں

تب لیٹنی جیسا که ڈیکن کے مقرر هونے کي ترتیب میں هے پڑهي جاوے مگر وه خاص دعا جو اس میں هی چهوڑ دي جاوے اور اُسکے عوض میں یهه جو ذیل میں هي پڑهي جاوے

اپني مهرباني سے اِس همارے چنے هوئے بهائي کو برکت دے اور اپنا فضل اُس پر نازل کر تا که اِس عهدے کے لوازم کو که جسکے لئے اُسکي دعوت هوئي هي تیري کلیسیا کي تقویت اور تیرے نام کي عزت حمد اور جلال کے لئے خوب ادا کرے

جواب—اي مهربان خداوند هم تیري منت کرتے هیں که تو هماري سن

تب یهه دعا جو آگے هي پڑهي جاوے

اي قادر مطلق خدا سب اچهي چیزون کے دینیوالے تو نے اپنے روح قدس سے کلیسیا میں خادمون کے کئي عهدے مقرر کئے هیں اپنے اس بندے پر جو بشپ کے کام اور خدمت کے لئے بلایا گیا هي مهرباني سے نگاه کر اور اپني تعلیم کي سچائي سے اِسطرح اُسے مالا مال کر اور نیک چال چلن کي اُسے ایسي رونق بخش که قول اور فعل سے وه اِس عهدے میں وفاداري کے ساتهه تیري خدمت بجا لاوے جس سے تیرے نام کي بزرگي اور تیري کلیسیا کي تقویت اور حسن انتظام هووے همارے نجات دهنده یسوع مسیح کے ثواب کے وسیلے سے جو تیرے اور روح قدس کے ساتهه همیشه کو زنده اور سلطنت کرتا هي آمین

تب سردار بشپ اپني کرسي پر بیٹها هوا اُس سے جو مقرر هونے پر هي یوں کہے

بعد انجیل اور عقاید نیسین اور وعظ کے منتخب کیا ہوا بشپ (جب کہ جبۂ آسقوفي پہن چکے) دو اور بشپوں سے اُس صوبہ کے سردار بشپ کے سامہنے حاضر کیا جاوے (یا اور کسي سردار بشپ کے حضور جو شرع کے موافق مقرر ہوا ہو) اور سردار بشپ تخت مقدس کے پاس اپني کرسي پر بیٹھے اور بشپ جو کہ برگزیدہ بشپ کو حاضر کریں یوں کہیں

معظم باپ خدا میں ہم آپ کے حضور اِس دیندار و عالم شخص کو لائے ہیں کہ بشپ کے عہدہ پر تقرر و تقدس پاوے

تب سردار بشپ تقدس کے لئے فرمان ملکہ طلب کرے اور اُسے پڑھاوے اور ملکہ کي آولیت کي اُن برگزیدہ شخصوں سے جیسا کہ ڈیکن ہونے کي ترتیب میں مذکور ہی قسم کھلائي جاوے

تب اُن سے سردار بشپ کہ واجب الاطاعت کي بھي قسم اس طور سے لیجاوے

قسم سردار بشپ کي اِطاعت کي

بنام خدا آمین میں فلانا برگزیدہ بشپ فلاني کلیسیا اور صوبہ کا اِظہار اور وعدہ کرتا ہوں کہ سردار بشپ اور فلاني جگہہ کي سردار کلیسیا اور اُنکے خلفا کے شراعي بند اِطاعت میں رہونگا اِسي پر بوساطت یسوع مسیح کے خدا میرا مددگار ہو

یہہ قسم سردار بشپ کے تقدس میں نہ کہي جاوے

تب سردار بشپ جماعت حاضرین کي دعائیں طلب کرے اور اُنسے یوں کہے

بھائیو مقدس لوقا کي اِنجیل میں لکھا ہی کہ ہمارے نجات دینیوالے مسیح نے قبل اسکے کہ اپنے بارہ رسولوں کو چن لیا اور روانہ کیا رات بھر دعا میں کاٹي اور اعمال کي کتاب میں بھي لکھا ہی کہ شاگرد جو انتاکیا میں تھے اُنوں نے بھي قبل اسکے کہ پولوس اور برنباس پر ہاتھہ رکھے اور روانہ کیا روزہ رکھا اور دعا مانگي پس ہم بھي اپنے نجات دہندہ مسیح اور اُسکے رسولوں کے نمونے کے موافق پہلے دعا مانگیں تب

وہ بولا کہ ہان ای خداوند تو تو جانتا ہی کہ مین تجھہ کو پیار کرتا
ہون اُس نے اُسے کہا کہ میري بھیڑین چرا اُسنے اُسے تیسرے مرتبہ کہا
کہ ای شمعون یوحنا آیا تو مجھے پیار کرتا ہی تب پطرس اِسلئے کہ اُسنے
تیسري بار اُسے کہا کہ آیا تو مجھے پیار کرتا ہی دلگیر ہوا اور اُس
سے کہا ای خداوند تو تو سب کچھہ جانتا ہی اور تجھے معلوم
ہی کہ مین تجھے پیار کرتا ہون یسوع نے اُسے کہا تو میري
بھیڑین چرا

یا یہہ

یوحنا ۲۰—باب ۱۹—آیت

اسي دن جو ہفتہ کا پہلا تھا شام کے وقت جب اُس جگہہ
کے دروازے جہان سب شاگرد جمع ہوئے تھے یہودیون کے ڈر سے بند
تھے یسوع آیا اور بیچ میں کھڑا ہوا اور اُنہیں کہا تم پر سلام اور یون
کہکے اپنے ہاتھون اور پسلي کو اُنہین دکھایا تب شاگرد خداوند کو دیکھہ
کے خوش ہوے اور یسوع نے پھر اُنہین کہا تم پر سلام جس طرح میرے
باپ نے مجھے بھیجا ہی مین بھي اُسیطرح تمہین بھیجتا ہون اُس نے یہہ
کہکے اُن پر پھونکا اور کہا کہ تم روح قدس لیؤ جن کے گناہون کو تم
بخشوگے اُنکے بخشے جاتے ہین جنہین تم نہ بخشوگے نہ بخشے
جائینگے

یا یہہ

متي کي اِنجیل—۲۸ باب—۱۸ آیت

یسوع نے پاس آکر اُن سے کہا کہ آسمان اور زمین کا سارا
اختیار مجھے دیا گیا اِسلئے تم جا کر سب قومون کو بنام باپ اور بیٹے
اور روح قدس کے بپتیسما دیکر شاگرد کرو اور اُنہین سکھاؤ کہ اُن سب
باتون پر عمل کرین جن کا مین نے تم کو حکم کیا ہی اور دیکھو مین
زمانے کے اِتمام ہونے تک ہر روز تمہارے ساتھہ ہون

سمجھتا نہ اپني جان کو عزيز رکھتا کہ اپنا کام خوشي سے پورا کرون اور وہ
خدمت بھي جو ميں نے خداوند يسوع سے پائي کہ خدا کے فضل کي
انجيل پر گواھي دون اور اب ديکھو ميں جانتا ھون کہ تم سب جن مين
کہ ميں خدا کي بادشاھت کي منادي کرتا پھرا ميرا منھہ پھر نہ ديکھوگے
پس ميں آج کے دن تمھيں گواھي رکھتا ھون کہ ميں سب کے خون سے
پاک ھون کيونکہ ميں خدا کي ساري مرضي تمھيں سنانے سے باز نہ رھا
پس اپني اور اس سارے گلہ کي خبرداري کرو جس پر روح قدس نے تمھيں
نگھبان ٹھھرايا کہ خدا کي کليسيا کو جسے اس نے اپنے ھي لھو سے مول
ليا چراؤ کيونکہ ميں يہہ جانتا ھون کہ ميرے جانے بعد پھاڑنيوالے
بھيڑئے تمھارے درميان آوينگے جنھيں گلہ پر کچھہ ترس نہ آويگا اور خود
تم ميں سے آدمي اٹھينگے جو الٹي باتيں کھينگے کہ شاگردون کو اپني
طرف کھينچ ليں اس لئے جاگتے رھو يہہ ياد رکھہ کہ ميں تين برس
تک رات دن رو رو کے ھر ايک کو جتانے سے باز نہ آيا اي بھائيو اب
ميں تمھيں خدا اور اسکے فضل کے کلام کو سونپتا ھون جو قادر ھي کہ
تمھيں کامل کرے اور سارے مقدسون ميں ميراث دے ميں نے کسي کے
روپے يا سونے يا کپڑے کا لالچ نہ کيا تم آپ جانتے ھو کہ انھيں ھاتھون
نے ميري اور ميرے ساتھيون کي ضرورتيں نکاليں ميں نے سب چيزيں
بتائيں کہ تم کو چاھئے کہ يونھيں محنت کر کے کمزورون کي مدد کرو اور
خداوند يسوع کي باتيں ياد رکھو جو اس نے خود فرمائيں کہ دينا لينے
سے زيادہ مبارک ھي

تب دوسرا بشپ يہہ پڑھے

انجيل — يوحنا — ۲۱ باب — ۱۵ آيت

يسوع نے شمعون پطرس کو کہا کہ اي يوحنا کے بيٹے شمعون
کيا تو مجھے ان سے زيادہ پيار کرتا ھي اس نے اسے کہا ھان اي خداوند تو
خود جانتا ھي کہ ميں تجھے پيار کرتا ھون اس نے اسے کہا کہ ميرے برے
چرا اسنے دوبارہ اسے پھر کہا کہ اي شمعون يوحنا آيا تو مجھے پيار کرتا ھي

اور دوسرا بشپ يهه پڑھے

مکتوب—۱ طيمتاوس—۳ باب—۱ آيت

يهه بات سچ هي که جو کوئي کليسيا کي نگهباني کي آرزو رکهتا اچهے کام کو چاهتا پس چاهئے که نگهبان بے عيب ايک جورو کا شوهر پرهيزگار صاحب تميز شايسته مسافردوست تعليم پر قادر هو نه که شرابي يا مارپيٹ کرنيوالا يا ناروا نفع حاصل کرنيوالا بلکه ميانه رو هو تکراري اور لالچي نه هو اور اپنے گهر کا بخوبي بندوبست کرے اور کمال درستي کے ساتهه لڑکون کو حکم مين رکهے که اگر کوئي اپنے هي گهر کا بندوبست نه کر جانے وه خدا کي کليسيا کي خبرداري کيونکر کريگا اور نو مريد نه هو کهين وه غرور کر کے شيطان کي طرح عذاب مين پڑے اور چاهئے که وه باهروالون کے نزديک بهي نيک نام هو تا ايسا نهو که وه ملامت اُٹهاوے اور شيطان کے پهندے مين پهنس جاوے

يا يهه

مکتوب کے عوض اعمال کا ۲۰ باب ۱۷ آيت

اور پولوس نے ميليطوس سے افسس مين کهلا بهيج کے کليسيا کے بزرگون کو بلايا اور جب وے اُسکے پاس آئے تو اُنهين کها تم جانتے هو که جب سے مين آسيئيا مين آيا پهلے هي دن سے هر وقت کس طرح تمهارے ساتهه رها کمال فروتني سے اور بهت آنسو بهانے سے اور آزمايشون سے جن مين يهوديون کے گهات لگانے سے مين پهنسا تها خداوند کي خدمت کرتا رها کيونکه مين نے کوئي چيز جو تمهارے فايدے کي تهي نه چهوڑي بلکه تمهين خبر دي اور تم کو جماعت مين اور گهر گهر سکهايا يهوديون اور يونانيون کے سامهنے گواهي دي که خدا کے آگے توبه کرو اور همارے خداوند يسوع مسيح پر ايمان لاؤ اور اب ديکهو مين روح کا بندها اورشليم کو جاتا هون اور نهين جانتا که وهان مجهه پر کيا گذريگا مگر اِتنا که روح قدس هر شهر مين يهه کهکے گواهي ديتا هي که قيد اور مصيبت ميرے لئے طيار هين ليکن مين اُسے کچهه نهين

بشپون اور سردار بشپون کے تقدس کي ترتيب
يهه دستور صرف اتوار يا کسي تيوهار
کو عمل مين آوے

جب که گرجے مين سب چيزين مهيا اور مرتب هو لين تب صبح کي
نماز تمام هونے کے بعد سردار بشپ (يا اور کوئي بشپ
جو مقرر هو) دستور عشاء رباني کا شروع
کرے اور اُس مين يهه دعا
پڑهي جاوے

دعا

اے قادر مطلق خدا جسنے بوسيله اپنے بيٹے يسوع مسيح کے اپنے مقدس رسولون کو بهت سي عمده عمده نعمتين بخشين اور اُن کو حکم کيا که تيرے گله کو چراوين هم تيري منت کرتے هين که سب بشپون کو جو تيري کليسيا کے نگهبان هين اپنا فضل عطا کر که وے کوشش سے تيرا کلام سنايا کرين اور اُسکے ديني قاعدے کو واجب طور سے عمل مين لاوين اور لوگون کو يهه بخش که وے تابعداري سے اُسکے مطابق چلين تا که سب کے سب هميشه کے جلال کے تاج پاوين همارے خداوند يسوع مسيح کے وسيلے سے آمين

اگر ایک هي روز بعضون کو ڈیکن کا عہدہ اور بعضون کو پریسٹ کا عہدہ مفوض هو تو ڈیکن پہلے حاضر کئے جاوین تس پیچھے پریسٹ اور دونون کے لئے لیٹني کا پڑھنا ایک هي مرتبہ کافي هی اور خاص دعائین دونون کے لئے پڑھي جاوین پہلے وہ جو ڈیکنون کے لیئے هی بعد اسکے وہ جو پریسٹ کے لئے هی مکتوب کا حصہ جو مقرر هی سو افسیون کے چوتھے باب کي ساتوین آیت سے تیرھوین آیت تک چنانچہ اوپر کي ترتیب مین موجود هی اسکے پڑھنے کے بعد وے جو ڈیکن هونے پر هین ملکہ کي اولیت کي قسم کھاوین اور امتحان دین اور مقرر کئے جاوین جیسے اوپر مرتب هوا هی تب ایک انمین سے انجیل کا حصہ پڑھے اور وہ خواہ مقدس متي کے نوین باب کي چھتیسوین آیت سے انتیسوین آیت تک جیسا کہ اوپر کي ترتیب مین لکھا هی خواہ کہ مقدس لوقا کے بارھوین باب کي پینتیسوین آیت سے اتتیشوین آیت تک چنانچہ ڈیکن هونے کي ترتیب مین موجود هی تب وے بھي جو پریسٹ هونے کو آئے هین ملکہ کي اولیت کي قسم کھائین اور امتحان دین اور مقرر کئے جاوین جس طرح کہ اوپر کی ترتیب مین مبین هی

خدا کے کلام سنانے کا اور پاک ساکریمنٹون کي تعمیل کا جس جماعت مین تو شرع کے موافق مقرر کیا جاوے اِختیار لے

جب یہہ تمام ہو تب عقیدۂ نیسین گایا یا پڑھا جاوے اُسکے بعد بشپ صاحب عشاء ربانی کے دستور پر عمل کرے اور اُس مین وے سب جو مقرر ہوئے شریک ہون اور اُسي مقام پر جہان کہ اُن پر ہاتھہ دھرے گئے تھے تا وقتیکہ عشاء ربانی لے چکے ہون ٹھہرین

جب کہ عشاء ربانی کا دستور تمام ہو اُسکي پچھلي دعا کے بعد اور قبل دعاء برکت کے یہہ دعائین جو ذیل مین ہین پڑھي جاوین

اي بینہایت رحیم باپ ہم تیري منت کرتے ہین اپنے ان بندون پر اپني آسماني برکت بھیج کہ وے راستبازي کا لباس پہنے رہین اور تیرا کلام جو اُنکي زبان سے نکلے ایسي تاثیر رکھتے کہ ہرگز بیفایدہ نہ کہا جاوے اور یہہ بھي عنایت کر کہ ہم سبھون پر ایسا فضل ہو کہ جو کچھہ تیرے پاک کلام مین سے وے سناوین یا اُسکے مطابق سکھلاوین اُسکو اپني نجات کا وسیلہ سمجھہ کے سنین اور عمل مین لاوین تا کہ اپني سب باتون اور کامون مین ہم تیرے جلال اور تیري سلطنت کي ترقي کے طالب رہین ہمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے آمین

اي خداوند اپنے کمال فضل و کرم سے ہمارے سب کامون مین ہماري پیشوائي کر اور اپني ہمیشہ کي مدد سے ہمین آگے بڑھا کہ ہم اپنے سب کامون کے درمیان جو اول اور آخر اور بیچ مین تجھي سے ہون تیرے پاک نام کي بڑائي کرین اور تیرے رحم سے آخر کو ہمیشہ کي زندگي پاوین ہمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے آمین

سلامُ اللہ جو تمام فہم سے باہر ہي تمہارے دلون اور خیالون کو خدا کي اور اُسکے بیٹے یسوع مسیح ہمارے خداوند کي پہچان و محبت مین نگہباني کرے اور خدا قادر مطلق باپ بیٹے اور روح قدس کي برکت تمہارے بیچ ہووے اور تم پر ہمیشہ رہے آمین

میں سے اُسنے ایک بڑا گلہ جمع کیا کہ تیرے پاک نام کي حمد و تعریف ظاهر کریں اِن ایسي نعمتون کے لئے جو تیري ازلي خوبي سے همیں ملیں هم جي جان سے تیرا شکر بهیجتے هیں اور اِس لئے بهي تیري حمد و تعریف کرتے هیں اور سجدہ بجا لاتے هیں کہ تو نے توجهہ فرما کے اپنے اِن بندون کو جو حاضر هیں ایسے عهدہ اور خدمت پر بلایا هی جو اِنسان کي نجات کے لئے مقرر هی اور هم فروتني سے منت کرتے هیں کہ اپنے اُسي متبرک بیٹے کے وسیلے سے سبهون کو یہان خواہ اور کہیں جو تیرے مقدس نام کے لینیوالے هیں یہہ عنایت کر کہ سب کے سب تیري ان نعمتون اور دوسري تیري سب نعمتون کے لئے اپنے تئیں شکر گذار ظاهر کرتے جائیں اور بهدایت روح القدس کے تیري اور تیرے بیٹے کي معرفت اور ایمان میں روز بروز ترقي کرتے اور بڑهتے جاویں ایسا کہ ان تیرے خادمون سے اور اُن سے بهي جنکے اُپر یے تیري خدمت بجا لانا کے لئے ٹهہرا ے جائیں تیرے پاک نام کا جلال سدا ظاهر هوا کرے اور تیري متبرک بادشاهت کي ترقي هوتي جاوے اُسي تیرے بیٹے همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے جو اُسي روح قدس کي یگانگي میں تیرے ساتهہ همیشہ کو زندہ اور سلطنت کرتا هی آمین

جب یہہ دعا آخر هو تب بشپ پریسٹ حاضرین کے ساتهہ هرایک کے سر پر جو کہ پریسٹ مقرر هوتے هیں علحدہ علحدہ اپنے هاتهہ رکهے اور وے جو مقرر هوتے هیں اب کے ساتهہ گهٹنے ٹیکیں اور بشپ یون کہے

خدا کي کلیسیا کے درمیان پریسٹ کے عهدہ اور کام کے لئے جو اب همارے هاتهہ رکهنے سے تجهے سونپا جاتا هی روح قدس کو لے جنکے تو گناہ بخشتا هی وے بخشے جاتے هیں اور جنکے تو گناہ نهیں بخشتا هی وے نهیں بخشے جاتے هیں اور خدا کے کلام اور اُسکے پاک ساکریمنٹ کا تو وفادار تقسیم کرنیوالا هو باپ اور بیٹے اور روح قدس کے نام سے آمین

تب بشپ سب کو ایک ایک کے هاتهہ میں ایک ایک جلد بیبل کي دے اور وے گهٹنے ٹیکے رهیں پهر بشپ فرماوے

فضل بخش که هم جانین
باپ قادر مطلق کو
که اُسکے پیارے بیٹے کي
دید متبرک حاصل کرین

اور یهه که هم کمال ایمان کے ساتهه
مدام تیرے معترف هون
روح باپ اور بیٹے کي
ایک خدا تین اقانیم

خدا باپ کو حمد و سپاس
اور اُسکے متبرک بیٹے کو
اور فضل کے روح القدس کو
متساوي تین ایک هین

اور هم منت کرتے هین که همارا خداوند واحد
اپني مهرباني سے اپنا روح نازل کرے
اُن سبهون پر جو اُسکے نام کا اقرار کرینگے
آب سے جهان کے آخر تک آمین

اس کے بعد بشپ اس طور پر دعا مانگے چنانچه آگے لکهي هی
مگر پہلے یهه کہے

هم دعا مانگین

ای قادر مطلق خدا آسماني باپ تو نے اپنے بے حد فضل و کرم سے هم کو اپنا اکیلا نهایت عزیز بیٹا یسوع مسیح دیدیا هی که وه هماري رهائي دینیوالا اور همیشه کي زندگي کا باني هووے اُس نے اپني موت سے هماري رهائي کا کام پورا کرکے اور آسمان پر چڑهکے رسولون اور نبیون اور اِنجیل سنانیوالون اور داناؤن اور چوپانون کو جهان مین روانه کیا جنکي محنت اور خدمت کے وسیلے جهان کے سب اطراف

که تیري اعانت سے خدا کي ثنا
هر جگهه مین گونجے

ای روح القدس همارے دلون میں
اپنا نور سبحاني نازل کر
سرگرمي کي آگ همارے دلون مین بهڑکا
که خدا کي عبادت دن رات کیا کرین

همارے ضعف کو توانائي سے بدل
که ای خداوند تو هي هماري ناتواني سے واقف هے
که نه شیطان نه دنیا نه شهواتِ جسماني
هم پر غالب آوین

همارے دشمن کو هم سے دور کر رکهه
اور مدد کر که هم حاصل کرین

اپنے دلون مین صلح نسبت خدا اور بشر کے
که یهي تحفه سب سے اچها سب سے سچا هے

اور بخش که تو ای خداوند
همارا رهبر اور هادي هو
هم گناه کے پهندون سے بچین
اور هرگز تجهه سے نه پهر جائین

اپنا فضل قوي همین اس قدر
بخش ای خداوند هم منت کرتے هین
که تو همارا تسکین دینیوالا هو
پچهلے مهیب دن کو

جهگڑون کي اور پهوٹون کي
بندش توڑ ڈال ای خداوند
اور امن اور محبت کے عقود کو گانٹه
سارے مسیحي ملکون مین

کہ نسلاً بعد نسلاً سب دن چلا جائے
ھمارا یہہ گیت اور تجھے پسند آوے
ستایش تیري ابدي خوبي کي
باپ بیتے روح قدس کي

یا یہہ

آ روح القدس خداے قدیم
جو اُپر سے نکلتا ھی سلیم
بھي باپ اور بیتے سے
خدا امن و محبت کا

ھماري خاطرون سے قربت کر ھمارے دلون مین
فضل سبحاني کے الہام دے
کہ حق اور دینداري کي ھم
خواھش کامل سے پیروي کرین

توھي تسکین دینیوالا سچا ھی
غم اور ھر نوع کي تکلیفات مین
سبحاني انعام خدا تعلی کا
کہ جسکي صفت مین ھر زبان بے بیان ھی
چشمہء آب حیات
شادماني آسماني کا
آگ ایسي دھکتي اور عشق ایسا شھرین
اور مسیح ھی روحاني

تو نعمتین طرح بطرح کي بخشتا ھی
کہ اُن سے مسیح کي کلیسیا بر قرار ھی
صادق دلون مین تو اپني شرع لکھتا ھی
کہ اُنگلي خدا کے ھاتھہ کي توھي ھی
مطابق اپنے وعدہ کے ای خداوند
تو فضل کے ساتھہ گویائی عطا کرتا ھي

قادر مطلق خدا جس نے تم کو ان سب باتون کے کرنے کے لئے ارادہ بخشا هی اُنهین عمل مین لانے کي طاقت اور قوت تم کو دے تا که وه اپنے اُس کام کو جو که اُس نے تم مین شروع کیا هی پورا کرے همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے آمین

تب حاضرین جماعت کو کها جاوے که چپکے چپکے اپنے دل مین انکساري کے ساتهه ان سب باتون کے لئے خدا سے درخواست کرین اور مابین اس عرصه کے سکوت و خاموشي رهے

بعد اسکے بشپ (وے جو پریسٹ هونے کے لئے آئے هین گهٹنے ٹیکین) اس گیت کو جو ذیل مین هی گائین یا پڑهین پهلے بشپ شروع کرے اور سب پریسٹ اور دوسرے سب حاضرین جواب کے شعرون کو کهتے جاوین

آ روح قدس هماري روحون پر پهونک
اور آسماني نور سے همین نوراني کر
مسح کرنیوالي روح توهي هی
جو اپنے ساتهه گنے اِنعام بخشتا هی

تیرا متبرک مسح جو اُپر سے هی
تسکین و حیات اور محبت کي آتش هی
دایمی روشني سے روشن کر
همارے نابینائي کي تاریکي کو

همارے داغي مونهه کو دهو اور خوشنما کر
اپنے فضل کي فراواني سے
دور کر رکهه همارے دشمن
گهر دوار مین امن و چین دے

جهان تو هادي هي وهان کسي برائي کو دخل نهین
باپ اور بیٹے کي پهچان همین دے
اور اپني بهي که دونو سے هی
اور تینون ایک هین

جواب—خداوند میرا مددگار ھو تو میں ایسا کرونگا

بشپ

تم دنیاوي اور جسماني تردد کو کنارے رکھہ کر دعاؤن مین اور بیبل کي تلاوت مین اور ویسي ھي کتابون کے پڑھنے اور سوچنے مین جو اُس کے سمجھنے کے لئے مفید ھون لو لگاؤگے

جواب—مین اس باب مین کوشش کرونگا خداوند میرا مددگار ھو

بشپ

تم اس کي پیروي کروگے کہ تم خود اور جتنے تمھارے گھر مین ھون وے سب مسیح کي تعلیم کے سانچے مین ڈھالے جائین اور ٹھیک ٹھیک اُس کے مطابق بنین اور مقدور بھر تم کوشش کروگے کہ تم خود اور وے بھي سب مسیح کے گلہ کے لئے عافیت بخش تمثیل اور نمونے ٹھہرین

جواب—خداوند میرا مددگار ھو مین اُس پر جي لگاؤنگا

بشپ

تم حتے الامکان سب مسیحي لوگون مین اور خصوصا اُن کے درمیان جو تمھارے سپرد ھین یا ھون صلح اور اتفاق و محبت کو پشتي اور ترقي دیوگے

جواب—خداوند میري مدد کرے تو مین ایسا کرونگا

بشپ

تمھارے جو حاکم دین اور دوسرے سردار خادم دین ھون جن کے سپرد اور حکومت مین ھو تم ادب سے اُن کي اطاعت کروگے اور دل کي رضامندي سے اُن کي دیني نصیحتون کو مانوگے اور اُنکے دیني حکمون کے تابع رھوگے

جواب—خداوند کي مدد پا کے مین ایسا کرونگا

تب بشپ کھڑا ھو کے یوں کہے

آیا تم نے اپنے دل میں یقین کر لیا هی کہ همارے خداوند یسوع مسیح کي مرضي اور انگلستان اور ایرستان کي متحد کلیسیا کے طریقہ کے موافق پریسٹ کے عہدہ اور خدمت کے لئے تم سچ مچ بلائے گئے هو

جواب—البتہ ایسے میرے خیال هین

بشپ

آیا تمہیں یقین هی کہ جو تعلیم ابدي نجات کے لئے (کہ یسوع مسیح پر ایمان لانے سے هوتي هی) ضرور هی سو سب کچھہ بیبل هي مین مندرج هی اور تمہارا یہہ قصد ٹھنا هی کہ اس جماعت کو جو تمہارے سپرد کیا جاوے اُس کتاب میں سے اور کچھہ نجات کي نسبت ضرور کر کے نہ سکھاؤگے مگر وهي باتین جو تمہاري سمجھہ مین صاف ثابت هین کہ اُسي بیبل مین اُس کا سند اور ثبوت هی

جواب—هان میرا یقین ایساهي هی اور خدا کے فضل سے میرا یہي ارادہ هی

بشپ

آیا تم سچے دل سے مدام یہہ کوشش کروگے کہ ایسے طور پر مسیح کي تعلیم اور ساکریمنٹ اور تربیت کو عمل مین لاؤ کہ جیسا خداوند نے حکم دیا هی اور اس کلیسیا اور بادشاهت نے خدا کے حکم کے موافق مان لیا هی اور جو جماعت تمہارے سپرد هو اُن کو وهي کرنا اور عمل مین لانا تم تاکید سے سکھاؤ

جواب—خدا کي مدد سے مین ایساهي کرونگا

بشپ

سب غلط اور جھوٹھي تلقین جو خدا کے کلام کے برخلاف هون تم اُٹھا دینے اور دور کرنے کے لئے سچے دل سے هر دم مستعد رهوگے اور کیا بیمار اور کیا تندرست جتنے تمہارے موضع بھر مین هون موافق وقت اور ضرورت کے تم اُن کے ساتھہ علانیہ اور خلوت مین بھي تنبیہ اور نصیحت کیا کروگے

لازم هی کہ جي جان سے دعا مانگا کرو کہ اُسکا روح قدس تم پر نازل هوا کرے اور چونکہ هو نهیں سکتا کہ ایسا بھاري کام جو کہ آدمي کي نجات سے علاقہ رکھتا هی اور کسي طرح سے نباها جاے مگر صرف بیبل هی سے نکالي هوئي تعلیم اور نصیحت اور اُسکے مطابق پاک چلن سے تو خیال کرو کہ کہان تک تمکو نہ چاهیئے بیبل کے پڑهنے اور اُسکي باتون پر غور کرنے مین ڈوبے رهنا اور اُسکے قاعدہ کے سانچے مین اپني اور اُن سب کي چال چلن جو تمهارے خاص علاقہ مین هین ڈهالنا اور درست بنانا اور اسي سبب سے تمکو بہت هي ضرور هي کہ حتے المقدور دنیاوي سب باتون کي فکر و اندیشہ کو ترک کرو اور درکنار رهو

همین اُمید قوي هی کہ مدت سے تمنے ان باتون کو خوب سوچا اور فضل الهي سے اپنے جي مین ٹھان رکھا هی کہ اپنے تئین اس عہدہ مین کہ جس مین خدا نے اپني مهرباني سے تمهاري دعوت کي هی بالکل مشغول رکھوگے ایسا کہ اس ایک کام مین بھر مقدور سرا سر تم مصروف رهوگے اور اُسي کي طرف اپني سب سعي و تردد رکھوگے اور پڑهنے اور سوچنے مین مشغول رهوگے اور خدا باپ سے بوسیلے همارے اکیلے نجات دهندہ یسوع مسیح کے روح قدس کي آسماني مدد کے لئے بلاناغہ دعا مانگا کروگے تا کہ روز مرہ بیبل کے مطالعہ اور اُسکے غور کرنے سے تم اپنے کام مین زیادہ پختہ اور اُستوار هوتے جاوٗ اور یہہ کہ تم اپني روش اور اپنے علاقهدارون کي روش پاک اور مقدس کرنے مین اور اُنهین مسیح کے قاعدے اور تعلیم کے موافق درست بنانے مین ایسي کوشش اور پیروي کرو کہ اپني جماعت کے لئے دینداري کے ٹھیک اور فایدہ بخش نمونہ بنو

اور اب جس مین مسیح کي یہہ حاضرین جماعت بھي ان سب باتون کي بابت تمهارے دل کے ارادے اور منصوبے کو معلوم کرین اور وعدہ کرنے سے اپنے واجبات اداکرنے کے لئے تمهارا جي زیادہ اُبھارے تم ان سوالون کے جو خدا کے اور اُسکي کلیسیا کے نام سے اس باب مین هم اب تم سے کرتے هین صاف صاف جواب دیو

یعنے یہہ کہ خداوند کی طرف سے تم رسول اور نگہبان اور خانسامان ہونے کو بلائے گئے ہو اور تمہارا کام یہہ ہي یعنے خداوند کے خانوادہ کو سکھلانا اور خبردار کرنا اُنھیں کھلانا پلانا اور اُنکي خبر لیني مسیح کي بھیڑین جو پراگندہ ہین اور اُسکے فرزندون کي جو اِس خراب دنیا کے بیچ پڑے ہوے ہین تلاش کرني تا کہ مسیح کے وسیلہ سے وے ہمیشہ کي نجات پاوین

پس اپنے دلون پر یہہ بات نقش کر رکھو کہ کیسا بھاري خزانہ تمھین سپرد ہوا ہی کس واسطے کہ وے مسیح کي بھیڑین ہین جنھین اُسنے اپني جان دیکے خریدا ہی اور جنکے واسطے اُسنے اپنا خون بہایا ہی کلیسیا اور جماعت کہ جسکے تمکو خدام ہونا ہی سو خداوند کي دلہن اور اُسکا بدن ہی الغرض اگر ایسا ہو کہ تمہاري غفلت سے اس کلیسیا یا اُسکے کسي عضو کا کچھہ نقصان یا روک ٹوک ہو تو تمکو معلوم ہی کہ یہہ کیسا بھاري قصور اور اُسکی کیسي ہولناک سزا ہوگي اسلئے ای بھائیو اپنے دلون میں خوب سوچو کہ خداوند کے فرزندون اور مسیح کي دلہن اور بدن کي بابت تمہاري خدمت سے غرض کیا ہی اور جب تک تم مقدور بھر جیسا تم پر فرض ہی اُن سب لوگون کو جو تمہارے سپرد ہوئے یا ہوین اعتقاد اور خدا کي پہچان کے ایسے اتفاق کي منزل پر اور مسیحي پختگي اور کمالیت پر نہ پہونچاؤ کہ تمہارے درمیان دین کي بابت غلط اور روش کي نسبت شرارت کي کوئي جگہہ باقي نہ رہے تم ہرگز فکر و اندیشہ اور محنت اور مشقت سے باز نہ رہنا

پس جب تمہارا عہدہ ایسا بے نظیر اور دشوار ہی تو تم پر ظاہر ہی کہ کس طرح تردد اور کوشش سے اُسمین مشغول رہنا تم پر فرض ہي تا کہ خداوند کے جس نے تمھین ایسي قدرت بخشي ہی تم تابعدار اور شکرگذار نایب ہوو اور یہہ بھي کہ تم خود اپني ذات سے قصوروار نہ ٹھہرو اور نہ دوسرون کے قصوروار ہونے کے باعث ہو پر تا ہم ناممکن ہی کہ تم از خود ایسا دل اور نیت اپنے مین پیدا کرو کیونکہ اس طرح کي نیت اور طاقت فقط خدا ہي کي بخشش ہی اس لئے تم پر واجب اور

هین کیونکه وے اُسکي آواز پہچانتي هین اور وہ بیگانه کے پیچھے نہین جاتین بلکه اُس سے بهاگتي هین اِس لئے که بیگانون کي آواز نہین پہچانتین یسوع نے یہه تمثیل اُنہین کہي لیکن وے نه سمجھے که یہه کیا باتین تهین جو وہ اُنسے کہتا تها تب یسوع نے اُنہین پهر کہا مین تم سے سچ سچ کہتا هون که بهیرون کا دروازہ مین هون سب جتنے مجهه سے آگے آئے چور اور بٹمار هین اور بهیڑون نے اُنکي نه سني وہ دروازہ مین هون اگر کوئي شخص مجهه سے داخل هو تو نجات پاویگا اور اندر باهر آوے جاویگا اور چراگاہ پاویگا چور نہین آتا مگر چورانے اور قتل کرنے اور هلاک کرنے کو مین آیا هون تا که وے زندگي پاوین اور زیادہ حاصل کرین اچها گڑریا مین هون اچها گڑریا بهیڑون کے لئے اپني جان دیتا هی پر مزدور اور وہ جو گڑریا نہین اور بهیڑون کا مالک نہین بهیڑیا آتے دیکهه کر بهیڑون کو چهوڑ دیتا هی اور بهاگ نکلتا هی اور بهیڑیا اُنہین پکڑتا هی اور بهیڑون کو پراگندہ کرتا هی مزدور بهاگتا هی کیونکه وہ مزدور هی اور بهیڑون کے لئے کچهه فکر نہین کرتا اچها گڑریا مین هون اور اپني پہچانتا هون اور میري مجهے جانتي هین جس طرح سے باپ مجهے جانتا هی اُس طرح مین باپ کو جانتا هون اور مین بهیڑون کے لئے اپني جان دیتا هون اور میري اور بهي بهیڑین هین جو اس گله کي نہین ضرور هی که مین اُنہین بهي لاؤن اور وے میري آواز سنینگي اور گله ایک اور گڑریا ایک هوگا

تب بشپ اپني کرسي پر بیٹها هوا هرایک کو ملکه کي آولیت کي قسم کهلاوے جیسا که ڈیکن هونے کي ترتیب مین لکها هی بعد اُسکے ذیل کي باتین اُنہین کهه سناوے

بهائیو تم نے خلوتي اِمتحان کے وقت اور اب کي ظاهرا نصیحت مین اور اِنجیل اور رسولون کے پاک وردون مین سے سنا هی که کیسي عزت کا یہه عہدہ هی که جسکے لئے تمهاري دعوت هوئي هی اور کیسي کیسي بهاري باتین اُس سے متعلق هین اور اب پهر تمهین اپنے خداوند یسوع مسیح کے نام سے نصیحت کرتے هین که تم یاد رکهو که کس عمدہ درجه اور کیسے بهاري عہدہ اور امانت کے لئے تم طلب کئے گئے هو

مکتوب افسیون کو ۴—باب ۷—آیت

هم مین سے هرایک کو مسیح کے اِنعام کے اندازے کے موافق فضل عنایت هوا هی اِس واسطے وہ کہتا هی کہ اُس نے اُونچے پر چڑھکے قید کو قید کیا اور آدمیون کو اِنعام دیئے اور اُسکا اُپر چڑھنا سوا اِسکے اور کیا هی کہ وہ پہلے زمین کے نیچے اُترا وہ جو اُترا سو وهي هی جو سارے آسمانون پر چڑھا تا کہ سب کو بھر پور کرے اور اُسنے بعضون کو رسول اور بعضون کو نبي اور بعضون کو اِنجیل کے منادي کرنیوالے اور بعضون کو چرواهے اور بعضون کو اُستاد مقرر کر دیا تا کہ مقدس لوگ خدمت کے کام مین آراستہ هوتے جاوین اور مسیح کا بدن بنتا جائے جب تک هم سب کے سب ایمان اور خدا کے بیٹے کي پہچان کي یگانگي اور کامل اِنسان یعنے مسیح کے پورے قد کے اندازے تک پہونچے

اُسکے بعد مقدس متي کي انجیل کے نوین باب سے یہہ عبارت پڑھي جاوے

مقدس متي ۹—باب ۳۶—آیت

جب یسوع نے جماعتون کو دیکھا اُن پر اُسکو رحم آیا کیونکہ وے اُن بھیڑون کي مانند جن کا چرواها نہ هو عاجز اور پریشان تھین تب اُسنے اپنے شاگردون سے کہا کہ پکے کھیت تو بہت هین پر مزدور تھوڑے اِسلئے تم کھیت کے مالک کي منت کرو کہ وہ اپنے کھیت کاٹنے کے لئے مزدورون کو بھیج دیوے

یا مقدس یوحنا کے دسوین باب سے یہہ عبارت

مقدس یوحنا ۱۰—باب ۱—آیت

مین تم سے سچ سچ کہتا هون جو کہ دروازے سے بھیڑ خانہ مین داخل نہین هوتا بلکہ اور طرف سے اُپر چڑھتا هی وہ چور اور بٹمار هی لیکن وہ جو دروازے سے داخل هوتا هی بھیڑون کا گڑریا هی دربان اُسکے لئے کھولتا هی اور بھیڑین اُسکي آواز سنتي هین اور وہ اپني بھیڑون کو نام لیکے بلاتا هی اور اُنہین باهر لے تاجا هی اور جب وہ اپني بھیڑون کو باهر نکالتا هی تو اُنکے آگے آگے چلتا هی اور بھیڑین اُسکے پیچھے هو لیتي

اي بندو اللہ کے همارا ارادہ هي کہ اِنشاء اللہ تعلی اِس وقت اِن شخصون کو پریسٹ کے پاک عہدہ پر مقرر کریں کہ اُنہیں خوب آزما کے کوئي مزاحمت کا سبب هم نے نہیں پایا بلکہ معلوم هوا کہ وے اِس عہدے اور خدمت کے لئے شرع کے موافق بلائے گئے اور اُسکے قابل هیں تسپر بهي اگر تم میں سے کوئي اِن شخصون میں سے کسي کي بابت کچھہ وجہہ مزاحمت یا جرم جانتا هو کہ جسکے سبب سے مناسب نہیں کہ وہ اِس پاک خدمت پر مقرر کیا جاوے تو اب بنام خدا سامہنے آوے اور اُس جرم اور وجہہ کو ظاهر کرے

اور اگر کوئي کسي کے حق میں جرم یا وجہہ مزاحمت درپیش کرے تو بشپ اُس شخص کو جب تک کہ وہ اُس جرم سے مبرا نہ ٹھہرایا جاوے مقرر کرنے سے باز رهے

پهر بشپ اُن شخصون کے لئے جو قابل مقرر هونے کے ٹھہریں جماعت کي دعا طلب کرے اور پهر خدام دین اور جماعت حاضرین کے ساتھہ لیتنني مع اُن نمازون کے جو ذیل میں هیں گاوے یا پڑهے جسطرح کہ ڈیکن کرنے کي ترتیب میں هے مگر لیتنني کے درمیان خاص دعا میں ڈیکن لفظ کي جگہہ پر پریسٹ کا لفظ پڑها جاوے

تب عشاے ربانی کي باتیں گائي یا پڑهي جاویں ساتھہ اُس دعا اور مکتوب اور انجیل کے جو ذیل میں هي

دعا

اي قادر مطلق خدا سب اچھي چیزون کے دینیوالے تو نے اپنے روح قدس سے کلیسیا میں خادمون کے کئي عہدہ مقرر کئے هیں اپنے ان بندون پر جو پریسٹ کي عہدہ کے لئے بلائے گئے هیں مہرباني سے نگاہ کر اور اپني تعلیم کي سچائي سے اس طرح اُنہیں مالا مال کر اور چال چلن نیک کي ایسي رونق بخش کہ قول اور فعل سے وے اس عہدہ پر وفاداري کے ساتھہ تیري خدمت بجا لاویں جس سے تیرے نام کي بزرگي اور تیرے کلیسیا کي تقویت هووے همارے نجات دهندہ یسوع مسیح کے ثواب کے واسطے جو تیرے اور روح قدس کے ساتھہ همیشہ کو زندہ اور سلطنت کرتا هي آمین

پریسٹون کے تقرر کي ترتیب

جب وہ دن جو بشپ نے مقرر کیا پہنچے تب صبح کي نماز کے بعد ایک وعظ یا نصیحت پڑھي جاے جسمیں اُن شخصون کا جو پریسٹ ہونے آئے ہیں عہدہ اور کام بیان کیا جاے یعنے یہہ کہ مسیح کي کلیسیا میں یہہ عہدہ کیسا ضرور ہی اور کسطرح جماعت کو چاہئے کہ اُنکے عہدہ میں اُنکي قدر اور تعظیم رکھیں

پہلے آرچڈیکن یا اُسکي غیر حاضري میں کوئي دوسرا شخص جو اُسکے عوض مقرر ہو بشپ کے حضور (جو اُس وقت تخت مقدس کے پاس اپني کرسي پر بیٹھا ہو) اُن سب کو جو پریسٹ ہونے کي خواہش رکھتے ہوں لاویں (ہرایک اُنمیں سے ساتھہ لباس صاف و ستھرے کے ملبس ہو) اور کہے

معزز باپ خدا میں اِن شخصون کو آپ کے حضور لایا ہوں کہ عہدہ پریسٹ میں داخل کئے جاویں

بشپ

خبردار کہ جو شخص تم ہمارے سامھنے حاضر کرتے ہو علم اور دینداري چال سے لایق اور قابل ہوں کہ خدا کي عظمت اور کلیسیا کي تقویت کے لئے خدمت بجا لاویں

آرچڈیکن جواب دیے

میں نے اُن سے سوالات کئے اور اُن کا اِمتحان بھي لیا میري دانست میں ویسے ہي ہیں

تب بشپ جماعت سے یون کہے

ای قادر مطلق خدا سب اچھي چیزون کے دینیوالے تو نے اپني بڑي رحمت سے توجہ فرما کے اپنے اِن بندون کو اپني کلیسیا مین ڈیکن کے عہدہ پر مقبول و منظور فرمایا هي ای خداوند هم تیري منت کرتے هین تو ایسا کر کہ وے حلیم اور سلیم مزاج هون اور اپنے کام مین مشغول رهین اور تمام دیني ضبط و ربط مین مستعد هووین اور نیک نیتي کي گواهي همیشہ اپنے مین رکھین اور تیرے بیٹے مسیح مین سدا مضبوط اور قایم رهکر اِس ادنیٰ عہدہ کي خدمت کو ایسے اچھے طور پر بجا لاوین کہ تیري کلیسیا کے بڑے بڑے عہدون کي لیاقت پیدا کرین اُسي تیرے بیٹے همارے بچانیوالے یسوع مسیح کے سبب سے کہ اُسي کے تئین جلال اور بزرگي ابد تک هوا کرے آمین

ای خداوند اپنے کمال فضل و کرم سے همارے سب کامون مین هماري پیشوائي کر اور اپني همیشہ کي مدد سے همین آگے بڑھا کہ هم اپنے سب کامون کے درمیان جو اول اور آخر اور بیچ مین تجھي سے هون تیرے پاک نام کي بڑائي کرین اور تیرے رحم سے آخر کو همیشہ کي زندگي پاوین همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے آمین

سلام اللہ جو تمام فہم سے باهر هي تمهارے دلون اور خیالون کو خدا اور اُسکے بیٹے یسوع مسیح همارے خداوند کي پہچان اور محبت مین نگہباني کرے اور خدا قادر مطلق باپ بیٹے اور روح قدس کي برکت تمهارے بیچ هووے اور تم پر همیشہ رهے آمین

اور اس مقام پر ڈیکن کو یہہ کہا جاوے کہ ایک برس بھر اُس عہدہ مین رهنا هوگا (مگر جب کہ معقول وجہون سے بشپ کے نزدیک اور طرح کي تدبیر مناسب معلوم هو) تا کہ کلیسیا کي خدمت کي سب باتون مین وہ مستعد اور هوشیار هو جاوے اور اُسکے کرنے مین جب کہ وہ ایماندار اور محنتکش پایا جاوے تو قانون کے معین وقت کے موافق یا اگر ضرور هو تو اور کسي اِیتوار یا تہوار کے دن جماعت کے سامہنے اپنے بشپ سے پریسٹ کے عہدہ پر ذیل کي ترتیب کے موافق مقرر کیا جاوے

جي جان کي رضامندي سے اُن کي اچھي نصیحتون کے موافق چلوگے

جواب—خدا کي مدد سے مین ایسا کرونگا

تب بشپ کے سامھنے ھرایک اب سے گھتنے ٹیکے اور وہ اپنے ھاتھ ھرایک کے سر پر جدا جدا رکھے اور کھے

خدا کي کلیسا مین ڈیکن کے عھدے کے کام کرنے پر تو اِختیار لے کہ تجھے سونپا جاتا ھی باپ اور بیٹے اور روح قدس کے نام سے آمین

تب بشپ جدا جدا ھرایک کو ایک ایک نسخہ وثیقہ جدید کا دیکر یون کھے

تو یہہ اِختار لے کہ خدا کي کلیسیا مین انجیل کو پڑھے اور بشرطیکہ بشپ کي طرف سے تجھے اجازت ملے تو اُس مین سے وعظ بھي سناوے

تب ایک اُنمین سے جسے بشپ فرماوے یہہ پڑھے

اِنجیل—مقدس لوقا کا ۱۲ باب ۳۵ آیت

چاھئے تمھاري کمر بندھي رھے اور تمھارا دیا جلتا رھے اور تم اُن آدمیون کي مانند ھو جو اپنے خداوند کي راہ دیکھتے ھون کہ کب وہ شادي میں سے آوے تا کہ جب آوے اور کھٹکھٹاوے جھٹ اُسکے واسطے دروازہ کھول دین مبارک ھین وے نوکر جنکو خداوند آکے جاگتے پاوے مین تمھین سچ کھتا ھون کہ وہ آپ کمر باندھہ کے اُنھین کھانے پر بیٹھاویگا اور آکے اُنکي خدمت کریگا اور اگر وہ دوسرے پھر یا تیسرے پھر آوے اور ایسا پاوے تو مبارک ھین وے نوکر

تب بشپ عشاء رباني کي تعمیل پر متوجہ ھو اور وے سب جو پادري کے کام پر مقرر ھوئے ھون ٹھرین اور اُسي روز بشپ کے ساتھہ عشاء رباني مین شامل ھون

جب عشاء رباني انجام پا چکے اُسکي آخري دعا پڑھنے کے بعد اور برکت کا نامہ کھنے کے پیشتر یہہ دعائین جو ذیل مین ھیں پڑھي جارین

بشپ

آیا تم اُنھین اُس گرجے کے لوگون کے سامھنے جسکي خدمت بجا لانے کے لئے مقرر ہوگے کوشش سے پڑھوگے

جواب—مین پڑھونگا

بشپ

ڈیکن کا کام یہہ ھی کہ جس کلیسیا کے خدمت کے لئے مقرر ہووے بندگي کے وقت پریسٹ کي مدد کرے اور خصوصا جب پریسٹ عشاء رباني تعمیل کرے تو اُسکي تقسیم مین اُسکي مدد کرے پھر اُسکا کام یہہ ھی گرجے مین بیبل مقدس اور ھملي بڑھنا اور لڑکے لڑکیون کو سوال و جواب کے رسالے مین سے تعلیم دینا اور پریسٹ کي غیر حاضري مین طفلون کو بپتسما دینا اور اگر بشپ اجازت دے تو وعظ بھي سناوے پھر اُسکا یہہ بھي کام ھی کہ جہان بندو بست ایسا ھو موضع کے بیمار اور ضعیف لوگون کو ڈھونڈھے اور اُنکے حال اور نام اور مکان کي پریسٹ کو اطلاع دیوے تا کہ اُسکي نصیحت کے سبب خواہ موضعوالون کي خواہ اورون کي خیرات سے اُنکي حاجتین دفع ھو جاوین آیا تم یہہ خوشي اور رضا سے کروگے

جواب—خدا کي مدد سے مین ایسا کرونگا

بشپ

آیا تم پوري کوشش کے ساتھہ اپني چال چلن اور اُن سب کي جو تمھارے گھر مین ھون مسیح کي تعلیم کے موافق درست کر رکھوگے اور بھر مقدور اپنے کو اور اُنھین ایک معقول نمونہ مسیح کے گلہ کا بناؤگے

جواب—مین ایسا کرونگا خداوند میرا مددگار ھووے

بشپ

جو تم پر کلیسیا مین حاکم اور سردار پادري ھون اور جن کے اِختیار اور حکم مین تم ھو اُن کو تم ادب سے مانوگے اور

بادشاہ ھین اُنکي رعایا کو یا اور کسي کو روا ھی کہ اُنھین تخت سے اُتارین یا قتل کرین غرض اِس شیطاني تلقین اور مسلہ سے کہ نہایت ھي بیدیني اور بدعت کا ھی مین دل سے نفرت اور عداوت رکھتا اور اُس پر لعنت بھیجتا ھون اور مین اقرار کرتا ھون کہ کسي باھر کے بادشاہ یا حاکم یا بشپ یا سرکار یا کسي دوسرے کو کسي طرح کا اِختیار یا اِقتدار یا اولیت یا سرداري یا مختاري خواہ کلیسیائي ھو خواہ دیني ھو اِس ملک مین نہین ھی اور روا نہین کہ ھووے اِس پر مین خدا کي قسم کھاتا ھون

تب بشپ اُن سب کو جو ڈیکن ھونیوالے ھین جماعت کے سامھنے اس طور پر آزماوے

بشپ

آیا تمھین اُمید ھی کہ تم روح قدس کي طرف سے اُکسائے گئے ھو کہ اِس عہدہ اور خدمت کو اِختیار کرو تا کہ خدا کي عظمت اور اُسکے لوگون کي تقویت کے لئے اُسکي خدمت بجا لاؤ

جواب — مجھے ایسي اُمید ھی

بشپ

آیا تمھین یہہ گمان ھی کہ ھمارے خداوند یسوع مسیح کي مرضي اور اِس ملک کے سررشتہ کے موافق تم سچ مچ بلائے گئے ھو کہ کلیسیا کي خدمت کرو

جواب — ایسا مین سمجھتا ھون

بشپ

آیا تم پورانے اور نئے عہد نامہ کے تمام صحیفون پر جو قانون کے ھین بیریا اعتقاد رکھتے ھو

جواب — مین اُن پر اعتقاد رکھتا ھون

رکھین اور یہ پہلے آزمائے جاوین اُسکے بعد اگر بیعیب ٹھہرین تو خدمت کرین اسي طرح اُنکي جوروان بھی درستي کے ساتھہ رہین نہ کہ تہمتي بلکہ پرہیزگار اور ساري باتون مین دیانتدار هووین ڈیکن ایک ایک جورو کرین اور اپنے بچون اور اپنے گھرون کا بخوبي بندوبست کرتے رہیں کیونکہ جنہون نے اچھي طرح دیکن کے عہدہ پر خدمت کي سو اپنے لئے اچھا درجہ اور اُس ایمان مین جو مسیح یسوع پر هی بہت سي همت پیدا کرتے هین

یا یہہ اعمال کے چھٹوین باب سے

اعمال ۶ باب ۲ آیت

تب اُن بارھون نے شاگردون کي جماعت کو بلا کے کہا مناسب نہین کہ هم خدا کے کلام کو چھوڑ کے میز کي خدمت کرین پس اے بھائیو اپنے مین سے سات معتبر شخص کو جو روح قدس اور حکمت سے بھرے هون چنون کہ هم اُنکو اِس کام پر مقرر کرین اور هم آپ دعا اور کلام کي خدمت مین لگے رهینگے یہہ بات ساري جماعت کو پسند آئي اور اُنہون نے اِستیفان نامے ایک مرد کو جو ایمان اور روح قدس سے بھرا تھا اور فیلبوس اور پرکروس اور نیقانور اور طیمون اور پارمناس اور نیقلاوس انطاکي کو جو یہودي هو گیا تھا چنا اِنہین رسولون کے آگے کھڑا کیا اُنہون نے دعا مانگکے اپنے هاتھہ اُن پر رکھے اور خدا کا کلام پھیل گیا اور شاگردون کي جماعت اورشلیم مین بہت هي بڑھہ گئي اور کاهنون کا بڑا گروہ ایمان کا تابع هوا

قبل تلاوت انجیل کے بشپ اپني کرسي پر بیٹھتا هوا ملکہ کي اولیت اور اقتدار بلاتحکم غیرے کي اُنمین سے هر ایک کو جو ڈیکن هونے آیا هی قسم کھلاوے

حلف ملکہ کي اولیت کي

مین فلان قسم کھاتا هون کہ اُس شیطاني تلقین اور قول سے کہ پوپ یا رومي بشپ کے کسي اقتدار سے خارج کئے اور محروم کئے هوے جو

پریسٹ—ای خداوند تیري رحمت ہم پر نازل ہو
جواب—کہ تجھي پر ہمارا بھروسا ہی
ہم دعا مانگین

ای باپ ہم خاکساري سے تیري منت کرتے ہین کہ تو ہماري ناتوانیون پر مہر سے نظر کر اور اپنے نام کي بزرگي کے واسطے اُن سب آفتون کو جنکے ہم بہت ہي سزاوار ہوئے ہین ہم سے ٹال دے اور یہہ عنایت کر کہ ہم اپنے سب دکھون مین اپنا آسرا و بھروسا تیري رحمت ہي پر رکھین اور ہمیشہ تیري عزت اور جلال کے لئے پاک صاف چلن کے ساتھہ تیري بندگي کرتے رہین ہمارے اکیلے درمیاني اور شفیع ہمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے آمین

تب عشاء رباني کي باتین گائي یا پڑھي جاوین ساتھہ اس دعا اور مکتوب اور انجیل کے جو ذیل مین ہی

دعا

ای قادر مطلق خدا تو نے اپني رباني پیشبیني سے اپني کلیسیا مین خادمون کے کئي ایک درجے ٹھہرائے اور اِلہام سے اپنے رسولون کے دلون مین ڈالا کہ عہدۂ ڈیکن پر پہلے شہید مقدس اِستیفان کو کئي اور شخصون کے ساتھہ مقرر کیا اپنے اِن بندون پر جو اب اِس عہدے اور خدمت کے لئے بلائے گئے ہین مہرباني سے نگاہ کر اپني تعلیم کي سچائي سے اسطرح اُنہین مالا مال کر اور نیک چال چلن کي ایسي رونق بخش کہ قول اور فعل سے وے اس عہدے پر وفاداري سے تیري خدمت بجا لاوین کہ جس سے تیرے نام کي بزرگي اور تیري کلیسیا کي تقویت ہووے ہمارے نجات دہندہ یسوع مسیح کے ثواب کے واسطے کہ جو تیرے اور روح قدس کے ساتھہ اب اور ہمیشہ کو زندہ اور سلطنت کرتا ہی آمین

مکتوب ۱ طیمتاؤس ۳ باب ۸ آیت

اسي طرح ڈیکن بھي درستي کے ساتھہ رہین نہ کہ دو زبان یا شرابي یا نا روا نفع کمانیوالے اور ایمان کے بھید کو صاف دل سے پاد کر

هم دعا مانگین

اے خدا رحیم باپ جو شکستہ دلون کي آہ اور غمگینون کي آرزو کو ناچیز نہین جانتا جب کبھي دوکھہ اور مصیبتون مین هم گرفتار هو کر تیرے حضور دعا مانگین تو مہرباني سے هماري مدد کر اور کرم سے هماري سن کہ جو برائیان شیطان یا اِنسان اپنے مکر اور فریب سے هم پر لایا چاهتے هین دفع هو جاوین اور تیري حسن پیشبیني سے دور هو جاوین کہ هم تیرے بندے هر طرح کے ستائے جانے سے بچکر تیري پاک کلیسیا مین همیشہ تیرا شکر بجا لایا کرین همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے

اے خداوند اُٹھہ هماري مدد کر اور اپنے نام کے واسطے همین بچا

اے خدا همنے اپنے کانون سنا اور همارے باپ دادون نے هم سے بیان کیا کہ اُنکے دنون اور اُنکے پیشتر اگلے دنون مین تو نے کیا هي عجیب کام کئے

اے خداوند اُٹھہ هماري مدد کر اور اپني عزت کے واسطے همین بچا

ستایش باپ اور بیٹے اور روح قدس کي هو

جواب — جیسي ابتدا مین تھي اب بھي هے اور همیشہ رهیگي آمین

اے مسیح همارے دشمنون سے همین پناہ دے

هماري مصیبتون پر مہرباني کي نظر کر

دردمندي سے همارے دلون کے غمون پر نگاہ کر

رحم کر کے اپنے لوگون کے گناہ معاف فرما

اپنے رحم اور کرم سے هماري دعائین سن

اے داؤد کے بیٹے هم پر رحم کر

اے مسیح اب اور همیشہ کو توجہ فرما کر هماري سن

اے مسیح کرم سے هماري سن اے خداوند مسیح کرم سے هماري سن

ای مہربان خداوند هم تیري منت کرتے هین که تو هماري سن

ای خدا کے بیٹے هم تیري منت کرتے هین که تو هماري سن

ای خدا کے بیٹے هم تیري منت کرتے هین که تو هماري سن

ای خدا کے برے جو جہان کے گناهون کو اُتھا لے جاتا هی

اپنا آرام همین بخش

ای خدا کے برے جو جہان کے گناهون کو اُتھا لے جاتا هی

هم پر رحم کر

ای مسیح هماري سن

ای مسیح هماري سن

ای خداوند هم پر رحم کر

ای خداوند هم پر رحم کر

ای مسیح هم پر رحم کر

ای مسیح هم پر رحم کر

ای خداوند هم پر رحم کر

ای خداوند هم پر رحم کر

تب پریسٹ اور جماعت اُس کے ساتھه خداوند کي دعا پڑھین

ای همارے باپ جو آسمان پر هی تیرے نام کي تقدس هووے تیري بادشاهت آوے تیري مرضي جیسي آسمان پر هی زمین پر بھي هووے هماري روز کي روتي آج همین دے اور جس طرح که هم اپنے تقصیروارون کو معاف کرتے هین تو هماري تقصیرین معاف کر اور همین اِمتحان مین نه ڈال بلکه برے سے بچا آمین

پریسٹ—ای خداوند همارے گناهون کے مطابق هم سے سلوک نه کر

جواب—اور هماري بدیون کے مطابق همین بدلا نه دے

ای مہربان خداوند ہم تیری منت کرتے ہیں کہ تو ہماری سن۔

اپنی مہربانی سے اُنہیں جو قایم ہیں قوت بخش اور ضعیف دلون کو تسلی دے اور اُنکی مدد کر اور گرے ہوؤں کو اُٹھا لے اور آخر شیطان کو ہمارے پانون تلے کچل ڈال

ای مہربان خداوند ہم تیری منت کرتے ہیں کہ تو ہماری سن

اپنی مہربانی سے اُن سب کی جو خطرہ اور ضرورت و مصیبت مین ہیں یاری و مددگاری کر اور اُنہیں دلاسا دے

ای مہربان خداوند ہم تیری منت کرتے ہیں کہ تو ہماری سن

اپنی مہربانی سے اُن سب کی جو خشکی یا تری کا سفر کرتے ہین سب عورتون کی جنہیں پیڑیں لگیں سب بیمارون اور ننہیں بچون کی حفاظت کر اور سارے قیدی و اسیرون پر اپنی رحمت فرما

ای مہربان خداوند ہم تیری منت کرتے ہیں کہ تو ہماری سن

اپنی مہربانی سے سب یتیم اور بیوہ اور سب بیکسون اور مظلومون کی حمایت کر اور خبر لے

ای مہربان خداوند ہم تیری منت کرتے ہیں کہ تو ہماری سن

اپنی مہربانی سے سب آدمیون پر رحم کر

ای مہربان خداوند ہم تیری منت کرتے ہیں کہ تو ہماری سن

اپنی مہربانی سے ہمارے دشمنون اور ستانیوالون اور تہمت لگانیوالون کو معاف کر اور اُنکے دلون کو پھیر

ای مہربان خداوند ہم تیری منت کرتے ہیں کہ تو ہماری سن

اپنی مہربانی سے زمین کے اچھے حاصلات پیدا کر اور ہمارے فایدے کے لئے اُنکی نگہبانی فرما کہ وقت پر وے ہمارے کام آویں

ای مہربان خداوند ہم تیری منت کرتے ہیں کہ تو ہماری سن

اپنی مہربانی سے سچی توبہ کی توفیق ہمیں دے ہمارے سارے گناہ غفلت و نادانیان معاف کر اور اپنے روح قدس کا فضل ہم پر فرما کہ اپنی چال تیرے پاک کلام کے موافق سودھاریں

ای مہربان خداوند ہم تیري منت کرتے ھیں کہ تو ھماري سن

اپني مہرباني سے اپنے اِن خادموں کو برکت دے جو کہ عہدہ ڈیکن (یا پریسٹ) میں داخل ہونے کو آئے ھیں اور اُن پر اپنا فضل بینہایت نازل کر تا کہ وے اپنے عہدہ کا کام تیري کلیسیا کي تقویت اور تیرے مقدس نام کے جلال کے لیئے لایق اور طور سے بجا لاویں

ای مہربان خداوند ہم تیري منت کرتے ھیں کہ تو ھماري سن

اپني مہرباني سے مشیر وزیروں اور سب امیروں پر فضل کر اور اُنکو دانائي اور سمجھہ بخش

ای مہربان خداوند ہم تیري منت کرتے ھیں کہ تو ھماري سن

اپني مہرباني سے حاکموں کو برکت دے اور اُن کا نگہبان رہ اور اُن پر فضل کر کہ وے اِنصاف کریں اور راستي کو قایم رکھیں

ای مہربان خداوند ہم تیري منت کرتے ھیں کہ تو ھماري سن

اپني مہرباني سے اپنے سب لوگوں کو برکت دے اور محفوظ رکھہ

ای مہربان خداوند ہم تیري منت کرتے ھیں کہ تو ھماري سن

اپني مہرباني سے سب قوموں میں اِتحاد صلح و موافقت بخش

ای مہربان خداوند ہم تیري منت کرتے ھیں کہ تو ھماري سن

اپني مہرباني سے ھمیں ایسا دل دے جو تیري محبت اور دھشت رکھے اور تیرے حکم بجا لانے میں لگا رہے

ای مہربان خداوند ہم تیري منت کرتے ھیں کہ تو ھماري سن

اپني مہرباني سے اپنے سب لوگوں کو زیادہ توفیق بخش کہ وے تیرے کلام کو عاجزي کے ساتھہ سنیں اور خالص محبت سے اُس کو قبول کریں اور روح کے پھل لاویں

ای مہربان خداوند ہم تیري منت کرتے ھیں کہ تو ھماري سن

اپني مہرباني سے اُن سب کو جو بھٹک گئے اور جنہوں نے فریب کھایا راہ حق پر لا

ہمارے ہرایک دوکھہ کے وقت ہمارے ہرایک سکھہ کے وقت موتے دم اور اِنصاف کے دن

ای مہربان خداوند ہمیں بچا

ای خداوند خدا ہم گنہگار تیری منت کرتے ہیں تو ہماری سن اور اپنی مہربانی سے اپنی پاک کلیسیاء جامع کی رہنمائی فرما اور راہ راست پر اُس کا بندوبست کر

ای مہربان خداوند ہم تیری منت کرتے ہیں کہ تو ہماری سن

اپنی مہربانی سے اپنی خادمہ ہماری کریم‌الطبع ملکہ اور حاکمہ وکتوریا کی حفاظت کر اور اُسے طاقت بخش کہ وہ سچائی سے تیری عبادت کیا کرے اور راستی و پاکیزگی کے ساتھہ اپنی زندگانی گذارے

ای مہربان خداوند ہم تیری منت کرتے ہیں کہ تو ہماری سن

اپنی مہربانی سے اُسکے دل کو اپنے دین اور خوف و محبت کی طرف متوجہ رکھہ اور یہہ کہ وہ سدا تجھہ پر بھروسا رکھے اور ہمیشہ تیری عزت و جلال کی طالب رہے

ای مہربان خداوند ہم تیری منت کرتے ہیں کہ تو ہماری سن

اپنی مہربانی سے اُسکا حامی اور حافظ رہ اور اُسکے سب دشمنوں پر اُسے فتح بخش

ای مہربان خداوند ہم تیری منت کرتے ہیں کہ تو ہماری سن

اپنی مہربانی سے البرٹ ایڈوارڈ ویلس کے شاہزادے اور ویلس کی شاہزادی اور تمام بادشاہی خاندان کو برکت بخش اور سلامت رکھہ

ای مہربان خداوند ہم تیری منت کرتے ہیں کہ تو ہماری سن

اپنی مہربانی سے تمام اُسکوف اور پریسبٹر اور ڈیکنوں کو صحیح معرفت اور اپنے کلام کی سمجھہ سے روشنی بخش اور یہہ کہ اُسکے مطابق وے اپنی تعلیم اور چال سے اُسکو بتاویں اور ظاہر کریں

ای مہربان خداوند ہم سے تحمل کر

ہرایک بدی اور آفت سے گناہ سے شیطان کے مکر اور حملون سے اپنے غضب سے اور ہمیشہ کے عذاب سے

ای مہربان خداوند ہمین بچا

دل کے ہرطرح کے اندھلاپے سے گھمنڈ غرور اور ریاکاری سے حسد دشمنی اور کینہ اور ہر نوع کی بدگمانی سے

ای مہربان خداوند ہمین بچا

حرامکاری اور دوسرے ہر طرح کے ہلاک کرنیوالے گناہ سے اور تمام دنیاوی جسمانی اور شیطانی فریبون سے

ای مہربان خداوند ہمین بچا

بجلی اور آندھی سے وبا مری اور کال سے لڑائی اور خون سے اور ناگہانی موت سے

ای مہربان خداوند ہمین بچا

ہرایک فساد پوشیدہ سازش اور بغاوت سے تمام جھوٹھی تلقین و بدعت اور آپس کی پھوٹ سے دل کی سختی اور اپنے کلام اور حکم کے ناچیز سمجھنے سے

ای مہربان خداوند ہمین بچا

اپنے پاک مجسم ہونیکے بھید کے واسطے اپنی پاک پیدایش اور ختنے کے واسطے اپنے بپتسما روزے اور آزمایش کے واسطے

ای مہربان خداوند ہمین بچا

اپنی جانکنی اور لہو کے پسینے کے واسطے اپنی صلیب اور دکھ سہنے کے واسطے اپنی عمدہ موت اور دفن ہونے کے واسطے اپنے شاندار جی اٹھنے اور آسمان پر جانے کے واسطے اور روح قدس کے آنے کے واسطے

ای مہربان خداوند ہمین بچا

اور اگر کوئي کسي کے حق مین جرم یا وجهہ مزاحمت درپیش کرے تو بشپ اس شخص کو جب تک کہ وہ اس جرم سے مبرا نہ تهہرایا جاوے مقرر کرنے سے باز رہے

پهر بشپ ان شخصون کے لئے جو قابل مقرر هونے کے تهہرے جماعت کی دعا طلب کرے اور پهر خدام دین اور جماعت حاضرین کے ساتهہ لیتني مع ان نمازون کے جو ذیل مین هین گاوے یا پڑهے

لیتني اور دوسري دعائین

ای خدا باپ جو آسمان پر هی هم خوار لاچار گنهگارون پر رحم کر

ای خدا باپ جو آسمان پر هم خوار لاچار گنهگارون پر رحم کر

ای خدا بیٹے جهان کے خلاصي بخشنیوالے هم خوار لاچار گنهگارون پر رحم کر

ای خدا بیٹے جهان کے خلاصي بخشنیوالے هم خوار لاچار گنهگارون پر رحم کر

ای خدا روح قدس جو باپ اور بیٹے سے نکلتا هی هم خوار لاچار گنهگارون پر رحم کر

ای خدا روح قدس جو باپ اور بیٹے سے نکلتا هی هم خوار لاچار گنهگارون پر رحم کر

ای قدوس مبارک اور جلیل تثلیث تین اقانیم اور ایک خدا هم خوار لاچار گنهگارون پر رحم کر

ای قدوس مبارک اور جلیل تثلیث تین اقانیم اور ایک خدا هم خوار لاچار گنهگارون پر رحم کر

ای خداوند هماري تقصیرون کو یاد نہ کر اور نہ همارے باپ دادون کي تقصیرون کو اور همارے گناهون کا بدلا نہ لے ای مهربان خداوند هم سے تحمل کر اپنے لوگون سے جنهین تو نے اپنا بیشقیمت لهو دیکر خلاصي بخشي تحمل کر اور ابد تک هم سے خفا نهو

تب قانون کے مقرر وقت پر یا اگر ضرور هو تو کسي دوسرے ایتوار یا تهوار کے روز کلیسیا کے رو برو اسے ذیل کي ترتیب کے موافق عهدہ ڈیکن میں داخل کرے

ڈیکنون کے تقرر کي ترتیب

جب که وہ دن جو بشپ نے مقرر کیا هی آوے تب نماز صبح کے بعد ایک وعظ یا نصیحت ایسي پڑهي جاوے که جس میں عهدہ اور خدمت اُن کے جو ڈیکن هونے کے لئے آئے هیں مبین هو اور یهه که اُس عهدہ کا مسیح کي کلیسیا میں هونا کیسا ضرور هی اور یهه بهي که جماعت کو اُس عهدہ کے سبب اُن کي کیسي قدر و منزلت کرنا چاهئے

پہلے آرچڈیکن یا اُسکا نایب بشپ کے حضور (جو اُسوقت تخت مقدس کے پاس اپني کرسي پر بیٹھا هو) اُن کو جو که ڈیکن هونے کي خواهش رکهتے هون لاوے (هرایک اُن میں سے ساتهه لباس صاف و ستهرے کے ملبس هو) اور یهه باتیں کهے

معزز باپ خدا میں اِن شخصوں کو آپکے حضور لایا هون که عهدہ ڈیکن میں داخل کیئے جاوین

بشپ

خبردار که جو شخص تم همارے سامهنے حاضر کرتے هو علم اور دینداري چال سے لایق اور قابل هون که خدا کي عظمت اور کلیسیا کي تقویت کے لئے خدمت بجا لاوین

آرچڈیکن جواب دے

میں نے اُن سے سوالات کئے اور اُن کا اِمتحان بهي لیا میري دانست میں ایسے هي هیں

پهر بشپ جماعت سے یون کهے

بهائیو اگر تم میں سے کوئي اِن شخصوں کي بابت جو ڈیکن هونے کو حاضر هوئے هیں وجهه مزاحمت یا جرم اِن کا جانتا هو که جسکے سبب سے مناسب نهیں که اُس عهدہ پر مقرر کئے جاوین تو اب بنام خدا سامهنے آوے اور اُس جرم اور وجهه مزاحمت کو ظاهر کرے

اُسقوف یعنے بشپ و قسیس یعنے پریسٹ اور خادم دین یعنے ڈیکنون کے تقرر کی ترتیب

انگلستان اور ایریستان کی متحد کلیسیا کے طریقہ کے مطابق

دیباچہ

جن لوگون نے بیبل اور قدیم کتابون کو کوشش سے پڑھا ہی اُنپر ظاہر ہی کہ رسولون کے ایام سے مسیحی کلیسیا میں پادریون کے تین عہدے ہوتے آئے ہین یعنے بشپ اور پریسٹ اور ڈیکن کے اور یے عہدے سبھون کے نزدیک ایسے عمدہ اور معزز سمجھے جاتے تھے کہ اونمین سے کسی پر قابض ہونا کسی آدمی کا مقدور نہ تھا مگر جب کہ وہ پہلے طلب کیا گیا ہو اور آزمایا گیا اور معلوم ہوا ہو کہ اُس مین اُس عہدے کے لئے اوصاف موجود ہین اور جب کہ اُن سے جن کو اس کام پر شرع کے موافق اختیار ہی وہ برملا دعاؤن اور ہاتھہ رکھے جانے سے اس عہدے پر مقرر کیا گیا ہو غرض اس منشے سے کہ یے عہدے انگلستان اور ایریستان کی متحد کلیسیا مین جاری رہین اور عمل مین آوین اور اُنکی قدر و منزلت برقرار رہے (حکم ہی) کہ کوئی آدمی کلیسیا مذکورہ مین بشپ یا پریسٹ یا ڈیکن نہ گنا جاوے اور اُن عہدون کا کچھہ کام نکرنے پاوے مگر جب کہ وہ پہلے ذیل کی کتاب کے موافق طلب کیا اور آزمایا گیا اور مقرر کیا گیا ہو یا کہ قبل اسکے کسی بشپ سے اُسنے تقدس یا تقرر پایا ہو

اور جسکی عمر تئیس برس سے کم ہو سو ڈیکن کا عہدہ نہ پاوے مگر بشرطیکہ اُسکے پاس کوئی سند ہو اور پریسٹ ہونے کے لئے پورے چوبیس کی عمر کا ہونا ضرور ہی اور بشپ ہونے کے لئے پوری تیس برس کی عمر مطلوب ہی

پھر جب کہ بشپ نے خواہ خود یا اورون کی کافی گواہی سے معلوم کر لیا ہو کہ فلانہ شخص نیک چال اور بیجرم ہی اور اُسے آزماکے دیکھہ لیا ہو کہ لاتنی زبان مین دخل رکھتا ہی اور بیبل کی باتون مین خوب تعلیم پائی ہی

۵ مقدس لوگ جلال پر فخر کریں اپنے بستروں پر پڑے ہوے بلند
آواز سے گایا کریں
۶ خدا کي بڑائي اُنکي زبان پر اور دو دھاري تلوار اُنکے ہاتھوں میں
۷ کہ غیر قوموں سے انتقام لیویں اُمتوں کو سزا دیویں
۸ کہ اُنکے بادشاہوں کو زنجیروں سے اور اُنکے امیروں کو لوہے کي بڑیان
ڈال کے جکڑیں
۹ کہ فتوی جو دفتر میں داخل ہوا ہی اُن پر جاري کریں یہہ
عزت اُسکے سارے مقدسوں کي ہی ہلیلویاہ

۱۵۰ زبور

۱ **ہلیلویاہ** اُسکي مقدس میں خدا کي حمد کرو اُسکي قدرت
کي فضا میں اُسکي حمد کرو
۲ اُسکے زبردست کاموں کے سبب اُسکي حمد کرو اُسکي بزرگي کي
کثرت کے مطابق اُسکي حمد کرو
۳ ترہي پھونکتے ہوے اُسکي حمد کرو بین اور بربط چھیڑتے ہوے اُسکي
حمد کرو
۴ طبلہ بجاتے ہوے اور ناچتے ہوے اُسکي حمد کرو تاروالے سازوں کو اور
بانسلیوں کو بجاتے ہوے اُسکي حمد کرو
۵ بڑي آواز کي جھانجھہ بجا کے اُسکي حمد کرو خوش آواز جھانجھہ
بجا بجا کے اُسکي حمد کرو
۶ ہرایک چیز جو سانس لیتي ہی خداوند کي حمد کرے ہلیلویاہ

۴ اى آسمانون كے آسمانو اور اى پانيو جو آسمان كے اُوپر هو اُسكي
حمد كرو
۵ وے خداوند كے نام كي حمد كرين كہ اُسنے حكم ديا اور وے موجود
هو گئے
۶ اور اُنكو ابد تك پايداري بخشي اُسنے حد لگا دي جسكے وے پار
نهين جاتے
۷ اى تنينو اور اى سب گهراپو زمين پر سے اُسكي حمد كرو
۸ آگ اور اولے برف اور بخار اور زور كي اندهي جو اُسكے حكم كو
بجا لاتے هين
۹ پهاڑ اور سارے ٹيلو ميوه دار درخت اور سارے صنوبر
۱۰ درندے اور سارے چرندے كيڑے مكوڑے اور پرندے
۱۱ زمين كے بادشاهو اور ساري قومو امرا اور زمين كے سارے منصفو
۱۲ جوانو و كنواريون بهي اور بوڑهو لڑكون سميت
۱۳ وے خداوند كے نام كي حمد كرين كہ اُس كا نام اكيلا عاليشان هى
اُسي كا جلال زمين اور آسمان كے اُوپر هى
۱۴ اور وهي اپنے لوگ كا سينگ بلند كرتا هى اپنے سارے مقدس
لوگ كي بني اسرائيل كي اُس اُمت كي جو اُسكے نزديك هى شوكت
هليلوياه

۱۴۹ زبور

۱ **هليلوياه** خداوند كا ايك نيا گيت گاؤ اُسكي مدح مقدسون
كي جماعت مين
۲ اِسرائيل اپنے بنانيوالے مين شادمان هوے بني صيهون اپنے بادشاه
مين خوشي مناوين
۳ وے اُسكے نام كي حمد كرتے هوے ناچين طبلہ اور بربط بجاتے اُسكي
مدح سرائي كرين
۴ كيونكہ خداوند كو اپنے لوگ سے خوشي هوتي هى وه حليمون كو
نجات سے زينت بخشتا هى

۱۰ اُسکي خوشي گھوڑے کے زور سے نہیں نہ اُسکي خورمي مرد کي پنڈلیون سے

۱۱ خداوند کو اُن سے خوشي هی جو اُس سے ڈرتے هین جو اُسکي رحمت کے اُمیدوار هین

۱۲ ای یروشلم خداوند کي تعریف کر ای صیهون اپنے خدا کي ستایش کر

۱۳ کیونکه اُسنے تیرے دروازون کے بیونڈون کو مضبوطي بخش اور تجهه مین تیرے بچون کو برکت دي

۱۴ وہ تیري سرحدون مین امن بخشتا وہ تجهے ستهرے سے ستهرے گیهون سے اسودہ کرتا هی

۱۵ وہ اپنا حکم زمین پر بهیجتا هی اُس کا کلام نهایت تیزرو هی

۱۶ وہ برف اُون کي مانند دیتا هی پالا راکهه کي مانند بکهیرتا هی

۱۷ وہ اپنے یخ کو لقمون کي مانند پهینکتا هی اُسکي ٹهنڈ کي بردشت کون کر سکتا هی

۱۸ وہ اپنا پیام بهیجتا هی اور انهیں گلا دیتا هی وہ اپني هوا چلاتا هی پاني بهه جاتا هی

۱۹ وہ اپنا کلام یعقوب پر اپنے احکام اور اپني عدالتین اسرائل پر ظاهر کرتا هی

۲۰ اُسنے کسي قوم سے ایسا کچهه نهین کیا اور وے عدالتین نهین جانتے هین هلیلویاہ

۱۴۸ زبور

۱ **هلیلویاہ** آسمانون پر سے خداوند کي حمد کرو بلندیون پر اُسکي حمد کرو

۲ ای اُسکے سب فرشتو اُسکي حمد کرو ای اُسکے سب لشکرو اُسکي حمد کرو

۳ ای سورج اور چاند اُسکي حمد کرو ای چمکنیوالے ستارو تم سب اُسکي حمد کرو

۵ مبارک وہ جسکا مددگار یعقوب کا خدا هی جسکا بهروسا خداوند
اپنے خدا پر هی
۶ جسنے آسمان اور زمین سمندر اور جو کچهہ اُن میں هی بنایا وہ
سچائي کي پاسداري نت کرتا هی
۷ وہ مظلومون کا اِنصاف کرتا هی وہ بهوکهون کو روٹي دیتا خداوند
اسیرون کو چهڑاتا هی
۸ خداوند اندهون کي آنکهیں کهول دیتا هی خداوند اُنهیں جو نهڑ
گئے هیں سیدها کهڑا کرتا هی خداوند صادقون کو عزیز رکهتا هی
۹ خداوند پردیسیون کي نگهباني کرتا هی وہ یتیمون اور بیون کو
سمبهالتا هی لیکن شریرون کي راہ کو تیرهي میڑهي کرتا هی
۱۰ خداوند ابد تک بادشاهت کریگا تیرا خدا ای صیهون پشت
در پشت هلیلویاہ

۳۰ روز شام کي نماز

۱۴۷ زبور

۱ **خداوند** کي حمد کرو کہ همارے خدا کي مدح سرائي کرنا
بهلا کام هی کیونکہ یہہ سہاتا هی حمد کرنا سجتا هی
۲ خداوند یروشلم کو تعمیر کرتا هی وہ اسرائیلي بچهڑے هوون کو
جمع کرتا هی
۳ وہ شکستہ دلون کا الاج کرتا هی اور اُنکے زخمون کو باندهتا هی
۴ وہ ستارون کا شمار بتاتا هی وہ اُن سب کو نام لے لے پکارتا هی
۵ همارا خداوند بزرگ هی اور بڑا قادر اُس کا فهم بیان سے باهر هی
۶ خداوند غریبون کو سمبهالتا وہ شریرون کو زمین پر پٹک
دیتا هی
۷ خداوند کي حمد دهراو بربط بجا کے همارے خدا کي مدح سرائي کرو
۸ جو آسمان پر بادلون کا پردہ ڈالتا هی جو زمین کے لئے منیہہ تیار
کرتا جو پهاڑون پر گهاس اُگاتا هی
۹ جو حیوانون کو کووُن کے بچون کو کہ چلاتے هیں روزي پہنچاتا هی

۱۲ تا کہ اُسکے زبردست کامون کو اور اُسکي سلطنت کي جليل
شوکت کو بني آدم پر ظاهر کرين
۱۳ تيري سلطنت ابدي سلطنت هی اور تيري حکومت پشت
در پشت
۱۴ خداوند اُن سب کو جو گرتے هين تهامتا هی اور اُن سب کو جو
نهڑ گئے هين اُٹها کهڑا کرتا هی
۱۵ سب کي آنکهين تجهہ پر لگي هين اور تو اُنهين وقت پر روزي
ديتا هی
۱۶ تو اپني مٹهي کهولتا هی اور هر ايک جاندار کا پيٹ بهرتا هی
۱۷ خداوند اپني ساري راهون مين صادق هی اور اپنے سب کامون
مين مهربان
۱۸ خداوند اُن سب کے جو اُسکو پکارتے هين نزديک هی اُن سب کے
جو سچائي سے اُسکو پکارتے هين
۱۹ وہ اُن کي مراد جو اُس سے ڈرتے هين پوري کريگا اور اُنکي فرياد
سنيگا اور اُنهين بچائيگا
۲۰ خداوند سب کا جو اُس سے محبت رکهتے هين حافظ هی اور
سارے شريرون کو هلاک کريگا
۲۱ ميرا منهہ خداوند کي ستايش بيان کريگا اور هرايک بشر ابدالاباد
اُسکے مقدس نام کو مبارک کها کرے

۱۴۶ زبور

۱ هليلوياہ اي ميري جان خداوند کي حمد کر
۲ مين جب تک جيتا رهونگا خداوند کي حمد کرونگا مين جب
تک موجود هون اپنے خدا کي مدح سرائي کرونگا
۳ اميرون پر بني آدم پر بهروسا مت رکهو کہ اُن مين نجات کي
طاقت نهين
۴ اُس کا دم نکل جاتا وہ اپني ماٹي مين پهر جاتا هی اُسي دن اُسکے
منصوبے فنا هو جاتے هين

۱۳ تا کہ همارے مخزن مالا مال هووين جن مين سے هر قسم کي چيز
ميسر هو هماري بهيڙين هزارون لاکهون همارے گلون مين جنين
۱۴ همارے بيل لدے هوے هون کچهہ نقصان اور خوروج اور همارے
بازارون مين کسي طرح کي نالش نهو
۱۵ مبارک وہ لوگ جس کا يہہ رنگ هو مبارک وہ لوگ جس
کا خدا خداوند هي

۱۴۵ زبور

۱ اي خدا ميرے بادشاہ مين تيري بڙائي کرونگا اور ابدالاباد تيرے
نام کو مبارک کهونگا
۲ مين هر روز تجهے مبارک کهونگا اور ابدالاباد تيرے نام کي ستايش
کرونگا
۳ خداوند بزرگ هي اور وہ نهايت ستايش کے لايق هي اور اُسکي
بزرگي دريافت سے باهر هي
۴ هرايک پشت دوسري پشت سے تيرے کامون کي تعريف کريگي اور
تيرے زبردست کامون کا بيان کريگي
۵ مين تيري جناب کي جليل عزت پر اور تيرے عجايب کامون پر
دهيان کرونگا
۶ اور لوگ تيرے هولناک کامون کي قدرت کا چرچا کرينگے اور مين
تيري بزرگي کا بيان کرونگا
۷ وے تيري بڙي خوبي کا بهت سا ذکر کرينگے اور تيري صداقت کے
گيت گاينگے
۸ خداوند کريم و رحيم هي غصہ کرنے مين دهيما اور نهايت مهربان
۹ خداوند سب کے لئے بهلا هي اور اُسکي رحمتين اُس کے سارے
کامون پر هين
۱۰ اي خداوند تيرے سارے کامون سے تيري مدح سرائي هوتي هي اور
تيرے مقدس لوگ تجهے مبارک کهتے هين
۱۱ وے تيري سلطنت کے جلال کو بيان کرتے اور تيري قدرت کا چرچا
کرتے هين

۳۰ روز فجر کي نماز

۱۴۴ زبور

۱ **مبارک** هی خداوند میري چٹان وہ میرے هاتهون کو جنگ
کرنا میري انگلیون کو لڑنا سکهلاتا هی
۲ میرا مهرباني کرنیوالا اور میرا گڑهہ میرا اُنچا برج اور میرا رهائي
دینیوالا میري سپر اور اُس پر میرا بهوسا هی وہ میرے تلے میرے لوگ
کو مغلوب کرتا هی
۳ ای خداوند انسان هی کیا کہ تو اُسے پہچانے ابن آدم کون هی کہ تو
اُسکا خیال کرے
۴ انسان تو بطلان کي مانند هی اُسکے دن ایک گذرتے هوے سایہ
کي مانند
۵ ای خداوند اپنے آسمانون کو جهکا اور اُتر آ پہاڑون کو چهو تو
اُن سے دهوان اُٹهیگا
۶ بجلي گرا اور اُنهین تتر بتر کر اپنے تیر چلا اور اُنهین گهبرا دے
۷ اُپر سے اپنا هاتهہ پهیلا مجهے خلاصي دے اور بہت پانیون سے اجنبي
اولاد کے هاتهہ سے مجهے چهڑا لے
۸ جن کے منهہ سے واهي باتین نکلتي هین اور اُن کا دهنا هاتهہ جهوٹهہ
کا دهنا هاتهہ هی
۹ ای خدا مین تیرے لئے ایک نیا گیت گاؤنگا دس تار کي بین بجا
کے تیري مدح سرائي کرونگا
۱۰ جو شاهون کو نجات بخشتا جو اپنے بندے داؤد کو بري تیغ سے
بچاتا هی
۱۱ مجهہ کو اجنبي اولاد کے هاتهہ سے خلاصي دے اور چهڑا لے جنکے
منهہ سے واهي کلام نکلتا هی اور جن کا دهنا هاتهہ جهوٹهہ کا دهنا
هاتهہ هی
۱۲ تا کہ همارے بیٹے پودهون کي مانند اپني جواني مین زور سے
بڑهین هماري بیٹیان زاویہ کي سي خوش تراش صورتین محل کے نقشے
پر هووین

۱۴۳ زبور

۱ ای خداوند میري دعا سن میري منتون پر کان رکهه اپني
وفائي سے اپني صداقت سے میرا جواب دے
۲ اور اپنے بندے کو عدالت مین نه لا کیونکه کوئي انسان جاندار
تیرے حضور راست باز ٹهہر نہین سکتا
۳ که دشمن میري جان کے پیچهے پڑا هی اُسنے میري زندگي کو خاک
پر پامال کیا اُسنے مجهکو اُنکي مانند جو مدت سے مرگئے هین تاریکي
مین بسایا هی
۴ اور میرا جي مجهه مین اُداس هو گیا هی میرا دل میرے بیچ مین
اُجڑ گیا هی
۵ مین اگلے دنون کو یاد کرتا هون تیرے سارے کامون کو سوچتا هون
مین تیري دستکاري پر غور کرتا هون
۶ مین اپنے هاتهه تیري طرف پهیلاتا هون میري روح خوشک زمین
کي مانند تیري پیاسي هی
۷ ای خداوند جلد میري سن میري روح بے خود هو گئي هی مجهه
سے منهه نه موڑ نہین تو مین اُنکي مانند هو جاونگا جو گڑهے مین
گرتے هین
۸ صبح کو اپني مهر کي آواز مجهے سنا که تجهه پر میرا بهروسا هی وه
راه جس پر مجهه کو چلنا هی مجهکو بتا کیونکه مین اپني روح کو تیري
طرف اُٹهتا هون
۹ ای خداوند مجهه کو میرے دشمنون سے چهڑا لے مین تیرے پاس
پناه لیتا هون
۱۰ مجهے اپني مرضي پر چلنا سکهلا کیونکه توهي میرا خدا هی تیري
اچهي روح چورس سرزمین مین مجهے لے چلے
۱۱ ای خداوند تو اپنے نام کے واسطے مجهے جلائیگا تو اپني صداقت
مین میري جان مصیبت سے چهڑائیگا
۱۲ اور اپني رحمت سے تو میرے دشمنون کو فنا کریگا اور اُن سب
کو جو میرے جي کو دکهه دیتے هین نابود کریگا کیونکه مین تیرا بنده هون

۶ اُنکے حاکم چٹان کي اطراف مین گرائے گئے اور اُنہون نے میري باتین
سنین کہ وے میٹھي تھین
۷ جس طرح کہ کوئي زمین کو چاستا اور چیر دیتا هی اُسی طرح
هماري هڈیان قبر کے منھہ پر بکھر گئین
۸ لیکن اي یہواہ خداوند میري آنکھین تیري طرف هین میرا توکل
تجھہ پر هی میري جان کو هلاک هونے ندے
۹ مجھہ کو اُس پھندے سے بچا جو اُنہون نے میرے لئے بچھایا اور
بدکارون کے جالون سے
۱۰ جب تک کہ مین پار هو جاؤن شریر اپنے هي دامون مین ایک
ساتھہ پھنس جائین

۲۹ روز شام کي نماز

۱۴۲ زبور

۱ **مین** خداوند کے آگے اپني آواز سے چلاتا هون اپني آواز سے
خداوند کے آگے منت کرتا هون
۲ مین اپني فریاد اُسکے حضور کھول کھول کے کرتا هون اپنا دکھہ اُسکے
حضور بیان کرتا هون
۳ جس وقت میرا جي اُداس هی تو میرے راستے سے واقف هی جس
راہ مین کہ مجھہ کو چلنا هی اُنہون نے چھپ کے میرے لئے پھندا
لگایا هی
۴ دھنے هاتھہ نگاہ کر اور دیکھہ کہ کوئي نہین جو مجھے پہچانتا هو
مجھے کہین پناہ نہ رهي کسي کو میري جان کي فکر نہین
۵ اي خداوند مین تیرے آگے چلایا مین نے کہا تو هي میري پناہ میرا
بخراہ زندگي کي سر زمین مین
۶ میرے نالے پر توجھہ فرما کیونکہ مین بہت پست هو گیا هون میرے
ستانیوالون سے مجھے چھڑا لے کہ وے مجھہ سے زوراور هین
۷ میري روح کو قید سے نکال تا کہ تیرے نام کي ستایش هووے صادق
میرے آس پاس جمع هو جائینگے جب تو مجھہ پر مہرباني فرماویگا

۷ ای یہواہ خداوند میري نجات کے زور جنگ کے دن تو نے میرے
سر پر سایہ کیا
۸ ای خداوند شریر کي خواهشون کو منظور مت کر اُسکا ارادہ پورا
هونے ندے نہیں تو وے سر اُٹھاوینگے
۹ جنہون نے مجھے چارون طرف سے گھیر لیا هی اُنکے هونٹھون کي برائي
اُنہیں کے سر ڈھانپیگي
۱۰ اُن پر انگارے ڈالے جائینگے وہ اُنہیں آگ میں جھونکیگا اور گہراؤن
میں کہ وے پھر نہ اُٹھہ سکینگے
۱۱ بد زبان انسان زمین پر قایم نہ رهیگا ظالم انسان برائي کا شکار
هوکے هلاک هوجائیگا
۱۲ مجھہ کو یقین هی کہ خداوند غریبون کا مقدمہ لڑیگا محتاجون
کا حق پہنچائیگا
۱۳ في الحقیقت صادق لوگ تیرے نام کي حمد کرینگے وے جو راست
هیں تیرے حضور میں بسینگے

۱۴۱ زبور

۱ ای خداوند میں تجھے پکارتا هون میري طرف جلد آ جب
میں تجھے پکارون میري آواز پر کان دھر
۲ میري دعا تیرے حضور بخور کي طرح سدا منظور رهے میرے هاتھون
کا اُٹھانا شام کي قرباني کي مانند
۳ ای خداوند میرے منہہ پر نگہبان بٹھلا میرے هونٹھون کے دروازون
کي درباني کر
۴ میرے دل کو کسي بري بات کي طرف مایل هونے ندے کہ وہ
بدکارون میں شامل هوکے بدکاري کرے اور مجھے اُنکے مزادار کھانون میں
سے کچھہ کھانے ندے
۵ صادق مہرباني سے مجھہ کو مارے اور مجھے تنبیہ دے میرا سیر سیر
کے تیل کا انکار نہ کرے کہ پھر بھي اُنکي مصیبتون کے وقت میں
دعا مانگونگا

۱۸ مین اُنهین کیا گنون وے تو شمار مین ریت سے زیادہ هین مین
جاگ جاتا اور پهر بهي تیرے ساتهه هون
۱۹ ای خداوند تو یقینا شریرون کو قتل کریگا پس ای خونیو میرے پاس
سے دور هو جاؤ
۲۰ وے تو شرارت کے لئے تیرا ذکر کرتے هین تیرے دشمن تیرا نام
بیجا لیتے هین
۲۱ کیا تیرے کینه رکهنیوالون سے ای خداوند مین کینه نه رکهون اور
جو تیري مخالفت مین اُتهتے هین اُن سے مین نفرت نه کرون
۲۲ مین شدت سے اُن کا کینه رکهتا هون وے میرے نزدیک
دشمن هین
۲۳ ای خدا مجهے جانچ اور میرے دل کو جان مجهے آزما اور میرے
اندیشون کو جان
۲۴ اور دیکهه که مجهه مین کسي طرح کي خرابي کي راه هی اور
مجهه کو ابدي راه مین چلا

۱۴۰ زبور

۱ ای خداوند برے آدمي سے مجهکو چهڑا ظالم انسان سے مجهے
بچا رکهه
۲ جو دل مین برائي کا منصوبه باندهتے هین وے هر روز لڑائیون پر
جمع هوتے هین
۳ سانپون کي مانند اُنهون نے اپني زبان تیز کي هی اُنکے هونتهون
مین افعي کا زهر هی
۴ ای خداوند شریر کے هاتهه سے مجهے محفوظ رکهه ظالم انسان سے
مجهے بچا جنهون نے منصوبه باندها هی که میري راهون مین مجهه
کو پامال کرین
۵ مغرورون نے چهپ کے میرے لئے پهندا اور رسیان تیار کي هین اُنهون
نے راه گذر مین جال بچهایا هی اُنهون نے میرے لئے دام لگائے هین
۶ مین نے خداوند سے کها تو میرا خدا هی ای خداوند میري مناجات
کي آواز سن

۴ که دیکهه میري زبان پر کوئي ایسي بات نهین که جسے تو ای
خداوند بالکل نهین جانتا هی
۵ تو آگے پیچھے میرا گهیرنیوالا هی اور تو نے اپنا هاتهه مجهه پر
رکها هی
۶ ایسا علم میرے لئے نهایت عجیب هی یهه بلند هی مین اُسے نهین
پهنچ سکتا
۷ تیري روح سے مین کدهر جاؤن اور تیري حضوري سے مین
کهان بهاگون
۸ اگر آسمان کے اُپر چڑهه جاؤن تو تو وهان هی اگر پاتال مین اپنا
بستر بچهاؤن تو دیکهه تو وهان بهي هی
۹ اگر صبح کے پنکهه لے کے مین سمندر کي انتها مین جابیٹهون
۱۰ تو وهان بهي تیرا هاتهه مجهے لے چلیگا اور تیرا دهنا هاتهه
مجهے سنبهالیگا
۱۱ اگر مین کهون که اندهیري بیشک مجهے ڈهانپیگي تو رات میرے
گرد روشني هو جائیگي
۱۲ یقینا تاریکي تیرے سامهنے تاریک نهین کر سکتي پر رات دن کي
مانند روشن هی تاریکي اور روشني دونون ایک سان هین
۱۳ که تو نے میرے گردون کو بنا رکها هی میري مان کے پیٹ مین
تو نے حفاظت سے مجهے ڈهانپ لیا
۱۴ مین تیري ستایش کرتا رهونگا اس لئے که مین مهیب و عجیب
طرح بناهون تیرے کام عجیب هین اسکا میرے جي کو بڑا یقین هی
۱۵ جب که مین پردے مین بنایا جاتا زمین کے اسفل مین بنا جاتا تها
تو میري صورت تجهه سے چهپي نه تهي
۱۶ تیري آنکهون نے میرے بے ترتیب مادہ کو دیکها اور تیرے دفتر
مین سب ایام جو هونیوالے تهے لکهے هوے تهے جب هنوز اُن مین سے
کوئي موجود نه تها
۱۷ اور مجهه کو کیا هي بیشقیمت هین تیرے خیال ای باري تعالی اُنکي
جمع کیا هي بهت هی

۹ مبارک وہ جو تیرے لڑکون کو پکڑکے پتھرون پر پٹک دیوے

۱۳۸ زبور

۱ مین اپنے سارے دل سے تیري ستایش کرونگا معبودون کے آگے
مین تیري مدح سرائي کرونگا
۲ مین تیري مقدس هیکل کي طرف سجدہ کرونگا اور تیرے نام کي
ستایش کرونگا تیري رحمت کے سبب اور تیري سچائي کے سبب کہ تو
نے اپنے قول کو اپنے سارے نام کے اُپر بڑھایا هی
۳ جس دن مین نے پکارا تو نے میري سني تو نے میري روح کو حکمت
دے کے قوي کیا
۴ ای خداوند زمین کے سب بادشاہ تیرے منہہ کے کلام سنکے تیري
ستایش کرینگے
۵ اور خداوند کي راهون مین گائینگے کہ خداوند کا جلال بڑا هی
۶ کہ خداوند بلند هی اور پستون پر توجہ کرتا هی پر مغرورون کو
دور سے جانتا هی
۷ هرچند مین دکھہ کے عالم مین چلتا پھرتا هون پر تو مجھے جلاویگا
تو میرے دشمنون کے قہر پر اپنا هاتھہ بڑھائیگا اور اپنے دهنے هاتھہ سے
مجھے بچائیگا
۸ خداوند میرے لئے سب کچھہ کریگا ای خداوند تیري رحمت
ابد تک هی اپنے هاتھون کے کامون کو ترک مت کر

۲۹ روز فجر کي نماز

۱۳۹ زبور

۱ ای خداوند تو نے مجھے جانچا هی اور تو جانتا هی
۲ تو میرا بیٹھنا اور میرا اُٹھنا جانتا هی تو میرے خیال کو دور سے
دریافت کرتا هی
۳ تو میري روش اور میرے بستر کو چھان لیتا هی اور میري ساري
راهون سے واقفیت رکھتا هی

۲۰ اور بسن کے بادشاہ اوج کو کہ اُسکي رحمت ابد تک هی
۲۱ اور اُنکي سر زمین کو میراث کر دیا کہ اُسکي رحمت ابد تک هی
۲۲ اپنے بندہ اسرائیل كي میراث کہ اُسکي رحمت ابد تک هی
۲۳ اُسکا جسنے هم کو هماري پستي كي حالت مین یاد فرمایا کہ اُسکي رحمت ابد تک هی
۲۴ اور هم کو همارے دشمنون سے چھڑا لیا کہ اُسکي رحمت ابد تک
۲۵ اُسکا جو هر جاندار کو روزي دیتا هی کہ اُسکي رحمت ابد تک هی
۲۶ آسمان کے خدا کي شکر گذاري کرو کہ اُسکي رحمت ابد تک هی

۱۳۷ زبور

۱ **بابول** کي نهرون پر وهان هم بیٹھے اور صیهون کو یاد کرکے روئے
۲ هم نے اپني بربطین بید کے درختون مین جو اُسکے بیچ مین تھے ٹانگ دین
۳ کہ وهان همارے قید کرنیوالون نے چاها کہ هم گیت گاوین اور همارے لوٹنیوالون نے کہ هم خوشي مناوین یهہ کهکے کہ صیهون کے گیتون مین سے همارے لئے ایک گیت گاؤ
۴ اجنبي زمین مین هم کیونکر خداوند کا گیت گاوین
۵ ای یروشلم اگر مین تجھہ کو بھول جاؤن تو میرا دهنا هاتھہ اپني حکمت بھولے
۶ اگر مین تجھہ کو یاد نہ رکھون اگر مین یروشلم کو اپني اول خوشي سے زیادہ تر عزیز نجانون تو میري زبان تالو سے لگ جاوے
۷ ای خداوند یروشلم کے دن کو بني اُدوم کي بابت یاد رکھہ کہ اُنهون نے کہا ڈھا دیو بیخ وبن سے اسکو ڈھا دیو
۸ ای بابول کي بیٹي برباد کي هوئي کیا هي مبارک وہ جو تجھہ سے اُس سلوک کا جو تو نے هم سے کیا انتقام لیوے

۲۸ روز شام کي نماز

۱۳۶ زبور

۱ **خداوند** کا شکر کرو کہ وہ بھلا ھی کہ اُسکي رحمت ابد تک
۲ اُسکا جو الا ھون کا خدا ھی شکر کرو کہ اُسکي رحمت ابد تک ھی
۳ اُسکا جو خداوندون کا خداوند ھی شکر کرو کہ اُسکي رحمت ابد تک
۴ اُسکا جو اکیلا بڑے عجایب کام کرتا ھی کہ اُسکي رحمت ابد تک
۵ اُسکا جسنے حکمت سے آسمان بنائے کہ اُسکي رحمت ابد تک ھی
۶ اُسکا جسنے زمین کو پانیون پر پھیلایا کہ اُسکي رحمت ابد تک ھی
۷ اُسکا جسنے بڑے بڑے نیر بنائے کہ اُسکي رحمت ابد تک ھی
۸ آفتاب کہ جس کا عمل دن کو ھی کہ اُسکي رحمت ابد تک ھی
۹ ماھتاب اور ستارے جنکا عمل رات کو ھی کہ اُسکي رحمت ابد تک
۱۰ اُسکا جسنے مصر کو اُسکے پہلوٹھون سمیت مارا کہ اُسکي رحمت
ابد تک ھی
۱۱ اور اسرائیلیون کو اُنکے درمیان سے نکال لایا کہ اُسکي رحمت
ابد تک ھی
۱۲ قوي ھاتھہ سے اور بڑھائے ھوئے بازو سے کہ اُسکي رحمت
ابد تک ھی
۱۳ اُسکا جسنے دریاے قلزم دو حصہ کیا کہ اُسکي رحمت ابد تک ھی
۱۴ اور اسرائیلیون کو اُسکے درمیان سے پار لے گیا کہ اُسکي رحمت
ابد تک ھی
۱۵ اور فرعون کو اُسکے لشکر سمیت دریاے قلزم میں جھاڑ ڈالا
کہ اُسکي رحمت ابد تک ھی
۱۶ اُسکا جو بیابان میں اپنے لوگ کا رھنما ھوا کہ اُسکي رحمت
ابد تک ھی
۱۷ اُسکا جسنے بڑے بڑے بادشاھون کو قتل کیا کہ اُسکي رحمت
ابد تک ھی
۱۸ اور قوي سلاطین کو جان سے مارا کہ اُسکي رحمت ابد تک ھی
۱۹ اموریون کے بادشاہ سیحون کو کہ اُسکي رحمت ابد تک ھی

۶ جو کچھہ کہ خداوند نے چاہا اُسنے آسمان اور زمین اور دریاون اور
سارے گہروں مین کیا
۷ بخارات زمین کي اطراف سے وهي اُٹھاتا هی مینه کے لئے بجلي بناتا
هی هوا کو اپنے مخزنون سے نکال لاتا هی
۸ اُسنے مصر کے پہلوٹھے مارے کیا انسان کے کیا حیوان کے
۹ اُسنے نشانیان و عجایبات ای مصر تجھہ مین فرعون اور اُسکے سارے
خادمون پر بهیجي
۱۰ اُسنے بہت قومون کو مارا اور زبردست بادشاهون کو قتل کیا
۱۱ اموریون کے بادشاہ صیحون کو اور بسن کے بادشاہ اوج کو اور
کنعان کي تمام سلطنتون کو
۱۲ اور اُنکي زمین میراث مین اپنے لوگ اسرائیل کو میراث
مین دي
۱۳ ای خداوند تیرا نام ابد تک هی ای خداوند تیرا ذکر پشت
درپشت باقي رهیگا
۱۴ کہ خداوند اپنے لوگ کا انصاف کریگا اور اپنے بندون کے
لئے پچتائیگا
۱۵ غیر قومون کے بت سونا اور روپا آدمیون کي دست کاریان هین
۱۶ وے زبان رکھتي هین پر بولتے نہین آنکھین رکھتے پر دیکھتے نہین
۱۷ وے کان رکھتے هین پر سنتے نہین وے تو منہہ سے سانس بهي
نہین لیتے
۱۸ وے جو اُنکے بنانیوالے هین سب جنہین اُنکا بهروسا هی اُنہین
کی مانند هین
۱۹ ای اسرائیل کے گهرانے خداوند کو مبارک کہو ای هارون کے گهرانے
خداوند کو مبارک کہو
۲۰ ای لاوي کے گهرانے خداوند کو مبارک کہو ای تم جو خداوند سے
ڈرتے هو خداوند کو مبارک کہو
۲۱ صیہون میں سے خداوند مبارک جو یروشلم مین رهتا
هی هلیلویاه

۱۸ مین اُسکے دشمنون کو شرمندگي کا جامه پهناوُنگا ليکن اُسکے اُپر
اُس کا تاج دهدهاويگا

۱۳۳ زبور

۱ **ديکهو** کيا خوب اور کيا سهاني بات هی که بهائي ملے
جلے رهين
۲ يهه اُس مهنگ مولے عطر کي مانند هی جو سر پر ڈالا جاوے اور
بهه کے داڑهي پر هارون کي داڑهي پر هوکے اُسکے پيرهن کے گريبان
تک پهنچا
۳ هرمون کي اوس کي مانند هی وه اوس جو صيهون کے پهاڑون پر
گرتي هیکه وهان خداوند نے برکت کا هميشه کي زندگي کا حکم فرمايا

۱۳۴ زبور

۱ **ديکهو** ای خداوند کے سب بندو جو رات کو خداوند کے گهر
مين کهڑے رهتے هو خداوند کو مبارک کهو
۲ مقدس کي طرف اپنے هاتهه اُٹهاوُ اور خداوند کو مبارک کهو
۳ خداوند آسمان اور زمين کا خالق تجهے صيهون مين سے برکت بخشے

۱۳۵ زبور

۱ **هليلوياه** خداوند کے نام کي حمد کرو ای خداوند کے بندو
اُسکي حمد کرو
۲ تم جو خداوند کے گهر مين همارے خدا کے گهر کي بارگاهون
مين کهڑے رهتے هو
۳ هليلوياه کيونکه خداوند بهلا هی اُسکے نام کي مدح سرائي کرو
که يهه سهنا هی
۴ که خداوند نے يعقوب کو اپنے لئے اسرائيل کو اپنے خاص خزانے هونے
کے لئے چن ليا
۵ که مجهه کو يقين هی که خداوند بزرگ هی اور همارا رب سارے
معبودون سے بڑا هی

۴ يقينا مين اپني آنکهون مين نيند کو اور اپني پلکون مين انگهائي
کو آني نه دونگا
۵ جب تک که خداوند کے لئے ايک مقام يعقوب کے قادر کے لئے
ايک مسکن نه پاؤن
۶ ديکهو همنے اُسکي خبر افراتها مين سني هم نے اُسکو جنگل
کے ميدانون مين پايا
۷ هم اُسکے مسکنون مين جائينگے هم اُسکے پاؤون کي چوکي کے سامهنے
سجده کرينگے
۸ اُٹهه اى خداوند اپني آرام گاه مين داخل هو تو اور تيري
قوت کا صندوق
۹ تيرے کاهن صداقت کا جامه پهنين اور تيرے مقدس لوگ
خوشي سے للکارين
۱۰ اپنے بندے داؤد کي خاطر اپنے مسيح کا چهره نامنظور مت کر
۱۱ خداوند نے سچائي کے ساتهه داؤد سے قسم کهائي اس سے وه نه
پهريگا که مين تيرے پيٹ کے پهل مين سے تيرے لئے تيرے تخت
پر بٹهلاؤنگا
۱۲ اگر تيرے لڑکے ميرے عهد اور ميري شهادت کو جو مين اُنهين
سکهاؤنگا حفظ کرينگے تو انکے لڑکے بهي تيرے تخت پر ابد تک
بيٹهتے چلے جاينگے
۱۳ که خداوند نے صيهون کو چن ليا اپنے رهنے کے لئے اُسے پسند کيا هے
۱۴ يهي ميرے آرام کي جگهه ابد تک يهين مين رهونگا که اُسے مين
نے پسند کيا هے
۱۵ مين اُسکي روزي مين بهت سي برکت دونگا مين اُسکے محتاجون
کو روٹي سے سير کرونگا
۱۶ اور اُسکے کاهنون کو نجات کا جامه پهناؤنگا اور اُسکے مقدس لوگ
خوشي سے للکارينگے
۱۷ وهان مين داؤد کا شاخ شگفته کرونگا مين نے اپنے مسيح کے لئے
ايک چراغ تيار کر رکها هے

۲ ای خداوند میري آواز سن میري منت کي آواز پر تیرے کان متوجه هوویں
۳ ای خداوند اگر تو گناه کا حساب لے تو ای خداوند کون کهڑا رہ سکے
۴ پر تیرے پاس تو مغفرت هی تا که تیرا ڈر رکهیں
۵ میں خداوند کے انتظار میں هوں میري جان انتظار میں هی اور مجهے اُسکے کلام کا بهروسا هی
۶ میري جان خداوند کے انتظار میں هی پاسبانوں سے زیاده جو صبح کي راه هاں پاسبانوں سے زیاده جو صبح کي راه تاکتے هیں
۷ ای اسرائیل خداوند پر توکل کر که رحمت خداوند کے پاس هی اور اُسکے پاس کثرت سے خلاصي هی
۸ اور وهي اسرائیل کو اُسکي ساري بدکاریوں سے مخلصي دیگا

۱۳۱ زبور

۱ ای خداوند میرے دل میں مگرائي نهیں اور میں بلند نظر نهیں هوں اور بڑي بڑي باتوں میں اور اُن معاملوں میں جو میرے لئے انوتهے هیں میرا شغل نهیں
۲ یقینا میں نے اُس لڑکے کي مانند جس کا دودهه اُسکي ما نے چهڑایا هو اپنے جي کي خاطر جمعي کي اور اُسے چپ کر رکها هي میرا جي اُس لڑکے کا سا هي جس کا دودهه چهڑایا گیا هو
۳ ای اسرائیل خداوند پر بهروسا رکهه اس دم سے ابد تک

۲۸ روز فجر کي نماز

۱۳۲ زبور

۱ ای خداوند داؤد کے باب میں اُسکے سارے اندیشے کو یاد کر
۲ که اُسنے خداوند کي قسم کهائي یعقوب کے قادر کي نذر ماني
۳ یقینا میں اپنے گهر کے اندر نجاؤنگا یقینا میں اپنے پلنگ کے بچهونے پر نه چڑهونگا

۲ کہ تو اپنے ہاتھون کي کمائي کھائيگا تو سعادت مند اور خير
تيرے ساتھہ هى
۳ تيري جورو اُس درخت انگور کي مانند هوگي جو ميوہ سے لدا هوا
تيرے گھر کے اُس پاس هى تيرے بچے تيرے دسترخوان کے گرد زيتون کے
پودھون کي مانند هونگے
۴ ديکھو وہ انسان جو خداوند سے ڈرتا هى ايسا مبارک هوگا
۵ خداوند صيهون مين سے تجھے برکت ديگا کہ تو اپني عمر بھر
يروشلم کي اقبال مندي ديکھے
۶ اور اپنے بچون کے بچے ديکھے اسرائيل پر سلامتي هووے

۱۲۹ زبور

۱ ميري جواني سے لے کے اُنھون نے اکثر مجھے دکھہ ديا
اسرائيل اب کہے
۲ ميري جواني سے لے کے اکثر اُنھون نے مجھے دکھہ ديا پر وے مجھہ پر
غالب نہووے
۳ هلواهون نے ميري پيٹھہ پر هل جوتا اُنھون نے اپني ريگھارين
لنبي کين
۴ خداوند صادق هى اُس نے شريرون کي رسيون کو کاٹ ڈالا هى
۵ وے سب جو صيهون سے بغض رکھتے هين شرمندہ هونگے اور
اُلٹے پھرائے جاينگے
۶ وے چھتون کي گھاس کي مانند هونگے جو پيشتر اُس سے کہ کوئي
اُسے اُکھاڑے خوشک هو جاتي هى
۷ جس سے کاٹنيوالا اپني مٹھي اور پولے باندھنيوالا اپنے دامن
نهين بھرتا
۸ اور رہ گذري نهين کہتے کہ خداوند کي برکت تم پر هو هم خداوند
کا نام لے کے تمھارے لئے دعا کرتے هين

۱۳۰ زبور

۱ اى خداوند مين گهراؤن مين سے تجھے پکارتا هون

۲۷ روز شام کي نماز

۱۲۶ زبور

۱ **خداوند** نے جسوقت صیهوني اسیرون کو پهرایا اُسوقت هم
اُنکي مانند تهے جو خواب دیکهتے هیں
۲ تب همارے منهه هنسي سے بهر گئے اور هماري زبان گانے سے تب غیر
قومون کے درمیان یهه چرچا تها که خداوند نے هم سے برے سلوک
کئے هیں
۳ هان خداوند نے هم سے برے سلوک کئے هیں هم خوش هیں
۴ ای خداوند همارے اسیرون کو پهیرلا دکهن کي نهرون کي مانند
۵ وے جو آنسون کے ساتهه بوتے هیں خوشي کے ساتهه کاٹینگے
۶ بونے کے لئے بیج اُٹهائے هوے وه روتا هوا چلا جاتا اپنے پولے اُٹهائے
هوے خوشي کے ساتهه وه پهر آتا هی

۱۲۷ زبور

۱ **جب** که خداوند هي گهر نه بناوے تو اُن کي محنت جو اُسے
بناتے هیں بے فایده هی اگر خداوند هي شهر کا نگهبان نهو تو پاسبان
کي هوشیاري عبث هی
۲ تمهین کچهه فایده نهین جو سویرے اُٹهتے هو اور دیر کر آرام کرتے
هو اور محنتون کي روٹي کهاتے هو سو وه اپنے پیارے کو نیند
مین دیتا هی
۳ دیکهو لڑکے خداوند کي طرف سے میراث هین اور پیٹ کا پهل مزدوري
۴ جیسے پهلوان کے هاتهه مین تیر ویسے هي جواني کے لڑکے هین
۵ مبارک وه مرد جسکا ترکش اُن سے معمور هی وے پشیمان نه
هووینگے جس وقت دروازے پر دشمنون سے گفتگو کرینگے

۱۲۸ زبور

۱ **مبارک** هی هرایک که خداوند سے ڈرتا اور اُسکي راهون
پر چلتا هی

۴ دندنانیوالون کي ٹھٹھے بازي سے مغرورون کي حقارت سے هماري
جان خوب سیر هوئي

۱۲۴ زبور

۱ اگر خداوند هماري طرف نه هوتا کاشکه اِسرائیل کهے
۲ اگر خداوند هماري طرف نه هوتا جسوقت که لوگ همارے
مقابلے مین اُٹھے
۳ تو اُسي وقت وے همکو جیتا نگل جاتے جب که اُن کا غضب
هم پر بھڑکا
۴ اُسي وقت هم پاني مین غرق هو جاتے دھارا هماري جان پر
گذر جاتي
۵ اُسي وقت اُمنڈتے پاني هماري جان هي پر گذر کرتے
۶ مبارک هو خداوند جسنے همکو اُنکے دانتون کا شکار نهونے دیا
۷ هماري جان چڑیا کي طرح صیاد کے جال سے چھوٹي جال ٹوٹا اور
هم چھٹ گئے
۸ هماري مدد خداوند کے نام سے هی جسنے آسمان اور زمین کو
پیدا کیا

۱۲۵ زبور

۱ وے جن کا بھروسا خداوند پر هی کوہ صیهون کي مانند هین
جو ٹلتا نهین سدا قایم هی
۲ یروشلم کے آس پاس پہاڑ هین اور خداوند اپنے لوگ کے آس پاس هی
اس وقت سے لیکے ابد تک
۳ که شریرون کا سونٹا صادقون کے حصے مین ٹھہرنے کا نهین تا نه هووے
که صادق بدکاري کي طرف اپنے هاتھه بڑھاوین
۴ اي خداوند بھلون سے اور اُن سے جو سیدھے دل هین
بھلائي کر
۵ پر وے جو اپني ٹیڑھي راهون کي طرف بھٹک جاتے هین خداوند
اُن کو بدکارون کے ساتھه روانه کریگا اسرائیل پر سلامتي هووے

۷ خداوند ہرایک برائي سے تجھے محفوظ رکھیگا وہ تیری جان کو
محفوظ رکھیگا
۸ خداوند تیرے جانے آنے میں اسوقت سے لے کے ابد تک تیرا
حافظ رہیگا

۱۲۲ زبور

۱ **میں** اُن سے خوش ہوا جو مجھے کہتے تھے آو خداوند کے
گھر چلیں
۲ ای یروشلم ہمارے پانوں تیرے دروازوں میں ٹھہرے ہیں
۳ ای یروشلم تو اُس شہر کي مانند بني ہوئي ہی کہ باہم خوب
پیوستہ ہی
۴ جس میں فرقے خداوند کے فرقے جیسا اسرائیل کو حکم تھا چڑھہ
جاتے ہیں کہ خداوند کے نام کي ستایش کریں
۵ کیونکہ اُس میں عدالت کے تخت داوُد کے خاندان کے تخت
رکھے ہوے ہیں
۶ یروشلم کي سلامتي کے لئے دعا مانگو وے جو تجھہ کو دوست رکھتے
ہیں سلامت رہیں
۷ تیري چار دیواري میں سلامتي تیرے محلوں میں امن و چین ہووے
۸ اپنے بھائیوں اور اپنے دوستوں کي خاطر میں اب کہتا ہوں تجھہ
میں سلامتي ہووے
۹ خداوند ہمارے خدا کے گھر کے لئے میں تیري خیریت کا طالب رہونگا

۱۲۳ زبور

۱ **میں** نے اپني آنکھہ تیري طرف اُٹھائي ای آسمان پر بیٹھنیوالے
۲ دیکھو جس طرح کہ غلاموں کي آنکھیں اپنے خداوند کے ہاتھہ کي طرف
جسطرح لونڈي کي آنکھیں اپني بي بي کے ہاتھوں کي طرف لگي رہتي
ہیں اسي طرح ہماري آنکھہ خداوند اپنے خدا کي طرف لگي ہیں جب
تک کہ وہ ہم پر رحم نہ فرماوے
۳ ای خداوند ہم پر رحم فرما ہم پر رحم فرما کہ ہم حقارت سے
خوب سیر ہوگئے

۱۷۵ ميري جان جيتي رهے اور تيري ستايش کرے اور تيري عدالتين
ميري مدد کرين
۱۷۶ مين کهوئي هوئي بهيڑ کي مانند بهٹک گيا اپنے بندے کو
ڈهونڈهه که مين تيرے حکمون کو نهين بهولا

۲۷ روز فجر کي نماز

۱۲۰ زبور

۱ **اپني** مصيبت مين مين نے خداوند کو پکارا اور اُسنے
ميري سني
۲ اى خداوند ميري جان کو جهوٹهے هونٹهون سے دغا باز زبان سے
رهائي دے
۳ اى دغا باز زبان تجهے کيا مليگا اور تجهے کيا حاصل هوگا
۴ پهلوان کے تيز تير رتم کے جلتے هوئے کوئلون سميت
۵ مجهه پر افسوس که مسک مين مجهے مسافر هونا پڑا که قادر کے
خيمون پاس مجهے رهنا هوا هى
۶ اى ميري جان تجهه کو اُنکے ساتهه بهت رهنا هوا جو صلح کا کينه
رکهتے هين
۷ مين تو صلح کا آدمي هون ليکن جب مين بولتا هون تو وے جنگ
پر تيار هوتے هين

۱۲۱ زبور

۱ **مين** اپني آنکهين پهاڑون کي طرف اُٹهاتا هون کهان سے
ميري مدد آويگي
۲ ميري مدد خداوند سے هى جسنے آسمان و زمين کو پيدا کيا
۳ وه تيرے پاون کو پهسلنے نه دے وه جو تيرا حافظ هى نه اُونگهے
۴ ديکهه وه جو اِسرائيل کا حافظ هى هرگز نه اُونگهيگا اور نه سوئيگا
۵ خداوند تيرا حافظ هى خداوند تيرے دهنے هاتهه پر تيرا
سايه بان هى
۶ آفتاب سے دن کو اور ماهتاب سے رات کو تجهے کچهه ضرر نه پهنچيگا

۱۶۲ مین تیرے قول سے اُسکي مانند جسے بڑي اوٹ مل جاوے
خوشي کرتا هون
۱۶۳ مین جھوٹھہ سے عداوت اور نفرت رکھتا هون تیري شریعت
کو مین دوست رکھتا هون
۱۶۴ تیري صداقت کي عدالتون پر هر روز سات مرتبہ مین تیري
ستایش کرتا هون
۱۶۵ اُن کي بڑي سلامت هی جو تیري شریعت کو دوست رکھتے هین
اور اُن کو کسي طرح کي ٹھوکر نهین هی
۱۶۶ ای خداوند مین تیري نجات کا اُمیدوار هون اور تیرے حکمون
کو عمل مین لایا
۱۶۷ میري روح نے تیري شهادتون کو حفظ کیا هی اور مین اُنهین
بشدت عزیز رکھتا هون
۱۶۸ مین نے تیرے قایدون اور تیري شهادتون کو حفظ کیا هی کہ
میري ساري راهین تیرے آگے هین

ت طو

۱۶۹ ای خداوند میرے نالے کو اپنے حضور قریب آنے دے اپنے کلام کے
مطابق مجھہ کو سمجھہ دے
۱۷۰ میري التماس کو اپنے حضور پهنچنے دے اپنے قول کے مطابق مجھے
رهائي دے
۱۷۱ میرے هونٹھون سے تیري ستایش نکلیگي جب تو مجھے اپنے
احکام سکھلائے
۱۷۲ میري زبان تیري باتون کو دهرائیگي کہ تیرے سارے احکام
صداقت هین
۱۷۳ تیرا هاتھہ میرا مددگار هو کہ مین نے تیرے قایدون کو اختیار
کیا هی
۱۷۴ ای خداوند مین تیري نجات کا مشتاق هون اور تیري شریعت
میري خرمي هی

۱۴۹ اپني رحمت کے مطابق ميري آواز سن اى خداوند اپني عدالتون
کے موافق مجھے جلا
۱۵۰ وہ جو برائي پر کمر باندھتے قريب ہوے وہ تيري شريعت
سے دور ہين
۱۵۱ اى خداوند تو قريب ہى اور تيرے سارے احکام حق ہين
۱۵۲ قديم سے مين نہ تيري شہادتون سے معلوم کيا کہ تو نے اُن کو
ابد تک مقرر کيا ہى

٦ ريش

۱۵۳ ميري مصيبت پر نظر کر اور مجھے رہائي دے کہ تيري شريعت
کو مين بھولا نہين
۱۵۴ ميرا مقدمہ لڑ اور مجھے خلاصي دے اپنے قول کے مطابق
مجھے جلا
۱۵۵ نجات شريرون سے دور ہى کيونکہ وہ تيرے حکمون کو
کھوجتے نہين
۱۵٦ اى خداوند تيري رحمتين بہت ہين اپني عدالتون کے مطابق
مجھے جلا
۱۵۷ ميرے ستانيوالے اور ميرے جو دشمن ہين سو بہت ہين مين
تيري شہادتون سے نہين ہٹا
۱۵۸ مين نے بے ايمانون کو جنہون نے تيرے قول کو ياد نہين رکھا ہى
ديکھا اور دلگير ہوا
۱۵۹ ديکھہ کہ مين تيرے قايدون کو چاہتا ہون اى خداوند اپني
رحمت کے مطابق مجھے جلا
۱٦۰ تيرا کلام سراسر حق ہى اور تيري صداقت کي ہرايک
عدالت ابد تک

ش شين

۱٦۱ سردارون نے بے سبب ميرا پيچھا ليا ہى اور ميرا دل تيرے کلام
سے ڈر کے مارے کانپتا ہى

۱۳۴ آدمي کے ظلم سے مجھہ کو خلاصي دے تو مین تیرے قایدون کو حفظ کرونگا

۱۳۵ اپنے بندے پر اپنا چہرہ جلوہ گر فرما اور مجھے اپنے احکام سکھلا

۱۳۶ پاني کي نہرین میري آنکھون سے بہتي هین اس لئے کہ لوگ تیري شریعت حفظ نہین کرتے هین

لا صادے

۱۳۷ ای خداوند تو صادق هی اور تیري عدالتین واجبي هین

۱۳۸ تو نے صداقت اور نہایت وفائي سے اپني شہادتین فرمائین هین

۱۳۹ میري غیرت نے مجھے کہا لیا هی کہ میرے دشمنون نے تیرے حکمون کو فراموش کیا هی

۱۴۰ تیرا قول خوب تایا هوا هی اور تیرا بندہ اُس سے محبت کہتا هی

۱۴۱ مین چھوٹا اور ذلیل هون تیرے قایدون کو مین نہین بھولتا

۱۴۲ تیري صداقت ابد تک صداقت هی اور تیري شریعت حق هی

۱۴۳ مصیبت اور آفت نے مجھے آ لیا هی تیرے احکام میري خوشي هین

۱۴۴ تیري شہادتون کي صداقت ابد تک هی مجھے سمجھہ دے تو مین جیونگا

۲۶ روز شام کي نماز

۶ قوف

۱۴۵ مین نے اپنے سارے دل سے پکارا هی ای خداوند میري سن مین تیرے حکمون پر نگاہ رکھونگا

۱۴۶ مین نے تجھے پکارا هی مجھے بچا لے تو مین تیري شہادتون کو یاد رکھونگا

۱۴۷ مین صبح سے پیشتر چلاتا هون مجھے تیرے کلام سے اُمید هی

۱۴۸ میري آنکھین پہرون سے پیشتر راہ دیکھتي هین تا کہ مین تیرے قول پر غور کرون

لا عين

۱۲۱ مين نے عدل اور صداقت کي هو مجھے اُنکے حوالے نہ کر جو مجھہ پر ظلم کرتے هين

۱۲۲ خير کے لئے اپنے بندے کا ضامن هو مغرور مجھہ پر ظلم نکرين

۱۲۳ ميري آنکهين تيري نجات کے اور تيري صداقت کے قول کے انتظار مين فنا هو گئين

۱۲۴ اپنے بندے سے اپني رحمت کے مطابق سلوک کر اور مجھہ کو اپنے احکام سکھلا

۱۲۵ مين تيرا بندہ هون مجھہ کو فهم دے تو مين تيري شهادتون کو جانونگا

۱۲۶ خداوند کو کام کرنے کا وقت پهنچا هي اُنهون نے تيري شريعت کو توڑا هي

۱۲۷ اِس لئے مين تيرے حکمون کو سونے سے بلکہ چوکھے سونے سے زيادہ عزيز رکھتا هون

۱۲۸ اِس لئے تيرے سارے قايدے ميرے نزديک بالکل درست هين مين سب جھوٹھي راهون کو دشمن رکھتا هون

ه فے

۱۲۹ تيري شهادتين عجيب هين اس لئے ميري جان نے اُنهين نگاه مين رکھا هي

۱۳۰ تيرے کلام کا کھل جانا روشني بخشتا هي سادہ لوگون کو وہ سمجھہ دار کرتا هي

۱۳۱ مين اپنا منهہ کھول کے پڑا هانپتا هون-کيونکہ تيرے حکمون کا مشتاق هون

۱۳۲ مجھہ پر توجہ فرما اور مجھہ پر مهر کر جس طرح تيرا دستور هي اُنکے ساتھہ کرنا جو تيرے نام سے محبت رکھتے هين

۱۳۳ اپنے قول سے ميرے قدمون کو درست کر رکھہ اور کوئي بدي مجھہ پر اختيار نہ پاوے

۱۰۸ ای خداوند میں بنتي کرتا هون میرے منهه کے هدیون کو منظور فرما اور اپني عدالتین مجهے سکها

۱۰۹ میري جان همیشه میري هتهیلي پر هی پر مین تیري شریعت کو بهولا نهین

۱۱۰ شریرون نے میرے لئے پهندا لگایا هی پر میں تیرے قایدون سے کنارے نهوا

۱۱۱ مین نے تیري شهادتون کو میراث سمجهه کر ابد تک لے لیا کیونکه وهي میرے دل کي خوشي هی

۱۱۲ میں نے اپنا دل مایل کیا هی که تیرے حکمون پر همیشه آخر تک عمل کرون

۱۵ سامک

۱۱۳ جو دو دلے هیں اُن سے میں عداوت رکهتا پر تیري شریعت سے محبت رکهتا هون

۱۱۴ تو میرے چهپنے کا مکان اور میري سپر هی میں تیرے کلام سے امید رکهتا هون

۱۱۵ ای بدکارو میرے پاس سے دور هو جاو که میں اپنے خدا کے حکمون پر نگاه رکهونگا

۱۱۶ اپنے قول کے مطابق مجهے سنبهال تا که میں جیون اور اپني اُمید سے شرمنده نهووُن

۱۱۷ مجهه کو تهانبه تو میں سلامت رهونگا اور همیشه تیرے حکمون کي طرف نظر رکهونگا

۱۱۸ تو نے اُن سب کو رد کیا هی جو تیرے حکمون سے بهتک گئے که اُن کا فریب ایک جهوٹهه هی

۱۱۹ تو نے زمین کے سب شریرون کو میل کي مانند دور کیا اِسلئے مین تیري شهادتون سے محبت رکهتا هون

۱۲۰ میرا جسم تیرے خوف سے کانپتا هی اور میں تیري عدالتون سے ڈرتا هون

۹۶ تمام کاملیت کي حد میں نے دیکھي هی تیرا حکم بهت هي چوڑا هی

ه میم

۹۷ کیا هي میں تیري شریعت سے محبت رکھتا هوں تمام دن وهي میرا دهیان هی
۹۸ تو اپنے حکموں کے وسیلے سے مجهه کو میرے دشمنوں سے زیادہ دانش مند کرتا هی که وے همیشه میرے ساتهه هیں
۹۹ میري دانش اُن سب سے جو مجھے تعلیم دیتے هیں زیادہ هی کیونکه تیري شهادتوں پر میرا دهیان هی
۱۰۰ میں بوڑهوں سے زیادہ سمجهتا هوں کیونکه تیرے قایدوں پر میري نگاہ هی
۱۰۱ میں نے هرایک بري راہ سے اپنے پانوں باز رکھے تا که تیرے کلام کو حفظ کروں
۱۰۲ میں تیري عدالتوں سے هٹا نهیں کیونکه تو هي نے مجھے تعلیم دي هی
۱۰۳ تیري باتیں میرے تالو کو کیا هي میٹھي لگتي هیں شهد سے زیادہ میرے منهه کو
۱۰۴ تیرے قایدوں کے وسیلے سے میں سمجهه دار هوجاتا هوں اِس لئے هرایک جهوٹهي راہ سے عداوت رکھتا هوں

۲۶ روز فجر کي نماز

ن نون

۱۰۵ تیرا کلام میرے پانوں کے لئے چراغ اور میري راہ کي روشني هی
۱۰۶ میں نے قسم کهائي هی اور اُسے پورا کرونگا که میں تیري صداقت کي عدالتوں کو یاد رکھونگا
۱۰۷ مجهه پر بڑي مصیبت هی ای خداوند اپنے کلام کے مطابق مجھے جلا

۸۲ ميري آنکهين تيرے قول کے إنتظار مين يهه کهتے هوے فنا هوي که تو مجهے کب تسلي ديگا
۸۳ که مين اُس مشک کي مانند هوا جو دهوين مين دهري هو تيرے حکمون کو مين بهولا نهين
۸۴ تيرے بندے کے دن کتنے هين تو کب ميرے ستانيوالون کي عدالت کريگا
۸۵ مغرورون نے جو تيري شريعت کے پيرو نهين ميرے لئے گڑهے کهودے هين
۸۶ تيرے سارے حکم برحق هين وے ناحق مجهه کو ستاتے هين تو ميري مدد کر
۸۷ نزديک تها که وے مجهے زمين پر سے نيست نابود کر ڈالتے ليکن مين نے تيرے قايدون کو ترک نهين کيا
۸۸ اپني رحمت کے مطابق مجهے جلا تو مين تيرے منهه کي شهادتون کو حفظ کرونگا

ل لامد

۸۹ اے خداوند تيرا کلام آسمان پر ابد تک مستحکم هے
۹۰ تيري سچائي پشت درپشت هے تو نے زمين کو قايم کيا اور وه ٹههري هے
۹۱ وے تيري عدالتون کے لئے آج کے دن ٹههرے هوے هين کيونکه سب تيرے بندے
۹۲ اگر تيري شريعت ميري خوشي نه هوتي تو مين اپني مصيبت مين هلاک هو جاتا
۹۳ مين تيرے قايدون کو کبهي نه بهولونگا که تو نے اُنکے وسيلے سے مجهے جلايا هے
۹۴ مين تيرا هون مجهے بچا لے که مين تيرے قايدون کا طالب هون
۹۵ شرير ميري گهات مين لگے هوے هين که مجهے هلاک کرين مين تيري شهادتون کو سوچتا هون

۶۹ مغروروں نے مجهه پر جهوٹهه باندها هی مین تیرے قایدون کو
اپنے سارے دل سے حفظ کر رکهونگا
۷۰ اُن کا دل چربي کي مانند چکنا هو رها هی مین تیري شریعت
سے مگن هون
۷۱ بهلا هوا که مین نے دکهه پایا تا که تیرے حکمون کو سیکهون
۷۲ تیرے منهه کي شریعت میرے لئے هزارون اشرفیون اور روپیون
سے بهتر هی

۲۵ روز شام کي نماز

یود

۷۳ تیرے هاتهون نے مجهے بنایا اور مجهے تیار کیا مجهے تعلیم دے تو
مین تیرے احکام سیکهونگا
۷۴ وے جو تجهه سے درتے هین مجهے دیکهه کے خوش هونگے کیونکه
تیرے کلام سے مجهے اُمید هی
۷۵ ای خداوند مین جان گیا که تیري عدالتین راست هین اور یهه
که تو نے وفائي سے مجهه کو دکهه دیا
۷۶ کاشکه تیري مهر جس طرح که تیرا قول تیرے بندے سے هی مجهے
تسلي دے
۷۷ تیري رحمتین میرے شامل حال هووین تو مین جیونگا کیونکه
تیري شریعت میري خوشي هی
۷۸ مغرور شرمنده هو جاوین که اُنهوں نے جهوٹهه سے میري بات
بگاڑي مین تیرے قایدون پر دهیان رکهونگا
۷۹ وے جو تجهه سے ڈرتے هین اور وے جو تیري شهادتون کو جانتے
هین تیري طرف پهرین
۸۰ میرا دل تیرے حکمون پر مستقیم هو تا که مین شرمنده نه هوون

ک کاف

۸۱ میري جان تیري نجات کے شوق مین مرجهت هوئي تیرے کلام
پر میري اُمید هی

۵۴ ميرے مسافرخانے مين تيرے احکام ميرے گيت هين
۵۵ اي خداوند مين نے تيرا نام رات کو ياد کيا هی اور تيري شريعت
کي محافظت کي هی
۵۶ يهه مجهه کو هوا هی کہ مين نے تيرے قايدون پر عمل کيا هی

۸ خيت

۵۷ تو ميرا بخرا اي خداوند مين نے کہا هی کہ مين تيري باتون
کو حفظ کرونگا
۵۸ مين نے اپنے سارے دل سے تيرے حضور درخواست کي تو اپنے
قول کے مطابق مجهه پر مہر کر
۵۹ مين نے اپني راهون پر غور کيا اور اپنے قدم تيري شہادتون
کي طرف پهيرے
۶۰ مين نے پهرتي کي اور ديري نکي کہ تيرے حکمون کو حفظ کرون
۶۱ شريرون کے جالون نے مجهے گهيرا تيري شريعت کو مين بهولا نہين
۶۲ آدهي رات کو مين اُتهونگا کہ تيري صداقت کي عدالتون پر
تيري ستايش کرون
۶۳ مين اُن سب کا ساتهي هون جو تجهه سے ڈرتے هين اور اُن کا
جو تيرے قايدون پر عمل کرتے هين
۶۴ اي خداوند زمين تيري رحمت سے معمور هی مجهے اپنے
احکام سکهلا

۹ تيت

۶۵ اي خداوند تو نے اپنے کلام کے مطابق اپنے بندے سے خوش
سلوکي کي هی
۶۶ اچها ذهن اور علم مجهے سکهلا دے کہ مين تيرے حکمون پر
ايمان لايا هون
۶۷ اُس سے پيشتر کہ مجهے دکهہ هوا مين بهٹک جاتا تها پر اب
مين نے تيرے کلام کو حفظ کيا هی
۶۸ تو نيک هی اور نيکي کرتا هی مجهے اپنے حکم سکهلا

۲ واو

۴۱ ای خداوند اپني رحمتون کو هان اپني نجات کو اپنے قول کے
مطابق مجهه تک آنے دے
۴۲ اور مین اپنے ملامت کرنیوالون کو جواب دونگا کیونکه مجھے تیرے
کلام کا بهروسا هی
۴۳ اور حق کا کلام میرے منهه سے بالکل چهین نه لے که مین تیري
عدالتون کي انتظاري مین هون
۴۴ اور مین تیري شریعت کو هروقت ابدالاباد تک حفظ کر
رکهونگا
۴۵ اور مین کشاده جگهه مین چلتا پهرتا رهونگا که تیرے قایدون
کو ڈهونڈهتا هون
۴۶ اور مین باشاهون کے آگے تیري شهادتون کا ذکر کرونگا
اور شرمنده نه هونگا
۴۷ اور تیرے حکمون سے خوشي مناونگا انهین مین چاهتا هون
۴۸ اور مین تیرے حکمون کي طرف جن سے محبت رکهتا هون اپنے
هاتهه اٹهاونگا اور تیرے فرمانون پر غور کرونگا

۷ زین

۴۹ اپنے بندے کي خاطر اپنے کلام کو یاد فرما که تو نے مجھے
امیدوار کیا هی
۵۰ میرے دکهه مین میري یهي تسلي هی که تیرے قول نے
مجھے جلایا هی
۵۱ مغرورون نے مجهه سے بهت ٹهٹهولیان کین مین تیري
شریعت سے نهین هٹا
۵۲ ای خداوند مین نے تیري قدیمي عدالتون کو یاد کیا اور تسلي
پائي
۵۳ شریرون کے سبب جو تیري شریعت کو چهوڑ دیتے هین
جلجلاهت نے مجھے آ پکڑا

۲۸ میري جان مارے غم کے پگھل جاتي هی اپنے کلام کے مطابق مجھ کو سنبھال
۲۹ جھوٹھ کي راہ مجھ سے دور کر اور مہرباني کر کے اپني شریعت مجھے بخش
۳۰ مین نے سچائي کي راہ اختیار کي تیري عدالتین مین نے اپنے رو برو رکھین
۳۱ مین تیري شہادتون سے چمٹ رها هون ای خداوند مجھے شرمندہ نہ کر
۳۲ مین تیرے حکمون کي راہ مین دوڑونگا کہ تو میرا دل کشادہ کرتا هی

۲۵ روز فجر کي نماز

ہ ح

۳۳ ای خداوند مجھے اپنے حکمون کي راہ بتلا اور مین اُسے آخر تک یاد رکھونگا
۳۴ مجھ کو فہم عنایت کر اور مین تیري شریعت کو یاد رکھونگا اور اُسے اپنے سارے دل سے حفظ کرونگا
۳۵ مجھے اپنے حکمون کے راستے مین چلا کہ میري خوشي اُس مین هی
۳۶ میرے دل کو اپني شہادتون کي طرف مایل کر اور نہ لالچ کي طرف
۳۷ میري آنکھون کو پھیر دے کہ بطلان پر نظر نہ کرین اپني راہ مین مجھے چلا
۳۸ اپنے بندے کے لئے اپنا کلام جو تیرے ڈرنیوالون کے لئے هی پورا کر
۳۹ میري ملامت کو جس سے مین ڈرتا هون مجھ سے دور کر کہ تیري عدالتین اچھي هین
۴۰ دیکھ کہ مین تیرے قایدون کا مشتاق هون اپني صداقت مین مجھے جلا

۱۴ مین تيري شہادتون کي راہ مين ايسا خوش ہوا ہون جيسے
تمام دولت سے
۱۵ مين تيرے قايدون مين غور کرونگا اور تيري راہون کو
نگاہ مين رکہونگا
۱۶ مين تيرے حکمون مين خوشي مناونگا تيرا کلام نہ بہولونگا

د جيمل

۱۷ مہرباني کرکے اپنے بندہ سے سلوک کر کہ مين جي جاؤن اور
تيرا کلام ياد رکہون
۱۸ ميري آنکہين کہول تو مين تيري شريعت کي عجايبات
کو ديکہونگا
۱۹ مين زمين پر ايک مسافر ہون اپنے حکم مجہہ سے نہ چہپا
۲۰ ميرا جي ہر دم تيري عدالتون کے اشتياق مين پڑا تڑپتا ہي
۲۱ تو نے مغرورون کو جو لعنتي ہين جو تيرے حکمون سے بہٹک
جاتے ہين ڈانٹا ہي
۲۲ ملامت اور حقارت مجہہ پر سے دفع کر کيونکہ مين نے تيري
شہادتون کو حفظ کر رکہا ہي
۲۳ اميرون نے بہي مجلس کر کے ميرے خلاف باتين کين تيرا بندہ
تيرے حکمون پر دہيان لگائے ہوے ہي
۲۴ ہان تيري شہادتين ميري عشرتين اور ميري صلاح دينيواليان ہين

٦ دالت

۲۵ ميري جان خاک سے لگي جاتي ہي تو اپنے کلام کے
مطابق مجہہ کو جلا
۲۶ مين نے اپني راہين بيان کين اور تو نے ميري سني ہي
مجہے اپنے احکام سکہلا
۲۷ اپنے قايدے کي راہ کو مجہے بجہا دے تو مين تيرے عجايب
کامون پر دہيان کرونگا

۲۴ روز شام کي نماز

۱۱۹ زبور

א آلف

۱ **مبارک** وے جو راہ میں سیدھے جو خداوندکے شرع
پر چلتے ہیں
۲ مبارک وے جو اُسکي شہادتون کو یاد رکھتے ہیں جو اپنے سارے
دل سے اُسے ڈھونڈھتے ہیں
۳ وے بدي بھی نہیں کرتے وے اُسکي راھون پر چلتے ہیں
۴ تو نے اپنے قاعدے فرمائے کہ ہم کوشش سے اُنہیں حفظ کریں
۵ کاشکہ میري راھیں تیرے حکمون کو حفظ کرنے کے لئے مستقیم
ہون
۶ تب ھي میں شرمندہ نہ ہونگا جب کہ تیرے سارے حکمون
پر نگاہ رکھونگا
۷ میں تیري صداقت کي عدالتون کو سیکھہ کے دل کي راستی
سے تیري ستایش کرونگا
۸ میں تیرے حکمون کو حفظ کرونگا تو مجھے آخر تک نہ چھوڑ

ב بیت

۹ جوان آدمي اپني راہ کس طرح سے صاف کر رکھے تیرے کلام کے
مطابق اُسکي خبرداري کرنے سے
۱۰ میں نے اپنے سارے دل سے تیري تلاش کي ھی تو مجھہ کو اپنے
حکمون سے بھٹکنے مت دے
۱۱ میں نے تیرے کلام کو اپنے دل کے بیچ چھپا لیا تا کہ میں
تیرا گناہ نہ کروں
۱۲ اي خداوند تو مبارک ھی اپنے احکام مجھے سکھلا
۱۳ میں نے اپنے ھونٹھون سے تیرے منہہ کي ساري عدالتون
کو بیان کیا

۱۳ تو نے مجھے بڑے زور سے دھکیلا تا کہ مجھے گرا دے لیکن
خداوند نے میري مدد کي
۱۴ خداوند میرا زور اور میرا فخر هی اور وہ میري نجات هوا
۱۵ صادقون کے خیمون میں خوشي اور نجات کي آواز هی خداوند کا
دهنا هاتهہ بهادري کرتا هی
۱۶ خداوند کا دهنا هاتهہ بلند هوا خداوند کا دهنا هاتهہ بهادري
کرتا هی
۱۷ میں نہ مرونگا بلکہ جیونگا خداوند کے کام بیان کرونگا
۱۸ خداوند نے مجھے خوب تنبیہ کي لیکن مجھے موت کے حوالے نکیا
۱۹ صداقت کے دروازے میرے لئے کهولو میں ان سے اندر جاؤنگا میں
خداوند کي ستایش کرونگا
۲۰ خداوند کا دروازہ یہہ هی اُس میں صادق داخل هوتے هیں
۲۱ میں تیري حمد کرونگا کہ تو نے میري سن لي اور میري
نجات هوا
۲۲ وہ پتهر جسے معمارون نے رد کیا کونے کا سرا هو گیا هی
۲۳ یہہ خداوند سے هوا سو هماري نظر میں عجیب هی
۲۴ یہي وہ دن هی جسے خداوند نے پیدا کیا هم اُس میں خوش
و خرم هوویں
۲۵ ای خداوند هم عرض کرتے هیں اب نجات بخشئے ای خداوند
هم عرض کرتے هیں اب کامیابي بخشئے
۲۶ مبارک وہ جو اتا هی خداوند کے نام سے هم خداوند کے گهر میں
سے تم کو مبارک بادي دیتے هیں
۲۷ خداوند وهي خدا هی اور اُسنے همکو نور دکهلایا قرباني کے مذبح
کے سینگون تک رسیون سے باندهو
۲۸ میرا خدا تو هی اور میں تیري ستایش کرونگا میرا خدا میں
تیري بزرگي کرونگا
۲۹ خداوند کي ستایش کرو کہ وہ بهلا هی کہ اُسکي رحمت
ابد تک هی

۱۹ خداوند کے گھر کي بارگاهون مين تيرے درميان اى
يروشلم هليلوياه

۱۱۷ زبور

۱ اى ساري قومون خداوند کي حمد کرو اى ساري اُمتو
اُسکي تعريف کرو
۲ کيونکه اُسکي مهر هم پر قوي هى اور خداوند کي سچائي
ابد تک هليلوياه

۱۱۸ زبور

۱ خداوند کي شکر گذاري کرو که وه بهلا هى که ابد تک
اُسکي رحمت هى
۲ کاشکه اسرائيل کهے که اُسکي رحمت ابد تک هى
۳ کاشکه هارون کا گهرانا کهے که اُسکي رحمت ابد تک هى
۴ کاشکه وے جو خداوند سے ڈرتے هين کهين که اُسکي رحمت
ابد تک هى
۵ مين نے تنگي مين خداوند کو پکارا خداوند نے ميري سنکے
کشادگي بخشي
۶ خداوند ميري طرف هى مين نهين ڈرنے کا انسان ميرا
کيا کر سکتا هى
۷ خداوند ميري طرف ميرے مددگارون مين هى سو مين اُنهين جو
ميرا کينه رکهتے هين ديکهه لونگا
۸ توکل کرنا خداوند پر اُس سے بهتر هى که انسان کا بهروسا رکهے
۹ خداوند پر توکل کرنا اُس سے بهتر هى که اميرون کا بهروسا رکهے
۱۰ ساري قومون نے مجهه کو گهير ليا خداوند کے نام سے مين البته
اُن کو نابود کرونگا
۱۱ اُنهون نے مجهے گهيرا هان اُنهون نے تو مجهے گهيرا هى خداوند
کے نام سے مين البته اُنهين نابود کرونگا
۱۲ اُنهون نے مجهے شهد کي مکهيون کي طرح گهير ليا وے کانٹون کي
آگ کي مانند بجهه گئے خداوند کے نام سے مين البته انهين نابود کرونگا

۲ که اُسنے میري طرف کان دھرے سو مین جب تک که جیتا
رھونگا اُسکا نام لئے جاوُنگا
۳ موت کے دکھون نے مجھه کو گھرا اور قبر کے دردون نے مجھے پکڑا
مین دکھه اور غم مین گرفتار ھوا
۴ تب مین نے خداوند کا نام لیا که ای خداند مهرباني کرکے
میري جان بچا
۵ خداوند مهربان اور صادق هی اور همارا خدا رحم کرنیوالا هی
۶ خدا سادہ لوگون کا نگهبان هی مین عاجز ھو گیا تھا
اُسنے مجھے بچایا
۷ ای میري جان اپني آرام گاہ مین پھر که خداوند نے تجھه پر
احسان کیا هی
۸ تو نے مجھه کو مرنے سے میري آنکھون کو آنسو بهانے سے اور میرے
پانون کو پھسلنے سے بچایا
۹ مین خداوند کے آگے زندگي کي زمین مین چلونگا
۱۰ مین ایمان لایا اِسلئے مین بولا مجھه پر بڑي بپت تھي
۱۱ مین نے اپني گھبراھٹ مین کہا که سارے آدمي جھوٹھے ھین
۱۲ مین خداوند کو اُسکي ساري نعمتون کے عوض جو مجھے
ملین کیا دون
۱۳ مین نجات کا پیالہ اُٹھاوُنگا اور خداوند کا نام پکارونگا
۱۴ مین ابھي اُسکے سارے لوگون کے سامھنے خداوند کے لئے اپني
نذرین ادا کرونگا
۱۵ خداوند کي نگاہ مین اُسکے مقدس لوگون کا مرنا گران قدر هي
۱۶ ای خداوند مین عرض کرتا ھون کیونکه تیرا بندہ ھون مین تیرا
بندہ تیري لونڈي کا بیٹا تو نے میرے بندھن کھولے
۷۱ مین تیرے حضور شکر گذاري کے ذبیحے چڑھاوُنگا اور خداوند
کا نام پکارونگا
۱۸ مین ابھي اُسکے سارے لوگون کے آگے اپني نذرین خداوند
کے لئے ادا کرونگا

۶ وے کان رکھتے هيں پر سنتے نهيں اُنکي ناکيں بھي هيں پر سونگھتے نهيں
۷ وے هاتھه رکھتے هيں پر پکڑتے نهيں وے پانو رکھتے هيں پر چلتے نهيں وے اپنے گلے سے بھي آواز نهيں نکالتے
۸ وے جو اُنهيں بناتے هيں اور وے سب جو اُنکا بھروسا رکھتے هيں اُنهيں کي مانند هيں
۹ ای اِسرائيل تو خداوند پر بھروسا کر وهي اُنکا مددگار اور اُنکي سپر هی
۱۰ ای هارون کے گھرانے خداوند پر بھروسا کرو وهي اُنکا مددگار اور اُنکي سپر هی
۱۱ تم جو خداوند سے ڈرتے هو خداوند پر بھروسا کرو وهي اُنکا مددگار اور اُنکي سپر هی
۱۲ خداوند نے هماري خبر لي هی وہ برکت ديگا وہ اِسرائيل کے گھرانے کو برکت ديگا وہ هارون کے گھرانے کو برکت ديگا
۱۳ وہ اُنکو جو خداوند سے ڈرتے هيں چھوٹوں بڑوں کو برکت ديگا
۱۴ خداوند تمھاري بڑھتي کرے تمھاري اور تمھارے لڑکوں کي
۱۵ تم خداوند کي طرف سے جسنے آسمان اور زمين کو پيدا کيا مبارک هو
۱۶ آسمان جو هيں هاں آسمان خداوند کے لئے هيں اور زمين جو هی سو اُسنے بني آدم کو عنايت کي
۱۷ مردے خداوند کي ستايش نهيں کرتے نه وے سب جو خاموشي کے عالم ميں اُترا چاهتے هيں
۱۸ ليکن هم اِس وقت سے ليکے ابد تک خداوند کو مبارک کهينگے هليلوياہ

۲۴ روز فجر کي نماز

۱۱۶ زبور

۱ ميں محبت رکھتا هوں کيونکه خداوند ميري آواز اور ميري منتيں سنتا هی

۹ وہ گہر كي بانجهہ عورت كو بچون كي خوشي كرنيوالي ما كركے
بساتا هى هليلوياه

۲۳ روز شام كي نماز

۱۱۴ زبور

۱ جب إسرائيل مصر سے نكلا يعقوب كا گهرانا اجنبي زبان
بولنيوالے لوگون ميں سے
۲ تو يهودا اُسكي مقدس هوئي اور اسرائيل اُسكي مملوكت هوئي
۳ سمندر نے ديكها اور پلٹ گيا يردن نے بهي اور اُلٹي پهري
۴ پهاڑون نے مينڈهون كي مانند چهلانگين مارين پهاڑيون نے بهيڑ
كے بچون كي مانند
۵ اى سمندر تجهے كيا هوا جو تو بهاگتا هى اور تجهے اى يردن
كہ تو اُلٹي پهرتي هى
٦ اور كيا هوا اى پهاڑو جو تم مينڈهون كي مانند اور اى ٹيلو تم جو
بهيڑ كے بچون كي مانند چهلانگين مارتے هو
۷ اى زمين تو خداوند كے حضور تهر تهرا يعقوب كے خدا كے حضور
۸ جو پتهر كو پاني كا حوض بناتا هى چقمق كے پتهر كو پاني كا چشمہ

۱۱۵ زبور

۱ همكو اى خداوند نهين همكو نهين بلكہ اپنے نام كو بزرگي
دے اپني رحمت كے لئے اور اپني سچائي كے لئے
۲ قومين كيون كهين كہ اُنكا خدا اب كهان هى
۳ همارا خدا تو آسمان پر هى اُسنے جو كچهہ چاها سو كيا
۴ اُنكے بت روپا اور سونا هين آدميون كي دستكاريان
۵ وے منهہ ركهتے هين پر بولتے نهين وے آنكهين ركتے هين
پر ديكهتے نهين

۲ اُسکي نسل زمين پر زوراور هوگي راست بازون کي اولاد مبارک هوگي
۳ اُسکے گهر مين مال متاع اور اُسکي صداقت ابد تک قايم هی
۴ راستبازون کے لئے تاريکي مين نور چمکتا هي وه مهربان اور دردمند
اور صادق هی
۵ بهلا هی وه آدمي جو مهرباني کرتا اور قرض ديتا هی وه اپنے کاروبار
کو راستي سے چلاتا هی
۶ يقينا اُسکو ابد تک جنبش نه هوگي صادق کي يادگاري ابدي هوگي
۷ وه بري خبرين سنکے ڈريگا نهين اُسکا دل مستقيم اُسکا بهروسا
خداوند پر هی
۸ بر قرار هی اُسکا دل وه نه ڈريگا يهان تک که اپنے دشمنون کو
ديکهه نه لے
۹ اُس نے بکهرايا محتاجون کو ديا هی اُسکي صداقت ابد تک باقي
هی اُسکا سينگ جلال کے ساتهه سرفراز هوگا
۱۰ شرير ديکهيگا اور کڑهيگا اپنے دانت پيسيگا اور گل جاويگا شريرون
کي تمنا فنا هو جائيگي

۱۱۳ زبور

۱ **هليلوياه** حمد کرو ای خداوند کے بندو خداوند کے
نام کي حمد کرو
۲ خداوند کا نام اِس دم سے ابد تک مبارک هووے
۳ افتاب کے طلوع سے لے کے اُسکے مغرب تک خداوند کے نام
کي حمد کي جائے
۴ خداوند ساري قومون پر بلند هی اُسکا جلال آسمانون پر هی
۵ خداوند همارے خدا کي مانند کون هی جو بلندي پر رهتا هی
۶ اور نيچے آسمان اور زمين پر نظر کرتا هی
۷ وه مسکين کو خاک سے اُٹها ليتا هی وه محتاج کو گهورے سے
اُٹها کے بلند کرتا هی
۸ تا که اُسے اُمرا کے ساتهه اپنے لوگ کے اُمرا کے ساتهه بيٹهلاوے

۶ وہ قوموں مین عدالت کریگا لاشون سے اُنکو بھر دیگا وہ بہت
مملوکتون پر سرون کو ماریگا
۷ وہ راہ مین نالے کا پانی پئیگا اِسلئے وہ سر بلند کریگا

۱۱۱ زبور

۱ هليلوياه مین تمام دل سے خداوند کي ستایش کرونگا
راستون کي مجلس مین اور جماعت مین
۲ خداوند کے کام بڑے هین دریافت کئے هوئے هین اُن سب سے جو
اُنهین چاهتے هین
۳ عظمت اور حشمت اُسکا کام هی اور اُسکي صداقت
ابد تک قایم هی
۴ اُس نے اپنے عجایب کامون کے لئے یادگاري کر رکھي خداوند
کریم و رحیم هی
۵ راتب اپنے ڈرنیوالون کو اُسنے دیا وہ ابد تک اپنے عهد
کو یاد فرماویگا
۶ اُس نے اپنے کامون کا زور اپنے لوگون کو دکھلایا تا کہ اُنهین قومون
کي میراث بخشے
۷ اُسکے هاتهہ کے کام حق اور عدالت هین اُسکے سارے احکام
معتبر هین
۸ وے همیشہ ابد تک پایدار سچائي اور راستي سے کئے گئے هین
۹ اُس نے اپنہ لوگون کے لئے خلاصي بھیجي اپنے عهد کو ابد تک فرما
رکھا هی اُسکا نام قدوس اور مهیب هی
۱۰ حکمت کا شروع جو هي سو خداوند کا خوف هی اُن سب کا جو
اُن پر عمل کرتے هین خوب ذهن هی اُسکي ستایش ابد تک قایم هی

۱۱۲ زبور

۱ هليلوياه مبارک وہ آدمي جو خداوند سے ڈرتا هی سو اُسکے
فرمانون سے نهایت خوشي مناتا هی

۲۶ ای خداوند میرے خدا میری مدد کر اپني رحمت کے مطابق
مجھے نجات دے
۲۷ تا کہ وے جان جائیں کہ یہہ تیرا ہاتھہ ہی توهي نے ای خداوند
یہہ کیا هی
۲۸ وے لعنت کریں پر تو برکت دے وے اُتھے اور شرمندہ هو جاوینگے
پر تیرا بندہ خوشي مناویگے
۲۹ میرے مخالف رسوائي کي پوشاک سے ملبس هوں اور اپني
شرمندگي کي چادر سے آپ کو چھپا لیویں
۳۰ میں اپنے منہہ سے خداوند کي بہت هي ستایش کرونگا اور بہتوں
کے درمیان اُسکي حمد گاوُنگا
۳۱ کیونکہ وہ محتاج کے دهنے ہاتھہ پر کھڑا هی کہ اُسکو اُسکي جان
کے فتوی دینیوالوں سے بچاوے

۲۳ روز فجر کي نماز

۱۱۰ زبور

۱ **خداوند** نے میرے خدا خداوند کو فرمایا تو میرے دهنے ہاتھہ
بیٹھہ جب تک کہ میں تیرے دشمنوں کو تیرے پاوں تلے کي
چوکي کروں
۲ خداوند تیرے زور کا عصا صیهون میں سے بھیجیگا تو اپنے دشمنوں
کے درمیان حکم راني کر
۳ تیرے لوگ تیري قوت کے دن حسن تقدس کے ساتھہ اپني خوشي
سے آپ هي هدیہہ هونگے صبح کے رحم سے تیرے لئے تیري جواني
کي اُوس هی
۴ خداوند نے قسم کھائي هی اور وہ نہ پچھتاویگا تو ملک صدق کے
طور پر ابد تک کاهن هی
۵ خداوند تیرے دهنے ہاتھہ پر اپنے قهر کے دن بادشاهوں
کو دے ماریگا

۱۱ سود خور اسے پھنسا اُسکا سب کچھہ لے لے اور پردیسي اُسکي
کمائي کو لوٹیں
۱۲ کوئي اُسپر ترس نہ کھاوے اور اُسکے یتیموں پر کوئي رحم کرنیوالا نہو
۱۳ اُسکي نسل باقي نہ رہے اور دوسري پشت میں اُسکا نام متایا جاوے
۱۴ اُسکے باپ دادوں کي بدکاریاں خداوند کے حضور مذکور رہیں اور
اُسکي ما کا گناہ متایا نہ جاوے
۱۵ وے نت خداوند کے آگے رہیں اور وہ زمین پر سے اُنکا تذکرہ
نابود کردے
۱۶ کیونکہ اُسنے رحیمي کو یاد نہ کیا بلکہ غریب اور محتاج اور دل
شکستہ کے پیچھے پڑا تا کہ اُسکو قتل کرے
۱۷ جیسا اُسنے لعنت کرنے کو دوست رکھا سو وہ اُسپر آپڑے اور
جیسا وہ برکت چاھنے سے بیزار رہا سو برکت اُسسے دور رہے
۱۸ جیسا اُسنے لعنت کرنے کو خلعت کي مانند پہن لیا ویسے لعنت
پاني کي مانند اُسکي انتڑیوں میں اور تیل کي طرح اُسکي
ھڈیوں میں گھسے
۱۹ وہ اُسکے لئے ایسا ھووے جیسا پوشاک جو وہ پہنتا ھي اور جیسے
پٹکا جو سدا اُسکي کمر کے گرد لپٹا رہتا ھي
۲۰ خداوند کي طرف سے میرے مخالفوں کا اور اُنکا جو میري جان
کو برا کہتے ھیں یہي بدلا ھووے
۲۱ پر تو مجھہ سے اي خداوند خدا اپنے نام کے واسطے سلوک کر کہ
تیري رحمت خوب ھي مجھے نجات دے
۲۲ کہ میں غریب اور محتاج ھوں اور میرا دل مجھہ میں
چھیدا ھوا ھي
۲۳ میں ڈھلتي ھوي چھاؤں کي مانند تمام ھو چلا میں ٹڈي کي
طرح جھڑکا گیا ھوں
۲۴ میرے گھٹنے فاقے سے سست ھو گئے اور میرے گوشت کي چکنائي
جاتي رہي
۲۵ میں اُنکا ننگ بھي ھوا وے مجھے تاکتے ھیں وے اپنا سر ہلاتے ھیں

۹ معاب میرے دھونے کا لگن ادوم پر مین اپني جوتي چلاونگا فلست پر شادیانہ بجاونگا
۱۰ حسین شہر مین کون مجھے لے جائیگا ادوم تک میرا رہبر کون ہوگا
۱۱ ای خدا کیا تو نہین جسنے ہمین رد کیا اور تو ای خدا جو ہمارے لشکرون کے ساتھہ نہین چلتا
۱۲ مصیبت مین سے ہماري مدد کر کہ رھائي دے کہ آدمي کي طرف سے مدد عبث ھی
۱۳ خداھي کے سبب سے ہم بہادري کرینگے اور وھي ہمارے دشمنون کو لتاڑ ماریگا

۱۰۹ زبور

۱ ای خدا میرے محمود چپ مت رہ
۲ کیونکہ شریر کا منہہ اور دغا باز کا منہہ مجھہ پر کھلا ھی وے جھوٹھي زبان سے میرے ساتھہ بات کرتے ہین
۳ کینہ کي باتون سے اُنہون نے مجھہ کو گھیر لیا ھی اور وے بے سبب مجھہ سے لڑتے ہین
۴ میري دوستي کے عوض مین وے مجھے ستاتے ہین پر مین جو ہون دعا کرتا
۵ بھلائي کے عوض وے میري برائي کرتے ہین اور میري محبت کے بدلے مین عداوت
۶ تو ایک شریر کو اُس پر مقرر کر اور اُسکے دھنے ہاتھہ شیطان کھڑا رھے
۷ جب اُسکي عدالت کي جاوے تو وہ مجرم ٹھہرے اور اُسکي دعا گناہ گني جاوے
۸ اُس کے دن تھوڑے ہووین اُسکا عہدہ دوسرا پاوے
۹ اُس کے بچے یتیم ہو جاوین اور اُسکي جورو بیوہ ہو جاوے
۱۰ اُسکے بچے مارے مارے پھرین اور بھیکھہ مانگین اور اپنے ویرانون سے خوراک ڈھونڈھتے پھرین

۳۸ اور وہ اُنهین برکت دیتا هی سو وے بهت هو جاتے هین اور اُنکي
مواشي کو کم هونے نهین دیتا
۳۹ وے پهر گهٹ جاتے هین اور ذلیل هوتے هین ظلم اور مصیبت
اور غم کے مارے
۴۰ وہ امیرون پر ذلت ڈالتا هی اور ایسا کرتا هی کہ وے جنگل
جنگل بے راہ بهٹکتے پهرتے هین
۴۱ اور وہ محتاج کو دکهہ سے چهڑا بلند کرتا هی اور گلے کي طرح
گهرانے کر دیتا هی
۴۲ صادق لوگ دیکهینگے اور خوش هونگے اور ساري بدي کا منهہ
بند هو جائیگا
۴۳ کون هی حکیم کہ اِن باتون پر نگاہ رکهے وے هي خداوند کي
مهر کو سمجهینگے

۲۲ روز شام کي نماز
۱۰۸ زبور

۱ ای خدا میرا دل مستقیم هی مین اپني شوکت کے ساتهہ
گاؤنگا اور مدح سرائي کرونگا
۲ جاگ ای بین اور بربط مین سویرے جاگونگا
۳ ای خداوند مین اُمتون کے درمیان تیري ستایش کرونگا اور قومون کے
بیچ تیري حمد گاؤنگا
۴ کیونکہ بڑي هی تیري رحمت آسمانون کے اُپر اور تیري سچائي
بدلیون تک
۵ ای خدا آسمانون کے اُپر بلند هو اور تیرا جلال ساري زمین کے اُپر
۶ تا کہ تیرے عزیز چهڑائے جاوین اپنے دهنے هاتهہ سے نجات
دے اور میري سن
۷ خدا نے اپنے تقدس مین فرمایا هی مین خوشي مناؤنگا مین سکم کو
تقسیم کرونگا اور سکات کي وادي کو ماپونگا
۸ جلعاد میرا هی اور منسي میرا اور افرائیم میرے سرکا زور هی
یهوداہ میرا قانون ٹهہرانیوالا

۲۳ وے جو جہازون میں سمندر کي سیر کرتے ہیں اور بڑے پانیون
پر کام رکھتے ہیں
۲۴ وے ھي خداوند کے کامون کو اور گہراؤ مین اُسکے عجایبات
کو دیکھتے ہیں
۲۵ کہ وہ حکم کرتا ھی طوفاني ھوا اُٹھتي اور اُسکي موجون کو
بلند کرتي ھی
۲۶ وے آسمان پر چڑھتے ہیں پھر گہراؤ مین اُترتے ہیں اُنکي جانین
پریشاني سے پگھل جاتین ہیں
۲۷ وے بد مست کي طرح ڈگمگاتے اور لڑکھڑاتے ہیں اور اُنکے حواس
بالکل اُڑ گئے ہیں
۲۸ اور وے اپني بپت مین خداوند کو پکارتے ہیں اور وہ انکي
مصیبتون سے اُنہیں چھڑاتا ھی
۲۹ وہ طوفان کو تھاما دیتا ھی اور اُسکي موجین قرار پکڑتي ہیں
۳۰ تب وے خوش ھوتے ہیں کہ اُنہین چین ملا اور وہ اُنکو جس
بندر مین جایا چاہتے ہیں پہنچاتا ھی
۳۱ وے خداوند کے آگے اُسکي رحمت کي اور بني آدم کے لئے اُسکے
عجایب کامون کي ستایش کرین
۳۲ اور لوگون کي جماعت مین اُسکي بڑائي کرین اور بزرگون کي
مجلس مین اسکي ستایش بجا لاوین
۳۳ وہ نہرون کو صحرا اور پاني کے چشمون کو سوکھي زمین
بنا ڈالتا ھی
۳۴ میوہ دار زمین کو شور کر دیتا ھی انکي شرارت کے سبب جو
وہان بستے ہیں
۳۵ وہ بیابان کو جھیل اور خشک زمین کو چشمے بناتا ھی
۳۶ اور وہان بھوکھون کو بساتا ھی اور وے رہنے کے لئے شہر
تیار کرتے ہیں
۳۷ اور کھیتي کرتے اور انگورون کے باغ لگاتے اور پھل کي تحصیل
کرتے ہیں

۸ وے خداوند کے آگے اسکي رحمت کي اور بني آدم کے لئے اسکے
عجايب کاموں کي ستايش کرين
۹ کيونکہ اسنے مشتاق جان کو آسودہ کيا اور بھوکھے کا جي خوبي
سے بھر ديا ھے
۱۰ وے جو تاريکي ميں اور موت کے سائے ميں بيٹھے تھے اور مصيبت
اور لوھے سے جکڑے ھوے
۱۱ کيونکہ اُنھوں نے خدا کے حکموں سے بغاوت کي اور حق تعاليٰ کي
مصلحت کي حقارت کي
۱۲ اِسلئے اُسنے اُن کے دلوں کو مشقت سے عاجز کيا وے گر پڑے اور
کوئي مددگار نہ تھا
۱۳ اور اُنھوں نے اپني بپت ميں خداوند کو پکارا اُس نے اُنھيں
مصيبتوں سے چھڑايا
۱۴ اُس نے اُنھيں تاريکي اور موت کے سايہ تلے سے باھر نکالا اور اُنکے
بندھنوں کو توڑ ڈالا
۱۵ وے خداوند کے آگے اُسکي رحمت کي اور بني آدم کے لئے اُسکے
عجايب کاموں کي ستايش کرين
۱۶ کيونکہ اُسنے پيتل کے دروازے توڑے اور لوھے کے بينڈے کاٹ دئے
۱۷ احمق اپني بد چالي سے اور اپني بد کاري کے سبب رنجيدہ ھوئے
۱۸ اُن کے جي کو ھرايک طرح کے کھانے سے نفرت ھوئي اور وے
موت کے دروازوں پاس آپھنچے
۱۹ اور اُنھوں نے اپني بپت ميں خداوند کو پکارا اُس نے اُنھيں اُن
کي مصيبتوں سے چھڑايا
۲۰ اُس نے اپنا کلام بھيجا اور اُنھيں چنگا کيا اور اُنھيں اُنکے ھلاکتوں
سے رھائي بخشي
۲۱ وے خداوند کے آگے اُسکي رحمت کي اور بني آدم کے لئے اُسکے
عجايب کاموں کي ستايش کرين
۲۲ اور حمد کے ذبيحوں کو گذرانيں اور شادماني سے اُس کے کاموں
کو بيان کرين

۴۳ اُسنے بارھا انکو چھڑایا اور انھون نے اپني مشورت سے سرکشي کي
اور وے اپني بدي کے سبب پست ھوے
۴۴ سو اُسنے اُنکے دکھہ پر نظر کي جب کہ اُسنے اُنکا نالہ سنا
۴۵ اور اُسنے اُنکے لئے اپنے عھد کو یاد فرمایا اور اپني رحمتون کي فراواني
کے مطابق پچھتایا
۴۶ اور ایسا کیا کہ اُن سب نے جو اُنھیں اسیر کر کے لے
گئے اُن پر ترس کھایا
۴۷ اي خداوند ھمارے خدا ھمکو نجات بخش اور ھمکو غیر قومون
میں سے نکال کے جمع کر تا کہ تیرے مقدس نام کي ستایش کریں اور
تیري ثنا میں شادیانہ بجاویں
۴۸ مبارک ھي خداوند اسرائیل کا خدا ازل سے ابد تک اور سارے
لوگ بولیں آمین ھلیلویاہ

۲۲ روز فجر کي نماز

۱۰۷ زبور

۱ **خداوند** کي ستایش کرو کہ وہ بھلا ھي کہ اُسکي رحمت
ابد تک ھي
۲ وے جو خداوند کے خلاص کئے ھوئے ھیں یون کھیں جنھیں اُسنے
دشمن کے ھاتھہ سے خلاص کیا ھي
۳ اور ملکون میں سے جمع کیا پورب اور پچھم سے اُتر اور سمندر سے
۴ وے جنگل میں اس ویرانے میں جھان راہ نھیں بھٹکتے تھے اُنھیں
کوئي شھر نہ ملتا تھا جھان بسیں
۵ بھوکھے اور پیاسے اُنکي جان غش کھاتي تھي
۶ اور اُنھون نے اپني بپت میں خداوند کو پکارا اُسنے انکي مصیبتون
سے اُنھیں چھڑایا
۷ اور اُنھیں سیدھي راہ میں چلایا تا کہ وے بسنے لایق شھر
میں پھنچیں

۲۶ اور اُسنے اپنا هاتهه اُن پر اُٹھایا که اُنهیں بیابان میں گرا دے
۲۷ اور اُنکي نسل کو قوموں میں گرا دے اور اُنهیں ملکوں میں تتر بتر کر دے
۲۸ پهر وے بعل فغور سے مل گئے اور مردوں کي قربانیاں کهانے لگے
۲۹ اور اُنهوں نے اُسکو اپنے عملوں سے غصه دلایا اور وبا اُن میں ٹوٹ پڑي
۳۰ اُس وقت فنیحاس اُٹها اور انصاف کیا سو وبا موقوف هو گئي
۳۱ اور یهه اُسکے واسطے صداقت گني گئي پشت در پشت ابد تک
۳۲ اُنهوں نے پهر اسکو مریباه کے پانیوں پر غصه دلایا اور اُنکے سبب موسیٰ سے برائي هوئي
۳۳ کیونکه انهوں نے اسکي روح کو دق کیا ایسا که وه اپنے هونٹهوں سے نامناسب بولا
۳۴ انهوں نه ان قوموں کو هلاک نه کیا جن کے حق میں خداوند نے انهیں فرما دیا تها
۳۵ بلکه غیر قوموں سے میل کیا اور ان کے کام سیکهے
۳۶ اور انکے بتوں کي پرستش کي اور ان کے لئے پهندا هو گئے
۳۷ اور انهوں نے اپنے بیٹوں اور اپني بیٹیوں کو شیاطین کے لئے قرباني کیا
۳۸ اور بے قصور لهو یعنے اپنے بیٹوں اور اپني بیٹیوں کا لهو بهایا جنهیں کنعان کے بتوں کے آگے ذبح کیا اور زمین لهو سے ناپاک هوئي
۳۹ اور وے اپنے کاموں سے پلید هو گئے اور اپنے فعلوں سے زنا کار ٹهہرے
۴۰ تب خداوند کا غصه اپنے لوگ پر بهڑکا اور اسنے اپني میراث سے نفرت کي
۴۱ اور انهیں غیر قوموں کے قبضے میں کر دیا اور وے جو ان کا کینه رکهتے تهے ان پر مالک هوے
۴۲ اور انکے دشمنوں نے ان پر ظلم کیا اور وے زیردست هو کے انکے تحت هو گئے

۱۰ اور اُسنے اُنہیں اُسکے ہاتھہ سے جو ان کا کینہ رکھتا تھا نجات
دي اور دشمن کے ہاتھہ سے انہیں خلاصي بخشي
۱۱ اور پانیوں نے اُنکے بیریون کو چھپا لیا اُن میں سے ایک
بھي نہ بچا
۱۲ تب وے اُسکے کلام پر ایمان لائے وے اُسکي حمد کا گیت گائے
۱۳ وے جلدي کر کے اُسکے کامون کو بھول گئے اُسکي صلاح کے
انتظار میں نہ رہے
۱۴ اُنہون نے جنگل میں حرص سے خواہش کي اور بیابان میں
خدا کو آزمایا
۱۵ اور اُسنے اُنکا مطلب پورا کیا پر اُنکي جانون میں دبلا پا بھیجا
۱۶ اور اُنہون نے خیمگاہ میں موسي پر اور خداوند کے مقدس مرد
ہارون پر حسد کیا
۱۷ اور زمین پھٹي اور داتن کو نگل گئي اور ابیرام کي جماعت
ڈھانپ لي
۱۸ اور اُنکي جماعت میں آگ جل اُٹھي شعلے نے شریرون کو بھسم کیا
۱۹ اُنہون نے حُوریب میں ایک بچھڑا بنایا اور ڈھالي ہوئي مورت
کو سجدہ کیا
۲۰ اور اپنے جلال کو ایک بیل کي تشبیہ سے جو گھاس کھاتا
ہے بدل ڈالا
۲۱ اُنہون نے اپنے نجات دینیوالے خدا کو بھلا دیا جسنے مصر میں
بڑے بڑے کام کئے تھے
۲۲ عجایب کام حام کي زمین میں ہیبت ناک کام دریاے قلزم پر
۲۳ اور اُسنے فرمایا کہ میں اُنہیں ہلاک کرونگا اگر اُسکا برگزیدہ موسي
درار میں اُسکے آگے نہ کھڑا ہوتا تا کہ اُسکے غضب کو پھیرے نہ ہووے
کہ وے اُنہیں ہلاک کر ڈالے
۲۴ ہان اُنہون نے اس دل پذیر زمین کي حقارت کي وے اُسکے کلام
پر ایمان نہ لائے
۲۵ اور اپنے خیمون میں کڑ کڑائے وے خداوند کي آواز کے شنوا نہوے

۴۳ اور اپنے لوگ کو خوشي کے ساتھہ اپنے برگزيدون کو کڑک کے
ساتھہ نکال لايا
۴۴ اور اُنھيں قومون کي سر زمينيں ديں اور اُمتون کا حاصل اُنھوں
نے ميراث ميں پايا
۴۵ تا کہ وے اُسکے حکمون کو حفظ کريں اور اُسکي شريعت کو ياد
رکھيں هليلوياہ

۲۱ روز شام کي نماز
۱۰۶ زبور

۱ **هليلوياہ** خداوند کي ستايش کرو کيونکہ وہ بھلا هي کہ
اُسکي رحمت ابدي هي
۲ کون خداوند کے زبردست کامون کا بيان کر سکتا هي کون اُسکي
پوري تعريف سنا سکتا هي
۳ مبارک وے جو عدل کو ياد رکھتے هيں وہ جو هروقت صداقت
پر عمل کرتا هي
۴ اي خداوند وہ مهر ميرے حق ميں ياد فرما. جو تو اپنے بندون پر
کرتا هي مجھہ پر اپني نجات ليکے متوجہ هو
۵ تا کہ ميں تيرے برگزيدون کي بھلائي ديکھون تيري قومون کي
خوشي مے خوش هون تيري ميراث کے ساتھہ شاديانہ بجاؤن
۶ هم نے اپنے باپ دادون سميت گناہ کئے هم نے نافرماني کي
هم نے شرارت کي
۷ همارے باپ دادے مصر کے بيچ تيري عجايب قدرتون کو نہ سمجھے
اُنھون نے تيري رحمتون کي کثرت کو ياد نہ کيا بلکہ دريا پر درياے
قلزم پر بغاوت کي
۸ ليکن اُسنے اپنے نام کے واسطے اُنھيں بچايا تا کہ اپني قدرت
ظاهر کرے
۹ اور اُسنے درياے قلزم کو ڈانٹا سو وہ سوکھہ گيا اور وہ اُنھيں گھرائيون
ميں سے پار لے گيا جيسے بيابان ميں سے

۲۷ اِنہوں نے اُن کے درمیان حام کی زمین میں اُسکے نشانوں اور معاجزوں کو ظاہر کیا
۲۸ اُس نے تاریکی بھیجی سو اندھیرا ہوا اور اُنہوں نے اُسکے سخن سے سر کشی نہ کی
۲۹ اُس نے اُنکے پانیوں کو لہو کر ڈالا اور اُنکی مچھلیوں کو مار ڈالا
۳۰ اُن کی زمین نے بہت سے مینڈک اُگلے اُنکے بادشاہوں کی کتھریوں میں بھی
۳۱ اُس نے حکم کیا اور مکھیاں اور مچھر اُنکی سب حدوں میں آئیں
۳۲ اُس نے مینہ کی جگہہ اُن پر اولے برسائے اُنکی سر زمین میں بھڑکتی ہوئی آگ
۳۳ اور اُنکے انگور اور انکے انجیروں کے باغ برباد کئے اور انکی حدوں کے درخت توڑ ڈالے
۳۴ اُس نے حکم کیا اور ٹڈی آئی اور ملخ اور وہ بے شمار تھے
۳۵ اور اُنکی زمین کی ساری سبزیاں کھا گئے اور اُنکے ملک کے میوے نگل گئیں
۳۶ اور اُسنے اُنکی سر زمین میں سارے پہلوٹے مارے اُنکی تمام قوت کے پہلے پھل
۳۷ اور وہ اُنہیں روپے اور سونے کے ساتھہ نکال لایا اور اُنکے فرقوں میں ایک بھی ناتوان نہ تھا
۳۸ اُن کے نکل جانے سے مصر خوش ہوا کیونکہ اُن کا خوف اُن پر پڑا تھا
۳۹ اُس نے بدلی کو پھیلایا تا کہ سایہ کرے اور آگ کو تا کہ رات کے وقت روشنی دیوے
۴۰ اُنہوں نے مانگا اُسنے بٹیریں پہنچا دیں اور اُن کو آسمانی روٹی سے سیر کیا
۴۱ اُس نے چٹان کو چیرا اور پانی اُچھلے وے نہر کی مانند خشکی پر بہے
۴۲ کیونکہ اُسنے اپنے مقدس کلام کو اور اپنے بندے ابراہیم کو یاد رکھا

۱۱ يهه کہتے هوے کہ تجھے مين کنعان کي زمين تمهاري ميراث
کا حصہ دونگا
۱۲ جس وقت کہ وے شمار مين تهوڑے بہت تهوڑے تهے اور
زمين مين پرديسي
۱۳ اور وے قوم بقوم اور مملوکت بمملوکت پهرا کئے
۱۴ اُسنے کسي کو اُن پر ظلم کرنے نديا اور اُنکي خاطر بادشاهون
کو تنبيه کي
۱۵ کہ ميرے ممسوحون کو مت چهوؤ اور ميرے نبيون کو
دکهه مت دو
۱۶ اور اُسنے اُس سر زمين پر کال کو بلايا اُسنے روٹي کي ٹيک
بالکل توڑي
۱۷ اُس نے اُنکے آگے ايک شخص کو بهيجا يوسف بيچا گيا
کہ غلام هو
۱۸ جس کے پانون کو اُنهون نے بيڑيان پهنا کے دکهه ديا اُسکي جان
لوهے کي قيد هوئي
۱۹ جس وقت تک کہ اُس کا کلام پهنچا خداوند کے سخن نے اُسے تايا
۲۰ بادشاہ نے بهيجا اور اُسے رهائي دي اُمتون کے حاکم نے اور
اُسے آزاد کيا
۲۱ اُسنے اُسے اپنے گهر کا مختار اور اپني ساري ملکيت پر حاکم ٹهرايا
۲۲ تا کہ اُسکے سردارون کو جب چاهے باندهہ ڈالے اور اُسکے بزرگون کو
عقل سکهلاوے
۲۳ اسرائيل بهي مصر مين آيا اور يعقوب حام کي زمين مين
مسافر هوا
۲۴ اور اُسنے اپنے لوگ کو بہت هي بڑهايا اور اُنهين اُنکے دشمنون
سے زيادہ قوي کيا
۲۵ اُس نے اُنکے دلون کو پهيرا کہ وے اُسکے لوگ سے عداوت کرنے لگے
اور اُسکے بندون سے فطرت
۲۶ اُس نے اپنے بندے موسيٰ کو بهيجا اور هارون کو جسے اُسنے چنا

۳۱ خداوند کا جلال ابد تک هو خداوند اپنے کامون سے خوشي مناوے
۳۲ وہ زمین پر نظر کرتا هی سو کانپ جاتي هی وہ پہاڑون کو چھوتا
هی اُن سے دھوان اُٹھتا هی
۳۳ مین جب تک میري زندگي هی تب تک خداوند کے گیت
گاؤنگا مین جب تک مین هون اپنے خدا کي مدح سرائي کرونگا
۳۴ میرا سوچ اُسے پسند آوے مین خداوند سے خوشوقت هوونگا
۳۵ گنہگار زمین پر سے فنا هو جاوینگے اور شریر باقي نہ رهینگے ای
میري جان خداوند کو مبارک کہہ هلیلویاہ

۲۱ روز فجر کي نماز
۱۰۵ زبور

۱ **خداوند** کي ستایش کرو اُس کا نام لے کے پکارو لمتون کے
درمیان اُسکے کامون کو ظاهر کرو
۲ اُس کے گیت گاؤ اُسکي مدح سرائي کرو اُسکے سب عجایب
کامون کو سوچو
۳ اُس کے مقدس نام پر فخر کرو خداوند کے طالبون کے دل
خوشوقت هوویں
۴ خداوند اور اُسکي قوت کا کھوج کرو سدا اُسکے چہرے کي
تلاش مین رهو
۵ اُس کے عجایب کامون کو جو اُسنے کئے اُسکے معاجزون کو اور اُسکے
منہہ کي عدالتون کو یاد کرو
۶ ای نسل ابراهیم اُسکے بندو ای بني یعقوب اُسکے برگزیدو
۷ وهي خداوند همارا خدا هی تمام روے زمین پر اُسکي عدالتین هین
۸ اُس نے ابد تک اپنے عہد کو اُس کلام کو جو اُسنے هزار پشتون کے
لئے فرمایا یاد کیا هی
۹ جس کو اُسنے ابراهیم سے کیا اور اسحاق سے اُسکي قسم کھائي
۱۰ اور اُسے یعقوب کے لئے ایک شریعت اسرائیل کے لئے ایک ابدي
عہد ٹھہرایا

۱۷ جس میں پرند آشیانے بناتے هیں اور لگلگ جو هے سرو کے درختون میں اُس کا گهر هے
۱۸ اُنچے پہاڑ کوهي بکرون کے لئے هیں اور چٹان جنگلي خرگوشون کي پناه کے لئے
۱۹ اُس نے چاند کو میعادون کے لئے بنایا آفتاب اپنے غروب کو جانتا رکھتا هے
۲۰ تو اندهیارا کرتا اور رات هوتي جس میں سارے جنگلي چار پاے سیر کرتے هیں
۲۱ شیر بچے اپنے شکار کے لئے گرجتے هیں اور خدا سے اپني خوراک مانگتے هیں
۲۲ آفتاب نکلتا وہ جمع هوتے هیں اور اپنے غارون میں جا بیٹھتے هیں
۲۳ انسان اپنے کاروبار کے لئے باهر نکلتا هے اور اپني محنت کے لئے شام تک
۲۴ اي خداوند تیري صنعتیں کیاهي بہت هیں تو نے اُن سب کو حکمت سے بنایا زمین تیرے مال سے پر هے
۲۵ پهر یہ سمندر هے بڑا اور چوڑا جس میں بے شمار چهوٹے اور بڑے چلنے والے جانور هیں
۲۶ اُس میں جهاز چلتے هیں لویتان بهي جو تو نے بنایا اُس میں کهیلتا پهرے
۲۷ یہ سب تیري طرف تاکتے هیں کہ تو وقت پر اُنکي خوراک پہنچا دیوے
۲۸ تو اُنهیں دیتا هے وے لے لیتے هیں تو اپني مٹهي کهولتا هے وہ اچهي چیزون سے سیر هو جاتے هیں
۲۹ تو اپنا چہرہ چهپاتا هے وے گهبرا جاتے هیں تو اُنکا دم پهیر لیتا هے وہ مرجاتے اور اپني ماٹي میں پهر مل جاتے هیں
۳۰ تو اپنا دم بهیجتا هے وہ پیدا هوتے هیں اور تو روے زمین کو سر نو کر دکهلاتا هے

۲ نور کو پوشاک کي مانند پهنتا هی آسمانون کو پردے کي مانند پهيلاتا هی
۳ وہ اپنے بالا خانے پانيون سے بنتا بادلون کو اپني رتهه ٹههراتا هوا کے بازوٰن پر سير کرتا هی
۴ وہ هواوٰن کو اپنے فرشتے بناتا هی جلتي آگ کو اپنے خدمت گذار
۵ اُس نے زمين کو اُسکي بنيادون پر بنايا کہ اُسے کبهي ابد تک جنبش نهين
۶ تو نے اُسکو جيسے لباس سے گهراوٰن سے ڈهانپا پاني پهاڑون کے اُپر کهڑے هوتے هين
۷ وے تيري گهڑکي سے بهاگتے تيري گرج کي آواز سے هالي هالي چلتے
۸ پهاڑون پر چڑهتے هين وے نيچائيون مين اُتر جاتي اُس جهگہ کے بيچ جو تو نے اُن کے لئے بنائين
۹ تو نے حد باندهي هی وے اُسے گذرتے نهين وے زمين کو ڈهانپنے کے لئے پهرتے هين
۱۰ وہ سوتون کو واديون مين بهہ نکلتا هی وے پهاڑون کے درميان بهتے هين
۱۱ وے هر ايک دشتي حيوان کو پاني ديتے هين گورخر اُس سے اپني پياس بجهاتے هين
۱۲ اُن کے اُپر آسمان کے پرندے بسرے ليتے هين وے ڈال ڈال پر چهچهاتے هين
۱۳ وہ اپنے بالا خانون سے پهاڑون کو سينچتا هی تيري صنعتون کے پهل سے زمين سير هی
۱۴ چرندون کے لئے گهاس اور اِنسان کي خدمت کے لئے سبزي وهي اُگاتا هی تا کہ زمين سے خوراک پيدا کرے
۱۵ اور مي جو انسان کے دل کو خوش کرتي هی اور روغن سے زيادہ چهرے کو چمکاتي هی اور روٹي جو انسان کے دل کو طاقت بخشتي هی
۱۶ خداوند کے درخت سير هين لبنان کے صنوبر جو اُسنے لگائے

۱۱ کہ جس طرح سے آسمان زمين کے اُپر بلند هی اُسي طرح اُسکي
رحمت اُن پر بڑي هی جو اُسے ڈرتے هيں
۱۲ جتني پورب پچھم سے دور هی اُتني دور تک اُسنے هماري
خطاؤں کو هم سے جدا کيا هی
۱۳ جسطرح باپ بيٹون پر ترس کھاتا هی اُسی طرح خداوند اُن پر
جو اُس سے ڈرتے هيں ترس کھاتا هی
۱۴ کہ وہ هماري اصل کو جانتا هی اُسے ياد هی کہ هم مٹي هيں
۱۵ آدمي جو هی اُسکے دن گھاس کی مانند هيں وہ جنگلي گل کي
مانند پھولتا هی
۱۶ کہ هوا اُس پر سے گذري اور وہ نهيں اور اُسکي جگہہ پھر
اُسے نہ پهچانيگي
۱۷ ليکن خداوند کي رحمت اُن پر جو اُسے ڈرتے هيں ازل سے
ابد تک هی اور اُسکي صداقت فرزندون کے فرزندون پر
۱۸ جو کہ اُسکے عهد کو حفظ کرتے هيں اور اُسکے حکمون کو ياد کرکے
اُن پر عمل کرتے هيں
۱۹ خداوند نے آسمانون پر اپنا تخت تيار کر رکھا هی اور اُسکي
بادشاهت سب پر حکم ران هی
۲۰ خداوند کو مبارک کهو ای اُسکے فرشتو تم جو زور ميں قوي هو
اور اُسکے حکمون پر عمل کرتے هو تم جو اُسکے کلام کي آواز سنتے هو
۲۱ خداوند کو مبارک کهو ای اُسکے سب لشکرو اُسکے خدمت کرنيوالو
جو اُسکي مرضي پر چلتے هو
۲۲ خداوند کو مبارک کهو ای اُسکے سارے مخلوق اُسکي مملکت
کے هر مقام ميں ای ميري جان تو خداوند کو مبارک کهہ

۲۰ روز شام کي نماز

۱۰۴ زبور

۱ ای ميري جان خداوند کو مبارک کهہ ای خداوند ميرے خدا
تو نهايت هي بزرگ هی تو عظمت و حشمت کا لباس پهنے هوے هی

۲۳ اُس نے راہ میں میرا زور گھٹا دیا میري عمر کو کوتاہ کیا
۲۴ میں نے کہا ای میرے خدا میري آدھي عمر میں مجھہ کو نہ
اُٹھا لے تیرے برس پشت در پشت ہیں
۲۵ تو نے قدیم سے زمین کي بنا ڈالي اور آسمان تیرے ہاتھہ
کي صنعتیں ہیں
۲۶ وے نیست ہو جائینگے پر تو باقي رہیگا ہاں وے سب پوشاک
کي مانند پرانے ہو جائینگے تو اُنہیں لباس کي مانند بدلیگا اور وے
مبدل ہووینگے
۲۷ پر تو وہي ہی اور تیرے برسون کي اِنتہا نہیں
۲۸ تیرے بندوں کے فرزند بسینگے اور اُنکي نسل تیرے حضور
قایم رہیگي

زبور ۱۰۳

۱ ای میري جان خداوند کو مبارک کہہ اور وہ سب جو مجھہ
میں ہو اُسکے مقدس نام کو
۲ خداوند کو مبارک کہہ ای میري جان اور اُسکي سب نعمتون
کو فراموش نہ کر
۳ وہ تیري ساري بدي کو معاف کرتا وہ تجھے ساري بیماریوں
سے شفا بخشتا ہی
۴ وہ تیري جان کو ہلاکت سے خلاصي دیتا وہ تجھہ پر ترس اور
رحمتون کا تاج رکھتا ہی
۵ وہ خوشي سے تیري خاطر جمعي کرتا ہی عقاب کي مانند تیري
جواني نئي ہو جاتي ہی
۶ خداوند صداقت اور انصاف کا کرنیوالا ہی سارے مظلومون کے لئے
۷ اُسنے اپني راہیں موسیٰ کو بتلائیں اور اپنے کام بني اسرائیل کو
۸ خداوند رحیم و کریم ہی تحمل کرنیوالا اور نہایت ہي مہربان
۹ اُسکا جھنجلانا دایمي نہیں وہ اپنے غصہ کو ابد تک نہیں رکھہ چھوڑتا
۱۰ اُسنے ہمارے گناہون کے موافق ہم سے نہیں کیا اور ہماري خطاؤن
کے مطابق ہم کو بدلا نہیں دیا

۸ میرے دشمن سارے دن مجھے ملامت کرتے ہیں وے جو میرا نام لیکے کوستے ہیں میري دشمني میں دیوانے ہیں

۹ کہ میں روٹي کي جگہہ خاک پھانکتا ہوں اور اپنے پاني میں آنسو ملاتا ہوں

۱۰ تیرے غضب اور قہر کے سبب سے کیونکہ تو نے مجھہ کو اُٹھایا اور مجھے پٹک دیا

۱۱ میرے دن سایہ کي مانند ہیں جو زایل ہو جاتا هی اور میں گھاس کي مانند مرجھایا

۱۲ پر تو اي خداوند ابد تک باقي هی اور تیرا ذکر پشت در پشت

۱۳ تو اُٹھیگا تو صیہون پر رحم کریگا کہ اُس پر مہر کرنیکا وقت ہاں اُس کا معین وقت پہنچا هی

۱۴ کہ اُس کے پتھروں سے تیرے بندے خوشي منتے اور اُسکي خاک پر ترس کھاتے ہیں

۱۵ اور قومیں خداوند کے نام سے ڈرینگي اور زمین کے سارے بادشاہ تیرے جلال سے

۱۶ کہ خداوند صیہون کو بنا کرتا وہ اپنے جلال میں ظاہر ہوتا هی

۱۷ وہ ناچار کي دعا کي طرف متوجہ ہوتا اور اُنکي دعا کو ناچیز نہیں جانتا هی

۱۸ یہہ پچھلي پشت کے لئے لکھا جائیگا اور لوگ جو پیدا ہونگے خداوند کي ستایش کرینگے

۱۹ کہ اُسنے اپني مقدس بلندي پر سے نگاہ کي خداوند نے آسمان پر سے زمین پر نظر کي

۲۰ تا کہ قیدیوں کا کراہنا سنے تا کہ اُنہیں جو موت کے پنجے میں ہیں چھڑاوے

۲۱ تا کہ صیہون میں خداوند کا نام بیان کیا جاے اور یروشلم میں اُسکي ستایش

۲۲ جب کہ اُمتیں اور مملکتیں خداوند کي عبادت کے لئے ایک ساتھہ جمع ہوویں

۳ مین اپني انکهون کے رو برو کسي بري بات کو نرکهونگا کجروي
کرنے سے مجهے عداوت هي وه مجهه سے نه لپٹيگا
۴ ترچها دل مجهه سے جاتا رهيگا مين شر سے اشنائي نه کرونگا
۵ وه جو چهپ کے اپنے همسائي پر تهمت لگاتا هي مين اُسے جان سے
مارونگا جو گهمنڈ سے ديکهتا اور جسکا مگرا دل هي مين اُس
کي برداشت نه کرونگا
۶ ميري انکهين زمين کے ايمانداروں پر هين که وے ميرے ساتهه رهين
جو راه راست پر چلتا هي وهي ميري خدمت کريگا
۷ وه جو دغا باز هي ميرے گهر مين نرهيگا جهوٹهه کهنيوالے ميري
نظر کے تلے نه ٹههريگا
۸ سويرے مين زمين کے سارے شريروں کو هلاک کرونگا تا که خداوند
کے شهر سے سارے بد کاروں کو کاٹ ڈالوں

۲۰ روز فجر کي نماز

۱۰۲ زبور

۱ اي خداوند ميري دعا سن اور ميري فرياد کو اپنے حضور
پهنچنے دے
۲ اپنا منهه مجهه سے نه چهپا ميري تنگي کے دن ميري طرف کان
رکهه جس دن مين پکاروں جلد مجهے جواب دے
۳ که ميري عمر دهوين کي طرح غايب هو جاتي اور ميري هڈيان
لکٹي کي مانند جل جاتين
۴ گهاس کي مانند ميرا دل مارا پڑا اور سوکهه گيا هي ايسا که مجهے
روٹي کهانے کو بهي چيت نهين رهتا
۵ ميرے کراهنے کے شور سے ميري هڈيان ميرے گوشت سے آ ملين
۶ مين جنگلي حواصل کي مانند هوا مين ويرانے کا الو بنا
۷ مين پڑا جاگتا هون اور گورے کي مانند هون جو چهت کے
اُپر اکيلا بيٹها هو

۴ اور بادشاه کي قوت کي وه عدالت کو دوست رکهتا هی تو هي نے
راستي کو ٹهہرا رکها هی عدالت اور صداقت بني يعقوب مين تو
هي نے جاري کي هی
۵ خداوند همارے خدا کو تم بزرگ جانو اور اُسکے پانو کي کرسي پاس
سجده کرو قدوس هی وه
۶ موسى اور هارون اُسکے کاهنون کے درميان اور سموئيل اُنکے بيچ جو
اُسکے نام کے پکارنيوالے هين وے خداوند کو پکارتے هين اور وه
اُنکي سنتا هی
۷ اُسنے بدلي کے ستون مين سے اُنکے ساتهه باتين کين اُنهون نے اُسکي
گواهيون کو حفظ کيا اور اُسنے اُنهين شريعت دي
۸ اى خداوند همارے خدا تو نے اُنکي سني تو اُنکا بخشنيوالا خدا تها
اور بدلا لينيوالا بهي اُنکے بد اعمال کا
۹ خداوند همارے خدا کو بزرگ جانو اور اُسکے مقدس پہاڑ پاس سجده
کرو کہ خداوند همارا خدا قدوس هی

۱۰۰ زبور

۱ اى تمام زمينون خداوند کے لئے خوشي سے نعره مارو
۲ خوشي سے خداوند کي عبادت کرو گاتي هوئي اُسکے حضور آو
۳ جانو کہ خداوند وهي خدا هی اُسي نے همکو اپنے لوگ اور اپني
چراگاه کي بهيڑين بنايا نہ کہ همنے اپنے تئين
۴ شکر گذاري کرتے هوئے اُسکے دروازون مين اور حمد کرتے هوئے اُسکي
بارگاهون مين داخل هو اُس کے شکر گذار هو اُسکے نام کو مبارک کهو
۵ کہ خداوند بهلا هی اُسکي رحمت ابدي اور اُسکي وفائي
پشت در پشت هی

۱۰۱ زبور

۱ مين رحمت اور عدالت کے گيت گاونگا اى خداوند مين
تيري مدح سرائي کرونگا
۲ مين راه راست مين دانشمندي کے ساتهه چلونگا تو مجهه پاس
کب آويگا مين اپنے گهر مين دل کي راستي سے ٹہلتا پهرونگا

۱۹ روز شام کي نماز

۹۸ زبور

۱ **خداوند** کا نیا گیت گاؤ کیونکہ اُسنے عجایب کام کئے اُسکے
دهنے هاتهہ اور اُسکے مقدس بازو نے اُسے فتح بخشي
۲ خداوند نے اپني نجات ظاهر کي اپني صداقت اُمتون کو
صاف دکهلائي هی
۳ اُس نے اِسرائیل کے گهرانے کي بابت اپني مهرباني اور سچائي یاد
فرمائي زمین کي ساري حدون نے همارے خدا کي نجات دیکهي هی
۴ ای ساري سر زمین خداوند کے لئے خوشي سے نعرہ مار پکار
خوشي سے مدح سرائي کر
۵ خداوند کے لئے بربط بجا کے گاؤ بربط بجا کے سر باندهہ
کے گاؤ
۶ ترهي پهونکتے نرسنگے بجاتے خداوند بادشاہ کے آگے خوشي کي
آواز کرو
۷ سمندر اور اُسکي معموري دنیا اور اُسکے رهنیوالے شور
مچاوین
۸ نهرین تال دیوین پهاڑ ملکے خوشهال مناوین
۹ خداوند کے حضور کیونکہ وہ زمین کي عدالت کرنے آتا هی وہ
راستي سے دنیا کي اور اِنصاف سے لوگون کي عدالت کریگا

۹۹ زبور

۱ **خداوند** سلطنت کرتا هی اُمتین کانپین وہ کروبیون کے
اُپر بیتها هی زمین لرزے
۲ خداوند صیهون مین بزرگ هی اور وہ ساري اُمتون سے
بلند هی
۳ وے تیرے بزرگ اور مهیب نام کي ستایش کرین وہ
قدوس هی

۱۳ خداوند کے آگے کیونکہ وہ آتا هی وہ زمین کي عدالت کرنے آتا هی
وہ صداقت سے جہان کي اور اپني سچائي سے اُمتون کي عدالت کریگا

۹۷ زبور

۱ **خداوند** سلطنت کرتا هی زمین خوشیان کرے جزیرے جو
بہترے هیں شاد هوین
۲ بدلیان اور کالي گھٹا اُسکے آس پاس هیں صداقت اور عدالت
اُسکے تخت کا مقام
۳ آگ اُسکے آگے آگے جاتي هی اور اُسکے دشمنون کو هر طرف
جلاتي هی
۴ اُسکي بجلیون نے جہان کو روشن کیا زمین دیکھتے هي
کانپ گئي
۵ پہاڑ خداوند کے آگے ساري زمین کے خداوند کے آگے موم
کي مانند پگھل گئے
۶ آسمان اُسکي صداقت کا بیان کرتے هیں اور ساري اُمتیں اُسکا
جلال دیکھتي هیں
۷ شرمندہ هووین وے سب جو کھودے هوے بت پوجتے هیں اور
مورتون پر پھولتے هیں سارے معبودو تم اُسے سجدہ کرو
۸ صیہون نے سنا اور مگن هوئي اور یہودا کي بیٹیان ای خداوند
تیري عدالتون سے خوشوقت هوئیں
۹ کیونکہ ای خداوند تو ساري زمین پر بالا هی تو سارے معبودون سے
نپٹ سر بلند هی
۱۰ تم جو خداوند کے چاهنیوالے هو بدي سے کینہ رکھو وہ اپنے مقدسون
کي جانون کا نگہبان هی شریرون کے هاتھہ سے اُنھیں چھڑاتا هی
۱۱ نور صادقون کے لئے بویا گیا هی اور خوشي اُنکے لئے جنکے
دل سیدھے هیں
۱۲ ای صادقو تم خداوند میں خوشي مناؤ اور اُسکي قدوسي کے
ذکر میں حمد کرو

۱۱ اُنکي بابت مين نے اپنے غصے مين قسم کهائي کہ وے ميرے
آرام مين داخل نہونگے

۹۶ زبور

۱ **خداوند** کے لئے ايک نيا گيت گاؤ خداوند کے لئے گاؤ
اى ساري زمين
۲ خداوند کے لئے گاؤ اُسکے نام کو مبارک کہو روز روز اُسکے
نام کي بشارت دو
۳ غير قومون کے درميان اُسکا جلال ساري اُمتون کے بيچ اُس کے
عجايب کام بيان کرو
۴ کيونکہ خداوند بزرگ اور نہايت هي محمود هى وہ سارے معبودون
سے زيادہ مهيب هى
۵ کہ اُمتون کے سارے معبود هيچ هين پر آسمانون کا بنانيوالا
خداوند هي هى
۶ اعظمت اور حشمت اُس کے آگے هى قوت اور جمال
اُسکے مقدس مين
۷ خداوند هي کي جانو اى اُمتون کے خاندانو خداوند هي کي
حشمت و قوت سمجهو
۸ خداوند کي طرف اُسکے نام کا جلال منسوب کرو هديہ لاؤ اور
اُسکي بارگاهون مين آؤ
۹ خداوند کو تقدس کے حسن کے ساتهہ سجدہ کرو اى ساري زمين
اُس کے حضور کانپو
۱۰ قومون کے درميان کہو کہ خداوند سلطنت کرتا هى اِسلئے جهان
قايم هى وہ ٹلتا نہين وہ راستي سے اُمتون کا اِنصاف کريگا
۱۱ آسمان خوشي کرين اور زمين شاديانہ بجاوے سمندر اور اُسکي
معموري شور مچاوين
۱۲ ميدان اُسکے سميت جو اُس مين هى باغ باغ هووين تب بن کے
سارے درخت لہلہاوين

٢١ وے صادق کي جان لينے پر جمع هوتے هيں اور بے گناہ کے لهو بهانے
کا فتوي ديتے هيں
٢٢ ليکن خداوند ميرا قلعہ هے اور ميرا خدا ميري پناہ کي چٹان هے
٢٣ سو وهي اُنکي بدکاري اُن پر ڈاليگا اور اُنهيں کي برائي ميں
اُنکو هلاک کريگا هاں خداوند همارا خدا اُنکو هلاک کريگا

١٩ روز فجر کي نماز
٩٥ زبور

١ آؤ خداوند کي مدح سرائي کريں اپني نجات کي چٹان پر
خوشي سے نعرہ ماريں
٢ اُسکے حضور شکر گذاري کے ساتھہ آويں گيت گا گا کے اُسکے سامهنے
خوشي سے نعرہ ماريں
٣ کيونکہ خداوند بڑا خدا اور سب معبودوں سے بڑا بادشاہ هے
٤ زمين کي گهرائياں اُسکے قبضے ميں اور پهاڑوں کي بلنديان
اُسي کي هيں
٥ سمندر اُسي کا هے اور اُسنے اُسے بنايا اور اُسي کے هاتهوں نے
خشکي کو تيار کيا
٦ آؤ هم سجدہ کريں اور جهکيں اپنے پيدا کرنيوالے خداوند کے
حضور گهٹنے ٹيکيں
٧ کہ وهي همارا خدا هے اور هم اُسکي چراگاہ کے لوگ اور اُسکے هاتهہ
کي بهيڑيں هيں آج اگر تم اُسکي آواز سنو
٨ اپنے دلوں کو سخت نہ کرو جيسا مريبہ ميں جيسا مسّہ کے دن
جنگل ميں کيا تها
٩ جسوقت تمهارے باپ دادوں نے ميرا امتحان کيا مجهے آزمايا
ميرا کام بهي ديکهتے رہے
١٠ چاليس برس تک ميں اُس پشت سے بيزار رہا اور ميں نے کہا کہ
يے وہ لوگ هيں جنکے دل خطا کار هيں اور اُنهوں نے ميري
راهوں کو نهيں پهچانا

۶ وے بیوہ اور پردیسي کو جان سے مارتے هین اور یتیمون کو
قتل کرتے هین
۷ اور کهتے هین خداوند نه دیکهیگا اور یعقوب کا خدا
سمجه نه لیگا
۸ اى قوم مین کے وحشي لوگون سمجهو اى احمقو تم کب هوشیار هوگے
۹ وہ جسنے کان کو پیدا کیا کیا نهین سنتا وہ جسنے آنکهین بنائین
نهین دیکتا
۱۰ وہ جو قومون کو تنبیه دیتا هی کیا وہ سزا نکریگا وہ جو آدمی کو
علم سکهلاتا هی کیا وہ عالم نهین
۱۱ خداوند انسان کے خیالات جانتا هی که وے باطل هین
۱۲ مبارک وہ انسان جسے تو اى خداوند تنبیه کرتا اور اپني شریعت
مین سے اُسکو سکهلاتا هی
۱۳ تا که تو اُسکو برائي کے دن چین بخشے یهان تک که شریر
کے لئے گڑها کهودا جاوے
۱۴ که خداوند اپنے بندون کو ترک نه کریگا اور اپني میراث
کو نه چهوڑیگا
۱۵ کیونکه عدالت پهر کے صداقت کي طرف هوگي اور وے سب
جنکے دل سیدهے هین اُسکے پیچهے هولینگے
۱۶ میرے واسطے شریرون کے مقابل کون کهڑا هوگا میرے لئے بدکاری
کرنیوالون کا کون سامهنا کریگا
۱۷ اگر خداوند میرا مددگار نهوتا تو میري روح جلد خاموشي کے
عالم مین جا رهتي
۱۸ جسوقت مین کهتا که میرا پانو پهسل جاتا تو اى خداوند تیري
رحمت مجهه کو تهامهه لیتي هی
۱۹ میرے دل کے اندیشون کي کثرت مین تیري تسلیان میرے جي کو
خوش کرتي هین
۲۰ کیا شهر کا تخت جو آئین سے برائي کو جاري کرتا هی تیرے
ساتهه رفاقت رکهتا هی

۱۳ وہ خداوند کے گھر مین لگائے گئے هین وے همارے خدا کي
بارگاهون مین پھولینگے
۱۴ وہ بڑھاپے مین بھي میوہ دینگے وہ موٹے اور تروتازہ رهینگے
۱۵ تا کہ ظاهر کرین کہ خداوند بر حق هی وہ میري چٹان هی اور
اُسمین ناراستي نهین

۱۸ روز شام کي نماز

۹۳ زبور

۱ **خداوند** سلطنت کرتا هی وہ شوکت کا خلعت پہنے هوے هی
پہنے هوے هی خداوند نے قوت سے اپني کمر باندهي هی اسلئے جهان
قایم هی وہ ٹلتا نهین
۲ تیرا تخت قدیم سے قایم هی تو ازلي هی
۳ ای خداوند سیلابون نے اُٹهائي سیلابون نے اپني آواز اُٹهائي هی
سیلاب جوش مارکے آواز اُٹهاتے هین
۴ بہت سے قوي پانیون کي آواز سے سمندر کي موجون سے خداوند
بلندي پر قوي تر هی
۵ تیري گواهیان نهایت هي یقیني هین ای خداوند همیشہ تک
قدوسي تیرے گھر کو سجتي هی

۹۴ زبور

۱ **ای** خداوند انتقامون کے خدا ای انتقامون کے خدا جلوہ گر هو
۲ ای جهان کے انصاف کرنیوالے اپنے تئین بلند کر گھمنڈ
کرنیوالون کو بدلا دے
۳ ای خداوند شریر کب تک شریر کب تک شادیانہ
بجایا کرینگے
۴ وے ڈکارتے هین وہ بري بات بولتے وے فخر کرتے هین یعنے
سارے بدکار لوگ
۵ وہ ای خداوند تیرے لوگون کو پیس ڈالتے هین اور تیري میراث
کو دکھہ دیتے هین

۱۳ تو شير اور سانپ کو لتاڑيگا تو شير بچه اور تنين کو
پانون تلے کچليگا
۱۴ اِس لئے که اُسنے مجهه سے دل لگايا ميں اُسے نجات دونگا ميں اُسے
بلند کرونگا که وه ميرا نام جانتا هي
۱۵ وه مجهه کو پکاريگا اور ميں اُسے جواب دونگا دکهه کے وقت ميں
اُسکے ساتهه هون ميں اُسے چهڙاوُنگا اور اُسے عزت بخشونگا
۱۶ عمر کي درازي سے ميں اُسکو سير کرونگا اور اپني نجات اُسے دکهاوُنگا

۹۲ زبور

۱ خداوند کي حمد کرنا اور تيرے نام کي ستايش کے گيت
گانا اى حق تعلى بهلا هي
۲ صبح کو تيري رحمت کا اور رات کو تيري امانتداري کا تذکره کرنا
۳ دستار کا ساز اور بين اور بربط دهيمي سے بجا بجا کے
۴ که تو نے اى خداوند اپنے کام سے مجهے خوشوقت کيا ميں تيرے
هاتهون کي صنعتوں سے شادمانه بجاوُنگا
۵ اى خداوند تيرے کام کياهي عظيم هيں تيرے خيال نهايت هي عميق
۶ وحشي آدمي جانتا نهيں اور احمق اس کو نهيں سمجهتا هي
۷ جب که شرير گهاس کي مانند اُگتے هيں اور سارے بدکار پهولتے هيں
تو يهه اس لئے هي که وے ابد تک فنا هوجاويں
۸ پر اى خداوند تو ابد الاباد اعلى هي
۹ کيونکه ديکهه تيرے دشمن اى خداوند هاں تيرے دشمن فنا هونگے
سارے بدکاري کرنيوالے تتر بتر هونگے
۱۰ ليکن تو ميرے سينگ کو ارنى کے سينگ کي مانند بلند کرتا هي
ميں تازه تيل سے ملتا هون
۱۱ ميري آنکهيں ميرے دشمنوں کو ديکهه لينگي ميرے کان شريروں کي
جو مجهه پر چڑهه آئے سن لينگے
۱۲ صادق تاڑ کے درخت کي مانند لهلهائيگا وه لبنان کے صنوبر
کي طرح بڑهيگا

۱۵ جتنے دنون تک تو نے هم کو دکهي رکها اور جتنے برس تک همنے
زبوني ديکهي اُتنے هي هم کو خوشوقت کر
۱۶ اپنے کام اپنے بندون کو اور اپني شوکت اُنکے فرزندون کو دکهلا
۱۷ اور خداوند همارے خدا کا جلال هم پر ظاهر هو اور همارے
هاتهون کا کام هم پر قايم کر هان تو همارے هاتهون کے کام کو قايم کر

۹۱ زبور

۱ وه جو حق تعالی کے پرده تلے رهتا هی سو قادر مطلق کے سايه
تلے رات بتاتا هی
۲ مين خداوند کو اپني پناه اور اپنا گڑهه اپنا خدا کهتا هون
ميرا بهروسا اُس پر هی
۳ يقينا وه مجهه کو شکاري کے پهندے سے بديون کي وبا سے چهڑائيگا
۴ وه تجهے اپنے پرون تلے چهپائيگا اور اُس کے پنکهون کے نيچے هو کے تو
پناه پائيگا اُس کي سچائي سپر اور پهري هی
۵ تو رات کي هيبت سے نڈريگا نه اُس تير سے جو دن کو اڑتا هی
۶ اور نه اُس وبا سے جو اندهيرے مين پهرتي هی نه اُس مري سے جو
دو پهر کو ويران کرتي هی
۷ تيرے پاس هزار گرجاوينگے اور دس هزار تيرے دهنے هاتهه پر ليکن
تجهه تک نه پهنچيگي
۸ فقط تو اپني آنکهون سے نظر کريگا اور شريرون کے بدلے کو ديکهيگا
۹ کيونکه تو اي خداوند ميري پناه هی تو نے حق تعالی کو
اپنا مسکن کيا
۱۰ تجهه پر کوئي آفت نه پڑيگي اور کوئي وبا تيرے خيمے کے
پاس نه پهنچيگي
۱۱ کيونکه وه تيرے لئے اپنے فرشتون کو حکم کريگا که تيري سب
راهون مين تيري نگهباني کرين
۱۲ وے دونون هاتهه سے تجهے اُٹها لينگے تا نهو که تيرے پانون کو
کسي پتهر سے ٹهيس لگے

۱۸ روز فجر کي نماز

۹۰ زبور

۱ اي خداوند هماري مسکن توهي رها هي پشت در پشت
۲ پيشتر اُس سے کہ پهاڑ پيدا هوے اور زمين اور دنيا کو تو نے بنايا تها
ازل سے ابد تک تو هي خدا هي
۳ تو انسان کو خاک مين پهير ديتا هي اور فرماتا هي که
اي بني آدم پهرو
۴ که هزار برس تيرے آگے ايسے هين جيسے کل کا دن جو گذر
گيا اور جيسے ايک پهر رات
۵ تو اُنهين يون ليجاتا هي جيسے سيلاب سے وے گويا خواب خيال
هين وے فجر کو اُس گهاس کي مانند هين جو اُگي هو
۶ وے صبح کو لهلهاتي هي اور تروتازه هوتي هي شام کو کاتي جاتي
اور سوکهه جاتي هي
۷ که هم تيرے قهر سے گل گئے اور تيرے غضب سے پريشان هوے
۸ تو نے هماري بدکاريان اپنے آگے رکهين همارے چهپے گناه اپنے
چهرے کي روشني مين
۹ که همارے سارے دن تيرے قهر مين گذرے هم اپنے برسون کو خيال
هي کي طرح کاتتے هين
۱۰ هماري زندگي کے دن ستر برس هين اور اگر قوت هو تو اسي
برس تاهم يهه توانائي محنت اور مشقت هي کيونکه هم جلد جاتے
رهتے هين اور اُڑ جاتے هين
۱۱ تيرے قهر کي شدت کا نگاه کرنيوالا کون هي اور تيرے غضب
کا جيسا تجهه سے ڈرا چاهئے
۱۲ همين هماري عمر کے دن گننا سکها ايسا که هم دانا دل حاصل کرين
۱۳ اي خداوند پهر کب تک اور بندون کي طرف پهر متوجه هو
۱۴ همکو سويرے اپني رحمت سے سير کر تا که هم اپني عمر بهر
خوشنود اور خوشوقت رهين

۳۷ وہ چاند کي طرح ابد تک قايم رهيگا اور آسمان پر
گواهي بني رهتي هی
۳۸ پر تو نے تو ترک کر ديا اور رد کيا هی تو تو اپنے مسيح
سے بيزار هوا
۳۹ تو نے اُس عهد کو جو اپنے بندہ سے کيا تها باطل کيا تو نے اُسکے
تاج کو زمين پر پهينک کے ناپاک بنايا
۴۰ تو نے اُس کي ساري احاطون کو توڑ ڈالا اُسکے گڑهون کو غارت کيا
۴۱ سارے راہ گذر اُسے لوٹتے هين وہ اپنے همسايون کا ننگ هوا
۴۲ تو نے اُس کے دشمنون کے دهنے هاتهہ کو بلند کيا اُسکے سارے بيريون
کو خوش کيا هی
۴۳ تو نے اُس کي تلوار کي دهار کو بهي موڑ ديا اور جنگ مين
اُسے کهڑا نهين کروا ديا
۴۴ تو نے اُسکي شوکت کو کهو ديا اور اُسکے تخت کو خاک پر دے مارا
۴۵ تو نے اُسکي جواني کے دنون کو کوتاہ کيا اُسے شرمندگي کے
لباس سے ڈهانپا هی
۴۶ ای خداوند کب تک تو اپنے تئين نت چهپائے رهيگا کيا تيرا
غصہ آگ کي طرح بهڑکتا رهيگا
۴۷ ياد کر کہ ميرا وقت کتنا کوتاہ هی تو نے کيون سارے بني
آدم کو عبث پيدا کيا
۴۸ کون سا انسان جيتا هی جو موت کو نديکهيگا کيا وہ پاتال کے
قبضے سے اپني جان بچا سکيگا
۴۹ ای خداوند تيري اگلي وے مهربانيان کيا هوئين جنهون کي
بابت تونے داؤد سے اپني سچائي مين قسم کهائي
۵۰ ای خداوند اپنے بندون کي ملامت کو ياد کر کہ بهتيري قومون کو
مين گويا بالکل اپني گود مين ليے هوئے هون
۵۱ کہ ای خداوند تيرے دشمنون نے ملامت کي اور تيرے مسيح کے
نقش قدم کو ملامت کي هی
۵۲ مبارک هي خداوند ابدالابد آمين اور آمين

۲۳ اور میں اُس کے بیریوں کو اُسکے سامہنے کچلونگا اور اُن کو جو اُس کا کینہ رکہتے ہیں مارونگا

۲۴ اور میري سچائي اور میري رحمت اُس کے ساتہہ اور میرے نام سے اُس کا سینگ بلند ہوگا

۲۵ اور میں اُس کا ہاتہہ سمندر پر رکہونگا اور اُس کا دہنا ہاتہہ نہروں پر

۲۶ وہ مجہے پکار کے کہیگا کہ تو میرا باپ میرا خدا اور میري نجات کي چٹان ہی

۲۷ میں بہي اُسے اپنا پہلوٹا ٹہراؤنگا زمین کے بادشاہوں سے بالا

۲۸ ابد تک اپني رحمت اُس پر قایم رکہونگا اور میرا عہد اُس کے ساتہہ اُستوار ہوگا

۲۹ اُس کي نسل کو بہي ابد تک پایداري بخشونگا اور اُس کے تخت کو آسمان کے دنوں کے برابر

۳۰ اگر اُس کے فرزند میري شریعت کو چہوڑ دینگے اور میرے حکموں پر نہ چلینگے

۳۱ اگر وے میرے حقوق کو توڑ ڈالینگے اور میرے حکموں کو یاد نہ رکہینگے

۳۲ تو میں چہڑي سے اُن کے گناہوں کي اور کوڑوں سے اُن کي بدي کي سزا دونگا

۳۳ لیکن میں اپني رحمت کو اُس پر سے کہینچ نہ لونگا اور اپني سچائي کو جہٹہلاؤنگا نہیں

۳۴ میں اپنے عہد کو نہ توڑونگا اور جو میرے منہہ سے نکل گیا اُسے نہ بدلونگا

۳۵ میں نے اپني قدوسي میں ایک بات کي قسم کہائي کہ میں داؤد سے جہوٹہہ نہ بولونگا

۳۶ اُس کي نسل ابد تک اور اُس کا تخت میرے سامہنے سورج کے برابر باقي رہیگا

۸ اى خداوند رب الافواج تجهه سا قوي اى خداوند كون هى اور تيرے
آس پاس تيري سچائي هى
۹ تو سمندر كے جوش و خروش پر حكمراني كرتا هى تو اُسكي موجون
كو جسوقت كه وے اُٹهتي هين دهيما كر ديتا هى
۱۰ تو نے رهب كو ايك قتل كئے هوے كي مانند چور چار كيا تو نے
اپنے زور بازو سے اپنے دشمنون كو تتر بتر كيا
۱۱ آسمان تيرے زمين بهي تيري جهان اور اُسكي آبادي تو نے بنائي
۱۲ اُتر اور دكهن كا بنانيوالا تو هي تبور اور هرمون تيرے نام
سے خوشي مناتے هين
۱۳ تيرا بازو زور كا هى تيرا هاتهه قوي تيرا دهنا هاتهه بلند هى
۱۴ صداقت اور انصاف تيرے تخت كا مقام هى رحمت اور سچائي
تيرے آگے آگے چلتي
۱۵ مبارك وه لوگ جو خوشي كي آواز سے واقف هين اى خداوند
وے تيرے چهرے كي روشني مين چلا كرينگے
۱۶ تيرے نام سے وے سارے دن خوشوقت رهينگے اور تيري صداقت
سے سرفرازي پاوينگے
۱۷ كيونكه اُن كي قوت كي شوكت توهي هى اور تو اپني مهرباني
سے همارے سينگ بلند كريگا
۱۸ كه هماري سپر خداوند كي هى اور همارا بادشاه اسرائيل
كے قدوس كا هى
۱۹ تب تو نے رويا مين اپنے مقدس سے كلام كيا اور كها مين نے ايك
زبردست كو مدد كا باعث كيا مين نے گروه مين سے ايك
برگزيده كو بلند كيا
۲۰ مين نے اپنے بندے داوٗد كو پايا مين نے اُسے اپنے مقدس
تيل سے مسح كيا
۲۱ ميرا هاتهه اُسكے ساتهه بنا رهيگا ميرا بازو بهي اُسے زور بخشيگا
۲۲ دشمن اُسے ضرر نه پهنچا سكيگا اور شرارت كا فرزند
اُسے دكهه نه ديگا

۱۳ ای خداوند مین جو هون میري دهائي تیرے سامهنے هی پهر صبح
کو میري عرض تیرے لئے تیار رهیگي
۱۴ ای خداوند تو کیون میري جان کو رد کرتا هی اپنا منهه مجهه
سے کیون چهپاتا هی
۱۵ لڑکپن سے مین دکهي اور میرا دم نکلنے هي پر رها هی تو مجهے
هیبت ناک نظر آیا مین نپٹ گهبرا جاتا هون
۱۶ تیرا قهر میرے سر سے گذر گیا تیري دهشتون نے مجهے فنا کیا هی
۱۷ وے دن بهر پاني کي مانند میري چارون طرف موج زن هین،
اُنهون نے ایک ساتهه مجهے گهیر لیا هی
۱۸ دوست اور رفیق تو نے مجهه سے دور کر دئے میرے جان پهچان
تاریکي هین

۱۷ روز شام كي نماز

۸۹ زبور

۱ **مین** ابد تک خداوند کي رحمتون کي مدح سرائي کرونگا
مین ساري پشتون کو اپنے منهه سے تیري سچائي کي خبر دونگا
۲ کیونکه مین نے کها که رحمت ابد تک بر قرار رهیگي تو اپني سچائي
کو آسمانون هي پر قایم کر رکهیگا
۳ مین نے اپنے برگزیدے سے ایک عهد کیا هی اپنے بندے داوُد
سے قسم کهائي هی
۴ مین تیري نسل کو ابد تک قایم رکهونگا اور تیرے تخت کو پشت
در پشت قرار بخشونگا
۵ اور آسمان ای خداوند تیرے عجایب کامون کي ستایش کرینگے
مقدس لوگون کي جماعت تیري وفاداري کي بهي
۶ که آسمان پر خداوند کا نظیر کون قدرتوالون مین خداوند
کي مانند کون هی
۷ خدا مقدسون کي مجلس مین نهایت مهیب هی اور اُن سب
کي جو اُسکے گرد هین تعظیم کے لایق هی

۷ گانیوالے اور بجانیوالے بھي ھونگے میرے سارے چشمے تجھہ میں ھین

۸۸ زبور

۱ ای خداوند خدا میرے نجات دھندہ میں نے دن رات تیرے آگے فریاد کي

۲ میري دعا تیرے حضور پہنچے اپنا کان میري فریاد پر دھر

۳ کہ میرا جي دکھون سے بھرا ھوا ھی اور میري جان پاتال کے نزدیک آ پہنچي ھي

۴ مین اُن میں گنا گیا ھون جو گڑھے میں گرے جاتے ھیں میں اُس مرد کي مانند ھون جس کي قوت کچھہ نہو

۵ مُردون کے درمیان آزاد ھون اُن مقتولون کي مانند جو گور میں لیٹے ھین جنہیں تو پھر یاد نہیں فرماتا ھی بلکہ وہ تیرے ھاتھہ سے کاٹ ڈالے گئے ھین

۶ تو نے مجھہ کو گڑھے کے اسفل میں ڈالا اندھیرے مکانوں میں گہراؤن میں

۷ تیرا قہر مجھہ پر پڑا رھتا اور تو نے اپني ساري موجون سے مجھہ کو دبایا ھي

۸ تو نے میرے جان پہچانون کو مجھہ سے دور کیا تو نے ایسا کیا کہ اُنہیں مجھہ سے نفرت آتي ھی میں قید میں پڑ گیا اور نکل نہیں سکتا

۹ میري آنکھیں دکھہ کے سبب دھندھلا گئیں ھیں ای خداوند میں ھر روز تجھے پکار رھا ھون اپنے ھاتھہ تیري طرف پھیلائے ھین

۱۰ کیا تو مُردون کے لئے عجایب کام دکھلاویگا کیا سائے اُٹھہ کے تیري ستایش کرینگے

۱۱ کیا گور میں تیري رحمت کیا ھلاکت میں تیري وفاداري بیان کي جائیگي

۱۲ کیا تیرے عجایب کام اندھیرے میں معلوم کئے جاینگے اور تیري صداقت فراموشي کي زمین میں

۱۰ کہ تو بزرگ هی اور عجایب کام کرتا هی تو هي اکیلا ای خدا
۱۱ ای خداوند مجهه کو اپني راہ بتا مین تیري سچائي مین چلونگا میرا دل ایک طرفہ کر تا کہ مین تیرے نام سے ڈرون
۱۲ ای خداوند میرے خدا مین اپنے سارے دل سے تیري ستایش کرونگا اور ابد تک تیرے نام کي بزرگي کرونگا
۱۳ کہ تیري رحمت مجهه پر بہت هی اور تو نے میري روح کو گہرے پاتال سے رهائي دي هی
۱۴ ای خدا مغرورون نے مجهه پر چڑهائي کي هی اور کٹر لوگون کي جماعت میري جان کے پیچھے پڑي هی اور اُنہون نے تجھے اپني آنکھون کے سامہنے نہین رکہا
۱۵ لیکن تو ای خداوند خداے رحیم و کریم هی برداشت کرنیوالا هی اور رحمت اور سچائي مین بڑهہ کر هی
۱۶ میري طرف متوجہ هو اور مجهه پر رحم کر اپنے بندے کو اپني طرف سے توانائي بخش اور اپني لونڈي کے بیٹے کو نجات دے
۱۷ مجھے بهلائي کا کوئي نشان دکهلا تا کہ وے جو میرا کینہ رکھتے هین دیکھین اور شرمندہ هووین کہ تو نے ای خداوند میري مدد کي اور مجھے تسلي دي هی

۸۷ زبور

۱ اسکي بنیاد مقدس پہاڑون مین هی
۲ خداوند صیہون کے پهاٹکون کو یعقوب کے سارے مسکنون سے زیادہ پیار کرتا هی
۳ ای خداوند تیري بابت جلال والي باتین کهي جاتین هین
۴ مین اپنے پہچانیوالون مین راحب اور بابول کو مذکور کرونگا دیکهہ فلست اور صور کوش سمیت یہہ وهان پیدا هوا
۵ اور صیہون کي بابت کہا جاتا هی کہ فلانہ فلانہ اُس مین پیدا هوا اور خدا تعلی اُس کو آپ قیام بخشتا هی
۶ خداوند جسوقت لوگون کے نام لکهیگا تو گن کے کہیگا کہ یہہ شخص وهان پیدا هوا تها

۱۰ رحمت اور سچائي مل گئي هين صداقت اور سلامت نے
آپس مين چوما ليا هی
۱۱ سچائي زمين سے اُگتي اور صداقت آسمان پر سے نيچے
نظر کرتي هی
۱۲ هان خداوند جو کچهه خوب هی سو ديتا اور هماري سر زمين
اپنا حاصل موجود کرتي هی
۱۳ صداقت اُسکے آگے چلتي اور اپنے نقش قدم کو راه بتاتي هی

۱۷ روز فجر کي نماز

۸۶ زبور

۱ ای خداوند اپنا کان جهکا تو ميري سن کہ مين غريب
اور محتاج هون
۲ ميري جان کي حفاظت کر کہ مين ديندار هون ای تو جو ميرا
خدا هی اپنے بندے کو جسکا بهروسا تجهه پر هی نجات دے
۳ ای خداوند مجهه پر رحم کر کہ مين تمام دن تيرے آگے
نالہ کرتا هون
۴ اپنے بندے کے دل کو خوش کر کہ ای خداوند مين اپنے دل کو
تيري طرف اُٹهاتا هون
۵ کيونکہ تو ای خداوند بهلا هی اور غفور اور تيري رحمت اُن سب
پر جو تجهے پکارتے هين وافر هی
۶ ای خداوند ميري دعا کان دهر کے سن اور ميري مناجات
کي آواز پر مايل هو
۷ مين اپني بپت کے دن تجهے پکارتا هون کہ تو ميري سنتا هی
۸ معبودون کے درميان ای خداوند تجهه سا کوئي نهين اور تيري سي
صنعتين کهين نهين
۹ ای خداوند ساري قومين جنهين تو نے پيدا کيا آوينگي اور تيرے
آگے سجده کرينگي اور تيرے نام کي بزرگي کرينگي

۱۰ کہ ایک دن جو تیري بارگاہون میں کٹے ایک ہزار سے بہتر ہی
میرے لئے خدا کے گھر کي دربانی شرارت کے خیمون میں رہنے
سے بہتر ہی
۱۱ کہ خداوند خدا ایک آفتاب اور سپر ہی خداوند فضل اور جلال
بخشتا ہی اُن لوگون سے جو سیدھي چال چلتے ہیں کوئي اچھي چیز
دریغ نہ کریگا
۱۲ اي لشکرون کے خداوند مبارک وہ انسان جو تجھہ پر بھروسا
رکھتا ہی

۸۵ زبور

۱ اي خداوند تو اپني زمین پر مہربان ہوا تو یعقوب کے
قیدیون کو پھیر لایا
۲ تو نے اپنے لوگون کے گناہ بخش دئے تو نے اُنکي سب خطا
چھپا ڈالي
۳ تو نے اپنے سب قہر کو پھیرا تو اپنے غضب کي شدت سے باز آیا
۴ اي ہمارے نجات دینیوالے خدا ہمکو پھرا اور اپنے قہر کو
ہم پر سے دفع کر
۵ کیا تو ہمسے سدا بیزار رہیگا کیا تو ساري پشتون پر اپنے
قہر کو کھینچیگا
۶ کیا تو پھر کے ہمیں نہ جلاویگا تا کہ تیرے لوگ تجھہ سے
خوشي کرین
۷ اي خداوند ہمکو اپني رحمت دکھا اور اپني نجات
ہمکو بخش
۸ میں سنونگا کہ خداوند خدا کیا فرماتا ہی وہ تو اپنے بندون اور اپنے
مقدسون سے سلامت کي بات فرماتا ہی لیکن وے پھر حماقت
کي طرف نہ جائین
۹ یقیناً اُسکي نجات اُسکے ڈرنیوالون کے نزدیک ہی تا کہ جلال ہماري
سرزمین میں بسے

۱۵ اُسي طرح تو اپني اندھي سے اُن کا پیچھا کر اور اپنے طوفان سے
اُنھیں پریشان کر
۱۶ ای خداوند اُن کے منھہ کو رسوائي سے بھر دے تا کہ وے تیرے
نام کے طالب هوویں
۱۷ وے ابد تک شرمندہ اور پریشان هوں هان وے رسوا هوں اور
فنا هو جاویں
۱۸ اور وے جانیں کہ توهي اکیلا جسکا نام یهوواہ هی ساري
زمین پر علی هی

۸۴ زبور

۱ ای لشکروں کے خداوند تیرے مسکن کیا هي دل کش هیں
۲ میري روح خداوند کي بارگاهوں کي مشتاق بلکہ اُن کے لئے بے خود
هو جاتي هی میرا من اور میرا تن زندہ خدا کے لئے پکارتا هی
۳ گورے نے بھي اپنا گھونسلا اور بابیل نے اپنا آشیانہ پایا هی جهان وے
اپنے بچے رکھیں تیري بارگاهوں کو ای لشکروں کے خداوند میرے بادشاہ
اور میرے خدا
۴ مبارک وے جو تیرے گھر میں بستے هیں وے سدا تیري ستایش
کرتے رهینگے
۵ مبارک وہ انسان جسکي قوت تجھہ هي سے هی جنکے دل میں
تیري راهیں هیں
۶ وے آنسووں کي وادي میں سے گذر کرتے هوے اُسے چشما بناتے
برکتوں سے بھي اگلي برسات اُسکو بھر دیتي هی
۷ وے قوت سے قوت تک ترقي کرتے چلے جاتے هیں خدا کے آگے
صیهون میں حاضر هوتے هیں
۸ ای خداوند رب الافواج میري دعا قبول کر ای یعقوب کے
خدا کان دھر
۹ ای خدا ای هماري سپر نظر کر اور اپنے مسیح کے منھہ پر
نگاہ فرما

۷ پر تم آدمي کي طرح مروگے اور شاہزادون مین سے ایک کي
مانند گر جاوگے
۸ ای خدا اُٹھہ تو آپ زمین کي عدالت کر کہ تو ساري قومون کو
میراث مین لیگا

۸۳ زبور

۱ ای خدا چپ مت رہ خاموشي مت کر اور چین نہ لے ای خدا
۲ کیونکہ دیکھہ تیرے دشمن دھوم مچاتے ھین اور اُنہون نے جو تیرا
کینہ رکھتے ھین سر اُٹھایا ھی
۳ وے چترائي سے تیرے لوگ پر منصوبہ باندھتے ھین اور تیرے
چھپائے ھوؤن کے خلاف صلاح کرتے ھین
۴ وے کہتے ھین کہ آؤ اُنکو اُکھاڑ ڈالین کہ قوم نہ رھین اور اسرائیل
کے نام کا پھر ذکر نہو
۵ کیونکہ اُنہون نے دل لگا کے ایک ساتھہ مشورت کي ھی اُنہون نے
تیري مخالفت پر عہد باندھا ھی
۶ اَدوم اور اسمائیلون کے خیمے موابي اور ھاجریون کے
۷ جبل اور اَمون اور امالک فلست سور کے باشندون سمیت
۸ اسور بھي اُن سے مل گیا ھی وے بني لوط کے مددگار ھین
۹ تو اُن سے ایسا کر کہ جیسا تو نے مدیانیون اور سسرا اور یابین سے
وادي قیسون مین کیا
۱۰ جو عین دور مین ہلاک ہوے وے زمین کي کھاد ھوگئے
۱۱ اُنہین ھان اُن کے امیرون کو غراب اور زیاب کي مانند کر اور
اُن کے سارے سردارون کو زبہ اور زلمان کي مانند
۱۲ کہ اُنہون نے کہا ھی آؤ خدا کے گھرون کے ھم مالک بنین
۱۳ ای میرے خدا اُنہین گردباد کي مانند کر بھس کي مانند
رو برو ھوا کے
۱۴ جسطرح آگ جنگل کو بھسم کرتي ھی اور جسطرح شعلہ پہاڑون
کو جلا دیتا ھي

۹ تيرے درميان دوسرا معبود نهو اور تو کسي اجنبي معبود کو سجده مت کرنا

۱۰ مين هي خداوند تيرا خدا هون جو تجهے مصر کي سر زمين سے باهر لايا اپنا منهه کهول که مين اُسے بهر دونگا

۱۱ پر ميرے لوگون نے ميري آواز پر کان نه دهرا اور اسرائيل نے مجهے نه چاها

۱۲ تب مين نے اُنهين اُنکے دلون کي شرارت کے سپرد کيا وے اپني مشورتون پر چلے

۱۳ کاشکه ميرے لوگ ميري سنتے اور اِسرائيل ميري راهون پر چلتا

۱۴ که مين جلدي اُنکے دشمنون کو مغلوب کرتا اور اُنکے بيريون پر اپنا هاتهه پهراتا

۱۵ خداوند کے کينه رکهنيوالے اُس سے دب چلتے پر انکا وقت ابدي هوتا

۱۶ ان کو ستهرے سے ستهرے گيهون کهلاتا اور چٹان کے شهد سے مين تجهے سير کرتا

۱۶ روز شام کي نماز

۸۲ زبور

۱ خدا کي جماعت مين خدا متقدم هى الاهون کے درميان وه عدالت کرتا هى

۲ تم کب تک بے انصافي سے عدالت کروگے اور شريرون کي طرفداري کروگے

۳ مسکين اور يتيم کا انصاف کرو دکهي اور حاجتمند کا حق پهنچاؤ

۴ مسکين اور محتاج کي رهائي کرو شريرون کے هاتهه سے اُنهين چهڑاؤ

۵ وے نهين جانتے اور نهين سمجهنگے وے اندهيرے مين چلا کرتے هين زمين کي ساري بنيادين جنبش کرتي هين

۶ مين نے تو کها که تم الاهو اور تم سب حق تعالي کے فرزند هو

۱۳ جنگلي سور اُسے خراب کرتا هي اور دشتي درندہ اُسے کها جاتا هي
۱۴ ای لشکرون کے خدا مهرباني کرکے پهر آ آسمان پر سے نگاہ کر اور
دیکهہ اور اس تاک پر توجهہ کر
۱۵ اور جو کچهہ تیرے دهنے هاتهہ نے لگایا هی اُسکي حفاظت کر هان
اُس شاخ کي جسے تو نے اپنے لئے مضبوط کیا
۱۶ وہ آگ سے جلائي گئي اور کاٹي گئي وے تیرے چهرے کي ڈپٹ
سے هلاک هوتے هیں
۱۷ تیرا هاتهہ تیرے دهنے هاتهہ کے انسان پر هو اُس ابن آدم پر جیسے
تو نے اپنے لئے مضبوط کیا
۱۸ تب هم تجهہ سے نہ پهرینگے هم کو جلا کہ تیرا نام لیا کرینگے
۱۹ ای خداوند ربالافواج همکو پهرا اپنے چهرے کي روشني دکهلا
تو هم بچ جائینگے

۸۱ زبور

۱ پکار کے خدا کي جو همارا زور هي مدح گاؤ یعقوب کے خدا
کے لئے خوشي سے نعرہ مارو
۲ گیت گاؤ اور طبلا بجاؤ سهانیوالي بربط اور بین سمیت
۳ درس مین پرنماسي کو هماري عید کے دن نرسنگا پهونکو
۴ کیونکہ یهہ اسرائیل کے لئے سنت یهہ یعقوب کے خدا کا
حکم هي
۵ اُسنے یهہ یوسف کے لئے ایک گواهي ٹهرائي جب وہ اُسے مصر
کي زمین پر سے هو کے لایا وهان مین نے ایک بولي سني جو نہ سمجها
۶ مین نے اُسکے کاندهے پر سے بوجهہ اُتارا اُسکے هاتهہ ٹوکریون
سے چهوٹ گئے
۷ تو نے بپتا مین فریاد کي مین نے تجهے چهڑایا مین نے گرج کہ پردے
مین سے تجهے جواب دیا مین نے تجهے مریبہ کے پانیون پر آزمایا
۸ ای میرے لوگو سنو ای اسرائیل اگر تو میري سنیگا تو مین تجهے
تاکید سے جتا دونگا

١١ اسير کي سانس کو آپ تک پهنچني دے اپني بڑي قدرت کے موافق اُنکو جو موت کے لئے مقرر هوے هيں بچا لے

١٢ اور همارے همسايون کي ملامت کا بدلا جس طرح کہ اُنهون نے اي خداوند تيري ملامت کي سات گني اُنکي گود ميں بهر دے

١٣ سو هم تيرے بندے اور تيري چراگاه کي بهيڑ ابد تک تيري حمد کرينگے پشت در پشت هم تيري ستايش بيان کرينگے

٨٠ زبور

١ اي اِسرائيل کے گڙريئے تو جو يوسف کو گلے کي مانند لے چلتا هي کان دهر تو جو کروبيم پر بيٹهتا هي جلوه گر هو

٢ افرائيم اور بنيامين اور منسّي کے آگے اپني قوت کو اُکسا اور آکے همکو بچا

٣ اي خدا همکو پهرا اور اپنے چهرے کي روشني دکهلا تو هم بچ جائينگے

٤ اي خداوند رب الافواج تو کب تک اپنے بندون کي دعا سے غضب ناک رهيگا

٥ تو اُنهيں آنسوؤں کا کهانا کهلاتا هي اور اُنهيں مٹکے بهر بهر کے انسو پلاتا هي

٦ تو همکو همارے همسايون کے آگے جهگڑے کا سبب کرتا هي اور همارے دشمن آپس ميں هنستے هيں

٧ اي رب الافواج همکو پهرا اور اپنے چهرے کي روشني دکهلا تو هم بچ جائينگے

٨ تو ايک تاک کو مصر سے نکال لايا تو نے غير قومون کو خارج کيا اور اُسے لگايا

٩ تو نے اُسکے لئے تياري کي اور اُسنے جڑ پکڑي اور زمين کو بهر ديا

١٠ پهاڑ اُسکے سايه تلے چهپ گئے اور خدا کے صنوبر اُسکي ڈاليون سے

١١ اُسنے اپني ڈاليان سمندر تک پهيلائيں اور اپني ٹهنيان دريا تک

١٢ پهر تو نے اُسکي احاطے کو کيون توڑ ڈالا کہ وے سب جو اُس راه سے گذرتے هيں اُسے نوچ ليتے هيں

۷۱ اُسنے اُسے بچے والي بھیڑون کے پیچھے سے لے لیا تاکہ اپنے لوگون
بني یعقوب کو اور بني اسرائیل کو جو اُسکي میراث ھی چراوے
۷۲ سو اُسنے اپنے دل کي کھرائي کے مطابق اُنھین چرایا اور اپنے ھاتھون
کي نھمید سے اُنکي رھنمائي کي

۱۶ روز فجر کي نماز

۷۹ زبور

۱ ای خدا غیر قومون نے تیري میراث مین دخل کیا تیري
مقدس ھیکل کو اُنھون نے ناپاک کیا یروسلم کو ڈھیر کر دیا ھی
۲ تیرے بندون کي لاشون کو اُنھون نے آسماني پرندون کي تیرے مقدسون
کے گوشت کو زمین کے وحشیون کي خورش کیا
۳ اُنھون نے اُنکے لھو کو یروسلم کے گردنواہ مین پاني کي مانند بھایا
اور اُنکا کوئي گاڑنیوالا نھین
۴ ھم اپنے ھمسایون کے لئے ایک ننگ اُنکے لئے جو ھمارے آس پاس
ھین جاے تمسخر اور ٹھٹھولي ھوے
۵ ای خداوند تو کب تک ھمیشہ بیزار رھیگا کب تک تیري غیرت
آتش کي مانند بھڑکتي رھیگي
۶ اپنا غصہ اُن قومون پر ڈال دے جنھون نے تجھہ کو نہ پھچانا اور اُن
بادشاھتون پر کہ جنھون نے تیرا نام نلیا
۷ کہ اُنھون نے یعقوب کو نگل لیا اور اُسکے مسکن کو اُجاڑ دیا ھی
۸ اگلون کي بدکاریون کو ھمارے حق مین یاد مت کر اپني رحمتون
کو جلد ھمارے لئے آگے کر کہ ھم بھت ذلیل ھوگئے ھین
۹ ای ھمارے نجات دینیوالے خدا اپنے نام کے جلال کے واسطے ھماري
مدد کر اور ھمکو چھڑا اور ھمارے گناھون کا کفارہ دے اپنے
نام کے واسطے
۱۰ غیر قومین کس لئے کھین کہ اُنکا خدا کھان ھی تو ھماري نظر کے
آگے اپنے بندون کے خون کا بدلا جو بھایا گیا غیر قومون کے
درمیان ظاھر کر

۵۶ تسپر بهي اُنهون نے خدا تعلی کو آزمايا اور اُس سے بغاوت کي اور اُسکي گواهيئون کو حفظ نکيا

۵۷ اور برگشته هوے اور اپنے باپ دادون کي مانند بے ايماني کي وه ٹيڑهي کمان کي مانند ايک طرف پهر گئے

۵۸ اور اُنهون نے اپنے اُنچے مکانون کے سبب اُسے غصه دلايا اور اپني کهودي هوئي مورتون سے اُسکو غيرت دلائي

۵۹ خدا يهه سنکے غصه هوا اور اسرائيل سے نپت گهنايا

۶۰ اور اُسنے صيلا کے مسکن کو اُس خيمے کو جو اُسنے آدميون کے درميان کهڑا کرديا تها ترک کيا

۶۱ اور اپنے زور کو اسير کروايا اور اپني حشمت کو دشمن کے هاتهه مين کر ديا

۶۲ اور اپنے لوگون کو تلوار کے سپرد کيا اور اپني ميراث سے غضب ناک هوا

۶۳ آگ نے اُنکے جوانون کو فنا کيا اور اُنکي کنواريون کے جلوے کا گيت نهوا

۶۴ اُنکے کاهن تلوار سے مارے پڑے اور اُنکي بيون نے ماتم نکيا

۶۵ تب خداوند اُس شخص کي طرح جو نيند سے چونکے جاگا اُس پهلوان کي مانند جو مي پي کے للکارتا هي

۶۶ اور اُسنے اپنے دشمنون کي پچهاڑي ماري اُسنے اُنهين سدا کا ننگ کيا

۶۷ اور اُسنے يوسف کے خيمے کو ردکيا اور افرائيم کے فرقے کو چن نه ليا

۶۸ پر يهودا کے فرقے کو کوه صيهون کو جو اُسکا محبوب تها برگزيده کيا

۶۹ اور اپنے مقدس کو اُنچے پهاڑون کي مانند بنايا زمين کي مانند جسکي نيو هميشه کے لئے اُسنے رکهي

۷۰ اور اُسنے اپنے بندے داوٗد کو برگزيده کيا اور گلون کے بهيڑ سالون مين سے اُسے نکال ليا

۴۰ کتنے بار اُنھون نے بیابان مین بغاوت کئي اور ویرانہ مین
اُسے بیزار کیا
۴۱ اور اُنھون نے پھر خدا کو آزمایا اور اسرائیل کے قدوس کو محدود کیا
۴۲ اُنھون نے اُسکے ھاتھہ کو یاد نہ کیا نہ اُس دن کو کہ جب اُسنے
اُنکو دشمن سے چھڑایا ٭
۴۳ کہ کیونکر اُسنے مصر مین اپنے نشان اور زعون کے میدان مین
اپنے عجایب کام ظاھر کر دکھائے ٭
۴۴ اُسنے اُنکي ندیون کو لھو کر ڈالا کہ وے اپني نھرون سے پي نہ سکے
۴۵ اُسنے اُنمین مکھیان بھیجین جو اُنھین کھا گئین اور مینڈھک
جنھون نے اُنھین ھلاک کیا
۴۶ اُسنے اُنکے میوے کیڑون کو اور اُنکي کمائي ٹڈیون کو کھلائي
۴۷ اُسنے اُنکے انگورون کو اولون سے اور اُنکے انجیر کے درختون کو
پالے سے مارا
۴۸ اُسنے اُنکے مواشي کو اولون کے حوالے کیا اور اُنکے گلون کو بجلي کے
۴۹ اُسنے بلا کے فرشتے بھیج کے اُن پر اپنے قھر کي تندي غصہ اور
غضب اور مصیبت نازل کي
۵۰ اُسنے اپنے قھر کے لئے راہ برابر کھول دي اُنکي جان کو موت
سے چھڑایا نھین بلکہ اُنکي حیات وبا کے حوالے کي
۵۱ اور مصر مین سارے پھلوٹھے مارے حام کے ڈیرون مین اُنکي
قوت کے پھلے پھل
۵۲ پر اپنے لوگون کو بھیڑون کي مانند روانہ کیا اور اُنکو گلے کي
طرح بیابان مین راہ دکھائي
۵۳ اور اُنھین امن سے لے گیا ایسا کہ وے نہ ڈرے پر اُنکے دشمنون کو
سمندر نے ڈبا لیا
۵۴ اور اُسنے اُنھین اپنے مقدس سوانے پر پھنچایا اُس پھاڑ پر کہ جسے
اُسکے دھنے ھاتھہ نے حاصل کیا
۵۵ اور قومون کو اُنکے سامھنے سے ھانکا اور جریب سے اُنھین میراث
بانٹي اور اسرائیل کے فرقون کو اُنکے خیمون مین بسایا

۲٥ آدمي نے فرشتون کي روٹي کھائي اُسنے اُنھين خوراک بھيج کر آسودہ کيا
۲٦ اُسنے آسمان مين پوربي ھوا چلائي اور اپنے زور سے دکھني ھوا کو بھي بہايا
۲۷ اور اُنپر خاک کي مانند گوشت اور دريا کي ريت کي مانند پردار مرغ برسائے
۲۸ اور اُنھين اُنکے خيمون کے بيچ اُنکے مسکنون کے آس پاس گرايا
۲۹ سو اُنھون نے کھايا اور خوب سير ھوے کہ اُسنے اُنکي تمنا اُنھين بخشي
۳۰ وے اپني تمنا سے کنارے نہ رھے پر جب کہ اُنکا کھانا اُنکے منھہ ھي مين تھا
۳۱ تب خدا کا قہر اُن پر بھڑکا اور اُن مين سے دھونتالون کو قتل کيا اور اسرائيل کے جوانون کو مار ڈالا
۳۲ باوجود اس سب کے پھر اُنھون نے گناہ کئے اور اُسکے عجايب کامون کو ديکھہ کے بھي اعتقاد نکيا
۳۳ تب اُسنے اُنکے دنون کو بيہودگي مين اور اُنکے برسون کو دھشت مين تمام کيا
۳۴ جب اُسنے اُنھين قتل کيا تب اُنھون نے اُسے ڈھونڈھا اور باز آئے اور خدا کے طالب ھوے
۳٥ اور ياد کيا کہ خدا اُنکي چٹان اور خدا تعلي اُنکا فديہ دينيوالا تھا
۳٦ ليکن اُنھون نے اپنے منھہ سے اُسکے ساتھہ رياکاري کي اور اپني زبان سے اُسے جھوٹھہ بولے
۳۷ اور اُنکے دل اُسکے ساتھہ مستقيم نہ تھے اور وے اُسکے عہد مين وفادار نہ رھے
۳۸ پر وہ ھي رحيم بدکاري کا بخشنيوالا اور ھلاک نھين کرتا اور بارھا اپنے قہر کو پھرا ديتا اور اپنے سارے غضب کو بھڑکاتا نھين
۳۹ اور اُسنے ياد کيا کہ وے بشر ھين ايک ھوا جو چلتي ھي اور پھر نھين آتي

۱۰ اُنهون نے خدا کے عهد کو حفظ نهين کيا اور اُسکے شريعت پر
چلنے سے انکار کيا
۱۱ اور اُسکے کامون کو اور اُسکي عجايبات کو جو اُسنے اُنپر ظاهر
کين بهول گئے
۱۲ اُسنے اُنکے باپ دادون کے سامهنے زمين مصر مين زعون کے ميدان
مين عجايب کام کئے
۱۳ اُسنے سمندر کے دو حصے کئے اور اُنهين پار پهنچايا اور اُسنے پانيون
کو تودے کے مانند کهڑا کرديا
۱۴ اور دن کے وقت اُسنے بدلي سے اُنکے رهبري کي اور ساري رات
آگ کے شعلے سے
۱۵ اُسنے بيابان مين چٹانون کو چيرا اور اُن مين سے اُنکے پينے کو
گويا بڑے درياؤن مين سے پاني بخشا
۱۶ هان اُسنے چٹان مين سے سيلاب نکالے اور نهرون کا سا پاني بهايا
۱۷ ليکن وے پهر بهي اُسکے حضور گناه کرتے جنگل مين حق تعلی
سے سرکشي کرتے چلے گئے
۱۸ اور اپنے نفس کے لئے کهانا مانگ کے اپنے دلون مين خدا
کو آزمايا
۱۹ اور خدا کے برخلاف کلام کيا اُنهون نے کها کيا خدا دشت مين
دسترخوان بچها سکتا هے
۲۰ ديکهو اُسنے چٹان کو تو مارا ايسا که پاني بهه نکلا اور دهارين
بهوت چلين کيا وه روٹي بهي دے سکتا هے کيا اپنے لوگون کے لئے
گوشت تيار کر سکتا هے
۲۱ سو خداوند نے سنا اور غصے هوا اور يعقوب مين ايک آگ بهڑکي
اور اسرائل پر بهي قهر اُٹها
۲۲ کيونکه اُنهون نے خدا پر اعتقاد نه رکها اور اُسکي نجات
پر بهروسا نه کيا
۲۳ اور اُسنے اُپر سے بدليون کو حکم کيا اور آسمان کے دروازے کهلے
۲۴ اور اُنپر من برسايا که کهاوين اور اُنکو آسماني غله بخشا

۱۹ تيري راه سمندر مين اور تيرا گذر برے پانيون مين اور تيره
نقش قدم معلوم نهين
۲۰ تو نے موسیٰ اور هارون کے هاتهه سے گلے کي مانند اپنے لوگون کي
رهنمائي کي

۱۵ روز شام کي نماز

۷۸ زبور

۱ اي ميري گروه ميري شريعت پر کان رکهو اور ميرے منهه کي
باتين کان دهر کے سنو
۲ مين اپنا منهه کهول کے ايک تمثيل کهونگا مين راز کي باتين جو
قديم سے هين ظاهر کرونگا
۳ جنهين هم نے سنا هي اور جانا اور همارے باپ دادون نے
هم سے بيان کيا
۴ هم اُنکے فرزندون سے پوشيده نه رکهينگے بلکه انيوالي پشت پر
خداوند کي ستايش اور اُسکي قدرتين اور اُسکے عجايب کام جو
اُسنے کئے ظاهر کرينگے
۵ کيونکه اُسنے يعقوب مين ايک شهادت قايم کي اور بني اسرائيل
مين ايک شريعت کر رکهي جسکي بابت اُسنے همارے باپ دادون کو
حکم کيا که وے اُسکي اولاد کو سکهلاوين
۶ تا که انيوالي پشت وے فرزند جو پيدا هووين سيکهين پهر وے اُٹهين
اور اپني اولاد کو سکهاوين
۷ اور خدا پر اپنا بهروسا رکهين اور خدا کے کامون کو بهلا نه دين
بلکه اُسکے حکمون کو حفظ کرين
۸ اور اپنے باپ دادون کي طرح ايک شرير اور سرکش نسل نهون ايسي
نسل که جسنے اپنا دل مستعد نه کيا اور اُنکے جي خدا کے
امانتدار نه ٹهہرے
۹ بني افرائيم نے جو هتهيار باندهنے اور کمان پکڑنيوالے هين جنگ کے
دن پيٹهه پهري

۴ تو نے میري انکهین کهلي رکهین مین گهبرا گیا اور بول نهین سکتا
۵ مین اگلے دنون کو قدیمي برسون کو سوچا
۶ مین اپنا گیت جو رات کے وقت گایا یاد کرون مین اپنے دل مین سوچون اور میري روح تلاش کرے
۷ کیا خداوند ابد تک رد کریگا اور پهر کبهي توجه نه فرمائیگا
۸ کیا اُسکي مهر ابد تک آخر هو گئي کیا وعده سب پشتون کے لئے باطل هو گیا
۹ کیا خدا اپني کریمي بهول گیا کیا اُسنے قهر سے اپني رحمتون کو بند کر لیا هی
۱۰ اور مین نے کہا یهه میرا مرض هی اور حق تعلیٰ کے دهنے هاتهه کے برس هیں
۱۱ مین خداوند کے کامون کا تذکره کرونگا کیونکه مین تیرے قدیمي عجایبات کو یاد کرونگا
۱۲ مین تیرے سب فعلون کو سوچونگا اور تیرے کامون پر دهیان کرونگا
۱۳ ای خدا قدس مین تیري راه هی کون معبود خدا کا سا بڑا هی
۱۴ تو وه خدا هی جو عجایب کام کرتا هی تو نے اپني زور کو لوگون مین ظاهر کیا
۱۵ تو نے اپنے بازو سے اپنے لوگون کو بني یعقوب اور بني یوسف کو مخلصي بخشي
۱۶ پانیون نے ای خدا پانیون نے تجهه کو دیکها وے ڈر گئے گهراو بهي کانپ اُٹهے
۱۷ ابر نے پاني انڈیلا بادلون نے کڑک ماري هان تیرے تیر چارون طرف سے اُڑے
۱۸ تیري گرج کي آواز گردباد مین هوئي بجلیون نے جهان کو روشن کردیا زمین لرزي اور کانپي

۷٦ زبور

۱ يهودا كے درميان خدا پہچانا هوا هي اسرائيل مين اُسكا
نام بزرگ هي
۲ اور سالم مين اُسكا خيمه تها اور صيهون مين اُسكا مسكن
۳ وهان اُسنے كمان كے تير اور سپر اور تلوار اور لڙائي شكست كردي
۴ تو جليل هي شكاري پہاڙون سے زياده شوكت والا هي
۵ مضبوط دل والے لٹ گئے وے اپني نيند مين سو گئے اور سارے
زبردستون مين سے كسي نے اپنے هاتهه نه پائے
٦ تيري ڈپٹ سے اي يعقوب كے خدا گاڙيان اور گهوڙے نيند
مين غرق هوے
۷ تجهه سے هان تجهي سے ڈرا چاهئے اور جب تو ايك دفعه قهر كرے
تو كون تيرے حضور كهڙا ره سكے
۸ تو نے آسمان پر سے حكم سنايا زمين ڈري اور تهم گئي
۹ جسوقت خدا عدالت كرنے اُٹها تاكه زمين كے سارے غريبون
كو بچاوے
۱۰ كه آدمي كا غضب تيري ستايش كريگا اور باقي غضب كو
تو روك ركهيگا
۱۱ تم سب جو اُسكے آس پاس هو خداوند اپنے خدا كي نذرين مانو
اور اُنهين ادا كرو اُسكے حضور جسسے ڈرا چاهئے هديئے لاوين
۱۲ وه اُمراؤن كي جان ليتا وه زمين كے بادشاهون كے لئے مهيب هي

۷۷ زبور

۱ مين خدا كي طرف اپني آواز سے چلاتا هون هان خداهي كي
طرف اپني آواز سے وه ميري طرف كان دهرے
۲ بپت كے دن مين نے خداوند كي تلاش كي ميرے هاتهه رات كو
اُٹهے رهے اور گرے نهين ميري جان نے تسلي پانے سے انكار كيا
۳ مين خدا كو ياد كرتا اور كراهتا هون مين سوچتا اور ميرا جي
اُداس هوتا هي

۲۱ مظلوم رسوا هو کے اُلٹا نه پھرے غریب اور محتاج تیرے نام کي
ستایش کریں
۲۲ اُٹھه ای خدا اپنا مقدمه آپ هي کر یاد کر که احمق سدا تجھے
ملامت کرتا جاتا هی
۲۳ اپنے دشمنون کي آواز کو بھول نه جا اُنکا شور غل جو تیرا مقابله
کرتے هیں نت اُٹھاتا جاتا هی

۱۵ روز فجر کي نماز

۷۵ زبور

۱ ای خدا هم تیري حمد کرتے هیں هم تیري حمد کرتے هیں که
تیرا نام نزدیک هی وے تیرے عجایب کام بیان کرتے هیں
۲ که معاد جب پهنچیگي تب میں راستي سے عدالت کرونگا
۳ زمین اور اُسپر کے سارے بسنیوالے پگھل گئے میں هي نے اُسکے
ستونون کو سنبھالا هی
۴ میں نے فخر کرنیوالون سے کہا که فخر مت کرو اور شریرون سے
سینگ مت اُٹھاو
۵ اپنا سینگ اُنچا نه کرو گردن کشي سے مت بولو
۶ که نه پورب سے نه پچھم سے نه پہاڑون کے بیابانون سے
فیصله هی
۷ بلکه خدا هي حاکم هی وہ اسکو گراتا هی اور اُسکو بلند
کرتا هی
۸ که خداوند کے هاتھه میں ایک پیاله هی جسمیں سرخ مي هی
مصالح گھل کے اُسمیں بھرا هوا هی اُسمیں سے وہ انڈیلتا هی صرف اُسکي
تلچھٹ زمین کے سارے شریر نچوڑینگے اور پئینگے
۹ پر میں جو هون ابد تک بیان کرونگا یعقوب کے خدا کي
حمد گاؤنگا
۱۰ اور شریرون کے سب سینگ کاٹ ڈالونگا پر صادقون کے سینگ
بلند کئے جاینگے

۷ اُنہون نے تیرے مقدس میں آگ لگائي هی اُنہون نے تیرے نام کے
مسکن کو زمین تک ناپاک کیا
۸ اُنہون نے اپنے دل مین کہا آؤ اُنکو ایک هي ساتهه برباد کرین اُنہون
نے ملک بهرمین خدا کي ساري عبادت گاهون کو جلا دیا هی
۹ هم اپنے نشانون کو نہین دیکهتے کوئي نبي بهي نہین اور همارے
درمیان کوئي نہین جو جانے که یهه کب تک هوگا
۱۰ ای خدا دشمن کب تک ملامت کریگا کیا دشمن ابد تک تیرے
نام پر کفر بکیگا
۱۱ تو کیون اپنا هاتهه بلکه اپنا دهنا هاتهه کهینچ لیتا هی اُسے اپني
بغل مین سے نکال کے تمام کر
۱۲ خدا میرا قدیمي بادشاه هی جو زمین کے بیچ نجات کے
کام کرتا هی
۱۳ تو نے اپني قدرت سے دریا کو چیرا تو نے پانیون مین
تنینون کے سر کچلے
۱۴ تو نے لویتان کے سرون کے ٹکرے کئے تو نے اُسے بیابان کے بسنیوالون
کي خورش کیا
۱۵ تو نے چشمون کو اور سیلاب کو چیرا تو نے سدا بہنیوالے دریاؤن
کو خشک کیا
۱۶ دن تیرا رات بهي تیري هی نور و آفتاب توهي نے تیار کر
رکها هی
۱۷ زمین کي ساري سرحدین تو نے مقرر کین گرمي اور جاڑا
توهي نے بنایا هی
۱۸ ای خداوند اِسے یاد کر که دشمن ملامت کرتا هی اور احمق لوگ
تیرے نام پر کفر بکتے هین
۱۹ وحشي جماعت کي خواهش پر اپنا پنڈکی مت چهوڑ دے اپنے
غریبون کي جماعت ابد تک مت بهول
۲۰ عهد کي طرف متوجه هو که زمین کے اندهیرے مقام ظلم کے
مسکن سے بهر گئے

۲۰ جاگنیوالے کے خواب کي مانند اى خداوند جب تو جاگیگا تو
اُنكي صورت كو حقير جانيگا
۲۱ کہ میرا دل ملول ہوا اور میرے گردے چھید گئے
۲۲ ایسا میں وحشي و نادان تھا میں تیرے حضور حیوان کی مانند تھا
۲۳ تد بھي میں ہمیشہ تیرے هي ساتھہ تھا تو نے میرا دھنا ھاتھہ پکڑا
۲۴ تو اپني مصلحت سے مجھے ہدایت کریگا اور آخرش مجھے جلال
میں شامل کرلیگا
۲۵ آسمان پر میرا کون هی مگر تو زمین پر تیرے سوا کوئي نہیں
جسکا میں مشتاق ہوں
۲۶ میرا جسم اور میرا دل گھٹا جاتا هی پر خدا میرے دل کي چٹان
اور میرا حصہ ابد تک هی
۲۷ کہ دیکھہ وے جو تجھہ سے دور هیں فنا ہو جاتے هیں تو نے ان
سب کو جو تیري طرف سے پھر کے زاني ہوے ہلاک کیا هی
۲۸ پر میں جو ہوں سو میري بھلائي خدا کي نزدیکي میں هی میں
نے خداوند یہوواہ پر توکل کیا هی تا کہ تیرے سارے کاموں کو بیان کروں

۷۴ زبور

۱ **اى** خدا تو نے کیوں ہمکو تا ابد رد کیا تیري چراگاہ کي بھیڑوں
پر تیرے قہر کا دھواں کیوں اٹھتا هی
۲ اپني اس جماعت کو جسکي تو نے قدیم سے خریداري کي اپنے میراثي
فرقے کو جس سے تو نے خلاصي بخشي اُس کوہ صیہون کو جسمیں تو نے
سکونت کي یاد فرما
۳ دائمي ویرانیوں کي طرف اپنے قدم بڑھا دشمن نے بیت قدس میں
سب کچھہ خراب کر ڈالا هی
۴ تیرے دشمن تیرے مجمعوں کے درمیان گونج رہے هیں اُنھوں نے اپنے
هي نشان نشان ٹھہرائے هیں
۵ معلوم ہوتا هی کہ کوئي گھنے درختوں پر کلہاڑا چلاتا هی
۶ پھر اب وہ اُسکي نقاشیوں کو ایک بارگي تبروں اور ہتھیاروں سے
توڑتے هیں

۵ اِنسان کي طرح اُنکو دکهه نهين اور نه آدمي کي طرح اُنپر آفت آتي

۶ اسلئے گهمنڈ اُنکي گردنون کا طوق هوا ظلم نے اُنکو پوشاک کي مانند ڈهانپ ليا

۷ اُنکي آنکهين چربي کے باعث ابهري هوئي هين اُنکے دل کے تصور حد سے برهکے هين

۸ وے ٹهٹها مارتے اور ظلم کي باتين کرتے هين غرور سے بولتے هين

۹ اُنهون نے اپنے منهه آسمانون پر کئے هين اور اُنکي زبانين زمين کي سير کرتيان هين

۱۰ سو اُسکے لوگ ادهر رجوع لاتے هين اور بهت سا پاني اُنکے لئے نچوڑا جاتا هے

۱۱ اور وے کهتے هين خدا کيونکر جانے اور حق تعلي کو کيا اگاهي هے

۱۲ ديکهو يهه شرير هين جو سدا صحيح سلامت رکهے اپنے مال متاع برهاتے جاتے هين

۱۳ يقينا مين نے اپنے دل کو عبث صاف کيا اور بے گناهي سے اپنے هاتهه دهوے هين

۱۴ که مين سارے دن بے آرام رهتا هون اور هر صبح کو تنبيه پاتا هون

۱۵ اگر مين کهتا که يون بيان کرونگا تو ديکهه که مين تيري اولاد کي گروه سے بے ايماني کرتا

۱۶ اور مين نے فکر کي که اُسکي مجهے سمجهه هو پر ميرے نزديک يهه برا کٹهن تها

۱۷ جب تک که مين خدا کے مقدس مين داخل هوا تب مين اُنکا انجام سمجهه گيا

۱۸ يقينا تو اُنکو پهسلتي جگهون مين بٹهلاتا هے تو اُنکو هلاکت مين ڈهکيل ديتا هے

۱۹ وے ايک دم مين کيا هي ويران هوگئے وے سخت دهشتون سے کيسے فنا و برباد هوگئے

۱۲ کیونکه وه دهائي دینیوالے محتاج کو اور دکهي کو اور اُنکو جنکا کوئي
مددگار نهو چهڑائیگا
۱۳ وه مسکین اور محتاج پر ترس کهائیگا اور محتاجون کي جان بچا ليگا
۱۴ وه اُنکي جانون کو زور ظلم سے خلاصي دیگا اور اُنکا خون اُسکي
نظر میں بیشقیمت هوگا
۱۵ وه جیتا رهیگا اور سبا کا سونا اُسے دیا کریگا اور وه اُسکے لئے سدا
دعا کیا کریگا وه سارے دن اُسے مبارکبادي دیا کریگا
۱۶ ایک مٹهي بهر دانا زمین میں پهاڑون کي چوٹیون پر هوگا اُسکا
پهل لبنان کے درخت کی طرح جهڑ جهڑاویگا اور شهر کے لوگ میدان
کے گهاس کي مانند سرسبز هونگے
۱۷ اُسکا نام ابد تک باقي رهیگا جب تک که افتاب رهیگا اُسکے نام
کا رواج هوگا اور لوگ اُسکے باعث اپنے تیئں مبارک کهینگے ساري قومین
اُسے متبرک گرداٸینگي
۱۸ خداوند خدا اِسرائیل کا خدا مبارک هی جو اکیلاهي عجایب
کام کرتا هی
۱۹ اور اُسکا جلیل نام ابد تک مبارک هی اور سارا جهان اُسکے جلال
سے معمور هووے آمین پهر آمین
۲۰ داؤد بن یسّي کي دعائیں تمام هوئیں

۱۴ روز شام کي نماز

۷۳ زبور

۱ خدا اِسرائیل کے لئے اُنکے لئے جو صاف دل هیں صرف
خوب هي هی
۲ لیکن میں جو هون سو نزدیک تها که میرے پانو پهسل جاتے میرے
قدمون کا رپٹ جانا قریب تها
۳ که میں فخر کرنیوالون پر حسد کرتا تها میں شریرون کي کام یابي
پر نظر کررها تها
۴ که اُنکے مرنے تک کوئي عقده نهیں اور اُنکي طاقت پوري هی

۲۲ پهر مين بين بجا بجا کے ای میرے خدا تیري هان تیري وفا کي
ستایش کرونگا ای اِسرائیل کے قدوس مین بربط بجا کے تیري
مدح سرائي کرونگا
۲۳ میرے هونتهه جسوقت که مین تیري مدح سرائي کرونگا نهایت
خوش هونگے اور ایسے هي میرا جي جیسے تو نے خلاصي بخشي هی
۲۴ اپني زبان سے بهي سارے دن تیري صداقت کي باتین مین کہتا
رهونگا که میري برائي کے طالب شرمنده اور پشیمان هوگئے هین

۷۲ زبور

۱ ای خدا بادشاه کو اپني عدالتین اور بادشاه کے بیتے کو
اپني صداقت دے
۲ وه تیرے لوگون مین صداقت سے حکم کریگا اور تیرے دکهیون
مین عدل سے
۳ پهار لوگون کے لئے سلامت ظاهر کرینگے اور تیلے بهي صداقت سے
۴ وه قومون کے دکهیون کا اِنصاف کریگا محتاجون کے فرزندون کو
بچاویگا اور ظالم کو تکرے تکرے کریگا
۵ جب تک که سورج اور چاند باقي رهینگے ساري پشتون کے لوگ
تجهه سے ڈرا کرینگے
۶ وه بارش کي مانند جو کاتے هوے گهاس پر پرے نازل هوگا اور پهوهي
کے مینهه کي طرح جو زمین کو سینچتا هی
۷ اُسکے زمانے مین جب تک که چاند باقي رهیگا صادق پهیلینگے اور
سلامت فراوان هوگي
۸ سمندر سے سمندر تک اور دریا سے اِنتهاے زمین تک اُسکا حکم هوگا
۹ وے جو بیابان کے باشندے هین اُسکے سامهنے جهکینگے اور اُسکے
دشمن ماتي چاتینگے
۱۰ ترسیس اور جزیرون کے سلاطین نذرین لاوینگے اور سبا اور سیبا کے
بادشاه هدیے گذرانینگے
۱۱ هان سارے بادشاه اُسکے حضور سجده کرینگے ساري قومین اُسکي
عبادت کرینگي

۸ میرا منہہ تیری ستایش اور تیرے جلال کي تعریف سے سارے دن لبریز رهے

۹ بڑها پے کے وقت مجھے پهینک نہ دے میري ضعیفي میں مجھے ترک مت کر

۱۰ کہ میرے دشمن مجھے باتیں سناتے هیں اور وے جو میري جان کي گهات میں هیں آپس میں مصلحت کرتے

۱۱ کہتے هیں کہ خدا نے اُسے ترک کیا هی اُسکا پیچها کرو اور اُسے پکڑو کہ اُسکا چهڑانیوالا کوئي نہیں

۱۲ ای خدا مجھہ سے دور نہو ای میرے خدا جلد میري مدد کر

۱۳ وے جو میرے جاني دشمن هیں شرمندہ اور فنا هوویں وے جو میرا نقصان چاهتے هیں شرم اور رسوائي سے ڈهنپ جاویں

۱۴ پر میں هر دم اُمیدوار رهونگا اور تیري ساري ستایش زیادہ زیادہ کرتا جاؤنگا

۱۵ میرا منہہ تیري صداقت اور تیري نجات سارے دن بیان کریگا کیونکہ میں اُنکا حساب نہیں جانتا

۱۶ میں خداوند خدا کے قوي کاموں کا ذکر کرتا هوا آونگا میں تیري صرف تیري هي صداقت کا تذکرہ کرونگا

۱۷ ای خدا تو نے مجھے لڑکائي سے تربیت کیا اور اب تک میں تیري عجایبت بیان کرتا رها هوں

۱۸ اب میں بوڑها اور سر سفید هوں سو ای خدا تو اب بهي مجھے ترک نکر یہاں تک کہ میں تیري قوت اس پشت پر اور تیرا زور هرایک شخص پر جو آگے کو پیدا هوگا ظاهر کروں

۱۹ ای خدا تیري صداقت بہت بلند هی کہ تو نے بڑے بڑے کام کئے ای خدا تیري مثل کون هی

۲۰ تو جسنے همیں بڑي سخت مصیبتیں دکهلائیں همکو پهر جلائیگا اور زمین کے گہراؤں سے همیں پهر اُپهر لے آیگا

۲۱ تو میري بڑائي زیادہ کریگا اور پهر کر مجھے تسلي بخشیگا

۷۰ زبور

۱ ای خدا میري رهائي کے لئے ای خداوند میري مدد کے لئے جلد آ
۲ وے جو میري جان کے کهوجي هیں شرمندہ اور لجت هوجائیں وے
جو میري برائي کے چاهنیوالے هیں پیچهے هٹیں اور رسوا هوجائین
۳ وے جو کہتے هیں آها آها اپني شرمندگي پر اُلٹے پهرائے جاویں
۴ وے سب جو تیرے طالب هیں تجهه سے خوش اور خرم هون اور
وے جو تیري نجات کے عاشق هیں سدا کہا کریں کہ خدا کي بڑائي هو
۵ میں تو دکهي هون اور محتاج ای خدا میري طرف جلد آ توهي
میرا چارہ هی اور میرا چهڑانیوالا ای خداوند دیر نکر

۱۴ روز فجر کي نماز

۷۱ زبور

۱ ای خداوند میرا بهروسا تجهه پر هی تو مجهے کبهي
شرمندہ نهونے دے
۲ اپني صداقت سے مجهے چهڑا اور مجهے مخلصي بخش میري طرف
کان دهر اور مجهے بچا
۳ تو میرے رهنے کے لئے ایک چٹان هو جهان میں همیشہ جایا کرون
تو هي نے میري نجات کا حکم کیا هی کہ تو میري چٹان اور
میرا گڑهہ هی
۴ ای میرے خدا شریر کے هاتهہ سے اور کج لور بے مهر اِنسان کے
پنجے سے مجهے چهڑا
۵ کیونکہ ای خداوند خدا تو میري اُمید گاہ هی میري لڑکائي سے
میرا بهروسا تجهي پر هی
۶ میں اُس دم سے کہ پیٹ سے نکلا تجهي سے سنبهالا گیا تو وہ هی
جسنے میري ما کے رحم میں سے نکلا میں سدا تیري ستایش کرنیوالا هون
۷ میں بهتون کے لئے ایک اچنبها هوا هون پر تو میري قوي پناہ هي

۲۲ ایسا کر کہ اُنکا دسترخوان اُنکے لئے پھندا ہو اوز جو کچھہ اُنکي
بہتري کے لئے ہي پھنسانے کا جال ہو
۲۳ اُنکي آنکھیں اندھي ہوویں کہ نہ دیکھیں اور اُنکي کمریں
سدا کانپتي رہیں
۲۴ اپنا غضب اُنپر انڈیل دے اور تیرے قہر کي جلن اُنہیں
پکڑ لے
۲۵ اُنکا محل اُجاڑ ہوجاے اور اُنکے خیمے میں رہنیوالا کوئي نرہے
۲٦ کیونکہ وے تیرے مارے ہوے کو ستاتے ہیں اور تیرے زخمیون کي
تکلیف باتون سے بڑھاتے ہیں
۲۷ اُنکے گناہ پر گناہ بڑھا اور اُنہیں اپني صداقت میں داخل ہونے ندے
۲۸ اُنہیں زندون کے دفتر سے مٹ دے اور صادقون کے درمیان اُنکو
قلم بند نہ کر
۲۹ پر میں مسکین اور غمگین ہون اي خدا اپني نجات سے مجھے
اُنچا کر
۳۰ میں گیت گاکے خدا کے نام کي حمد کرونگا اور شکرگذاري کر کے
اُسکي بڑائي کرونگا
۳۱ اِس سے خداوند بیل اور بچھڑے کي نسبت جن کے سینگ اور
کھرُ ہوتے ہیں زیادہ خوش ہوگا
۳۲ غریب لوگ دیکھینگے اور خوش ہونگے یعنے تم جو خدا کے طالب
ہو اور تمہارا دل زندہ رہے
۳۳ کیونکہ خداوند محتاجون کي سنتا ہي اور اپنے اسیرون کي
حقارت نہیں کرتا
۳۴ آسمان اور زمین اُسکي ستایش کریں سمندر اور ہر ایک چیز
جو اُسمیں رلگتي ہي
۳۵ کہ خدا صیہون کو نجات دیگا اور یہودا کے شہرون کو بنائیگا اور
وے وہان بسینگے اور اُسے میراث میں لینگے
۳٦ اُسکے بندون کي اولاد بھي اُسپر قابض ہوگي اور وے جو اُسکے نام پر
عاشق ہیں اُسمیں بودوباش کرینگے

۸ مين اپنے بھائيون کے نزديک پردسي اور اپني ما کے فرزندون کے
نزديک اجنبي ٹھہرا
۹ کہ تيرے گھر کي غيرت نے مجھہ کو کھا ليا اور اُنکي ملامتين جو
تجھہ کو ملامت کرتے ھين مجھہ پر پڑين
۱۰ جب مين نے روزے مين رو رو اپني جان ہلاک کي تو وہ بھي
ميري ملامت کا باعث ھوا
۱۱ جب مين نے ٹاٹ کا لباس پہنا تو اُنہون نے مجھے ضرب المثل کيا
۱۲ وے جو پھاٹک پر بيٹھے ھين ميري بابت بکتے ھين اور نشے باز
ميرے حق مين گاتے ھين
۱۳ ليکن اي خداوند مين جو ھون تجھہ سے دعا مانگتا ھون قبوليت
کے وقت اي خدا اپني رحمت کي بے پاياني سے اپني نجات کي سچائي
سے ميري سن لے
۱۴ مجھے کيچ سے نکال کہ مين نہ ڈوبون مين اُن سے جو ميرا کينہ
رکھتے ھين اور پانيون کي گھرائي سے بچ نکلون
۱۵ پاني کي باڑھہ کو مجھہ پر سے گذرنے نہ دے گھراو مجھے نگلنے نہ
پاوے اور کوا اپنا منہہ مجھہ پر بند کرنے نپاوے
۱٦ اي خداوند ميري سن لے کہ تيري مہر خوب ھي اپني رحمتون
کي فراواني کے مطابق ميري طرف متوجہ ھو
۱۷ اور اپنے بندے سے اپنا منہہ نہ چھپا کہ مجھہ پر بپت ھي
جلد ھو ميري سن
۱۸ ميري جان کے پاس آ اُسکو چھڑا ميرے دشمنون کے سبب
مجھے خلاصي دے
۱۹ تو ميري ملامت اور ميري شرمندگي اور ميري رسوائي سے اگا ھي
ميرے سارے بيري تيرے اگے ھين
۲۰ ملامت نے ميرا دل توڑا ھي مين آزاري ھون مين تکتا رہا کہ کوئي
مجھہ پر ترس کھائے پر کوئي نہين اور کوئي مجھے دلاسا ديوے پر نملا
۲۱ اُنہون نے مجھے کھانے کے عوض پت ديا اور ميري پياس بجھانے
کو مجھے سرکا پلايا

۳۲ اي زمين کي مملوکتو خدا کے لئے گاؤ خداوند کي مدح سرائي کرو
۳۳ اُس ہي کي جو قديم فلک الا فلاک پر سوار ہي ديکهہ وہ اپني
آواز سناتا ہي جو قوي آواز هي
۳۴ خداهي کي طرف تم قوت منسوب کرو اِسرائيل کے اُپر اُسکي
بزرگي هي اور اُسکي قوت بدليون مين هي
۳۵ اي خدا تو اپنے مقدس مکانون مين سے مہيب هي اسرائيل کا
خدا وہي قوت اور طاقت لوگون کو بخشتا هي خدا مبارک هي

۱۳ روز شام کي نماز

۶۹ زبور

۱ اي خدا تو مجهہ کو بچا لے کہ پاني ميري جان
تک پہنچے هين
۲ مين گہري کيچ مين دهس چلا جہان کهڑے هونے کي جگہہ نہين
مين گہرے پاني مين پڑا ڈهيو ميرے اُپر سے گذرتے هين
۳ مين چلاتے چلاتے تهکا ميرا گلا خوشک هوا اپنے خدا کي انتظاري
کرتے کرتے ميري آنکهين دهندهلا گئين
۴ وے جو بے سبب ميرا کينہ رکهتے هين شمار مين ميرے سر کے بالون
سے زيادہ هين وے جو مجهے ہلاک کيا چاهتے هين ميرے جهوٹهہ کہنيوالے
دشمن زبردست هين جو کچهہ کہ مين نے نہين چهينا سو مين
پهير ديتا هون
۵ اي خدا تو ميري حماقت کو جانتا هي اور ميرے گناہ تجهہ
سے چهپے نہين
۶ اي خداوند رب الافواج وے جو تيرے منتظر هين ميرے سبب
شرمندہ نہون وے جو تيرے متلاشي هين اي اسرائيل کے خدا
ميرے باعث رسوا نہون
۷ کيونکہ تيرے واسطے مين نے ملامت سہہ لئي رسوائي نے ميرے منہہ
کو ڈهانپا

۱۸ تو اُنچے پر چڑہا تو نے اسیرون کو اسیر کیا تو نے آدمیون کے بیچ
بلکہ سرکشون کے بیچ بھي انعام پائے تاکہ خداوند خدا سکونت کرے
۱۹ خداوند سدا مبارک ہی ہم پر بار رکھتا ہی ہمارا نجات
دینیوالا خدا ہی
۲۰ ہمارا خدا جو ہی سو نجات دینیوالا خدا ہی اور موت سے رہائي
بخشنا خداوند خداہي کا کام ہی
۲۱ مگر خدا اپنے دشمنون کے سر اور اُس شخص کي بالوالي کھوپڑي کو
جو گناہ کرتا جاتا ہی چور کر دیگا
۲۲ خداوند نے فرمایا میں بسن سے اُنہیں پھیر لاؤنگا میں دریا کے
گہراؤن میں سے اُنہیں پھیر لاؤنگا
۲۳ تا کہ تیرے پانو تیرے دشمنون کے لہو سے سرخ ہون اور تیرے
کتّون کي جبہیں بھي ویسي ہوجاویں
۲۴ اُنہون نے اي خدا تیري چالیں دیکھیں ہان میرے خدا میرے بادشاہ
کي چالیں مقدس میں
۲۵ گانیوالے آگے آگے چلے بجانیوالے پیچھے پیچھے اُنکے درمیان کنواریان
طبلا بجاتي جاتیان تھیں
۲۶ جماعتون میں خدا کو مبارک کہو ہان خداوند کو تم جو اسرائیل
کے چشمے سے ہو
۲۷ وہان چھوٹا بنیامین اُنکا زیر کرنیوالا یہودا کے اُمرا اُنکے سنگسار
کرنیوالے زبولون کے اُمرا اور نفتالي کے اُمرا ہیں
۲۸ تیرے خدا نے تیري مضبوطي کا حکم کیا اي خدا اُسکو جو تو نے
ہمارے لئے کیا مضبوطي بخش
۲۹ تیري ہیکل کے سبب جو یروسلیم میں ہي بادشاہ تیرے لئے ہدئے لاوینگے
۳۰ تو نیستان کے وحشي کو اور بیلون کے جھنڈ کو قومون کے بچھڑون
سمیت ڈانٹ اب چاندي کے ٹکڑے لاکے تابعدار ہنے اُن قومون کو جو
جنگ سے خوش ہوتي ہیں اُسنے تتر بتر کیا ہی
۳۱ شاہزادے مصر سے آوینگے کوش کے لوگ جستي سے اپنے ہاتھ
خدا کي طرف بڑہاوینگے

۳ پر صادق شادمان هون و ے خدا کے سامهنے مسرور هون هان خوشي
کے مارے پهولے نہ سماوین
۴ خدا کے لئے گاوٗ اُسکے نام کي مدح سرائي کرو اُسکے لئے راہ تیار کرو جو
اپنے نام یاہ سے دشتون مین سے سوار هو آتا هی اور اُسکے حضور خوشي کرو
۵ یتیمون کا باپ اور بیون کا والي اپنے مکان مقدس مین خدا هی
٦ خدا تنهاوٗن کو گهرانے والے کرتا هی اسیرون کو چهرا کے خوشوقتي
مین پهنچاتا هی مگر سرکش خوشک زمین مین رهتے هین
٧ ای خدا جس دم تو اپنے بندو کے آگے آگے باهر نکلا جسدم
تو بیاباں مے گذرا
٨ زمین لرزي اور آسمان ٹپکے خدا کے حضور یهہ سینا خدا کے حضور
جو اسرائیل کا خدا هی
٩ ای خدا تو نے زور کا مینهہ برسایا جس سے تو نے اپني ضعیف
میراث کو قایم کیا
١٠ تیري جماعت اُسمین بسی هي ای خدا تو اپنے لطف سے مسکینون
کے لئے تیاري کرتا هی
١١ خداوند نے حکم دیا اور خوش خبري دینیوالي بڑي جماعت تهي
١٢ لشکروالي بادشاہ بهاگ گئے اور عورت نے جو گهر مین رهي
لوٹ کا مال بانٹا۔
١٣ جب تم بهیڑ سالون کے درمیان آرام کروگے تم ایسے هوگے جیسے
کبوتر جسکے بال روپے سے مڑهے هون اور جسکے پر خالص سونہ سے
١۴ جسوقت قادر مطلق بادشاهون کو اُس مین تتر بتر کرتا تو ظلمون
برف کي مانند سفید هوجاتا هی
١۵ خدا کا پهاڑ بسن کا پهاڑ هی بسن کا پهاڑ ایک اُنچا
شکهر پهاڑ هی
١٦ تم کیون داہ کرکے تاکتے هو ای اُنچے شکهر پهاڑو یهہ وہ پهاڑ هی
جس مین خدا نے چاها کہ بسے هان خداوند اُسمین تا ابد بسیگا
١٧ خدا کي گاڑیان بیس هزار هین بلکہ هزار ها هزار هین خداوند
اُنمین هي اور سینا مقدس مین هی

۱۵ میں پالے ہوے جانوروں کے چڑھاوے مینڈھوں کي خوشبوئوں سمیت
تیرے لئے گذرانونگا میں بچھڑے اور بکرے چڑھاؤنگا
۱۶ ای خدا ترسو تم سب آو سنو کہ میں بیان کرتا ہوں کہ اُسنے
میري جان کے لئے کیا کیا کچھہ کیا ہی
۱۷ میں نے اپنے منہہ سے اُسکو پکارا اور اُسکي بڑائي میري
زبان سے ہوتي تھي
۱۸ اگر میرا دل بدکاري پر مایل ہوتا تو خداوند میري نہ سنتا
۱۹ پر خدا نے تو سنا ہی اُسنے میري دعا کي آواز پر کان دھرا ہی
۲۰ مبارک ہی خدا جسنے میري دعا کو نہیں پھیرا ہی اور نہ اپني
رحمت کو مجھہ سے

۶۷ زبور

۱ **خدا** ہم پر رحم کرے اور ہمکو برکت دیوے وہ اپنا چہرہ ہمپر
جلوہ گر فرماوے
۲ تا کہ تیري راہ زمین پر تیري نجات ساري قوموں میں جاني جاوے
۳ ای خدا لوگ تیري ستایش کریں سارے لوگ تیري ستایش کریں
۴ اُمتیں خوش ہوویں اور خوشي کے مارے گاویں کہ تو راستي سے لوگوں
کي عدالت کریگا اور زمین پر اُمتوں کو ہدایت فرمائیگا
۵ ای خدا لوگ تیري ستایش کریں سارے لوگ تیري ستایش کریں
۶ زمین اپنا حاصل موجود کریگي خدا ہمارا خدا ہمکو برکت دیگا
۷ خدا ہمکو برکت دیگا اور زمین کي ساري سرحدیں اُسے ڈرینگي

۱۳ روز فجر کي نماز

۶۸ زبور

۱ **خدا** اُٹھے اُسکے دشمن تتر بتر ہوجاویں اور وے جو اُسکا کینہ
رکھتے ہیں اُسکے حضور سے بھاگیں
۲ جس طرح دھواں زایل ہوجاتا ہی اُسي طرح تو اُنہیں زایل کر
جس طرح موم آگ پر پگھلتا ہی شریر خدا کے حضور میں فنا ہوویں

۱۲ بیابان مین چراگاهون پر قطرے ٹپکتے هین اور پهاڑیان خوشي سے کمر بستہ هین
۱۳ چراگاهین گلون سے ملبس هوئي هین اور نشیب گلے سے ڈهنپ گئے هین وے خوشي کي آواز سناتے هان وے گاتے هین

٦٦ زبور

۱ اي ساري سرزمینو خدا کے لئے خوشي کي بلند آواز سناؤ
۲ اُسکے نام کے جلال کي مدح سرائي کرو حمد کرتے هوے اُسکا جلال ظاهر کرو
۳ خدا سے کهو تیرے کام کیاهي مهیب هین تیري قدرت کي بهتایت سے تیرے دشمن تجهه سے دب جاینگے
۴ ساري زمین تجهے سجدہ کریگي اور تیري مدح خوان هوویگي وے تیرے نام کي مدح سرائي کرینگے
۵ آو خدا کے کام دیکهو کہ بني آدم کے حق مین اُسکے کام مهیب هین
٦ اُسنے سمندر کو خوشکي سے بدل ڈالا وے دریا سے پانو پانو چلے گئے وهان هم اُسکے سبب سے خوشي مناوین
۷ وہ اپني قدرت سے ابدي سلطنت کرتا هی اُسکي آنکهین قومون کو دیکهتي هین گردن کش اپنے تئین سر بلند نکرین
۸ اي لوگو همارے خدا کو مبارک کهو اور اُسکي ستایش کي آواز سناؤ
۹ جو هماري جان کو زندہ رکهتا هی اور همارے پانو پهسلنے نهین دیتا
۱۰ کہ تو نے اي خدا همکو آزمایا تو نے همکو یون تایا جیسے روپا تایا جاوے
۱۱ تو نے همکو دام مین پهنسایا تو نے هماري کمرون پر دکهہ باندها
۱۲ تو نے لوگو کو همارے سرون پر چڑهایا هم آگ اور پاني مین پڑے پر تو نے همکو سیري کي جگهہ پهنچایا هی
۱۳ مین چڑهاوے لیکے تیرے گهر مین جاؤنگا مین تیرے لئے اپني نذرین ادا کرونگا
۱۴ وہ جو بپت کے وقت مین نے اپنے هونٹهون سے مقرر کین اور اپنے منهہ سے مانین

۱۲ روز شام کي نماز

٦۵ زبور

۱ ای خدا حمد و ثنا صیہون میں تیرے حضور چین سے ہوتي
هی اور تجھي کو نذر ادا کي جائیگي
۲ ای دعا کے سننیوالے سارے بشر تجھہ پاس اوینگے
۳ خطاؤن نے مجھے مغلوب کیا هی. همارے گناهون کا کفارہ
توهي کریگا
۴ مبارک هی وہ جسے تو چن لیتا اور اپنا مقرب کر رکھتا هی تا کہ
وہ تیري بارگاهون میں سکونت کرے هم تیرے گھر کي هان تیرے
مقدس ہیکل کي خوبي سے سیر هونگے
۵ تو صداقت سے ہیبت ناک باتیں دکھا کے همکو جواب دیتا هی
ای همارے نجات دینیوالے خدا زمین کے سارے کنارون کي اور اُنکي بھي
جو دور دریا کے بیچ هیں تو امید گاہ هی
٦ تو زور سے کمر بستہ هو کے اپني قدرت سے پہاڑون کو
قایم رکھتا هی
۷ تو دریاؤن کے شور اُنکي موجون کے شور کو اور لوگون کے
دهوم کو فرو کرتا هی
۸ اور وے جو زمین کي اِنتہا میں بستے هیں تیرے نشانون سے خوف
کھاتے هیں تو صبح اور شام کے نکلنے کي جگہون کو خوش و خرم کرتا هی
۹ تو زمین پر توجہ فرماتا اور اُسکو سیرابي بخشتا هی تو اُسکو مالامال
کرتا هی خدا کا دریا پاني سے بھرا هی اُنکے لئے اِسي طرح تو اُسے تیار کرکے
اناج مہیا کرتا هی
۱۰ تو اُسکي رگھاریون کو سینچتا تو اُسکے ڈھیلون کو چورس کرتا هی
تو اُسکو میہون سے نرم کرتا هی تو اُسکي رویدگي میں برکت
بخشتا هی
۱۱ تو اپنے لطف سے سال کو تاج بخشتا هی اور تیري سیر
سے رونق ٹپکتا هی

۸ میري جان تیرے پیچھے لگي هی تیرا دهنا هاتهه مجهه کو تهامهتا هی

۹ سو وے جو هلاکت کے لئے میري جان کے خواهاں هیں زمین کے اسفل کو جاتے رهینگے

۱۰ وے تلوار سے کهیت آوینگے وے گیدڑوں کا لقمه هووینگے

۱۱ لیکن بادشاه خدا سے خوشوقت هوگا هر ایک شخص جو اُسکي قسم کهاتا شادیانه بجاویگا کیونکه اُنکا منهه جو جهوٹهه بولتے هیں بند هوجائیگا

۶۴ زبور

۱ ای خدا میري فکر کي آواز سن دشمن کے خطرے سے میري جان کي حفاظت کر

۲ شریروں کي پوشیده مشورت سے بدکاروں کے بلوے سے مجھے چهپا

۳ جو اپني زبان کو تیغ کي مانند تیز کرتے هیں اور کمان کهینچتے هیں که کڑوي باتوں کے تیر چلاویں

۴ تا که چهپ کے کامل آدمي کو ماریں وے ناگهاني تیر لگاتے هیں اور ڈرتے نهیں

۵ اُنکے دل ایک برے کام پر ٹهنے هوے هیں وے پوشیده پهندے مارنے کي بات چیت کرتے هیں وے کهتے هیں که همکو کون دیکهیگا

۶ وے بدکاریوں کي تدبیر میں هیں کهتے هیں که همنے ایک پکي تدبیر کي هی آدمي کا دل اور باطن گهرا هی

۷ پر خدا اُنپر ایک تیر چلاویگا وے هي ناگهان گهایل هوجائینگے

۸ سو وے اپني زبان کے پهندے میں آپکو پهنساوینگے سب جو اُنکو دیکهینگے بهاگینگے

۹ اور سب آدمي ڈرینگے اور خدا کے کام کو بیان کرینگے اور اُسکے فعل کو اچهي طرح سمجهینگے

۱۰ صادق آدمي خداوند سے خوشي مناویگا اور اُسپر توکل کریگا اور وے سب جو دل کے سیدهے هیں حمد کرینگے

۷ میري نجات اور میری شوکت خدا کي طرف سے هی میرے زور کي
چتان اور میري پناه بجدا هی
۸ ای لوگو هر وقت اُس پر توکل کرو اپني دل اُسکے حضور انڈیل دو
خدا هماري پناه هی
۹ یقیناً کم قدر لوگ باطل هیں اور عالي قدر جهوتهے هیں وے ترازو
میں سب کے سب بطلان سے هلکے هیں
۱۰ ظلم پر تکیه نکرو اور لوت پات کر کے بیهوده نه بنو مال هر چند
برهے اُس پر دل نه لگاؤ
۱۱ خدا نے ایک بار فرمایا دو مرتبه میں نے یهه سنا که قدرت خدا
کي هی
۱۲ اور رحمت بهي تجهي سے هی ای خداوند که تو هر شخص کو اُسکے
عمل کے مطابق بدلا دیتا هی

۶۳ زبور

۱ ای خدا تو میرا خدا هی میں ترکے تجهه کو ڈهونڈهونگا میري
جان تیري پیاسي هی میرا جسم تیرا مشتاق هی خشک اور سوکهي
زمین میں جهاں پاني نهیں
۲ تاکه تیري قدرت اور تیري حشمت کو دیکهوں جیسا که میں نے
مقدس میں تجهه کو دیکها هی
۳ که تیري مهر زندگي سے بهتر هی میرے هونتهه تیري ستایش
کرتے رهینگے
۴ اِسي طرح جب تک میں جیتا هوں تجهے مبارک کها کرونگا تیرا
نام لے لے کے اپنے هاتهه اُتهاؤنگا
۵ میري جان یوں سیر هوگي جیسے گودا اور چربي سے اور میرا منهه
خرمي کے لبوں سے تیري ستایش کریگا
۶ جب که میں تجهے اپنے بستر پر یاد کرتا هوں تو رات کے پهروں
میں تیرا دهیان کرتا هوں
۷ کیونکه تو میرا چاره هوا هی اور میں تیرے پروں کي چهاوں
تلے خوشي مناؤنگا

۳ کیونکہ تو میرے لئے ایک پناہ ہوا ہی دشمن کے سامہنے ایک مضبوط برج
۴ میں تیرے مسکن میں سدا رہا کرونگا میں تیرے پرون کے سایہ تلے پناہ لونگا
۵ کہ ای خدا تو نے میري نذرین قبول کین تو نے مجھہ کو اُن لوگون کي سي جو تیرے نام سے ڈرتے ہین میراث دي
۶ تو بادشاہ کي زندگاني بہت بڑھائیگا اُسکي عمر پشت در پشت تک
۷ وہ خدا کے حضور ابد تک ثابت رہیگا ایسا کر کہ مہر اور سچائي اُسکي حفاظت کرے
۸ سو میں سدا تیرے نام کي مدح سرائي کرونگا تا کہ ہر روز اپني نذرین گزرانون

۱۲ روز فجر کي نماز

۶۲ زبور

۱ صرف خداهي کي طرف سے میري جان کو چین ہی اُسي سے میري نجات ہی
۲ وهي اکیلا میري چٹان اور میري نجات ہی وهي میرا قلعہ ہی مجھہ کو بشدت جنبش نہوگي
۳ تم کب تک ایک مرد پر حملہ کروگے تم سب اُسے قتل کیا چاہتے ہو وہ تو جیسا جھکي ہوئي دیوار اور ٹوٹي ہوئي باڑ ہی
۴ وے منصوبہ باندھتے ہین فقط اِسواسطے کہ اُسے اُسکي شوکت سے اُتار دین وے جھوٹھہ سے خوش ہوتے ہین وے اپنے منہہ سے تو برکت بھیجتے ہین پر اپنے باطن مین لعنت کرتے ہین
۵ ای میري جان چپکے فقط خداهي کے اِنتظار مین رہ کہ میري اُمید اُسي سے ہی
۶ وهي اکیلا میري چٹان اور میري نجات وهي میرا قلعہ ہی مجھہ کو جنبش نہوگي

۶۰ زبور

۱ ای خدا تو نے همکو رد کر دیا تو نے همکو پراگندہ کیا تو نا
خوش هوا تو هماري طرف پهر متوجه هوتا هی
۲ تو نے زمین کو لرزایا تو نے اُسے توڑا اُسکے رخنے ملا دے کہ وہ کانپتي هی
۳ تو نے اپنے لوگون کو سخت باتین دکهلائین تو نے همکو
حیرت کي می پلائي
۴ تو نے اُنکو جو تجهه سے ڈرتے هین ایک جهنڈا دیا کہ حق کي
خاطر کهڑا کیا جاوے
۵ تا کہ تیرے محبوب رهائي پاوین تو اپنے دهنے هاتهه سے بچا لے
اور هماري سن
۶ خدا نے اپنے تقدس مین فرمایا هی پس مین خوشي مناونگا مین
سکم کو تقسیم کرونگا اور سکات کي وادي کو ماپونگا
۷ جلعاد میرا هی اور منسي میرا افرایم بهي میرے سر کا توپ هی
یهودہ میرا قانون ٹههرانیوالا هی
۸ مواب میرے دهونے کا لگن هی مین ادوم پر اپني جوتي چلاونگا
ای فلست میرے باعث شادیانہ بجا
۹ مجهه کو حصین شهر مین کون لے جائیگا ادوم تک مجهه کو کون
پهنچاویگا
۱۰ ای خدا کیا تو هي نهین جسنے همین رد کر دیا تو هي ای خدا
جو همارے لشکرون کے ساتهه نہ چلا
۱۱ مصیبت مین سے هماري مدد کر کے رهائي دے کہ آدمي کي
طرف سے رهائي عبث هی
۱۲ خدا هي سے هم بهادري کرینگے اور وهي همارے دشمنون کو پامال کریگا

۶۱ زبور

۱ ای خدا میرا نالہ سن اور میري دعا قبول کر
۲ اپني دل گیري مین مین زمین کے سرے سے تیري فریاد کرتا هون
اُس چٹان تک جو مجهه سے اونچي هی مجهه کو لے پهنچا

۴ وے دوڑتے هین اور آپکو تیار کرتے هین پر میرے کسي قصور کے
سبب نہین تو مجھہ سے ملنے کے لئے جاگ اور دیکھہ
۵ پس ای خداوند ربالافواج اسرائیل کے خدا ساري غیر قومون کي
تحقیقات کے لئے جاگ کسي دغا باز بدکار پر رحم مت کر
۶ وے شام کو لوٹتے هین وے کتے کي مانند بھونکتے هین اور شہر مین
گھومتے هین
۷ دیکھہ وے منہہ سے ڈکارتے هین اُنکے هونٹھون کے اندر تلوارین هین
کہتے هین کہ کون سنتا هی
۸ پر تو ای خداوند اُن پر هنسیگا تو ساري غیر قومون کو
ٹھٹھے مین اُڑاویگا
۹ اُسکا زور دیکھہ کر مین تجھي پر نگاہ رکھونگا کہ خدا میري پناہ هی
۱۰ میرا خدا جو هی اُسکي رحمت میرے آگے آگے چلیگي خدا مجھہ
کو میرے دشمنون پر خوشي کي نظر کرنے دیگا
۱۱ اُنهین جان سے مت مار نہو کہ میرے لوگ بھول جاین اُنہین
اپني قدرت سے آوارہ اور پست کر ای خداوند هماري سپر
۱۲ اُنکے هونٹھون کا کلام اُنکے منہہ کي خطا هی وے اپنے گھمنڈ مین
اور لعن طعن کرنے اور جھوٹھہ بولنے کے سبب گرفتار هوجاوین
۱۳ قہر سے اُنکو فنا کر فنا کرتا کہ وے باقي نہ رهین اور لوگ جان
جائین کہ خدا یعقوب پر زمین کي سرحدون تک حکومت کرتا هی
۱۴ پھر شام کو وے لوٹینگے اور کتے کي مانند بھونکینگے اور
شہر مین گھومتے پھرینگے
۱۵ وے کھانے کي تلاش مین بھٹکتے پھرینگے اور جب سیر نہووین تو
یون هي رات بتاوینگے
۱۶ مین تو تیري قدرت کا گیت گاؤنگا اور صبح کو پکار کے تیري
رحمت کي ثنا کرونگا کہ تو میرے لئے ایک قلع هوا هی اور میري
مصیبت کے دن جلے پناہ
۱۷ ای میري قوت مین تیري مدح سرائي کرونگا کہ خدا میرے قلع
میرا مہربان خدا هی

۲ هان تم دل سے بدکاریان کرتے هو اپنے هاتھون کا ظلم زمین پر تولتے هو
۳ اهل شرارت رحم سے بیگانہ هوتے جھوتھہ بولنیوالے پیدا هوتے هي
بہتک جاتے هین
۴ اُنکا زهر سانپ کا زهر هي وے اُس بہرے ناگ کي مانند هین جو
اپنے کان بند کرتا هي
۵ اور منتر پڑهنیوالون کي آواز نهین سنتا بڑے سے بڑے منتر
کي اُس مین تاثیر نهین
۶ اي خدا اُنکے دانت اُنکے منهہ مین توڑ اي خداوند شیر بچون
کي داڑهین توڑ ڈال
۷ وے پاني کي طرح جو چلا جاتا هي گل کے چلے جاین جب وہ اپنے
تیر چلے مین جوڑے تو وے کٹے هوے معلوم هون
۸ جسطرح گھونگا گداز هو جاتا وے فنا هووین وے عورت کے سقطے
کي طرح آفتاب کو نہ دیکھین
۹ اُس سے پیشتر کہ تمهاري هانڈیون مین کانٹون کي آنچ لگے خواہ
کچا خواہ پکا هو وہ اُسے اُڑا لے جائیگا
۱۰ صادق جب انتقام کو دیکھیگا تو خوش هوگا وہ شریر کے لهو
سے اپنے پانون دهویگا
۱۱ ایسا کہ آدمي کهیگا یقیناً صادق کے لئے جزا هي بے شک ایک خدا
هے جو زمین پر انصاف کرتا هي

۱۱ روز شام کي نماز

۵۹ زبور

۱ اي میرے خدا میرے دشمن سے مجھے چهڑا مجھے اُن سے جو
مجھہ پر چڑهتے هین محفوظ رکھہ
۲ مجھے بدکارون سے چهڑا اور خوني آدمي سے مجھے بچا
۳ کہ دیکھہ وے میري جان کي گھات مین لگے هین زوراور میري
مخالفت پر جمع هوے هین اي خداوند میرا کچھہ گناہ اور تقصیر نهین

۱۳ کيونکه تو نے ميري جان موت سے بچائي کيا تو ميرے پانو کو
پهسل جانے سے نه بچائيگا تا که مين خدا کے حضور زندون کے نور
مين چلون پهرون

۵۷ زبور

۱ مجهه پر رحم کر اى خدا مجهه پر رحم کر کيونکه ميري جان
نے تيري پناه لي هى هان مين تيرے پرون کے سائے تلے پناه لئے رهونگا
جب تک که يهه آفتين ٹل جاوين

۲ مين خدا سے جو حق تعلى هى فرياد کرونگا اسي خدا سے جو ميرے
لئے سب کچهه کرتا هى

۳ وه آسمان پر سے بهيجيگا اور مجهکو بچاويگا اور جو مجهے نگلا چاهتا
هى اُسنے ملامت کي خدا اپني رحمت اور اپني سچائي کو بهيجيگا

۴ ميري جان شيرون کے بيچ مين هى مين آتش مزاج بني آدم کے
درميان ليٹتا هون جنکے دانت برچهيان اور تير هين اور جنکي
زبان تيز تلوار هى

۵ تو آسمانون پر بلند هو اى خدا ساري زمين پر تيرا جلال ظاهر هو

۶ اُنهون نے ميرے پانو کے لئے جال لگايا هى ميري جان جهکي هى
اُنهون نے ميرے آگے گڑها کهودا جس مين آپ گرے هين

۷ ميرا دل مستقيم هى اى خدا ميرا دل مستقيم هى مين گاؤنگا
اور مدح سرائي کرونگا

۸ جاگ اى ميري شوکت اى بين اور بربط جاگ مين سويرے اُٹهونگا

۹ مين لوگون کے درميان تيري ستايش کرونگا اى خداوند مين امتون
کے بيچ تيرا مدح سرا هونگا

۱۰ که تيري رحمت آسمانون تک بلند هى اور تيري
سچائي بدليون تک

۱۱ اى خدا تو آسمانون پر بلند هو ساري زمين پر تيرا جلال ظاهر هو

۵۸ زبور

۱ کيا تم سچ مچ گونگے هو که صداقت کي باتين نهين بولتے کهرا
انصاف نهين کرتے هو اى بني آدم

۲۲ اپنا بوجهه خداوند پر ڈال که وه تجهے تهامهه ليگا وه کبهي
صادق کو لغزش کهانے نديگا
۲۳ اور تو ای خدا اُنکو هلاکت کے گڑهے مين گراديگا خوني اور دغاباز
لوگ اپني آدهي عمر تک نه پهنچينگے پر مين جو هون ميرا
بهروسا تجهي پر هی

۱۱ روز فجر کي نماز

۵۶ زبور

۱ ای خدا مجهه پر رحم فرما که اِنسان مجهے نگلا چاهتا هی وه
لڑتا هوا هر روز مجهے ستاتا هی
۲ ميرے دشمن هر روز مجهه کو نگلا چاهتے هين که بهت هين جو
گهمنڈ سے مجهه سے لڑتے هين
۳ جب مين ڈرتا هون تو مين تجهه پر توکل کرتا هون
۴ خدا مين مين اُسکے کلام کي ثنا کرونگا ميرا توکل خدا پر هی مين
ڈرنے کا نهين بشر ميرا کيا کر سکتا هی
۵ وے هرروز ميري باتين اُلٹتے هين اُنکے سارے منصوبے مجهے
دکهه دنيکو هين
۶ وے جمع هوکے گهات مين بيٹهے هين وے ميرے قدمون کو تاکتے
هين جب ميري جان لينے کي انتظاري مين هين
۷ بدي پر اُنکي بچنے کي اميد هی ای خدا اپنے قهر سے امتون کو گرادے
۸ تو نے ميري آوارگي کا شمار کيا هی تو ميرے انسوؤن کو اپنے شيشے
مين رکهه کيا وے تيرے دفتر مين مذکور نهين
۹ جب مين فرياد کرونگا تب ميرے دشمن اُلٹے پهرينگے مجهے يه
يقين هی که خدا ميري طرف هی
۱۰ خدا مين مين کلام کي ثنا کرونگا خداوند مين مين کلام کي ثنا کرونگا
۱۱ ميرا توکل خدا پر هی مين ڈرنيکا نهين آدمي ميرا کيا کر سکتا هی
۱۲ ای خدا تيري نذرين مجهه پر هين مين تيرا شکرانه ادا کرونگا

۷ هان مین تب دور تک سیر کرتا اور جنگلون مین رهتا۔
۸ مین شدت کي اندهي اور طوفان سے جلدي پناه کے لئے
بچ نکلتا
۹ ای خداوند اُنهین هلاک کر اُنکي زبانین جدي جدي کر کہ مین
نے شهر مین ظلم اور جهگڑا دیکها هی
۱۰ دن اور رات وے اُسکي دیوارون پر سیر کرتے پهرتے هین اور برائي
اور دکهہ اُسکے بیچ هوتا رهتا هی
۱۱ شرارت اُسکے درمیان هی ظلم اور دغا اُسکے کوچون سے جاتي
نهین رهتي
۱۲ دشمن تو نهین تها جو مجهے ملامت کرتا تها نهین تو مین اُسکي
برداشت کرتا نہ میرا کینہ رکهنیوالا تها جو مجهہ پر بالادستي کرتا تها
نہ مین اُس سے چهپ جاتا
۱۳ بلکہ تو میرے برابر کا انسان اور میرا رفیق اور میرا اعتباري
۱۴ هم ملکے شیرین مشورتین کرتے تهے هم خدا کے گهر مین بهیڑ کے بیچ
ایک ساتهہ چلتے پهرتے تهے
۱۵ ناگهان اُن پر موت آ پڑے وے جیتے جي پاتال مین اُترین کیونکہ
اُنکے گهرون مین اور اُنکے بیچ شرارت هی
۱۶ پر مین خدا کو پکارونگا اور خداوند مجهے بچا لیگا
۱۷ شام کو اور صبح کو اور دوپهر کو مین سوچونگا اور نالہ کرونگا سو
وہ میري آواز سن لیگا
۱۸ اُسنے میري جان کو اُس جنگ مین جو انهون نے مجهہ سے کي
سلامت چهڑایا کہ بهت میرے مقابل تهے
۱۹ خدا سنیگا اور اُنهین جواب دیگا کہ وہ قدیم سے تخت نشین هی
ازبسکہ اُنهون نے تبدیلیین نهین دیکهي وے خدا سے نهین ڈرتے
۲۰ اُسنے اُن پر جو اُس سے ملنساري رکهتے تهے اپنا هاتهہ بڑهایا هی
اُسنے عهد شکني کي
۲۱ اُس کا منهہ مکهن سے زیادہ چکنا هی پر اس کے دل مین جنگ هی
اسکي باتین تیل سے زیادہ ملایم هین پر ننگي تلوارین هین

۶ کاشکہ اِسرایل کي نجات صیہون میں سے ہوئي ہوتي جب خدا اپنے
لوگ کے قیدیون کو پھر لاویگا تو یعقوب خوش اور اِسرائیل شاد ہوگا

۵۴ زبور

۱ ای خدا اپنے نام سے مجھہ کو بچا اور اپني قوت سے
میرا اِنصاف کر
۲ ای خدا میري دعا سن میرے منہہ کي باتون پر کان دھر
۳ کہ بیگانے میري مخالفت میں اُٹھے ہیں اور ظالم میري جان کے
پیچھے پڑے ہیں اے خدا کو اپنے روبرو نہیں رکھتے
۴ دیکھو خدا میرا مددگار ہی خداوند اُنکے درمیان ہی جو میري
جان کے سنبھالنیوالے ہیں
۵ وہي برائي میرے دشمنون پر وہ لائیگا اپني سچائي سے اُنہیں فنا کر
۶ ای خداوند میں تیرے لئے اپني رضا کا ذبیحہ گذرانونگا میں تیرے
نام کي ستایش کرونگا کہ بھلا ہی
۷ کیونکہ اُسنے ساري مصیبتون سے مجھے چھڑایا ہی اور میري آنکھون
نے میرے دشمنون پر نظر کي ہی

۵۵ زبور

۱ ای خدا میري دعا پر کان دھر اور میري منت سے
منہہ مت پھیر
۲ میري طرف توجہ فرما اور میري سن میں سوچتا سوچتا بے قرار
ہوجاتا اور چلتا ہون
۳ دشمن کي آواز سے اور شریر کے ظلم کے سبب کہ وے مجھہ سے بدي
کیا چاہتے اور غضب کے ساتھہ میرا کینہ رکھتے ہیں
۴ میرا دل مجھہ میں نپٹ دکھتا ہی اور میں موت کے
ہولون میں پڑا ہون
۵ ڈرنا اور کانپنا مجھہ پر آ پڑا اور کنپکپي مجھہ پر غالب آئي
۶ میں نے کہا کاشکہ کبوتر کے سے میرے پنکھہ ہوتے تو میں
اُڑجاتا اور آرام پاتا

۲ تیري زبان خرابیان ایجاد کرتي هی دغابازیان کرتي هی تیز اُستر کي مانند
۳ تو شرارت کو نیکي سے جھوٹھہ بولنے کو سچ کہنے سے زیادہ دوست رکھتا هی
۴ ای دغاباز زبان تو ساري نگلنیوالي باتون کو چاهتي هی
۵ اِسلئے خدا ابدتک تجھے برباد کریگا وہ تجھے اُٹھا لیجاویگا اور تجھے تیرے خیمے سے جھاڑ پھینکیگا اور زندگي کي زمین سے تجھے اُکھاڑ ڈالیگا
۶ اور صادق دیکھینگے اور ڈرینگے اور اُسپر هنسینگے
۷ دیکھہ یہہ وہ شخص هی کہ جسنے خدا کو اپنا زور نہ سمجھا پر اپنے مال کي فراواني پر تکیہ کیا اور اپني شرارت سے زوراور هوا
۸ لیکن مین خدا کے گھر مین زیتون کے ایک هرے درخت کي مانند هون میرا بھروسا ابدالاباد خدا کي رحمت پر هی
۹ مین سدا تیري ستایش کرونگا کہ تو نے یہہ کیا اور تیرے نام کا اِنتظار کرونگا کہ تیرے مقدسون کي نظر مین خوب هی

۱۰ روز شام کي نماز

۵۳ زبور

۱ احمق نے اپنے دل مین کہا هی کہ خدا نہین وے خراب هوے اُنکے کام مکروہ هین کوئي نیکوکار نہین
۲ خدا نے آسمان پر سے بني آدم پر نظر کي تا دیکھے کہ کوئي دانشوالا خدا کا طالب هی
۳ هرایک اُن مین سے گمرا هوا وے سب کے سب بگڑ گئے کوئي نیکوکار نہین ایک بھي نہین
۴ کیا بدکارون کو سمجھہ نہین جو میرے بندون کو یون کھاتے هین جیسے روٹي کھاتے هین وے خدا کا نام نہین لیتے هین
۵ وے وهان نہایت ڈرے جہان خوف کا مقام نہ تھا کہ خدا نے اُنکي هڈیان جو تیرے مقابل خیمہزن هین کھنڈا دین تو نے اُنہین شرمندہ کیا خدا نے اُنہین رد کیا هی

۷ زوفا سے مجھے پاک کر کہ مین صاف ہوجاؤن مجھہ کو دھو کہ
مین برف سے زیادہ سفید ہووُن
۸ مجھے خوشي اور خرمي کي خبر سنا میري ہڈیان جنہین تو نے
توڑ ڈالا خوش ہون
۹ میري خطاؤن پر نظر نہ کر اور میري ساري برائیون کو مٹ دے
۱۰ اي خدا میرے اندر ایک پاک دل پیدا کر اور ایک مستقیم روح
میرے باطن مین سرنو بنا
۱۱ مجھہ کو اپنے حضور سے مت ہانک اور اپني روح قدس مجھہ
سے جدا نہ کر
۱۲ اپني نجات کي خوشي مجھہ کو پھر عنایت کر اور آزاد روح
سے مجھے سنبھال
۱۳ تب مین گنہگارون کو تیري راہین سکھلاؤنگا اور خطا کار تیري
طرف رجوع کرینگے
۱۴ اي خدا میرے نجات دینیوالے خدا خون کے گناہ سے مجھے رہائي
دے کہ میري زبان تیري صداقت کے گیت گاوے
۱۵ اي خداوند میرے ہونٹھون کو کھول تو میرا منہہ تیري
ستایش بیان کریگا
۱۶ کہ تو ذبیحہ کو نہین چاہتا نہین تو مین دیتا چڑھاوے مین تیري
خوشنودي نہین
۱۷ خدا کے ذبیحہ شکستہ جان ہین اي خدا تو کسي شکستہ و خاستہ
دل کو ناچیز نہ سمجھیگا
۱۸ اپني رضامندي سے صیہون کے ساتھہ بھلائي کر یروسلم کي دیوارون کو بنا
۱۹ تب تو صداقت کے ذبیحون اور چڑھاؤن اور کامل قربانیون سے
خوش ہوگا تب وے تیرے مذبحے پر بیل چڑھاوینگے

۵۲ زبور

۱ اي پہلوان تو برائي پر کیون فخر کرتا ہي خدا کي مہر سدا
کو ہي

۱۸ جب تو نے چور کو دیکھا تو اُس سے راضي هوا اور زانیون کا شریک هوا
۱۹ تو نے اپنا منهه شرارت پر سونپ دیا اور تیري زبان دغا کا منصوبه باندهتي هی
۲۰ تو بیتهه کے اپنے بهائي کي غیبت کرتا هی تو اپني هی ما کے بیتے پر تهمت لگاتا هی
۲۱ تو نے یهه کیا اور مین خاموش هو رها تو نے گمان کیا که مین تجهي سا هون پر مین تجهے تمبیه دونگا اور تیرے کامون کو تیري آنکهون کے آگے ایک ایک کرکے تجهے دیکهاؤنگا
۲۲ اب ای خدا کے فراموش کرنیوالو یهه سوچو نهو که مین تمهین پاره پاره کرون اور کوئي چهوڙانیوالا نهو
۲۳ جو کوئی ستایش کے ذبیحے گذرانتا هی وه میرا جلال ظاهر کرتا هی اور اُسکو جو اپني راه درست کرتا هی مین خدا کي نجات دکهلاؤنگا

۵۱ زبور

۱ ای خدا اپنے فضل و کرم سے مجهه پر رحم کر اپني رحمتون کي کثرت کے موافق میرے گناه متا دے
۲ میري برائي سے مجهے خوب دهو ڈال اور میري خطا سے مجهے پاک کر
۳ که مین اپنے گناهون کو مان لیتا هون اور میري خطا همیشه میرے سامهنے هی
۴ مین نے تیراهي گناه کیا هی اور تیرے حضور بدي کي هي تا که تو اپني باتون مین صادق تهہرے اور عدالت مین پاک ظاهر هو
۵ دیکه مین برائي مین پیدا هوا اور گناه کے ساتهه میري ما نے مجهے پیت مین لیا
۶ دیکه تو اندر کي سچائي چاهتا هی اور خلوت مین مجهے حکمت سیکهلائیگا

۳ همارا خدا آویگا اور چپ چاپ نه رهیگا آگ اُسکے آگے آگے فنا کرتي جائیگی اور اُسکے گردا گرد شدت سے طوفان هوگا
۴ وہ اُوپر آسمان کو بلائیگا اور زمین کو تاکه اپنے لوگون کي عدالت کرے
۵ میرے مقدس بندون کو جنهون نے ذبیحے پر میرے ساتهه عهد باندها هے میرے پاس جمع کرو
۶ اور آسمان اُسکي صداقت کو آشکاره کرینگے که خدا آپ هي عدالت کرنیوالا هے
۷ ای میرے لوگ سن که مین کهتا هون ای اِسرائیل که مین تجهه پر گواهي دیتا هون خدا تیرا خدا مین هي هون
۸ مین تجهکو تیرے ذبیحون کي بابت ملامت نکرونگا اور تیرے چڑهاوے تو همیشه میرے سامهنے هین
۹ مین تیرے گهر کا بیل نه لونگا نه تیرے باڑے کا بکرا
۱۰ که جنگل کے سب جاندار میرے هین اور کوهستان کے حیوانات هزارها هزار
۱۱ مین پهاڑ کے سارے پرندون سے آگاه هون اور دشتي چرند میرے هین
۱۲ اگر مین بهوکها هوتا تو تجهه سے نه کهتا که دنیا اور اُسکي معموري میري هے
۱۳ کیا مین بیلون کا گوشت کهاتا هون یا بکرون کا لهو پیتا هون
۱۴ ستایش کے ذبیحے خدا کے آگے گذران اور حق تعلی کے حضور اپني نذرین ادا کر
۱۵ اور مصیبت کے دن مجهه سے فریاد کر مین تجهے مخلصي دونگا اور تو میرا جلال ظاهر کریگا
۱۶ پر شریر کو خدا کهتا هے تجهے میرے حکمون کے بیان کرنے سے کیا کام تو کیون اپنے منهه سے میرے عهد کا ذکر کرتا هے
۱۷ حالانکه تو تربیت سے عداوت رکهتا هے اور میرے کلام کو اپنے پیچهے پهینکتا هے

۱۱ اُنکے دل مین یہہ گمان هی کہ همارے گھر ابدتک قایم رهینگے همارے مسکن پشت در پشت وے اپنے نام اپني زمینون پر رکھتے
۱۲ پر اِنسان حشمت مین بنا نهین رهتا وہ حیوانون کي مثل هی وے نیست هوجاتے هین
۱۳ یہہ اُنکي راہ اُنکي حماقت هی اور اُنکے پیچھلے لوگ اُنکے کلام سراهتے هین
۱۴ وے بھیڑون کي مانند قبر مین ڈالے جاتے هین موت اُنهین چر جائیگي اور راست کار صبح کو مسلط هونگے اور اُنکا جمال گل جانیگا قبر اُنکا گھر هی
۱۵ لیکن خدا میري جان کو قبر کے قابو سے مخلصي دیگا کہ وہ مجھے لے رکھیگا
۱۶ تو خوفناک مت هو جب کوئي دولتمند هوجاوے جب اُسکے گھر کي شوقت بڑھے
۱۷ کیونکہ وہ مرنیکے وقت کچھہ ساتھہ نہ لیجائیگا اُسکي شوکت اُسکے پیچھے نہ اُتریگي
۱۸ اگرچہ وہ اپنے جیتے جي اپني جان کو مبارکباد دیتا تھا اور جب تو اپنا بھلا کرے لوگ تیري تعریف کرینگے
۱۹ وہ اپنے باپ دادون کي نسل مین شامل هوجائیگا وے هرگز اُجالا نہ دیکھینگے
۲۰ آدمي جو حشمت مین هی اور سمجھتا نهین حیوانون کي مثل هی وے نیست هوجاتے هین

۱۰ روز فجر کي نماز

۵۰ زبور

۱ خدا قادر مطلق خداوند نے فرمایا هی اور زمین کو سورج کے نکلنے کي جگہہ سے لیکے اُسکے ڈوبنے کي جگہہ تک بلایا هی
۲ صیہون سے حسن کے کمال سے خدا جلوہ گر هوا

۱۰ ای خدا جیسا تیرا نام هی زمین پر سرتاسر ویسي هي تیري مدح
هی تیرا دهنا هاتهه صداقت سے بهرا هوا هی
۱۱ کوه صیہون خوش هووے یہودہ کي بیٹیان خوشي کرین تیري
عدالتون کے سبب
۱۲ صیہون کو گهومو اور اُسکے چوگرد پهرو اُسکے برجون کو گنو
۱۳ تم اُسکي شہر پناہ پر خوب خیال کرو سوچ کے اُسکے محلون کو
دیکهو تا کہ تم آنیوالي پشت کو اُسکي خبر دو
۱۴ کہ یہہ خدا ابدلاباد همارا خدا هی تا دم مرگ وهي همارا
هادي رهیگا

۴۹ زبور

۱ ای ساري اُمتون یہہ سنو ای جہان کے باشندو کان دهرو
۲ کیا اُدنی کیا اعلی کیا دولتمند کیا محتاج سب ایک ساتهہ
۳ میرے منہہ سے حکمت کے کلمے نکلینگے اور میرے دل کا دهیان
خرد پر هوگا
۴ مین ایک تمثیل کي طرف اپنا کان دهرونگا مین اپني راز کي بات
بربط بجاتے هوے کهول کے کہونگا
۵ مین مصیبت کے دنون مین کس لئے ڈرون جب اُنکي برائي جو
میرے پیچهے پڑے هین مجهے گهیرے
۶ جو اپني دولت پر اعتماد کرتے هین اور اپنے مال کي فراواني پر
پهولتے هین
۷ اُنمین سے هرگز کسي کا مقدور نہین کہ اپنے بهائي کا فدیہ یا اُسکا
کفارہ خدا کو دیوے
۸ کہ اُنکي جان کا فدیہ بهاري هی اور اُسکي اُمید ابد تک
چهوڑ دینے هوتي هی
۹ کہ وہ سدا جیتا رهے اور هرگز موت کو نہ دیکهے
۱۰ کیونکہ وہ دیکهتا هی کہ دانشمند لوگ مرتے هین اِسی طرح سے
بیوقوف اور حیوان کے سے آدمي بهي فنا هوتے هین اور اپني دولت
اورون کے لئے چهوڑ جاتے هین

۳ وہ لوگون کو همارے زیر کرتا هی اور اُمتون کو همارے پانو کے نیچے
۴ وہ هماري میراث همارے لئے پسند کرتا یعقوب کا فخر جیسے وہ چاهتا هی
۵ خدا خوشي کي بلند آواز سے اُوپر چڑها هی هان خداوند ترهي کي آواز کے ساتهہ
۶ خدا کي مدح سرائي کرو مدح سرائي کرو همارے بادشاہ کي مدح سرائي کرو مدح سرائي کرو
۷ کہ خدا ساري زمین کا بادشاہ هی سوچ سمجهہ کے اُسکي مدح سرائي کرو
۸ خدا غیر قومون کي بادشاهت کرتا هی خدا اپنے مقدس تخت پر بیٹها هی
۹ لوگون کے اُمرا اِبراهیم کے خدا کے لوگ سے مل کے جمع هوے هین کیونکہ جهان کي سپرین خدا کي هین وہ نهایت بلند هی

زبور ۴۸

۱ **خداوند** بزرگ هی اور بهت هي حمد کے لایق همارے خدا کے شهر مین اُسکے مقدس پهاڑ پر
۲ بلندي سے خوبصورت تمام زمین کي خوشي کوہ صیهون هی اُتر کي اطرف بڑے بادشاہ کا شهر
۳ اُسکے محلون مین مشهور هی کہ خدا جاے پناہ هی
۴ کیونکہ دیکهہ کہ بادشاہ باهم آئے وے ایک ساتهہ گذر گئے
۵ وے دیکهہ کر فوراً دنگ هوے وے گهبرا ے اور بهاگ گئے
۶ کنپ کنپي نے اُنهین وهان پکڑا اور درد نے جیسا جننے کے وقت عورت کو هوتا هی
۷ تو پروا هوا سے ترسیس کے جهازون کو توڑ ڈالتا هی
۸ جیسا هم نے سنا تها ویساهي خداوند الافواج کے شهر مین اپنے خدا کے شهر مین همنے دیکها خدا اُسے ابد تک برقرار رکهیگا
۹ اى خدا همنے تیري هیکل کے درمیان تیري مهر پر غور کیا هی

۴۶ زبور

۱ خدا هماري پناه اور همارا زور هی دکهون مین وه بهت هي
مستعد مددگار پایا گیا هی
۲ اِس لئے همین کچهه خوف نهین اگرچه زمین بدلے اور پهاڑ اپني
جگهه سے هل کے سمندر کے بیچ مین بهه جاوین
۳ اگرچه اُسکے پاني شور مچاوین اور کف لاوین پهاڑ اُسکے بڑهنے
سے هل جاوین
۴ ایک ندي هی جسکي دهارین خدا کے شهر کو خوش کرتي هین حق
تعلی کے مسکنون کے مقدس کو
۵ خدا اُسکے بیچوبیچ هی اُسے هرگز جنبش نهوگي خدا صبح سویرے
اُسکي مدد کریگا
۶ غیر قومین جهنجهلاتي هین مملوکتین جنبش کهاتي هین وه اپني آواز
سناتا زمین پگهل جاتي هی
۷ لشکرون کا خداوند همارے ساتهه هی یعقوب کا خدا هماري پناه هی
۸ آو خداوند کے کامون کو دیکهو که زمین پر کیسي کیسي
ویرانیا کرتا هی
۹ وه زمین کي انتها تک لڑائیان موقوف کرتا هی وه کمان توڑتا اور
نیزے دو ٹکرے کرتا وه گاڑیون کو اگ سے جلاتا هی
۱۰ تهم جاؤ اور جانو که مین خدا هون مین قومون مین بلند هوونگا
مین زمین پر بلند هونگا
۱۱ لشکرون کا خداوند همارے ساتهه هي یعقوب کا خدا هماري پناه هی

۹ روز شام کي نماز

۴۷ زبور

۱ ای سب لوگو تم تالیان بجاؤ خوشي کي آواز سے خدا کے
حضور نعره مارو
۲ که خداوند تعلی مهیب هی وه ساري زمین کے اوپر بادشاه
عظیم هی

۵ بادشاہ کے دشمنوں کے دلوں میں تیرے تیر تیز ھین اُمتیں تیرے
سامہنے گرجاتي ھیں
۶ تیرا تخت ای خدا ابدالاباد ھی تیري سلطنت کا عصا راستي کا
عصا ھی
۷ تو صداقت کا دوست اور شرارت کا دشمن ھی اِس سبب خدا
تیرے خدا نے خوشي کے تیل سے تیرے مصاحبوں سے زیادہ تجھے
مسیح کیا
۸ تیرے سارے لباس سے مُر اور عود اور تج کي خوشبو آتي ھی ھاتھي
دانت کے محلوں میں سے وھیں سے اُنہوں نے تجھے خوش کیا ھی
۹ بادشاھوں کي بیٹیاں تیري عزت والیوں میں ھیں ملکہ اُوفیر کے
سونے سے آراستہ ھوکے تیرے دھنے ھاتھہ کھڑي ھی
۱۰ ای بیٹي سن لے اور سوچ اور اپنے کان اِدھر دھر اور اپنے لوگوں
اور اپنے باپ کے گھر کو بھول جا
۱۱ تاکہ بادشاہ تیرے جمال کا مشتاق ھو کہ وہ تیرا خداوند ھی تو
اُسے سجدہ کر
۱۲ اور صور کي بیٹي قوم کے دولتمند ھدئے لاکر تیرے حضور
درخواست کریگي
۱۳ بادشاہ کي بیٹي گھر کے اندر بلکل جلالي ھی اُسکا لباس سراسر
تلش کا ھی
۱۴ وہ سوزني پوشاک پہن کر بادشاہ کے حضور پہنچائي جاتي ھی
کنواري عورتیں جو اُسکي خواصیں ھیں اُسکے پیچھے پیچھے تیرے پاس
حاضر کي جاتي ھیں
۱۵ خوشي اور شادماني سے وے پہنچائي جاتي ھیں وے بادشاہ کے محل
میں داخل ھوتي ھیں
۱۶ تیرے فرزند تیرے باپ دادوں کے قایم مقام ھونگے تو اُنہیں تمام
زمین کے سردار مقرر کریگا
۱۷ میں ساري پشتوں میں تیرے نام کا ذکر کرادونگا اِسلئے اُمتیں
ابدالاباد تیري ستایش کرینگي

۱۷ يهه سب کچهه هم پر بيتا تاهم هم تجهے نهين بهولے اور تيري
عهد مين بے وفائي نهين کي
۱۸ نه همارے دل برگشته هوے اور نه همارے پانو تيري راه سے مڑے هين
۱۹ پر تو نے گيدڑون کے مکان مين همکو کچلا اور موت کے سايه تلے
همکو چهپا ديا
۲۰ اگر هم اپنے خدا کا نام بهول گئے يا همنے کسي اجنبي معبود کي
طرف اپنے هاتهه بڑهائے
۲۱ تو کيا خدا اُسکي تحقيقات نکريگا وه تو دلون کے بهيدون سے
بهي آگاه هی
۲۲ که تيرے هي واسطے هم سارے دن مارے جاتے هين هم ذبح کي
بهيڑون کے برابر گنے جاتے هين
۲۳ بيدار هو کيون سورهتا هی تو ای خداوند جاگ همکو
ابدتک ترک متکر
۲۴ تو کيون اپنا منهه چهپاتا هی هماري مصيبت اور اُس ظلم کو جو
هم پر هوتا کيون بهلائے ديتا هی
۲۵ که هماري جان خاک مين مل چلي همارا پيٹ زمين سے لگا هي
۲۶ هماري مدد کے لئے اُتهه اور اپني رحمتون کے واسطے همکو
مخلصي دے

۴۵ زبور

۱ ميرے دل مين اچها مضمون جوش مارتا هی مين اپني
تصنيفات کا جو بادشاه کے باب مين هين ذکر کرتا هون ميري زبان
ماهر لکهنيوالے کا قلم هی
۲ تو حسن مين بني آدم سے کهين زياده هی تيرے هونٹون مين
نعمت بتائي گئي هی اِسلئے خدا نے تجهه کو ابدتک مبارک کيا
۳ ای پهلوان اپني شان و شوکت سے اپني تلوار حمايل کرکے
اپني ران پر لٹکا
۴ اور سچائي اور حلم اور صداقت پر اپني حشمت سے اقبال مندي کے
ساته سوار هو بڑهتا جا اور تيرا دهنا هاتهه تجهه کو مهيب کام دکهلائيگا

۳ کہ وے اپني شمشير سے اِس زمين کے مالک نہ ہوے نہ اپنے بازو سے غالب آئے بلکہ تيرے دھنے ہاتھہ سے اور تيرے بازو سے اور تيرے چہرے کے نور سے اِسلئے کہ تيري مہرباني اُن پر تھي
۴ اي خدا توھي ميرا بادشاہ ھي يعقوب کے لئے نجات کا حکم فرما
۵ تيري مدد سے ھم اپنے دشمنون کو ڈھکيل دينگے تيرے نام سے ھم اُنکو جو ھم پر چڑھتے ھين پامال کرينگے
۶ کہ ميرا تکيہ اپني کمان پر نہين نہ ميري تلوار مجھے بچا سکتي ھي
۷ بلکہ توھي نے ھم کو ھمارے دشمنون سے بچايا اور ھمارے کينہ رکھنيوالونکو شرمندہ کيا ھي
۸ ھم تمام دن خدا کي حمد کرتے ھين اور تيرے نام کي ابدتک ستايش کرينگے
۹ ليکن اب تو نے ھمکو رد کيا اور رسوا کيا اور ھمارے لشکرون کے ساتھہ نہين چلتا
۱۰ تو دشمن کے آگے سے ھمکو بھگا ديتا ھي اور وہ جو ھمارا کينہ رکھتے ھين اپنے واسطے لوٹ ليتے ھين
۱۱ تو ھمکو بھيڑون کي مانند خورش کر ديتا ھي اور تو نے قومون کے درميان ھمکو آوارہ کيا ھي
۱۲ تو اپنے لوگون کو مفت بيچ ڈالتا اور اُنکي قيمت سے نفع نہين ليتا ھي
۱۳ تو نے ھمکو ھمارے پڑوسيون کا ننگ کيا اُنکے نزديک جو ھمارے آس پاس ھين ھمکو انگشت‌نما اور مسخرہ کيا
۱۴ تو نے ھمکو قومون کے درميان ضرب المثل کيا اور لوگون کے درميان سر دھنے کا سبب
۱۵ ميري رسوائي ھميشہ ميرے سامھنے ھي اور ميرے چہرے کي شرمندگي نے مجکو ڈھانپ ليا
۱۶ ملامت اور کفر کرنيوالے کي آواز کے سبب دشمن اور اِنتقام لينےوالے کے سامھنے

۹ مین خدا کو جو میري چٿان هی کهونگا تو مجهے کیون بهول گیا هی
مین کیون دشمن کے ظلم سے غم کرتا چلا جاتا هون
۱۰ میرے دشمن اُس تلوار کي مانند جو میري هڈیون مے گذر جاے
مجهکو ملامت کرتے هین که تمام دن مجهه کو کہتے هین تیرا خدا
کہان هی
۱۱ ای میرے جي تو کیون گرا جاتا هی اور تو مجهه مین کیون بے
آرام هی خدا پر توکل کر کیونکه مین پهر اُسکي ستایش کرونگا جو میرے
چهرے کي نجات اور میرا خدا هی

۴۳ زبور

۱ ای خدا میرا اِنصاف کر اور اِس بے مروت قوم پر میري
حجت ثابت کر مجهے مکار اور بدکار آدمي سے چهڑا
۲ که تو ای خدا میرا ملجا هی کیون تو نے مجهے ترک کیا هی مین
دشمن کے ظلم سے کیون روتا چلا جاتا هون
۳ اپنے نور اور اپني سچائي کو ظاهر کر وے میري رهبري کرین وے
مجهه کو تیرے کوه مقدس پر اور تیرے مسکنون مین پهنچاوین
۴ تب مین خدا کے مذبح کے پاس خدا کے حضور جو میري کمال خوشي
هی جاونگا اور مین بربت بجا کے تیري ستایش کرونگا ای خدا
میرے خدا
۵ ای میرے جي تو کیون گرا جاتا هی اور تو مجهه مین کیون بے آرام هی
خدا پر توکل کر که مین یقینا پهر اُسکي ستایش کرونگا جو میرے چهرے
کي نجات اور میرا خدا هی

۹ روز فجر کي نماز

۴۴ زبور

۱ ای خدا همنے اپنے کانون سے سنا همارے باپ دادون نے هم سے
اُس کام کا بیان کیا جو تو نے اُنکے دنون سابق زمانے مین کیا تها
۲ که تو نے اپنے هاتهه سے قومون کو خارج کیا اور اِنهین بسایا تو نے
اُن لوگون کو اُکهاڑا اور اِنکو پهیلایا

۱۰ پر تو ای خداوند مجھہ پر رحم کر اور مجھہ کو اُٹھا کھڑا کر
تا کہ میں اُن سے بدلا لوں
۱۱ اِس سے میں جان گیا کہ تو مجھہ سے خوش ہوا ھی کہ میرا دشمن
مجھہ پر فتح نہیں پاتا
۱۲ اور میں جو ھوں تو میري کاملیت میں مجھہ کو سنبھالتا ھی
اور مجھہ کو اپنے حضور میں ابدتک ثابت رکھیگا
۱۳ خداوند اِسرائیل کا خدا ازل سے ابدتک مبارک ھی آمین
پھر آمین

۴۲ زبور

۱ **جس** طرح سے کہ ہرني پاني کي نہروں کي نہایت پیاسي
ھوني ھي ویساھي میري روح ای خدا تیري نہایت پیاسي ھی
۲ میری روح خدا کے لئے زندہ خدا کے لئے ترستي ھی کب میں جاؤں
اور خدا کے حضور حاضر ھوؤں
۳ میرے آنسو رات دن میرا کھانا ٹھرے جس وقت وے ہرروز مجھہ
سے پوچھتے ھیں تیرا خدا کہاں ھی
۴ میں یہہ یاد کرتا ھوں اور اپنا دل گویا آنسو بنا بنا اپنے اُوپر بہا
دیتا ھوں کہ میں جماعت سے مل بھیڑ کے ساتھہ جو عید کے دن کو
مانتي ھی خوشي کي آواز سے گاتا اور ثنا کرتا ھوا خدا کے گھر میں اُنکے
آگے آگے جاتا تھا
۵ ای میرے جي تو کیوں گرا جاتا ھی اور مجھہ میں کیوں بے آرام ھی
خدا پر بھروسا رکھہ کہ میں اُسکے چھرے کي نجات کے سبب پھر اُسکی
ستایش کرونگا
۶ ای میرے خدا میرا جي مجھہ میں گرا جاتا ھی سو میں یردن کي
اور ھرمون کي زمین سے کوہ مسغار پر سے تجھے یاد کرونگا
۷ تیرے پاني کي دھاروں کي آواز سے گھراو گھراو کو پکارتا ھی تیري
ساري موجیں اور تیري دھیو میرے سر سے گذر گئیں
۸ خداوند دن کے وقت اپني مہر کو فرمائیگا اور رات کو میں اُسکا
گیت گاؤنگا میري دعا میري حیات کے خدا کي طرف ھوگي

۱۵ وے جو مجهه پر آها آها کہتے هيں اپني اِس برائي کے بدلے
پریشان هون
۱۶ وے سب جو تیرے طالب هیں تیرے سبب خوش اور خرم هوویں
وے جو تیري نجات کے عاشق هیں سدا کہا کریں که خداوند کي
بزرگي هو
۱۷ میں تو دکهي اور محتاج هون لیکن خداوند کو میري فکر هي میرا
چارہ اور میرا چهڑانیوالا تو هي هي اى میرے خدا دیر مت کر

۸ روز شام کي نماز
۴۱ زبور

۱ مبارک هي وہ جو مسکین کي فکر کرتا هي خداوند بپت
کے وقت اُسي کو چهڑائیگا
۲ خداوند اُسکا حافظ رهیگا اور اُسے جیتا رکهیگا وہ زمین پر مبارک
هوگا اور تو اُسے اُسکے دشمنون کي خواهش پر نه چهوڑ دیگا
۳ خداوند اُسکو بیماري کے بستر پر سمبهالیگا تو اُسکي بیماري میں اُسکا
سارا بچهونا اُلتا کے بچهاویگا
۴ میں نے کہا اى خداوند مجهه پر رحم کر میري جان کو شفا دے که
میں تیرا گنہگار هون
۵ میرے دشمن مجهے برا کہتے هیں که وہ کب مریگا اور اُسکا نام کب
مٹ جایگا
۶ جب وہ مجهے دیکهنے کو آتا هي تب بیهودہ باتیں کرتا هي اُسکا
دل برائي اپنے لئے جمع کرتا هي باهر جاتا هي اور اُسے بیان کرتا هي
۷ سب جتنے میرا کینه رکهتے هیں میرے برخلاف آپس میں کاناپهوسي
کرتے هیں وے میرے ستانے کے منصوبے باندهتے هیں
۸ کہتے هیں ایک بري بیماري اِسے لگي هي اب جو وہ پڑا هي
پهر نه اُٹهیگا
۹ هان میرے دوست نے بهي جس پر مجهے بهروسا تها اور جو میري
دانت کاٹي روٹي کهاتا تها مجهه پر لات اُٹهائي

۳ اور میرے منهه مین ایک نیا گیت دالا یعنے همارے خدا کي حمد بهترے دیکهینگے اور خداوند پر توکل کرینگے
۴ مبارک هي وه اِنسان جو خداوند پر اپنا بهروسا رکهتا هي اور مغرورون کي اور اُنکي جو جهوتهه کي طرف بهکتے هین نهین جاتا
۵ اى خداوند میرے خدا تیرا ایسا کوئي نهین تیري عجایبت جو تو نے دکهلائین بهت سي هین اور تیري تدبیرین جو همارے لئے هین مین اُنهین کهولکے بیان کرتا لیکن وے تو شمار سے باهر هین
۶ ذبیحه اور هدیهه کو تو نے نهین چاها تو نے میرے کان چهیدے هین چڑهاوے اور خطیت کا تو طالب نهین
۷ تب مین نے کها دیکهه مین آتا هون کتاب کے ورقون مین میرے حق مین لکها هوا هي
۸ اى میرے خدا مین تیري مرضي بجالانے پر خوش هون اور تیري شریعت میرے دل کے بیچ هي
۹ مین نے بڑي جماعت مین صداقت کي بشارت دي هي دیکهه مین اپنا منهه بند نهین کرتا اى خداوند تو جانتا هي
۱۰ مین نے تیري صداقت کو اپنے دل مین چهپا نه رکها مین نے تیري وفائي اور تیري نجات کي بات کهي مین نے تیري مهر اور تیري سچائي کو بڑي جماعت سے پوشیده نهین رکها
۱۱ اى خداوند تو اپني رحمتون کو مجهه سے دریغ نه کر تیري مهر اور تیري سچائي هردم میري نگهبان رهین
۱۲ که بے شمار برائیون نے مجهے گهیر لیا میرے گناهون نے مجهے پکڑا ایسا که مین آنکهه اُپر نهین کر سکتا وے میرے سر کے بالون سے شمار مین زیاده هین سو میرے دل نے چهوڑ دیا
۱۳ اى خداوند مهرباني کرکے مجهے چهڑا اى خداوند جلد میري مدد کو پهنچ
۱۴ وے جو میري جان مارنے کے درپے هین مل کے شرمنده اور خجل هون وے جو میري مصیبت سے خوش هین هتائے جاوین اور رسوا هون

۳ میرے اندر میرے دل مین تپش هوئي میرے سوچنے مین آگ
بهڑکي تب مین اپني زبان سے بول اُٹها
۴ ای خداوند مجهے بتا کہ میرا انجام کیا هی اور میري عمر کتني
هی تا مین جانون کہ مین کس قدر ناپایدار هون
۵ دیکهہ تو نے میري عمر بالشت بهر کي اور میري زندگي تیرے آگے
نیستي کي سي هی یقینا هر ایک آدمي محض باطل ٹهرا هی
٦ بلا شک هر ایک اِنسان وهم اور خیال سا چلتا پهرتا هی بے شبہ وے
عبث بیکل هوتے هین وہ جمع کرتا هی اور نهین جانتا کہ اُسے کون بٹور لیگا
۷ اور اب ای خداوند مجهے کسکا اِنتظار هی مجهے تیري هي
امید هی
۸ مجهے میرے سارے گناهون سے نجات دے مجهے احمقون کا
ننگ مت کر
۹ مین گونگا رها اپنا منہہ نهین کهولتا کیونکہ تو هي نے یہہ کیا هی
۱۰ مجهہ سے اپنا صدمہ دور کر مین تیرے هاتهہ کے زور سے
فنا هوا جاتا هون
۱۱ جب تو آدمي کو گناہ کے باعث تنبیہون کے ساتهہ نصیحت کرتا
هی تو جو اُسے عزیز هی تو اُسے پتنگے کي مانند کهو دیتا هی یقینا
هر ایک اِنسان بطالت هی
۱۲ ای خداوند میري دعا سن اور میرے نالے پر کان دهر میرے آنسون
سے خاموش مت هو کیونکہ مین تیرے یهان پردیسي اپنے سارے باپ
دادون کي مانند مسافر هون
۱۳ مجهے چهوڑ تا کہ دم لے لون اُس سے پیشتر کہ مین یهان سے جاؤن
اور پهر نہ رهون

۴۰ زبور

۱ مین نے صبر سے خداوند کا اِنتظار کیا وہ میري طرف مائل
هوا اور اُسنے میري فریاد سني
۲ اور مجهے هولناک گڑهے اور دلدل کی کیچ سے باهر نکال لایا اور
میرے پانو چٹان پر رکهے اُسنے میرے قدمون کو ثابت کیا

۱۲ اور وے جو میري جان کے خواهان هین میرے پهنسا نے کو
پهندے مارتے هین اور وے جو میرے دکهه کے روادار هین میرے حق مین
ایسي باتین کهتے هین جن سے میرا زیان هي اور سارے دن مکر کے منصوبے
باندهتے هین
۱۳ پر مین بهرے کي مانند هوگیا جو کچهه سنتا نهین اور گونگے کي
مانند جو اپنا منهه نهین کهولتا
۱۴ مین اس شخص کي مانند هوا جو نهین سنتا اور جسکے منهه مین
کچهه جواب نهین
۱۵ ای خداوند مجهے تیراهي اِنتظار هي تو سنیگا ای خداوند
میرے خدا
۱۶ کیونکه مین نے کها نهووے که وے مجهه پر خوشي کرین جو میرے
پانوٗ کے پهسلنے پر پهولتے هین
۱۷ که مین لغزش کهانے پر هون اور میرا غم سدا میرے سامهنے هي
۱۸ مین اپنا گناه کهول کے کهونگا مین اپني تقصیر کے لئے غمگین هون
۱۹ پر میرے دشمن جیتے هین وے قوي هین اور وے جو ناحق میرے
بیري هین بهت هوگئے
۲۰ اور وے جو نیکي کے عوض مین بدي کرتے هین اسلئے میرے دشمن
بنے هین که مین نیکي کي پیروي کرتا هون
۲۱ ای خداوند مجهه کو ترک مت کر ای میرے خدا مجهه سے
دور مت ره
۲۲ میري مدد کے لئے جلدي کر ای خداوند میرے نجات دینیوالے

۳۹ زبور

۱ **مین** نے کها مین اپني راهون پر نگاه رکهونگا کے میري زبان سے
خطا نه هو جسوقت شریر میرے سامهنے هوگا تو مین اپنے
منهه کو لگام دونگا
۲ مین گونگا اور خاموش هو رها بهلي بات کهنے سے بهي مین چپ
چاپ رهگیا اور میرا غم تازه هوا

۳۸ پر باغي ایک ساتهه هلاک هو جاینگے شریر كي عاقبت منقطع هی
۳۹ صادقون كي نجات خداوند سے هی دکهه کے وقت وہ انکا گڑهه هی
۴۰ اور خداوند انكي مدد کریگا اور انهين چهڑاویگا وہ انکو شریرون سے
چهڑاویگا اور بچاویگا اِس لئے کہ انکا بهروسا اسپر هی

۸ روز فجر كي نماز

۳۸ زبور

۱ ای خداوند اپنے غصے سے مجهه کو مت جهڑک اور نه اپنے
قهر سے مجهے تمبیه کر
۲ کہ تیرے تیر مجهے چبهه گئے هین اور تیرا هاتهه مجهه پر بهاري هی
۳ تیرے غصے کے سبب میرے جسم کو صحت نهین میري خطا کے
سبب میري هڈیون کو آرام نهین
۴ کہ میرے گناه میرے سر سے گذر گئے بهاري بوجهه كي مانند مجهه
پر بهاري هو گئے
۵ میرے گهاو بدبو هو گئے اور سڑ گئے میري حماقت کے سبب سے
۶ مین اکڑ گیا نهایت هي جهک گیا هون مین دن بهر کڑهتا هوا
پهرتا هون
۷ کیونکه میري کمر مین آگ جل رهي هی اور میرے جسم مین
صحت نهین
۸ مین سست هو گیا هون اور نپٹ پس گیا دل كي زاري
سے چلاتا هون
۹ ای خداوند میرا سارا اشتیاق تیرے حضور هی اور میرا آه مارنا
تجهه سے چهپا نهین
۱۰ میرا دل دهڑک اٹهتا هي میرا بوتا مجهه سے جاتا رها اور میري
آنکهون كي روشني جو تهي وہ بهي جاتي رهي
۱۱ میرے پیار کرنیوالے اور میرے دوست میرے صدمه کے سبب مجهه
سے الگ کهڑے رهے اور میرے رشتهه‌دار مجهه سے دور جا کهڑے هوے هین

۲۳ آدمي کے قدم خداوند ثابت کرتا هي اور اُسکي راه کو دوست رکهتا هي

۲۴ اگرچه وه گرجاوے ليکن پڑا نه رهيگا کيونکه خداوند اسکا هاته تهامهتا هي

۲۵ مين جوان تها اب بوڑها هوا پر مين نے صادق کو بيکس اور اُسکي نسل مين سے کسي کو ٹوکرے مانگتے نه ديکها

۲۶ وه سدا رحم کرتا رهتا هي اور قرض ديا کرتا هي اور اُسکي نسل مبارک هي

۲۷ بدي سے بهاگ اور نيکي کر اور ابد تک آباد ره

۲۸ که خداوند عدالت کا دوستدار هي اور اپنے مقدس لوگون کو ترک نهين کرتا وے ابد تک محفوظ رهينگے پر شريرون کي نسل کاٹي جائيگي

۲۹ صادق زمين کے وارث هونگے اور ابد تک اسپر بسينگے

۳۰ صادق کا منهه دانائي کي بات کهتا هي اور اسکي زبان سے عدالت کا کلمه نکلتا هي

۳۱ اسکے خدا کي شريعت اسکے دل مين هي اسکا پانوٗ کبهي نه پهسليگا

۳۲ شرير صادق کي کهات مين لگا هي اور اسکے قتل کے درپے رهتا هي

۳۳ خداوند اسکو اسکے هاتهه مين نه چهوڑيگا اور جب اسکا مقدمه درپيش هو اسے مجرم نه ٹهراويگا

۳۴ خداوند کا منتظر ره اور اسکي راه کو ياد رکهه که وه تجهه کو زمين کا وارث کرکے سرفرازي بخشيگا جب شرير کاٹے جاينگے تو تو ديکهيگا

۳۵ مين نے شرير بهت زبردست ديکها جو اپکو اس هرے درخت کي مانند جو اپني هي زمين مين اُگے پهيلاتا تها

۳۶ پر وه گذر گيا گويا تهاهي نهين مين نے اسے ڈهونڈها بهي وه کهين نه ملا

۳۷ کامل کو تاک اور سيدهے کو ديکه رکهه که صلح کے آدمي کے لئے عاقبت هي

۷ خداوند کے تابع چپ چاپ بنا رہ اور اسکے لئے ٹھہر جا اس شخص کے
سبب سے جو اپني راہ میں کام یاب ہوتا اور بندیشین باندھتا
ہی مت کڑھہ
۸ غصہ کرنے سے باز آ اور غضب کو ترک کر بدي کرنے کے لئے ہرگز
اپنے تئیں مت کڑھا
۹ کہ بدکار کاٹ ڈالے جاینگے لیکن جو خداوند کے منتظر ہیں وہي
زمین کو میراث میں لینگے
۱۰ کہ ایک تھوڑي سي مدت ہی کہ شریر نہوگا تو غور کر کے اُسکا
مکان ڈھونڈھیگا اور وہ نہ ملیگا
۱۱ لیکن وے جو غریب ہیں زمین کے وارث ہونگے اور بہت سي
سلامتي سے خوشي مناوینگے
۱۲ شریر صادق کے خلاف بندش باندھتا ہی اور اُسپر دانت
کچکچاتا ہی
۱۳ خداوند اسپر ہنستا ہی کیونکہ دیکھتا ہی کہ اُسکا دن آتا ہی
۱۴ شریرون نے تلوار نکالي اور اپني کمان کھینچي تاکہ دکھي اور محتاج
کو گرادیں اور اُنکو جنکي راہ سیدھي ہی جان سے ماریں
۱۵ اُسکي تلوار انہیں کے دلون میں پیٹھیگي اور انکي کمانیں
ٹوٹ جاوینگي
۱۶ تھوڑا سا جو صادق کا ہی بہت سے شریرونکے مال و اسباب سے بہتر ہی
۱۷ کہ شریرونکے بازو توڑے جاوینگے پر خداوند صادقون کا تھامنےوالا ہی
۱۸ خداوند کاملون کے دلون کو جانتا ہی اور اُنکي میراث ابدي ہوگي
۱۹ وے برے وقت شرمندہ نہوینگے اور کال کے دنون میں سیر رہینگے
۲۰ کہ شریر ہلاک ہونگے اور خداوند کے دشمن بررون کي چربي کي
مانند فنا ہونگے وے دھوین کي مانند جاتے رہینگے
۲۱ شریر اُدھار لیتا ہی اور پھر ادا نہیں کرتا پر صادق رحم کرتا ہی
اور دیتا ہی
۲۲ کہ جن پر اُسکي برکت ہی زمین کے وارث ہونگے اور جن پر اُسکي
لعنت ہی کٹ جاینگے

۶ تیري صداقت بڑے پہاڑون کي مانند هی تیري عدالتین بڑا گہراو
هین ای خداوند تو اِنسان اور حیوان کا پروردگار هی
۷ ای خداوند تیري مہر کیا هي عزیز هی اِسلئے بني آدم تیرے پرون
کے سایہ تلے آکے پناہ لیتے هین
۸ وے تیرے گھر کي چکنائي کھانے سے سیر هوینگے اور تو اپني عشرتون
کے دریا سے انھین سیراب کریگا
۹ کہ زندگي کا چشمہ تیرے کنے هی تیري روشني مین هم روشني
دیکھینگے
۱۰ تو اپنے پہچاننیوالون پر اپني رحمت کو بڑھا اور اُن پر جنکے دل
سیدھے هین اپني صداقت کو
۱۱ گھمنڈ کرنیوالون کا پاؤن مجھہ پر نہ پڑے اور شریر کا هاتھہ مجھے
آوارہ نکرے
۱۲ بدکار وهان گرے هوے هین وے ڈھکیلے گئے هین پھر اُٹھہ نہ
سکینگے

۷ روز شام کي نماز

۳۷ زبور

۱ **بدکارون** کے سبب تو مت کُڑھہ برے کام کرنیوالون سے
تو ڈاہ نکر
۲ کہ وے جلدي گھاس کي مانند کاٹ ڈالے جاینگے اور هرے سبزہ
کي طرح مرجھاوینگے
۳ خداوند پر توکل رکھہ اور نیکي کر تو زمین پر زندگاني بسر کر اور
سچائي کے میدان مین چراکر
۴ اور خداوند سے خوشي منا کہ وہ تیرے دل کے مطالب پورے کریگا
۵ اپني راہ خداوند پر چھوڑ دے اور اُس پر توکل کر وہ خود بنا لیگا
۶ اور تیري صداقت کو نور کي طرح ظاهر کریگا اور تیري عدالت کو
دوپہر کي سي روشني بخشیگا

۲۲ ای خداوند تو نے دیکھا هی خاموش مت رہ ای خداوند مجھہ سے
دور مت هو
۲۳ ای میرے خدا ای میرے رب اُٹھہ اور میرے اِنصاف کے لئے اور
میرے فیصلے کے لئے جاگ
۲۴ ای خداوند میرے خدا اپني صداقت کے مطابق میرا اِنصاف کر
اور اُنہیں مجھہ پر خوشوقت نہونے دے
۲۵ وے اپنے دلون میں کہنے نہ پاوین واچھرے یہي هم چاهتے تھے اور وہ
نہ کہین کہ هم اُسے چٹ کر گئے
۲۶ وے جو میرے دکھہ سے خوش هوتے هین ایک ساتھہ شرمندہ اور
رسوا هووین جو میري دشمني پر پھولتے هین شرمندگي اور رسوائي کا
لباس پہنین
۲۷ وہ جو میري صداقت کے مشتاق هین خوشي سے چلاوین اور
شادمان هون اور سدا کہا کرین کہ خداوند کي بڑائي هو جو اپنے بندہ
کي سلامتي چاهتا هی
۲۸ اور میري زبان تیري صداقت اور تیري ستایش کي بات تمام دن
کہتي رهیگي

۳۶ زبور

۱ **بدکار** کي شرارت کا بیان میرے دل کے اندر هی خدا کا
خوف اُسکي آنکھون کے آگے نہین
۲ کیونکہ اپني بدکاري کے ظاهر هونے اور مکروہ هونے کي بابت آپکو
بھلا کر اپنے تیئن چکني چپڑي باتین کرتا هی
۳ اُسکے منهہ کي باتین بدي اور فریب هین اُسنے دانشمندي اور نیکي
کو ترک کیا هی
۴ وہ اپنے بستر پر پڑے پڑے بدي کے منصوبے باندهتا هی جو راہ کہ
اچھي نہین وہ اُسمین مستعد هو کے کھڑا رهتا هی وہ برائي سے نفرت
نہین کھاتا
۵ ای خداوند آسمانون مین تیري رحمت هی تیري وفاداري بدلیون
تک پہنچي هی

۹ اور ميرا جي خداوند مين خوشوقت هوگا اسکي نجات مے شادیانہ بجائيگا
۱۰ ميري ساري هڈيان کهينگي اى خداوند تجهه سا کون هي جو غريب کو اُسکے هاتهه سے جو اُس سے زبردست هى چهڑاتا هى هان غريب اور محتاج کو اُس مے جو اُنهين غارت کرتا هى
۱۱ جهوٹهے گواه اٹهے هين وے مجهه مے وه سوالات کرتے هين جنسے مين آگاه نهين
۱۲ وے نيکي کے عوض مجهه سے بدي کرتے هين وہ ميري جان کو بے کس کرتے هين
۱۳ مين نے تو جب وے بيمار تهے ٹاٹ کا لباس پهنا روزے رکهه رکهه مين نے اپنے جي کو بے آرام کيا اور ميري دعا پلٹ کے ميرے سينے مين آتي تهي
۱۴ مين نے اُن سے وہ سلوک کيا جو کوئي اپنے دوست اور بهائي سے کرتا مين سر جهکا کر ايسا کڑها جيسے کوئي اپني ما کے لئے غم کرے
۱۵ پر ميري مصيبت سے وے خوش هوے اور جمع هوگئے ذليل لوگ مجهه پر اکٹهے هوے اور مين بے خبر تها وے مجهے پهاڑتے اور تهمتے نہ تهے
۱۶ کمينون کے ساتهه جو روٹي کے لئے ٹهٹها مارتے اور مجهه پر دانت کچکچاتے
۱۷ اى خداوند کب تک تو ديکها کريگا اُنکي خرابيون سے ميري جان کو چهڑالا ميري وحيد کو شيرون مے
۱۸ مين بڑي جماعت مين تيري حمد بجالاؤنگا بهت لوگون کے درميان تيري ستايش کرونگا
۱۹ وے جو ميرے جهوٹهے کهنيوالے دشمن هين مجهه پر خوشوقت نهون وے جو بے سبب ميرے بدخواه هين مجهه پر پلک نہ مارين
۲۰ کيونکہ وے سلامتي کي بات نهين کرتے بلکہ اُن پر جو ملک مين چپ چاپ بيٹهے هين مکر کے منصوبے باندهتے هين
۲۱ اور اُنهون نے مجهه پر اپنا منهه پسارا هى اُنهون نے کها هى آها آها هماري آنکهون نے ديکها

۱۸ خداوند اُنکے نزدیک هی جو شکسته دل هیں اور انکو جو خسته
جان هیں بچاتا هی
۱۹ صادق پر بہت سي مصیبتیں هوتي هیں پر خداوند اسکو ان سبّ
سے چھڑاتا هی.
۲۰ وه اُسکي ساري هڈّیوں کا نگهبان هی اُنمیں سے ایک ٹوٹني
نہیں پاتي
۲۱ بدي شریر کو هلاک کریگي اور وے جو صادق کے کینه رکھنیوالے
هیں مجرم ٹهرینگے
۲۲ خداوند اپنے بندوں کي جانوں کو مخلصي دیتا هی اور کوئي اُن
میں سے جنکا توکل اُسپر هی مجرم نه ٹهریگا

۷ روز فجر کي نماز

۳۵ زبور

۱ اي خداوند اُن سے جو مجھه سے جھگڑتے هیں جھگڑ اُنهیں جو
مجھے هلاک کیا چاهتے هیں هلاک کر
۲ سپر اور پھري پکڑ اور میري مدد کے لئے کھڑا هو
۳ اور بھالا نکال اور اُنکي راه بند کر جو میري جان کے پیچھے پڑے
هیں میري جان کو فرما که تیري نجات میں هوں
۴ وے جو میري جان کے خواهان هیں شرمنده اور رسوا هوں وے جو
میري بدي کي تجویز کرتے هیں هٹائے جاویں اور پریشان هوں
۵ جیسے بھوسي هوا کے سامهنے هوتي هی ویسے هي وے هوویں اور
خداوند کا فرشته اُنهیں ڈهکیلے
۶ اُنکي راه اندهیري اور پھسلني هو اور خداوند کا فرشته اُنهیں رگیدے
۷ که اُنهوں نے بے سبب میرے لئے ایک گڑھے میں اپنا جال چھپایا
نا حق میري جان کے لئے ڈهک کهودا
۸ اُس پر ناگهاني تباهي پڑے اور وه اپنے جال میں جو اس نے چھپایا
آپ هي پھنسے اسي هي تباهي میں گرفتار هووے

٢ ميري روح خداوند پر فخر کريگي حليم لوگ سنينگے اور خوش هونگے
٣ ميرے ساتهه خدا کي بڑائي کرو هم ملکے اُسکے نام کو بلند کرين
٤ مين نے خداوند کو ڈهوڈها اُسنے ميري سني اور مجهے ميرے سارے خوفون سے رهائي دي
٥ اُنهون نے اُس پر نظر کي اور روشن هوگئے اور اُنکے منهه شرمنده نهوئے
٦ يهه غريب چلايا اور خداوند نے سنا اور اُسنے اُسکي ساري مصيبتون سے بچا ليا
٧ خداوند کا فرشته اُنکي چارون طرف جو اُس سے ڈرتے هين خيمه کهڑا کرتا هى اور اُنهين بچاتا هى
٨ آؤ چکهو اور ديکهو که خداوند خوب هى مبارک هى وه آدمي جسکا بهروسا اُسپر هى
٩ اى اُسکے مقدس لوگو خداوند سے ڈرو کيونکه جو اُس سے ڈرتے هين اُنهين کچهه کمي نهين
١٠ شيرني کے بچے حاجتمند هوتے اور بهوکهے رهتے هين پر جو خداوند کے طالب هين اُنهين کسي نعمت کي کمي نهين
١١ اى لڑکو آؤ اور ميري سنو مين تمهين خدا ترسي سکهاؤنگا
١٢ وه کون اِنسان هى جو زندگي کي خواهش رکهتا اور بڑي عمر چاهتا هى تاکه بهلائي ديکهے
١٣ اپني زبان کو بدي سے اور اپنے هونٿهون کو دغا کي بات بولنے سے باز رکهه
١٤ بدي سے بهاگ اور نيکي کر سلامتي کو ڈهونڈهه اور اُسي کا پيچها کر
١٥ خداوند کي آنکهين صادقون پر اور اُسکے کان اُنکي فرياد پر هين
١٦ خداوند کا منهه اُنکے برخلاف هى جو بدکردار هين تاکه انکي ياد گاري زمين پر سے مٿا ڈالے
١٧ صادق چلاتے هين اور خداوند سنتا هى اور اُنهين اُنکے سارے دکهون سے چهڑاتا هى

۹ کہ اُس نے کہا اور وہ ہوگیا اُسنے فرمایا اور وہ برپا ہوا
۱۰ خداوند قوموں کي مشورتوں کو ناچیز کرتا ہي وہ لوگوں کے منصوبوں کو باطل کر دیتا ہی
۱۱ خداوند کي مشورت ابد تک ثابت رہیگي اُسکے دل کے منصوبے پشت در پشت
۱۲ مبارک وہ قوم جسکا خدا خداوند ہی وے لوگ جنہیں اُسنے پسند کرکے اپني میراث کي ہی
۱۳ خداوند آسمان پر سے دیکھتا ہی وہ سارے بني آدم پر نگاہ کرتا ہی
۱۴ وہ اپني سکونت کے مقام سے زمین کے سب باشندوں کو تاکتا ہی
۱۵ اُن سب کے دلوں کا مہیا کرنیوالا وہي ہی وہ اُنکے سارے کاموں کو سمجھہ لیتا ہی
۱۶ کوئي بادشاہ نہیں جو اپنے لشکر کي فراواني کے سبب بچے کوئي پہلوان اپنے زور کي کثرت سے رہائي نہیں پاتا -
۱۷ بچ نکلنے کے لئے گھوڑے سے کام نہیں چلتا وہ اپنے بڑے زور سے کسي کو بچا نہیں سکتا
۱۸ دیکھو خداوند کي آنکھہ اُن پر ہی جو اُس سے ڈرتے ہیں اُن پر جو اُسکي رحمت کے اُمیدوار ہیں
۱۹ تا کہ اُنکي جانوں کو موت سے چھڑاوے اور اُنہیں کال میں جیتا رکھے
۲۰ ہماري جانوں کو خداوند کا اِنتظار ہی وہي ہمارا چارہ اور ہماري سپر ہی
۲۱ کہ ہمارا دل اُسي سے خوش ہوگا کیونکہ ہمنے اُسکے مقدس نام پر بھروسا رکھا ہی
۲۲ ای خداوند جیسے ہمیں تیرا اِنتظار ہی ویسے ہي تیري رحمت ہم پر ہووے

۳۴ زبور

۱ میں ہر وقت خداوند کو مبارک کہونگا اُسکي ستایش سدا میري زبان پر ہوگي

۷ تو میرے چھپنے کا مکان هی تو مجھے دکھون سے بچاتا هی نجات کے گیتون سے تو مجھے گھیرتا هی
۸ مین تجھے چھڑاوا کے منگلاچرنون کو اور اُس راه مین جسمین سکھاؤنگا تجھکو چلنا هی تیري رهنمائي کرونگا مین تجھپر نظر کرکے صلاح دونگا
۹ غرض گھوڑون اور کھچرون کي مانند مت هو کہ اُنکو سمجھہ نہین اُنکا منھہ لگام اور باگ سے بند کیا چاهئے نہین تو وے تیرے پاس نہ آوینگے
۱۰ شریر پر بہت سي مصیبتین هین پر جو خداوند پر بھروسا رکھنیوالا هی اُسکو مہر گھیرتي هی
۱۱ ای صادقو خداوند مین خوش هو اور شادماني کرو اور تم سب جو راست دل هو خوشي سے چلاؤ

۳۳ زبور

۱ ای صادقو خداوند مین خوشي مناؤ حمد کرنا سیدھے لوگونکو سجتا هی
۲ بربت چھیڑتے هوے خداوند کي ستایش کرو دس تار کا بین بجا کے اُسکي مدح سرائي کرو
۳ اُسکے لئے ایک نیا گیت گاؤ سگھڑائي سے بجا بجا کے خوشي سے چلاؤ
۴ کیونکہ خداوند کا کلام سیدھا هی اور اُسکے سارے کام وفا کے ساتھہ هین
۵ وہ صداقت اور عدالت کو دوست رکھتا هی زمین خداوند کي مہر سے معمور هی
۶ خداوند کے کلام سے آسمان بنے اور اُنکے سارے لشکر اُسکے منھہ کے دم سے
۷ وہ دریا کا پاني تودے کے مانند جمع کرتا هی وہ گہراپونکو مخزنون مین رکھہ چھوڑتا هی
۸ ساري زمین خداوند سے ڈرتي رهے جهان کي ساري آبادي اُسکا خوف مانے

۲۰ تو اُنهين آدميونكي بندشون سے اپنے حضور کے پردہ مين چهپاتا
هي تو اُنهين زبانون کے جهگڑے سے اپنے خيمے مين پوشيده کرتا
هي
۲۱ خداوند مبارک هي که اُسنے محکم شهر مين اپني عجيب مهرباني
مجهه کو دکهلائي
۲۲ مين نے گهبرا کے کها که مين تيري آنکهون کے سامهنے سے کات ڈالا
گيا باوجود اُسکے جب مين تيرے آگے چلايا تو تو نے ميري منت کي
آواز سنلي
۲۳ اي خداوند کے سارے مقدس لوگو اُس سے محبت رکهو خداوند
ايماندارون کا حافظ هي اور غرور کرنيوالونکو بهت بدلا ديتا هي
۲۴ اي لوگو جو خداوند سے اُميد رکهتے هو تم سب قوت پکڑو که وه
تمهارے دلونکو مضبوطي بخشيگا

۶ روز شام کي نماز

۳۲ زبور

۱ **مبارک** هي وه جسکا گناه بخشا گيا اور خطا ڈهانپي گئي
۲ مبارک هي وه آدمي جسکے باب مين خداوند گناه محسوب
نهين کرتا اور جسکے دل مين دغا نهين
۳ جب مين چپ رها تو ميري هڈيان سارے دن کراهتے کراهتے
گل گئين
۴ کيونکه تيرا هاتهه رات دن مجهه پر بهاري تها ميري تراوت
گرميون کي خشکي سے بدل گئي
۵ مين نے اپني خطا تيرے سامهنے ظاهر کي اور اپني بدي نهين
چهپائي مين نے کها مين خداوند کے آگے اپنے گناهون کا اقرار کرونگا اور
تو نے ميري خطا کي بدي کو معاف کيا
۶ اِسي لئے هرايک جو دينذار هي جب تک تو مل سکتا هي تجهه
سے دعا مانگيگا يقينا جو بڑے پانيون کے سيلاب آوين وے اُس تک نه
پهونچينگے

۸ اور مجھکو دشمن کے هاتهه میں حوالي نکر دیا تو نے کشادہ جگهه
میں میرا پاؤں کهڑا کیا
۹ ای خداوند مجهه پر ترس کها کہ تنگ هون میري آنکهیں غم سے
جاتي رهیں بلکه میري جان اور میرا پیٹ بهي
۱۰ کہ میري زندگاني دکهه میں فنا هوئي اور میري عمر کراهنے میں
میري قوت میري برائي سے گهٹ چلي اور میري هڈیان خشک
هو گئیں
۱۱ میں اپنے سب دشمنون کے سبب رسوا هوگیا هون خصوصاً اپنے
همسایون کے نزدیک اور اپنی جان پهچانون کے پاس عبرت جس کسي
نے مجهکو راه میں دیکها مجهه سے دور بهاگا
۱۲ میں اُس آدمي کي مانند جو مرجاوے اور کوئي اسے یاد نکرے
فراموش هو گیا هون میں ٹوٹے هوے باسن کي طرح ٹوٹ گیا هون
۱۳ کہ میں نے بهتون کي تهمتیں سنیں هر طرف سے خوف هي
جب کہ وے آپس میں میرے برخلاف هو کے مشورت کرتے تو میري
جان مارنے پر منصوبه باندهتے هیں
۱۴ پر ای خداوند میں نے تجهه پر بهروسا رکها میں نے کها تو
میرا خدا هي
۱۵ میرے اوقات تیرے هاتهه میں هیں مجهه کو میرے دشمنون کے
هاتهه سے چهڑا اور اُن سے جو میرے پیچهے پڑے هیں
۱۶ اپنے چهرے کو اپنے بندے پر جلوہ گر فرما اپني رحمت
سے مجهے بچا لے
۱۷ ای خداوند مجهے شرمندہ نهونے دے کیونکه میں نے تجهے پکارا شریر
شرمندہ هویں وے عالم غیب میں جاکر چپ چاپ پڑے رهیں
۱۸ جهوٹهے لبون کو خاموش کر جو سے گهمنڈ اور گستاخي کے ساتهه
بري باتیں صادقون کے حق میں نکلتي هیں
۱۹ واہ کیاهي بڑي تیري خوبي هي جو تو نے اپنے ڈرنیوالونکے لئے
گنج کر رکهي هي اور اپنے متوکلون کے لئے بني آدم کے سامهنے طیار
کي هي

۶ مين نے اپني سلامتي کے وقت کہا مجھکو کبھي جنبش نہوگي
۷ اى خداوند تو نے اپني توفيق سے ميرے پہاڑ کو خوب قايم کيا هى
تو نے اپنا منهہ چهپايا مين گهبرايا
۸ تجهہ کو مين نے پکارا اى خداوند اور مين نے خداوند سے
التجا کي
۹ ميرے خون مين کيا فايدہ هى جو مين گڑهے مين گرون کيا خاک
تيري ثنا کريگي کيا وہ تيري سچائي بيان کريگي
۱۰ سن اى خداوند اور مجهہ پر توجہ فرما اى خداوند تو ميرا
مددگار هو
۱۱ تو نے ميرے ماتم کو ميرے لئي ناچنے سے بدل ديا تو نے ميرا ٹاٹ
کهول ڈالا اور ميري کمر مين خوشي کا پٹکا باندها هى
۱۲ اتنے لئے کہ ميري شوکت تيري مدح سرائي کرے اور خاموش نہ رهے
اى خداوند ميرے خدا مين ابد تک تيري ستايش کرتا رهونگا

۳۱ زبور

۱ اى خداوند ميرا توکل تجهہ پر هى مين کبهي شرمندہ نہون
اپني صداقت سے مجهے رهائي دے
۲ اپنے کان ميري طرف جهکا جهٹ پٹ مجهے چهڑا تو ميرے لئے
مظبوط چٹان اور ميرے بچاو کے لئے ايک محکم قلعہ هو
۳ کہ تو ميري چٹان اور ميرا گڑهہ هى اور تو اپنے نام کے لئے ميرا
رهبر اور ميرا رهنما هوگا
۴ مجهے اُس جال سے جو اُنهون نے چهپا کر ميرے لئے بچهايا هى تو
نکاليگا کہ تو ميرا زور هى
۵ مين اپني روح کو تيرے هاتهہ مين سونپتا هون اى خداوند سچائي
کے خدا تو نے مجهے مخلصي دي هى
۶ مين اُن سے عداوت رکهتا هون جو جهوٹهہ کي بطالت کو مانتے هين
اور مين جو هون سو خداوند پر ميرا بهروسا هى
۷ مين تيري رحمت پر شادان اور خوش هونگا کہ تو نے ميرے دکهہ
پر نگاہ کي تو ميري جان کي تنگيون سے واقف هى

۳ خداوند کي آواز پانيون پر هی جلال والا خدا گرجتا هی خداوند
برے پانيون پر هی
۴ خداوند کي آواز زوراور هی خداوند کی آواز جلال والي هی
۵ خداوند کي آواز صنوبرون کو توڑتي هي بلکه خداوند لبنان کے
صنوبرون کو توڑتا هی
۶ اور اُنکو بچهڑونکي مانند کداتا هی لبنان اور سريون کو جوان
بهينسے کي مانند
۷ خداوند کي آواز آگ کے شعلون کو چيرتي هی
۸ خداوند کي آواز دشت کو لرزاتي هی خداوند دشت قادس کو
لرزاتا هی
۹ خداوند کي آواز سے هرنيون کے پيٹ گرتے هيں اور وہ جنگلون کو
صاف کر ديتي هی اور اُسکي هيکل ميں هريک جلال جلال کهتا هی
۱۰ خداوند طوفان پر بيٹها هاں خداوند هميشه کے لئے بادشاه هوکے
بيٹها هی
۱۱ خداوند اپنے لوگونکو زور بخشتا هی خداوند اپنے لوگون کو سلامتي
کي برکت ديتا هی

۶ روز فجر کي نماز

۳۰ زبور

۱ اي خداوند ميں تيري تعظيم کرونگا کيونکه تو نے مجهه کو
سرفراز کيا اور ميرے دشمنون کو مجهه پر خوشي کرنے نه ديا
۲ ای خداوند ميرے خدا ميں نے تجهے پکارا اور تو نے مجهے چنگا کيا
۳ ای خداوند تو ميري جان کو عالم غيب سے اٹها لايا گڑهے ميں کے
گرنيوالون ميں سے تو نے مجهے زنده بچايا
۴ ای خداوند کے مقدس لوگو اُسکے لئے گاؤ اور اُسکي قدوسي کے ذکر
ميں اُسکي ستايش کرو
۵ که اُسکا غصه ايک دم کا هی اُسکے کرم ميں زندگاني هی شام کو
رونا آ تکے پر صبح کو خوشي هوتي

۱۴ خداوند کي راه دیکهتا ره استوار هو وه تیرے دل کو تقویت دیگا
غرض خداوند کي راه دیکهتا ره

۲۸ زبور

۱ **مین** تجهے پکارتا هون ای خداوند میري چٹان مجهه سے
خاموشي مت کر نهووے که اگر تو مجهه سے خاموشي کرے تو مین ان
سا هوجاؤن جو گڑهے مین گرنیوالے هین
۲ جب مین تیري دهائي دون اور تیري مقدس بارگاه کي طرف اپنے
هاتهه اٹهاؤن تو تو میري منتون کي آواز سن لے
۳ ان شریرون اور بد کردارون کے ساتهه جو اپنے همساؤن سے سلامتي
کي باتین کرتے هین اور انکے دلون مین شر هی مجهکو شامل کر کے
مت نکال
۴ جیسے انکے اعمال اور جیسے انکے برے فعل هین انکو عوض دے جیسا
انکے هاتهون نے کیا ویساهي ان سے کر انکا بدلا انکو دے
۵ اسلئیے که وے خداوند کے کامون اور اسکے هاتهون کي صنعتون پر
دهیان نهین کرتے وه انهین ڈهاویگا اور نه بناویگا
۶ خداوند مبارک هی که اسنے میري منتونکي آواز سني هی
۷ خداوند میرا زور اور میري سپر هی میرے دل نے اسپر توکل کیا اور
مجهے اسکي پشتي هوئي سو میرا دل شدت سے خوش هی اور مین
گیت گا گا کے اسکي مدح کرونگا
۸ خداوند انکي توانائي هی اور وهي اپنے مسیح کي نجات کا گڑهه هی
۹ اپنے لوگون کو نجات بخش اور اپني میراث مین برکت دے اور
انکي رعایت کر اور انهین همیشه کو سرفراز فرما

۲۹ زبور

۱ **خداوند** کي طرف منسوب کرو ای قدرت والو خداوند کي
طرف جلال اور قدرت منسوب کرو
۲ خداوند کي طرف اسکے نام کا جلال منسوب کرو حسن تقدس سے
خداوند کو سجده کرو

۲ جسوقت شریر اور میرے مخالف اور میرے بیري میرا گوشت کهانیکو مجهه پر چڑهه ائے تو انهون نے ٹهوکر کهائي اور گر گئے

۳ اگر ایک لشکر میرے برخلاف خیمه کهڑا کرے تو میرے دل کو کچهه خوف نهین اگر جنگ میرے خلاف برپا هو تو باوجود اسکے بهي میرا توکل ثابت رهیگا

۴ مین نے خداوند سے ایک سوال کیا اسي کا مین طالب رهونگا که مین عمر بهر خداوند کے گهر مین رهون تاکه خداوند کے جمال کو دیکهون اور اسکي هیکل مین غور کرون

۵ کیونکه مصیبت کے وقت وه مجهکو اپنے خیمے مین چهپا لیگا ڈیرے کے پردے مین مجهے پوشیده کریگا وه مجهے چٹان پر چڑهاویگا

۶ سو اب مین اپنے سارے دشمنون پر جو میرے آس پاس هین سر بلند هوؤنگا اور مین اسکے خیمے مین خوشي کے ذبیحے ذبح کرونگا مین گاؤنگا هان خداوند کي مدح سرائي کرونگا

۷ ای خداوند سن مین بلند آواز سے پکارتا هون اور مجهه پر مهر کر اور مجهے جواب دے

۸ جب تو نے فرمایا که میرے چهرے کو ڈهونڈهو تو میرا دل تجهه سے بول اٹها ای خداوند مین تیرے چهرے کو ڈهونڈهونگا

۹ اپنا چهره مجهه سے مت چهپا غصے سے اپنے بندے کو مت هٹا تو تو سدا میرا مدد گار هوا هي مجهه کو ترک نه کر اور مجهه کو چهوڑ مت دے ای میرے نجات دنیوالے خدا

۱۰ که میرا باپ اور میري ما مجهه کو چهوڑ گئے پر خداوند میري پرورش کرتا هي

۱۱ ای خداوند مجهه کو اپني راه بتا اور میرے دشمنون کے سبب مجهے اس راه پر جو برابر هي لے چل

۱۲ میرے دشمنون کي خواهش پر مجهے مت چهوڑ کیونکه جهوٹے گواه اور وے جو ظلم کي سانس لیتے هین مجهه پر اٹهے هین

۱۳ اگر مجهے اعتقاد نهوتا که مین زندگي کي زمین مین خداوند کے نعمت دیکهونگا تو مین بے حواس هوجاتا

۲۶ زبور

۱ ای خداوند میرا اِنصاف کر کہ میں اپني کھرائي کي راہ چلا
اور میں نے خداوند پر توکل کیا میں لغزش نہ کھاؤنگا
۲ ای خداوند مجھے آزما اور میرا اِمتحان کر میرے گردوں اور میرے
دل کو تالے
۳ کہ تیري مہرباني میري آنکھوں کے سامھنے هی اور میں تیري
سچائي کي راہ چلا هوں
۴ میں بیہودوں کے ساتھہ نہیں بیٹھا اور مکاروں کے ساتھہ نہیں
چلتا هوں
۵ بد کاروں کي جماعت کا میں دشمن هوں اور شریروں کے ساتھہ
میں نہیں بیٹھتا هوں
۶ میں بے گناهي میں اپنے هاتھہ دھوونگا تب ای خداوند میں تیرے
مذبح کے گرداگرد پھرونگا
۷ تاکہ ثنا کي آواز سناوٗں اور تیرے سارے عجایب کاموں کا بیان کروں
۸ ای خداوند مجھہ کو تیرے گھر کي سکونتگاہ اور وہ مکان جہاں تیرا
جلال رهتا هی خوش آیا
۹ میري جان کو گنہکاروں میں اور میري حیات کو خونیوں میں
شامل مت کر
۱۰ کہ انکے هاتھوں میں فساد هی اور انکا دهنا هاتھہ رشوت سے پر هی
۱۱ پر میں جو هوں اپني کھرائي میں راہ چلونگا مجھے مخلصي دے
اور مجھہ پر رحم کر
۱۲ میرا پانوں برابر جگہ پر هي میں جماعتوں میں خداوند کو
مبارک کہونگا

۵ روز شام کي نماز

۲۷ زبور

۱ خداوند میري روشني هی اور میري نجات مجھکو کس کي
دهشت خداوند میري زندگي کا قلعہ هی مجھکو کس کي هیبت

۷ ميري جواني کے گناهون اور ميرے قصورون کو ياد مت کر تو اپني
رحمتون کے مطابق اپني خوبي کے واسطے اى خداوند مجھے ياد رکھه
۸ خداوند بهلا اور سيدها هى وه اِسلئے گنهگارون کو راه دکهلاتا هى
۹ وه حليمونکو عدالت کي راه بتاتا هى اور حليمونکو اپنى راه کي
بات سکهاتا هى
۱۰ خداوند کي ساري راهين رحمت اور سچائي هين اُنکے لئے جو
اُسکے عهد اور اُسکي شهادتون کو ياد رکهتے هين
۱۱ اى خداوند اپنے نام کے واسطے ميرا گناه بخش دے که وه بڑا هى
۱۲ وه کون سا اِنسان هي جو خداوند سے ڈرتا هى وه اُسکو وهي راه جو
اسے پسند هى بتلاويگا
۱۳ اُسکا جي خيريت سے رهيگا اور اُسکي نسل زمين کي وارث هوگي
۱۴ خداوند کا بهيد اُن پاس هى جو اسے ڈرتے هين اور انکو وه اپنے
عهد کي پهچان ديگا
۱۵ ميري آنکهين هميشه خداوند کي طرف لگي رهتي هين کيونکه وهي
ميرے پاون پهندے سے نکاليگا
۱۶ ميري طرف متوجه هو اور مجهه پر رحم کر که مين ايکلا اور
دکهه مين هون
۱۷ ميرے دل کے غم بهت بڑهه گئے تو مجهه کو ميري مصيبتون سے
چهڑا
۱۸ ميرے دکهه اور ميري مشقت پر نگاه کر اور ميرے سب
گناه بخش دے
۱۹ ميرے دشمنون پر نگاه کر که وے بهت هين اور جو مجهه سے عداوت
رکهتے هين سو اندهير هى
۲۰ ميري جان کي حفاظت کر اور مجهے نجات دے مجهے شرمنده
نهونے دے که مجهے تيراهي بهروسا هى
۲۱ کهرائي اور سدهائي ميرے نگهبان هووين که مين نے تيري انتظاري
کهينچي هى
۲۲ اى خدا اِسرائيل کو اسکے سارے دکهون سے مخلصي دے

۲ کیونکه اسنے انکي بنا پانیون کے اُپر رکهي اور اسے سیلابون کے اُپر
قایم کیا
۳ خداوند کے پہاڑ پر کون چڑهه سکتا هی اور اسکے مکان مقدس پر
کون کهڑا ره سکتا هی
۴ وهي جسکے هاتهه صاف هیں اور جسکا دل پاک هی جسنے بطلان
کي طرف اپنا جي نهیں لگایا اور نه مکر سے قسم کهائي
۵ وهي خداوند سے برکت اور اپنے نجات دنیوالے خدا سے صداقت
پاویگا
۶ یهه گروه اُسکي طالب هی تیرے چہرے کے جویان یعقوب هیں
۷ ای پهاٹکو اپنے سر اُونچے کرو اور ای ابدي دروازو اُونچے هو که جلال
کا بادشاه داخل هووے
۸ یهه جلال کا بادشاه کون هی خداوند جو قوي اور قادر هی خداوند
جو جنگ میں قادر هی
۹ ای پهاٹکو اپنے سر اُنچے کرو اُنچے کرو ای ابدي دروازو که جلال کا
بادشاه داخل هووے
۱۰ یهه جلال کا بادشاه کون هی لشکرونکا خداوند وهي جلال کا
بادشاه هی

۲۵ زبور

۱ ای خداوند میں اپني جان کو تیري طرف اٹهاتا هون
۲ ای میرے خدا میں تجهه پر بهروسا رکهتا هون مجهے شرمنده نهونے
دے میرے دشمن مجهه پر شادیانه نه بجاویں
۳ اور اُنمیں سے بهي جو تیري راه تکتے هیں کوئي شرمنده نهو بلکه وے
جو ناحق بے وفائي کرتے هیں شرمنده هوویں
۴ ای خداوند مجهے اپني راهیں دکهلا مجهکو اپنے راستے بتلا
۵ اپني صداقت میں مجهکو لے چل اور مجهه کو تعلیم دے که میرا
نجات دنیوالا خدا تو هی سارے دن میں تیرا اِنتظار کهینچتا هون
۶ ای خداوند اپني رحمتون کو اور اپني مهرباني کو یاد کر که وے
قدیم سے هیں

۲۷ سارا جہان سراسر چیت جائیگا اور خداوند کي طرف رجوع لاویگا
اور قوموںکے سارے گھرانے تیرے آگے سجدہ کرینگے
۲۸ کہ بادشاہت خداوند کي هی قوموں میں وهي حاکم هی
۲۹ دنیا کے سارے دولتمند کھاوینگے اور سجدہ کرینگے وے سب جو
خاک میں ملتے هیں اُسکے حضور جھکینگے اور کسي نے اپني جان کو
نہیں جلایا
۳۰ ایک نسل اُسکي عبادت کریگي خداوند کے لئے کا بیان انیوالي
پشت کے سامہنے کیا جائیگا
۳۱ وے آوینگے اور اُن لوگوں پر جو پیدا هونگے اُسکي صداقت ظاہر
کرینگے کہ اسنے ایسا ایسا کیا هی

۲۳ زبور

۱ **خداوند** میرا چوپان هی مجهہ کو کچهہ کمي نہیں
۲ وہ مجھے سبزہزار چراگاہ میں بٹھلاتا هی وہ راحت کے چشمونکي
طرف مجھے لئے پهرتا هی
۳ وہ میري جان پھیرلاتا هی وہ مجھے صداقت کي راهوں میں لئے
پهرتا هی اپنے نام کي خاطر سے
۴ هاں جب مجھے موت کے سایہ کي وادی میں سے چلنا هو مجھے
کچهہ خوف و خطر نہیں کہ تو میرے ساتهہ هی تیري چھڑي اور تیري
لاٹهي جو هیں وهي میري تسلي هی
۵ تو میرے دشمنوں کے روبرو میرے آگے دسترخوان بچھاتا تو نے میرے
سر پر تیل ملا میرا پیالہ لبریز هو کر چھلکتا هی
۶ لاکلام خیر اور مہرباني عمر بهر میرے قدم سے لگي رهیگي اور میں
همیشہ خداوند کے گهر میں رهونگا

۵ روز فجر کي نماز

۲۴ زبور

۱ **زمین** اور اسکي معموري جہان اور اُسکے باشندے خداوند
کے هیں

۱۳ وے مجھہ پر پھاڑنیوالے اور گونجنیوالے شیر کي طرح منھہ پسارے
ہوے ہیں
۱۴ میں پاني کي طرح بہا جاتا ہون اور میرے بند بند الگ ہو
چلے ہیں میرا دل موم کي طرح میرے سینے میں پگھل گیا
۱۵ میري قوت ٹھکرے کي طرح خوشک ہوگئي اور میري زبان تالو
سے لگي جاتي ہي اور تو مجھے موت کي خاک پر بیٹھاتا ہي
۱۶ کیونکہ کتون نے مجھہ کو گھیر لیا ہي شریرون کي گروہ نے میرا
احاطہ کیا ہي اُنہون نے میرے ہاتھہ اور میرے پاون چھیدے
۱۷ میں اپني سب ہڈیون کو گن سکتا ہون وے مجھے تاکتے اور
گھورتے ہیں
۱۸ وے میرے کپڑے اپس میں بانٹتے ہیں اور میرے لباس پر قرعہ
ڈالتے ہیں
۱۹ پر تو اي خداوند دور مت رہ اي میري توانائي جلد میري مدد
کے لئے آ
۲۰ میري جان کو تلوار سے بچا میري وحیدہ کو کتے کے ہاتھہ سے
۲۱ ببر کے منہہ سے مجھے بچا بھینسون کے سینگون سے تو نے میري
سني
۲۲ میں اپنے بھائیون میں تیرا نام بیان کرونگا جماعت میں تیرا ثنا
خوان ہونگا
۲۳ تم جو خداوند سے ڈرتے ہو اُسکي ثنا کرو اي یعقوب کي ساري
نسل تم اُسکي بزرگي کرو اي اِسرائیل کي ساري اولاد اُسکا ڈر مانو
۲۴ کہ اُسنے دردمند کے درد کي تحقیر نہیں کئي نہ اُس سے اُسے نفرت
آئي نہ اُسنے اُس سے اپنا منہہ پھر لیا بلکہ جب اُسنے اُسکو پکارا اُسنے
جواب دیا
۲۵ بڑي جماعت میں مجھہ سے تیري ستایش ہوگي میں اُنکے آگے جو
اُسے ڈرتے ہیں اپني نذریں ادا کرونگا
۲۶ وے جو حلیم ہیں کھاوینگے اور سیر ہونگے وے جو خداوند کے
طالب ہیں اُسکي ستایش کرینگے تمہارا دل ابد تک جیتا رہے

۱۲ که تو اُنکي پيٿه دکهلاويگا تو اُنکي روبرو اپنے چلّے کو چڑهاويگا
۱۳ ای خداوند تو اپنے زور سے بلند هو هم تيري قدرت پر گيت گاينگے اور مدح‌سرائي کرينگے

۴ روز شام کي نماز

۲۲ زبور

۱ ای ميرے خدا ای ميرے خدا تو نے مجهے کيون چهوڑا هے
ميرے بچاو سے ميرے کرهنے کي باتون سے تو دور رها هے
۲ ای ميرے خدا مين دن کو چلاتا هون پر تو نهين سنتا رات کو بهي
اور چپ نهين رهتا
۳ اور تو قدوس هے اسرائيل کي مدح مين سکونت کرنيوالا
۴ همارے باپ دادون نے تجهه پر توکل کيا اُنهون نے توکل کيا اور تو
نے اُنهين چهوڑايا
۵ اُنهون نے تجهه سے فرياد کي اور چهڑائے گئے اُنهون نے تجهه پر
بهروسا کيا اور شرمنده نه هوے
۶ پر مين جو هون کيڑا هون نه اِنسان آدميونکي ننگ هون اور قوم
کي عار
۷ وے سب جو مجهه کو ديکهتے هين مجهه پر هنستے هين وے هونٿهه
پسارتے هين وے سر هلا هلا کے کهتے هين
۸ که خداوند پر چهوڑ وهي اُسے بچاوے وهي اُسے چهوڑاوے که وه اُسے
خوش تها
۹ بهر حال توهي هے جو مجهے پيٿ سے باهر لايا جب مين اپني ما
کي چهاتيون پر تها تو هي نے مجهے بهروسا ديا
۱۰ مين پيدا هوتے هي تجهه پر پهينکا گيا ميري ما کے پيٿ سے تو
ميرا خدا هے
۱۱ مجهه سے دور مت ره که تنگي نزديک هے اور مدد گار کوئي نهين
۱۲ بهت سے بيلون نے آ گهرا هے بسن کے زوراور بيلون نے چارون
طرف سے مجهه پر هجوم کيا هے

۷ یے گاڑیون کا وہ گھوڑون کا پر ہم خداوند اپنے خدا کے نام کا ذکر کرینگے
۸ وہ جھک گئے اور گر پڑے لیکن ہم اُٹھے اور سیدھے کھڑے ہوئے
۹ ای خداوند نجات دے جس وقت کہ ہم پکاریں بادشاہ ہماري سنے

۲۱ زبور

۱ ای خداوند تیري توانائي سے بادشاہ خوشي کرتا ہی اور تیري نجات سے کیا ہي دل شاد ہی
۲ تونے اُس کو اُسکے دل کا مطلب دیا اور اُس نے جو کچھہ اپنے منہہ سے مانگا تونے اُسے رد نہ کیا
۳ کہ پیشدستي کرکے تو اچھي اچھي نعمتیں اُسے بخشتا ہي خالص سونے کا تاج تو اُس کے سرپر رکھتا ہی
۴ اُس نے تجھہ سے زندگي چاهي تونے اُس کو عمر کي درازي ابد تک بخشي
۵ تیري نجات سے اُس کي شوکت عظیم ہی عظمت و حشمت تونے اُس پر رکھي ہی
۶ کہ تونے اُس کو سدا کي برکتون کا سبب ٹھہرا رکھا ہی تونے اُسکو اپنے چہرے سے نہایت خوشوقت کیا ہی
۷ کہ بادشاہ خداوند پر بھروسا رکھتا ہی اور حق تعالی کي رحمت سے وہ جنبش نہ پاویگا
۸ تیرا هاتھہ تیرے سارے دشمنون کو ڈھونڈھہ نکالیگا تیرا دھنے ہاتھہ تیرے بیریون کا ٹھکانا لگاویگا
۹ تو اپنے ظاهر ہونیکے وقت اُن کو تنور کي طرح دہکاویگا خداوند اُن کو اپنے قہر سے نگل جاویگا ور آگ اُن کو کھا لیگي
۱۰ تو زمین پر سے اُن کا پھل اور اُن کي نسل بني آدم میں سے نیست کریگا
۱۱ کیونکہ اُنہون نے تیرے برخلاف بدي پھیلائي ایسي بري فکر سوچي کہ اُس کو نہایت تک پہنچا نہ سکینگے

۷ خداوند کي توریت کامل هی دل کي پھیرنیوالي خداوند کي شہادت
حق هی سادے کو دانائي دینیوالي
۸ خداوند کي شریعتیں سیدھي هیں دل کو خوشي بخشنیوالیاں
خداوند کا حکم پاک هی آنکھوں کا روشن کرنیوالا هی
۹ خداوند کا خوف صاف هی اُس کو ابد تک پایداري هی خداوند
کي عدالتیں سچي وے تمام و کمال راست هیں
۱۰ وے سونے سے بلکہ بہت کندن سے زیادہ دلخواہ هیں شہد اور
اُس کے چھتے کے ٹپکنیوالے سے بہت هي میٹھي
۱۱ پھر اُن سے تیرا بندہ روشني پاتا هی اُن کے یاد رکھنے میں بڑا هي
اجر هی
۱۲ اپني چوکوں کو کون جان سکتا هی تو مجھہ کو چھپے گناھوں سے
بري کر
۱۳ اپنے بندے کو عمد کے گناھوں سے بھي باز رکھہ اُنھیں مجھپر غالب
ھونے مت دے تب میں کھرا ھوؤنگا اور بڑے گناہ سے پاک ٹھہرونگا
۱۴ میرے منہہ کي باتیں اور میرے دل کي سوچ تیرے حضور منظور
ھوں اى خداوند میري چٹان اور میرے فدیہ دینیوالے

۲۰ زبور

۱ **مصیبت** کے دن خداوند تیري سنے یعقوب کے خدا کا نام
تجھے محفوظ رکھے
۲ مقدس سے تیري مدد بھیجے اور صیہون میں سے تجھے سنبھالے
۳ تیري ساري هدیوں کو یاد فرماوے اور تیرے چڑھاوؤں کو قبول کرے
۴ تیرے دل کي خواهش کے موافق تجھہ کو دیوے اور تیرے سارے
منصوبوں کو پورا کرے
۵ هم تیري نجات سے خوشي مناوینگے اور اپنے خدا کے نام پر اپنے
جھنڈے کھڑے کرینگے خداوند تیري ساري درخواستیں پوري کرے
۶ اب میں جان گیا کہ خداوند اپنے مسیح کا بچانیوالا هی اپنے دھنے
هاتھہ کي نجات دینیوالي قدرتوں سے وہ اپنے مقدس آسمان پر سے اُسکي
سنیگا

کا سردار کیا وہ لوگ جنہیں میں نہیں جانتا میري فرمانبرداري کرینگے
۴۴ کان سے سنتے هي وے مجھے مانینگے اجنبیون کي نسلیں مجھہ سے
دب نکلینگي
۴۵ اجنبیون کي نسلیں مرجھا جاوینگي اور اپنے چھپنے کے مکانون میں
سے تھرتھراوینگي
۴۶ زندہ هی خداوند اور مبارک هی میري چتان اور بلند هی میرا
نجات دینیوالا خدا
۴۷ وهي خدا جو میرا انتقام لیتا هی اور لوگون کو میرے تابع کرتا هی
۴۸ وہ مجھے میرے دشمنون سے چھڑاتا هی هان تو مجھے اُن پر جو
مجھہ سے مقابلہ کرتے هیں بالا کرتا هی تونے مجھے ظالم آدمي سے مخلصي
دي
۴۹ سو میں ای خداوند قومون کے درمیان تیري ثنا کرونگا اور تیرے
نام کي مدح سرائي کرونگا
۵۰ وہ اپنے بادشاہ کو نجات کلي بخشتا هی اور اپنے مسیح پر داؤد پر
اور اُس کي نسل پر ابد تک مہر کرنیوالا هی

چوتھا روز فجر کي نماز

۱۹ زبور

۱ **آسمان** خدا کا جلال بیان کرتے هیں اور فضا اُس کي دستکاري
دکھلاتي هی
۲ ایک دن دوسرے دن سے باتیں کرتا هی اور ایک رات دوسري
رات کو معرفت بخشتي هی
۳ اُن کي کوئي لغت اور زبان نہیں اُن کي آواز سني نہیں جاتي
۴ ساري زمین میں اُن کي جریب اور دنیا کے کنارون تک اُن کا کلام
جا پہنچا هی اُن میں اُس نے آفتاب کے لیئے خیمہ کھڑا کیا هی
۵ جو دولہا کي مانند خلوت خانے سے نکل آتا هی اور پہلوان کي
طرح میدان میں دوڑنے سے خوش هوتا هی
۶ آسمان کے کنارے سے اُس کي برامد هی اور اُس کي گردش اُس کے
دوسرے کنارہ تک هوتي اُس کي گرمي سے کوئي چیز چھپي نہیں

۳۰ خدا جو هی اُس کي راه کامل هی خداوند کا سخن تایا هوا هی
وه اُن سب کي جنهیں اُس کا بهروسا هی سپر هی
۳۱ که خداوند کے سوا خدا کون هی اور همارے خدا کو چهوڑ چٹان
کون هی
۳۲ یعنے وهي خدا جو میري کمر مضبوط باندهتا اور میري راه کامل
کرتا هی
۳۳ وه میرے پاوٗن هرنیون کے سے کرتا اور مجهے میرے اُونچے مکانون پر
کهڑا کرتا هی
۳۴ وه میرے هاتهون کو جنگ کي تعلیم دیتا هی یهان تک که پیتل
کي کمان میرے بازوٗن سے جهکائي جاتي هی
۳۵ تونے اپني نجات کي سپر مجهه کو عنایت کي اور تیرے دهنے
هاتهه نے مجهه کو سنبهالا اور تیري مهرباني نے مجهه کو بزرگ کیا هی
۳۶ میرے قدمون کو میرے تلے تونے کشاده کیا اور میرے ٹخنے کانپتے
نهین
۳۷ مین نے اپنے دشمنون کا پیچها کیا اور اُنهین جا لیا اور پیچهے
نه پهرا جبتک اُنهین فنا نه کیا
۳۸ مین نے اُنهین مارا ایسا که وے اُٹهه نهین سکے میرے قدمون کے
نیچے گرپڑے هین
۳۹ که تونے لڑائي کے واسطے میري کمر مضبوط باندهي هی تونے میرے
مخالفون کو میرے نیچے جهکایا هی
۴۰ تونے میرے دشمنون کي پیٹهه مجهے دکهلائي اور مین نے اُن کو جو
مجهه سے کینه رکهتے تهے نابود کیا
۴۱ وے چلائے اور کوئي بچانیوالا نهین هان خداوند کو پکارا پر اُس نے
اُنهین جواب نه دیا
۴۲ تب مین نے اُنهین ایسا پیسا که وے گرد کي مانند جو هوا مین
هوتي هی هو گئے مین نے اُنهین یون نکال پهینکا جیسے راستون مین
کي کیچ
۴۳ تونے مجهے لوگون کے جهگڑون سے چهڑایا هی تونے مجهے غیر قومون

۱۶ اُس نے اُوپر سے بھیجکر مجھے پکڑ لیا گھرے پانیوں میں سے اُسنے
مجھے کھینچ لیا
۱۷ میرے زبردست دشمن سے اور اُن سے جو میرا کینہ رکھتے تھے اُسنے
مجھے چھڑایا کہ وے مجھہ سے سخت زوراور تھے
۱۸ اُنھوں نے بپت کے دن مجھے چھینکا لیکن خداوند میرا تکیہ
تھا
۱۹ وہ مجھے نکالکے ایک کشادہ جگھہ میں لے گیا اُس نے مجھے
چھڑایا کیونکہ وہ مجھہ سے خوش تھا
۲۰ خداوند نے جیسي میري صداقت تھي مجھکو جزا دي میرے
ھاتھوں کي پاکیزگي کے مطابق اُس نے مجھے بدلا دیا
۲۱ کہ میں نے خداوند کي راھیں یاد رکھیں اور شرارت کرکے اپنے
خدا سے منھہ نہ موڑا
۲۲ کیونکہ اُس کي ساري عدالتیں میرے زیرِ نظر رھیں اور اُس کے
حکموں کو میں نے اپنے سے دور نہ کیا
۲۳ ھاں میں اُس کے ساتھہ سیدھا رھا اور میں نے آپ کو اپني بدکاري
سے باز رکھا
۲۴ سو خداوند نے میري صداقت کے مطابق میري پاک دستي کے
موافق جو اُس کي آنکھوں کے سامھنے تھي مجھہ کو بدلا دیا ھی
۲۵ رحم کرنیوالے کو تو اپنے تئیں رحیم دکھلاتا ھی اور سیدھے آدمي
کے ساتھہ تو آپ کو سیدھا ظاھر کرتا
۲۶ خالص کو تو اپنے تئیں خالص دکھلاتا ھی اور ٹیڑھے کے ساتھہ تو
ٹیڑھا نظر آتا ھی
۲۷ کیونکہ تو غریب لوگوں کو بچاتا ھی اور اُونچي آنکھوں کو نیچي
کرتا ھی
۲۸ کہ تو میرا چراغ جلاتا ھی خداوند میرا خدا میرے اندھیرے کو
اُجالا کرتا ھی
۲۹ کہ میں تیري کمک سے ایک فوج پر دوڑتا ھوں اور اپنے خدا کي
مدد سے دیوار کود جاتا ھوں

خدا میري چٹان جس پر میرا بهروسا هی میري ڈهال اور میري نجات
کا سینگ میرا اُونچا برج
۳ میں خداوند محمود کو پکارتا هون یون اپنے دشمنون سے بچ جاتا
هون
۴ موت کي سختیون نے مجهه کو گهیرا اور بدي کے سیلابون نے مجهے
ڈرایا
۵ عالم غیب کي سختیون نے مجهے گهیر لیا موت کے پهندون نے مجهے
جهینکا
۶ میں نے تنگي کے وقت خداوند کو پکارا اور اپنے خدا کے آگے چلایا
اُسنے میري آواز اپني هیکل میں سے سني اور میري فریاد اُس کے سامهنے
اُسکے کانون تک پهنچي
۷ زمین کانپي اور لرزي اور پهاڑ جڑ مول سے هل گئے اور تهر تهرائے
کیونکه وه غضبناک هوا
۸ اُسکے نتهنون سے دهوان اُٹها اور اُس کے منهه سے آتش بهڑکي
جس سے انگارے دهک اُٹهے
۹ اُس نے آسمانون کو جهکایا اور نیچے اُترا اور اُس کے پانوُن تلے تاریکي
تهي
۱۰ وه کروبي پر سوار هوا اور پرواز کر گیا وه هوا کے پرون پر اُڑا
۱۱ اُس نے تاریکي کو اپنا پردہ کیا اُس کے گرداگرد پانیون کا اندهیرا اور
بادلون کي گهٹا اُس کا خیمه تها
۱۲ اُس چمک سے جو اُس کے آگے تهي اُس کے بادل پهٹے اُولے اور انگارے
۱۳ خداوند آسمانون میں گرجا اور حق تعالی نے اپني آواز نکالي اُولے
اور انگارے
۱۴ هان اُس نے اپنے تیر چهوڑے اور اُنکو پراگنده کیا اور بجلیان
چمکائیں اور اُنهیں گهبرا دیا
۱۵ اُس وقت پاني کي نالیان دکهائي دیں اور جهان کي نیویں کهل
گئیں تیري جهنجهلاهٹ سے ای خداوند هان تیرے نتهنون کے دم کے
جهوکے سے

۵ میرے قدموں نے تیري راهیں پکڑیں میرے پاؤں نهیں تلے
۶ میں نے تجهے پکارا که تو ای خدا میري سنیگا میري طرف کان دهر میري عرض سن
۷ اپني خاص مهرباني ظاهر کر ای تو جو اپنے دهنے هاتهه سے توکل کرنیوالوں کو مخالفوں سے بچاتا هی
۸ مجهے آنکهه کي پتلي کي مانند محفوظ رکهه مجهے اپنے پروں کے سایه تلے چهپا لے
۹ اُن شریروں سے جو مجهه پر ظلم کرتے هیں میرے جاني دشمنوں سے جو مجهے گهیرے هوئے هیں
۱۰ وے اپني چربي میں چهپ گئے هیں وے اپنے منهه سے بڑا بول بولتے هیں
۱۱ اُنهوں نے اب همارے هر ایک قدم پر هم کو گهیرا هی اُن کي آنکهیں لگائي هوئي هیں که زمین پر گرا دیویں
۱۲ اور اُن کي مثال یهه هی جیسے شیر جو شکار پر جي لگائے اور جیسا شیر کا بچه جو چهپ کے گهات میں بیٹهے
۱۳ اُٹهه ای خداوند اُس کو چهینک اُس کو دهکیل دے میري جان کو شریر سے جو تیري تیغ هی چهڑا
۱۴ اُن لوگوں سے ای خداوند جو تیرے هاتهه هیں دنیا کے لوگوں سے جن کا بخره اِسي زندگاني میں هی اور جنکے پیٹ تو اپنے گنج میں سے بهرتا وے دولت سے سیر هیں اور اپني باقي دولت اپنے بال بچوں کے لیئے چهوڑ جاتے هیں
۱۵ پر میں جو هوں صداقت میں تیرا منهه دیکهونگا جب میں تیري صورت پر هوکے جاگونگا تو میں سیر هوونگا

تیسرا روز شام کي نماز

۱۸ زبور

۱ میں تجهے پیار کرتا هوں ای خداوند میري قوت
۲ خداوند میري چٹان اور میرا گڑهه اور میرا چهڑانیوالا هی میرا

۲ ای میري جان تونے خداوند سے کہا هی کہ تو میرا مالک هی تیرے
بغیر میري بھلائي نہیں
۳ اُن مقدس لوگون کے ساتھہ جو زمین پر هین یہہ وهي شریف هین
جنسے میري ساري خوشي هی
۴ اُن کی غم جو غیر کے پیچھے دوڑتے هین بڑھتے رهینگے اُن کے
خون والے تپاون مین نہ تپاؤنگا اور اپنے هونٹھون سے اُن کے نام نہ لونگا
۵ میري میراث کا اور میرے پیالے کا حصہ خداوند هی میرے بخرے کا
نگہبان تو هی
۶ دلپذیر مکانون مین میرے لیئے جریب کي گئي هان میري میراث
ستھري هی
۷ مین خداوند کو مبارک کہونگا جو مجھے صلاح دیتا هی میرے
گردے بھي رات کو مجھے تعلیم دیتے هین
۸ میري نگاہ همیشہ خداوند پر هی اِس لیئے کہ وہ میرے دھنے هاتھہ
هی مجھہ کو کبھي جنبش نہ هوگي
۹ اِسي سبب میرا دل خوش هی اور میري شوکت شاد میرا جسم
بھي امید مین چین کریگا
۱۰ کہ تو میري جان کو عالم غیب مین نہ چھوڑیگا نہ اپنے مقدس کو
مرنے دیگا
۱۱ تو مجھہ کو زندگاني کي راہ دکھلاویگا تیرے حضور مین خوشیون
کي میري هی تیرے دھنے هات ابد تک نعمتین هین

۱۷ زبور

۱ اي خداوند حق کو سن میري فریاد پر دھیان رکھہ میري دعا
پر جو بے ریا لبون سے نکلتي هی کان دھر
۲ میرا انصاف تیرے حضور سے نکلے تیري آنکھین راستي پر نظر کرین
۳ تونے میرے دل کو آزمایا رات کو آئے تونے مجھے تایا تو کوئي بات
نہین پاتا میرا کلام میرے خیال سے زیادہ بڑھتا نہین
۴ انسان کے کامون کي بابت تیرے لبون کے سخن کے سبب مین نے
اپنے تئین هلاک کرنیوالے کي راهون سے بچا رکھا هی

۲ خداوند نے آسمان پر سے بني آدم پر نظر کي تا دیکھے کہ اُن میں
کوئي دانا خدا کا طالب هی
۳ وہ سب گمراہ هوئے وہ ایک ساتھہ بگڑ گئے کوئي نیکوکار نہیں
ایک بھي نہیں
۴ کیا سارے بد کاروں کو سمجھہ نہیں جو میرے بندوں کو یوں کھا
جاتے هیں جیسے روٹي کھاتے هیں وہ خداوند کا نام نہیں لیتے
۵ وهاں وہ شدت سے ڈرے کیونکہ خدا صادقوں کي نسل کے ساتھہ
هی
۶ تم مسکین کے منصوبے کي تحقیر کرتے هو اِس لیئے کہ خداوند اُسکي
پناہ هی
۷ کاشکہ اِسرائیل کي نجات صیہون میں سے هوئي هوتي جب خداوند
اپني قوم کے قیدیوں کو پھیر لائیگا تو یعقوب خوش اور اسرائیل شاد
هوگا

تیسرا روز فجر کي نماز

۱۵ زبور

۱ اَی خداوند تیرے خیمے میں کون ٹکے گا تیرے کوہ مقدس پر
کون سکونت کریگا
۲ وہ جو سیدھي چال چلتا هی اور صداقت کے کام کرتا هی اور اپنے
دل سے سچ بولا کرتا هی
۳ اپني زبان سے چغلي نہیں کھاتا اپنے همسائے سے برائي نہیں کرتا اور
اپنے پڑوسي پر عیب نہیں لگاتا هی
۴ اُس کي نظر میں مردود آدمي حقیر هی پر خداوند سے جو ڈرنیوالے
هیں اُن کي وہ عزت کرتا هی وہ اپنے نقصان پر قسم کھاتا هی اور بدلتا
نہیں
۵ وہ سود کے لیئے قرض نہیں دیتا اور بیگناهوں کے ستانے کے لیئے رشوت
نہیں لیتا وہ جو یہہ کرتا هی ابد تک نہ ٹلیگا

۱۶ زبور

۱ خدایا تو میري حفاظت کر کیونکہ مجھے تیرا هي بھروسا هی

۳ خداوند سب چاپلوسي کے هونٹهه اور وہ زبان جس سے بڑا بول نکلتا هی کاٹ ڈالیگا

۴ جو یون کہتے هیں هم اپني زبان سے غالب هونگے همارے هونٹهه همارے هیں کون همارا مالک

۵ مسکینون کي خراب حالي پر حاجت مندون کي ٹهنڈي سانس پر نظر کرکے خداوند فرماتا هی اب مین اُٹهتا هون جو اُس سے اکڑ کرتا هی مین اُس سے اُس کو نجات دونگا

۶ خداوند کي باتین خالص باتین هین جیسے روپا متي کي گهڑیا مین تایا گیا اور سات مرتبه صاف کیا گیا

۷ توهي ای خداوند اُن کا حافظ هی تو اُنهین اِس زمانے کے لوگون سے ابد تک بچا رکهیگا

۸ شریر چارون طرف گهومتے پهرتے هین جب کمینے لوگ سرفراز هوتے هین

۱۳ زبور

۱ ای خداوند کب تک تو مجهے نت بهولتا رهیگا کب تک تو اپنا منهه مجهه سے چهپاویگا

۲ کب تک میں اپنے جي میں منصوبه اور روز اپنے دل میں غم کرون کب تک میرا دشمن مجهه پر سر بلند رهے

۳ توجهه کرکے میري سن ای خداوند میرے خدا میري آنکهین روشن کر نهو کہ مجهے موت کي نیند آ جاوے

۴ نہ هو کہ میرا دشمن کہے مین اُس پر غالب آیا اور میرے ستانیوالے میرے ٹل جانے سے خوش هون

۵ پر مین جو هون سو تیري رحمت پر میرا بهروسا هی میرا دل تیري نجات سے خوش هوگا

۶ میں خداوند کي ثنا گاونگا کیونکہ اُس نے مجهه پر بڑي مهرباني کي هی

۱۴ زبور

۱ احمق نے اپنے دل میں کہا هی خدا نهین وہ خراب هوے اُن کے کام مکروہ هیں کوئي نیکوکار نهین

۱۵ شرير اور برے کا بازو توڑ ايسا که اُس کي شرارت پهر ڈهونڈهي
نه پائي جاوے
۱۶ خداوند ابد تک بادشاه هی غير قوميں اُس کي زمين پر سے فنا
هوئيں
۱۷ ای خداوند تونے غريبوں کي مراد سني تو اُن کے دلوں کو مستقيم
کرتا اور کان دهر کے سنتا هی
۱۸ که يتيموں اور مظلوموں کا انصاف کرے تاکه خاکي آدمي پهر ظلم
نه کرے

۱۱ زبور

۱ ميرا توکل خداوند پر هی تم کيونکر ميري جان کو کہتے هو که
چڑيا سي اپنے پہاڑ پر جاتي رہ
۲ که ديکهه شرير اپني کمان پر چلا چڑهاتے هيں اپنا تير چلے ميں
جوڑتے هيں تاکه پوشيده سيدهے دلوالوں کو ماريں
۳ که بنياد خراب هو گئي صادق کيا کرسکتا هی
۴ خداوند اپني مقدس هيکل ميں هی خداوند کا تخت آسمان پر
هی اُس کي آنکهيں ديکهتي هيں اُس کي پلکيں بني آدم کو آزماتي هيں
۵ خداوند صادق کو ازماتا هی پر شرير اور وه جو ظلم کو چاهتا هی
اُس کي روح اُس سے دشمني رکهتي هی
۶ وه شريروں پر پهندے آگ اور گندهک برساويگا اور آگ کي سي
هوا اُن کے پيالے کا حصه هوگي
۷ کيونکه خداوند جو صادق هی صداقت کو چاهتا هی اُس کا چهره
سيدهے لوگوں کو ديکهتا هی

دوسرا روز شام کي نماز

۱۲ زبور

۱ ای خداوند مدد کر که ديندار آدمي جاتا رهتا هی ايماندار
لوگ بني آدم ميں سے تمام هو جاتے هيں
۲ اُن ميں هر ايک اپنے همسائے کے ساتهه بيهوده بکتا چاپلوسي کے
هونٹهوں سے وے بولتے هيں

٢ شرير كے غرور سے غريب آزردہ هوتا هی اُن منصوبون مين جو اُنهون نے باندهے هين وے پكڑے جاتے هين
٣ كہ شرير اپنے نفس كي خواهش پر فخر كرتا هی اور غنيم كفر كہہ كے خداوند كو حقير جانتا هی
٤ شرير اپنے دماغ سے متلاشي نهين هوتا اُس كے سارے خيال يہہ هين كہ خدا هی هي نهين
٥ اُس كي راهين هر وقت بني هين تيري عدالتين بلند هين اُس كي نظر سے باهر وہ اپنے سارے دشمنون سے اكڑ كرتا هی
٦ اپنے دل مين كہتا هی مجهہ كو جنبش نہ هوگي مجهہ پر پشت در پشت بپت نہ پڑيگي
٧ اُس كا منهہ لعنت اور دغا اور ظلم سے بهرا هی اُس كي زبان كے نيچے فساد اور بدي هی
٨ وہ دهات كي گهاتون مين بيٹهتا هی وہ خلوت كے مكانون مين بے گناہ كو قتل كرتا هی اُس كي آنكهين پوشيدہ مسكين پر لگي هوئي هين
٩ وہ چهپ كے شير كي مانند جو اپني جهاڑي مين هو گهات مين لگا هوا هی وہ گهات مين لگا هی كہ مسكين كو پكڑے وہ مسكين كو اپنے دام مين لاكے پكڑتا هی
١٠ وہ چور چار هو كے دبـ جاتا هی مسكين اُس كے زورآورون سے گر جاتے هين
١١ اُس نے اپنے دل مين كہا هی خدا بهول گيا هی اُس نے اپنا منهہ چهپايا وہ هرگز ديكهتا نهين
١٢ اُٹهہ اى خداوند اى خدا اپنا هاتهہ بڑها غريبون كو بهول نہ جا
١٣ خدا كي تحقير شرير كيون كرتا هی اپنے دل مين كہتا كہ تو تحقيقات نہ كريگا
١٤ تو تو ديكهہ رها هی كہ تو دكهہ اور رنجيدگي پر نظر كرتا هی كہ اپنے هاتهہ سے بدلا دے مسكين آپ كو تيرے حوالے كرتا هی يتيم كا مدد گار تو هی

۸ اور وهي صداقت سے جهان کا انصاف کریگا اور راستي سے اُمتون کا
مقدمه چکاویگا
۹ اور خداوند مظلومون کے لیئے پناه مصیبت کے وقت پناه هوگا
۱۰ اور وے جو تیرا نام جانتے هیں تیرا بهروسا رکهینگے که تونے ای
خداوند اپنے متلاشیون کو ترک نهین کیا هی
۱۱ خداوند کي جو صیهون پر کرسي نشین هی مدح سرائي کرو لوگون
کے درمیان اُس کا جو اُس نے کیا هی بیان کرو
۱۲ جب وه خون کي پرسش کرتا هی تو اُنهین یاد کرتا هی وه دکهیون
کي فریاد کو بهولتا نهین
۱۳ ای خداوند مجهه پر رحم کر اُس دکهه پر جو مین اپنے بغض رکهنے
والون سے کهینچتا هون نظر کر که موت کے دروازون پر سے میرا اُٹهانیوالا
توهي هی
۱۴ تاکه مین صیهون کي بیٹي کے دروازون پر تیري سب ستایشین بیان
کرون اور تیري نجات سے خوشي کرون
۱۵ غیر قومین اُس کوئے مین جو اُنهون نے کهودا تها گري هین اُس
دام مین جو اُنهون نے چهپایا تها اُنهین کے پاوٗن پهنسے هین
۱۶ خداوند جانا گیا اُس نے انصاف کیا هی شریر اپنے هاتهون کے کام کے
پهندے مین پهنسا هی
۱۷ شریر پلٹ کے جهنم مین ڈالے جاینگے ساري قومین جو خدا کو
بهول جاتین هین
۱۸ که مسکین همیشه فراموش نه کیا جائیگا غریبون کي امید سدا
توڑي نه جائیگي
۱۹ اُٹهه ای خداوند انسان غالب نه هووے قومون کي عدالت تیرے
حضور کي جاے
۲۰ ای خداوند اُن کو ڈرا قومین جان جائینگي که هم انسان هي هین

۱۰ زبور

۱ ای خداوند تو کیون دور کهڑا رهتا هی دکهه کے وقت کیون
اپنے تئین چهپاتا هی

۳ جب میں تیرے آسمانون پر جو تیري دستکاري هین دهیان کرتا
هون اور چاند اور ستارون پر جو تونے بنائے
۴ تو انسان کیا هی که تو اُس کي یاد کرے اور آدم زاد کیا که تو اُسپر
متوجه هو
۵ اور تونے الوهیت سے اُس کو تهوڑا کم کر رکها هی اور شان و شوکت
کا تاج اُسے پهنایا هی
۶ تونے اُس کو اپنے هاتهه کے کامون پر حکومت بخشي تونے سب کچهه
اُس کے قدم کے نیچے کیا هی
۷ ساري بهیڑ بکریان اور گاے بیل اور جنگلي چوپائے بهي
۸ اور آسمان کے پرندے اور دریا کي مچهلیان اور هر چیز جو دریا
کي راهون میں گذرتي هی
۹ ای خداوند همارے رب کیا هي بزرگ هی تیرا نام تمام زمین پر

دوسرا روز فجر کي نماز

۹ زبور

۱ میں اپنے سارے دل سے خداوند کي ستایش کرونگا میں تیرے
سارے عجایب کامون کا بیان کرونگا
۲ میں تجهه سے خوش و خرم هوونگا ای حق تعالی میں تیرے نام
کي مدح سرائي کرونگا
۳ جب میرے دشمن اُلٹے پهریں وے تیرے سامهنے سے ٹهوکر کهائینگے اور
هلاک هو جائینگے
۴ که میرا انصاف اور قضیه تونے چکایا تو تخت پر بیٹهه کے صداقت
سے منصفي کرتا هی
۵ تونے قومون کو ڈانٹا شریر کو فنا کیا اُن کا نام ابدالاباد تک
مٹا ڈالا
۶ ای دشمن ویرانیان همیشه کے لیئے تمام هوئي هین تونے شهرون کو
اُجاڑا هی اُن کا ذکر اُن کے ساتهه مٹ گیا هی
۷ اور خداوند ابد تک تخت نشین هی اُس نے عدالت کے لیئے اپني
مسند طیار کي هی

۶ ای خداوند اپنے قہر میں اُٹھہ میرے دشمنون کے غضب پر اپنے تئیں
بلند کر اور میرے لیئے جاگ عدالت تونے مقرر کي هی
۷ اور لوگون کي جماعت تجھے گھیریگي سو تو اُس کے اُوپر پھر بلندي
پر جا
۸ خداوند لوگون کي عدالت کریگا ای خداوند جیسي میري صداقت
اور جیسي میري دیانتداری هی ویسا هي میرا انصاف کر
۹ کاشکه برون کي برائي نیست و نابود هو جاوے لیکن صادقون کو تو
قوت دے که صادق خدا دلون اور گردون کا جانچنیوالا هی
۱۰ خدا کے یہان میري سپر هی وه اُن کا جنکے دل سیدھے هیں
بچانیوالا هی
۱۱ خدا صادق کا انصاف کرتا هی اور خدا سدا قہار هی
۱۲ اگر باز نه اُویگا وه اپني تلوار تیز کریگا اُس نے اپني کمان پر چلا
چڑھایا هی اور اُسے تیار کیا هی
۱۳ اور اُس کے لیئے موت کا سامان تیار کیا هی وه اپنے تیر جلتے هوئے
بناتا هی
۱۴ دیکھو اُسے بدکاري کے درد لگے اور فساد کا اُسے پیٹ رها هی اور
جھوٹھه کو جنتا هی
۱۵ اُس نے گڑھا کھودا اور گہرا کیا اور اُس گڑھے میں جسے وه بناتا
تھا آپ گرا
۱۶ اُس کا فساد اُسي کے سرپر پڑیگا اور اُس کا ظلم اُسي کي کھوپري
پر اُتریگا
۱۷ میں خداوند کي اُس کي صداقت کے مطابق ستایش کرونگا اور
خداوند تعالیٰ کے نام کي مدح سرائي کرونگا

۸ زبور

۱ ای خداوند همارے رب کیا هي بزرگ هی تیرا نام تمام زمین
پر تونے اپني شوکت آسمانون کے اُوپر ظاهر کر رکھي هی
۲ تونے اپنے مخالفون کے سبب بچون اور شیرخوارون کے منهه سے
قوت پیدا کي هی تاکه دشمن اور کینه‌ور کو خاموش کرے

۲ ای خداوند مجھہ پر رحم کر کہ مین کمھلا گیا ہون ای خداوند
مجھے چنگا کر کہ میري ہڈیون مین کنپکپي ہی
۳ اور میري جان مین بھي نہایت کنپکپي ہی پس تو ای خداوند
کبتک
۴ ای خداوند پھر آ میري جان کو چھڑا اپنی رحمتون کے واسطے مجھے
بچا
۵ کیونکہ موت کي حالت مین تیري یاد نہین گور کے اندر کون تیري
تعریف کریگا
۶ مین کراھتے کراھتے تھک گیا مین آنسو بہا بہا کے ساري رات اپنا
بستر تر کرتا ہون مین اپنا پلنگ بھگاتا ہون
۷ تصدیع کے سبب میري آنکھین دھندھلا گئین ہین میرے سب
دشمنون کے سبب سے وہ بڑھیا گئین
۸ مجھہ سے دور ہو جاؤ ای سارے بدکردارو کہ خداوند نے میرے
رونے کي آواز سني ہی
۹ خداوند نے میري فریاد سني ہی خداوند میري دعا قبول کریگا
۱۰ میرے سارے دشمن شرمندہ ہو جائینگے اور نہایت کنپکپي مین
پڑینگے وے اُلٹے پھرینگے وے ناگہاني شرمندہ ہو جائینگے

۷ زبور

۱ ای خداوند میرے خدا میرا بھروسا تجھہ پر ہی مجھہ کو
اُن سب سے جو میرے پیچھے پڑے ہین بچا اور مجھے چھڑا
۲ نہ ہووے کہ شیر کي طرح وہ مجھکو پھاڑے اور جس وقت کوئي
میرا چھڑانیوالا نہ ہو مجھے پرزے پرزے کرے
۳ ای خداوند میرے خدا اگر مین نے یہہ کیا اگر میرے ہاتھہ سے
بدي ہوئي
۴ اگر مین نے اُس سے جو میرے ساتھہ صلح رکھتا تھا بدي کي ہو یا
اُس کا جو بے سبب میرا دشمن تھا نقصان کیا ہو
۵ تو دشمن درپے ہوکے میرا جي لیوے اور میري جان زمین پر پامال کرے
اور میري عزت خاک مین ملاوے

۳ اې خداوند تو صبح کو میری آواز سنیگا صبح کو میں تیرے لیئے
تیاري کرونگا اور تاک رھونگا
۴ کہ تو وهي خدا نہیں جو شرارت سے خوش هو شریر تیرے ساتھہ
رہ نہیں سکتا
۵ مغرور تیري آنکھون کے سامھنے نہیں آ سکتے تو سب بد کردارون سے
عداوت رکھتا هی
۶ تو اُن کو جو جھوٹھہ بولتے هیں نابود کریگا خداوند خوني اور دغاباز
آدمي سے نفرت رکھتا هی
۷ لیکن میں تیري مہر کي کثرت سے تیرے گھر میں آونگا تجھہ سے
ڈرکر تیري مقدس هیکل کي طرف میں سجدہ کرونگا
۸ اې خداوند اپني صداقت میں میرا رهبر هو میرے دشمنون کے
سبب سے میرے سامھنے اپني راہ کو سیدھا کر دکھلا
۹ کہ اُن کے منہہ میں کچھہ کھرائي نہیں اُن کا باطن محض خرابي
هی اُن کا گلا کھلي گور هی وے اپني زبان سے خوشامد کرتے هیں
۱۰ اې خدا اُنہیں ملزم ٹھہرا وے اپنے هي منصوبون سے آپ هي گر
جاوین اُن کے گناهون کي کثرت کے سبب تو اُنہیں نکال پھینک کہ
اُنھون نے تجھہ سے سرکشي کي هی
۱۱ اور وے سب جو تجھہ پر بھروسا رکھتے هیں خوش هونگے وے
ابد تک خوشي سے للکارینگے اور تو اُن پر سایہ کریگا اور تیرے نام کے
دوست رکھنے والے تجھہ سے خوشي منائینگے
۱۲ اِس لیئے کہ تو اې خداوند صادق کو برکت دیتا هی تو اُس کو
مہرباني کي سپر تلے ڈھانپ لیتا هی

پہلے روز شام کي نماز

۶ زبور

۱ اې خداوند تو مجھے اپنے غصے سے مت دپٹ اور اپنے غضب
کي گرمي سے مجھکو تنبیہ نہ دے

۵ مین لیٹ گیا اور سو رہا مین جاگ اُٹھا کیونکہ خداوند میرا سنبھالنیوالا هی
۶ دس هزار آدمي سے جنھون نے مجھے گھیر لیا هی مین نه ڈرونگا
۷ اُٹھه ای خداوند ای میرے خدا مجھے بچا که تونے میرے سارے دشمنون کے جبڑے پر طمانچے مارے تونے شریرون کے دانت توڑے هین
۸ نجات خداوند هي سے هی تیري برکت تیرے لوگون پر هی

۴ زبور

۱ جب مین پکارون تو تو میري سن ای میرے صداقت کے خدا تنگي مین تونے مجھے کشادگي بخشي مجھه پر رحم فرما اور میري دعا سن لے
۲ ای بني انسان کب تک میري عزت رسوائي گني جاے کب تک بطلان کو دوست رکھوگے اور جھوٹھه کي پیروي کروگے
۳ یقین کر جانون که خداوند نے اپنے لیئے دیندار کو الگ کر رکھا هی خداوند جب مین اُسے پکارونگا سن لیگا
۴ خفا هوو مگر گناه نه کرو اپنے بستر پر پڑے هوئے اپنے دلون مین سوچو اور چپ کے رهو
۵ صداقت کے ذبیحون کو ذبح کرو اور خداوند پر توکل کرو
۶ بہتیرے کہتے هین که کون هم کو بھلائي دکھلاوے ای خداوند تو اپنے چهرے کي روشني هم پر جلوه گر فرما
۷ تونے میرے دل کو ایسي خوشي بخشي هی که اُنهین اُس وقت نهین هوئي جب اُن کے غلے اور وین بڑهه گئے
۸ مین صحیح سلامت لیٹتا هي سو جاونگا کیونکه توهي ای خداوند اکیلا مجھے بے خطر رکھتا هی

۵ زبور

۱ ای خداوند میري باتون پر کان دهر میرے سوچ پر دهیان رکھه
۲ ای میرے بادشاه اور میرے خدا میرے ناله کي آواز سن لے که مین تجھي سے دعا مانگتا هون

۳ کہ آؤ ہم اُن کی بند کھول ڈالین اور اُن کی رسی اپنے سے توڑ پھینکین
۴ وہ جو آسمان پر تخت نشین ہی ہنسیگا خداوند اُنہین ٹھٹھون مین اُڑائیگا
۵ تب وہ اپنے غصے مین اُن سے بولیگا اور اپنے قہر سے اُنہین پریشان کریگا
۶ کہ مین نے اپنے بادشاہ کو اپنے کوہ مقدس صیہون پر بیٹھلایا ہی
۷ مین فرمان کا اشتہار کرونگا خداوند نے مجھے کہا تو میرا بیٹا ہی آج ہی تو مجھ سے پیدا ہوا
۸ مجھ سے مانگ کہ مین تجھے قومون کا وارث کرونگا اور زمین سراسر تیرے قبضے مین کردونگا
۹ تو لوہے کے عصا سے اُنہین توڑیگا کمہار کے برتن کی مانند تو اُنہین چکناچور کریگا
۱۰ پس اب ای بادشاہو ہوشیار ہو ای زمین کے منصفو نصیحت مانو
۱۱ ڈرتے ہوئے خداوند کی عبادت کرو اور کانپتے ہوئے خوشی کرو
۱۲ بیٹے کو چومو تا نہ ہووے کہ وہ بیزار ہو اور تم بیراہ ہوکے ہلاک ہو جاؤ جب اُس کا غصہ اچانک بھڑکے مبارک وے سب جن کا توکل اُس پر ہی

۳ زبور

۱ ای خداوند وے جو مجھے دکھ دیتے ہین کیا ہی بڑھ گئے وے بہت ہین جو میری مخالفت پر اٹھتے ہین
۲ بہتیرے میری جان کی بابت کہتے ہین کہ خدا سے اُس کا بچاو نہین
۳ پر تو ای خداوند میرے لیئے سپر ہی تو میری شوکت اور میرا سرفراز کرنیوالا ہی
۴ مین خداوند کی طرف اپنی آواز بلند کرتا ہون وہ اپنے مقدس پہاڑ پرسے میری سن لیتا ہی

زبور کي کتاب

پهلا روز فجر کي نماز

---

۱ زبور

۱ **مبارک** وہ آدمي جو شريرون کي مشورت پر نهين چلتا اور
خطاکارون کي راه پر کهڑا نهين رهتا اور ٹهٹها کرنيوالون کي مجلس مين
نهين بيٹهتا هي
۲ بلکه خداوند کي شريعت مين مگن رهتا اور دن رات اُس کي
شريعت مين سوچا کرتا هي
۳ اور وہ اُس درخت کي مانند هوگا جو پاني کي نهرون کے کنارے پر
لگايا جاوے اور اپنے وقت پر ميوہ لاوے جس کے پتے مرجهاتے نهين اور
اپنے هرايک کام مين پهولتا پهلتا رهيگا
۴ شرير ايسے نهين بلکه وے بهوسے کي مانند هين جسے هوا اڑا لے جاتي
هي
۵ سو شرير عدالت مين کهڑے نه رهينگے نه خطا کار صادقون کي
جماعت مين
۶ کيونکه خداوند صادقون کي راه جانتا هي پر شريرون کي راه نيست
و نابود هوگي

۲ زبور

۱ **قومين** کس ليئے جوش مين هين اور لوگ باطل خيال کرتے
هين
۲ خداوند کے اور اُس کے مسيح کے برخلاف زمين کے بادشاه سامهنا کرتے
اور سردار آپس مين منصوبه باندهتے هين

هو ای خداوند اپنے لوگون پر مہربان هو جو که زاری اور روزه و نماز کے ساته تیري طرف رجوع لاتے هین که تو ایک خدا مهربان مہر سے بهرا بردبار اور بڑامي رحیم هی — جب هم سزا کے قابل هین تو هم سے تحمل فرماتا اور اپنے غضب مین مہر کو خیال مین لاتا هی اپنے لوگون سے تحمل کر ای مهربان خداوند اُن سے تحمل کر اور اپني میراث کو بے سروپا نه هونے دے ای خداوند هماري سن کیونکه تیرا رحم بڑا هی اور اپني رحمتون کي کثرت کے موافق هم پر نظر کر — اپنے مبارک بیتے همارے خداوند یسوع مسیح کے ثواب اور سفارش کے طفیل سے * آمین

تب اکیلا خادم الدین کہے ․

خداوند همین برکت دیوے اور هماري نگہباني کرے خداوند اپنے چہرے کا نور هم پر چمکاوے اور همین سلامتي عطا فرماوے اب اور همیشه کو * آمین

جواب اور سدا بڑي قدرت سے اُنکي حمایت کر

خادم الدین ای خدا همارے بچانیوالے هماري مدد کر

جواب اور اپنے نام کي عزت کے واسطے همین بچا — اپنے نام کي خاطر هم گنهگارون پر مهربان هو

خادم الدین ای خداوند هماري سن

جواب اور هماري فریاد اپنے پاس پهنچنے دے

خادم الدین هم دعا مانگین

ای خداوند هم تیري منت کرتے هین هماري دعاؤن کو رحمت سے سن اور اُن سب کو جو تیرے سامهنے اپنے گناهون کا اقرار کرتے هین چهوڑ دے تاکه وے جن کے دل گناه سے ملزم هین تیري رحمت کي مغفرت سے معافي پاوین — همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

ای قادر مطلق خدا اور رحیم باپ جو سب آدمیون پر ترس کهاتا اور اپنے کسي مخلوق سے دشمني نهین رکهتا تو گنهگار کي موت نهین بلکه یهه چاهتا هی که وه اپنے گناه سے باز آوے اور نجات پاوے رحم کرکے هماري تقصیرون کو معاف کر همین جو اپنے گناهون کے بوجهه سے دبے اور تهکے هین قبول کر اور تسلي دے سدا رحم کرنا تیري شان هی گناهون کو بخشنا تیرا هي کام هی اِس لیئے ای مهربان خداوند هم سے تحمل کر اپنے لوگون سے جنهین تونے خلاصي دي تحمل کر اپنے بندون کا حساب عدل سے نه لے که هم ذلیل گرد اور لاچار بیکس گنهگار هین بلکه اپنا غضب هم سے جو عاجزي کے ساتهه اپني خرابي کے مقر هوتے اور سچائي کے ساتهه اپني تقصیرون سے توبه کرتے هین یون ٹال دے اور اِس طرح جلدي کرکے اِس جهان مین هماري مدد کر که آنیوالے جهان مین هم سدا تیرے ساتهه جیتے رهین — همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

تب جماعت خادم الدین کے پیچهے پیچهے یهه پڑهے

ای مهربان خداوند همین رجوع کر تب هم رجوع هونگے مهربان

اپني نجات کي خوشي مجهه کو پهر عنایت کر اور آزاد روح سے مجهے سنبهال
تب میں گنهگاروں کو تیري راهیں سکهاؤنگا اور خطاکار تیري طرف رجوع کرینگے
ای خدا میرے نجات دینےوالے خدا خون کے گناه سے مجهے رهائي دے کہ میري زبان تیري صداقت کے گیت گاوے
ای خداوند میرے هونٹهوں کو کهول تو میرا منهه تیري ستایش بیان کریگا
کہ تو ذبیحہ کو نهیں چاهتا نهیں تو میں دیتا چڑهاوے میں تیري خوشنودي نهیں
خدا کے ذبیحہ شکستہ جان هیں ای خدا تو کسي شکستہ و خستہ دل کو ناچیز نہ سمجهیگا
اپني رضامندي سے صیهون کے ساتهہ بهلائي کر یروشلم کي دیواروں کو بنا
تب تو صداقت کے ذبیحوں اور چڑهاووں اور کامل قربانیوں سے خوش هوگا تب وے تیرے مذبح پر بیل چڑهاوینگے
ستایش باپ اور بیٹے اور روح قدس کي هو
جیسي ابتدا میں تهي اب بهي هی اور همیشہ رهیگي * آمین

خداوند هم پر رحم کر
مسیح هم پر رحم کر
خداوند هم پر رحم کر

ای همارے باپ جو آسمان پر هی تیرے نام کي تقدیس هووے تیري بادشاهت آوے تیري مرضي جیسي آسمان پر هی زمین پر بهي هووے هماري روز کي روٹي آج همیں دے اور جس طرح کہ هم اپنے تقصیرواروں کو معاف کرتے هیں تو هماري تقصیریں معاف کر اور همیں امتحان میں نہ ڈال بلکہ برے سے بچا * آمین

خادم الدین ای خداوند اپنے بندوں کو بچا
جواب جو تجهہ پر بهروسا رکهتے هیں
خادم الدین اوپر سے اُن کي مدد بهیج

کہ بلئیں ہاتھہ کہوتے ہونگے اور ہمین اپنے دہنے ہاتھہ کہڑا کرکے اپنے باپ کے کرم کا مبارک کلمہ ہم سے کہیگا اور فرمائیگا کہ اُس کے جلال کي بادشاہت کے قابض ہو ۔ پس میں وہ اپنی بے حد رحمت سے ہم سبکو پہنچاوے * آمین

تب وے سب گہتنے ٹیکیں اور کسیس اور خادم اُس جگہہ پر جہاں لیٹنی پڑھنے کا دستور ہی گہتنے ٹیک کر یہہ زبور پڑھیں

۵۱ زبور

اي خدا اپنے فضل و کرم سے مجھہ پر رحم کر اپني رحمتوں کي کثرت کے موافق میرے گناہ متا دے

میري برائي سے مجھے خوب دھو ڈال اور میري خطا سے مجھے پاک کر

کہ میں اپنے گناہوں کو مان لیتا ہوں اور میري خطا ہمیشہ میرے سامھنے ہی

میں نے تیرا ہي گناہ کیا ہی اور تیرے حضور بدي کي ہی تاکہ تو اپني باتوں میں صادق ٹھہرے اور عدالت میں پاک ظاہر ہو

دیکھہ میں برائي میں پیدا ہوا اور گناہ کے ساتھہ میري ما نے مجھے پیٹ میں لیا

دیکھہ تو اندر کي سچائي چاہتا ہی اور خلوت میں مجھے حکمت سکھلائیگا

زوفا سے مجھے پاک کر کہ میں صاف ہوجاؤن مجھکو دھو کہ میں برف سے زیادہ سفید ہوں

مجھے خوشي اور خورمي کي خبر سنا کہ میري ہڈیاں جنھیں تونے توڑ ڈالا خوش ہوں

میري خطاؤں پر نظر نہ کر اور میري ساري برائیوں کو میٹ دے

اي خدا میرے اندر ایک پاک دل پیدا کر اور ایک مستقیم روح میرے باطن میں سرنو بنا

مجھکو اپنے حضور سے مت ہانک اور اپني روح قدس مجھہ سے جدا نہ کر

موجود کي گئي — اِس سببجہ سے ای بھائیو جب تک نجات کا دن موجود ھی ھم آگے سے خبردار ھو جاوین کیونکہ رات آتي ھی جب کوئي کچھہ کام نہ کرسکیگا سو جب تک نور ھمارے ساتھہ ھی ھم نور پر ایمان لاوین اور نور کے فرزندون کي طرح چلین تاکہ باھر کي تاریکي مین نہ ڈالے جاوین جہان رونا اور دانت پیسنا ھوگا ھم خدا کي نعمت کو بے موقع چرچ نہ کرین کہ وہ مہرباني کي راہ سے ھمین سدھر جانے کو بلاتا اور اپني کمال شفقت سے ھم سے وعدہ کرتا ھی کہ اگر ھم پورے اور سچے دل سے اُس کي طرف رجوع لاوین تو جو کچھہ ھم سے ھو گیا وہ بخش دیگا — کیونکہ اگر چہ ھمارے گناہ قرمز کي مانند لال ھون پر برف کي مانند سفید ھو جائینگے اور ھرچند ارغوان سے ھون پر اُون کي طرح اُجلے کیئے جائینگے — اپني تمام بدیون سے تم باز آؤ (خداوند کہتا ھی) تو تمھارا گناہ تمھاري ھلاکت کا باعث نہ ھوگا جو بے دینیان کہ تم نے کین سب اپنے سے دور پھینکو اپنے دل نئے اور اپنے مزاج درست کرو — جب کہ مین اُس کي موت سے جو مرتا ھی خوش نہین ھون تو ای بني اسرائیل تم کاھے کو مروگے خداوند خدا فرماتا ھی — پس تم پھرو کہ جیوگے — اگرچہ ھم نے گناہ کیا تو بھي باپ پاس ھمارا ایک وکیل ھی یسوع مسیح راستباز اور وہ ھمارے گناھون کا کفارہ ھوا کہ اُس نے ھماري تقصیرون کے واسطے زخم اُٹھایا اور ھماري بدیون کے لیئے مارا گیا — اِسواسطے چلو ھم اُس کي طرف پھرین کہ وہ اُن سب گنہگارون کو جو سچي توبہ کرتے ھین مہرباني سے قبول فرماتا ھی اور ھم یقین کر جانین کہ اگر سچي توبہ کرکے ھم اُس پاس آوین تو وہ ھمین قبول کرنے کو طیار اور ھمارے گناہ بخشنے پر نہایت مستعد ھی اگر اپنے تئین اُس کے تابع کرین اور آگے کو اُس کي راہ پر چلین اگر اُس کا سہج جوا اور ھلکا بوجھہ اپنے اوپر لے لین تاکہ اُس کي فروتني صبر اور محبت کي پیروي کرین اور اُس کے روح قدس کي حکومت کے محکوم ھووین اور اُس کے جلال کے سدا طالب رھین اور اپنے کام مین لایق طور سے شکرگذاري کے ساتھہ اُس کي بندگي کیا کرین یہہ اگر ھم کرین تو مسیح ھمین شرع کي لعنت اور اُس آخري بد دعا سے بچاویگا جو اُن پر پڑیگي

نبي گواهي ديتا هي ! جو خدا کے حکموں سے بہکتے اور بھٹک جاتے ہیں
پس اُس خوفناک غضب کو جو ہم پر آکر ہردم پڑنے کو طیار هی یاد
کرکے ہم تمام شکستگي اور فروتني سے اپنے خداوند خدا کي طرف پھریں
اور اپني بري چال پر رو رو کے اپني تقصیروں کا اقرار کریں اور اُنهیں مان
لیویں اور کوشش کرکے توبه کے لایق پھل لاویں کیونکه اب درختوں کي
جڑ پر کلهاڑا لگا هي اِس لیئے جو درخت اچھا پھل نہیں لاتا وہ کاٹا اور
آگ میں ڈالا جاتا هی زنده خدا کے هاتھوں میں پڑنا هولناک هی وه
شریروں پر انگارے و آگ اور گندھک برساویگا اور اندھي و طوفان لاویگا
اُن کے پینے کا یہي پیاله هوگا اِس لیئے دیکھو که خداوند اپني جگهه سے
نکلا هی که زمیں کے رهنیوالوں کي شرارت کا بدله دے پر اُس کے آنے کے
دن کون ٹھہر سکیگا جب وه ظاهر هووے تو کون تھم سکیگا اُس کا
سوپ اُس کے هاتھه میں هی وه اپنے کھلیان کو صاف کریگا اور اپنے گیہووں
کو کھتے میں جمع کریگا پر بھوسے کو اُس آگ میں جو هرگز نہیں
بجھتي جلاویگا خداوند کا دن اِس طرح آویگا جس طرح رات کو چور
اور جس وقت لوگ کہتے هونگے که سلامتي اور سب طرح کي بے خوفي
هی تب جیسے کے حامله کو درد لگے ناگهاني اُن پر هلاکت آپهنچیگي اور
وے نه بچینگے تب بدله لینے کے دن میں خدا کا قهر ظاهر هوگا جسے
مگرے گنهگاروں نے اپنے دل کي هٹ سے اپنے اوپر جمع کر رکھا هی که
اُنهوں نے خدا کي مہر برداشت اور مہلت کو نا چیز جانا جبکه وه
سدا اُنهیں پکار تا رها که توبه کرو — خداوند فرماتا هی اُس وقت وے
مجھے پکارینگے پر میں نه سنونگا وے سویرے مجھے ڈھونڈھینگے پر
نه پاوینگے اور یهه اِسواسطے هوگا که اُنهوں نے معرفت سے دشمني رکھي
اور خداوند کے خوف کو نه مانا بلکه میري صلاح سے نفرت کي اور میري
تنبیه کو حقیر جانا پھر جب دروازه بند هوچکا تو کھٹکھٹانیکا وقت
جاتا رها اور جب عدالت کا وقت آ پهنچا تب فریاد پر رحم حاصل
کرنے کي گھڑي گذر گئي کیا هي هولناک آواز اُس کمال راست و درست
فتوے کي جو اُن پر دیا جائیگا جب اُن کو یهه کها جائیگا که اى ملعونو
اُس همیشه کي آگ میں جاؤ جو که شیطان اور اُس کي فوج کے واسطے

اور جماعت جواب دیے اور کہے

آمین

خادم الدین ملعون ھی وہ جو کہ اپنے باپ یا ما پر لعنت بھیجتا ھی

جواب آمین

خادم الدین ملعون ھی وہ جو اپنے پڑوسي کي زمین کي سرحد کو دباتا ھی

جواب آمین

خادم الدین ملعون ھی وہ جو اندھے کو راہ سے بھٹکاتا ھی

جواب آمین

خادم الدین ملعون ھی وہ جو غریب اور یتیم اور بیوہ کا معاملہ حق کے برخلاف کرتا ھی

جواب آمین

خادم الدین ملعون ھی وہ جو اپنے پڑوسي کو چھپ کر مارتا ھی

جواب آمین

خادم الدین ملعون ھی وہ جو اپنے پڑوسي کي جورو کے ساتھہ ھم‌بستر ھوتا ھی

جواب آمین

خادم الدین ملعون ھی وہ جو بیگناہ کے قتل کرنیکو مزدوري لیتا ھی

جواب آمین

خادم الدین ملعون ھی وہ جو آدمي پر اپنا بھروسا رکھتا اور آدمي کو اپني پناہ ٹھہرا لیتا اور اپنے دل سے خداوند کو چھوڑ دیتا ھی

جواب آمین

خادم الدین ملعون ھیں بیرحم حرام کار زناکار زر پرست بت پرست تہمت لگانیوالے متوالے اور ظلم کرنیوالے ۔

جواب آمین

خادم الدین

اب چونکہ معلوم ھوا کہ وے سب ملعون ھیں (چنانچہ علاوہ

وعید کا بیان

یعنی

گنہگارون پر خدا کے غضب اور قہر کا اظہار کئي ایک دعاؤن کے ساتھہ جو لنٹ کے پہلے روز اور کسي دوسرے وقت جب حاکم شرع فرماوے پڑھا جاوے

صبح کي نماز کے بعد جب لیتنني دستور کے موافق ہوچکے تب قسیس پڑھنے کي جگہہ یا منبر پر سے کہے

بہائیو اگلے دنون کي کلیسیا مین ایک اچھا قاعدہ تھا کہ لنٹ کي شروع مین ایسے شخصون پر جو مشہور گناہ سے بہ تحقیق ملزم ٹھہرے تھے برملا ریاضت کا حکم ہوتا تھا اور وے اِس جہان مین سزا پاتے تھے تاکہ خداوند کے دن اُن کي جانین بچ جاوین اور یہہ کہ اور لوگ اُن کے نشان سے خبردار ہوکر گناہ کرنے سے زیادہ ڈرین

اُس کے عوض (جب تک کہ قاعدهٔ مذکور پھرکر جاري نہ ہو اور اُس کا جاري ہونا بہت ہي مناسب ہے) یہہ منظور ہے کہ اِس وقت تم سب کے سامھنے خدا کي لعنت کے وہ فتوے عام پڑھے جاوین جو اُن گنہگارون پر ہین کہ توبہ نہین کرتے اور استثنا کے ستائیسوین باب اور بیبل کے دوسرے مقامون سے چنے گئے اور تم ہر ایک فتوے کے جواب مین آمین کہو تاکہ تم خدا کے بڑے قہر سے جو گنہگارون پر ہے آگاہ ہوکر دلي اور سچي توبہ کي طرف زیادہ مائل ہو جاو اور اِن خطرون کے دنون مین زیادہ ہوشیاري سے چلو اور اُن گناہون سے بھاگو جنکا تم اپني زباني اقرار دیتے ہو کہ وے خدا کي لعنت کے سزاوار ہین

ملعون ہے وہ شخص جو کسي کھدي یا ڈھلي مورت کو پرستش کے لیئے بناتا ہے

خادم الدین   ای خداوند اپني بندي اِس عورت کو بچا
جواب   جو تجهه پر بهروسا رکهتي هی
خادم الدین   تو اُس کے لیئے ایک مضبوط قلعه هو
جواب   اُس کے دشمن کے منهه پر
خادم الدین   خداوند هماري دعا سن
جواب   اور هماري فریاد آپ تک پهنچنے دے
خادم الدین   هم دعا مانگین

ای قادر مطلق خدا هم فروتني سے تیرا شکر بهیجتے هین که تونے کرم کرکے اپني بندي اِس عورت کو جننے کے بڑے دکهه اور خطره سے بچا لیا ای کمال رحیم باپ هم تیري منت کرتے هین یهه عنایت کر که وه تیري مدد سے اِس زندگاني مین دینداري کے ساتهه اپنا وقت گذارے اور تیري مرضي کے موافق چلے اور آنیوالي زندگاني مین همیشه کے جلال کي شریک هووے — همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

عورت جو شکرانه ادا کرنے آتي هی دستور کے موافق نذرانے گذرانے اور اگر عشاے رباني عمل مین آوے تو مناسب هی که وه بهي اُس مین شریک هو جاوے ․

ستایش باپ اور بیتے اور روح قدس کي هووے
جیسي ابتدا مین تهي اب بهي هی اور همیشه رهیگي * آمین

ي

زبور ۱۲۷

جبکه خداوند هي گهر نه بناوے تو اُن کي محنت جو اُسے بناتے هین بیفائده هی اگر خداوند هي شهر کا نگهبان نه هو تو پاسبان کي هوشیاري عبث هی

تمهین کچهه فائده نهین جو سویرے اُتهتے هو اور دیر کر آرام کرتے هو اور محنتون کي روتیان کهاتے هو سو وه اپنے پیارے کو نیند مین دیتا هی

دیکهو بیتے خداوند کي طرف سے میراث هین اور پیت کا پهل مزدوري

جیسے پهلوان کے هاتهه مین تیر ویسے هي جواني کے بیتے هین

مبارک وه مرد جسکا ترکش اُن سے معمور هی وے پشیمان نه هووینگے جس وقت دروازے پر دشمنون سے گفتگو کرینگے

ستایش باپ اور بیتے اور روح قدس کي هووے
جیسي ابتدا مین تهي اب بهي هی اور همیشه رهیگي * آمین

تب قسیس کہے

هم دعا مانگین

خداوند هم پر رحم کر
مسیح هم پر رحم کر
خداوند هم پر رحم کر

اي همارے باپ جو آسمان پر هی تیرے نام کي تقدیس هووے تیري بادشاهت آوے تیري مرضي جیسي آسمان پر هی زمین پر بهي هووے هماري روز کي روتي آج همین دے اور جسطرح که هم اپنے تقصیروارون کو معاف کرتے هین تو هماري تقصیرین معاف کر اور همین امتحان مین نه ڈال بلکه برے سے بچا کیونکه بادشاهت قدرت اور جلال همیشه تیرا هي هی * آمین

موت کے دکھون نے مجھکو گھیرا اور قبر کے دردون نے مجھے پکڑا
مین دکھہ اور غم مین گرفتار هوا
تب مین نے خداوند کا نام لیا کہ ای خداوند مهربانی کرکے میری
جان بچا
خداوند مهربان اور صادق هی اور همارا خدا رحم کرنیوالا هی
خداوند ساده لوگون کا نگهبان هی مین عاجز هوگیا تها اُس نے مجھے
بچایا
ای میري جان اپني آرام گاه مین پهر کہ خداوند نے تجهہ پر احسان
کیا هی
تونے مجھکو مرنے سے میري آنکهون کو آنسو بهانے سے اور میرے پاؤن
کو پهسلنے سے بچایا
مین خداوند کے آگے زندگي کي زمین مین چلونگا
مین ایمان لایا اِس لیئے مین بولا مجهہ پر بڑي بپت تهي
مین نے اپني گهبراهٹ مین کها کہ سارے آدمي جهوٹهے هین
مین خداوند کو اُس کي ساري نعمتون کے عوض جو مجھے ملین
کیا دون
مین نجات کا پیالہ اُٹهاؤنگا اور خداوند کا نام پکارونگا
مین ابهي اُس کے سارے لوگون کے سامهنے خداوند کے لیئے اپني نذرین
ادا کرونگا
خداوند کي نگاه مین اُس کے مقدس لوگون کا مرنا گران قدر هی
ای خداوند مین عرض کرتا هون کیونکہ تیرا بنده هون مین تیرا بنده
تیري لونڈي کا بیٹا تو نے میرے بندهن کهولے
مین تیرے حضور شکرگذاري کے ذبیحے چڑهاؤنگا اور خداوند کا نام
پکارونگا
مین ابهي اُس کے سارے لوگون کے آگے اپني نذرین خداوند کے لیئے
ادا کرونگا
خداوند کے گهر کي بارگاهون مین تیرے درمیان ای یروشلم *
هلیلویاه

سب سے جو تجھہ سے محبت رکھتے اور ڈرتے ہیں اُس وقت فرماویگا کہ اي میرے باپ کے سعادتمند فرزندو اِدھر آوٗ اُس بادشاہت کو میراث مین لو جو دنیا کے شروع سے تمھارے لیئے طیار کي گئي اے رحیم باپ ہم تیري منت کرتے ہیں ہمارے درمیاني اور خلاصي بخشنیوالے یسوع مسیح کے وسیلے سے یہہ عنایت کر * آمین

ہمارے خداوند یسوع مسیح کا فضل اور خدا کي محبت اور روح قدس کي رفاقت ہم سب کے ساتھہ ہمیشہ ہووے * آمین

عورتوں کا شکرانہ

جنے کے بعد

عورت جنے کے بعد مروج وقت پر ستھرے کپڑے پہن کر کلیسیا میں جاوے اور وہاں دستور کے موافق یا حاکم شرع کے کہے بموجب موقع کي جگہہ پر گھٹنے ٹیکے تب قسیس اسے کہے

چونکہ قادر مطلق خدا نے مہرباني فرمائي کہ تم سلامتي کے ساتھہ جنیں اور اُس نے تمھیں جنے کے بڑے خطرے سے بچایا اِس لیئے تم دل و جان سے خدا کا شکر کرو اور کہو

تب قسیس کہے

زبور ۱۱۶

میں محبت رکھتا ہوں کیونکہ خداوند میري آواز اور میري منتیں سنتا ہي

کہ اُس نے میري طرف کان دھرے سو میں جب تک کہ جیتا رہونگا اُس کا نام لیئے جاوٗنگا

تيري بادشاهت آوے تيري مرضي جيسي آسمان پر هى زمين پر بهي هووے هماري روز کي روٹي آج همين دے اور جس طرح که هم اپنے تقصيرواروں کو معاف کرتے هين تو هماري تقصيرين معاف کر اور همين امتحان مين نه ڈال بلکه برے سے بچا * آمين

قسيس

اي قادر مطلق خدا جس کے ساتهه اُن کي روحين جو خداوند مين هوکے يهان سے اُٹهه جاتين بستي هين اور جس کے ساتهه ايمان دارون کي روحين اِس بدن کے بار سے رهائي پانے بعد خوشي اور خورمي مين رهتي هين هم دل سے تيرا شکر کرتے هين که اِس همارے بهائي کو اِس خراب دنيا کي مصيبتون سے خلاصي ديني تجهے پسند آئي هم تيري منت کرتے هين که اپنے کمال کرم سے مهرباني کرکے فورا اپنے برگذيدون کا شمار پورا کر اور اپني سلطنت کو جلد ظاهر فرما تاکه هم اُن سب کے ساتهه جنهون نے تيرے مقدس نام کے سچے اعتقاد پر انتقال کيا هى تيرے ازلي و ابدي جلال مين جسم و جان سے اپني پوري کامليت اور خوشي کو حاصل کرين — همارے خداوند يسوع مسيح کے وسيلے سے * آمين

دعا

اي رحيم خدا همارے خداوند يسوع مسيح کے باپ که وه قيامت اور زندگي هى جس پر جو کوئي ايمان لاتا هى اگرچه وه مرجاے تو بهي جيتا رهيگا اور جو کوئي زنده هوکر اُسپر ايمان رکهتا هى هميشه کي موت کا مزه نه چکهيگا اور اُس نے اپنے مقدس رسول پولوس کي معرفت هم کو سکهلايا که هم اُن کے واسطے جو اُس مين هوکے سوگئے هين نااُميدون کي طرح غم نه کرين اى باپ هم عاجزي سے تيري منت کرتے هين که هم کو گناه کي موت سے زنده کر که هم راست بازي مين جيئين تاکه جب اِس دنيا سے کوچ کرين تو اُس مين آرام پاوين جيسا همين اُميد هى که همارے اِس بهائي نے پايا هى اور يهه که آخري روز جب سب کي قيامت هوگي هم تيري نظر مين پسنديده ٹههرين اور اِس سعادتمندي کي بات هم سے کهي جاوے جو تيرا بڑا پيارا بيٹا اُن

تو بهي اى خداوند خداے اقدس اى قادر مطلق خداوند اى قدوس اور کمال کريم نجات بخش همين هميشه کي موت کي تلخي درد کے حوالے نه کر

خداوندا تو همارے دلون کے بهيد جانتا هى هماري دعا سے اپنے مهر کے کان بند نه کر لے بلکه همين معاف کر دے اى خداوند اقدس اى خداے قادر مطلق اى قدوس اور کريم بچانيوالے تو جو هميشه کي منصفي کا نهايت سزاوار هى همارے مرتے دم موت کي کسي تلخي کے سبب همين اپنے سے جدا هونے نه دے

جب بعضے حاضرين مين سے لاش پر متي ڈالين قسيس کهے

چونکه خداے قادر مطلق کي يون مرضي هوئي که همارے اِس پيارے بهائي کي جان کو جو مرگيا هى اپني بڑي مهرباني سے اپنے يهان بلاليا اِس ليئے هم اُس کي لاش کو زمين کے حواله کرتے هين متي کو متي راکهه کو راکهه خاک کو خاک کے اُس اميد کامل اور قوي پر که هميشه کي زندگي کے ليئے قيامت هوگي همارے خداوند يسوع مسيح کے وسيلے سے جو همارے ذليل بدن کو اپنے جليل جسم کي مانند بدل ڈاليگا اُس کمال قدرت کے موافق جس سے وه سب چيزون کو اپنے تابع کر سکتا هى

تب يهه پڑهي يا گائي جاوے

مين نے آسمان سے ايک آواز سني جس نے مجهه سے کها که لکهه وے مردے جو خداوند مين مرتے هين اب سے مبارک هين روح کهتا هى که هان وے اپني محنتون سے آرام پاتے

تب قسيس کهے

خداوند هم پر رحم کر
مسيح هم پر رحم کر
خداوند هم پر رحم کر

اي همارے باپ جو آسمان پر هى تيرے نام کي تقديس هووے

بدن چنانچه لکها هی که پہلا آدمي يعنے آدم جيتي جان هوا اور پچهلا آدم جلانيوالي روح هوا ليکن روحاني پہلے نه تها بلکه جسماني بعد اُس کے روحاني پہلا آدمي زمين سے خاکي هی دوسرا آدمي خداوند آسمان سے هی جيسا خاکي ويسے وے بهي جو خاکي هيں اور جيسا آسماني ويسے وے بهي جو آسماني هيں اور جس طرح هم نے خاکي کي صورت پائي هی هم آسماني کي صورت بهي پاوينگے ای بهائيو ميں يهه کهتا هوں که جسم اور خون خدا کي بادشاهت کے وارث نهيں هو سکتے اور نه فاني بقا کا وارث هو سکتا هی ديکهو ميں تمهيں غيب کي ايک بات کهتا هوں که هم سب نه سوئينگے پر هم سب ايک دم ايک پل ميں پچهلا نرسنگها پهونکتے هوئے بدل جائينگے نرسنگها تو پهونکا جايگا اور مردے اُٹهکے غير فاني هونگے اور هم بدل جائينگے کيونکه ضرور هی که فاني بقا کو پہنے اور يهه مرنيوالا هميشه کي زندگي کو پہنے اور جب يهه فاني غير فاني کو اور يهه مرنيوالا هميشه کي زندگي کو پہن چکيگا تب وه بات جو لکهي هی پوري هوگي که فتح نے موت کو نگل ليا ای موت تيرا ڈنک کہاں ای قبر تيري فتح کہاں موت کا ڈنک گناه هی اور گناه کا زور شريعت هی پر شکر خدا کا جس نے هميں همارے خداوند يسوع مسيح کے وسيلے فتح بخشي پس ای ميرے عزيز بهائيو تم مضبوط اور ثابت رهو اور خداوند کے کام ميں هميشه ترقي کرتے رهو يهه ياد کرکے که تمهاري محنت خداوند ميں بے فائده نهيں هی

جبکه وے قبر پاس پہنچکر لاش کو زمين کے اندر رکهنے کي طياري کريں تب قسيس کہے يا که قسيس اور خادم ملکر گاويں

آدمي جو عورت سے پيدا هوتا تهوڑے هي دن تک جيتا اور مصيبت ميں گرفتار رهتا هی وه پهول سا کهلتا پهر کمهلا جاتا سائے کي طرح ڈهل جاتا اور ايکسان نهيں رهتا هی

هم جيتے هي موت کے پنجے ميں هيں تيرے سوا ای خداوند جو همارے گناهوں کے سبب انصاف کي راه سے هم پر غصه هی کسکي پناه ڈهونڈهيں

جبتک که وه سارے دشمنون کو اپنے پانون تلے نه لاوے ضرور هی که سلطنت کرے آخري دشمن جو نيست کيا جائيگا موت هی که اُس نے سب کچهه اُس کے پانون تلے کر ديا هی مگر جب که وه کهتا هی که سب کچهه اُس کے پانون تلے کرديا تو ظاهر هی که وهي الگ رها جسنے سب کچهه اُس کے پانون تلے کرديا اور جب سب کچهه اُس کے پانون تلے هو ليگا تب بيتا آپ بهي اُس کے پانون تلے هوگا جس نے سب چيزين اُس کے پانون تلے کر ديں تاکه خدا کل مين کل هووے نهين تو وے جو که مردون کے اوپر بپتسما پاتے هين سو کيا کرينگے اگر مردے مطلق نه اُتهين تو کيون مردونکے لوپر بپتسما پاتے هين اور پهر هم کيون هر دم خطرے مين پڑے هين مجهے اپنے اِس فخر کي جو همارے خداوند مسيح يسوع سے هی قسم که مين هر روز مرتا هون اگر مين آدمي کي طرح افسس مين درندونکے ساتهه لڑا تو مجهے کيا فائده اگر مردے نه اُتهين پس آؤ کهاوين پيوين که کل کے دن مرينگے فريب نه کهاؤ بري صحبتين اچهي عادتون کو بگاڑتي هين تم راستباز کي طرح هوشيار رهو اور گناه نه کرو که کتنون مين خدا کي پهچان نهين هی مين تمهين شرم دلانے کو يهه کهتا هون شائد کوئي کهے که مردے کس طرح اُتهتے هين اور کس بدن مين آتے هين اى نادان جو چيز تو بوتا هی اگر وه نه مرے تو کبهي جلائي نه جائيگي اور يهه جو تو بوتا هی نه وه بدن هی جو هوويگا بلکه نرا ايک دانه هی خواه گيهون خواه کچهه اور پر خدا اُسکو جيسا اُسنے چاها ايک بدن ديتا هی اور هر ايک بيج کا ايک خاص بدن هی سارے جسم ايکهي سے نهين بلکه آدميون کا جسم اور هی چار پائے کا اور هی مچهليون کا اور هی پرندون کا اور اور بدن آسماني بهي هين اور خاکي بهي هين پر آسمانيون کا جلال اور هی خاکيون کا اور آفتاب کا جلال اور هی ماهتاب کا جلال اور اور ستارون کا جلال اور هی که ستاره ستارے سے جلال مين فرق رکهتا هی مردون کي قيامت بهي ايسي هي هی وه فنا مين بويا جاتا اور بقا مين اُتهتا هی بے حرمتي مين بويا جاتا هی اور جلال مين اُتهتا هی کم زوري مين بويا جاتا هی قدرت مين اُتهتا هی حيواني بدن بويا جاتا هی اور روحاني بدن اُتهتا هی ايک حيواني بدن هی اور ايک روحاني

تاهم يهه توانائي محنت اور مشقت هي کيونکه هم جلد جاتے رهتے هين
اور اڑ جاتے هين
تيرے قهر کي شدت کا نگاه کرنے والا کون هي اور تيرے غضب کا
جيسا تجهے ڈرا چاهيئے
همين هماري عمر کے دن گننا سکها ايسا که هم دانا دل حاصل
کرين
اي خداوند پهر کبتک اور اپنے بندون کي طرف پهر متوجهه هو
هم کو سويرے اپني رحمت سے سير کر تاکه هم اپني عمر بهر خوشنود
اور خوشوقت رهين
جتنے دنون تک تونے هم کو دکهي رکها اور جتنے برس تک هم نے
زبوني ديکهي — اُتنے هي هم کو خوش وقت کر
اپنے کام اپنے بندون کو اور اپني شوکت اُن کے فرزندون کو دکهلا
اور خداوند همارے خدا کا جمال هم پر ظاهر هو اور همارے هاتهون
کا کام هم پر قائم کر هان تو همارے هاتهون کے کام کو قائم کر
ستايش باپ اور بيٹے اور روح قدس کي هووے
جيسي ابتدا مين تهي اب بهي هي اور هميشه رهيگي * آمين

تب يهه ورق جو قرنتيون کو مقدس پولوس کے پهلے مکتوب کے پندرهوين باب
سے ليا گيا هي پڑها جاوے

۱ قرنتيون ۱۵ باب ۲۰ آيت

مسيح تو مردون مين سے اُٹها هي اور اُن مين جو سو گئے هين
پهلا پهل هوا که جب آدمي کے سبب موت هي تو آدمي هي کے سبب
مردون کي قيامت بهي هي که جيسا آدم کے سبب سارے مرتے هين
ويساهي مسيح کے سبب سارے جلائے جائينگے ليکن هر ايک اپني اپني
نوبت مين پهلا پهل مسيح پهر وے جو مسيح کے هين اُس کے آنے پر
بعد اُس کے آخرت هي تب وه بادشاهت خدا کو جو باپ هي پهر ديگا
اور ساري حکومت اور سارے اختيار و قدرت کو نيست کرديگا کيونکه

جب تو آدمي کو گناہ کے باعث تنبيهون کے ساتھہ نصيحت کرتا هي تو جو اُسے عزيز هي تو اُسے پتنگے کي مانند کھو ديتا هي يقينا هر ايک انسان بطالن هي

اي خداوند ميري دعا سن اور ميرے نالہ پر کان دهر ميرے آنسوون سے خاموش مت هو کيونکہ مين تيرے يهان پرديسي اپنے سارے باپ دادون کي مانند مسافر هون

مجھے چھوڑ تاکہ دم لے لون اُس سے پيشتر کہ مين يهان سے جاؤن اور پھر نہ رهون

ستايش باپ اور بيٹے اور روح قدس کي هووے

جيسي ابتدا مين تھي اب بھي هي اور هميشہ رهيگي * آمين

زبور ۹۰

اي خداوند همارا مسکن توهي رها هي پشت در پشت

پيشتر اُس سے کہ پھاڑ پيدا هوئے اور زمين اور دنيا کو تونے بنايا تھا ازل سے ابد تک توهي خدا هي

تو انسان کو خاک مين پھير ديتا هي اور فرماتا هي کہ اي بني آدم پھرو

کہ هزار برس تيرے آگے ايسے هين جيسے کل کا دن جو گذر گيا اور جيسے ايک پھر رات

تو اُنھين يون ليجاتا هي جيسے سيلاب سے وے گويا خواب خيال هين — وے فجر کو اُس گھاس کي مانند هين جو اُگي هو

وہ صبح کو لهلهاتي هي اور تروتازہ هوتي هي شام کو کاٹي جاتي اور سوکھہ جاتي هي

کہ هم تيرے قهر سے گل گئے اور تيرے غضب سے پريشان هوئے

تونے هماري بدکارياں اپنے آگے رکھين همارے چھپے گناہ اپنے چهرے کي روشني مين

کہ همارے سارے دن تيرے قهر مين گذرے هم اپنے برسون کو خيال هي کي طرح کاٹتے هين

هماري زندگي کے دن ستر برس هين اور اگر قوت هو تو اسّي برس

میں آپ ھي اُسے دیکھونگا اور میري ہي آنکھیں اُس پر نظر کرینگي اور
بیگانہ نہیں (ایوب ۱۹ باب ۲۵ ۲۶ اور ۲۷ آیت)

اِس جہان میں ہم کچھہ لائے نہیں اور ظاھر ھی کہ ھم یہاں سے
کچھہ لیجا نہیں سکتے خداوند نے دیا اور خداوند نے لیا خداوند کا نام
مبارک ھی (۱ طیمتاؤس ۶ باب ۷ آیت ایوب ۱ باب
۲۱ آیت)

جبکہ وے کلیسیا میں آئیں تو ایک یا دونوں زبور جو نیچے مندرج ھیں پڑھیں

زبور ۳۹

میں نے کہا میں اپني راھوں پر نگاہ رکھونگا کہ میري زبان سے
خطا نہ ھو جس وقت شریر میرے سامھنے ھوگا تو میں اپنے منہہ کو
لگام دونگا

میں گونگا اور خاموش ھو رھا بھلي بات کہنے سے بھي میں چپ چاپ
رہ گیا اور میرا غم تازہ ھوا

میرے اندر میرے دل میں طپش ھوئی میرے سوچنے میں آگ بھڑکي
تب میں اپني زبان سے بول اُٹھا

ای خداوند مجھے بتا کہ میرا انجام کیا ھی اور میري عمر کتني ھی
تاکہ میں جانوں کہ میں کس قدر ناپایدار ھوں

دیکھہ تونے میري عمر بالشت بھر کي اور میري زندگي تیرے آگے
نیستي کي سي ھی یقینا ھر ایک آدمي محض باطل ٹھہرا ھی

بلا شک ھر ایک انسان وھم اور خیال سا چلتا پھرتا ھی بے شبہہ
وے عبث بے کل ھوتے ھیں وہ جمع کرتا ھی اور نہیں جانتا کہ اُسے کون
بٹور لیگا

اور اب ای خداوند مجھے کسکا انتظار ھی مجھے تیري ھي امید ھی
مجھے میرے سارے گناھوں سے نجات دے مجھے احمقوں کي ننگ مت کر
میں گونگا رھا اپنا منہہ نہیں کھولتا کیونکہ توھي نے یہہ کیا ھی
مجھسے اپنا صدمہ دور کر میں تیرے ھاتھہ کے زور سے فنا ھوا جاتا ھوں

جس وقت بيمار پرسي اور ساکريمنت کا دينا ليذا ايک هي وقت هو تو جلدي کے واسطے قسيس بيمار پرسي کي ترتيب اُن زبور کے پهلے جس کا يهه شروع هے (اے خداوند تجهه پر مين نے بهروسا کيا هے الخ) تمام کرے اور فوراً ساکريمنت کے دستور کو هاتهه لگاوے

وبا اور مرض منتقل يا ايسي کسي بيماري کے وقت جبکه موضع يا محلے کے لوگون مين سے بيمار کے ساتهه اُن کے گهر مين بيماري کے لگ جانے کے خوف سے ساکريمنت لينے کو کوئي نه مل سکے تو مريض کي خاص درخواست پر فقط قسيس هي اُس کے ساتهه پاک رفاقت مين شريک هووے

مردون کے دفن کي ترتيب

خبردار که يهه ترتيب اُنهون کے ليئے عمل مين نه آئے جو بپتسما پائے بغير مرگئے يا کليسيا سے خارج کيئے گئے يا اپنے کو مار مرے

قسيس اور خادم کليسيا کے احاطه کے دروازے پر لاش کے همراه هولين اور اُسکے آگے آگے يهه کهتے يا گاتے کليسيا يا قبر کي طرف چلين

خداوند فرماتا هے قيامت اور حيات مين هون جو مجهه پر ايمان لاوے وه اگرچه مرجاوے تو بهي جيئيگا اور جو جيتا اور مجهه پر ايمان لاتا هے وه هرگز نه مريگا (يوحنا ۱۱ باب ۲۵ اور ۲۶ آيت)

مين جانتا هون که ميرا مخلصي بخشنيوالا زنده هے اور آخري روز وه زمين پر کهڙا هوگا اور اگرچه ميرے پوست کے بعد کيڙے ميرا گوشت کها جاوينگے تو بهي مين اپنے جسم مين خدا کو ديکهونگا هان

کي جان اُس کے تن سے نکلے تو وہ بے عیب تیرے سامھنے حاضر کي جاوے — همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

مکتوب عبرانیون کو ۱۲ باب ۵ آیت

میرے بیٹے خداوند کي تنبیہ کو ناچیز مت جان اور جب وہ تجھے ملامت کرے اوداس مل مت ہو کیونکہ خداوند جس سے محبت رکھتا هی اُسے تنبیہ کرتا هر ایک فرزند کو جسے وہ مقبول فرماتا کوڑہ مارتا هی

انجیل مقدس یوحنا ۵ باب ۲۴ آیت

مین تم سے سچ سچ کہتا هون وہ جو میرا کلام سنتا هی اور اُسپر جس نے مجھے بھیجا اعتقاد رکھتا هی همیشہ کي زندگي اُس کي هی اور اُس پر سزا کا حکم نہین بلکہ موت سے گذر کے وہ زندگي مین پہنچا هی * آمین

اُس کے بعد قسیس پاک رفاقت کے دستور جس کے احکام اوپر لکھے هین عمل مین لاوے اور ان الفاظ سے شروع کرے [تم جو بدل و جان اپنے گناهون سے سچي توبہ کرتے هو الخ]

پاک رفاقت کي تقسیم کے وقت قسیس پہلے خود رفاقت لے اور اُسکے بعد اُن کو دے جو کہ بیمار کے ساتھہ رفاقت لینے کو آئے هین اور سب کے پیچھے بیمار شخص کو دے

لیکن اگر کوئي آدمي خواہ بیماري کي شدت کے سبب خواہ اس لیئے کہ خادم الدین کو وقت پر خبر نہ پہنچي هو یا کہ اُسکے ساتھہ ساکریمنٹ لینے کو کوئي موجود نہ رها هو یا کسي دوسري معقول مزاحمت سے مسیح کے جسم اور لہو کي ساکریمنٹ نہ لینے پاوے تو خادم الدین اُسے یہہ تعلیم کرے کہ اگر وہ اپنے گناهون سے بصدق دل توبہ کرتا هی اور اس بات پر مضبوط اعتقاد رکھتا هی کہ یسوع مسیح نے اُس کے واسطے صلیب پر موت کا دکھہ اُٹھایا اور اُس کي مخلصي کے لیئے اپنا لہو بہایا اور جو نعمتین اُس بات سے اُس کو حاصل هوتي هین اُنھین بخوبي یاد کر رکھتا اور اُس کے واسطے دل و جان سے مسیح کا شکر کرتا هی تو وہ اپني جان کي بہتري کے واسطے همارے نجات بخشنیوالے مسیح کا گوشت اور لہو کھاتا و پیتا هی اگرچہ اپنے منہہ سے ساکریمنٹ کو نہین پاتا

بیمارون کے لیئے عشاے ربانی

ازبسکہ سب انسان فانی ناگہانی آفتون مرضون اور بیماریون کے گھیرے مین هین اور هرگز اُن کو معلوم نهین کہ یہان سے اُن کا کوچ کب هوگا تو اس سبب کہ موت کے لیئے وے همیشہ طیار رهین جس وقت قادر مطلق خدا کی مرضی هو کہ اُنهین بلا لے دین کے خادمون کو چاهیئے کہ وقت بوقت (خصوصا وقت وبا اور چھوت کی بیماریون کے دنون) کوشش کرکے اپنی اپنی کلیسیا کے لوگون کو سمجھاوین کہ همارے بچانے والے مسیح کے جسم اور لہو کی پاک رفاقت مین اکثر شریک هوا کرین جبکہ وہ علانیہ گرجہ کے درمیان عمل مین آوے تاکہ یہہ کرکے جب آفت ناگہانی مین وے گرفتار هو جاوین تو اگر ساکریمنت میسر نہ آوے اُن کے دل کو افسوس کم هو لیکن اگر گرجا کو بیمار نهین جاسکتا اور اپنے گھر مین ساکریمنت لیا چاهتا هی تو اُس کو چاهیئے کہ آگے سے خادم الدین کو خبر دے اور اس کی بھی اطلاع کرے کہ کتنے شخص اُس کے ساتھہ عشاے ربانی مین شریک هونگے (وے تین یا دو سے کم نہ هون) اور ایک ستھری جگھہ سب ضروری اسباب کے ساتھہ بیمار کے گھر مین طیار رهے تاکہ خادم الدین ادب کے ساتھہ اس رسم کو ادا کرے تب وہ وهان جاکے پاک ساکریمنت عمل مین لاوے اور ذیل کی دعا اور مکتوب اور انجیل سے پڑهنا شروع کرے

دعا

اَی قادر مطلق همیشہ کے زندہ خدا انسان کے خالق تو اُنهین تنبیہ کرتا جس سے محبت رکھتا هی هم تیری منت کرتے هین کہ اپنے اِس بندے پر جو تیرے هاتھہ کا مارا پڑا هی رحم کر اور اُسے ایسی توفیق بخش کہ اپنی اِس بیماری کو صبر کرکے سهے اور اگر تیری مرضی مبارک هووے تو پهر وہ تندرست هو جاوے اور جب ایسا هو کہ اُس

میں نفساني خواهشوں و شیطاني فریبوں سے اُس کو لگ گئي ھو اُس سے اِس طرح پاک صاف ھو جاوے کہ وہ پاکیزہ اور بے عیب تیرے سامھنے حاضر کیا جاوے اور ھمیں جو پس ماندہ ھیں اِسکي اور ایسي ھر روز کي فاني صورت کے دیکھنے سے یوں تعلیم فرما کہ ھم یہہ دریافت کرلیں کہ ھماري بھي زندگي کیسي چند روزہ اور بے سر و پا ھی اور اپنے دنوں کو اِس طرح شمار کریں کہ جیتے جي اُس پاک اور آسماني علم کي طرف بڑے سوچ کے ساتھہ دل لگاویں جو آخر ھمیں ھمیشہ کي زندگي کو پھنچاوے — تیرے اِکلوتے بیٹے ھمارے خداوند یسوع مسیح کے ثواب کے سبب سے * آمین

دعا اُن لوگوں کے واسطے جن کے دلوں میں کچھہ وسواس ھو

ای مبارک خداوند رحمتوں کے باني اور ساري تسلیوں کے خدا ھم تیري منت کرتے ھیں کہ تو ترس کھاکر دردمندي کے ساتھہ اپنے اِس دلگیر بندے پر نظر کر تو اِس پر سخت حکم فرماتا ھی اور اُسے اُس کي اگلي شرارتوں کا بدلا دیتا ھی اُس پر تیرا بڑا قھر ھی اور اُس کي جان گھبراھٹ میں پڑي ھی پر ای رحیم خدا تونے ھماري تعلیم کے واسطے اپنا پاک کلام لکھوایا ھی کہ ھم تیري پاک کتاب سے صبر اور تسلي حاصل کرکے اُمیدوار رھیں یہہ بخش کہ وہ اپنے حق میں اور تیرے وعدوں اور وعیدوں کے حق میں درست سمجھہ رکھے تاکہ وہ اپنا بھروسا جو اُسے تجھہ پر ھی ترک نہ کرے اور نہ کسي دوسرے پر رکھے اُس کے سارے امتحانوں میں اُسے قوت بخش اور اُس کے تمام مرضوں کو دفع کر دے مسلے ھوئے سرکنڈے کو مت توڑ اور نہ دھواں اُٹھتے ھوئے سن کو بجھا ناخوش ھوکر اپني رحمتوں کو اُس سے دریغ نہ رکھہ بلکہ خوشي اور خورمي کي آواز اُسے سنا کہ ھڈیاں جو تونے توڑي ھیں شاد ھو جاویں دشمن کے خوف سے اُسے چھڑا اور اپنا چھرہ اُس پر جلوہ گر فرما اور اُسے سلامتي کو پھنچا — ھمارے خداوند یسوع مسیح کے ثواب اور سفارش کے طفیل سے * آمین

اُس بیمار کے لیئے دعا جس کي شفا کي اُمید کم هو

ای رحمتون کے باپ اور تمام تسلي کے خدا ضرورت کے وقت توهي همارا مددگار هی تیرے اِس بندے کي بابت جو بدن کي بڑي ناتواني مین تیرا زبردست هو رها هی هم تیري طرف پناه کے لیئے دوڑتے هین ای خداوند اِس پر کرم کي نظر کر اور هم تیري منت کرتے هین کہ جتنا وہ ظاهر مین گھل جاوے اُتنا هي باطن مین تیرے فضل اور روح قدس سے زیادہ قوت پاتا جاوے اُس کي زندگي بھر کے سارے گناهون سے سچي توبہ کي اُسے توفیق اور اپنے بیتے یسوع پر مضبوط ایمان بخش جس مین یهان سے جانے اور نظر نہ آنے کے پیشتر تیري رحمت سے اُس کے گناہ میٹ جاوین اور آسمان پر اُس کے مغفرت نامہ کے اوپر مهر کي جاوے ای خداوند هم جانتے هین کہ تجھہ سے کوئي بات ان هوني نهین اور یہہ کہ اگر تو چاهے تو اب بھي اُسے اُٹھا کھڑا کرے اور همارے درمیان اُس کا رهنا بڑھا دیوے مگر چونکہ تمام ظاهري نشانون سے معلوم هوتا کہ اُس کے مرنے کا وقت قریب پهنچا هی هم تیري منت کرتے هین کہ اُسے موت کي گھڑي کے واسطے ایسا مستعد اور طیار کر رکھہ کہ سلامتي اور تیري قبولیت کے ساتھہ اُس کے یهان سے اُتھہ جانے بعد اُس کي روح تیري همیشہ کي بادشاهت مین داخل هووے تیرے اِکلوتے بیتے همارے خداوند اور بچانیوالے یسوع مسیح کے ثواب اور سفارش کے وسیلے سے

وداع کي دعا اُس بیمار کے لیئے جس کے مرنے کا وقت آن پهنچا هو

ای قادر مطلق خدا جس کے ساتھہ راستبازون کي روحین کامل هو اِس خاکي قیدخانے سے چھوت کر زندہ رهتي هین هم تجھے خالق صادق اور کمال رحیم نجات دهندہ جان کر تیرے اِس بندے اپنے پیارے بھائي کي روح کو عاجزي کے ساتھہ تیرے هاتھہ مین سونپتے اور نهایت فروتني سے تیري منت کرتے هین کہ وہ تیرے نزدیک عزیز ٹھهرے هم عرض کرتے هین کہ تو اُسے اُس بے داغ برے کے لهو سے جو جهان کے گناہ اُٹھانے کے لیئے مارا گیا دھو ڈال تاکہ جو گندگي اِس خراب و ناپاک دنیا

ہے اور جس کے سبب سے تو صحت اور نجات حاصل کرسکے مگر صرف ہمارے خداوند یسوع مسیح کا نام * آمین

اس کے بعد یہہ کہے

خداے کریم اور رحیم کي نگہباني میں ہم تجھے سونپتے ہیں خداوند تجھے برکت بخشے اور تیرا حافظ رہے خداوند اپنا چہرہ تجھپر جلوہ گر فرماوے اور تجھپر کرم کي نگاہ رکھے خدا تجھپر متوجہ ہووے اور تجھے سلامتي بخشے اب اور ہمیشہ کو * آمین

بیمار لڑکے کے لیئے دعا

اي قادر مطلق خدا اور رحیم باپ زندگي اور موت تیرے ہي ہاتھہ ہي ہم عاجزي سے تیري منت کرتے ہیں کہ آسمان سے اِس لڑکے پر جو اب بیماري کے بستر پر پڑا ہي شفقت کي نظر کر اي خداوند نجات دہندہ ہوکر اُس کي خبر لے اور اُس وقت میں جو تیرے نزدیک اچھا ہو اُس کے بدن کے دکھہ سے اُسے چھڑا دے اور اپني رحمتوں پر لحاظ کرکے اُسکي جان بچا - ایسا کہ اگر دنیا میں اُس کي زندگي بڑھاني تیري مرضي ہو تو وہ تیرے ہي لیئے زندہ رہے اور ایمانداري کے ساتھہ تیري بندگي اور اپنے وقت میں نیکي کرنے سے تیرا جلال ظاہر ہونیکا ایک وسیلہ ٹھہرے اور نہیں تو اُسے اُن آسماني مکانوں میں پہنچا جہاں اُنکي روحیں جو خداوند یسوع مسیح میں سوتي ہیں آرام اور خوشي کا مزا سدا اُڑاتي ہیں اي خداوند اپني اُن رحمتوں پر نگاہ کرکے یہہ بخش جو اُس تیرے بیٹے ہمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے ہیں کہ وہ تیرے اور روح قدس کے ساتھہ سدا ایک خدا ابد تک جیتا اور سلطنت کرتا ہي * آمین

ترک نہ کر یہان تک کہ مین تیري قوت اِس پشت پر اور تمرا زور هر ایک شخص پر جو آگے کو پیدا هوگا ظاهر کرون
ای خدا تیري صداقت بہت بلند هی کہ تونے بڑے بڑے کام کیئے ای خدا تیري مثل کون هی
تو جس نے همین بڑي سخت مصیبتین دکھلائین هم کو پھر جلائیگا اور زمین کے گھراؤن سے همین پھر اوپر لے آئیگا
تو میري بڑائي زیادہ کریگا اور پھرکر مجھے تسلي بخشیگا
پھر مین بین بجا بجا کے ای میرے خدا تمري هان تیري وفا کي ستایش کرونگا ای اسرائیل کے قدوس مین بربط بجا کے تیري مدح سرائي کرونگا
میرے هونٹھ جس وقت کہ مین تیري مدح سرائي کرونگا نہایت خوش هونگے اور ایسے هي میرا جي جیسے تونے خلاصي بخشي هی
اپني زبان سے بھي سارے دن تیري صداقت کي باتین مین کہتا رهونگا کہ میري برائي کے طالب شرمندہ اور پشیمان هو گئے هین
ستایش باپ اور بیٹے اور روح قدس کي هو
جیسي ابتدا مین تھي اب بھي هی اور همیشہ رهیگي * آمین

اور یہہ پڑھے

ای بچانیوالے جہان کے تونے اپني صلیب اور بیش قیمت لہو سے همین مخلصي بخشي ای خداوند هم عاجزي سے منت کرتے هین کہ همین بچا اور هماري مدد فرما

تب خادم الدین کہے

قادر مطلق خداوند جو اُن سب کے لیئے کہ اُس پر بھروسا رکھتے هین بڑاهي مضبوط قلعہ هی اور اُس کے حضور سب چیزین جو آسمان اور زمین پر اور زمین کے نیچے هین جھکتین اور اُسے مانتین هین اب اور همیشہ کو تیرا حافظ رهے اور یہہ بات تجھے سمجھاوے اور تیرے دلنشین کر دیوے کہ آسمان کے تلے آدمي کے واسطے کوئي دوسرا نام نہین جس

ای میرے خدا شریر کے هاتهہ سے اور کج اور بے مہر انسان کے پنجے
سے مجھے چھڑا
کیونکہ ای خداوند خدا تو میري امید گاہ هی میري لڑکائي سے میرا
بھروسا تجھي پر هی
میں اُس دم سے کہ پیٹ سے نکلا تجھي سے سنبھالا گیا تو وہ هی
جس نے مجھے میري ما کے رحم میں سے نکالا میں سدا تیري ستایش
کرنیوالا هوں
میں بہتوں کے لیئے ایک اچنبھا هوا هوں پر تو میري قوي پناہ هی
میرا منہہ تیري ستایش اور تیرے جمال کي تعریف سے سارے دن
لبریز رهے
بڑھاپے کے وقت مجھے پھینک نہ دے میري ضعیفي میں مجھے ترک
مت کر
کہ میرے دشمن مجھے باتیں سناتے هیں اور وے جو میري جان کي
گھات میں هیں آپس میں مصلحت کرکے
کہتے هیں کہ خدا نے اُسے ترک کیا هی اُس کا پیچھا کرو اور اُسے
پکڑو کہ اُس کا چھڑانیوالا کوئي نہیں
ای خدا مجھہ سے دور نہ هو ای میرے خدا جلد میري مدد کر
وے جو میرے جاني دشمن هیں شرمندہ اور فنا هوویں وے جو میرا
نقصان چاهتے هیں شرم اور رسوائي سے ڈھانپ جاویں
پر میں هردم امیدوار رهونگا اور تیري ساري ستایش زیادہ کرتا
جاؤنگا
میرا منہہ تیري صداقت اور تیري نجات سارے دن بیان کریگا کیونکہ
میں اُن کا حساب نہیں جانتا
میں خداوند خدا کے قوي کاموں کا ذکر کرتا هوا آؤنگا میں تیري
صرف تیري هي صداقت کا تذکرہ کرونگا
ای خدا تونے مجھے لڑکائي سے تربیت کیا اور ابتک میں تیري
عجائبات بیان کرتا رها هوں
اب میں بوڑھا اور سر سفید هوں سو ای خدا تو اب بھي مجھے

کي مغفرت فرماوے اپني بڑي رحمت سے تیري خطاؤن کو بخشے اور اُس کے اقتدار سے جو مجھے سپرد ہوا مین تجھے تیرے سب گناهون کو باپ اور بیٹے اور روح قدس کے نام سے معاف کرتا هون * آمین

تب قسیس یهه دعا جو نیچے لکھي هی پڑھے

هم دعا مانگین

ای کمال رحیم خدا تو اپني بیشمار رحمتون سے اُن کے گناه جو سچي توبه کرتے هین ایسے میٹ دیتا که اُنھین پھر کبھي یاد مین نهین لاتا هی اپني مهرباني کي آنکھه اپنے اس بندے پر کھول که وه کمال آرزو سے مغفرت اور معافي چاهتا هی — جو کچھه که اُس مین شیطان کي دغا اور کینه یا خود اُس کي نفساني خواهش اور بشریت کے سبب گھٹ گیا هو ای کمال کریم باپ اُسے پھر دے کلیسیا کي یگانگت مین اس بیمار عضو کو صحیح سلامت بنا رکھه اُسکي توبه پر خیال اور اُس کي آنسوون پر نگاه کر اور جس طرح تیرے نزدیک اُس کي بهتري کے واسطے هو اُسکا درد گھٹا اور ازبسکه وه اپنا پورا بھروسا تیري رحمت هي پر رکھتا اُس کے پچھلے گناهون کو اُس کي طرف نسبت نه دے بلکه اپنے متبرک روح سے اُسے قوت بخش اور جب تیري مرضي هو که اُس کو یهان سے اُٹھا لے اپني خوشي مین اُسے داخل کر اپنے بڑے عزیز بیٹے همارے خداوند یسوع مسیح کے ثواب کے سبب سے * آمین

تب خادم الدین یهه زبور پڑھے

زبور ۷۱

ای خداوند میرا بھروسا تجھه پر هی تو مجھے کدهي شرمنده نه هونے دے

اپني صداقت سے مجھے چھڑا اور مجھے مخلصي بخش میري طرف کان دھر اور مجھے بچا

تو میرے رهنے کے لیئے ایک چٹان هو جهان مین همیشه جایا کرون توهي نے میري نجات کا حکم کیا هی که تو میري چٹان اور میرا گڑھه هی

چڑھہ گیا اور خدا باپ قادر مطلق کے دھنے ھاتھہ بیتھا ھی جہان سے
اِس جہان کے آخر وہ زندون اور مردون کا انصاف کرنیکو آویگا
کیا تو اعتقاد رکھتا ھی روح قدس پر پاک کلیسیاء جامع پر مقدسون
کي رفاقت گناھون کي معافي جسم کے جي اُٹھنے اور ھمیشہ کي زندگي پر

بیمار جواب دیے

ھان اِن سب باتون پر میرا اعتقاد مضبوط ھی

تب خادم الدین تحقیق کریے کہ آیا وہ اپنے گناھون سے سچي توبہ کرتا اور سب لوگون سے محبت رکھتا ھی کہ نھین اور اُسے نصیحت کریے کہ اپنے دل و جان سے اُن سب کو معاف کردیے جنھون نے اُس کا کچھہ قصور کیا ھو اور اگر اُس نے کسي کا قصور کیا ھو تو اُن سے معافي کي درخواست کریے اور جہان اُسنے کسي سے برائي یا اُس کا نقصان کیا ھو تو اپنے مقدور بھر اُس کا تاوان دیے — اور اگر اس سے آگے اپنے مال کا بندوبست نہ کیا ھو تو وہ سمجھایا جاوے کہ اپنا ایک وصیت نامہ لکھہ دیے اور اپنے دل کي صفائي اور وصي کے آرام کے لیئے جس جس کا وہ دھارتا اور جو جو اُس کا دھارتا ھو بتلادیے — لیکن مناسب ھی کہ لوگون کو اکثر یاد دلایا جاوے کہ اپني تندرستي کے دنون مین اپنے دنیاوي مال و اسباب کا بندوبست کر رکھین

یہہ باتین جو اوپر ھو گذرین خادم الدین اپني دعا سے پہلے جیسے مناسب جانے کہے

خادم الدین ایسے بیمارون کو کہ جنکو مقدور ھی خیرات کي طرف بدل و جان اُبھارنے سے غافل نہ ھو

اس جگہہ بیمار کو اُسکایا چاھیئے کہ اگر اُس کے دل مین کسي بڑیے بوجھہ کا کھٹکا ھووے تو جدا جدا اپنے گناھون کا اقرار کریے — پھر اگر وہ عاجزي اور دل سے درخواست کرے تو اُس اقرار کے بعد قسیس یون اُس کي مغفرت کي بات کہے

ھمارا خداوند یسوع مسیح جو اپني کلسیا کو اختیار دے گیا ھی کہ سب گنھگارون کو جو سچي توبہ کرتے اور اُس پر ایمان لاتے ھین گناہ

تعلیم کے لیئے لکھي هیں تاکہ جب اُس کریم کي مرضي هو کہ کسي طرح کي ایذا همیں پہنچاوے هم صبر اور شکر کے ساتھہ اپنے آسماني باپ کي تنبیہ سهیں اور مسیحي آدمي کو اِس سے بڑھہ کر کوئي تسلي نہ چاهیئے کہ صبر کرکے دکھہ بہت اور بیماري کے سهنے مے مسیح سا بن جاوے کیونکہ وہ خود خوشي کو نہ پہنچا جب تک کہ اُسنے پہلے دکھہ نہ اُٹھایا وہ اپنے جلال میں داخل نہ هوا جب تک وہ پہلے مصلوب نہ هولیا یونهیں بیشک مسیح کے ساتھہ دکھہ سهنا هماري همیشہ کي خوشي کي راہ هی اور مسیح کے ساتھہ خوشي مے مرنا همیشہ کي زندگي کے دروازے میں همارا پیٹهنا هی کہ هم مرکے پھر جي اُٹھیں اور اُس کے ساتھہ همیشہ کي زندگي میں رهیں پس میں خدا کے نام سے تمهیں نصیحت کرتا هوں کہ اپني اِس بیماري کو جو تمهارے لیئے ایسي مفید هی برداشت کرکے اُس قول و قرار کو جو تم نے اپنے بپتسما کے وقت خدا مے کیا تھا یاد کرو اور اِس واسطے کہ اِس زندگي کے بعد اُس سچے انصاف کرنیوالے کے سامهنے جو بے طرفداري سب کا انصاف کریگا حساب دینا هی میں تمهیں تاکید کرتا هوں کہ آپ کو اور اپني چال کو خدا اور آدمي کي نسبت جانچو تاکہ تم اپنے گناهوں کے سبب آپ اپنے مدعي بن کر اِس طرح اپنے تئیں گنهگار ٹهہراؤ کہ همارا آسماني باپ مسیح کي خاطر تم پر رحم کرے اور عدالت کے خوفناک دن نہ تم پر دعوی کیا جاوے نہ تم گنهگار ٹهہرو پس میں ایمان کے عقیدے تمهیں سناتا هوں تاکہ تم معلوم کرو کہ مسیحیوں کا سا ایمان تم رکھتے هو کہ نهیں

اس جگہہ خادم الدین عقیدیے کي باتیں کہہ سناوے

کیا تو اعتقاد رکھتا هی خدا قادر مطلق باپ پر جو آسمان اور زمین کا پیدا کرنیوالا هی

اور اُسکے ایکلوتے بیٹے همارے خداوند یسوع مسیح پر اور کہ روح قدس مے پیٹ میں پڑا کنواري مریم مے پیدا هوا پنطوس پیلاطوس کي حکومت میں دکھہ اُٹھایا صلیب پر کھینچا گیا مرگیا اور دفن هوا اور عالم ارواح میں جا اُترا تیسرے دن مردوں میں سے جي اُٹھا آسمان پر

اور تندرستي بڑھاپے کمزوري اور بیماري کا اِس واسطے تم یقین جانو کہ تمھین جو بیماري ھوئيھی وہ خدا ھي کي طرف سے ھی اور یہہ بیماري تمھین کسي سبب سے کیون نہ ھو خواہ تمھارا صبر آزمانے کو جس مین دوسرون کے لیئے نمونہ بنے اور خداوند کے دن تمھارے ایمان کي تعریف و بزرگي اور عزت ظاھر ھو جس سے جلال اور بیحد خوشي زیادہ ھو خواہ اِس لیئے وہ تم کو ھوئي کہ تمھارے آسماني باپ کي نظر مین تمھاري جو باتین بري ھین اُن پر تمھاري تنبیہ کرے اور تمھین سدھارے غرض تم مقرر یہہ جانو کہ اگر اپنے گناھون سے سچي توبہ کروگے اور خدا کي مھرباني پر اُس کے پیارے بیٹے یسوع مسیح کے سبب اُمید رکھکے اپني اِس بیماري کو صبر کے ساتھہ سھوگے اور اِس پدرانہ تنبیہ پر عاجزي کے ساتھہ اُس کا شکر کروگے اور اپنے کو بالکل اُس کي مرضي کے تابع رکھوگے تو یہہ بیماري تمھارے لیئے فائدہمند ٹھھریگي اور اُس راہ راست مین جو ھمیشہ کي زندگي کو پہنچاتي ھی تمھارے (قدم) بڑھاویگي

اگر وہ شخص بہت ھي بیمار ھو تو خادم اپني نصیحت یہان تمام کرے نہین تو اُس پر یون بڑھاکر کہے

اِس لیئے خداوند کي یہہ تنبیہ اپنے واسطے بہت اچھي سمجھو کہ (جیسا مقدس پولوس عبرانیون کے لیئے اپنے مکتوب کے بارھوین باب مین کہتا ھی) جس سے خداوند محبت رکھتا اُسے تنبیہ کرتا ھی اور ھرایک فرزند کو جسے وہ مقبول فرماتا کوڑے مارتا ھی جو تم تنبیہ پر صبر کرتے ھو خدا تمھین فرزند سمجھہ کر سلوک کرتا ھی کہ کونسا بیٹا ھی جسے باپ تنبیہ نہین کرتا پر اگر وہ تنبیہ جس مین سب شریک ھین تم کو نہ ھو تو تم حرام کے ھو فرزند نہین پھر جسم کي راہ سے جو ھمارے باپ تھے جب وے ھماري تنبیہ کرتے اور ھم اُن کا لحاظ رکھتے تھے تو کیا ھم خاصي طرح روحون کے باپ کے حکم مین نہ رھین اور جیئین کیونکہ وے تو تھوڑے دن کے واسطے اپني خوشي کے موافق ھمین تنبیہ کرتے تھے پر وہ ھماري بہتري کے لیئے تاکہ ھم اُس کي پاکیزگي مین شریک ھووین — ای عزیزو یہہ باتین مقدس کلام مین ھماري تسلی اور

خادم الدین   اپنے مقدس مقام سے اُس کي مدد بھیج
جواب   اور بڑي قدرت سے سدا اُس کو محفوظ رکھہ
خادم الدین   دشمن اُس پر قابو نہ پاوے
جواب   نہ شریر دکھہ پہنچانے کو اُس پاس آوے
خادم الدین   ای خداوند اُس کے لیئے ایک مضبوط قلعہ ہو
جواب   اُس کے دشمن کہ سامھنے
خادم الدین   ای خداوند ھماري دعائیں سن
جواب   اور ھماري فریاد آپ تک پہنچنے دے

خادم الدین   ای خداوند آسمان پر سے دیکھہ اپنے اِس بندے پر نظر اور نگاہ کر اور اُس کو فرصت دے رحمت کي آنکھوں سے اُسے دیکھہ اُس کو تسلي دے اور اپنے پر اُس کو بڑي توقع بخش اُسے دشمن کے خوف سے بچا اور سدا کے امن اور چین میں اُسے رکھہ — ھمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

ای خدا قادر مطلق اور کمال رحیم نجات دینیوالے ھماري سن اپنے اِس بندے کے ساتھہ جو بیماري سے رنج میں ھی اپني عادت کریم کے موافق سلوک کر — ھم تیري منت کرتے ھیں اپني اِس پدرانہ تنبیہ کو اُس کے حق میں مفید کر کہ وہ اپني ناتواني کو پہچانے اور اُس سے اُسکے ایمان کي اُستواري اور اُس کي توبہ کي سعي بڑھہ جاوے کہ اگر تیري مرضي مبارک ہو کہ اُس کي اگلي تندرستي اُسے پھر ملے تو وہ اپني باقي عمر تیرے خوف میں تیرے جلال کے لیئے کاٹے نہیں تو اُس پر ایسا فضل کر کہ اِس مصیبت کو جو تیري طرف سے ھی اِس طرح برداشت کرلے کہ اِس درد آمیز زندگي کے تمام ہونے بعد وہ تیرے ساتھہ ھمیشہ کي زندگي میں رھے ھمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

تب خادم الدین بیمار کو اس طرح یا اس کي مانند نصیحت کرے

ای بڑے پیارے یہہ معلوم کرو کہ قادر مطلق خدا زندگي اور موت کا اور اُس کے علاقے کي سب باتوں کا مالک ھی چنانچہ جواني

بیمار پرسي کي ترتیب

جب کوئي شخص بیمار هو اُس کي خبر کلیسیا کے خادم الدین کو دي جاے اور وہ اُس کے گھر میں داخل هوتے هي یوں کہے

اس گھر کي اور اِس کے سب رهنیوالون کي سلامتي هوجیو

جب وہ بیمار پاس پہنچے تو گھتنے ٹیک کر یہہ کہے

ای خداوند همارے گناهون اور همارے باپ دادون کے گناهون کو یاد نہ کر هم سے تحمل کر ای مہربان خداوند اپنے لوگون سے جنہیں تونے اپنا بیش قیمت لہو دیکے خلاصي بخشي تحمل کر اور ابد تک هم سے خفا نہ هو

جواب ای مہربان خداوند هم سے تحمل کر

تب خادم الدین کہے

هم دعا مانگین
خداوند هم پر رحم کر
مسیح هم پر رحم کر
خداوند هم پر رحم کر

ای همارے باپ جو آسمان پر هي تیرے نام کي تقدیس هووے تیري بادشاهت آوے تیري مرضي جیسي آسمان پر هي زمین پر بهي هووے هماري روز کي روٹي آج همین دے اور جس طرح کہ هم اپنے تقصیروارون کو معاف کرتے هین تو هماري تقصیرین معاف کر اور همین امتحان مین نہ ڈال بلکہ برے سے بچا * آمین

خادم الدین ای خداوند اپنے بندے کو بچا

جواب جو تجھہ پر بھروسا رکھتا هی

مقدس پولوس مکتوب مذکور مین جو اُس نے افسیون کو لکھا یون تم کو سکھاتا هی کہ ای عورتو اپنے شوهرون کي ایسي فرمانبردار رهو جیسي خداوند کي کیونکہ شوهر عورت کا سر هی جیسا مسیح کلیسیا کا سر اور وہ بدن کا بچانیوالا هی۔ پس جیسي کلیسیا مسیح کي فرمانبردار هی ویسي هي عورتین بهي هر بات مین اپنے شوهرون کي هووین اور پهر یہہ کہتا هی کہ عورت کو چاهیئے کہ اپنے شوهر کا ادب کرے

اور وهي مقدس پولوس اپنے مکتوب مین جو اُس نے قلسیون کو لکھا تمهین یہہ مختصر نصیحت کرتا هی ای عورتو جیسا خداوند مین مناسب هی اپنے شوهرون کي فرمان برداري کرو

مقدس پطرس بهي تمهین یہہ کہکے اچهي طرح سے سکھاتا هی کہ ای عورتو تم اپنے شوهرون کے تابع رهو کہ اگر بعضے اُن مین سے کلام کو نہ مانتے هون تو وے بغیر کلام کے اپني جوروون کي چال سے فائدہ حاصل کرین جس وقت تمهاري پاک چلن جو خوف کے ساتھہ هی دیکھین اور تمهارا سنگار ظاهري نہ هو جیسے سر گوندهنا اور سونے کے گہنے اور رنگ برنگ کي پوشاکین پہننا بلکہ چاهیئے کہ وہ دل کي پوشیدہ انسانیت هو جو غیر فاني اور حلیم اور غریب مزاج هی کہ یہہ خدا کے آگے بیشقیمت هی کیونکہ اسي طرح اگلے زمانے مین مقدس عورتین بهي جو خدا پر بهروسا رکھتین آپ کو سنوارتین اور اپنے اپنے شوهر کے تابع رهتي تهین چنانچہ سارہ ابراهیم کي فرمانبرداري کرتي اور اُسے خداوند کہتي تهی سو جبتک تم نیکوکار رهو اور کسي دهشت سے نہ گهبراؤ اُس کي بیتیان هو

مناسب هی کہ نئے بیاهے اپنے نکاح کے وقت یا اُس کے بعد پہلي فرصت کے وقت پاک ساکریمنٹ لیوین

تم سب جنکا بیاہ هوا هی یا جو کہ نکاح کے پاک دستور پر عمل کیا چاهتے هو سنو کہ مقدس کتاب شوهرون کو اُن کي جوروون اور جوروون کو اُن کے شوهرون کي واجبات کي بابت کیا کہتي هی

مقدس پولوس اپنے اُس مکتوب کے پانچوین باب مین جو اُس نے افسیون کو لکھا سب بیاهے مردون کو یون حکم کرتا هی کہ ای مردو اپني جوروون کو یون پیار کرو جیون مسیح نے بھي کلیسیا کو پیار کیا اور اپنے تئین اُس کے بدلے دیا تاکہ اُس کو پاني کے غسل کہ ساتھہ کلام سے پاکیزہ کرکے مقدس بناوے۔ اور اپنے لیئے ایک جلیل کلیسیا طیار کرے جس مین کوئي داغ یا چین یا ایسي کچھہ چیز نہ هو بلکہ وہ پاک اور بےعیب هووے — یونهین مردون کو لازم هی کہ اپني جوروون کو ایسا پیار کرین جیسا اپنے بدن کو — جو اپني جورو کو پیار کرتا هی سو آپ کو پیار کرتا هی کیونکہ کسي نے اپنے جسم سے کبھي دشمني نہ کي بلکہ اُسے پالتا پوستا هی جیسا کہ خداوند بھي کلیسیا کو کہ هم اُس کے بدن کے عضو اور اُس کے گوشت اور اُس کي هڈیون مین سے هین اِسي سبب آدمي اپنے ما باپ کو چھوڑ کر اپني جورو سے ملا رهیگا اور وے دونون ایک تن هونگے ـ یہہ ایک بڑا بھید هی پر مسیح اور کلیسیا کي بابت مین کہتا هون عرض تم مین سے هر ایک اپني اپني جورو کو۔ ایسا چاهے جیسا آپ کو چاهتا هی

اِسي طرح وهي مقدس پولوس اُس مکتوب مین جو اُس نے قلسیون کو لکھا سب بیاهے مردون کو یون فرماتا هی ای مردو اپني جوروون کو پیار کرو اور اُن سے کڑوے نہ هو

یہہ بھي سنو کہ مقدس پطرس جو مسیح کا رسول اور خود بیاها تھا بیاهون سے کیا کہتا هی ای مردو اپني جوروون کے ساتھہ عقلمندي کے طور پر رهو اور عورت کو نازک برتن اور اپنے ساتھہ زندگي کے فضل کي وارث سمجھہ کر عزت بخشو تاکہ تمهاري دعائین رک نہ جاوین

یہان تک تو شوهر پر جورو کا جو حق هی تم نے سنا اب ای عورتو تم پر تمهارے شوهرون کا جو حق هی تم سنو اور سیکھو چنانچہ مقدس کتاب مین صاف بیان هی

اپنے بال بچوں کو مسیحي اور نیک راہ پر چلتے دیکھیں تاکہ تیري بزرگي اور جلال ظاهر هو — همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

اي خدا تونے اپني بڑي قدرت سے سب چیزیں نیست سے هست کیں اور دوسري چیزوں کي ترتیب دینے بعد یهہ ٹهہرایا کہ مرد سے جو تیري هي شکل اور صورت پر پیدا هوا عورت کا شروع هو اور اُن کو آپس میں گوتهہ کے سکهلایا کہ جنهیں تونے نکاح سے ایک کیا هي وہ شریعت کے روسے کدهي جدا نہ هوویں اي خدا جسنے ایسے سر عظیم سے نکاح کے مقدمہ کو پاک ٹهہرایا هے کہ اُس سے مسیح اور اُس کي کلیسیا کے درمیان کا روحاني نکاح اور یگانگت مطلب اور مراد هے اپنے اِن بندوں پر مهرباني سے نظر کر کہ یهہ مرد بهي تیرے کلام کے موافق اپني جورو سے محبت رکهے (جیسے کہ مسیح نے اپني دلهن یعني کلیسیا سے محبت رکهي اور خود آپ کو اُس کي عوض میں دے دیا اور اپنے جسم کي مانند اُس سے الفت رکهہ کے اُسے پالا پوسا) اور یهہ عورت بهي محبت اور خوش مزاجي پاکدامني اور تابعداري سے اپنے شوهر کے ساتهہ رهے اور بڑي غریبي پرهیزگاري اور ملنساري سے مقدس اور دیندار عورتوں کي پیروي کرے اي خداوند اِن دونوں کو برکت دے اور اپني همیشہ کي بادشاهت میں اِنهیں میراث عنایت فرما — همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

تب قسیس کہے

قادر مطلق خدا جسنے شروع میں همارے پہلے ما باپ آدم اور حوا کو پیدا کیا اور اُنهیں پاکیزہ کرکے نکاح کے رشتے سے باهم ملایا تم پر اپنے فضل کي دولت برساوے تم کو مقدس بناوے اور برکت بخشے تاکہ تم جان و تن سے اُس کو خوش رکهو اور تمام عمر پاک محبت سے ایک ساتهہ جیتے رهو

بعد اُس کے اگر عورت اور شوهر کے واجبات کے بیان میں کوئي وعظ نہ هو تو خادم الدین یهہ پڑهے

هووے هماري روز کي روٹي آج همیں دے اور جس طرح که هم اپنے تقصیرواروں کو معاف کرتے هیں تو هماري تقصیریں معاف کر اور همیں امتحان میں نه ڈال بلکه برے سے بچا * آمین

خادم الدین ای خداوند اپنے بندے اور اپني بندي کو محفوظ رکهه

جواب جو تجهه پر اپنا بهروسا رکهتے هیں

خادم الدین ای خداوند اپنے مقدس مقام سے اُن کي مدد بهیج

جواب اور همیشه اُن کي نگهباني کر

خادم الدین اُن کے لیئے ایک مضبوط قلعه هو

جواب اُن کے دشمن کے منهه پر

خادم الدین ای خداوند هماري دعا سن

جواب اور هماري فریاد آپ تک پهنچنے دے

خادم الدین

ای ابراهیم کے خدا اسحاق کے خدا یعقوب کے خدا اپنے اِن بندوں کو برکت دے اور اُن کے دلوں میں همیشه کي زندگي کا بیج بو که وے جو کچهه تیرے مقدس کلام سے اپنے فائدے کے لیئے سیکهیں سوهي عمل میں لاویں — ای خداوند آسمان پر سے اُن پر مهرباني کي نظر رکهه اور اُنهیں برکت بخش اور جیسے تونے ابراهیم اور سارہ پر اُن کي بڑي تسلي کے لیئے اپني برکت نازل کي ویسے هي اِن اپنے بندوں پر رحم کرکے اپني برکت بهیج تاکه وے تیري مرضي کے تابعدار هوکے اور تیري پناہ میں سدا محفوظ رهکر اپني عمر بهر تیري محبت میں بنے رهیں همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

یهه دعا جو نیچے لکهي جاتی هی اگر عورت سن ایاس کو پهنچي هو تو نه پڑهي جاوے

ای رحیم خداوند اور آسماني باپ تیري کمال عنایت سے آدمزاد بڑهتے هیں هم تیري منت کرتے هیں که اِن دونوں شخصوں کي اپني برکت سے مدد کر تاکه وے اولاد سے پهولیں پهلیں اور آپس میں مل جل کے دیني محبت اور نیکوکاري کے ساتهه اتني مدت تک جیتے رهیں که

دیکھو وہ انسان جو خداوند سے ڈرتا ہی ایسا مبارک ہوگا
خداوند صیحون میں سے تجھے برکت دیگا کہ تو اپنی عمر بھر یروشلم کی اقبال مندی دیکھے
اور اپنے بچوں کے بچے دیکھے اسرائیل پر سلامتی ہوے
ستایش باپ اور بیٹے اور روح قدس کی ہووے
جیسی ابتدا میں تھی اب بھی ہی اور ہمیشہ رہیگی * آمین

یا یہہ

زبور ٦٧

خدا ہم پر رحم کرے ہم کو برکت دیوے وہ اپنے چہرہ ہمپر جلوہ‌گر فرماوے
تاکہ تیری راہ زمین پر تیری نجات ساری قوموں میں جانی جاوے
ای خدا لوگ تیری ستایش کریں سارے لوگ تیری ستایش کریں ۔
امتیں خوش ہوویں اور خوشی کے مارے گاویں کہ تو راستی سے لوگوں کی عدالت کریگا اور زمین پر امتوں کو ہدایت فرماویگا
ای خدا لوگ تیری ستایش کریں سارے لوگ تیری ستایش کریں
زمین اپنا حاصل موجود کریگی خدا ہمارا خدا ہم کو برکت دیگا
خدا ہم کو برکت دیگا اور زمین کی ساری سرحدیں اُس سے ڈرینگی
ستایش باپ اور بیٹے اور روح قدس کی ہووے
جیسی ابتدا میں تھی اب بھی ہی اور ہمیشہ رہیگی * آمین

جب زبور ہوچکے اور مرد و عورت خداوند کی میز کے سامھنے گھٹنے ٹیکیں تب قسیس میز پاس کھڑا اور اُنکی طرف متوجہ ہوکر یوں کہے

خداوند ہم پر رحم کر
جواب مسیح ہم پر رحم کر
خادم الدین خداوند ہم پر رحم کر

ای ہمارے باپ جو آسمان پر ہی تیرے نام کی تقدیس ہووے تیری بادشاہت آوے تیری مرضی جیسی آسمان پر ہی زمین پر بھی

محبت اور موافقت کے ساتھہ ملکے رهين اور تيرے حکمون کے بموجب زندگي کاٹين — همارے خداوند يسوع مسيح کے وسيلے سے * آمين

تب قسيس اُن دونون کا دهنا هاتهه ملاکر کہے

جنهين خدا نے ايک ساتهه جوڑا کرديا هی اُنهين کوئي آدمي جدا نه کرے

تب قسيس جماعت سے کہے

اس ليئے که فلانے اور فلاني نے پاک نکاح پر آپس مين اتفاق کيا هی اور خدا اور اس جماعت کے سامهنے اس کا اقرار ديا اور اس پر آپس مين قول و قرار کيا اور چهلے کے دينے لينے اور هاتهون کے ملانے سے اُس کا اظهار کيا هی مين ان دونون کو جورو خصم کهتا هون بنام باپ اور بيٹے اور روح قدس کے * آمين

تب قسيس يهه دعاء خير بهي دے

خدا باپ خدا بيٹے خدا روح قدس تمهين برکت دے تمهاري حفاظت اور نگهباني کرے خداوند مهر سے تم پر اپني شفقت کي نظر رکهے اور تمهين تمام روحاني برکت اور فضل سے يون معمور کر دے که تم اس طرح ايک ساتهه يهه زندگي گذرانو که آنيوالے جهان مين هميشه کي زندگي حاصل کرو * آمين

تب قسيس يا خادم الدين خداوند کي ميز پاس جاکر اس زبور کو پڑهين

يا گاوين

زبور ۱۲۸

مبارک هی هرايک که خداوند سے ڈرتا اور اُس کي راهون پر چلتا هی

که تو اپني هاتهون کي کمائي کهاويگا تو سعادتمند اور خير تيرے ساتهه هی

تيري جورو اُس درخت انگور کي مانند هوگي جو ميوے سے لدي هوئي تيرے گهر کے اُس پاس هی تيرے بچے تيرے دسترخوان کے گرد زيتون کے پودهون کي مانند هونگے

تجهه سے محبت رکهونگا اور تيري خاطر کرونگا جبتک موت هم کو جدا نه کرے اور اس پر مين تجهه سے قول و قرار کرتا هون

تب وے هاتهه چهوڑ دين اور عورت اپنے داهنے هاتهه سے مرد کا داهنا هاتهه پکڑ کے خادم الدين کے پيچهے پيچهے يهه کهے

مين فلاني تجهه فلانے کو اپنا بياهتا شوهر هونے کو قبول کرتي هون که خدا کے مقدس حکم کے موافق آج سے آگے کو بهلائي و برائي تنگي و فراغت بيماري و تندرستي مين تجهه سے ملي رهونگي اور علاقه رکهونگي تجهه سے محبت رکهونگي تيري خاطر کرونگي اور تيرے تابع رهونگي جبتک موت هم کو جدا نه کرے اور اِس پر مين تجهه سے قول و قرار کرتي هون

پهر وے هاتهه چهوڑ دين اور مرد عورت کو ايک چهلا دے مگر پهلے اُسے قسيس اور خادم کے مقرر رسوم کے ساتهه کتاب پر رکهے تب قسيس چهلا ليکر مرد کو دے که وه عورت کے بائين هاتهه کي چوتهي انگلي مين پهنا دے اور اُس پر اپنا هاتهه رکهے رهے اور قسيس کے سکهانے سے يون کهے

اس چهلے سے مين تجهے بياهتا هون اپنے بدن سے تيري عزت کرتا هون اور اپنا سارا دنياوي مال تجهے ديتا هون بنام باپ اور بيٹے اور روح قدس * آمين

تب مرد عورت کے بائين هاتهه کي چوتهي انگلي مين چهلا چهوڑ دے اور وے دونون گهٹنے ٹيکين اور خادم الدين يون کهے

هم دعا مانگين

اي هميشه کے خدا سارے انسان کے خالق اور پروردگار ساري روحاني نعمتون کے دينيوالے اور هميشه کي زندگي کے باني اپني برکت اپنے اِن بندون پر يعني اس مرد اور اس عورت پر نازل کر جنهين هم تيرے نام سے دعاء خير ديتے هين که جس طرح اسحاق اور ربقا آپس مين وفاداري کے ساتهه گذران کرتے تهے اسي طرح يه دونون اُس قول و قرار پر جو اِنهون نے آپس مين کيا هي دينداري کے ساتهه قايم رهين اور اُسے پورا کرين جس کا نشان اور گرو يهه چهلا ديا ليا گيا هي اور هميشه کمال

ثابت کرنے کے لیئے نکاح کا تمام خرچ اضافت ہونے تب نکاح موقوف رہے جب تک کہ
اُس کي تحقیق نہ ہولے اگر کچھہ مزاحمت درپیش نہ آوے تو خادم الدین مرد
سے یہہ کہے

فلانے کیا تو اس عورت کو اپني بیاهتا جورو ہونے قبول کرتا ہی
کہ خدا کے حکم بہ موجب نکاح کي پاکیزہ حالت میں اُس کے ساتھہ
زندگاني گذارے آیا تو اُس سے محبت رکھیگا اُس کو تسلي دیگا اُس کي
عزت کریگا اور بیماري و تندرستي میں اُس کي خبر لیگا اور سب دوسریوں
کو چھوڑ کر دونوں کي زندگي بھر فقط اُسي کے ساتھہ رهیگا

مرد جواب دے   ہاں البتہ

تب قسیس عورت سے کہے

فلاني کیا تو اس مرد کو اپنا بیاهتا شوہر ہونا قبول کرتي ہی
کہ خدا کے حکم بموجب نکاح کي پاکیزہ حالت میں اُس کے ساتھہ
زندگاني گذارے آیا تو اُس کے حکم میں رهیگي اور اُس کي خدمت کریگي
اُس سے محبت رکھیگي اُس کا ادب کریگي اور بیماري و تندرستي میں
اُس کي خبر لیگي اور سب دوسروں کو چھوڑ کر دونوں کي زندگاني بھر فقط
اسي کے ساتھہ رهیگي

عورت جواب دے   ہاں البتہ

تب قسیس کہے

کون اس عورت کے تئیں اس مرد کے ساتھہ بیاہے جانے کو سپرد
کرتا ہی

تب وے ایک دوسرے سے قول و قرار اس طرح کریں کہ خادم الدین عورت کو
اُس کے باپ یا کسي دوست کے ہاتھہ سے لیکر ایسا کرے کہ مرد اپنے دهنے ہاتھہ
سے عورت کا دهنا ہاتھہ پکڑے اور خادم الدین کے پیچھے پیچھے یوں کہے

میں فلانا تجھہ فلاني کو اپني بیاهتا جورو ہونے کو قبول کرتا ہوں
کہ خدا کے مقدس حکم کے موافق آج سے آگے کو بھلائي و برائي تنگي و
فراغت بیماري و تندرستي میں تجھہ سے ملا رہونگا اور علاقہ رکھونگا

آدميون کو نکاح کرنا عمدہ کام هی — اور اِس ليئے نہ چاهيئے کہ کوئي شخص خواهش نفساني اور شہوت‌راني کے ليئے جانورون کي طرح جنهين عقل و سمجهہ نہين بے صلاح اور لحاظ کے شوخي سے اِس کا قصد يا اِسے اختيار کرے بلکہ ادب هوشياري صلاح کاري پرهيزگاري اور خدا کے خوف کے ساتهہ اور نکاح کے مقرر هونيکي وجهون کو بہ خوبي خيال کرے

پهلے وہ اِس ليئے مقرر هوا کہ اولاد پيدا هوکے خداوند کے خوف اور تربيت مين پرورش پاوين اور اُس کے پاک نام کي بزرگي هووے

دوسرے گناہ سے بچنے اور زنا سے باز رهنے کے ليئے يهہ مقرر هوا تاکہ جنکو ضبط کي طاقت نہين بياہ کرين اور اپنے تئين مسيح کے بدن کے بے عيب عضو بنا رکهين

تيسرے يهہ اِس ليئے مقرر هوا کہ دو طرفہ ميل مدد اور آرام حاصل هو جو کہ دکهہ سکهہ مين ايک کو دوسرے سے ملنا لازم هی

اِس پاک دستور پر اب يهہ دو شخص جو حاضر هين عمل کرنے کو آئے هين پس اگر کوئي آدمي کچهہ معقول سبب بتلا سکے جس سے ان دونون کا نکاح شريعت کے رو سے نہين هو سکتا هی تو اب بول اُٹهے نہين تو آگے هميشہ کو چپکا رهے

اور آن کي طرف جنکي شادي هوتي هی مخاطب هوکے يون کهو

مين تم دونون کو تاکيد اور حکم کرتا هون چنانچہ تم عدالت کے خوف ناک دن مين جب سب کے دل کے بهيد کهل جائينگے جواب دوگے کہ اگر تم دونون مين سے کوئي کچهہ مزاحمت کي وجهہ جانتا هو جس سے تمهارا آپس مين نکاح باندهنا شريعت کے موافق نہ هو سکے تو اب اُس کا اقرار کرے کيونکہ تم خوب جان رکهو کہ جو کوئي اُس قاعدے کے برخلاف جوڑا هوتے هين جس کي پروانگي خدا کے کلام مين هی تو وے خدا کے نزديک جوڑا نہين هين اور نہ اُن کا نکاح روا هی

نکاح کے اور اگر کوئي شخص کچهہ عذر لاوے اور بيان کرے کہ اس سبب سے شرع الهي يا رواج ملک کے بموجب نکاح سے اُن کا جوڑا هونا روا نہين اور وہ اور اُسکے ساتهہ معتبر ضامن طرف ثاني کو اقرار نامہ لکهہ ديوے يا کہ اپنا معمول

نکاح کي ترتيب

پہلے ضرور هي که کليسيا کے درميان جدے جدے تين اتوار کو فجر کي نماز کے وقت يا (اگر فجر کي نماز نه هو تو) شام کي نماز کے وقت دوسرے درس کے بعد فورا نکاح کي پکار کر دي جاوے اور خادم الدين دستور کے موافق کہے

ميں فلانے موضع کے فلانے اور فلانے موضع کي فلاني کے نکاح کي پکار کر ديتا هون اگر تم مين کسي کو کوئي سبب يا مزاحمت کي معقول وجہه معلوم هو جس سے اِن دونون مين پاک نکاح کا باندهنا درست نه هووے تو چاهيئے که تم اُس کا بيان کرو يهه سوال کا پهلا (دوسرا يا تيسرا) مرتبه هي

اور اگر وے جن کا آپس مين بياه هوا چاهتا هي جدے جدے موضع مين رهتے هون تو دونون موضع مين اُن کے نکاح کي پکار کر دي جاوے اور ايک موضع کا خادم الدين اُن کا نکاح نه باندهے مگر جب تک که دوسرے موضع کے خادم الدين سے اُن کے نکاح کے تين مرتبه پکار دينے کي سند نه ملے

جنکا بياه هونيوالا هووے نکاح کے مقرري وقت مين اپنے دوستون اور پڑوسيون کے ساتهه کليسيا مين آويں اور وهان مرد دهنے اور عورت بائين طرف باهم کهڑے رهين تب قسيس کہے

عزيزو خدا کے حضور اور اِس جماعت کے روبرو هم جمع هوئے هين که اِس مرد اور اِس عورت کا پاک نکاح باندهين اور يهه عزت کا مقدمه هي جسے خدا نے انسان کي بيگناهي کي حالت مين مقرر کيا اور اُس پوشيده يگانگت کو که مسيح اور اُس کي کليسيا کے درميان هي همپر ظاهر کرتا هي اور اِس پاک مقدمے کو مسيح نے اپنے سامهنے هي قانا کے بيچ جو جليل کے ملک مين هي اپنا پهلا معجزه دکها کر رونق اور زينت بخشي — اور مقدس پولوس اُس کي تعريف کرتا هي که سب

همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے جو تیرے اور روح قدس کے ساتھہ سدا ایک خدا ابد تک جیتا اور سلطنت کرتا هي * آمین

اي قادر مطلق خداوند اور همیشه کے خدا هم تیري منت کرتے هیں مهرباني سے همارے جان و تن کو اپني شریعت کي راه پر چلنے اور اپنے فرمانے کے موافق عمل کرنے کي هدایت فرما پاکیزه بنا اور تابعدار تهہرا تاکه هم تیري کمال قدرت کي نگہباني سے یہاں اور همیشه کو جسم اور روح کے ساتھه سلامت رهیں — همارے خداوند اور نجات دینیوالے یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

تب اسقف یوں برکت کا کلمه فرماوے که

خدا قادر مطلق باپ بیٹے اور روح قدس کي برکت تم پر هو اور همیشه تمهارے ساتھه رهے * آمین

عشاے رباني میں کوئي شریک نه هونے پاوے جبتک که دین پر مستقیم نه کیا جاوے یا که وه اس دستور پر عمل کرنے کو مستعد اور مشتاق نه هو

تب اسقف اُن کے سامھنے سب گھٹنے ٹیکیں اور وہ ہر ایک کے سر پر جدا جدا اپنا ہاتھہ رکھے اور کہے

اي خداوند اپنے آسماني فضل سے اپنے اِس لڑکے (یا اپنے اس بندہ) کي حفاظت کر کہ وہ ہمیشہ کو تیرا ہي بنا رہے اور روز بروز تیرے روح قدس کا فضل اُس پر زیادہ ہوتا جاوے جب تک کہ تیري ہمیشہ کي بادشاہت کو آ پہنچے * آمین

تب اسقف کہے

خداوند تمہارے ساتھہ ہو

جواب اور تیري روح کے ساتھہ

پھر سب گھٹنے ٹیکیں اور اسقف کہے

هم دعا مانگین

اي ہمارے باپ جو آسمان پر ہی تیرے نام کي تقدیس ہووے تیري بادشاہت آوے تیري مرضي جیسي آسمان پر ہی زمین پر بھي ہووے ہماري روز کي روٹي آج ہمیں دے اور جس طرح کہ ہم اپنے تقصیرواروں کو معاف کرتے ہیں تو ہماري تقصیریں معاف کر اور ہمیں امتحان میں نہ ڈال بلکہ برے سے بچا * آمین

اور یہہ دعا

اي قادر مطلق اور ہمیشہ کے زندہ خدا تو ہم میں وہ اثر بخشتا ہی کہ اُن چیزوں کا ارادہ کریں اور اُنہیں عمل میں بھي لاویں جو تیري خدائي کي درگاہ میں اچھي اور پسندیدہ ہیں ہم عاجزي سے ان تیرے بندوں کے لیئے التماس کرتے ہیں کہ جن پر ہم نے تیرے مقدس رسولوں کے دستور بموجب اب اپنے ہاتھہ رکھے ہیں تاکہ اِس اشارے سے اُن کو یقین ہو کہ تو اُن پر متوجہہ اور کمال مہربان ہی ہم تیري منت کرتے ہیں کہ تیرا پدرانہ ہاتھہ ہمیشہ اُن پر رہے تیرا روح قدس سدا اُن کے ساتھہ ہووے اور تیرے کلام کے جاننے اور اُس کو عمل میں لانے کي ایسي ہدایت کرے کہ آخر کو وے ہمیشہ کي زندگي حاصل کریں —

[اور کلیسیا نے یہہ بھي مناسب سمجھہ کے ٹھہرایا ھی کہ ھر ایک آدمي جس نے بالغ ھوکے بپتسما پایا ھی اپنے بپتسما کے بعد جتني جلدي ھو سکے بیشپ کے ھاتھہ سے دین پر مستقیم کیا جاوے تاکہ پاک رفاقت میں وہ شامل ھونے کے قابل ھو]

تب اُسقوف کہے

تم یہان خدا اور اِس جماعت کے سامھنے وہ بڑا وعدہ اور اقرار جو تمھارے بپتسما کے وقت تمھارے نام سے کیا گیا تھا دوبارہ کرتے اور اُسے خود مان لیتے اور مضبوط کرتے ھو اور اقرار کرتے ھو کہ اُن سب باتون پر جو تمھارے دھرم باپ اور دھرم ما نے اُس وقت تمھارے واسطے یاکہ تم نے خود اپنے ذمے لي تھیں اعتقاد رکھنا اور عمل کرنا تم پر فرض ھی

ھر ایک بلند آواز سے جواب دیے

مین اقرار کرتا (یا کرتي) ھون

اُسقوف ھماري مدد خداوند کے نام سے ھی

جواب جس نے آسمان اور زمین کو بنایا

اُسقوف خداوند کا نام مبارک ھوجیو

جواب اب سے ھمیشہ تک

اُسقوف خداوند ھماري دعائیں سن

جواب اور ھماري فریاد تیرے پاس پہنچے

اُسقوف ھم دعا مانگیں

ای قادر مطلق اور ھمیشہ کے زندہ خدا تونے مہرباني کرکے اپنے اِن بندون کو پاني اور روح قدس سے سرنو پیدا کیا اور اُن کے سارے گناہ اُن کو معاف کردیئے ھیں ای خداوند ھم تیري منت کرتے ھین کہ روح قدس تسلي دینیوالے سے اُنھیں مضبوط کر اور ھر روز اپنے فضل کي گوناگون نعمتون کي (یعنے) عقل اور فہم کي نعمت حکمت اور روحاني قوت کي نعمت دانائي اور سچي دینداري کي نعمت کي ترقي اُنھیں روز بروز دیا کر اور ای خداوند اپنے پاک خوف کي نعمت سے اُنھیں اب اور ھمیشہ کو معمور کر رکھہ * آمین

دین پر مستقیم هونے کي

ترتیب

یا هاتهه رکهنے کي

اُن پر جو بپتسما پاکے بالغ هوئے هین

روز مستقیم کو وے سب جنهین دین پر مستقیم هونا هی اسقف کے سامهنے حاضر کیئے جاوین اور موقع سے کهڑے رهین تب وه یا کوئي دوسرا خادم الدین جسے وه تهہراوے اس دیباچه کو پڑهے

اس مقصد پر که هاتهه رکهنے کے دستور سے اُس کے عمل مین لانیوالے زیاده‌تر فائده اُٹهاوین اهل کلیسیا نے اِس حکم کا مقرر کرنا مناسب جانا که آگےکو اُسکے سوا کسي پر هاتهه نه رکها جاوے جوکه مذهب کا عقیده خداوند کي دعا اور دسون حکم سنا سکے اور اُن سوالون کا جواب بهي دے سکے جو سوال و جواب کي چهوٹي سي کتاب مین لکهے هین اور اِس حکم کا بجا لانا بهت هي مناسب هی تاکه جو لڑکے که اب جواني کو پهنچے اور اُنهون نے معلوم کیا هی که اُن کے دهرم باپ اور دهرم ما نے بپتسما کے وقت اُن کے لیئے کیا کیا وعدے کیئے تهے خود اپني زباني اور خوشي سے کلیسیا کے روبرو برملا اُنهین ثابت اور مضبوط کرین اور وعده بهي کرین که وے خدا کے فضل سے همیشه اِس کي کوشش مین رهینگے که اُن باتون کو جنکا اُنهون نے اپني خوشي و رضا سے اقرار کیا دل کي سچائي سے کرین

جبکہ لڑکے بالغ ہوں اور عقیدہ و خداوند کی دعا اور دس حکم اپنی زبان میں سنا سکیں اور اوپر کے مختصر سوال و جواب کی دوسری باتوں میں بھی تیار ہو جاویں تب اسقف پاس حاضر کیئے جاویں اور ہر ایک کا ایک دھرم باپ یا ایک دھرم ما ہو کہ دین پر ان کے مستقیم ہونے کا گواہ ٹھہرے

اور جب اسقف خبر دے کہ لڑکے مستقیم ہونے کے واسطے اس پاس حاضر کیئے جاویں تب ہر کلیسیا کا خادم الدین اپنی کلیسیا کے ان سب شخصوں کے نام جو اس کی سمجھ میں اسقف کے آگے مستقیم ہونے کے واسطے حاضر کیئے جانے کے قابل ہوں لیکر یا تو خود حاضر ہو یا کاغذ پر لکھ کر اپنی دستخط کر کے بھیجدے اور اسقف انہوں کو اگر پسند کرے تو نیچے کی ترتیب کے موافق مستقیم کرے

اقرار کرتے هین اور سیانے هونے پر اُنهین اُس اقرار کا پورا کرنا ضرور هوتا هی

سوال عشاء رباني کي ساکریمنٹ کسواسطے مقرر هوئي

جواب اُس قرباني کي همیشه کي یادگاري کے واسطے جو مسیح کي موت سے هوئي اور اُن فائدون کے واسطے جو اُس کے سبب سے همین حاصل هوتے هین

سوال عشاء رباني کا ظاهري جز یا نشان کیا هی

جواب روٹي اور وین جس کے کهانے پینے کا خداوند نے حکم کیا

سوال باطني جز یا وه چیز جس کے یے نشان ٹههرائے گئے کیا هی

جواب مسیح کا بدن اور لهو جسے عشاء رباني مین ایمان‌دار في الحقیقت اور بیشک لیتے اور حاصل کرتے هین

سوال همین اُس سے کیا فائدے ملتے هین

جواب هماري روحین مسیح کے بدن اور لهو سے مضبوط اور تازي هوتي هین جیسا که همارا بدن روٹي اور وین سے

سوال عشاء رباني مین جو شریک هوا چاهتے هین اُنهین کیا کیا ضرور هی

جواب یهه که آیا وے آپ کو آزما کے اپنے پچهلے گناهون سے سچي توبه کرتے اور نئي چال چلنے کا مضبوط اراده رکهتے اور مسیح کے وسیلے خدا کے رحم پر زنده ایمان رکهتے اور شکرگذاري سے اُس کي موت کو یاد اور سب آدمیون سے محبت رکهتے هین یا نهین

هر کلیسیا کا خادم الدین اتوارون اور تیوهارون مین شام کي نماز کے دوسرے ورد کے بعد علانیه کلیسیا کے درمیان اپني کلیسیا کے اُن لڑکون کو جو اُس پاس بهیجے جاوین اوپر کے سوال و جواب مین سے اپني راے کے موافق کوشش کر کے سکهاوے اور آزماے

اور سب ما باپ اور گهروالے اور گهروالیان ایسا کرین که اُن کے لڑکے نوکر اور شاگرد (جنهون نے سوال و جواب نهین سیکها هی) معین وقت پر کلیسیا مین حاضر هوان اور تابعداري کے ساتهه سنین اور خادم الدین سے تعلیم پاتے رهین جب تک که وه سب کچهه نه سیکهه چکین جو اُن کے سیکهنے کے لیئے مقرر هی

سوال

مسیح نے اپني کلیسیا میں کتني ساکریمنٹ مقرر کي هیں
جواب دوهي یعنے بپتسما اور عشاے رباني که جهان هو سکے نجات کے لیئے ضرور هیں

سوال ساکریمنٹ سے کیا مراد هی
جواب اُس سے یهه مراد هی که وه باطني اور روحاني فضل کا جو هم کو ملتا ایک ظاهري نشان هی که دیکهنے میں آتا جسے مسیح نے آپ مقرر کیا که وه همارے لیئے اُس فضل پانے کا ایک وسیله اور همارے یقین کے واسطے اُس کا ایک رهن هو

سوال ساکریمنٹ کے کی جز هیں
جواب دو ایک تو ظاهري نشان جو دیکهنے میں آتا دوسرا باطني روحاني فضل

سوال بپتسما کا سامان یا اُس کا ظاهري نشان جو دیکهنے میں آتا کیا هی
جواب پاني جسمه آدمي باپ اور بیٹے اور روح قدس کے نام پر بپتسما پاتا هی

سوال باطني روحاني فضل کیا هی
جواب گناه کي نسبت مرنا اور راستبازي کي نسبت سرنو پیدا هونا که هم جو سرشت سے گناه میں پیدا هوکے قهر کے فرزند تهے اُسکے سبب فضل کے فرزند ٹههرتے هیں

سوال اُن کو جو بپتسما پایا چاهتے هیں کیا کیا ضرور هی
جواب توبه جس سے وے گناه کو ترک کرتے هیں اور ایمان جس سے خدا کے اُن وعدوں پر جو اِس ساکریمنٹ میں اُن سے کیئے گئے اعتقاد مضبوط رکهتے هیں

سوال پهر ننهے بچے کسواسطے بپتسما پاتے هیں کیونکه وے تو اپنے بچپن کے سبب یے باتیں بجا نهیں لاسکتے
جواب اِسواسطے که وے اپنے ضامنوں کي معرفت اُن باتوں کا

کا لالچ اور خواهش نه کرنا — بلکه یهه سیکهنا اور کوشش کرنا که وجهه حلال سے اپني روزي پیدا کرون اور جس حالت مین مجهے رکهنا خدا کو منظور هو اُس مین جو کچهه مجهپر فرض و واجب هو اُسے ادا کیا کرون

سوال میرے پیارے لڑکے جان رکهه که تو آپ سے اِن باتون کو عمل مین نهین لاسکتا اور نه خدا کے حکمون پر چل سکتا اور نه اُس کي بندگي کرسکتا هی مگر اُس کے عین فضل سے جس کے واسطے تجهے ضرور هی که بلاناغه کوشش سے دعا مانگا کرے پس مین سنون تو خداوند کي دعا تجهے یاد هی

جواب

ای همارے باپ جو آسمان پر هی تیرے نام کي تقدیس هووے تیري بادشاهت آوے تیري مرضي جیسي آسمان پر هی زمین پر بهي هووے هماري روز کي روٹي آج همین دے اور جس طرح که هم اپنے تقصیروارون کو معاف کرتے هین تو هماري تقصیرین معاف کر اور همین امتحان مین نه ڈال بلکه برے سے بچا * آمین

سوال اِس دعا مین تو خدا سے کیا مانگتا هی

جواب مین اپنے خداوند خدا سے جو همارا آسماني باپ اور سب خوبیون کا بخشنیوالا هی یهه مانگتا هون که وه مجهه پر اور سب لوگون پر اپنا فضل کرے که جیسي همین چاهیئے ویسي هم اُس کي عبادت کرین اُس کي خدمت بجالاوین اور اُس کے تابع رهین اور مین خدا سے مانگتا هون که همارے جسم اور جان کے لیئے جو کچهه ضرور هی وه همین دیا کرے اور هم پر مهربان رهے اور همارے گناه بخش دے اور مهرباني سے سب طرح کے روحاني و جسماني خطرون سے همین بچائے رکهے اور پناه دیوے اور هر طرح کے گناه اور برائي اور همارے روحاني دشمن اور همیشه کي موت سے هماري حفاظت کرے اور مجهے امید هی که وه اپنے رحم اور کرم سے همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے ایسا هي کریگا اور اِس لیئے مین آمین کهتا هون یعنے ایساهي هو

۸ تو چوري نہ کرنا

۹ تو اپنے همسائے پر جهوتهي گواهي نہ دينا

۱۰ تو اپنے همسائے کے گهر کا لالچ نہ کرنا تو اپنے همسائے کي جورو کا لالچ نہ کرنا نہ اُس کے خادم نہ اُس کي خادمہ نہ اُس کے بيل نہ اُسکے گدهے نہ اور کسي چيز کا جو اُس کي هی

سوال تو اِن حکموں سے خاص کر کيا سيکهتا هی

جواب ميں دو بات سيکهتا هوں پهلي اپنے پر خدا کا حق دوسري اپنے پر همسائے کا حق

سوال خدا کا حق تجهپر کيا هی

جواب مجهپر خدا کا حق يهہ هی اُس پر اعتقاد رکهنا — اُس سے ڈرتے رهنا — اور اپنے سارے دل اپني ساري سمجهہ اپني ساري جان اور اپني ساري طاقت سے اُس سے محبت رکهنا — اُس کي پرستش کرنا — اُس کا شکر بهيجنا — اُس پر اپنا پورا بهروسا رکهنا — اُسے پکارا کرنا — اُس کے پاک نام اور کلام کا ادب بجا لانا — اور تمام عمر دل سے اُسکي بندگي کرتے رهنا

سوال همسائے کا حق تجهہ پر کيا هی

جواب همسائے کا حق مجهپر يهہ هی — اُسے ايسا عزيز رکهنا جيسا اپنے تئيں — اور سب آدميوں سے وہ سلوک کرنا جو ميں چاهتا هوں کہ وے مجهہ سے کريں — اپنے ما باپ کي محبت عزت اور مددگاري کرنا — ملکہ اور اُن سب کي جو اُس کي طرف سے حکومت رکهتے هيں عزت اور فرمانبرداري کرنا — اپنے سب حاکموں سکهلانيوالوں دين کے اُستادوں اور خاوندوں کے تابع رهنا — جو مجهہ سے مرتبہ ميں بڑهکر هيں اُن کا ادب اور لحاظ رکهنا — کسي کو نہ قول نہ فعل سے دکهہ پهنچانا — اپنے تمام کاروبار ميں سچا اور راستباز رهنا — اپنے دل ميں کينہ اور دشمني کو جگهہ نہ دينا — اپنے هاتوں کو چوري چهاري سے اور اپني زبان کو برا کهنے جهوتهہ بولنے اور تهمت لگانے سے باز رکهنا — اپنے بدن کو پرهيزگاري هوشياري اور پاکيزگي سے رکهنا — کسي کے مال

سوال کون ہے

جواب

وہی جو خدا نے خروج کے بیسویں باب میں فرمایا کہ میں خداوند تیرا خدا ہوں جو تجھے مصر کی سرزمین اور بندی خانے سے نکال لایا

۱ تو میرے سامھنے کسی دوسرے کو خدا نہ جاننا

۲ تو اپنے لیئے کوئی تراشی ہوئی مورت اور کسی چیز کی صورت جو اوپر آسمان پر یا نیچے زمین پر یا پانی میں جو زمین کے تلے ہی نہ بناتا تو اُن کے سامھنے جھک نہ جانا اور اُن کی بندگی نہ کرنا کیونکہ میں خداوند تیرا خدا غیور خدا ہوں اور باپ دادوں کی بدیوں کی سزا اُن کے لڑکوں کو جو مجھسے کینہ رکھتے ہیں تیسری چوتھی پشت تک دیتا ہوں اور اُن میں سے ہزاروں پر جو مجھسے محبت رکھتے اور میرے حکموں کو بجا لاتے ہیں رحم کرتا ہوں

۳ خداوند اپنے خدا کا نام تو بیجا نہ لینا کیونکہ خداوند اُس کو بیگناہ نہ ٹھہراویگا جو اُس کا نام بیجا لیتا ہی

۴ تو سبت کے دن کو مقدس جان کر یاد رکھنا ۔ چھہ دن تو محنت اور اپنا سب کاروبار کرنا لیکن ساتواں دن خداوند تیرے خدا کا سبت ہی اُس میں کچھہ کام نہ کرنا — نہ تو نہ تیرا بیٹا نہ تیری بیٹی نہ تیرا خادم نہ تیری خادمہ نہ تیرے چارپائے اور نہ بیگانہ جو تیرے دروازے کے اندر ہی کیونکہ چھہ دن میں خداوند نے آسمان اور زمین اور دریا اور جو کچھہ اُن میں ہی بنایا اور ساتویں دن فراغت کی اِسواسطے خداوند نے ساتویں دن کو مبارک کیا اور اُسے مقدس ٹھہرایا

۵ تو اپنی ما اور اپنے باپ کی عزت کرنا تاکہ تیری عمر زمین پر جو خداوند تیرے خدا نے تجھے دی ہی دراز ہووے

۶ تو خون نہ کرنا

۷ تو زنا نہ کرنا

یسوع مسیح کے وسیلے سے اس نجات کی مرتبہ کو مجھے پہنچایا اور خدا سے دعا مانگتا ہون کہ مجھپر وہ اپنا فضل رکھے تاکہ جیتے دم تک اسي حالت مین رہون

سوال اپنے عقیدے کي باتین سنا

جواب

مین اعتقاد رکھتا ہون خدا قادر مطلق باپ پر جو آسمان اور زمین کا پیدا کرنیوالا ھی

اور اُسکے اکلوتے بیتے ھمارے خداوند یسوع مسیح پر جو روح قدس سے پیت مین پڑا کنواري مریم سے پیدا ھوا پنطوس پیلاطوس کي حکومت مین دکھہ اُٹھایا صلیب پر کھینچا گیا مرگیا اور دفن ھوا اور عالم ارواح مین جا اُترا تیسرے دن مردون مین سے جي اُٹھا آسمان پر چڑھہ گیا اور خدا باپ قادر مطلق کے دھنے ھاتھہ بیٹھا ھی جہان سے وہ زندون اور مردون کا انصاف کرنے کو آویگا

مین اعتقاد رکھتا ہون روح قدس پر پاک کلیسیاء جامع پر مقدسون کي رفاقت گناھون کي معافي جسم کے جي اُٹھنے اور ھمیشہ کي زندگي پر * آمین

سوال تو اپنے اِس عقیدے کي باتون سے خاص کر کیا سیکھتا ھی

جواب پہلے یہہ سیکھتا ہون کہ خدا باپ پر جس نے مجھے اور سارے جہان کو پیدا کیا اعتقاد رکھون

دوسرے یہہ کہ خدا بیتے پر جو میرے اور سب انسان کے واسطے کفارہ ہوا اعتقاد رکھون

تیسرے یہہ کہ خدا روح قدس پر جو مجھے اور خدا کے سب چنے ہوئے لوگون کو پاک کرتا ھی اعتقاد رکھون

سوال تم نے کہا کہ تمھارے دھرم باپ اور دھرم ما نے تمھاري بابت وعدہ کیا تھا کہ تم خدا کے حکمون کو بجا لاؤگے بھلا بتاؤ تو وہ کتنے ھین

جواب دس

سوال و جواب

یعنی

تعلیم و تلقین

جس کا سیکھنا اُسقوف کے هاتهه رکھنے سے پہلے هر کسي کو لازم هی

سوال

تمهارا نام کیا هی

جواب فلانا یا فلاني

سوال تمهارا یهه نام کسنے رکها

جواب میرے دهرم باپ اور دهرم ما نے میرے بپتسما پاتے وقت جس سے مین مسیح کا ایک عضو خدا کا فرزند اور آسمان کي بادشاهت کا وارث ٹههرایا گیا

سوال تمهارے دهرم باپ اور دهرم ما نے اُسوقت تمهارے لیئے کیا کیا

جواب اُنهون نے میرے نام پر تین بات کا وعدہ اور اقرار کیا پہلے یهه کہ شیطان اور اُسکے سب کامون اور اس خراب دنیا کي بیهودہ شان و شوکت اور جسم کي سب نفساني خواهشون کو مین ترک کرون دوسرے یهه کہ مین مسیحي دین کے سبب عقیدون پر اعتقاد رکهون اور تیسرے یهه کہ خدا کي پاک مرضي اور حکمون کو مین بجا لاؤن اور زندگي بهر اُنهین پر چلون

سوال کیا تو سمجهتا هی کہ تجهکو ایسا اعتقاد رکهنا اور عمل کرنا ضرور هی جیسا اُنهون نے تیرے واسطے وعدہ کیا

جواب هان البتہ اور خدا مدد کرے تو ایساهي کرونگا اور مین دل سے اپنے آسماني باپ کا شکر کرتا هون کہ اُسنے همارے نجات بخشنیوالے

نیکوکاري اور پرهیزگاري کے ساتهه اس جهان گذران مین زندگاني گذرانین

تب اُن کي طرف جنهون نے بالفعل بپتسما پایا وہ رجوع هوکر کہے)

اور تم پر بهي که اب بپتسما کے سبب مسیح کا جامه پہن لیئے هو واجب و لازم هی که یسوع مسیح پر ایمان لانے سے خدا کے اور نور کے فرزند ٹهہر کر ایسي چال چلو که جیسي تمهاري مسیحي دعوت اور نور کے فرزندون کو مناسب هی اور همیشه یاد رکهو که بپتسما همارے اقرار کا ایک نمونه هی اور اُسکے یهه معنے هین که هم اپنے نجات دینے والے مسیح کے نمونه پر چلین اور اُس کي مانند بن جاوین که جس طرح وہ همارے واسطے موا اور پهر جي اُٹها اُسي طرح هم کو جنهون نے بپتسما پایا هی چاهیئے که گناہ کي نسبت مرین اور راستبازي مین جیئین اور اپني خراب اور نفساني خواهشون کو همیشه دبائے رهین اور روز بروز زندگاني کي تمام نیکي اور دینداري مین آگے بڑهتے جاوین

مناسب هی که هر شخص جو ایسا بپتسما پاوے اُس کے بپتسما کے بعد جتنا جلد هو سکے اُسقوف کے هاتهون دین پر مستقیم کیا جاوے تاکه عشاے رباني مین رسائي پاوے

اگر ایسے شخص جنهون نے اپني لڑکائي مین بپتسما نه پایا هو اُس کے پیشتر که بالغ هوکے خوب جواب دے سکین بپتسما کے واسطے حاضر کیئے جاوین تو ایمون کے لیئے لڑکون کے علانیه بپتسما کا دستور یا (بڑے دغدغے کي حالت مین) گهر مین بپتسما کا دستور عمل لانا کفایت هی صرف لڑکے کا لفظ شخص کے لفظ سے اگر حاجت هو بدل ڈالین

کلیسیا کے بدن میں پیوند ہوئے اب ان نعمتون پر خدا قادر مطلق کا شکر کرین اور ایک دل ہوکے آسے دعا مانگین کہ وہ اپنی باقی عمر اس طرح کاٹین جیسا کہ اب اُس کا شروع ہوا

تب سب گھٹنے ٹیک کے خداوند کی دعا پڑھین

اي ہمارے باپ جو آسمان پر ہی تیرے نام کی تقدیس ہووے تیری بادشاہت آوے تیری مرضی جیسی آسمان پر ہی زمین پر بھی ہووے ہماری روز کی روٹی آج ہمین دے اور جس طرح کہ ہم اپنے تقصیرواروں کو معاف کرتے ہین تو ہماری تقصیرین معاف کر اور ہمین امتحان مین نہ ڈال بلکہ برے سے بچا * آمین

اي آسمانی باپ ہم فروتنی سے تیرا شکر کرتے ہین کہ تونے مہربانی فرما کے اپنے فضل کے پہچاننے اور اپنے پر ایمان لانے کی طرف ہمین بلایا ہی ہماری اس پہچان کو بڑھا اور ہمین اس ایمان پر ہمیشہ مضبوط رکھہ اپنا روح قدس ان شخصون کو بخش کہ وے ہمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے سرنو پیدا ہوکر اور ہمیشہ کی نجات کے وارث ٹھہر کر تیرے بندے بنے رہین اور تیرے وعدے تک پہنچین اُسی تیرے بیٹے ہمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے جو اُسی روح قدس کی یگانگت مین تیرے ساتھہ سدا زندہ اور سلطنت کرتا ہی * آمین

تب سب کھڑے ہوجاوین اور قسیس اس نصیحت کو جو نیچے مندرج ہی پہلے دھرم باپ اور دھرم ما کی طرف مخاطب ہوکے سناوے

چونکہ ان آدمیون نے تمھارے رو برو یہہ وعدہ کیا ہی کہ شیطان اور اُسکے سب کامون کو ترک کرینگے اور خدا پر اعتقاد رکھینگے اور اُسکی بندگی کرتے رہینگے پس تم یاد رکھو کہ تم پر واجب و لازم ہی کہ اُن کو یاد دلایا کرو کہ کیسا بڑا وعدہ نیت اور اقرار اُنھون نے یہان اس جماعت کے سامھنے خصوصا تمھارے سامھنے کہ اُن کے چنے ہوئے گواہ ہو کیا ہی اور تم کو یہہ بھی لازم ہی کہ اُنھین اُبھارا کرو کہ وے بڑی کوشش کرکے خدا کے کلام مقدس کی صحیح تعلیم حاصل کرین تاکہ نعمت اور ہمارے خداوند یسوع مسیح کی پہچان مین ترقی کرین اور ایمانداری

تیرے رحم سے ای مبارک خداوند خدا جو ابدتک زندہ اور سب چیزون پر حکومت کرتا هی * آمین

ای قادر مطلق اور همیشہ کے زندہ خدا جس کے کمال عزیز بیتے یسوع مسیح نے همارے گناهون کي معافي کے لیئے اپنے بیش قیمت پهلو سے پاني اور لهو بهي بهایا اور اپنے شاگردون کو فرمایا کہ جاکے سب قومون کو سکهاوین اور باپ اور بیتے اور روح قدس کے نام پر اُنهین بپتسما دیوین هم تیري منت کرتے هین کہ اپني اس جماعت کي درخواستون پر متوجہ هو گناہ کے روحاني غسل کے لیئے اس پاني کو پاک کر اور یہہ بخش کہ یے آدمي جو اب اُس مین بپتسما پایا چاهتے هین تیرے فضل سے معمور هو جاوین اور تیرے ایماندار اور برگزیدے فرزندون کے شمار مین همیشہ رهین همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

تب قسیس هر شخص کا جو بپتسما کے واسطے آیا هی دهنا هاتهہ پکڑ کے موقع سے مصطبغ کے پاس اپني راے کے موافق لاکے دهرم باپ و دهرم ما سے نام پوچهے اور تب اُسے پاني مین ڈباوے یا اُس پر پاني ڈالے اور کهے

فلانے مین تجهے باپ اور بیتے اور روح قدس کے نام پر بپتسما دیتا هون * آمین

تب قسیس کهے

هم اس شخص کو مسیحي جماعت کے گلے مین شامل کرتے هین* اور اُس پر صلیبي خط اس بات کا نشان کهینچتے هین کہ آگے کو مسیح مصلوب پر اعتقاد رکهنے کے اقرار سے وہ نہ شرماوے اور اُس کے جهنڈے تلے گناہ اور دنیا اور شیطان سے مردانہ لڑے اور جیتے دم تک مسیح کا وفادار سپاهي اور خدمت گذار بنا رهے * آمین

* اس جگهہ قسیس اس شخص کے ماتهے پر صلیبي صورت کهینچے

تب قسیس کهے

اي پیارے بهائیو ازبسکہ ان شخصون نے نیا جنم پایا اور مسیحي

اور اُس کے اکلوتے بیتّے ہمارے خداوند یسوع مسیح پر اور کہ وہ روح قدس سے پیٹ میں پڑا کنواري مریم سے پیدا ہوا پنطوس پیلاطوس کي حکومت میں اُسنے دکھہ اُٹھایا صلیب پر کھینچا گیا مرگیا اور دفن ہوا اور عالم ارواح میں جا اُترا تیسرے دن مردون میں سے جي اُٹھا آسمان پر چڑھہ گیا اور خدا باپ قادر مطلق کے دھنے ہاتھہ بیٹھا ہی جہان سے وہ دنیا کے آخر زندون اور مردون کا انصاف کرنیکو پھر آویگا

تو اعتقاد رکھتا ہی روح قدس پر پاک کلیسیاء جامع پر مقدسون کي رفاقت گناہون کي معافي جسم کے جي اُٹھنے اور مرنے کے بعد ہمیشہ کي زندگي پر

جواب ان سب پر میں پورا اعتقاد رکھتا ہون

سوال

کیا تو اس اعتقاد پر بپتسما چاہتا ہی

جواب یہہ میري آرزو ہی

سوال

کیا تو فرمانبرداري کے ساتھہ خدا کي پاک مرضي اور حکمون کو بجا لائیگا اور عمر بھر اُن کے موافق چلیگا

جواب ہان خدا کي مدد پاکر کوشش کرونگا کہ اسي طرح چلون

تب قسیس کہے

اي مہربان خدا یہہ بخش کہ پرانا آدم اِن شخصون میں ایسا گاڑا جاوے کہ اُن میں نیا آدمي جي اُٹھے * آمین

یہہ بخش کہ اُن کي سب جسماني خواہشیں مرجاویں اور سب باتیں جو روح سے علاقہ رکھتي ہیں اُن میں زندہ ہون اور بڑھیں * آمین

یہہ بخش کہ ایسي قوت اور قدرت حاصل کریں کہ شیطان اور دنیا اور جسم پر غالب آویں اور فتح پاویں * آمین

یہہ بخش کہ یے جو اب ہمارے عہدہ اور خدمت سے تیري نذر کیئے جاتے ہیں بہشتي خو سے آراستہ ہو جاویں اور ہمیشہ کا اجر پاویں

اور همین اس ایمان پر همیشه مضبوط رکهه اپنا روح قدس ان شخصون کو بخش که وه نئے سرسے پیدا هون اور همیشه کي نجات کے وارث بن جاوین همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے جو تیرے اور روح قدس کے ساتهه اب اور همیشه زنده اور سلطنت کرتا هی * آمین

تب قسیس اُن شخصون کو جو بپتسما کے واسطے آئے هیں یون کہے

اي بڑے پیارو جو یهان پاک بپتسما پانیکي آرزو پر آئے هو تم نے سنا هی که اس جماعت نے کیسي دعا مانگي که همارا خداوند یسوع مسیح توجهه فرما کے تم کو قبول کرے اور برکت دیوے تم کو تمهارے گناهون سے خلاصي بخشے تم کو آسمان کي بادشاهت اور همیشه کي زندگي عنایت فرماوے تم نے یهه بهي سنا هی که همارے خداوند یسوع مسیح نے اپنے مقدس کلام مین اِن سب چیزون کا جنکے واسطے هم نے دعا مانگي هی دینے کا وعده کیا هی وه تو آپ یقیناً یهه وعده یاد رکهیگا اور پورا کریگا

اسلیئے مسیح کے ایسے وعدے کے بعد تم کو بهي ضرور هی که اپني بابت اپنے ان گواهون اور اس ساري جماعت کے سامهنے ایمان کے رو سے وعده کرو که شیطان اور اُس کے سب کامون کو تم ترک کروگے اور خدا کے مقدس کلام پر همیشه اعتقاد رکهوگے اور اُس کے حکمون کے تابع رهوگے

تب قسیس هر ایک سے جس کو بپتسما دینا هی یے سوال کرے

سوال

کیا شیطان اور اُس کے سب کامون کو اور دنیا کي بیهوده شان و شوکت کو اُس کے تمام لالچ سمیت اور جسم کي نفساني خواهشون کو تو ایسا ترک کرتا هی که اُن کي پیروي نه کریگا اور نه اُن کے بند مین رهیگا

جواب مین اُن سب کو ترک کرتا هون

سوال

کیا خدا قادر مطلق باپ پر جو آسمان اور زمین کا بنانیوالا هی تو اعتقاد رکهتا هی

بڑي ضرورت جهان عمل مين لانے كي جگهه هی دريافت كرسكتے هو پهر مقدس مرقس كي انجيل كے آخر باب مين بهي وه باتين لكهي هين جنسے اِس دستور كا بڑا فائده سمجها جاتا هی كه آپ نے آسمان پر جاتے هوئے اپنے شاگردون كو فرمايا كه تم تمام جهان مين جاؤ اور هرايك مخلوق كے سامهنے انجيل كي منادي كرو جوكه ايمان لاتا اور بپتسما پاتا هی نجات حاصل كريگا اور جو ايمان نهين لاتا اُس پر سزا كا حكم هوگا اِسي طرح جبكه مقدس پطرس رسول نے انجيل كي منادي پهلےكي بهتون كے دل چهد گئے اور اُنهون نے اُس سے اور باقي رسولون سے پوچها كه اي بهائيو هم كيا كرين تب پطرس نے اُنهين جواب ديا كه توبه كرو اور هرايك تم مين سے گناه كي معافي كے ليئے بپتسما لے كه تم روح قدس انعام پاؤگے اِس ليئے كه يهه وعده تم سے اور تمهارے لڑكون سے هی اور اُن سب سے جو دور هين جتنون كو همارا خداوند خدا بلاويگا اور كتني اور باتون سے اُنهين سمجهايا اور كها تم اپنے تئين اِس ٹيڑهي قوم سے بچاؤ كيونكه (جيسے وهي رسول دوسرے مقام مين گواهي ديتا هی) يسوع مسيح كے جي اُٹهنے كے سبب بپتسما اب همين بهي بچاتا هی (وه تو بدن كي ميل چهڑاني نهين بلكه نيك نيتي سے خدا كو جواب دينا هی) پس تم شك نه ركهو بلكه يقين كے ساتهه ايمان لاؤ كه وه اِن آدميون كو جو حاضر هين اور سچي توبه كرتے و ايمان كے ساتهه اُس پاس آئے هين رضامندي سے قبول كريگا اُن كے گناه بخشيگا اور اُنهين روح قدس عنايت فرماويگا اور اُنهين حيات ابدي كي بركت ديگا اور اپني هميشه كي بادشاهت مين شريك كريگا

اسواسطے هم اپنے آسماني باپ كے نيك ارادے كو جو اُس نے اپنے بيٹے يسوع مسيح كي زباني اِن شخصون كي بابت ظاهر كيا جب يون مان ليتے تو هم ايمانداري اور دينداري سے اُس كا شكر كرين اور كهين

اي قادر مطلق اور هميشه كے خدا آسماني باپ هم فروتني سے تيرا شكر كرتے هين كه تونے مهرباني فرما كے اپنے فضل كے پهچاننے اور اپنے پر ايمان لانے كي طرف همين بلايا هی هماري اِس پهچان كو بڑها

ڈھونڈھو تم پاؤگے کھٹکھٹاؤ تمھارے لیئے کھول دیا جائیگا اِسي طرح اب ھم کو جو مانگتے ھیں دے ھمیں جو ڈھونڈھتے ھیں ملے ھمارے واسطے جو کھٹکھٹاتے ھیں دروازہ کھول تاکہ یے شخص تیرے آسماني غسل کي دائمي برکت حاصل کریں اور اُس ابدي بادشاھت میں جس کا تونے ھمارے خداوند مسیح کے وسیلے سے وعدہ کیا ھی پہنچیں * آمین

تب جماعت کھڑي ھو جاوے اور قسیس کہے

انجیل کي باتیں سنو جو مقدس یوحنا نے تیسرے باب کي پہلي آیت سے شروع کرکے لکھي ھیں

فریسیوں میں سے ایک شخص نیقودیمس نام یہودیوں کا ایک سردار تھا اُسنے رات کو یسوع کے پاس آکر کہا کہ ربي ھم جانتے ھیں کہ تو خدا کي طرف سے معلم ھوکے آیا کیونکہ کوئي شخص یے معجزے جو تو دیکھاتا ھی جب تک خدا اُس کے ساتھ نہ ھو نہیں دیکھا سکتا یسوع نے جواب دیکر اُسے کہا میں تجھسے سچ سچ کہتا ھوں اگر کوئي سرنو پیدا نہ ھو تو وہ خدا کي بادشاھت کو دیکھ نہیں سکتا نیقودیمس نے اُسے کہا آدمي جب بوڑھا ھوگیا تو کیونکر پیدا ھوسکتا ھی کیا اُسے یہہ قدرت ھی کہ دوبارہ اپني ما کي پیٹ میں درآئے اور پیدا ھووے یسوع نے جواب دیا کہ میں تجھسے سچ سچ کہتا ھوں اگر آدمي پاني اور روح سے پیدا نہ ھووے تو وہ خدا کي بادشاھت میں داخل ھو نہیں سکتا جو جسم سے پیدا ھوا جسم ھی اور جو روح سے پیدا ھوا روح ھی تعجب نہ کر کہ میں نے تجھے کہا کہ تمھیں سرنو پیدا ھونا ضرور ھی ھوا جدھر چاھتي ھی چلتي ھی اور تو اُس کي آواز سنتا ھی پر نہیں جانتا کہ وہ کہاں سے آتي اور کہاں کو جاتي ھی ھرایک جو روح سے پیدا ھوا ایساھي ھی

اس کے بعد وہ یہہ نصیحت سناوے

اي پیارو اِس انجیل میں تم ھمارے بچانے والے مسیح کے منہہ کي باتیں سنتے ھو کہ جب تک آدمي پاني اور روح سے پیدا نہ ھو وہ خدا کي بادشاھت میں داخل نہیں ھوسکتا جس سے تم اِس ساکریمنٹ کي

تم سے التماس کرتا ہون کہ خدا باپ کو ہمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے پکارو کہ وہ اپني بے شمار رحمت سے اِن آدمیون کو وہ نعمت بخشے جو سرشت سے حاصل نہین ہو سکتي کہ وے پاني اور روح قدس کا بپتسما پاکر مسیح کي مقدس کلیسیا مین شامل ہو جاوین اور اُس کے زندہ عضو بن جاوین

تب قسیس کہے

ہم دعا مانگین

(اور یہان ساري جماعت گھٹنے ٹیکے)

اے قادر مطلق اور ہمیشہ کے خدا تونے اپني بڑي رحمت سے نوح اور اُسکے گھرانے کو پاني مین ہلاک ہونے سے کشتي پر بچایا اور اپني قوم بني اسرائیل کو بھي لال سمندر سے صحیح سلامت پار اُتار لایا اور اُسے اپنے پاک بپتسما کي نشاني دي اور اردن ندي مین اپنے کمال عزیز بیٹے یسوع مسیح کے بپتسما سے پاني کو گناہ کے روحاني دھو ڈالنے کے لیئے پاک ٹھہرایا ہم تیري منت کرتے ہین کہ تو اپني بےحد رحمتون سے اِن اپنے بندون پر مہر کي نظر کر اُن کو روح قدس سے دھو دے اور پاک کر کہ وے تیرے قہر سے رہائي پاکے مسیحي کلیسیا کي کشتي مین جگہہ پاوین اور ایمان مین مضبوط اور امید سے خوش وقت ہوکے اور محبت مین جڑ پکڑ کر اِس دنیا کے دکھہ کي موجون سے ایسا پار اُتر جاوین کہ آخر کو ہمیشہ کي زندگي کي سر زمین کو پہنچین جہان تیرے ساتھہ ابد تک بادشاهي کرین — ہمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

اے قادر مطلق اور خداء باقي محتاجون کے حامي اور اُن سب کے مددگار جو تیري پناہ مین آ چھپتے ہین تو ایمانداروں کي زندگي اور مردون کي قیامت ہی ہم اِن شخصون کے واسطے تجھے پکارتے ہین کہ وے تیرے پاک بپتسما پانے کے واسطے آکر روحاني نئي پیدایش سے اپنے گناہون کي معافي حاصل کرین اے خداوند اُن کو قبول کر جس طرح تونے اپنے پیارے بیٹے کي معرفت وعدہ کیا ہی کہ مانگو تمھین ملیگا

بالغون کے بپتسمے کا دستور

جو کہ آپ جواب دے سکتے هین

جب ایسے شخصون کا جو بالغ هین بپتسما دینا هو تو ما باپ یا اور معقول لوگ اسقوف کو یا آسے جسے وہ اس کام پر مقرر کرے کم سے کم ایک هفتہ آگے اطلاع کرین تاکہ آن کا امتحان بخوبي لیا جاوے کہ آیا آنهون نے مسیحي دین کے اصول مین کماحقه تعلیم پائي هی یا نهین اور تاکہ آن کو نصیحت کي جاے کہ وے نماز اور روزے کے ساتهہ آپ کو اس مقدس ساکریمنت پانے کے لیئے تیار کرین

اگر وے اس قابل تهہرین تو (کسي مقرري اتوار یا تیوهار کو جبکہ لوگ جمع هون) خادم الدین کي راے کے موافق فجر یا شام کي نماز کے پچهلے رسالہ کے بعد فورا دهرم باپ اور دهرم ما آنهین مصطبغ کے پاس حاضر کرین

اور جب وهان کهڑے هون تب قسیس پوچهے کہ تم مین سے جو یهان حاضر لیئے گئے هو کوئي بپتسما پاچکا هی یا نهین اگر جواب مین وے کهین کہ نهین تو قسیس یون کہے

اي پیارو اس سبب سے کہ سب انسان گناہ کے ساتهہ پیٹ مین پڑتے اور پیدا هوتے هین اور جو جسم سے پیدا هوا جسم هی اور وے جو جسماني هین خدا کو راضي نهین کرسکتے بلکہ گناہ مین زندگي گذرانتے اور بهت سي خطائین کیا کرتے هین اور همارا نجات بخشنیوالا مسیح فرماتا هی کہ خدا کي بادشاهت مین کوئي داخل نهین هو سکتا مگر جبکہ وہ پاني اور روح قدس سے پهرکر پیدا هو اور نیا جنم پاوے مین

روح قدس کے نام سے (کہ یہ بپتسما کے لابدل اجزا ہیں) بپتسما پایا ہے کہ نہیں تو قسیس لڑکوں کے علانیہ بپتسما کے دستور بموجب جو اوپر لکھا ہے اُسے بپتسما دیے مگر لڑکے کو پانی میں ڈباتے وقت یہہ کہے

اگر تو بپتسما نہ پاچکا ہو تو فلانے میں تجھے باپ اور بیٹے اور روح قدس کے نام پر بپتسما دیتا ہوں * آمین

ای همارے باپ جو آسمان پر هی تیرے نام کي تقدیس هووے تیري بادشاهت آوے تیري مرضي جیسي آسمان پر هی زمین پر بهي هووے هماري روز کي روٹي آج همین دے اور جس طرح که هم اپنے تقصیرواروں کو معاف کرتے هین تو هماري تقصیرین معاف کر اور همین امتحان مین نه ڈال بلکه برے سے بچا * آمین

ای قادر مطلق اور همیشه کے خدا آسماني باپ هم فروتني سے تیرا شکر کرتے هین که تونے مهرباني فرما کے اپنے فضل کے پهچاننے اور اپنے پر ایمان لانے کي طرف همین بلایا هی هماري اِس پهچان کو بڑها اور همین اِس ایمان پر همیشه مضبوط رکهه اپنا روح قدس اس لڑکے کو بخش که وه همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے سرنو پیدا هوکر اور همیشه کي نجات کا وارث بن کر تیرا بنده بنا رهے اور تیرے وعدے تک پهنچے اُسي تیرے بیٹے همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے جو تیرے اور روح قدس کے ساتهه ابد تک زنده اور سلطنت کرتا هی * آمین

تب قسیس لڑکے کا نام پوچهے اور جب دهرم باپ اور دهرم ما اُسے بتلاوین تب خادم الدین یون کہے

کیا تو اِس لڑکے کے نام پر شیطان اور اُس کے سب کامون کو اور دنیا کي بیهوده شان و شوکت کو اُس کے تمام لالچ سمیت اور جسم کي نفساني خواهشون کو ایسا ترک کرتا هی که تو اُن کي پیروي نه کریگا اور نه اُن کے بند مین رهیگا

جواب مین اُن سب کو ترک کرتا هون

خادم الدین

کیا خدا قادر مطلق باپ پر جو آسمان اور زمین کا بنانیوالا هی تو اعتقاد رکهتا هی

اور اُس کے اِکلوتے بیٹے همارے خداوند یسوع مسیح پر اور که وه روح قدس سے پیٹ مین پڑا کنواري مریم سے پیدا هوا پنطوس پیلاطوس کي حکومت مین اُس نے دکهه اُٹهایا صلیب پر کهینچا گیا مرگیا اور دفن هوا اور عالم ارواح مین جا اُترا تیسرے دن مردون مین سے جي اُٹها

بپتسما پاکر خدا کے فرزندون اور حیات ابدي کے وارثون کے شمار مین شامل ہوا ھی کیونکہ ھمارا خداوند یسوع مسیح ایسے بچون سے اپنا فضل اور کرم روک نہین رکھتا ھی بلکہ کمال محبت سے اُنھین اپنے پاس بلاتا ھی چنانچہ ھماري تسلي کے لیئے مقدس انجیل یون گواھي دیتي ھی

مقدس مرقس ۱۰ باب ۱۳

چھوٹے لڑکون کو وے مسیح پاس لائے تاکہ وہ اُنھین چھووے پر شاگردون نے اُن لانیوالون کو ڈانٹا یسوع یہہ دیکھہ کے بہت ناخوش ہوا اور اُنھین کہا لڑکون کو میرے پاس آنے دو اور اُنھین منع نہ کرو کیونکہ خدا کي بادشاھت ایسون ھي کي ھی مین تمسے سچ کہتا ہون کہ جو کوئي خدا کي بادشاھت کو چھوٹے لڑکے کي طرح قبول نہ کرے وہ اُس مین ھرگز داخل نہ ھوگا اُس نے اُنھین اپني گود مین لیکر اُن پر ھاتھہ رکھے اور اُنھین دعاء خیر دي

انجیل کے پڑھنے کے بعد خادم الدین یہہ مختصر نصیحت انجیل کي باتون پر مناسب

اے پیارو تم اِس انجیل مین ھمارے بچانیوالے مسیح کي باتین سنتے ھو کہ اُس نے حکم کیا کہ لڑکے اُس کے پاس لاویں اور جوکہ اُن کو اُس پاس آنے سے روکتے تھے اُنھین کیونکر ڈانٹا اور سب لوگون کو کیسي نصیحت کرتا ھی کہ اُن کا سا مزاج پیدا کرین تم دیکھتے ھو کہ اُس نے اپنے اِس ظاھري اشارے اور کام سے اپني نیک نیتي اُن پر کس طرح ظاھر کي کہ اُس نے اُنھین گود مین لیا اور اُن پر ھاتھہ رکھہ کے اُن کو دعاء خیر دي پس تم شک نہ لاؤ بلکہ اعتقاد مضبوط رکھو کہ اُس نے اِس لڑکے کو بھي جو حاضر ھی مہرباني سے قبول کیا اور اپني مہر سے اُس کو گود مین لیا ھی اور (چنانچہ اُس نے اپنے پاک کلام مین وعدہ کیا ھی) حیات ابدي کي برکت وہ اُسے دیگا اور اپني ھمیشہ کي بادشاھت مین شریک کریگا اِسواسطے ھم اپنے آسماني باپ کے نیک ارادہ کو جو اُس سے اپنے بیٹے یسوع مسیح کي زباني اِس لڑکے کي بابت ظاھر ھوا جب یون مان لیتے تو ھم ایمانداري اور دینداري سے اُس کا شکر کرین اور اُس دعا کو پڑھین جو خداوند نے خود ھمین سکھائي ھی

اور وے شک نه لاویں که لڑکا جس کا اس طرح بپتسما هوا اُسکا بپتسما شریعت کے موافق اور کافي نهین هی اور اُسے بپتسما پھر نه دیا چاهیئے تسپر بھي جس لڑکے نے اس طرح سے بپتسما پایا اگر جیئے تو مناسب هی که اسواسطے کلیسیا مین حاضر کئے جاوے که اگر اُس موضع کے خادم الدین نے آپ اُس لڑکے کو بپتسما دیا هو بپتسما کے صحیح دستور کي جیسے وہ گھر مین بجالایا تھا سند جماعت کو پهنچیے اس حال مین خادم الدین یون کهے

مین تمهین تحقیق خبر دیتا هون که کلیسیا کے صحیح اور مقرر دستور کے موافق مین نے اِس لڑکے کو فلانے وقت فلاني جگهه کئي گواهون کے سامهنے بپتسما دیا

پر اگر اُس لڑکے کو کسي دوسرے شرعي خادم الدین نے بپتسما دیا هو تو اُس موضع کا جهان وہ لڑکا پیدا هوا یا اُس نے بپتسما پایا هو خادم الدین دریافت کرے اور جانچے که اُس لڑکے نے شریعت کے موافق بپتسما پایا هی یا نهین اس دات کا اگر وے لوگ جو لڑکے کو کلیسیا مین لائے هین یهه جواب دیوین که یهه لڑکا بپتسما پاچکا هی تو خادم الدین اُنسے دریافت کرے اور کهے

کس نے اِس لڑکے کو بپتسما دیا

جب اِس لڑکے نے بپتسما پایا کون حاضر تھا

اِس رفاقت کي کچهه ضروري باتین خوف یا جلدي کے سبب ایسي لچاري کے وقت کهین چھوٹ نه گئي هون اِس لیئے پھر مین تم سے پوچھتا هون

کس چیز سے اِس لڑکے نے بپتسما پایا

کن لفظون سے اِس لڑکے نے بپتسما پایا

جو که لڑکے کو لائے هون اُن کے جواب سے اگر خادم الدین معلوم کرے که سب باتین جس طرح چاهیئے اُسي طرح هوئین تو وہ پھر کر لڑکے کو بپتسما نه دیوے بلکه اُسے سچے مسیحیون کے گلے کا جانکر قبول کرے اور کهے

مین تمهین تحقیق خبر دیتا هون که اس لڑکے کے بپتسما مین سب باتین اچھي طرح اور دستور کے موافق هوئین که وہ جو اصلي گناہ اور خدا کے غضب مین پیدا هوا تھا اب نئي پیدایش کے حوض مین

گھر مین لڑکون کے بپتسما کا دستور

ھر کلیسیا کے خادم الدین پر واجب ھی کہ لوگون کو اکثر خبردار کیا کرے کہ وے اپنے لڑکون کے پیدا ھونے بعد ایک یا دو اتوار یا کوئي اور تیوھار کے دن جو بیچ مین آ جاوے اُن کو بپتسما دلانے مین زیادہ دیر نہ کرین مگر کسي بڑي اور معقول وجہہ کے سبب کہ جسے خادم الدین درست سمجھے

اور یہہ بات بھي اُن کو جتا دیوے کہ وے بغیر کسي بڑے سبب اور ضرورت کے کبھي اپنے گھرون مین اپنے لڑکون کو بپتسما نہ دلاوین پر جب اس کا ضرور ھو تب اس دستور کے موافق بپتسما دیا جاوے

پہلے اُس کلیسیا کا خادم الدین (یا اگر وہ نہ ھو تو کوئي دوسرا شرعي خادم الدین جو مل سکے) اُنھون کے ساتھہ جو حاضر ھون خدا کو پکارے اور خداوند کي دعا اور علانیہ بپتسما کے دستور کي اتني دعائین وقت کے مناسب جتني فرصت ھو پڑھین تب اُن مین سے جو حاضر ھون کوئي اُس لڑکے کا نام رکھے اور خادم الدین اُس پر پاني ڈال کے یہہ کہے

فلانے مین تجھے باپ اور بیٹے اور روح قدس کے نام پر بپتسما دیتا ھون * آمین

تب سب گھٹنے ٹیکین اور خادم الدین خدا کا شکرانہ پڑھے اور کہے

اي کمال رحیم باپ ھم دل سے تیرا شکر کرتے ھین کہ تونے مہرباني کرکے اس لڑکے کو اپنے روح قدس سے سر نو پیدا کیا ھی اسے اپنا منہہ بولا بیٹا بنایا ھی اور اپني پاک کلیسیا مین پیوند کیا ھی ھم عاجزي سے تیري منت کرتے ھین کہ جس طرح وہ تیرے بیٹے کي موت کا شریک ھوا اُس کے جي اُٹھنے کا بھي شریک ھووے ایسا کہ آخر کو تیرے مقدسون کے باقي ماندون کے ساتھہ وہ تیري ھمیشہ کي بادشاھت مین حصہ پاوے اُسي تیرے بیٹے ھمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

تب وہ یہہ بھی کہے ·

تم خبردار رہو کہ یہہ لڑکا جبکہ رسولوں کا عقیدہ اور خداوند کي دعا اور دسون حکم اپني زبان مین سنا سکتا هی اور اِس کے سوا کلیسیا کے سوال جواب کي جو اِسي مطلب کے واسطے مقرر ہوا هی تعلیم پائي تو وہ دین پر مستقیم ہونے کو اُسقوف کے پاس حاضر کیا جاوے

خدا کے کلام سے ثابت هی کہ جو لڑکے بپتسما پاکر اِس سے پہلے کہ کوئي گناہ اُن سے ہو جاوے مرجاتے بیشک نجات پاتے هین

صلیب کا نشان جو بپتسما مین کیا جاتا هی اُس کے صحیح معنے اور روا رکھنے کي وجہہ تیسوین قانون مین جو سنہ ایک هزار چھہ سو چار کے درمیان جاري ہوا دیکھہ لیا جاوے تاکہ تمام شبہہ دور ہو جاوے

منہہ بولا بیٹا بنایا هی اور اپني پاک کلیسیا میں پیوند کیا هی هم عاجزي سے تیري منت کرتے هیں یہہ بخش کہ وہ گناہ کي نسبت مرکے راستبازي میں زندہ اور مسیح کي موت اور اُس کے دفن هونیکا شریک هوکے پراني انسانیت کو صلیب دے اور گناہ کے سارے بدن کو بالکل نیست و نابود کر ڈالے اور جس طرح وہ تیرے بیٹے کي موت کا شریک هوا اُس کے جي اُٹھنے کا بھي شریک هووے ایسا کہ آخر کو تیري مقدس کلیسیا کے باقي ماندوں کے ساتھہ تیري همیشہ کي بادشاهت میں حصہ پاوے همارے خداوند مسیح کے وسیلے سے * آمین

تب سب کھڑے هوں اور قسیس دھرم باپ اور دھرم ما کو یوں نصیحت کرے

جب کہ اِس لڑکے نے تمهارے وسیلے سے جو اُسکے ضامن هو یہہ وعدہ کیا هی کہ شیطان اور اُس کے سب کاموں کو ترک کریگا اور خدا پر اعتقاد رکھیگا اور اُس کي بندگي کیا کریگا پس تم یاد رکھو کہ تمپر واجب اور لازم هی کہ یہہ لڑکا جب سیکھنے کے لایق هو تب سکھایا جاوے کہ کیسا بڑا وعدہ نیت اور اقرار اُس نے یہان تمهاري معرفت کیا هی اور جس میں وہ اِن باتوں کو بخوبي دریافت کرے تمهیں مناسب هی کہ اُسے نصیحت سننے کو بلایا کرو اور خاص کر تم خبردار رهو کہ رسولوں کا عقیدہ اور خداوند کي دعا اور دسوں حکم اور جو جو باتیں جنکا جاننا اور ماننا مسیحي کو اپني جان بچانے کے واسطے ضرور هی وہ اپني زبان میں سیکھے اور یہہ لڑکا ایسي نیکي کي تربیت پاوے کہ خدا پرستي کي راہ اور مسیحي چال چلے اور همیشہ یاد رکھے کہ بپتسما همارے اقرار کا ایک نمونہ هی اور اُسکے یہہ معنے هیں کہ هم اپنے بچانیوالے مسیح کے نمونہ پر چلیں اور اُسي کي مانند بن جاویں کہ جس طرح وہ همارے واسطے موا اور پھر جي اُٹھا اُسي طرح هم کو جنھوں نے بپتسما پایا هی چاهیئے کہ گناہ کي نسبت مریں اور راستبازي میں جیئیں اور اپني تمام خراب اور نفساني خواهشوں کو همیشہ مارتے رهیں اور روز بروز چال چلن کي ساري نیکي اور دینداري میں آگے بڑھتے جاویں * آمین

پر اگر وے کہیں کہ لڑکا کمزور ہے تو اُس پر صرف پانی ڈالنا کفایت ہے اور جیسے اوپر ذکر ہوا کہے

فلانے میں تجھے باپ اور بیٹے اور روح قدس کے نام پر بپتسما دیتا ہوں * آمین

تب قسیس کہے

ہم اِس لڑکے کو مسیحي جماعت کے گلے میں شامل کرتے ہیں * اور اُس پر صلیبي خط اِس بات کا نشان کھینچتے ہوں کہ آگے کو مسیح مصلوب پر اعتقاد رکھنے کے اقرار سے وہ نہ شرماوے اور اُس کے جھنڈے تلے گناہ اور دنیا اور شیطان سے مردانہ لڑے اور جیتے دم تک مسیح کا وفادار سپاہي اور خدمت گذار بنا رہے * آمین

* اس جگہہ قسیس لڑکے کے ماتھے پر صلیبي صورت کھینچے

تب قسیس کہے

اي پیارے بھائیو ازبسکہ اِس لڑکے نے نیا جنم پایا اور مسیحي کلیسیا کے بدن میں پیوند ہوا اب ان نعمتوں پر خدا قادر مطلق کا شکر کریں اور ایک دل ہوکے اُس سے دعا مانگیں کہ یہہ لڑکا اپني باقي عمر اِس طرح کاٹے جیسا کہ اب اُس کا شروع ہوا

تب سب گھٹنے ٹیک کے یہہ کہیں

اي ہمارے باپ جو آسمان پر ہے تیرے نام کي تقدیس ہووے تیري بادشاہت آوے تیري مرضي جیسي آسمان پر ہے زمین پر بھي ہووے ہمارے روز کي روٹي آج ہمیں دے اور جس طرح کہ ہم اپنے تقصیرواروں کو معاف کرتے ہیں تو ہماري تقصیریں معاف کر اور ہمیں امتحان میں نہ ڈال بلکہ برے سے بچا * آمین

تب قسیس کہے

اي کمال رحیم باپ ہم دل سے تیرا شکر کرتے ہیں کہ تونے مہرباني کرکے اِس لڑکے کو اپنے روح قدس سے سرنو پیدا کیا ہے اُسے اپنا

ای مہربان خدا یہہ بخش کہ پرانا آدم اِس لڑکے میں ایسا گاڑا جاوے کہ اُس میں نیا آدمي جي اُٹھے * آمین

یہہ بخش کہ اُس کي سب جسماني خواهشیں مرجاوین اور سب باتین جو روح قدس سے علاقہ رکھتي هین اُس مین زندہ هون اور بڑھین * آمین

یہہ بخش کہ وہ ایسي قوت اور قدرت حاصل کرے کہ شیطان اور دنیا اور جسم پر غالب آوے اور فتح پاوے * آمین

یہہ بخش کہ جو کوئي اب همارے عهدہ اور خدمت سے تیري نذر کیا جاتا هی بهشتي خو سے آراستہ هو جاوے اور همیشہ کا اجر پاوے تیرے رحم سے ای مبارک خداوند خدا جو ابد تک زندہ اور سب چیزون پر حکومت کرتا هی * آمین

ای قادر مطلق اور همیشہ کے زندہ خدا جسکے کمال عزیز بیٹے یسوع مسیح نے همارے گناهون کي معافي کے لیئے اپنے بیش قیمت پہلو سے پاني اور لہو بهي بهایا اور اپنے شاگردون کو فرمایا کہ جاکے سب قومون کو سکھاوین اور باپ اور بیٹے اور روح قدس کے نام پر اُنهین بپتسما دیوین هم تیري منت کرتے هین کہ اپني اِس جماعت کي درخواستون پر متوجہہ هو گناہ کے روحاني غسل کے لیئے اِس پاني کو پاک کر اور بخش کہ یہہ لڑکا جو اب اس مین بپتسما پایا چاهتا هی تیرے فضل سے معمور هو جاوے اور تیرے ایماندار اور برگذیدے فرزندون کے شمار مین همیشہ رهے همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

تب قسیس لڑکے کو اپنے هاتھوں پر لے اور دھرم باپ اور دھرم ماں سے کہے

اِس لڑکے کا نام رکھو

پھر اُس کا وہ نام لیکے (اگر وے کہین کہ لڑکا بخوبي سہہ سکتا هی) اُسے پاني میں احتیاط و خبرداري سے ڈبائے اور کہے

فلانے مین تجھے باپ اور بیٹے اور روح قدس کے نام پر بپتسما دیتا هون * آمین

پس میں پوچھتا ہوں

کیا تو اس لڑکے کے عوض شیطان اور اُسکے سب کاموں کو اور دنیا کی بیہودہ شان و شوکت کو اُس کے تمام لالچ سمیت اور جسم کی نفسانی خواہشوں کو ایسا ترک کرتا ہی کہ تو اُن کی پیروی نہ کریگا اور نہ اُن کے بند میں رہیگا

جواب میں اُن سب کو ترک کرتا ہوں

خادم الدین

کیا خدا قادر مطلق باپ پر جو آسمان اور زمین کا بنانیوالا ہی تو اعتقاد رکھتا ہی

اور اُس کے اکلوتے بیٹے ہمارے خداوند یسوع مسیح پر اور کہ وہ روح قدس سے پیٹ میں پڑا کنواری مریم سے پیدا ہوا پنطوس پیلاطوس کی حکومت میں دکھہ اُٹھایا صلیب پر کھینچا گیا مرگیا اور دفن ہوا اور عالم ارواح میں جا اُترا تیسرے دن مردوں میں سے جی اُٹھا آسمان پر چڑھہ گیا اور خدا باپ قادر مطلق کے دہنے ہاتھہ بیٹھا ہی جہاں سے وہ دنیا کے آخر زندوں اور مردوں کا انصاف کرنے پھر آویگا

تو اعتقاد رکھتا ہی روح قدس پر پاک کلیسیاء جامع پر مقدسوں کی رفاقت گناہوں کی معافی جسم کے جی اُٹھنے اور مرنے کے بعد ہمیشہ کی زندگی پر

جواب ان سب پر میں پورا اعتقاد رکھتا ہوں

خادم الدین

کیا تو اِس اعتقاد پر بپتسما چاہتا ہی

جواب یہہ میری آرزو ہی

خادم الدین

کیا تو فرمانبرداری کے ساتھہ خدا کی پاک مرضی اور حکموں کو بجا لائیگا اور عمر بھر اُن کے موافق چلیگا

جواب ہاں میں ایسا کرونگا

تب قسیس کہے

اور حیات ابدی کی برکت دیگا اور اُسے اپنی ہمیشہ کی بادشاہت میں شریک کریگا اسواسطے ہم اپنے آسمانی باپ کے نیک ارادے کو جو اُس نے اپنے بیٹے یسوع مسیح کی زبانی اس لڑکے کی بابت ظاہر کیا جب یوں مان لیتے اور کچھہ شک نہیں لاتے ہیں کہ وہ مہربانی سے ہمارے اس محبت کے کام کی پروانگی دیتا ہی کہ اس لڑکے کو اُس کے پاک بپتسما پانے کے لیئے لائے ہیں تو ہم ایمانداری اور دینداری سے اُس کا شکر کریں اور کہیں

ای قادر مطلق اور ہمیشہ کے خدا آسمانی باپ ہم فروتنی سے تیرا شکر کرتے ہیں کہ تونے مہربانی فرما کے اپنے فضل کے پہچاننے اور اپنے پر ایمان لانے کی طرف ہمیں بلایا ہی ہماری اس پہچان کو بڑھا اور ہمیں اس ایمان پر ہمیشہ مضبوط رکھہ اپنا روح قدس اس لڑکے کو بخش کہ وہ نئے سر سے پیدا ہو اور ہمیشہ کی نجات کا وارث بن جاوے ہمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے جو تیرے اور روح قدس کے ساتھہ اب اور ہمیشہ زندہ اور سلطنت کرتا ہی * آمین

تب قسیس دھرم باپ اور دھرم ما سے یوں کہے

ای پیارو تم یہہ لڑکا بپتسما پانے کو یہاں لائے ہو تم نے دعا مانگی ہی کہ ہمارا خداوند یسوع مسیح مہربانی سے اُس کو قبول کرے اُس کو اُس کے گناہوں سے خلاصی دے اُس کو روح قدس کے وسیلے سے پاک کرے اُسے آسمانی بادشاہت اور ہمیشہ کی زندگی بخشے تم نے یہہ بھی سنا ہی کہ جو چیزیں تم نے مانگی ہیں اُن سب کے دینے کا ہمارے خداوند یسوع مسیح نے اپنی انجیل میں وعدہ کیا ہی وہ تو آپ یقینا یہہ وعدہ یاد رکھیگا اور پورا کریگا اس لیئے مسیح کے ایسے وعدے کے بعد اس لڑکے کو بھی ضرور ہی کہ وہ اپنے واسطے تمہارے وسیلے سے جو اُسکے ضامن ہو (جب تک وہ سیانا ہوکے اس بات کو اپنے ذمے لے) سچا وعدہ کرے کہ شیطان اور اُس کے سب کاموں کو وہ ترک کریگا اور خدا کے مقدس کلام پر ہمیشہ اعتقاد رکھیگا اور اُس کے حکموں کا تابعدار رہیگا

تیرے پاک بپتسما پانے کے واسطے آکر روحاني نئي پیدایش سے اپنے گناھون کي معافي حاصل کرے ای خداوند اُس کو قبول کر جس طرح تونے اپنے پیارے بیٹے کي معرفت وعدہ کیا ھی کہ مانگو تمھین ملیگا ڈھونڈھو تم پاؤگے کھٹکھٹاؤ تمھارے لیئے کھولا جائیگا اسي طرح اب ھم کو جو مانگتے ھین دے ھمین جو ڈھونڈھتے ھین ملے ھمارے واسطے جو کھٹکھٹاتے ھین دروازہ کھول تاکہ یہہ لڑکا تیرے آسماني غسل کي دایمي برکت حاصل کرے اور اُس ابدي بادشاھت مین جس کا تونے ھمارے خداوند مسیح کے وسیلے سے وعدہ کیا ھی پہنچے * آمین

تب جماعت کھڑي ھو اور قسیس کہے

انجیل کي باتین سنو جو مقدس مرقس نے دسوین باب کي تیرھوین آیت مین لکھي ھین

چھوٹے لڑکون کو وے مسیح پاس لائے تاکہ وہ اُنھین چھوئے پر اُس کے شاگردون نے اُن لانیوالون کو ڈانٹا یسوع دیکھہ کے بہت ناخوش ھوا اور اُنھین کہا لڑکون کو میرے پاس آنے دو اور اُنھین منع نہ کرو کیونکہ خدا کي بادشاھت ایسون ھي کي ھی مین تم سے سچ کہتا ھون کہ جو کوئي خدا کي بادشاھت کو چھوٹے لڑکے کي طرح قبول نہ کرے وہ اُس مین ھرگز داخل نہ ھوگا اُس نے اُنھین اپني گود مین لیکر اُن پر ھاتھہ رکھے اور اُنھین دعاء خیر دي

انجیل کے پڑھنے بعد خادم الدین یہہ مختصر نصیحت انجیل کي باتون سے ملاوے

ای پیارو تم اس انجیل مین ھمارے بچانیوالے مسیح کي باتین سنتے ھو کہ اُس نے حکم کیا کہ لڑکے اُس کے پاس لاوین اور جو کہ اُن کو اُس پاس آنے سے روکتے تھے اُنھین کیونکر ڈانٹا اور سب لوگون کو کیسي نصیحت کرتا ھی کہ اُن کا سا مزاج پیدا کرین تم دیکھتے ھو کہ اُس نے اپنے اس ظاھري اشارے اور کام سے اپني نیک نیتي اُن پر کس طرح ظاھر کي کہ اُس نے اُنھین گود مین لیا اور اُن پر ھاتھہ رکھکے اُن کو دعاء خیر دي پس تم شک نہ لاؤ بلکہ اعتقاد مضبوط رکھو کہ وہ اس لڑکے کو بھي جو حاضر ھی مہرباني سے قبول کریگا اور اپني مہر سے اُسکو گود مین لیگا

اي عزيزو ازبسکہ سب انسان گناہ کے ساتھہ پيٹ مين پڑتے اور پيدا هوتے هين اور همارا نجات بخشنے والا مسيح فرماتا هي کہ جبتک آدمي پاني اور روح قدس سے سرنو پيدا نہ هو اور نيا جنم نہ پاوے وہ خدا کي بادشاهت مين داخل نهين هو سکتا مين تمهاري منت کرتا هون کہ همارے خداوند يسوع مسيح کے وسيلے سے خدا باپ کو پکارو کہ وہ اپني بڑي رحمت سے اس لڑکے کو وہ نعمت بخشے جو سرشت سے اُس کو حاصل نهين هوسکتي کہ وہ پاني اور روح قدس کا بپتسما پاکر مسيح کي پاک کليسيا مين شامل هو اور اُس کا ايک زندہ عضو بن جاوے

تب قسيس کہے

هم دعا مانگين

اي قادر مطلق اور هميشہ کے خدا تونے اپني بڑي رحمت سے نوح اور اُس کے گهرانے کو پاني مين هلاک هونے سے کشتي پر بچايا اور اپني قوم بني اسرائيل کو بهي لال سمندر سے صحيح سلامت پار اُتار لايا اور اُس سے اپنے پاک بپتسما کي نشاني دي اور اردن ندي مين اپنے کمال عزيز بيٹے يسوع مسيح کے بپتسما سے پاني کو گناہ کے روحاني دهو ڈالنے کے ليئے پاک ٹهرايا هم تيري منت کرتے هين کہ تو اپني بے حد رحمتون سے اس لڑکے پر مهر کي نظر کر اُس کو روح قدس سے دهو دے اور پاک کر کہ وہ تيرے قهر سے رهائي پاکے مسيحي کليسيا کي کشتي مين جگهہ پاوے اور ايمان مين مضبوط اور اميد سے خوش وقت هوکے اور محبت مين جڑ پکڑکر اس دنيا کے دکهہ کي موجون سے ايسا پار اُتر جاوے کہ آخر کو هميشہ کي زندگي کي سر زمين کو پهنچے جهان تيرے ساتهہ ابد تک بادشاهي کرے — همارے خداوند يسوع مسيح کے وسيلے سے *

آمين

اي قادر مطلق اور باقي خدا سارے محتاجون کے حامي اور اُن سب کے مددگار جو تيري پناہ مين آ چهپتے هين تو ايماندارون کي زندگي اور مردون کي قيامت هي هم اس لڑکے کے واسطے تجهے پکارتے هين کہ وہ

لڑکون کے علانیہ بپتسما کا دستور

جو

کلیسیا کے درمیان عمل میں آوے

لوگ سمجھائے جاوین که بہت مناسب هی که اتوارون اور دوسرے تیوهارون کے سوا جب که لوگ بہت سے جمع هوتے هین بپتسما کا دستور کرنے مین نه آوے اس لیئے که حاضرین کي جماعت اُن کي جو بپتسما پاتے هین مسیحي کلیسیا کے شمار مین مقبول هونے کي گواهي دیوے اور اس لیئے بھي که هرایک جو وهان حاضر هو لڑکون کے بپتسما سے اُس وعدے کو یاد کرے جو اُس نے خود اپنے بپتسما کے وقت خدا سے کیا تھا اور اسواسطے لازم هی که بپتسما اُس وقت کے لوگون کي بولي مین کیا جاوے تاهم (اگر ضرور هو) لڑکون کے بپتسما کا دستور کسي اور روز بھی هوسکتا هی

خبردار هرایک بیٹے کے لیئے جسے بپتسما کے واسطے لاوین دو دهرم باپ اور ایک دهرم ما اور هرایک بیٹي کے واسطے ایک دهرم باپ اور دو دهرم ما ضرور هی

جب لڑکون کو بپتسما دینا هو تو اُنکے ما باپ ایک دن آگے یا اُسي فجر کو صبح کي نماز سے پہلے خادم الدین کو خبر دیوین ـــ اور تب دهرم باپ اور دهرم ما اور وے لوگ جو لڑکون کے ساتھه هین صبح کي نماز کے پچھلے ورد تمام هونے کے بعد یا شام کي نماز کے پچھلے ورد کے بعد جس طرح خادم الدین کي رائے مین ٹھهرے فورا مصطبغ کے پاس آکر طیار رهین اور قسیس مصطبغ کے پاس (جو اُس وقت صاف پاني سے بھر دیا جاوے) آکر کھڑا رهے اور کهے

اس لڑکے نے بپتسما پایا هی یا نہین

اگر وے کهین که **نہین** تب قسیس یون کهے

کي جو اُس وقت لي جاتي هی یا ته مسیح کے بذاته گوشت اور لهو کي جو جسم کي راه سے حاضر هو پرستش کریں بلکه اُس کي پرستش کرني محض بیجا هی کیونکه رفاقت کي روٹي اور وین جیون کي تیون اپني اصل پر رهتي هی اور اس لیئے پرستش کے لایق نهین که وه بت‌پرستي هی جس سے سب ایمان‌دار مسیحیون کو نفرت کرنا مناسب هی اور همارے نجات دینیوالے مسیح کا اصل بدن اور لهو آسمان پر هی یهان نهین اور یهه بات مسیح کے اصل حقیقي بدن کے برخلاف هی که وه ایک هي وقت ایک جگهه کے علاوه اور جگهون مین هو

تو اُس کے دفع کرنے کو یہہ کفایت هی کہ روٹي ایسي هو جو هر روز کهانے میں آتي هو لیکن اچهي سے اچهي سفید گیهون کي جو میسر هوسکے

اور اگر کچهه روٹي اور وین جس پر دعاے تقدیس نه پڑهي گئي هو بچ جاوے تو خادم الدین اُسے اپنے خرچ میں لاوے مگر جس پر دعاے تقدیس پڑهي گئي هی اگر اُس میں سے بچ جاوے تو کلیسیا کے باهر نه لیجاوین بلکہ قسیس اور رفاقت کے لینےوالے جنهیں وہ اپنے پاس بلاوے وهیں برکت کے کلمے پڑهنے کے بعد اُس کو ادب سے کهاوین پیوین ٭

رفاقت کے لیئے روٹي اور وین خادم الدین اور کلیسیا کے محافظین اهل کلیسیا کے خرچ سے طیار کرین

خبردار هر ایک اهل کلیسیا سال میں کم سے کم تین مرتبہ عشاے ربانی لیوے اُس میں سے ایک بار ایسٹر کے دن هو — اور سال میں ایک دفع ایسٹر کے وقت هر ایک اهل کلیسیا قسیس یا خادم الدین یا اُس کے یا اُن کے نائب یا نائبون کو اپنا حساب دیوے اور جو کچهه اُس پر دستور کے موافق کلیسیا کي نسبت نکلے وهین اور وهیں ادا کرے

جب کہ بندگي سب هوچکے تو نذر جو وصول هوئي هو خادم الدین اور کلیسیا کے محافظین کي راے کے موافق خیرات کے کامون میں خرچ هووے اور اگر اُسمیں آپس کے درمیان کچهه تکرار آ جاوے تو وہ حاکم شرع کے حکم بموجب خرچ کیا جاوے

اس عشاے رباني کے جاري کرنے کے دستور میں حکم هوا هی کہ اُس کے لینے والے گهٹنے ٹیک کے اُسے لین اِس حکم کا مطلب اچها هی کہ اِس سے مسیح کي اُن نعمتون پر جو اهل لیاقت لینیوالون کو ملتي هیں همارے عاجزي اور شکرگذاري مراد هی اور پاک رفاقت کي بابت بے دیني اور بے سروپا باتون سے جو کسي اور طرح سے واقع هو جاوین دفع کرنے کو هی پر اگر بعضے شخص ناداني یا کم فهمي سے یا کینہ یا مگرائي کي راہ سے اِس گهٹنے ٹیکنے کے اُلٹے اور برے معنے ٹههراوین تو اِس لکهے سے جاننا چاهیئے کہ اس گهٹنے ٹیکنے سے یہہ مراد نهین کہ رفاقت کي روٹي یا وین

اى قادر مطلق خدا تمام دانائي کے سرچشمے تو همارے مانگنے سے پیشتر هماري ضروريات کو اور مانگتے وقت هماري ناداني کو جانتا هي هم تيري منت کرتے هين که هماري ناتوانيون پر ترس کها اور اُن چيزون کو جنکے مانگنے کا همين اپني نالايقي کے سبب مقدور نهين اور اپنے اندها پن کے باعث مانگ نهين سکتے تو کرم کرکے اپنے بيتے همارے خداوند يسوع مسيح کي لياقت کے واسطے همين بخش دے * آمين

اى قادر مطلق خدا تونے وعده کيا هي که اُن کي دعاؤن کو جو تيرے بيتے کے نام سے مانگتے هين تو سنيگا هم تيري منت کرتے هين که هم نے اِس وقت جو تيرے حضور دعائين اور منتين کين هين هماري طرف مهرباني سے کان لگا اور يهه بخش که جو چيزين هم نے اعتقاد سے تيري مرضي کے موافق مانگين هين مقرر همين ملين تاکه هماري ضروريات دفع اور تيرا جلال ظاهر هووے — همارے خداوند يسوع مسيح کے وسيلے سے * آمين

اتوارون اور دوسرے تيوهارون کو اگر رفاقت نه هو سب دستور رفاقت کا دعاے عام تک (مسيح کي تمام کليسيا کے واسطے جو اس روے زمين پر لڑهائي مين هي) ايک يا کئي ايک دعاؤن کے ساتهه جو اوپر لکهي گئي هين عمل مين آوے اور برکت کے کلمے کے ساتهه تمام کئي جاوين

اور جبتک عشاے رباني مين شريک هونے کو اتنے لوگ نه آوين جو قسيس کي سمجهه مين کافي هون تو اُس کا دستور عمل مين نه آوے ·

اور اگر اهل کليسا مين بيس شخص سے زياده رفاقت مين شامل هونيکے قابل نه هون تو رفاقت نه هووے مگر جبکه اُن مين سے چار يا کم سے کم تين شخص قسيس کے ساتهه اُس مين شريک هونے کو حاضر هووين

اور کليسياے اسقوف اور کالج کليسيا اور کالج مين جهان بهت سے قسيس اور خادم الدين هين وهان کم سے کم يهه چاهيئے که وے هر اتوار کو قسيس کے ساتهه رفاقت کا دستور عمل مين لاوين مگر جب که اُس کے نه کرنے کي اُلجهن کوئي معقول وجهه هو

اور اگر روٹي اور وين کي به نسبت کوئي اختلاف اور وسواس رکهتا هو يا رکهے

دعائیں کہ جن میں سے جب رفاقت نہ ہو آیتوں کے پڑھنے اور نذروں کے جمع کرنے بعد ایک یا زیادہ پڑھي جاویں اور اگر کوئي وجہہ ہو تو صبح شام کي نماز کي دعاؤں یا رفاقت یا لیتنئي کے بعد خادم الدین کي راے کے موافق پڑھي جاویں

اے خداوند ہماري اِن درخواست اور دعاؤں میں مہرباني سے ہماري مدد کر اور اپنے بندوں کي راہ ہمیشہ کي نجات حاصل کرنیکے لیئے درست کر تاکہ اِس عالم فاني کي تمام تغیري اور ناگہانیوں کے درمیان وے تیرے کمال کرم اور شتاب مدد کے باعث ہمیشہ محفوظ رہیں — ہمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

اے قادر مطلق خداوند اور ہمیشہ کے خدا ہم تیري منت کرتے ہیں کہ تو مہر کرکے اپني شریعتوں کي راہوں اور اپنے حکموں کو بجا لانے پر ہمارے دل اور بدن دونوں کي ہدایت و پاکیزگي اور حکومت فرما کہ تیري کمال قدرت کي حفاظت سے اب اور ہمیشہ کو ہم جان اور تن سے سلامت رہیں — ہمارے خداوند اور نجات دینے والے یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

اے قادر مطلق خدا ہم تیري منت کرتے ہیں یہہ توفیق بخش کہ جو باتیں ہم نے آج اپنے ظاہري کانوں سے سني ہیں تیرے فضل سے ہمارے دلوں کے اندریوں پیوند ہو جاویں کہ وے تیرے نام کي عزت اور تعریف کے لیئے نیک چال کا پھل ہم میں لاویں — ہمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

اے خداوند اپنے کمال کرم و فضل سے ہمارے سب کاموں میں ہماري پیشوائي کر اور اپني ہمیشہ کي مدد سے ہمیں آگے بڑھا کہ ہم اپنے سب کاموں کے درمیان جو اول اور آخر اور بیچ میں تجھي سے ہوں تیرے پاک نام کي بڑائي کریں اور تیرے رحم سے آخر کو ہمیشہ کي زندگي پاویں — ہمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

همیشه کی بادشاهت کے وارث بهی هوئے هین اور ای آسمانی باپ هم نهایت فروتنی سے تیری منت کرتے هین که اپنے فضل سے هماری ایسی مدد کر که هم اِس پاک رفاقت مین بنے رهین اور اُن سب اچهے کامون کو کیا کرین جن کا تونے آگے سے بندوبست کیا هی که هم اُنهین کرتے رهین — همارے خداوند یسوع مسیح کے سبب سے جسے تیرے اور روح قدس کے ساتهه تمام عزت اور جلال ابد تک هووے * آمین

تب یهه پڑها یا گایا جاوے

عالم بالا پر خدا کو جلال اور زمین پر سلامتی اور آدمیون کو رضامندی هم تیری تعریف کرتے هین هم تجهے مبارک جانتے هین هم تیری عبادت بجا لاتے هین هم تیرا جلال ظاهر کرتے هین هم تیری بڑی عظمت کے لیئے تیرا شکر بهیجتے هین ای خداوند خدا آسمانی بادشاه خدا قادر مطلق باپ

ای خداوند ایک هی مولود بیٹے یسوع مسیح — ای خداوند خدا — خدا کے برے باپ کے بیٹے جو جهان کے گناهون کو لیجاتا هی هم پر رحم کر — تو جو جهان کے گناهون کو لیجاتا هی هم پر رحم کر — تو جو جهان کے گناهون کو لیجاتا هی هماری دعا قبول کر — تو جو خدا باپ کے داهنے هاتهه بیٹها هی هم پر رحم کر

کیونکه توهی صرف قدوس هی — تو صرف خداوند هی — توهی اکیلا ای مسیح روح قدس کے ساتهه خدا باپ کے جلال مین اعلی درجه پر هی * آمین

تب قسیس (یا اسقوف اگر موجود هو) یهه برکت کے کلمے کهکے جماعت کو وداع کرے

سلام الله جو تمام فهم سے باهر هی تمهارے دلون اور خیالون کو خدا کی اور اُس کے بیٹے یسوع مسیح همارے خداوند کی پهچان اور محبت مین نگهبانی کرے اور خدا قادر مطلق باپ بیٹے اور روح قدس کی برکت تمهارے بیچ هووے اور تم پر همیشه رهے * آمین

اُس کے بعد یہہ پڑھي جاوے

اي خداوند اور آسماني باپ هم تیرے عاجز بندے تیري پدرانه خوبي سے بالکل یہہ چاهتے هیں که تو مهرباني سے همارے اس شکر اور تعریف کي قرباني قبول کرے اور هم کمال فروتني سے تیري منت کرتے هیں که تو اپنے بیٹے یسوع مسیح کے ثواب اور اُس کي موت کے سبب اور اُس کے لهو کے اعتقاد کے باعث یہه بخش که هم اور تیري ساري کلیسیا اپنے گناهوں کي معافي اور اُس کے دکهه کے دوسرے سب فائدے حاصل کریں — اور اي خداوند اب هم اپنے تئیں جان اور تن سمیت تیرے حضور نذر گذرانتے هیں تاکه تیرے لیئے ایک معقول مقدس اور زنده قرباني هوویں اور فروتني سے تیري منت کرتے هیں که هم سب جو اس پاک رفاقت میں شریک هوئے هیں تیرے فضل اور آسماني برکت سے معمور هو جاویں اور اگرچه هم اپنے طرح طرح کے گناهوں کے سبب تیرے لیئے کوئي قرباني گذراننے کے لایق نهیں پر تو بهي هم تیري منت کرتے هیں که همارا یہه کام اور خدمت جو هم پر فرض هي قبول کر هماري لیاقتوں کا انداز نه کر بلکه هماري خطاؤں کو بخش دے همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے جس سے اور جسکے ساتهه روح قدس کي یگانگت میں تمام عزت اور جلال اي قادر مطلق باپ تیرے لیئے ابد تک هووے * آمین

یا یہه

اي قادر مطلق اور همیشه کے زنده خدا هم دل و جان سے اِس بات پر تیرا شکر کرتے هیں که تو اپنے بیٹے همارے بچانے والے یسوع مسیح کے نهایت بیش قیمت بدن اور لهو کا روحاني کهانا مهرباني کرکے همیں کهلاتا هي جو اب ان پاک دستوروں میں درستي سے شریک هوئے هیں اور اِس طرح تو هم پر اپني شفقت اور رحمت ثابت کرتا هي اور یہه بهي که هم تیرے بیٹے کے مجازي بدن میں جو سارے ایمانداروں کي مبارک جماعت هي بعینه ملے هوئے انگ هیں اور تیرے عزیز بیٹے کي کمال بیش قیمت موت اور اذیت کے ثواب کے سبب امید سے تیري

همارے خداوند یسوع مسیح کا بدن جو تیرے واسطے دیا گیا تیرے بدن اور جان کو همیشه کي زندگي تک بچائے رکھے اسے لے اور کها اِس بات کي یادگاري مین که مسیح تیرے عوض موا اور شکر کرتا هوا اعتقاد سے اپنے دل مین اُسے کهایا کر

اور جب قسیس کسي کو پیاله دیے تو یهه کهے

همارے خداوند یسوع مسیح کا لهو جو تیرے واسطے بهایا گیا تیرے بدن اور جان کو همیشه کي زندگي تک بچائے رکھے اسے پي اس بات کي یادگاري مین که مسیح کا لهو تیرے واسطے بهایا گیا اور شکر کر

اگر تقدیس کي روٹي یا وین سب کو پهنچنے سے پهلے خرچ هو جاوے تو قسیس اسي ترتیب پر جو اوپر لکهي هی اور کي تقدیس کرے اور روٹي کي تقدیس کرتے وقت ان لفظون سے شروع کرے

[همارے نجات بخشنے والا مسیح جس رات الخ]

اور پیاله کي تقدیس کرتے وقت ان لفظون سے

[اسي طرح کهانے کے بعد الخ]

جب سب رفاقت لے چکین خادم الدین خداوند کے دسترخوان پاس پهر آوے اور تقدیس کي هوئي روٹي اور وین جو بچ رهي هو اُس پر ادب سے رکھے اور ایک صاف چادر سے ڈهانپ دیے

تب قسیس خداوند کي دعا پڑهے اور لوگ اُس کے پیچهے پیچهے هر ایک درخواست پڑهین

اي همارے باپ جو آسمان پر هی تیرے نام کي تقدیس هو تیري بادشاهت آوے تیري مرضي جیسي آسمان پر هی زمین پر بهي هووے هماري روز کي روٹي آج همین دے اور جس طرح که هم اپنے تقصیروارون کو معاف کرتے هین تو هماري تقصیرین معاف کر اور همین امتحان مین نه ڈال بلکه برے سے بچا کیونکه بادشاهت قدرت اور جلال همیشه تیرا هي هی * آمین

جہان کے گناہون کے واسطے دیا اور اپنی اِس بیش قیمت موت کا ایک یادگار سدا کو مقرر کیا اور اپنی مقدس انجیل میں ہم کو فرمایا کہ جب تک وہ پھر نہ آوے ہم اِس کو کیا کرین اى رحیم باپ ہم کمال فروتنی سے تیری منت کرتے ہیں ہماری سن اور بخش کہ تیرے بیٹے ہمارے نجات بخشنے والے یسوع مسیح کے پاک حکم کے موافق ہم اُس کی موت اور دکھہ کی یادگاری کے واسطے تیری بنائی ہوئی یہہ روٹی اور وین کھا پی کے اُسکے کمال متبرک بدن اور لہو کے شریک ہووین کہ جس رات وہ حوالہ کردیا گیا اُسنے (۱) روٹی لی (۲) اور شکر کرکے توڑی اور اپنے شاگردون کو دیکے کہا لو کھاؤ (۳) یہہ میرا بدن ہی جو تمہارے واسطے دیا جاتا ہی میری یادگاری کے واسطے یون ہی کیا کرو اسیطرح کھانے کے بعد (۴) پیالے کو لیا اور شکر کرکے اُنکو دیا اور کہا تم سب اِس سے پیئو کیونکہ نئے عہد کا (۵) یہہ میرا لہو ہی جو تمہارے اور بہتون کے گناہون کی معافی کے واسطے بہایا جاتا ہی جس وقت اِسے پیئو میری یادگاری کے واسطے پیا کرو *

آمین

(۱) اس مقام پر قسیس رکابی اپنے ہاتھہ میں لے

(۲) اور اس مقام پر روٹی توڑے

(۳) اور اس مقام پر تمام روٹی پر اپنا ہاتھہ پھیلاوے

(۴) اس مقام پر پیالہ اپنے ہاتھہ میں لے

(۵) اور اس مقام پر ہر برتن خواہ پیالے خواہ قدحے پر جس میں تقدیس کے واسطے وین ہو ہاتھہ رکھے

تب خادم الدین دونون قسم میں عشاے ربانی پہلے آپ لے پھر اسقفون قسیسون اور خادمون کو بھی (اگر حاضر ہون) اسی طرح دیوے اور اُس کے بعد جماعت کے ہاتھہ میں بھی دے اور سب فروتنی سے گھٹنے ٹیکین اور جب کسیکو روٹی دے تو یہہ کہے

کہ هم اعتقاد رکھتے هیں سو هي بے تفاوت اور بے کم و بیشي کے هم بیٹے اور روح قدس کي بابت بهي اعتقاد رکھتے هیں — اسواسطے فرشتون الخ

هر ایک مقدمے کے بعد فورا یهہ پڑھا یا گایا جاوے

اسواسطے فرشتون اور مقرب فرشتون اور سب آسماني جماعت کے ساتھہ هم تیرے بزرگ نام کي تعریف اور بڑائي کرتے اور سدا تیري ثنا کرتے اور یهہ کہتے هیں قدوس قدوس قدوس لشکرون کے خداوند خدا آسمان اور زمین تیرے جلال سے معمور هیں — ای خداوند تعالی تیرا هي جلال هی * آمین

تب قسیس خداوند کے دسترخوان کے پاس گھٹنے ٹیک کر رفاقت میں سب شامل هونیوالون کے لیئے یهہ دعا مانگے

ای رحیم خداوند هم گستاخي سے اپني نیکي پر نهین بلکہ تیري گونا گون اور بڑي رحمتون پر تکیہ کرکے تیرے دسترخوان پاس آتے هیں هم اس لایق بهي نهین کہ جو چور چار تیرے دسترخوان سے گرتے هین چنین پر تو وهي خداوند هی جسکا خاصہ سدا رحم فرمانا هی اسواسطے ای مهربان خداوند یهہ بخش کہ هم تیرے پیارے بیٹے یسوع مسیح کے گوشت کو اس طور سے کھاوین اور اُس کے لهو کو اس وضع سے پیوین کہ همارے گنہگار بدن اُس کے بدن سے پاک هو جاوین اور هماري روحین اُس کے بیش قیمت لهو سے دهوئي جاوین اور هم اُس مین همیشہ رهین اور وہ هم مین * . آمین

جب قسیس نے دسترخوان کے سامھنے کھڑا هو کر اس طرح روٹي اور وین طیار کر رکھي هو کہ بے توقف ادب کے ساتھہ لوگون کے رو برو روٹي توڑے اور پیالہ اپنے هاتھہ مین لے تب یهہ دعاء تقدیس پڑھے

ای قادر مطلق خدا همارے آسماني باپ جس نے اپني بڑي رحمت سے اپنے اکلوتے بیٹے یسوع مسیح کو بخشا کہ وہ هماري مخلصي کے لیئے صلیب پر موت کا دکھہ اُٹھاوے اُس نے اپنے تیئں اُس پر ایکهي بار قرباني چڑھاکر ایک پوري کامل اور کافي قرباني نذر اور جریمانہ همارے

ایسٹرڈے کو اور اُس کے بعد سات دن تک

لیکن تیري تعریف کرني خاص کر اس لیئے هم پر واجب هی کہ همارا خداوند تیرا بیٹا یسوع مسیح جلال کے ساتھہ جي اُٹھا کیونکہ فسح کا اصل برہ وهي هی جو همارے واسطے قرباني هوا اور جهان کے گناہ کو اُٹھا لے گیا اُس نے اپني موت سے موت کو نیست کیا اور اپنے پھر زندہ هونے سے همیشہ کي زندگي همیں دو بارہ بخشي اس واسطے فرشتون — الخ

صعود یعنے مسیح کے آسمان پر جانے کے دن کو اور اُسکے بعد سات روز تک

تیرے بہت هي پیارے عزیز بیٹے همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے جو اپنے کمال بزرگ جي اُٹھنے کے بعد اپنے سب رسولون کو صاف دکھائي دیا اور اُن کے دیکھتے دیکھتے آسمان پر چڑھہ گیا کہ همارے لیئے جگھہ طیار کرے تاکہ جہان وہ هی وهان هم بھي چڑہ جاویں اور اُس کے سنگ جلال کے ساتھہ سلطنت کریں — اِسواسطے فرشتون — الخ

وھٹ سنڈے یعنے روح قدس کے اُترنے کے اتوار کو اور اُسکے بعدچھہ دن تک

همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے جسکے نہایت سچے وعدے کے موافق روح قدس آج کے دن بڑي آواز سے آندھي کي طرح آگ کي زبانون کي مانند یکایک آسمان سے نازل هوکر رسولون پر آ ٹھہرا تاکہ اُنھیں تعلیم کرے اور تمام سچائي کي طرف هدایت فرماوے اور اُس نے اُنھیں طرح طرح کي زبانون کي طاقت بخشي اور دلاوري بھي عنایت کي کہ وے بڑي سرگرمي سے سب قومون میں جاکے انجیل کي منادي کرتے رهیں جس کے سبب هم نے تاریکي اور خطا سے چھٹ کر تیرے اور تیرے بیٹے یسوع مسیح کے صاف نور اور صحیح پہچان کو حاصل کیا — اِسواسطے فرشتون — الخ

عید تثلیث هي کو

جو ایک خدا ایک خداوند هی اکیلا ایک اقنوم نہیں بلکہ ایک هي ماهیت کے تین اقانیم کیونکہ باپ کے جلال کي بابت جو کچھہ

جو مقدس يوحنا كهتا هي وه بهي سنو
اگر كوئي گناه كرے تو يسوع مسيح جو عادل هي باپ پاس همارا شفيع هي اور وه همارے گناهون كا كفاره هي * ۱ يوحنا ۲ باب ۱

پهر قسيس كهے

تم اپنے دل رجوع كرو

جواب هم اُن كو خدا كي طرف رجوع كرتے هين

قسيس هم اپنے خداوند خدا كا شكر كرين

جواب ايسا كرنا لايق اور مناسب هي

تب قسيس خداوند كے دسترخوان كي طرف پهر كے يهه كهے

يهه نهايت لايق و مناسب اور هم پر فرض هي كه هر وقت اور هر جگهه تيرا شكر كيا كرين
اى خداوند * مقدس باپ
قادر مطلق اور هميشه كے خدا

* يهه لفظ (يعني مقدس باپ) تثليث كے اتوار كو چهوڑ دينا چاهيئے

وقت كے موافق اگر كوئي خاص مقدمه مقرر هو تو يهان پڑها جاوے نهين تو يهه

اسواسطے فرشتون اور مقرب فرشتون اور سب آسماني جماعت كے ساتهه هم تيرے بزرگ نام كي تعريف اور بڑائي كرتے اور سدا تيري ثنا كرتے اور يهه كهتے هين قدوس قدوس قدوس لشكرون كے خداوند خدا آسمان اور زمين تيرے جلال سے معمور هين — اى خداوند تعالى تيرا هي جلال هي * آمين

خاص مقدمے

كرسمس دے كو اور اُس كے بعد سات دن تك

اسليئے كه تونے اپنے اِكلوتے بيتے يسوع مسيح كو بخش ديا كه وه همارے واسطے اس وقت پيدا هو جو روح قدس كي تاثير كے سبب اپني ما كنواري مريم كي ماهيت سے في الحقيقت انسان بنا اور يهه گناه كے داغ بغير هوا تاكه وه هم كو سب طرح كے گناه سے پاك كرے — اس واسطے فرشتون — الخ

بهرکایا هی هم جي و جان سے توبه کرتے اور اپنے بیجا کامون کي بابت دل مین پچهتاتے هین اُنکي یاد هم کو سخت معلوم هوتي هی اُنکے بوجهه کي هم برداشت نهین کرسکتے ای کمال رحیم باپ هم پر رحم کر هم پر رحم کر هم سے جو کچهه هوا اپنے بیتے همارے خداوند یسوع مسیح کے واسطے معاف فرما اور یهه بخش که آگے کو نئي چال سے هم تیري خدمت بجا لاوین اور تیري مرضي پر چلین- تاکه تیرے نام کي عزت اور جلال ظاهر هووے همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

تب قسیس (یا اسقوف جو موجود هو) کهڑا هوکر لوگون کي طرف منهه پهیر کے یهه مغفرت کے کلمے فرماوے

قادر مطلق خدا همارا آسماني باپ جس نے اپني بڑي رحمت کے سبب اُن سب سے گناهون کي مغفرت کا وعده کیا جو دل سے توبه کرکے سچے ایمان کے ساتهه اُس کي طرف پهرتے هین تم پر رحم کرے تمهارے سارے گناهون کو بخشے اور اُن سے تم کو خلاصي دے سب نیکیون پر تمهین قایم اور مضبوط کرے اور تمهین همیشه کي زندگي کو پهنچاوے- همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

تب قسیس کهے

سنو که همارا نجات بخشنے والا مسیح کیسي تسلي کي باتین اُن سب کو جو اُس کي طرف سچائي سے متوجهه هوتے هین فرماتا هی

ای لوگو جو تهکے اور زیربار هو تم سب میرے پاس آؤ که مین تمهین آرام دونگا * متي ۱۱ باب ۲۸

خدا نے جهان کو ایسا پیار کیا که اُس نے اپنا اِکلوتا بیتا بخش دیا تاکه جو کوئي اُسپر ایمان لاوے هلاک نه هووے بلکه همیشه کي زندگي پاوے * یوحنا ۳ باب ۱۶

جو مقدس پولوس کهتا هی وه بهي سنو

یهه بات برحق اور بالکل پسند کے لایق هی که مسیح یسوع گنهگارون کے بچانے کے لیئے دنیا مین آیا * ۱ طیمتاوس ۱ باب ۱۵

همیشه کی زندگی تک سرفراز فرماوے — اور اُس نے اپنی محبت کی گواهی اور اپنی موت کی همیشه کی یادگاری اور هماری بڑی اور سدا کی تسلی کے لیئے پاک بهیدون کو ٹهہرا کر مقرر کیا تاکه هم اپنے مالک اور اکیلے نجات بخشنے والے یسوع مسیح کی اِس بے نهایت محبت کو که وه همارے لیئے یون موا اور اُن بے شمار فائدون کو جو اُس نے اپنے قیمتی لهو بهائے جانے سے همین حاصل کر دیئے نت یاد رکهین— اسواسطے آؤ جس طرح که هم پر نهایت واجب هی اُسی کے لیئے باپ اور روح قدس کے ساتهه همیشه شکر بجا لاوین اور اپنے تئین بالکل اُس کے پاک ارادے اور مرضی کے تابع رکهین اور اسی دهیان مین رهین که جیتے دم تک دل کی پاکیزگی اور راستی کے ساتهه اُس کی خدمت کیا کرین * آمین

تب قسیس اُنهون سے جو پاک رفاقت مین شریک هونے آئے هین کہے

تم جو بدل و جان اپنے گناهون سے سچی توبه کرتے اور اپنے پڑوسیون سے الفت اور محبت رکهتے هو اور آگے کو خدا کے حکمون کی پیروی کرکے اور اُس کی پاک راهون مین قدم مارکے نئے طور سے چلنے کا اراده رکهتے هو اعتقاد کے ساتهه پاس آؤ اور اپنی تسلی کے لیئے اس پاک رفاقت کو لو اور عاجزی سے گهٹنے ٹیک کر خدا قادر مطلق کے آگے فروتنی سے یهه اقرار کرو *

تب دین کے حاکمون مین سے ایک اس اقرار عمیم کو اُن سب کے نام پر جو پاک رفاقت مین شریک هوا چاهتے هین پڑهے اور وه اور ساری جماعت فروتنی سے گهٹنے ٹیکین اور کهین

ای قادر مطلق خدا همارے خداوند یسوع مسیح کے باپ سب چیزون کے خالق اور سارے آدمیون کے انصاف کرنیوالے هم رو رو کے اپنے گونا گون گناهون اور بدیون کا اقرار کرتے هین جو هم نے وقت بوقت خیال زبان اور فعل سے تیری خدائی کی شان کے برخلاف نهایت بشدت کیئے هین اور تیرے عین انصاف غصه اور غضب کو اپنے اوپر

رفاقت کے وقت جب اُس کے شریک ہونیوالے اُس کے لینے کو موقع بے ہون تب قسیس یہہ نصیحت پڑھے

ای عزیزو خداوند مین پیارو جو ھمارے نجات دینیوالے مسیح کے بدن اور لہو کي پاک رفاقت مین شریک ہوا چاھتے ھو تم کو غور کیا چاھیئے کہ مقدس پولوس سب آدمیون کو کیسي نصیحت کرتا ھی کہ جب تک وے آپ کو بخوبي نہ پرکھین اور نہ جانچین اِس روٹي کے کھانے اور اِس پیالے کے پینے کي جرأت نہ کرین - کیونکہ جس طرح اِس پاک رفاقت سے اگر ھم سچي توبہ کرنیوالے دل اور جیتے ایمان سے اُسپر عمل کرین تو بڑا فائدہ ھوتا ھی کہ تب ھم روحاني وضع سے مسیح کا گوشت کھاتے اور اُس کا لہو پیتے ھین ھم مسیح مین بستے ھین اور مسیح ھم مین ھم مسیح کے ساتھہ ایک ھین اور مسیح ھمارے ساتھہ اِسي طرح اگر ھم نالایق وضع سے اُس پر عمل کرین تو بڑا خطرہ ھی کہ اِس صورت مین ھم اپنے نجات بخشنے والے مسیح کے بدن اور لہو کے گنہگار ھوتے ھین ھم خداوند کے بدن کا لحاظ نہ کرکے اپني سزا کھاتے پیتے ھین ھم خدا کے غصے کو اپنے اوپر بھڑکاتے ھین ھم اُسے چڑھاتے ھین کہ ھمین نوع بنوع کي بیماري اور طرح طرح کي موت کي آفت مین گرفتار کرے پس ای بھائیو تم اپنا آپ حساب لو تاکہ خداوند تمھارا حساب نہ لے تم اپنے گذرے ھوئے گناھون سے سچي توبہ کرو ھمارے نجات بخشنے والے مسیح پر زندہ اور مضبوط ایمان رکھو اپني چال چلن درست کرو اور سب آدمیون سے کمال محبت رکھو تب اِن پاک بھیدون مین شریک ھونے کے لایق ٹھہروگے - اور سب باتون سے زیادہ تمھین یہہ ضرور ھی کہ خدا باپ بیٹے اور روح قدس کا شکر دنیا کي خلاصي کے واسطے کمال عاجزي کے ساتھہ دل سے بجالاؤ جو ھمارے نجات دینیوالے مسیح کي جو خدا اور آدمي بھي ھی موت اور تصدیعہ کے سبب ھوئي اُس نے یہان تک اپنے تئین گھٹا دیا کہ ھم لاچار بیکس گنہگارون کے واسطے جو اندھیرے اور موت کے سایہ مین پڑے تھے صلیبي موت کو قبول کر لیا تاکہ وہ ھم کو خدا کے فرزند ٹھہراوے اور

رکھکر خدا کا غصہ اپنے اوپر بھڑکاؤ — آدمي کا یہہ کہنا صحیح ھی کہ
میں نہ آؤنگا کیونکہ دنیا کے کاروبار میں پھنسا ھون پر خدا کي ذرگاہ
میں ایسے حیلون کا قبول و منظور ھونا ایسا صحیح نہیں — اگر کوئي کہے
کہ میں بڑا گنہگار ھون اور اِس لیئے آنے سے ڈرتا ھون تو پھر توبہ کیون
نہیں کرتے اور سدھر کیون نہیں جاتے جب خدا تمھاري دعوت کرتا تو
کیا اُس کے رد کرنے میں تمھیں شرم نہیں آتي — جب کہ تم کو خدا
کي طرف پھرنا لازم ھی تو کیا عذر کرکے کہوگے کہ ھم طیار نہیں غور سے
اپنے دل میں خیال کرو کہ ایسے ایسے جھوٹھے بہانے خدا کے آگے کیسے
بیفائدہ ٹھہرینگے — انجیل میں ھی کہ جنھون نے دعوت اِس سبب
سے رد کي کہ زمین مول لي یا اپنے بیلون کي جوڑیون کو آزمانا چاھا یا
شادي کي اُن کا عذر قبول نہیں ھوا بلکہ وے آسماني ضیافت کے لایق
نہ ٹھہرے — میں آپ تو طیار ھونگا اور اب اپنے عہدے کے بموجب
خدا کے نام سے تمھاري دعوت کرتا ھون میں مسیح کي طرف سے تمھیں
بلاتا ھون میں تمھیں جتاتا ھون کہ اگر اپني نجات چاھتے ھو تو اِس
پاک رفاقت میں شریک ھوو — اور جس طرح خدا کے بیٹے نے تمھاري
نجات کے لیئے مہرباني سے اپني جان صلیب پر دے دي اِسي طرح
تم پر واجب ھی کہ اُس کي موت کي قرباني کي یادگاري کے لیئے
رفاقت میں شامل ھو چنانچہ اُس نے خود حکم کیا ھی اگر اِس سے تم
غافل رھو تو اپنے دلون میں خیال کرو کہ جس وقت تم جان بوجھہ کے
خداوند کے دسترخوان سے ھٹ رھتے اور اپنے بھائیون سے جو اِس بڑي
آسماني نعمت کي ضیافت کھانے آتے ھیں الگ رھتے ھو تو خدا کے
کیسے کچھہ تقصیروار ٹھہرتے اور اِس بات کے سبب کیسي سزا کا بادل
تمھارے سر پر جھوم رھا ھے — اگر تم اِن باتون کو بغور سوچو تو خدا
کے فضل سے تمھاري سمجھہ سدھر جائیگي اور ھم اپنے آسماني باپ قادر
مطلق خدا کے حضور عاجزي کے ساتھہ دعا مانگنے سے باز نہ رھینگے تاکہ
تم کو یہہ حاصل ھو *

مقدس دسترخوان پاس نہ آوے ایسا نہ ہو کہ اِس پاس رفاقت لینے کے بعد شیطان جیسا یہودا کے دل میں سمایا تم میں سماوے اور تمام شرارتیں بھر دے اور تمہیں جسم و جان سے ہلاک کرے *

اور چونکہ لازم ہی کہ کوئي شخص اِس پاک رفاقت میں شریک نہ ہو مگر جب کہ وہ خدا کي رحمت پر پورا بھروسا رکھے اور اُس کا دل اُسے الزام نہ دے تو اگر تم میں کوئي ایسا ہو کہ اِس طرح اپنے دل کا الزام دفع نہ کرسکے بلکہ کچھہ اور بھي تسلي یا صلاح کا محتاج ہو تو چاھیئے کہ وہ میرے یا خدا کے کلام کے کسي دوسرے ھوشیار اور دانا خادم پاس آکے اپني دلگیري کا سبب ظاھر کرے تاکہ خدا کے پاک کلام کي برکت سے مغفرت کي نعمت اور روحاني صلاح اور مشورت حاصل کرے جس سے اُس کے دل کا الزام دفع ہو اور اُسے کسي طرح کا شک و شبہہ باقي نہ رہے *

یا اگر وہ دیکھے کہ لوگ رفاقت سے غافل ھیں تو پچھلي نصیحت کے عوض اسے پڑھے

ای پیارے بھائیو خدا فضل کرے تو (فلانے روز) میرا ارادہ ھی کہ رفاقت کي رسم بجالاؤں اور اِس میں تم سب کي جو یہاں حاضر ہو خدا کي طرف سے دعوت کرتا ہوں اور خداوند یسوع مسیح کا واسطہ دے کر تمھاري منت کرتا ہوں کہ جس صورت میں خدا آپ بڑي محبت سے تمھیں بلاتا اور تمھاري ضیافت کرتا ھی تم آنے سے انکار نہ کرو — تم جانتے ہو کہ یہہ کیسي رنجش اور بے مروتي کي بات ھی کہ جب کسي شخص نے بڑي دھوم دھام سے ضیافت کي اور اپنے دسترخوان پر طرح طرح کي چیزیں چنیں یہاں تک کہ مہمانوں کے آنے کے سوا کوئي چیز باقي نہ رھي تسپر بھي جنکي ضیافت ہوئي وے بغیر کسي سبب کے نہایت نا شکري کرکے آنے سے انکار کریں ایسے مقدمے میں تم میں سے کون ناراض نہ ہوگا کون نہ سمجھیگا کہ میرا بڑا نقصان اور میري بڑي بے عزتي ہوئي — اِس لیئے مسیح میں ای بڑے پیارو خوب خبردار ہو ایسا نہ ہو کہ تم اِس پاک رفاقت سے اپنے تئیں باز

اپنے گناھون کي معافي پاتے اور آسمان کي بادشاھت کے شريک ھو جاتے ھين اِس لیئے ھم پر واجب ھی کہ دل سے کمال فروتني کے ساتھہ اپنے آسماني باپ قادر مطلق خدا کا شکر ادا کرین اِسواسطے کہ اُس نے اپنے بیٹے ھمارے نجات دینیوالے یسوع مسیح کے تئین ھمارے لیئے صرف مرنے کو نہین بلکہ اِس لیئے بھي دیا کہ اِس پاک رفاقت مین ھماري روحاني خوراک اور غذا بنے — کہ یہہ ایک چیز اُن کے لیئے جو اُسے لایق طور پر لیتے ھین ایسي ربّاني اور تسلي بخش ھی اور اُن کے لیئے جو گستاخي کرکے نالایق طور پر اُسے لیتے ھین ایسي خطرناک ھی کہ تم کو سمجھانا مجھہ پر فرض ھی کہ اِس عرصے مین اِس پاک بھید کے مرتبہ اور اُسے نالایق طور پر لینے کا بڑا خطرا سوچو اور تم اپنے دلون کو یون تولو اور پرکھو بے پروائي کے ساتھہ اور اُنھون کي طرح نہین جو خدا سے مکر بازي کرتے ھین بلکہ اِس طرح کہ تم پاک صاف ھوکر اور شادي کي وہ پوشاک جس کا کلام مقدس مین خدا کا حکم ھی پہن کر اِس آسماني مہماني مین آ سکو اور اِس پاک دسترخوان کے شریک ھوکر مقبول ٹھہرو *

اُسکي راہ اور طور یہہ ھی — کہ پہلے تم اپني چال و چلن خدا کے حکمون کے قاعدے سے جانچو اور جس جس بات مین خواہ دل خواہ زبان خواہ فعل سے تم اپنے تئین گنہگار پاؤ اپني اُس گنہگاري پر افسوس کرو اور اپني چال و چلن سدھارنے کا پورا ارادہ کرکے قادر مطلق خدا کے حضور اپنے تئین گنہگار قبول کرو اگر تم کو یون معلوم ھو کہ تم نے صرف خدا کے نہین بلکہ اپنے پڑوسیون کے بھي گناہ کیئے ھین تو اُن سے میل کرنا ضرور ھی اور اگر کچھہ نقصان یا بیجا حرکت تم نے کسي کي نسبت کي ھو تو مقدور بھر اُس کا عوض اور بدلا دینے پر مستعد رھو اور دوسرون کے قصورون کو ایسا معاف کرو جیسا تم چاھتے ھو کہ خدا تمھارے قصور معاف کرے نہین تو اِس پاک رفاقت لینے کا تم کو اِس کے سوا کچھہ فائدہ نہین کہ وہ تمھارا عذاب بڑھاوے پس تم مین اگر کوئي خدا کے حق مین کفر بکنے یا اُس کے کلام کا روکنے یا اُس کي بابت بیجا کہنے والا یا زاني ھو یا کینہ رکھتا یا ڈاہ کرتا یا کسي بڑے گناہ مین گرفتار ھو تو اپنے گناھون سے توبہ کرے نہین تو اِس

اُس کی حکومت مین دینداری اور سلامتی کے ساتھہ ھمارا بندوبست ھو اور اُس کے تمام صلاح کارون اور اُن سب کو جو اُس کی طرف سے اختیار رکھتے ھین یہہ بخش کہ وے راستی کے ساتھہ بے طرفداری سے شرارت اور بدی کی سزا اور تیرے دین حق اور نیکی کی پایداری کے لیئے عدالت کرین — ای آسمانی باپ سب اسقفون اور دین کے خادمون پر فضل کر کہ وے اپنی چال اور تعلیم سے تیرا سچا اور زندگی آمیز کلام ظاھر کرین اور تیری پاک ساکریمنٹون کو درستی اور لایق طور پر ادا کرین اور اپنے سب لوگون پر اپنا آسمانی فضل فرما خاص کر اِس جماعت پر جو یہان حاضر ھی تاکہ وے دل کی غریبی اور شایستہ ادب سے تیرا مقدس کلام سنین اور قبول کرین اور پاکیزگی و راستبازی کے ساتھہ عمر بھر تیری بندگی دل سے بجا لاوین — اور ای خداوند ھم کمال عاجزی سے تیری منت کرتے ھین کہ اپنی مہربانی سے اُن سب کی جو اِس چند روز کی زندگی مین رنج غم محتاجی بیماری یا کسی اور مصیبت مین گرفتار ھین تسلی اور مدد کر — اور اُن سب تیرے بندون کے واسطے جو ایمان اور تیرے خوف کے ساتھہ اِس جہان سے کوچ کر گئے ھین تیرے پاک نام کا شکر بھیجتے ھین اور تیری منت کرتے ھین ھم پر فضل کر کہ اُنکی نیک چال اِس طرح اختیار کرین کہ اُنکے ساتھہ تیری آسمانی بادشاھت کے شریک ھو جاوین — ای باپ یسوع مسیح کی خاطر جو ھمارا اکیلا درمیانی اور شفیع ھی یہہ بخش * آمین

جبکہ خادم الدین پاک رفاقت کی خبر دیے (اور وہ اُسے ھمیشہ اتوار یا کوئی تیوھار کو دیے جو رفاقت کے دن سے پہلے ھو) تو وعظ یا ھومالی جب کر چکے تب یہہ نصیحت جو نیچے ھی پڑھے

ای عزیزو میرا ارادہ ھی (فلانے روز) اگر خدا مدد کرے تو اُن سب کو جو دینداری اور خدا پرستی کی طرف متوجہ ھون مسیح کے بدن اور لہو کی کمال تسلی بخش رفاقت دون اِس کو مسیح کی واجب الاجر صلیب اور دکھہ کی یادگاری کے لیئے لینا ھی کہ صرف اُسی سے ھم

وہ جو مسکینون پر ترس کھاتا سو خداوند کو اُدھار دیتا ھی اور جو کچھہ اُس نے دیا ھوگا وہ اُس سے پھر پاویگا * امثال ۱۹ باب ۱۷
مبارک ھی وہ جو بیمار اور مسکینون کی خبر لیتا خداوند بپت کے وقت اُسے رھائی دیگا * زبور ۴۱ - ۱

جب کہ یہہ آیتیں پڑھی جاتی ھون خادم الدین اور کلیسیا کے محافظین یا کوئی دوسرا لایق والا جو اس کام کے واسطے مقرر ھو کنگالون کے لیئے جماعت کی خیرات اور صدقے کو ایک صاف برتن میں جو اھل کلیسیا اس کام کے لیئے موجود کر رکھے جمع کریے اور تحصیل کرنے بعد ادب کے ساتھہ قسیس پاس لاویے اور وہ فروتنی کے ساتھہ پاک میز کے پاس آئے حاضر کرکے اس پر رکھے اور جب رفاقت ھو قسیس اتنی روٹی وین میز پر رکھے جتنی ضرور سمجھے

اُس کے بعد قسیس یہہ کہے

ھم مسیح کی تمام کلیسیا کے واسطے جو اِس روے زمین پر لڑائی میں ھی دعا مانگیں

ای قادر مطلق اور ابدی زندہ خدا تونے اپنے مقدس رسول کی معرفت ھمیں تعلیم کی کہ سب آدمیون کے لیئے دعائیں اور منتیں اور شکر گذاریان کریں ھم عاجزی سے تیری منت کرتے ھین کہ تو کمال مہربانی کرکے (* ھماری خیرات اور صدقے قبول کر اور) ھماری یہہ دعائیں جو ھم تیری جناب عالی کے حضور میں مانگتے ھین مقبول فرما ھم تیری منت کرتے ھین کہ اپنی کلیسیاء جامع میں سچائی اور یگانگت اور موافقت کی روح صدا ڈالا کر اور یہہ بخش کہ سب جو تیرے پاک نام کا اقرار کرتے ھین تیرے پاک کلام کی سچائی کی بابت ایک سی سمجھہ رکھیں اور ملنساری اور دینی محبت کے ساتھہ اپنے وقت کاٹیں — اور ھم تیری منت کرتے ھین کہ تو سب مسیحی بادشاھون اور سلاطینون اور حاکمون کو بچا اور محفوظ رکھہ خصوصا اپنی بندی ھماری ملکہ وکتوریا کو تاکہ

* اگر خیرات اور صدقے نہ ھون تو الفاظ خیرات اور صدقے کو چھوڑ دیئے جاویں

هر ايک جس طرح اپنے دل مين ٹھہراتا هی ديوے ناخوشي سے نهين نه لاچاري سے کيونکه خدا اُسي کو پيار کرتا هی جو خوشي سے ديتا * ۲ قرنتھون ۹ باب ٦ اور ۷

جو کوئي کسي سے کلام سيکھے تو سکھلانيوالے کو ساري نعمتون مين شريک کرے تم دغا نه کھاؤ خدا ٹھٹھون مين نهين اُڑايا جاتا که آدمي جو کچھه بوتا هی سوهي کاٹيگا * گلتيون — ٦ باب ٦ اور ۷

جبتک هم کو فرصت ملے سب سے نيکي کرين خاص کر اُن سے جو ايمان کے گھر کے هين * گلتيون — ٦ باب ۱۰

قناعت کے ساتهه دينداري مين بڑا نفع هی که دنيا مين هم کچھه لائے نهين اور کچھه لے جا بھي نهين سکتے * ۱ طيمتاوس ٦ باب ٦ و ۷

اس جهان کے دولتمندون کو حکم کر که وے سخاوت پر مستعد اور بانٹنے پر خوش رهين اور آينده کو اپني ايک بھلي بنياد پيدا کر رکھين تاکه هميشه کي زندگي کو پهنچين * ۱ طيمتاوس ٦ باب ۱۷ و ۱۸ اور ۱۹

خدا بے انصاف نهين که وه تمهارے کام اور اُس محبت کي محنت کو بھول جاوے جو تم نے اُس کے نام پر کر دکھلائي که مقدسون کي خدمت کي اور کرتے هو * عبرانيون کا — ٦ باب ۱۰

بھلائي اور سخاوت کرنا مت بھولو که ايسي قربانيون سے خدا خوش هوتا هی * عبرانيون کا - ۱۳ باب ۱٦

جس کسي پاس دنيا کا مال هی اور وه اپنے بھائي کو محتاج ديکھتا اور اپنے تئين دريا مهيا کرنے سے باز رکھتا هی تو خدا کي محبت اُس مين کيونکر بستي هی * ۱ يوحنا — ۳ باب ۱۷

اپنے مال مين سے خيرات کر اور کبھي اپنا منهه کسي کنگال کي طرف سے نه موڑ تب خداوند تيري طرف سے منهه نه موڑيگا * توبت ۴ باب ۷

مقدور بھر رحم کر اگر تيرے پاس بهت هو تو بهتايت سے دے اگر تيرے پاس تھوڑا هو تو کوشش کرکے خوشي کے ساتهه اُس تھوڑے مين سے دے که اِس طرح تو ضرورت کے دن کے ليئے اجر نيک جمع کر رکھيگا * توبت — ۴ باب ۸ اور ۹

تب قسیس خداوند کی میز پاس پھر جاکر نذر کا دستور شروع کرے اور ان آیتون مین سے ایک یا کئی ایک اپنی راے کے موافق پڑھے

تمھاری روشنی آدمیون کے سامھنے ایسی چمکے کہ وے تمھارے اچھے کامون کو دیکھین اور تمھارے باپ کی جو آسمان پر ھی ستایش کرین * متی ۵ باب ۱۶

مال اپنے واسطے زمین پر جمع نہ کرو جہان کیڑا اور مورچہ خراب کرتا ھی اور جہان چور سیندھہ دیکر چوراتے ھین بلکہ مال اپنے لیئے آسمان پر جمع کرو جہان نہ کیڑا نہ مورچہ خراب کرتا اور نہ چور سیندھہ دیکر چوراتے ھین * متی ۶ باب ۱۹ اور ۲۰

جو کچھہ تم چاھتے ھو کہ لوگ تمھارے ساتھہ کرین وھی تم بھی اُنکے ساتھہ کرو کہ توریت اور نبیون کا خلاصہ یہی ھین * متی ۷ باب ۱۲

نہ ھر ایک جو مجھے خداوند خداوند کہتا ھی آسمان کی بادشاھت مین داخل ھوگا مگر وھی جو میرے آسمانی باپ کی مرضی پر چلتا ھی * متی ۷ باب ۲۱

زکی نے کھڑے ھوکر خداوند سے کہا کہ ای خداوند دیکھہ مین اپنا ادھا مال غریبون کو دیتا ھون اور اگر کسی کا مین نے کچھہ نقصان کیا تو اُس کا چوگنا بدلہ دیتا ھون * لوقا ۱۹ باب ۸

کون اپنا خرچ کرکے سپاہ گری کرتا ھی کون انگور کا باغ لگاتا ھی کہ اُس کا پھل نہین کھاتا یا کون گلے چراتا ھی جو اُس گلے کا کچھہ دودھہ نہین پیتا * ۱ قرنتیون ۹ باب ۷

اگر ھمنے تمھارے لیئے روحانی چیزین بوئی ھین تو کیا یہہ بڑی بات ھی کہ ھم تمھاری جسمانی چیزین کاٹین * ۱ قرنتیون ۹ باب ۱۱

کیا تم نہین جانتے کہ جو ھیکل کا کار و بار کرتے سو ھیکل مین سے کھاتے ھین اور جو قربان گاہ مین حاضر ھوا کرتے سو قربانی سے حصہ لیتے ھین ایسا ھی خداوند نے بھی فرمایا ھی کہ جو انجیل کے سنانے والے ھین انجیل سے اسباب زندگی پاوین * ۱ قرنتیون ۹ باب ۱۳ اور ۱۴

جو تھوڑا بوتا ھی تھوڑا کاٹیگا اور جو بہت بوتا بہت کاٹیگا

دیدنيؐ اور نا دیدني چیزون کا بنانیوالا هی اعتقاد رکهتا هون
اور ایک خداوند یسوع مسیح پر جو خدا کا ایک هي متولد بیتا هی سب عالمون کے پیشتر اپنے باپ سے متولد هوا — خدا سے خدا — نور سے نور — سچے خدا سے سچا خدا — مصنوع نهین بلکه مولود — اُسکي اور باپ کي ایک هي ماهیت هی — اُس سے ساري چیزین پیدا هوئین — وه همارے واسطے جو آدمي هین اور هماري نجات کے لیئے آسمان سے اُتر آیا — اور روح قدس کے وسیلے کنواري مریم سے مجسم هوا — اور آدمي بنا — اور پنطوس پیلاطوس کي حکومت مین همارے لیئے مصلوب بهي هوا — مارا گیا اور دفن هوا — اور تیسرے دن کتاب کے بموجب جي اُٹها اور آسمان پر چڑهه گیا اور باپ کے دهنے هاتهه بیٹها هی — اور جلال کے ساتهه زندون اور مردون کا انصاف کرنے کو پهر آویگا — اُس کي بادشاهت کا آخر نه هوگا

اور مین روح قدس پر جو خداوند اور زندگاني کا بخشنے والا هی اعتقاد رکهتا هون جو باپ اور بیٹے سے نکلتا هی جس کي باپ اور بیٹے کے ساتهه پرستش اور تعظیم هوتي هی — جو نبیون کي زباني بولا — اور مین ایک جامع رسولي کلیسیا پر اعتقاد رکهتا هون گناهون کي معافي کے لیئے مین ایک بپتسما کا مقر هون — اور مردون کے جي اُٹهنے اور آنیوالے جهان مین زندگاني کا منتظر هون * آمین

تب خادم الدین جماعت کو سب عید اور روزون کي جو آنیوالے هفته مین واقع هووین خبر دے تب وقت پر رفاقت کي بهي اطلاع کي جاوے اور بادشاهي فرمان سنایا جاوے اور دیني مقدمے کي بابت طلبي اور کلیسیا سے اخراج کي خبر پڑهي جاوے اور کلیسیا مین بندگي کے وقت کسي بات کا اشتهار نه کیا جاوے الا خادم الدین هي کي زباني اور اُس سے بهي نهین مگر جو کچهه اس کتاب کے بیان احکام مین لکها هی یا جس کي ملکه یا اُس جگهه کے حاکم شرع کي طرف سے حکم هو

تب اُس کے بعد وعظ سنایا جاوے یا هومالي یعنے مقرري وعظون مین سے جو که ٹهیرائے گئے هین یا آینده کو حکم سے ٹهیرائے جاوین ایک پڑهنے مین آوے

هماري ملكه اور حاكم كے دل كو ايسي هدايت فرما كه وه اپنے تئيں تيري بندي جان كر سب باتون سے زياده تيري عزت اور جلال كي طالب هو اور هم اور اُس كي تمام رعيت يهه اچهي طرح سمجهه كر كه اُس نے كسكي طرف سے اختيار پايا تجهه ميں اور تيرے واسطه تيرے مبارك كلام اور حكم كے موافق وفاداري سے اُس كي خدمت اور عزت كريں اور فروتني سے تابعداري بجا لاويں — همارے خداوند يسوع مسيح كے وسيلے سے جو تيرے اور روح قدس كے ساتهه سدا ايك خدا ابد تك زنده اور سلطنت كرتا هى * آمين

يا يهه

اى قادر مطلق اور هميشه كے خدا هم تيرے پاك كلام سے سيكهتے هيں كه بادشاهون كے دل تيرے حكم اور اختيار ميں هيں اور تو اپني حكمت الهي كے موافق جو بهلا جانتا اُس كي طرف اُن كو ترغيب دلاتا اور متوجهه كرتا هى هم فروتني سے تيري منت كرتے هيں كه تو اپني بندي هماري ملكه اور حاكم وكتوريا كے دل كو ايسا شوق دلا اور هدايت فرما كه وه اپنے تمام خيال اور كلام اور كام ميں سدا تيري عزت اور جلال كي طالب رهے اور اِس كي فكر كيا كرے كه تيرے لوگ جو اُس كے سپرد هيں اقبالمندي سلامتي اور دينداري كے ساتهه رهيں — اى رحيم باپ اپنے عزيز بيٹے همارے خداوند يسوع مسيح كے وسيلے سے يهه عنايت كر * آمين

تب اُس روز كي دعا پڑهي جاوے اور اُس دعا كے پڑهنے كے بعد قسيس دورا يهه كهه كر كه ”مكتوب“ يا ”مكتوب كے عوض بيبل كا مقرري حصه فلانے باب ميں لكها اور فلاني آيت سے اُس كا شروع هى“ مكتوب كو پڑهے اور جب مكتوب پڑهه چكے تب كهے ”يهان مكتوب تمام هوا“ اُس كے بعد جماعت كهڑي هو جاوے اور قسيس يهه كهكر كه ”مقدس انجيل فلانے باب اور فلاني آيت سے شروع هوتي هى“ انجيل پڑهے اور جب انجيل هوچكے تب عقيده جو نيچے لكها هى پڑها يا گايا جاوے اور جماعت كهڑي رهے

ميں ايك خدا پر جو قادر مطلق باپ آسمان و زمين اور سب

زمین پر جو خداوند تیرے خدا نے تجھے دي هی دراز هووے

لوگ ای خداوند هم پر رحم کر اور اِس حکم کے بجا لانے پر همارے دلون کو مائل کر

خادم الدین تو خون نه کرنا

لوگ ای خداوند هم پر رحم کر اور اِس حکم کے بجا لانے پر همارے دلون کو مائل کر

خادم الدین تو زنا نه کرنا

لوگ ای خداوند هم پر رحم کر اور اِس حکم کے بجا لانے پر همارے دلون کو مائل کر

خادم الدین تو چوري نه کرنا

لوگ ای خداوند هم پر رحم کر اور اِس حکم کے بجا لانے پر همارے دلون کو مائل کر

خادم الدین تو اپنے همسایه پر جهوٹهي گواهي نه دینا

لوگ ای خداوند هم پر رحم کر اور اِس حکم کے بجا لانے پر همارے دلون کو مائل کر

خادم الدین تو اپنے همسایه کے گهر کا لالچ نه کرنا تو اپنے همسایه کي جورو کا لالچ نه کرنا نه اُس کے خادم نه اُس کي خادمه نه اُس کے بیل نه اُس کے گدهے نه اور کسي چیز کا جو اُس کي هی

لوگ ای خداوند هم تیري منت کرتے هین هم پر رحم فرما اور اپنے اِن سب حکمون کو همارے دلون پر نقش کر

تب قسیس کهڑا رهکر اس سوتر مین سے ایک دعا ملکه کے واسطے یهه کهه کر پڑهے هم دعا مانگین

ای قادر مطلق خدا جس کي بادشاهت همیشه کي اور قدرت بے حد هی تمام کلیسیا پر رحم کر اور اپنے چنے هوئے بندے وکتوریا

لوگ   ای خداوند ہم پر رحم کر اور اِس حکم کے بجا لانے پر ہمارے دلوں کو مائل کر

خادم الدین   تو اپنے لیئے کوئی تراشی ہوئی مورت اور کسی چیز کی صورت جو اوپر آسمان پر یا نیچے زمین پر یا پانی میں جو زمین کے تلے ہی نہ بنانا تو اُن کے سامھنے جھک نہ جانا نہ اُن کی بندگی کرنا کیونکہ میں خداوند تیرا خدا غیور خدا ہوں اور باپ دادوں کی بدیوں کی سزا اُن کے لڑکوں کو جو مجھہ سے کینہ رکھتے ہیں تیسری چوتھی پشت تک دیتا ہوں اور اُن میں سے ہزاروں پر جو مجھہ سے محبت رکھتے اور میرے حکموں کو بجا لاتے ہیں رحم کرتا ہوں

لوگ   ای خداوند ہم پر رحم کر اور اِس حکم کے بجا لانے پر ہمارے دلوں کو مائل کر

خادم الدین   خداوند اپنے خدا کا نام تو بیجا نہ لینا کیونکہ خداوند اُس کو بے گناہ نہ ٹھہرائیگا جو اُس کا نام بیجا لیتا ہی

لوگ   ای خداوند ہم پر رحم کر اور اِس حکم کے بجا لانے پر ہمارے دلوں کو مائل کر

خادم الدین   تو سبت کے دن کو مقدس جان کر یاد رکھنا — چھہ دن تو محنت اور اپنا سب کار و بار کرنا لیکن ساتواں دن خداوند تیرے خدا کا سبت ہی اُس میں کچھہ کام نہ کرنا — نہ تو نہ تیرا بیٹا نہ تیری بیٹی نہ تیرا خادم نہ تیری خادمہ نہ تیرے چارپائے اور نہ بیگانہ جو تیرے دروازہ کے اندر ہی کیونکہ چھہ دن میں خداوند نے آسمان اور زمین اور دریا اور جو کچھہ اُن میں ہی بنایا اور ساتویں دن فراغت کی اِسواسطے خداوند نے ساتویں دن کو مبارک کیا اور اُسے مقدس ٹھہرایا *

لوگ   ای خداوند ہم پر رحم کر اور اِس حکم کے بجا لانے پر ہمارے دلوں کو مائل کر

خادم الدین   تو اپنی ما اور اپنے باپ کی عزت کرنا تاکہ تیری عمر

کرے تو اُسے ضرور هی که حاکم شرع کو اس کی خبر حد درجه چوده دن کے عرصه میں پهنچا دے اور حاکم شرع قانون کے موافق اُس شخص مجرم کے باب میں عمل کرے

رفاقت کے وقت میز پر ایک صاف سفید چادر بچهاکر کلیسیا کے بیچ یا اُس کی پورب طرف جهان فجر یا شام کی نماز کا پڑهنا مقرر هی دهری رهے اور قسیس میز کی اُتر طرف کهڑا هوکر خداوند کی نماز اور اُس کے بعد کی دعا پڑهے اور لوگ گهٹنے ٹیکیں

ای همارے باپ جو آسمان پر هی تیرے نام کی تقدیس هو تیری بادشاهت آوے تیری مرضی جیسی آسمان پر هی زمین پر بهی هووے هماری روز کی روٹی آج همیں دے اور جس طرح که هم اپنے تقصیرواروں کو معاف کرتے هیں تو هماری تقصیریں معاف کر اور همیں امتحان میں نه ڈال بلکه برے سے بچا * آمین

دعا

ای قادر مطلق خدا تیرے آگے سب کے دل کا حال کهلا هی تجهے سب کی مراد معلوم اور تجهه سے کوئی بهید چهپا نهیں اپنے روح قدس کے الهام سے همارے دل کے خیالوں کو پاک کر که هم تجهه سے کمال محبت رکهیں اور تیرے پاک نام کے لایق تعریف کریں - همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

تب قسیس جماعت کی طرف پهر کر دس حکم صاف صاف سناوے اور جماعت گهٹنے ٹیکے رهے اور هر حکم کے بعد خدا سے درخواست کرے که گذرے وقت میں وے اُس حکم کے گنهگار ٹهہرے هیں وه اُنپر رحم فرماوے اور اپنا فضل کرے که آگے کو وے اُس پر چلیں چنانچه لکها هی

خادم الدین

خدا نے یهه باتیں فرمائیں که میں خداوند تیرا خدا هوں تو میرے سامهنے کسی دوسرے کو خدا نه جاننا

عشاے رباني

يعني

پاک رفاقت کي ترتيب

جتنے شخص مقدس رفاقت مين شريک هوا چاهتے هون معين روز کے کم سے کم ايک دن آگے اپنے اپنے نام سے خادم الدين کو اطلاع ديوين

اور اگر اُن مين سے کوئي بد چال مشهور هو يا اُس نے اپنے قول يا فعل سے اپنے پڑوسيون کا کچهه نقصان کيا هو ايسا که اُسکے سبب جماعت ناراض هووے تو خادم الدين اس بات پر آگاه هوکر اُس شخص کو بلا کے جتا دے که وه گستاخي کر کے خداوند کے دسترخوان پاس هرگز نه آوے مگر جب تک که وه ظاهر نه کرے که اُسنے صدق دل سے توبه کي اور اپني پچهلي بري چال کو سدهارا تاکه جماعت جو اُس سے ناراض تهي راضي هو جاوے اور يهه که اُسنے جنکا نقصان کيا تها اُنهين راضي کيا يا که اقرار کرتا هي که وقت پاکر اُنهين راضي کرنيکا پورا اراده رکهتا هي

اسي طرح خادم الدين اُن سے بهي درپيش آوے جنهين ديکهے که اُن کے آپس مين بغض اور کينه رهتا هي اور جب تک اُسے معلوم نه هو که آپس مين ميل هو گيا تو اُنکو خداوند کے دسترخوان کے شريک نه هونے دے — اور اگر طرفين مين سے ايک طرف والا اپنے دل هي مين دوسري طرف کي سب برائيان معاف کرنے اور اُس کے تمام نقصان جو اُس سے هو گئے هون پهر دينے پر مستعد هو اور طرف ثاني ايسے ديني ميل پر راضي نه هو بلکه اپني مگرائي اور عداوت پر اڑا رهے اس حال مين چاهيئے که خادم الدين توبه کرنيوالے کو تو رفاقت مين شريک هونے دے پر اُسکو نهين جو سرکش هي — مگر هر خادم الدين جو اسطرح جيسا که اس سرخي کي اس تفصيل يا اگلي تفصيل مين مذکور هوا کسيکو منع

گھرانے سے بارہ ہزار پر مہر کي گئين بعد اُس کے مين نے نظر کي تو کيا دیکھتا ھون کہ ھر ایک قوم اور فرقے اور لوگ اور زبان مين سے ایک ایسي بڑي جماعت جسے کوئي شمار نہين کرسکتا سفيد جامہ پہنے اور خرمے کي ڈاليان ھاتھون مين لیئے اُس تخت اور برہ کے آگے کھڑي ھی اور بلند آواز سے چلاکے یون کہتي ھی کہ نجات ھمارے خدا سے ھی جو تخت پر بیٹھا اور برے سے ھی اور سارے فرشتے تخت اور اُن بزرگون اور اُن چارون جاندارون کے گرد کھڑے تھے پھر تخت کے آگے اوندھے گرپڑے اور خدا کو سجدہ کیا اور بولے آمين برکت اور جلال اور دانش اور شکرگذاري اور عزت اور قدرت اور طاقت ابد تک ھمارے خدا کے لیئے * آمين

انجيل متي ۵ ب ۱ آ

یسوع جماعتون کو دیکھہ کر ایک پہاڑ پر چڑھہ گیا اور جب بیٹھا اُس کے شاگرد اُس پاس آئے تب اپني زبان کھول کے اُنھين سکھانے لگا کہ مبارک وے جو دل کے غریب ھين کیونکہ آسمان کي بادشاھت اُنھين کي ھی مبارک وے جو غمگين ھين کیونکہ وے تسلي پاوینگے مبارک وے جو حليم ھين کیونکہ وے زمين کے وارث ھونگے مبارک وے جو راستبازي کے بھوکھے اور پیاسے ھين کیونکہ وے آسودہ ھونگے مبارک وے جو رحم دل ھين کیونکہ اُن پر رحم کیا جائیگا مبارک وے جو پاک دل ھين کیونکہ وے خدا کو دیکھینگے مبارک وے جو صلح کرنیوالے ھين کیونکہ وے خدا کے فرزند کہلائینگے مبارک وے جو راستبازي کے سبب ستائے جاتے ھين کیونکہ آسمان کي بادشاھت اُنھين کي ھی مبارک ھو تم جب میرے واسطے تمھين لعن طعن کرین اور ستاوین اور ھر طرح کي بري باتين جھوٹھہ سے تمھارے حق مين کہين خوش ھو اور خوشي کرو کیونکہ آسمان پر تمھارے لیئے بڑا بدلا ھی اِس لیئے کہ نبیون کو جو تم سے آگے تھے اسي طرح ستایا ھی *

پر جبکہ وہ تسلي دينیوالا جسے مین تمھارے لیئے باپ کي طرف سے
بھیجونگا يعنے روح حق جو باپ سے نکلتا ھی آوے تو وہ میرے لیئے
گواھي دیگا اور تم بھي گواھي دوگے کیونکہ تم شروع سے میرے ساتھہ ھو *

سب مقدسون کا دن

دعا

ای قادر مطلق خدا تونے اپنے چنے ھوون کو اپنے بیٹے ھمارے
خداوند مسیح کے روحاني بدن کي رفاقت اور صحبت مین جتاکر ملا
لیا ھی ھم پر فضل کر کہ تیرے مبارک مقدسون کي تمام نیکي اور
دینداري کي چال کي ایسي پیروي کرین کہ اُس خوشي کو جو بیان سے
باھر ھی پہنچین جو تونے اُن کے واسطے طیار کي جو تجھہ سے بیریا
محبت رکھتے ھین — ھمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

مکتوب کے عوض مکاشفات ۷ ب ۲ ۱

پھر مین نے ایک اور فرشتے کو پورب سے اُٹھتے دیکھا اُس کے پاس
زندہ خدا کي مہر تھي اور اُس نے اُن چارون فرشتون سے جنھیں یہہ دیا
گیا تھا کہ زمین اور دریا کو ضرر پہنچائین بلند آواز سے پکار کر کہا
جب تک ھم اپنے خدا کے بندون کے ماتھون پر مہر نہ کر لین تم زمین
اور دریا اور درختون کو ضرر نہ پہنچانا اور مین نے اُن کا شمار جن پر
مہرین کي گئي تھین سنا کہ بني اسرائیل کے سب گھرانون مین سے ایک
سو چوالیس ھزار پر مہر کي گئین یہودا کے گھرانے سے بارہ ھزار راوبین کے
گھرانے سے بارہ ھزار جد کے گھرانے سے بارہ ھزار اسر کے گھرانے سے بارہ ھزار
نفتالي کے گھرانے سے بارہ ھزار منسی کے گھرانے سے بارہ ھزار شمعون کے
گھرانے سے بارہ ھزار لیوي کے گھرانے سے بارہ ھزار اشکھار کے گھرانے سے بارہ
ھزار زبولون کے گھرانے سے بارہ ھزار یوسف کے گھرانے سے بارہ ھزار بنیامین کے

خدا کے فضل کو شہوت پرستي سے بدل کرتے هین اور خدا کا جو اکیلا مالک هي اور همارے خداوند یسوع مسیح کا اِنکار کرتے هین مین چاهتا هون که تمهین وه بات جسے تم ایک بار جان چکے هو یاد دلاؤن که خداوند نے قوم کو زمین مصر سے بچایا پهر اُنهین جو ایمان نه لائے هلاک کیا اور اُن فرشتون کو جنهون نے اپني پهلي حالت کو نگاه نه رکها بلکه اپنے خاص مقام کو چهوڑ دیا اُسنے سدا کي زنجیر مین تاریکي کے اندر روز عظیم کي عدالت تک نگاه رکها اِسي طرح سدوم اور غموره اور اُن کے اِرد گرد کے شهر جنهون نے اُن کي مانند زنا کیا اور جسم حرام کا پیچها کیا همیشه کي آگ کے عذاب مین گرفتار هوکے نمونه بنے رهتے هین اِسي طرح یهه خواب دیکهنے والے بهي جسم کو ناپاک کرتے اور حکومت کو ناچیز جانتے اور مرتبه والون پر طعنه کرتے هین *

انجیل یوحنا ۱۵ ب ۱۷ آ

مین تمهین یهه باتین فرماتا هون که تم ایک دوسرے کو پیار کرو اگر دنیا تم سے دشمني کرتي هي تو تم جانتے هو که اُسنے تم سے آگے مجهه سے دشمني کي اگر تم دنیا کے هوتے تو دنیا اپنون کو پیار کرتي لیکن اِس لیئے که تم دنیا کے نهین بلکه مین نے تمهین دنیا سے اختیار کیا هي اِسواسطے دنیا تم سے دشمني کرتي هي اُس بات کو جو مین نے تم سے کهي یاد کرو که بنده اپنے خداوند سے بڑا نهین جب اُنهون نے مجهے ستایا تو وے تمهین بهي ستاوینگے اگر اُنهون نے میرے کلام کو مانا هي تو وے تمهارا بهي مانینگے لیکن وے یے سلوک میرے نام کے سبب تم سے کرینگے کیونکه وے میرے بهیجنیوالے کو نهین جانتے اگر مین نه آیا هوتا اور اُنهین نه کهتا تو اُن کا گناه نه هوتا لیکن اب اُن پاس اُنکے گناه کا عذر نهین وه جو مجهه سے عداوت کرتا هي میرے باپ سے بهي عداوت کرتا هي اگر مین نے اُن کے بیچ مین یے کام جو کسي دوسرے نے نهین کیئے نه کیئے هوتے تو اُن کا گناه نه هوتا پر اب تو اُنهون نے مجهے اور میرے باپ کو دیکها اور دشمني کي لیکن یهه هوا تاکه وه کلام جو اُنکي شریعت مین لکها هي که اُنهون نے مجهه سے ناحق دشمني کي پورا هو

کھیت بہت ھی پر مزدور تھوڑے اِس لیئے کھیت کے مالک کي منت
کرو کہ مزدورون کو اپنے کھیت میں بھیجے جاوٗ دیکھو میں تمھین
بھیڑون کي مانند بھیڑیون میں بھیجتا ھون نہ بٹوا لیجاوٗ نہ جھولي نہ
جوتي اور راہ میں کسي کو سلام نہ کیجو اور جس گھر میں داخل ھو
پہلے کہو کہ اِس گھر کو سلام اگر سلامتي کا بیٹا وھان ھوگا تو تمھارا سلام
اُسپر ٹھریگا نہین تو تمھاري طرف پھر آویگا اور اُسي گھر میں رھو
جو کچھہ اُن کے پاس ھو کھاوٗ پیوٗ کیونکہ مزدوري مزدور کا حق ھی *

مقدس شمعون اور مقدس یہودا رسولون کا دن

دعا

اَی قادر مطلق خدا تونے رسولون اور نبیون کي ڈالي ھوئي بنیاد
پر اپني کلیسیا کو بنایا جس کے کونے کا پتھر یسوع مسیح خود ھی ھمین
یہہ بخش کہ اُن کي تعلیم سے روح کي یکتائي میں ھم ایسے ملے رھین
کہ مقدس ھیکل بن کر تیرے پسندیدہ ھووین — ھمارے خداوند یسوع
مسیح کے وسیلے سے * آمین

مکتوب یہودا ۱

یہودا کي طرف سے جو یسوع مسیح کا بندہ اور یعقوب کا
بھائي ھی اُن کو جو باپ خدا میں مقدس ھوئے اور یسوع مسیح میں
محفوظ اور بلائے گئے ھین رحم اور سلامتي اور محبت تمھارے واسطے
بڑھتي رھے پیارو جس وقت میں اُس نجات کي بابت جو سب کے لیئے
ھی تم کو لکھنے میں نہایت کوشش کرتا تھا تو میں نے ضرور جانا کہ
تمھین نصیحت کرکے لکھون کہ تم اُس ایمان کے واسطے جو ایک بار
مقدسون کو سونپا گیا جانفشاني کرو کیونکہ بعضے شخص آ گھسے جو آگے
اِس سزا کے حکم کے واسطے ٹھرائے گئے تھے وہ بیدین ھین اور ھمارے

مقدس لوقا انجيلي كا دن

دعا

اى قادر مطلق خدا تونے لوقا طبيب كو جس كي تعريف انجيل مين هى بلايا كه انجيلي اور روح كا طبيب هووے تيري مرضي هو كه اُس كي تعليم كي شفا بخشنے والي دواؤن سے هماري روحون كي ساري بيماريان دفع هو جاوين — همارے خداوند يسوع مسيح كے ثواب كے سبب * آمين

مكتوب ٢ طيمتاوُس ۴ ب ۵ آ

تو ساري باتون مين بيدار هو دكهه سهه انجيل سنانيوالے كا كام كر اپني خدمت كو پورا كر كيونكه اب ميرا لهو ڈهالا جاتا هے اور ميرے كوچ كا وقت آ پهنچا هے مين اچهي لڑائي لڑچكا مين دوڑ كر چكا مين نے ايمان كو نگاه ركها باقي راستبازي كا تاج ميرے ليئے دهرا هے سو خداوند جو سچا حاكم هے اُس دن مجهے ديگا اور فقط مجهے نهين بلكه اُن سب كو بهي جو اُس كے ظاهر هونے كو چاهتے هين تو كوشش كر تاكه ميرے پاس جلد آوے كيونكه ديما نے اِس جهان كو پسند كركے مجهے چهوڑ ديا اور تسلنيقي كو چلا گيا كريسكنس گلتيا مين اور طيطس دلمتيا مين گيا لوقا اكيلا ميرے ساتهه هے تو مرقس كو اپنے ساتهه لے آ كيونكه وه اِس خدمت مين ميرے كام كا هے مين نے طخكس كو افسس مين بهيجا تو وه لباده جسے مين نے طرواس مين قرپس كے يهان چهوڑا اور كتابين خاص كر چمڑے كے ورق ليتا آئيو سكندر ٹهٹهيرے نے مجهه سے بهت بدي كي خداوند اُسكے كامون كے موافق اُسے بدلا دے اُس سے تو بهي خبردار ره كيونكه اُسنے هماري باتون كي بهت مخالفت كي *

انجيل لوقا ١٠ ب ١ آ

خداوند نے ستر اور مقرر كيئے اور اپنے سامهنے هر شهر اور هر جگهه مين جهان آپ جايا چاهتا تها دو دو بهيجے اور اُن سے كها كه پكا

اُن پر تہمت لگاتا تھا گرایا گیا اور اُنھون نے برہ کے لہو سے اور اپني گواهي کي بات سے اُس کو جیت لیا اور اُنھون نے اپني جانون کو مرنے تک عزیز نہ جانا اِسواسطے تم ای آسمانون اور اُن پر کے رهنیوالو خوشي کرو افسوس اُن پر جو خشکي اور تري کے رهنیوالے هین اِس لیئے کہ ابلیس بڑے غصے سے تم پر اُترا کہ وہ جانتا هی کہ میرے وقت مین تھوڑا هي باقي هی *

انجیل متي ۱۸ ب ۱ آ

اسوقت شاگردون نے یسوع پاس آکے اُس سے پوچھا کہ آسمان کي بادشاهت مین سب سے بڑا کون هی یسوع نے ایک چھوٹا لڑکا بلاکے اُنکے بیچ مین کھڑا کیا اور کہا مین تم سے سچ کہتا هون اگر تم لوگ توبہ نہ کرو اور چھوٹے لڑکون کي مانند نہ بنو تو آسمان کي بادشاهت مین هرگز داخل نہ هوگے پس جو کوئي آپ کو اِس بچے کي مانند چھوٹا جانے وهي آسمان کي بادشاهت مین سب سے بڑا هی اور جو کوئي ایسے بچے کي میرے نام پر خاطرداري کرے میري خاطرداري کرتا هی پر جو کوئي اِن چھوٹون مین سے جو مجھپر ایمان لاتے هین ایک کو ٹھوکر کھلاوے تو اُس کے لیئے یہہ بہتر تھا کہ ایک چکي کا پاٹ اُس کے گلے مین باندھا جاتا اور وہ بیچ سمندر مین ڈبایا جاتا ٹھوکر کھلانیوالي چیزون کے سبب دنیا پر افسوس هی کہ ٹھوکر کھلانیوالي چیزون کا آنا ضرور هی پر افسوس اُس شخص پر جس کے سبب ٹھوکر لگے اگر تیرا هاتھہ یا تیرا پانو تجھے ٹھوکر کھلاوے اُسے کاٹ ڈال اور اپنے پاس سے پھینک دے کہ لنگڑا یا ٹنڈا هوکر زندگي مین داخل هونا تیرے لیئے اُس سے بہتر هی کہ دو هاتھہ یا دو پانو هوتے همیشہ کي آگ مین ڈالا جاوے اور اگر تیري آنکھہ تجھے ٹھوکر کھلاوے اُسے نکال ڈال اور اپنے پاس سے پھینک دے کیونکہ کانا هوکر زندگي مین داخل هونا تیرے لیئے اُس سے بہتر هی کہ تیرے دو آنکھہ هون اور تو جہنم کي آگ مین ڈالا جاوے خبردار اِن چھوٹون مین سے کسو کو ناچیز نہ جانو کیونکہ مین تم سے کہتا هون کہ آسمان پر اُن کے فرشتے میرے آسماني باپ کا منہہ همیشہ دیکھتے هین *

بہت سے محصول لینے والے اور گنہگار آکے اُس کے اور اُسکے شاگردون کے ساتھہ کھانے بیٹھے جب فریسیون نے یہہ دیکھا اُس کے شاگردون سے کہا تمھارا اُستاد محصول لینے والون اور گنہگارون کے ساتھہ کیون کھاتا ھی یسوع نے یہہ سنکر اُنھین کہا بھلے چنگون کو حکیم درکار نہین بلکہ بیمارون کو پر تم جاکے اُس کے معنے دریافت کرو کہ مین قربانی نہین بلکہ رحم کو چاھتا ہون کیونکہ مین راستبازون کو نہین بلکہ گنہگارون کو توبہ کے لیئے بلانے آیا ہون *

مقدس میکائیل اور سب فرشتون کا دن

دعا

ای ھمیشہ کے خدا تونے عجیب طرح سے فرشتون اور آدمیون کی خدمتین ٹھہرائین اور مقرر کین کرم کرکے یہہ بخش کہ جس طرح تیرے مقدس فرشتے آسمان پر ھمیشہ تیری خدمت بجا لاتے ھین اُسی طرح تیرے ٹھہرا دینے سے زمین پر وے ھماری مدد اور حمایت کرین — یہہ ھمارے خداوند یسوع مسیح کے سبب سے ھووے * آمین

مکتوب کے عوض مکاشفات ۱۲ ب ۷

اور آسمان پر لڑائی ھوئی میکائیل اور اُس کے فرشتے اژدھے سے لڑے اور اژدھا اور اُس کے فرشتے اُن سے لڑے لیکن اُن پر غالب نہ ھو سکے اور نہ آسمان پر اُن کو پھر جگہہ ملی سو بڑا اژدھا نکالا گیا وھی پرانا سانپ جس کا نام ابلیس اور شیطان ھی جو سارے جہان کو دغا دیتا ھی وہ زمین پر گرایا گیا اور اُس کے فرشتے بھی اُس کے ساتھہ گرائے گئے پھر مین نے ایک بڑی آواز آسمان سے یہہ کہتے سنی کہ اب نجات اور قدرت اور ھمارے خدا کی سلطنت اور اُس کے مسیح کا اختیار ظاھر ھوا کیونکہ ھمارے بھائیون پر تہمت لگانیوالا جو رات دن ھمارے خدا کے آگے

مقدس رسول متي کا دن

دعا

اى قادر مطلق خدا تونے اپنے مبارک بیتے کي معرفت متي کو محصول کي چوکي پر سے بلاکر رسول اور انجیلي مقرر کیا هم پر فضل کر که سب طرح کے لالچ اور دولت کي بیجا محبت چهوڑ کر اُسي تیره بیتے یسوع مسیح کي پیروي کریں جو تیره اور روح قدس کے ساتهه ایک خدا ابد تک جیتا اور سلطنت کرتا هي * آمین

مکتوب ۲ کرنتیون کو ۴ ب ۱ آ

پس جب هم نے یهه خدمت پائي اور هم پر ایسا رحم هوا تو هم اُداس نهیں هوتے اور هم نے شرم کے پوشیدة کامون سے کنارة کیا اور دغابازي کي چال نهیں چلتے اور نه خدا کي بات میں ملوني کرتے هیں بلکه راستي کے ظاهر کرنے سے هر ایک آدمي کے دل میں خدا کے حضور جگهه کرتے هیں اور همارے انجیل اگر پوشیدة هووے تو اُن هي پر پوشیدة هى جو هلاک هوتے هیں که اِس جهان کے خدا نے اُن کي عقلوں کو جو بے ایمان هیں تاریک کر دیا هى تا نه هووے که مسیح کي جو خدا کي صورت هى جلال والي انجیل کي روشني اُن پر چمکے که هم اپني نهیں بلکه مسیح یسوع کي جو خداوند هى منادي کرتے هیں اور هم آپ تو یسوع کے خاطر تمهارے نوکر هیں کیونکه خدا هي نے جس کے حکم سے تاریکي سے روشني چمکي همارے دلوں کو روشن کیا تاکه خدا کے جلال کي پهچان یسوع مسیح کے چهرے سے ظاهر هووے *

انجیل متي ۹ ب ۹ آ

پهر جب یسوع وهان سے آگے بڑها تو مَتي نامي ایک شخص کو محصول کي چوکي پر بیتهے دیکها اور اُسے کہا میرے پیچهے آ وہ اُتهه کے اُس کے پیچهے چلا اور یوں هوا که جب یسوع گهر میں کهانے بیتها دیکهو

کیا کہ تیرے کلام پر دل سے ایمان لایا اور اُس کي منادي کي هم تیري منت کرتے هین اپني کلیسیا کو یهه توفیق بخش که اُس کلام سے جس پر وہ ایمان لایا محبت رکھے اور اُس کي منادي کرے اور اُسے مان بهي لے ـ همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

مکتوب کے عوض اعمال کا ۵ ب ۱۲ آ

رسولون کے هاتهہ سے لوگون کے درمیان بہت سي نشانیان اور معجزے ظاهر هوئے (اور وے سب سلیمان کے برامدے مین ایک دل تهے پر اورون مین سے کسي کا هواو نه پڑا که اُن مین جا ملے مگر لوگ اُن کي تعریف کرتے تهے اور بهي عورت و مرد گروہ کے گروہ خداوند پر ایمان لاکے اُن مین شامل هوتے جاتے تهے) یہان تک که لوگ بیمارون کو لاکے سڑکون مین چار پائي اور کهاٹون پر رکهتے تهے تاکه جب پطرس آوے اُن مین سے کسو پر اُس کا سایہ بهي پڑجاوے اور چارون طرف کے شہرون کے لوگ اورشلیم مین جمع هوئے جو بیمارون کو اور اُن کو جو ناپاک روحون کے ستائے تهے لائے سو سب چنگے هوئے *

انجیل لوقا ۲۲ ب ۲۴ آ

اور اُن مین یهه بهي تکرار تهي که دیکهیئے هم مین سے کون بڑا ٹهہرتا هي اُس نے اُن سے کہا که قومون کے بادشاہ اُن پر حکومت کرتے هین اور جو لوگ اُن مین اختیاروالے هین خداوند نعمت کہلاتے پر تم ایسے نه هو بلکه جو تم مین بڑا هي چهوٹے کي اور خاوند خدمت کرنیوالے کي مانند هو کیونکه کون بڑا هي جو کهانے بیٹهتا یا وہ جو خدمت کرتا هي کیا وہ نہین جو کهانے بیٹهتا هي لیکن مین تمهارے درمیان خدمت کرنیوالے کي مانند هون تم وے هي هو جو میري آزمایشون مین سدا میرے ساتهہ رهے اور جیسا میرے باپ نے میرے لیئے ایک بادشاهت مقرر کي مین بهي تمهارے لیئے مقرر کرتا هون تاکه میري بادشاهت مین میري میز پر کهاؤ پیؤ اور تختون پر بیٹهہ کر اسرائیل کے بارہ گهرانے کي عدالت کرو *

بھائیوں کي خدمت میں جو یہودیہ میں رہتے تھے کچھہ بھیجیں سو
اُنھوں نے یہہ کیا اور برناباس اور سلوس کے ھاتھہ بزرگوں کے پاس بھیجا
اُن دنوں ھیرودیس بادشاہ نے کلیسیا میں سے بعضوں پر ھاتھہ ڈالا کہ
اُنھیں ستاوے اور یوحنا کے بھائي یعقوب کو تلوار سے مار ڈالا اور جب
دیکھا کہ یہودیوں کو یہہ پسند آیا تو اور بھي زیادتي کي کہ پطرس کو
بھي پکڑ لایا *

انجیل متي ۲۰ ب ۲۰ آ

تب زبدي کے بیٹوں کي ما اپنے بیٹوں کو لیکے اُس پاس آئي اور
اُسے سجدہ کرکے چاہا کہ اُس سے کچھہ عرض کرے اُسنے اُس سے کہا تو
کیا چاھتي ھی اُسنے کہا یہہ فرما کہ میرے دونوں بیٹے تیري بادشاھت
میں ایک تیري دھني دوسرا تیري بائیں طرف بیٹھے یسوع نے جواب
میں کہا تم نہیں جانتے کہ کیا مانگتے ھو کیا وہ پیالہ جو میں پینے پر ھوں
تم پي سکتے ھو اور وہ بپتسما جو میں پاتا ھوں تم پا سکتے ھو وے بولے
ھم سکتے ھیں اُس نے اُن سے کہا تم البتہ میرا پیالہ پیوگے اور وہ بپتسما
جو میں پاتا ھوں پاؤ گے لیکن میري داھني اور میري بائیں طرف بیٹھنا
میرے اختیار میں نہیں کہ کسي کو دوں مگر اُن کو جنکے لیئے میرے باپ
نے مقرر کیا اور جب اُن دسوں نے یہہ سنا اُن دونوں بھائیوں پر غصے
ھوئے تب یسوع نے اُنھیں بلاکے کہا کہ تم جانتے ھو کہ غیر قوموں کے حاکم
اُن پر حکومت جتاتے اور اختیار والے اُن پر اپنا اختیار دکھاتے ھیں پر تم
لوگوں میں ایسا نہ ھوگا بلکہ جو تم میں بڑا ھوا چاھے تمھارا خادم ھو اور
جو تم میں سردار بنا چاھے تمھارا بندہ ھو چنانچہ ابن آدم بھي اِس لیئے
نہیں آیا کہ خدمت لے بلکہ خدمت کرے اور اپني جان بہتیروں کے
لیئے فدیہ میں دے *

مقدس رسول برتولما کا دن

دعا

اي قادر مطلق اور ھمیشہ کے خدا تونے اپنے رسول برتولما پر فضل

نے کہا کہ بعضے کہتے ہیں کہ تو یوحنا بپتسما دینیوالا ہی بعضے الیاس اور بعضے ارمیہ یا کوئي نبیون میں سے اُسنے اُنہیں کہا پر تم کیا کہتے ہو کہ میں کون ہون شمعون پطرس نے جواب میں کہا تو مسیح زندہ خدا کا بیٹا ہی یسوع نے جواب میں اُسے کہا ای شمعون باریونس مبارک تو کیونکہ جسم اور خون نے نہیں بلکہ میرے باپ نے جو آسمان پر ہی تجھہ پر یہہ ظاہر کیا میں یہہ بھي تجھہ سے کہتا ہون کہ تو پطرس ہی اور میں اِس پتھر پر اپني کلیسیا بناؤنگا اور دوزخ کے دروازے اُس پر فتح نہ پائینگے اور میں آسمان کي بادشاہت کي کنجیان تجھے دونگا جو کچھہ تو زمین پر بند کریگا آسمان پر بند کیا جائیگا اور جو کچھہ تو زمین پر کھولیگا آسمان پر کھولا جائیگا *

مقدس رسول یعقوب کا دن

دعا

ای رحیم خدا یہہ بخش کہ جس طرح تیرا مقدس رسول یعقوب اپنا باپ اور سب کچھہ چھوڑ چھاڑ تیرے بیٹے یسوع مسیح کي دعوت کو جھٹ مان کر اُسکے پیچھے ہو لیا اُسي طرح ہم بھي تمام دنیاوي اور جسماني خواہشون کو چھوڑ کر ہمیشہ تیرے پاک حکم بجالانے پر مستعد رہیں — ہمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

مکتوب کے عوض اعمال کا ۱۱ ب ۲۷ — اور ۱۲ ب ۱ ۲

انہیں دنون کئي ایک نبي اورشلیم سے انطاکیا میں آئے ایک نے اُن میں سے جس کا نام اجبس تھا اُتھکے روح کے بتانے سے ظاہر کیا کہ تمام ملک میں بڑا کال پڑیگا جو قلادیوس قیصر کے وقت میں ہوا تب شاگردون میں سے ہر ایک نے ٹھانا کہ اپنے مقدور کے موافق اُن

فرمان برداري کے ساتھہ اُسے مان لیں تاکہ وے همیشہ کے جلال کا تاج
پاویں - همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

مکتوب کے عوض اعمال کا ۱۲ ب ۱ آ

ان دنون مین هیرودیس بادشاہ نے کلیسیا میں سے بعضون پر هاتھہ
ڈالا کہ اُنھیں ستاوے اور یوحنا کے بھائي یعقوب کو تلوار سے مار ڈالا اور
جب دیکھا کہ یہودیون کو یہہ پسند آیا تو اور بھي زیادتي کي کہ پطرس
کو بھي پکڑ لیا (اور یہہ عید فسح کے دنون میں هوا) اور اُسکو پکڑ کے
قید میں ڈالا چار چار سپاهیون کے پہرے میں سونپا کہ اُسکي خبرداري
کریں اور چاها کہ فسح کے بعد اُسے لوگون کے سامھنے لیجاے پس قید
میں پطرس کي خبرداري هوتي تھي پر کلیسیا اُسکے لیئے نت خدا سے
دعا مانگا کرتي تھي اور جب هیرودیس نے چاها کہ اُسے باهر نکالے اُس رات
پطرس دو زنجیرون سے باندھا دو سپاهیون کے بیچ میں سوتا تھا اور چوکي
والے دروازے پر قید خانے کي چوکي دے رهے تھے کہ دیکھو خداوند کا ایک
فرشتہ آیا اور اُس مکان میں نور چمکا اور اُسنے پطرس کي پسلي پر مار کے
جگایا اور کہا کہ جلد اُٹھہ تب زنجیریں اُسکے هاتھون سے گر گئیں اور
اُس فرشتے نے اُسے کہا کہ کمر باندھہ اور اپني جوتي پہن اُسنے یہہ کیا
پھر اُسنے اُسے کہا اپنا کرتا پہن اور میرے پیچھے چلا آ وہ نکل کے اُسکے
پیچھے هو لیا پر نہ جانا کہ یہہ جو فرشتے سے هوا سچ هی بلکہ سمجھا کہ
رویا دیکھتا هون تب پہلے اور دوسرے پہرے سے نکل کے وے لوهے کے
پھاٹک تک جو شہر کي طرف هی پہنچے وہ آپ سے اُنکے لیئے کھل گیا
وے نکلکے ایک گلي سے گذر گئے تو اُسي دم فرشتہ اُسکے پاس سے چلا گیا
تب پطرس نے هوش میں آکے کہا اب مینے یقین جانا کہ خداوند نے اپنا
فرشتہ بھیجا اور مجھے هیرودیس کے هاتھہ اور یہودیون کي ساري قوم کي
تاک سے بچا لیا *

انجیل متي ۱٦ ب ۱۳ آ

اور یسوع نے قیصریہ فیلپي کي سرحد میں آکر اپنے شاگردون سے
پوچھا کہ لوگ کیا کہتے هیں کہ میں جو ابن آدم هون کون هون اُنھون

کہا کہ یہہ کیسا لڑکا ہوگا اور خداوند کا ہاتھہ اُسپر تھا اور اُسکا باپ ذکریا روح قدس سے بھر گیا اور نبوت کي راہ سے کہنے لگا تعریف خداوند کي جو اسرائیل کا خدا هی کیونکہ اُسنے اپنے لوگون پر نظر کي اور اُنھیں چھٹکارا دیا اور همارے لیئے نجات کا سینگ اپنے بند ے داوُد کے گھر مین نکالا جیسا اُسنے اپنے پاک نبیون کي معرفت جو دنیا کے شروع سے ہوتے آئے کہا ہم کو همارے دشمنون سے اور اُن سب کے هاتھہ سے جو ہم سے کینہ رکھتے هیں نجات بخشي تاکہ اُس رحم کو پورا کرے جس کا همارے باپ دادون سے وعدہ کیا تھا اور اپنے پاک عہد کو یاد فرماوے اُس قسم کو جو اُسنے همارے باپ ابراهیم سے کي کہ وہ همیں یہہ دیگا کہ اپنے دشمنون کے هاتھہ سے چھٹکارا پاکے عمر بھر اُسکے آگے پاکي اور راستي سے بیخوف اُسکي بندگي کریں اور اى لڑکے تو خدا تعالیٰ کا نبي کہلائیگا کیونکہ تو خداوند کي راهیں درست کرنیکو اُسکے آگے آگے چلیگا کہ اُسکے لوگون کو اُنکے گناهون کي معافي سے نجات کي خبر دیوے جو همارے خدا کي خاص رحمت سے هی جس کے سبب صبح کي روشني اوپر سے هم پر پہنچي تاکہ اُن کو جو اندھیرے اور موت کے سائے مین بیٹھے هیں روشني بخشے اور همارے قدم سلامتي کي راہ پر لیچلے اور وہ لڑکا بڑھتا اور روح مین قوت پاتا گیا اور اپنے تئیں اسرائیل پر ظاهر کرنیکے دن تک بیابان مین رہا ٭

مقدس پطرس کا دن

دعا

اى قادر مطلق خدا تونے اپنے بیٹے یسوع مسیح کے وسیلہ سے اپنے مقدس رسول پطرس کو بہت سي اچھي نعمتیں بخشیں اور اُسکو تاکید سے فرمایا کہ تیرا گلہ چراوے هم تیري منت کرتے هیں ایسا کر کہ سب اُسقوف اور گلہ بان کوشش کرکے تیرا پاک کلام سنایا کریں اور لوگ

کرو هر ایک پستي اونچي کي جائیگي اور هر ایک پہاڑ اور ٹیلا پست
کیا جائیگا اور هر ایک ٹیڑھي چیز سیدھي اور هر ایک ناهموار جگہہ
هموار کي جائیگي اور خداوند کا جلال آشکارا هوگا اور سب بشر دیکھینگے
کیونکہ خداوند نے اپنے منہہ سے یہہ فرمایا آواز یہہ هی کہ پکار اور
اُسنے کہا کیا پکاروں تمام بشر گھاس هیں اور اُن کا سارا جمال میدان کے
پھول کا سا هی گھاس مرجھاتي هی پھول کمھلاتے هیں کیونکہ خداوند کي
هوا اُسپر بہتي هی یقینا لوگ گھاس هیں گھاس مرجھاتي هی پھول
کمھلاتے هیں پر همارے خدا کا کلام ابد تک قایم هی ای صیہون تو جو
خوش خبریاں لاتي هی اونچے پہاڑ پر چڑھہ بیٹھہ ای اورشلیم تو جو
مژدہ سناتي هی زور سے اپني آواز بلند کر بلند کر مت ڈر یہودا کي
بستیوں سے کہہ دیکھو تمھارا خدا دیکھو خداوند خدا قوت کے ساتھہ
آویگا اور اُسکا بازو اُسکے لیئے سلطنت کریگا دیکھو اُسکا صلہ اُسکے هاتھہ
هی اور اُسکا کام اُسکے آگے وہ چوپان کي مانند اپنا گلہ چرائیگا وہ بروں
کو اپنے هاتھہ سے اکٹھا کریگا اور اپني گود میں اُٹھا کر لیچلیگا اور اُنکو
جو بچے والیاں هیں ملائمت سے لے جائیگا *

انجیل لوقا ۱ ب ۵۷ آ

الیسبات کے جننے کا وقت پہنچا اور بیٹا جنی اور اُسکے
پڑوسیوں اور رشتہ‌داروں نے سنا کہ خداوند نے اُسپر بڑي رحمت کي اور
اُنھوں نے اُسکے ساتھہ خوشي کي اور یوں هوا کہ آٹھویں دن لڑکے کا ختنہ
کرنے آئے اور اُسکا نام ذکریا جو اُسکے باپ کا تھا رکھنے لگے پر اُسکي ما نے
جواب میں کہا کہ نہیں بلکہ اُسکا نام یوحنا رکھا جاوے اُنھوں نے اُس سے
کہا کہ تیرے گھرانے میں کسو کا یہہ نام نہیں تب اُنھوں نے اُسکے باپ کي
طرف اشارہ کیا کہ وہ اُسکا کیا نام رکھا چاهتا هی اُسنے تختي منگا کے
لکھا کہ یوحنا اُسکا نام هی اور سبھوں نے تعجب کیا اور اُسي دم اُسکا
منہہ اور زبان کھل گئي اور بولنے لگا اور خدا کي تعریف کي تب سارے
آس پاس کے رهنیوالے ڈر گئے اور یہودیہ کے تمام کوهستان میں اِن سب
باتوں کا چرچا پھیلا اور سبھوں نے جو سنتے تھے اپنے دل میں سوچ کر

ایک دوسرے کو پیار کرو کوئی شخص اُس سے زیادہ دوستی نہیں کرتا کہ اپنی جان اپنے دوستوں کے لیئے دے جو کچھہ کہ میں نے تمھیں فرمایا اگر تم کرو تو میرے دوست ہو بعد اِس کے میں تمھیں بندہ نہ کہونگا کیونکہ بندہ نہیں جانتا کہ اُس کا خداوند کیا کرتا ہی بلکہ میں نے تمھیں دوست کہا ہی کہ سب چیزیں جو میں نے اپنے باپ سے سنی ہیں میں نے تمھیں بتلائیں تم نے مجھے اختیار نہ کیا بلکہ میں نے تمھیں اختیار کیا ہی اور تمھیں مقرر کیا ہی تاکہ تم جاؤ اور میوہ لاؤ اور تمھارا میوہ باقی رہے تاکہ تم میرا نام لیکے جو کچھہ باپ سے مانگو وہ تمھیں دیوے *

مقدس یوحنا بپتسمہ کا دن

دعا

ای قادر مطلق خدا تیرے ہی تدبیر سے تیرا بندہ یوحنا بپتسما دینیوالا کرامت کے طور پر پیدا ہوا اور توبہ کی منادی سے تیرے بیٹے ہمارے نجات بخشنیوالے کی راہ درست کرنے کو بھیجا گیا یہہ کر کہ ہم اُسکی تعلیم اور پاک چلن کے ایسے پیرو ہوویں کہ اُسکی نصیحت کے موافق سچی توبہ کریں اور اُسکی مانند ہمیشہ سچ بولا کریں اور دلیری کے ساتھہ گناہ کو منع کریں اور صبر کرکے حق کے واسطے دکھہ سہیں — ہمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

مکتوب کے عوض یسعیاہ ۴۰ ب ۱ آ

تم میرے لوگوں کو تسلی دو تم تسلی دو تمھارا خداوند کہتا ہی تم اورشلیم کو دلاسا دو اور اُسے پکار کے کہو کہ اُسکی لڑائی ہو چکی اُسکی بدکاری بخشی گئیں اور اُسنے خداوند کے ہاتھہ سے اپنے گناہوں کا دوچند بدلا پایا بیابان میں ایک منادی کرنیوالے کی آواز ہی تم خداوند کی راہ کو سنوارو بیابان میں ہمارے خداوند کے لیئے ایک سیدھی شاہ راہ تیار

مقدس رسول برنابلس کا دن

دعا

اے قادر مطلق خداوند خدا تونے اپنے رسول مقدس برنابلس کو روح قدس کے انعام خاص عنایت کیئے هم تیري منت کرتے هیں تو اپني گوناگون نعمتون سے همیں محروم نه رکهه اور نه اپنے فضل سے جس کے سبب هم اُنهیں تیري عزت اور جلال کے لیئے همیشه خرچ میں لایا کریں — همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

مکتوب کے عوض اعمال کا ۱۱ ب ۲۲ آ

اُن باتون کي خبر اورشلیم کي کلیسیا کے کان میں پهنچي تب اُنهون نے برناباس کو بهیجا که انطاکیا تک جاے وه پهنچ کے اور خدا کا فضل دیکهه کے خوش هوا اور اُن سب کو نصیحت کي که دل کي مضبوطي سے خداوند سے لگے رهو کیونکه وه نیک مرد تها اور روح قدس اور ایمان سے بهرا اور ایک بڑي جماعت خداوند کي طرف رجوع لائي تب برناباس سولوس کي تلاش میں ترسس کو چلا اور اُسے پاکے انطاکیا میں لایا اور ایسا هوا که وے سال بهر کلیسیا کے ساتهه اکتها هوا کرتے اور بهت لوگون کو سکهایا کرتے تهے اور پهلے انطاکیا میں شاگرد مسیحي کهلائے اُن هي دنون کئي ایک نبي اورشلیم سے انطاکیا میں آئے ایک نے اُن میں سے جس کا نام اجبس تها اُتهه کے روح کے بتانے سے ظاهر کیا که تمام ملک میں بڑا کال پڑیگا جو قلادیوس قیصر کے وقت میں هوا تب شاگردون میں سے هر ایک نے تهانا که اپنے مقدور کے موافق اُن بهائیون کي خدمت میں جو یهودیه میں رهتے تهے کچهه بهیجیں سو اُنهون نے یهه کیا اور برناباس اور سولوس کے هاتهه بزرگون کے پاس بهیجا *

انجیل یوحنا ۱۵ ب ۱۲ آ

میرا حکم یهه هے که جیسے میں نے تمهیں پیار کیا هے تم بهي

آزمایش هو چکي تو زندگي کا تاج جس کا خدا نے اپنے محبت رکھنیوالون سے وعدہ کیا پاویگا *

انجیل یوحنا ۱۴ ب ۱ ۱

اور یسوع نے اپنے شاگردون سے کہا دلگیر مت هو تم خدا پر ایمان لاتے هو مجھہ پر بھي ایمان لاؤ میرے باپ کے گھر میں بہت مکان هیں نہیں تو میں تمھیں کہتا میں جاتا هون تاکہ تمھارے لیئے جگہہ تیار کرون اور میں جاکے اور جگہہ تیار کرکے پھر آؤنگا اور تمھیں اپنے ساتھہ لونگا تاکہ جہان میں هون تم بھي هوؤ اور جہان میں جاتا هون تم جانتے هو اور راہ جانتے هو تھوما نے اسے کہا ای خداوند هم نہیں جانتے تو کہان جاتا هی اور هم کیونکر اس راہ کو جان سکیں یسوع نے اسے کہا راہ اور حق اور زندگي میں هون کوئي بغیر میرے وسیلے باپ کے پاس آ نہیں سکتا هی اگر تم مجھے جانتے تو میرے باپ کو بھي جانتے اور اب تم اسے جانتے هو اور اسے دیکھا هی فیلبوس نے اسے کہا ای خداوند باپ کو همیں دکھلا کہ همیں کافي هی یسوع نے اسے کہا کہ ای فیلبوس میں اتني مدت سے تمھارے ساتھہ هون اور تونے هنوز مجھے نہ جانا جسنے مجھے دیکھا هی اس نے باپ کو دیکھا هی اور تو کیونکر کہتا هی کہ باپ کو همیں دکھلا کیا تو یقین نہیں کرتا کہ میں باپ میں اور باپ مجھہ میں هی یے باتیں جو میں تمھیں کہتا هون میں آپ سے نہیں کہتا لیکن باپ جو مجھہ میں رهتا هی وہ یہہ کام کرتا هی میري بات یقین کرو کہ میں باپ میں هون اور باپ مجھہ میں اور نہیں تو ان کامون کے سبب مجھے سچا جانو میں تم سے سچ سچ کہتا هون جو مجھہ پر ایمان لاتا هی یہہ کام جو میں کرتا هون وہ بھي کریگا اور ان سے بھي بڑے کام کریگا کیونکہ میں اپنے باپ پاس جاتا هون اور تم میرے نام سے جو کچھہ مانگوگے میں وهي کرونگا تاکہ باپ بیتے میں جلال پاوے اگر تم میرے نام سے کچھہ مانگوگے تو میں وهي کرونگا *

مقدس فیلبوس اور مقدس یعقوب کا دن

دعا

ای قادر مطلق خدا جسے حقیقت میں پہچاننا همیشه کي زندگي هی همیں یهه بخش که تیرے بیٹے یسوع مسیح کو راه اور حق اور زندگي سمجھنے میں هماري پہچان کوتاهي نه کرے تاکه تیرے مقدس رسول فیلبوس اور یعقوب کي چال اختیار کرکے ثابت قدمي سے اُس راه پر جو همیشه کي زندگي کو پہنچاتي هی چلتے رهیں — اُسي تیرے بیٹے همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

مکتوب یعقوب کا ۱ ب ۱ آ

یعقوب کا جو خدا اور خداوند یسوع مسیح کا بنده هی اُن باره فرقوں کو جو تِتر بتر هیں سلام ای میرے بھائیو جَب تم طرح طرح کي آزمایشوں میں پڑو تو اُسے کمال خوشي سمجھو یهه جان کر که تمهارے ایمان کي آزمایش صبر پیدا کرتي هی پر صبر کو کام پورا کرنے دو تاکه تم کامل اور پورے هو اور کسي بات میں ناقص نه رهو اور اگر کوئي تم میں سے حکمت میں ناقص هووے تو خدا سے مانگے جو سبکو سخاوت کے ساتهه دیتا اور اُلاهنا نهیں دیتا هی که اُس کو عنایت هوگي پر ایمان سے مانگے اور کچهه شک نه کرے کیونکه شک کرنیوالا سمندر کي لهر کي مانند هی جسے هوا ٹکراتي اور اُڑاتي هی ایسا شخص هرگز گمان نه کرے که خداوند سے کچهه پاویگا دودلا آدمي اپني ساري چال میں ڈگمگاتا هی بھائي جو غریب هی اپني مالداري پر فخر کرے اور جو دولتمند هی اپني غریبي پر اِس لیئے که وه گهاس کے پھول کي طرح جاتا رهیگا کیونکه جب سورج نکلتا اور لوه چلتي تب گهاس کو سکها دیتا اور اُس کا پھول جهڑ جاتا اور اُسکے چهره کي خوبصورتي جاتي رهتي یونهیں دولتمند بھي اپني ساري راهوں میں مرجها جائیگا مبارک وه آدمي جو آزمایش کي برداشت کرتا هی اِسواسطے که جب اُس کي

بچھبازي اور گمراہ کرنیوالي دغابازي اور منصوبے سے اُچھلتے اُڑتے پھرین بلکہ محبت کے ساتھہ سچ بول کے اُس مین جو سر هی یعنے مسیح مین هوکے هر طرح بڑهتے جاوین اُس سے سارا بدن هر ایک بند کي مدد سے مل اور جٹ کر اُس تاثیر کے موافق جو هر جز کے اندازہ سے هوتي هی بڑهتا هی ایسا کہ وہ بدن محبت مین اپني ترقي کرتا هی *

انجیل یوحنا ۱۵ ب ۱ آ

سچے انگور کا درخت مین هون اور میرا باپ باغبان جو ڈالي مجھہ مین میوہ نہین لاتي وہ اُسے توڑ ڈالتا هی اور هر ایک کو جو میوہ لاتي وہ اُسے صاف کرتا هی تاکہ وہ میوہ زیادہ لاوے اب تم کلام کے سبب جو مین نے تمھین کہا پاک هو مجھہ مین قایم هو اور مین تم مین جس طرح کہ ڈالي آپ سے میوہ نہین لا سکتي مگر جبکہ وہ درخت مین قایم هو اُسي طرح تم بهي نہین مگر جبکہ مجھہ مین قایم هو انگور کا درخت مین هون تم ڈالیان وہ جو مجھہ مین قایم هوتا هی اور مین اُس مین وهي بہت میوہ لاتا هی اِس لیئے کہ مجھہ سے جدا تم کچھہ نہین کر سکتے اگر کوئي مجھہ مین قایم نہ هو تو وہ ڈالي کي طرح پھینک دیا جاتا اور سوکھہ جاتا هی لوگ اُنھین سمیٹتے هین اور آگ مین جھونکتے هین اور وہ جلائي جاتین هین اگر تم مجھہ مین قایم اور میري باتین تم مین قایم هووین تو جو چاهوگے مانگوگے اور تمھارے لیئے وہ هوگا میرے باپ کا جلال اُسي سے هی کہ تم بہت میوہ لاؤ اور تم میرے شاگرد هوگے جیسا میرے باپ نے مجھے پیار کیا ویسا هي مین نے تمھین پیار کیا تم میري محبت مین ثابت رهو اگر تم میرے حکمون پر عمل کرو تو تم میري محبت مین قایم هوگے چنانچہ مین نے اپنے باپ کے حکمون پر عمل کیا اور اُس کي محبت مین قایم هون مین نے یے باتین تمھین کہین تاکہ میري خوشي تم مین بني رهے اور تمھاري خوشي کامل هو *

تیري رشتہدار الیسبات کو بھي بڑھاپے میں بیٹا ھونیوالا ھی اور یہہ اُسکا
جو بانجھہ کہلاتي تھي چھٹھا مہینا ھی کیونکہ خدا کے آگے کوئي بات
انہوني نہیں اور مریم نے کہا دیکھہ خداوند کي باندي مجھہ پر تیرے
کہنے کے موافق هووے تب فرشتہ اُسکے پاس سے چلا گیا *

مقدس مرقس کا دن

دعا

اي قادر مطلق خدا تونے اپنے مقدس انجیلي مرقس کي آسماني
تعلیم سے اپني پاک کلیسیا کو تربیت کي هم پر فضل کر کہ هم لڑکون
کي طرح جھوٹھي تعلیم کے هر جھونک سے اُڑا نہ دیئے جاوین بلکہ
تیري پاک انجیل کي سچائي پر ثابت قدم هو جاوین — یہہ همارے
خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے هووے * آمین

مکتوب افسیون کا ۴ ب ۷ آ

هم میں سے هر ایک کو مسیح کے انعام کے اندازہ کے موافق
فضل عنایت هوا هی اِسواسطے وہ کہتا هی کہ اُسنے اونچے پر چڑھکے قید
کو قید کیا اور آدمیون کو انعام دیئے اور اُسکا اوپر چڑھنا سوا اُسکے اور کیا
هی کہ وہ پہلے زمین کے نیچے اُترا وہ جو اُترا سو وهي هی جو سارے
آسمانون پر چڑھا تاکہ سبکو بھر پور کرے اور اُسنے بعضون کو رسول اور
بعضون کو نبي اور بعضون کو انجیل کے منادي کرنیوالے اور بعضون کو
چرواھے اور بعضون کو اُستاد مقرر کر دیا تاکہ مقدس لوگ خدمت کے
کام میں آراستہ هوتے جاوین اور مسیح کا بدن بنتا جاے جب تک
هم سب کے سب ایمان اور خدا کے بیٹے کي پہچان کي یگانگي اور کامل
ایمان یعنے مسیح کے پورے قد کے اندازہ تک پہنچیں تاکہ هم آگے کو
لڑکے نہ رهیں کہ تعلیم کي هر طرح کي هواوٴن سے اور آدمیون کي

یسوع مسیح کے مجسم هونیکا حال معلوم کیا هی اِسي طرح اُسکے صلیب پانے اور دکهہ اُٹهانے کے سبب هم اُسکے جي اُٹهنے کے جلال کو پهنچین — اُسي یسوع مسیح همارے خداوند کے وسیلے سے * آمین

مکتوب کے عوض یسعیاہ ۷ ب ۱۰ آ

اسکے سوا خداوند نے احاز کو فرمایا کہ خداوند اپنے خدا سے کوئي نشان زمیني یا آسماني طلب کر پر احاز نے کہا مین طلب نہین کرتا مین خداوند کو آزمانیکا نہین اور اُس نے کہا ای داوٗد کے خاندان اب تم سنو آدمیون کو هرا دینا تمهارے آگے کچهہ چیز نہین سو کیا تم خدا کو بهي هرایا چاهتے هو اب خداوند خود تم کو ایک نشان بخشتا هی دیکهو ایک کنواري پیٹ سے هوگي اور بیٹا جنیگي اُس کا نام اماںویل رکهیگي وہ مکهن اور شهد کهائیگا جبتک کہ وہ برے کو ترک اور بهلے کو پسند کرنیکي امتیاز نہ پاوے *

انجیل لوقا ۱ ب ۲۶ آ

اور چهٹهے مہینے جبرئیل فرشتہ خدا کي طرف سے جلیل کے ایک شهر مین جس کا نام ناصرہ تها بهیجا گیا ایک کنواري کے پاس جس کي یوسف نامي ایک مرد سے جو داوٗد کے گهرانے سے تها منگني هوئي تهي اُس کنواري کا نام مریم تها اُس فرشتے نے اُس پاس آکے کہا کہ ای پسندیدہ سلام خداوند تیرے ساتهہ تو عورتون مین مبارک هی پر وہ اُسے دیکهکر اُس کي بات سے گهبرائي اور سوچنے لگي کہ یہہ کیسا سلام هی تب فرشتے نے اُس سے کہا کہ ای مریم مت ڈر کہ تجهہ پر خدا کا فضل هوا اور دیکهہ تو پیٹ سے هوگي اور بیٹا جنیگي اور اُسکا نام یسوع رکهنا وہ بزرگ هوگا اور خدا تعالی کا بیٹا کہلائیگا اور خداوند خدا اُسکے باپ داوٗد کا تخت اُسے دیگا اور وہ سدا یعقوب کے گهرانے کي بادشاهت کریگا اور اُسکي بادشاهت کا آخر نہ هوگا تب مریم نے فرشتے سے کہا یہہ کیونکر هوگا جس حال مین مین مرد کو نہین جانتي فرشتے نے جواب مین اُس سے کہا کہ روح قدس تجهہ پر اُتریگا اور خدا تعالی کي قدرت کا سایہ تجهپر هوگا اِس سبب سے وہ پاک لڑکا خدا کا بیٹا کہلائیگا اور دیکهہ

دن تک کہ وہ همارے پاس سے اوپر اُٹھایا گیا اُن میں سے ایک همارے ساتھہ اُس کے جي اُٹھنے کا گواہ هووے تب اُنھون نے دو کو کھڑا کیا ایک یوسف جو بارصاباس کہلاتا جس کا لقب جستس تھا اور دوسرا متیاس اور دعا مانگي کہ ای خداوند سب کے دل کے جاننے والے دکھا کہ اِن دونون میں سے تونے کس کو چنا هی کہ وہ اِس خدمت و رسالت کا حصہ لے جس سے یہودا خارج هوکے اپني خاص جگہہ گیا اور اُنھون نے چٹھیان ڈالین اور چٹھی متیاس کے نام پر نکلي تب وہ اُن گیارہ رسولون میں شامل هوا *

انجیل متي ۱۱ ب ۲۵ آ

اسي وقت یسوع پھر کہنے لگا کہ ای باپ آسمان اور زمین کے خداوند میں تیري تعریف کرتا هون کہ تونے اِن چیزون کو داناؤن اور عاقلمندون سے چھپایا اور بچون پر کھول دیا هان ای باپ کہ یونهیں تجھے پسند آیا میرے باپ نے سب کچھہ مجھے سونپا اور کوئي بیٹے کو نہیں جانتا مگر باپ اور کوئي باپ کو نہیں جانتا مگر بیٹا اور وہ جس پر بیٹا اُسے ظاهر کیا چاهے ای تم لوگو جو تھکے اور بڑے بوجھہ سے دبے هو سب میرے پاس آؤ کہ میں تمھیں آرام دونگا میرا جوا اپنے کاندھے پر لو اور مجھہ سے سیکھو کیونکہ میں حلیم اور دل سے فروتن هون تو تم اپنے جیون کا آرام پاؤگے کیونکہ میرا جوا ملایم اور میرا بوجھہ هلکا هی *

مبارک کنواري مریم کے حاملہ هونیکي خبر پانے کا دن

دعا

ای خداوند هم تیري منت کرتے هیں کہ همارے دلون میں اپنا فضل ڈال کہ جس طرح هم نے ایک فرشتے کے پیغام سے تیرے بیٹے

جلیل میں اپنے شہر ناصرہ کو پھرگئے اور لڑکا بڑھتا اور حکمت سے بھر کے روح میں قوت پاتا رہا اور خدا کا فضل اُسپر تھا *

مقدس متیاس کا دن

دعا

ای قادر مطلق خدا تونے بے ایمان یہودا کی جگہہ اپنے ایماندار بندے متیاس کو اختیار کیا کہ وہ بارہ رسولوں کے شمار میں داخل ہووے — یہہ بخش کہ تیری کلیسیا جھوٹھے رسولوں سے سدا بچکر ایماندار اور سچے چوپانوں کی رعایت اور ہدایت میں رہے — ہمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

مکتوب کے عوض اعمال کا ۱ ب ۱۵ آ

انھیں دنوں پطرس شاگردوں کے درمیان (جو سب ملکے ایک سو بیس کے قریب تھے) کھڑا ہوکے بولا ای بھائیو ضرور تھا کہ وہ لکھا پورا ہووے جو روح قدس نے داؤد کی زبانی یہودا کے حق میں جو یسوع کے پکڑوانیوالوں کا راہ بتلانیوالا تھا آگے سے کہا کیونکہ وہ ہم میں گنا گیا اور اُس نے اِس خدمت کا حصہ پایا تھا سو اُس نے بدی کی مزدوری سے ایک زمین مول لی اور اندھے منہہ گرا اور اُس کا پیٹ پھٹ گیا اور اُس کی تمام انتڑیاں نکل پڑیں اور یہہ اورشلیم کے سب رہنیوالوں کو معلوم ہوا یہاں تک کہ اُس زمین کا نام اُنکی زبان میں حقلدما ہوا یعنے خون کی زمین اِس لیئے کہ زبور کی کتاب میں لکھا ہے کہ اُس کا مکان اُجاڑ جاے اور اُس میں کوئی بسنیوالا نہ رہے اور اُس کا کام دوسرا لے پس چاہیئے کہ اِن لوگوں میں سے جو ہر وقت ہمارے ساتھہ رہے جب خداوند یسوع ہم میں آیا جایا کرتا تھا یوحنا کے بپتسما سے لیکے اُس

انجیل لوقا ۲ ب ۲۲ آ

اور جب موسیٰ کي شریعت کے موافق اُسکے پاک هونے کے دن
پورے هوئے وہ اُس لڑکے کو اورشلیم مین لائے تاکہ خداوند کے آگے حاضر
کرین (جیساکہ خداوند کي شریعت مین لکھا هیکہ هر ایک پھلوٹا لڑکا
خداوندکي نذر کیا جائیگا) اور خداوندکي شریعت کے حکم کے موافق پنڈوکي
کا ایک جوڑا یا کبوتر کے دو بچے قربان کرین اور دیکھو کہ اورشلیم مین
شمعون نام ایک شخص تھا جو راستباز اور دیندار اور اسرائیل کي تسلي
کي راہ دیکھتا تھا اور روح قدس اُس پر تھا اُسکو روح قدس نے خبر دي
تھي کہ وہ جبتک خداوند کے مسیح کو نہ دیکھہ لے نہ مریگا وہ روح کے
بتانے سے هیکل مین آیا اور جس وقت ما باپ اُس لڑکے یسوع کو
اندر لاتے تھے تاکہ اُس کے لیئے شرع کے دستور پر عمل کرین اُسنے اُسے اپنے
هاتھون پر اُٹھا لیا اور خدا کي تعریف کرکے کہا کہ ای خداوند اب تو
اپنے بندہ کو اپنے کلام کے موافق سلامتي سے رخصت دیتا هیکیونکہ میري
آنکھون نے تیري نجات دیکھي جو تونے سب لوگون کے آگے طیار کي هي
قومون کو روشن کرنے کے لیئے ایک نور اور اپنے لوگ اسرائیل کے لیئے جلال
تب یوسف اور یسوع کي ما نے اُن باتون سے جو اُسکے حق مین کہین
گئین تعجب کیا اور شمعون نے اُنھین دعا دي اور اُسکي ما مریم کو کہا
دیکھہ یہہ اسرائیل مین بہتون کے گرنے اور پھر اُٹھنے کے لیئے اور خلاف
کہنے کے نشانے کے واسطے رکھا هوا هي هان تلوار تیري جان کے بھیتر
گذر جائیگي تاکہ بہتون کے دلون کے خیال کھل جائین اور اشر کے گھرانے سے
انا نام فانوئیل کي بیٹي جو بہت بوڑھي تھي اور اُسنے اپنے کنوار پن
سے سات برس ایک خصم کے ساتھہ نباہ کیا تھا اور وہ بیوا قریب
چوراسي برس کي تھي کہ هیکل سے جدا نہ هوکے روزہ رکھتي اور دعا مانگنے
مین رات دن بندگي کرتي رهي اُسنے اُسي گھڑي آکر خداوند کا شکر کیا
اور اُن سب کو جو اورشلیم مین چھٹکارے کي راہ دیکھتے تھے اُس کي
بابت کہا اور وے جب خداوند کي شریعت کے موافق سب کچھہ کرچکے تو

ہیکل میں مسیح کے حاضر کیئے جانے کا دن جسے مقدس
کنواري مریم کي طہارت کا دن کہتے ہیں

دعا

ای قادر مطلق اور ہمیشہ کے خدا ہم فروتني سے تیري جناب میں عرض کرتے ہیں کہ جس طرح تیرا اِکلوتا بیٹا ہیکل کے درمیان آج کے دن ہمارے جسم کي ماہیت کے ساتھہ حاضر کیا گیا اِسي طرح ہم دل کي پاکي اور صفائي کے ساتھہ تیرے حضور کیئے جاویں — اُسي تیرے بیٹے یسوع مسیح ہمارے خداوند کے وسیلے سے * آمین

مکتوب کے عوض ملاکي ۳ ب ۱ آ

دیکھو میں اپنے رسول کو بھیجونگا وہ میري راہ کو میرے آگے درست کریگا اور خداوند جس کے تم منتظر ہو یک بیک اپني ہیکل میں آویگا وہ عہد کا رسول ہی جس کے تم مشتاق ہو دیکھو وہ آویگا لشکرون کا خداوند کہتا ہی لیکن کون ہی جو اُس کے آنیکے دن ٹھہر سکے اور جب وہ ظاہر ہوگا تو کون ہی جو کھڑا رہیگا کیونکہ وہ سنار کي آگ اور دھوبي کے صابون کي مانند ہی اور وہ چاندي کے صاف اور خالص کرنیوالے کي طرح بیٹھیگا اور لاوي کے بیٹون کو پاک کریگا اور اُنھیں سونے اور روپے کي مانند صاف کریگا تاکہ وے راستبازي سے خداوند کے حضور ہدیہ گذرانیں اُس وقت یہودا اور اورشلیم کا ہدیہ خداوند کے آگے قبول ہوگا جیسا اگلے دنون میں اور گذرے ہوئے برسون میں اور میں انصاف کے لیئے تم پاس آونگا اور میں جادوگرون اور زناکارون اور جھوٹھي قسم کھانیوالوں کا اور اُنکا جو مزدورون کو ظلم سے مزدوري نہیں دیتے اور بیواون اور یتیمون پر ظلم کرتے ہیں اور مسافر کا حق مارتے ہیں اور مجھہ سے نہیں ڈرتے محکم گواہ ہونگا لشکرون کے خداوند کا فرمان ہی *

کے ساتهه بہت بدیان کي هی اور یہان بهي وہ سردار کاهنون کي طرف سے اختیار پاکے آیا هی کہ اُن سب کو جو تیرا نام لیتے هین باندهے پر خداوند نے اُسے کہا تو جا کیونکہ وہ قومون اور بادشاهون اور بني اسرائیل کے آگے میرا نام ظاهر کرنے کا برگزیدہ وسیلہ هی کہ مین اُسے دکهاوُنگا کہ اُسے میرے نام کے لیئے کیسا بڑا دکهہ اُٹهانا ضرور هی تب حنانیاہ گیا اور اُس گهر مین داخل هوا اور اپنا هاتهہ اُس پر رکهکر کہا ای بهائي سلوس خداوند یعنے یسوع نے جو تجهہ پر اِس راہ مین جس سے تو آیا ظاهر هوا مجهے بهیجا هی کہ تو پهر دیکهے اور روح قدس سے بهر جاے اور وهین کچهہ چهلکے سے اُس کي آنکهون سے گرپڑے اور وہ اُسي دم دیکهنے لگا اور اُٹهکے بپتسما پایا پهر کچهہ کها کے طاقت پائي اور سلوس کئي دن دمشق مین شاگردون کے ساتهہ رها وهین عبادتخانون مین مسیح کي منادي کي کہ وہ خدا کا بیٹا هی اور سب سننے والے دنگ هوگئے اور کہنے لگے کیا یہہ وہ نہین هی جو اورشلیم مین اِس نام لینیوالون کو تباہ کرتا تها اور یہان بهي اِسي ارادے پر آیا کہ اُنکو باندهہ کے سردار کاهنون کے پاس لیجاے لیکن سلوس نے اور بهي مضبوط هو کے دلیلون سے ثابت کرکے کہ یہہ وهي مسیح هی یہودیون کو جو دمشق مین رهتے تهے گهبرا دیا *

انجیل متي ۱۹ ب ۲۷ آ

پطرس نے یسوع کو جواب مین کہا دیکهہ هم نے سب کچهہ چهوڑا اور تیرے پیچهے هولیئے پس هم کو کیا ملیگا یسوع نے اُنهین کہا مین تم سے سچ کہتا هون کہ تم جو میري پیروي کرتے آئے جب نئي پیدایش مین ابن آدم اپني جلال کے تخت پر بیٹهیگا تم بهی بارہ تختون پر بیٹهوگے اور اسرائیل کے بارہ گهرانون کي عدالت کروگے اور جس نے گهر یا بهائي یا بہن یا ما باپ یا جورو یا بال بچون یا زمین کو میرے نام پر چهوڑا سوگنا پاویگا اور همیشہ کي زندگي کا وارث هوگا پر بہت سے جو پہلے هین پچهلے هو جائینگے اور جو پچهلے هین پہلے هونگے *

انجیل کي روشني تمام دنیا میں چمکائي هم تیري منت کرتے هیں یہہ بخش کہ هم اُس کے عجیب رجوع لانے کا حال یاد رکھکر اُس کے سبب اُس کی پاک تعلیم پر عمل کرنے سے تجھپر اپني شکر گذاري ظاهر کریں ـ همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

مکتوب کے عوض اعمال ۹ ب ۱ آ

اور سلوس اب تک خداوند کے شاگردوں کے دهمکانے اور قتل کرنے میں دم مارتا سردار کاهن پاس آیا اور اُس سے دمشق کے عبادتخانے کے لیئے اِس مضمون کے خط مانگے کہ اگر میں کسو کو اِس طریق پر پاؤں کیا عورت کیا مرد تو اُسے باندهکے اورشلیم میں لاؤں اور جاتے جاتے ایسا هوا کہ جب دمشق کے نزدیک پهنچا تو ایک بارگي آسمان سے ایک نور اُس کے چوگرد چمکا تب وہ زمین پر گرپڑا اور اُسنے ایک آواز سني جو اُسے کہتي تهي اے سلوس اے سلوس تو مجهے کیوں ستاتا هی اُسنے پوچها کہ اے خداوند تو کون هی خداوند نےکہا میں یسوع هوں جسے تو ستاتا هی پینے کي کیل پر لات مارنا تیرے لیئے مشکل هی اُس نے کانپ کے اور حیران هوکر کہا خداوند تو کیا چاهتا هی کہ میں کروں خداوند نے اُسے کہا اُٹهہ اور شہر میں جا کہ جو تجهے کرنا ضرور هی تجهہ سے کہا جائیگا اُس کے ساتهہ والے حیران کهڑے رہ گئے کہ آواز تو سنتے پر کسو کو نہ دیکهتے تهے اور سلوس زمین پر سے اُٹها اور جب آنکهہ کهولیں تو اُسے کچهہ نہ سوجها تب وے اُس کا هاتهہ پکڑ کے دمشق میں لائے اور وہ تین دن تک اندها رها اور نہ کهاتا نہ پیتا تها اور دمشق میں حنانیاہ نامي ایک شاگرد تها اُسے خداوند نے رویا میں کہا اے حنانیاہ وہ بولا خداوندا حاضر هوں خداوند نے اُسے کہا اُٹهکر اُس سڑک پر جو سیدهي کہلاتي هی جا اور سلوس نامي ایک ترسي کو یہودا کے گهر میں ڈهونڈهہ کہ دیکهہ وہ دعا مانگتا هی اور اُس نے رویا میں حنانیاہ نامي ایک شخص کو دیکها کہ اندر آکے اُس پر هاتهہ رکهے تاکہ وہ اپني بینائي پاوے تب حنانیاہ نے جواب دیا کہ اے خداوند میں نے بہتوں سے اِس شخص کے حق میں سنا کہ اُس نے اورشلیم میں تیرے مقدسوں

خدا کے گھرانے هو اور رسولوں اور نبیوں کي نیو پر جہاں یسوع مسیح
آپ کونیکا سرا هی ردے کي طرح اُتھائے گئے هو جس سے ساري عمارت
ایکتھے جوڑ کر مقدس هیکل خداوند کے لیئے اُتھا جاتا هی اور تم بھي
اُس میں هوکے اوروں کے ساتھ بنائے جاتے هو تاکہ روح کے وسیلے سے خدا
کے لیئے مکان بنو *

انجیل یوحنا ۲۰ ب ۲۴ آ

تھوما اُن بارہ میں سے ایک جس کا لقب دودمس تھا یسوع کے آتے
وقت اُن کے ساتھ نہ تھا تب اور شاگردوں نے اُسے کہا کہ هم نے خداوند کو
دیکھا هی پر اُس نے اُنھیں کہا بغیر اِس کے کہ میں اُس کے هاتھوں میں
میخوں کے نشان دیکھوں اور میخوں کے نشان میں اپني اُنگلي ڈالوں
اور اپنے هاتھ کو اُس کي پسلي پر پھیروں کبھو باور نہ کرونگا آتھ روز کے
بعد جب اُس کے شاگرد اندر تھے اور تھوما اُن کے ساتھ تھا دروازے بند
هوتے هوئے یسوع آیا اور بیچ میں کھڑا هوکے بولا تم پر سلام پھر اُس نے
تھوما کو کہا کہ اپني اُنگلي پاس لا اور میرے هاتھوں کو دیکھ اور اپنا
هاتھ پاس لا اور اُس سے میري پسلي تتول اور بے اعتقاد مت رہ بلکہ
ایمان لا تھوما نے جواب میں اُسے کہا ای میرے خداوند اور ای میرے خدا
یسوع نے اُسے کہا تھوما اِس لیئے کہ تونے مجھے دیکھا هی تو ایمان لایا
مبارک وے هیں جنھوں نے نہیں دیکھا اور ایمان لائے اور بہت سے اور
معجزے یسوع نے جو اِس کتاب میں لکھے نہیں گئے اپنے شاگردوں کے
سامھنے دکھائے لیکن یے لکھے گئے تاکہ تم ایمان لاؤ کہ یسوع وهي مسیح
خدا کا بیتا هی اور تاکہ تم ایمان لاکے اُس کے نام سے حیات پاؤ *

مقدس پولوس کے رجوع هونیکا دن

دعا

ای خدا تونے اپنے مبارک رسول مقدس پولوس کي منادي سے

مے تم کو غصے پر لاؤنگا پر اشعیا بڑا بے پروا هی اور کہتا هی جنہون نے مجھے نہین ڈھونڈھا مجھکو پاگئے جنہون نے مجھے نہین بوچھا اُنپر مین ظاهر هوا لیکن وہ اسرائیل کے حق مین یون کہتا هی کہ مین اپنے هاتھہ دن بھر ایک قوم کے لیئے جو نافرمان بردار اور حجتي هی بڑھائے هوئے هون*

انجیل متي ۴ ب ۱۸ آ

جب یسوع جلیل کے دریا کے کنارے چلا جاتا تها تو اُس نے دو بهائي یعنے شمعون کو جو پطرس کہلاتا هی اور اُس کے بهائي اندریاس کو دریا مین جال ڈالتے دیکھا کیونکہ وے مچھوے تهے اور اُنهین کها کہ میرے پیچھے چلے آؤ کہ مین تمهین آدمیون کے مچھوے بناؤنگا وے اُسي وقت جالون کو چھوڑ کر اُس کے پیچھے هو لیئے وهان سے بڑھکے اُس نے اور دو بهائي یعنے زبادي کے بیٹے یعقوب اور اُس کے بهائي یوحنا کو اپنے باپ زبادي کے ساتھہ ناو پر اپنے جالون کي مرمت کرتے دیکھا اور اُنهین بلایا وونهین ناو اور اپنے باپ کو چھوڑ کر وے اُس کے پیچھے هو لیئے *

مقدس تهوما رسول کا دن

دعا

ای قادر مطلق اور همیشہ کے زندہ خدا جس نے دین کے زیادہ ثبوت کرنے کے واسطے اپنے مقدس رسول تهوما کو اپنے بیٹے کے جي اُٹھنے کي بابت شک مین پڑنے دیا هم کو یہہ بخش کہ تیرے بیٹے یسوع مسیح پر ایسا پورا بے کھٹکے ایمان رکھین کہ همارا ایمان تیرے حضور کبھو ملامت کے قابل نہ هو — ای خداوند اُسي یسوع مسیح کے سبب هماري سن جسے تیرے اور روح قدس کے ساتھہ اب اور همیشہ کو کمال عزت اور جلال هووے * آمین

مکتوب افسیون کو ۲ ب ۱۹ آ

سو اب تم بیگانہ اور مسافر نہین بلکہ مقدسون کے هم شہري اور

مقدس اندریاس کا دن

دعا

اي قادر مطلق خدا تونے اپنے مقدس رسول اندریاس پر ایسا فضل کیا کہ اُسنے تیرے بیتے یسوع مسیح کے بلانے کو جھت مان لیا اور فورا اُسکا پیرو هوا هم سب کو جو تیرے پاک کلام سے بلائے گئے هین یهه بخش کہ فی الفور اپنے تئین تیرے هاتهه سونپکر تابعداري سے تیرے پاک حکمون کو پورا کرین — اُسي یسوع مسیح همارے خداوند کے وسیلے سے * آمین

مکتوب رومیون کو ۱۰ ب ۹ آ

اگر تو اپني زبان سے خداوند یسوع کا اقرار کرے اور اپنے دل سے ایمان لاوے کہ خدا نے اُسے پهرکے جلایا تو تونجات پاویگا کیونکہ راستبازي کے لیئے دل سے ایمان لانا هی اور نجات کي خاطر منهه سے اقرار کرنا چنانچهه کتاب یهه کهتي هی کہ جو کوئي اُس پر ایمان لاتا هی شرمندہ نہ هوگا پس یهودیون اور یونانیون مین کچهه تفاوت نہ رها کیونکہ وهي جو سب کا خداوند هی اُن سب کو جو اُسکا نام لینیوالے هین نهایت بخشنیوالا هی کیونکہ هر ایک جو خداوند کا نام لیگا بچایا جائیگا پس جس پر وے ایمان نهین لائے اُس کا نام کیونکر لیوین اور جسکو اُنهون نے نهین سنا اُس پر کیونکر ایمان لاوین اور منادي کرنیوالے کے بغیر کیونکر سنین اور اگر بهیجے نہ جاوین تو کیونکر منادي کرین چنانچهه یهه لکها هی کہ جو صلح اور اچهي چیزون کي خوش خبري دیتے هین کیا مبارک قدم هین لیکن سب نے یهه خوش خبري مان نہ لي کہ اشعیا کهتا هی ای خداوند کون هماري منادي پر ایمان لایا پس ایمان سن لینے سے اور سن لینا خدا کے کلام سے آتا هی پر مین کهتا هون کیا اُنهون نے نهین سنا البتہ اُنکي آواز تمام روے زمین پر اور اُنکي باتین دنیا کي حدون تک پهنچي پهر مین کهتا هون کیا اسرائیل آگاہ نہ هوا موسی نے تو پهلے کها کہ مین اُنسے جو قوم سے باهر هین تم کو غیرت دلاونگا اور قوم نادان

مملکت اور سارے ملکوں سے جہان جہان اُسنے اُنھیں ہانک دیا تھا کھینچ لایا اور اُنکی رہنمائي کي کہ وے اپني سر زمین مین بسین *

انجیل یوحنا ۶ ب ۵ آ

پھر جب یسوع نے آنکھیں اوپر کیں اور دیکھا کہ بڑي بھیڑ اُس پاس آتي ھی تو فیلبوس سے کہا کہ ہم کہان سے اُنکے کھانے کے لیئے روٹیان خریدیں پر اُسنے یہہ امتحان کي راہ سے کہا تھا کیونکہ وہ آپ جانتا تھا جو کیا چاھتا تھا فیلپوس نے اُسے جواب دیا کہ اگر اُن مین سے ھر ایک کو ایک ھي ایک ٹکڑا دیا جاے تو دو سو دینار کي روٹیان اُنکے لیئے بس نہ ھونگي ایک نے اُسکے شاگردون مین سے جو شمعون پطرس کا بھائي اندریاس تھا اُس سے کہا یہان ایک چھوکرے کے پاس جو کي پانچ روٹیان اور دو چھوٹي مچھلیان ھین پر یہہ اتنے لوگون مین کیا ھین تب یسوع نے کہا کہ لوگون کو بٹھاؤ اور اُس جگہہ بہت گھاس تھي چنانچہ وے لوگ جوگنتي مین قریب پانچ ھزار کے تھے بیٹھے اور یسوع نے روٹیان اُٹھا لین اور شکر کرکے شاگردون کو دین اور شاگردون نے اُنھیں جو بیٹھے تھے بانٹین اور اسي طرح مچھلیون مین سے جس قدر کي وے چاھتے تھے اور جب وے سیر ھو چکے تو اُسنے اپنے شاگردون سے کہا کہ اُن ٹکڑون کو جو بچ رھے ھین جمع کرو تاکہ کچھہ خراب نہ ھووے چنانچہ اُنھون نے جمع کیئے اور جو کي پانچ روٹیون کے ٹکڑون سے جو اُن کھانیوالون سے بچ رھے تھے بارہ ٹوکریان بھریں تب اُن لوگون نے یہہ معجزہ جو یسوع نے دکھایا دیکھہ کر کہا في الحقیقت وہ نبي جو جہان مین آنیوالا تھا یہي ھی *

اگر آمد کے اتوار سے پہلے اور اتوار ھون تو اُس اتوارون کي جو ایپفني کے بعد چھوٹ گئي تھي مقرري دعا مکتوب اور انجیل جتنے درکار ھون پڑھنے مین آوین اور اگر آمد کے پہلے تثلیث کے اتوار پچیس سے تھوڑے ٹھہرین تو باقي چھوڑ دیئے جاوین مگر یہہ فرض ھی کہ یہہ پچھلي دعا مکتوب اور انجیل اُس اتوار کو جو آمد سے پیشتر ھی بلاناغہ پڑھي جاوے

کے ساتھہ اُسکے پیچھے چلا اور دیکھو ایک عورت نے جس کو بارہ برس سے لہو جاري تھا اُسکے پیچھے آکے اُسکے کرتےکا دامن چھوا کہ وہ اپنے جي میں کہتي تھي اگر میں صرف اُس کا کرتہ چھوؤنگي بھلي چنگي ہو جاؤنگي تب یسوع نے پیچھے پھر کے اُسے دیکھا اور کہا اي بیٹي خاطر جمع رکھہ کہ تیرے ایمان نے تجھے چنگا کیا وہ عورت بس اُسي گھڑي سے چنگي ہو رہي اور جب یسوع اُس سردار کے گھر پہنچا اور اُسنے بانسلي بجانیوالوں اور جماعت کو غل مچاتے دیکھا تو اُنھیں کہا کنارے ہو کہ لڑکي مري نہیں بلکہ سوتي ہی وے اُسپر ہنسے جب وے لوگ باہر نکالے گئے اُسنے اندر جاکے اُسکا ہاتھہ پکڑا اور وہ لڑکي اُٹھي تب اُسکي شہرت اُس تمام ملک میں ہوئي *

تثلیث کے بعد پچیسواں اتوار

دعا

اي خداوند ہم تیری منت کرتے ہیں کہ اپنے ایمانداروں کے دلوں کو اُبھار کہ وے نیک کاموں کے بہت سے پھل لاکر تجھہ سے بہت سا اجر پاویں— ہمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے* آمین

مکتوب کے عوض ارمیاہ ۲۳ ب ۵ آ

دیکھو وے دن آتے ہیں خداوند کہتا ہی کہ میں داؤد کے لیئے ایک سیدھي شاخ نکالونگا وہ ایک بادشاہ ہی جو سلطنت کریگا اور اقبالمند ہوگا اور زمین پر عدل و انصاف فرماویگا اُس کے دنوں میں یہودا نجات پاویگا اور اسرائیل سلامتي سے بسیگا اور وہ اِس نام سے پکارا جائیگا خداوند ہماري راستبازي سو دیکھو وے دن آتے ہیں خداوند کہتا ہی کہ وے پھر نہ کہینگے خداوند جیتا ہی جو اسرائیل کو زمین مصر سے نکال لایا بلکہ کہینگے خداوند جیتا ہی جو اسرائیلي تخم کو اُتر کي

گناهون سے خلاص کر کہ تیرے کمال کرم سے هم سب اُن گناهون کے بند سے جو هم نے اپني کمزوري کے باعث کیئے هین چھوٹ جاوین — اى آسماني باپ یهہ همارے مبارک خداوند اور نجات دینیوالے یسوع مسیح کي خاطر سے بخش * آمین

مکتوب کلسیون کو ۱ ب ۳ آ

جب سے هم نے سنا کہ تم مسیح یسوع پر ایمان لائے اور سب مقدس لوگون کو پیار کرتے هو هم تمهارے حق مین همیشہ دعا کرکے خدا اور اپنے خداوند یسوع مسیح کے باپ کا شکر کرتے هین اُس امید کے لیئے جو تمهارے واسطے آسمان پر موجود هی جس کا ذکر تم نے انجیل کے کلام حق مین سنا وہ تم پاس پهنچي جیسے سارے جهان مین اور پهل دیتي هی چنانچہ تمهارے درمیان بهي جس دن سے تم نے خدا کے فضل کو سنا اور حقیقت مین پهچانا چنانچہ تم نے همارے عزیز همخدمت اپافراس سے جو تمهارے واسطے مسیح کا دیانتدار خادم هی ایساهي سیکها اُسنے تمهاري روحي محبت کو هم پر ظاهر کیا سو هم نے بهي جس دن سے یهہ سنا تمهارے واسطے دعا مانگنے سے باز نهین رهتے اور یهہ عرض کرتے هین کہ تم تمام حکمت اور روحاني سمجهہ سے اُسکي مرضي کي پهچان مین کامل هو تاکہ تم خداوند کي کامل رضامندي پر لایق چال چلو اور هر ایک نیک کام مین پهل لاتے رهو اور خدا کي پهچان مین ترقي کرو اور اُسکي کمال قدرت سے سب طرح کي مضبوطي پیدا کرو تاکہ تم خوشي کے ساتهہ هر صورت سے صبر و برداشت کرسکو اور باپ کا شکر کرتے رهو جس نے هم کو اِس لایق کیا کہ نور مین مقدس لوگون کے ساتهہ میراث مین حصہ پاوین *

انجیل متي ۹ ب ۱۸ آ

جب یسوع یهہ باتین یوحنا کے شاگردون سے کهہ رها تها دیکهو ایک سردار نے آکر اُسے سجدہ کیا اور کها میري بیٹي اب مرگئي پر تو چل اپنا هاتهہ اُسپر رکهہ کہ وہ جي اُٹهیگي یسوع اُٹهہ کے اپنے شاگردون

پر جو اِس نمونہ کے موافق جو ہم میں دیکھتے ہو چلتے ہیں غور کرو کیونکہ بہتیرے ایسے چلنیوالے ہیں جنکا ذکر میں نے تم سے بارہا کیا اور اب رو رو کے کہتا ہوں کہ وے مسیح کي صلیب کے دشمن ہیں اُنکا انجام ہلاکت ہی اُنکا خدا پیٹ اُنکا ننگ اُنکا فخر ہی وے دنیا کي چیزوں پر خیال رکھتے ہیں پر ہم آسمان کے باشندوں کے ہم وطن ہیں جہاں سے نجات بخشنیوالے خداوند یسوع مسیح کي راہ تکتے ہیں کہ وہ اپني قدرت کي تاثیر کے مطابق جس سے وہ سب کو اپنے تابع کر سکتا ہی ہمارے خاکي بدن کو بدل کے اپنے جلالي جسم کي مانند بناویگا *

انجیل متي ۲۲ ب ۱۵ آ

تب فریسیو نے جاکر صلاح کي کہ اُسے کیونکر اُس کي باتوں میں پھنساویں سو اُنہوں نے اپنے شاگردوں کو ہیرودیوں کے ساتھہ اُس پاس بھیجا کہ اُسے کہیں ای اُستاد ہم جانتے ہیں کہ تو سچا ہی اور سچائي سے خدا کي راہ بتاتا اور کسي کي کچھہ پروا نہیں رکھتا کیونکہ تو آدمیوں کے ظاہر حال پر نظر نہیں کرتا ہی پس ہم سے کہہ تو کیا خیال کرتا ہی قیصر کو جزیہ دینا روا ہی یا نہیں پر یسوع نے اُن کي شرارت سمجھہ کے کہا ای مکارو مجھے کیوں آزماتے ہو جزیہ کا سکہ مجھے دکھلاؤ وے ایک دینار اُس پاس لائے تب اُس نے اُن سے کہا یہہ صورت اور سکہ کس کا ہی اُنہوں نے کہا قیصر کا پھر اُسنے کہا پس جو چیزیں قیصر کي ہیں قیصر کو اور جو خدا کي ہیں خدا کو دو اُنہوں نے یہہ سن کر تعجب کیا اور اُسے چھوڑ کر چلے گئے *

تثلیث کے بعد چوبیسواں اتوار

دعا

ای خداوند ہم تیري منت کرتے ہیں اپنے لوگوں کو اُنکے

گرکے اُسے سجدہ کرکے کہا ای خداوند صبر کر کہ میں تیرا سارا قرض ادا کرونگا اُس نوکر کے صاحب کو رحم آیا اور اُسے چھوڑ کر قرض اُسنے بخش دیا اُس نوکر نے نکل کے اپنے ساتھہ کے نوکروں میں سے ایک کو پایا جسپر اُس کے سو دینار آتے تھے اُس نے اُس کو پکڑکر اُس کا گلا گھونٹا اور کہا جو میرا آتا ھی مجھے دے تب اُس کے ساتھہ کا نوکر اُسکے پانو پر گرا اور اُسکي منت کرکے کہا صبر کر کہ میں سب ادا کرونگا پر اُسنے نہ مانا بلکہ جاکے اُسے قید خانے میں ڈالا کہ جب تک قرض ادا نہ کرے قید رھے اُسکے ساتھہ کے نوکر یہہ ماجرا دیکھہ کے نہایت غمگین ھوئے اور آکر اپنے خاوند سے تمام احوال بیان کیا تب اُسکے خاوند نے اُسے بلاکر اُس سے کہا کہ ای شریر نوکر تونے جو میري منت کي میں نے وہ سب قرض بخش دیا پھر کیا لازم نہ تھا کہ جیسا میں نے تجھہ پر رحم کیا تو بھي اپنے ھمخدمت پر رحم کرتا سو اُسکے خاوند نے غصہ ھوکے اُسکو جلادوں کے حوالے کیا کہ جب تک تمام قرض ادا نہ کرے قید رھے اسیطرح میرا آسماني باپ بھي تم سے کریگا اگر ھر ایک تم میں سے اپنے بھائیوں کے تصور دل سے معاف نہ کریگا *

تثلیث کے بعد تیئیسواں اتوار

دعا

ای خدا ھماري پناہ اور قوت تو سب دینداري کا باني ھی ھم تیري منت کرتے ھیں کہ تو اپني کلیسیا کي دلي دعاؤں کے سننے پر مستعد رہ اور یہہ بخش کہ جو چیزیں ھم ایمان سے مانگتے ھیں حقیقت میں پاویں — ھمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

مکتوب فلپیوں کو ۳ ب ۱۷ آ

ای بھائیو تم سب کے سب میري پیروي کرو اور تم اُن لوگوں

سدا دینداری پر مضبوط رکھہ کہ تیری حمایت مین وہ سب مصیبتون سے خلاص رہے اور سرگرم ہوکر نیک اعمال سے تیری بندگی مین لگی رہے تاکہ تیرے نام کا جلال ہووے — ہمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

مکتوب فلپیون کو ۱ ب ۳ آ

مین جب جب تمھین یاد کرتا اپنے خدا کا شکر بجا لاتا ہون اور اپنی ہر ایک دعا مین خوشی سے ہمیشہ تم سب کے لیئے دعا مانگتا ہون کہ تم اول روز سے آج تک انجیل مین شریک رہے مجھے یہہ یقین ہی کہ وہ جس نے تم مین نیک کام شروع کیا ہی سو یسوع مسیح کے دن تک کرتا چلا جائیگا چنانچہ مناسب ہی کہ مین تم سب کے حق مین ایسا ہی سمجھون کیونکہ تم میری زنجیرون اور عذر اور انجیل کے ثابت کرنے مین میرے دل مین ہو اور تم سب میری نعمت مین شریک ہو کہ خدا میرا گواہ ہی کہ مین یسوع مسیح کی سی الفت رکھہ کے تم سب کا مشتاق ہون اور مین یہہ دعا کرتا ہون کہ تمھاری محبت دانائی اور کمال دریافت کے ساتھہ زیادہ بڑھتی چلی جاوے تاکہ تم اُن چیزون مین جن مین فرق ہی تفاوت کرو اور مسیح کے دن تک خالص رہو اور ٹھوکر نہ کھاؤ اور راستبازی کے پھلون سے جو یسوع مسیح کے سبب سے ہی لدے رہو تاکہ خدا کا جلال اور تعریف ہووے *

انجیل متی ۱۸ ب ۲۱ آ

پطرس نے یسوع سے کہا ای خداوند اگر میرا بھائی میرا گناہ کرے تو مین اُسے کتنے مرتبے معاف کرون سات مرتبے تک یسوع نے اُسے کہا مین تجھے سات مرتبے تک نہین کہتا بلکہ ستر کے سات مرتبے تک اِس لیئے کہ آسمان کی بادشاہت ایک بادشاہ کی مانند ہی جس نے اپنے لوگون سے حساب لینے چاہا جب حساب لینے لگا ایک کو اُس پاس لائے جس سے اُس کو دس ہزار توڑے پانے تھے پر اِس واسطے کہ اُس پاس کچھہ ادا کرنیکو نہ تھا اُس کے خاوند نے حکم کیا کہ وہ اور اُس کی جورو اور اُس کے بال بچے اور جو کچھہ اُس کا ہو بیچا جاوے اور قرض بھر لیا جاوے تب اُس نوکر نے

رہ سکو اِس لیئے تم اپني کمر سچائي سے کس کے اور راستبازي کا بکتر پہنکے اور پانو میں صلح بخشنیوالي انجیل کي طیاري کا موزہ پہنکے اور اُن سب کے اوپر ایمان کي ڈھال لگاکے جس سے تم اُس شریر کے سارے جلتے تیرون کو بجھا سکو قایم رہو اور نجات کا خود اور روح کي تلوار جو خدا کا کلام هی لے لو اور کمال آرزو و منت کے ساتهه هر وقت روح میں دعا مانگو اور اُس کے لیئے سب مقدسون کے واسطے نہایت مستعد هوکے اور منت کرکے جاگتے رهو اور میرے واسطے بهي تاکہ مجهے کلام کرنے کي طاقت عنایت هو کہ میرا منهہ بے پروائي سے کهل جاوے تاکہ میں اِس انجیل کے بهید کو جس کے لیئے قیدي ایلچي هون ظاهر کرون کہ میں اُس کو بے دهڑک ایسا کهون جیسا مجهے کہا چاهیئے *

انجیل یوحنا ۴ ب ۴۶ آ

بادشاہ کا ایک ملازم جس کا بیٹا کفرناحم میں بیمار تها سنکر کہ یسوع یہودیہ سے جلیل میں آیا اُس پاس گیا اور اُس کي منت کي کہ آوے اور اُس کے بیٹے کو چنگا کرے کہ وہ مرنے پر تها تب یسوع نے اُسے کہا اگر تم نشانیان اور کرامتیں نہ دیکهوگے تو ایمان نہ لاؤگے بادشاہ کے ملازم نے اُس سے کہا خداوند پیشتر اُس سے کہ میرا بیٹا مرجاوے اُتر آ یسوع نے اُسے کہا جا تیرا بیٹا جیتا هی اُس مرد نے اُس بات کا جو یسوع نے اُسے کهي یقین کیا اور چلا گیا اور وہ راہ هي میں تها کہ اُس کے نوکر اُسے ملے اور خبر پہنچائي کہ تیرا بیٹا جیتا هی تب اُس نے اُن سے پوچها کہ اُسے کس وقت سے آرام هونے لگا اُنهون نے کہا کہ کل ساتویں ساعت اُس کي تپ جاتي رهي تب باپ نے جانا کہ وهي گهڑي تهي جب یسوع نے اُس سے کہا تها کہ تیرا بیٹا جیتا هی اور وہ خود اور اُس کا سارا گهر ایمان لایا یہہ دوسرا معجزہ هی جو یسوع نے یہودیہ سے جلیل میں آکے دکهلایا *

تثلیث کے بعد بائیسواں اتوار

دعا

ای خداوند هم تیري منت کرتے هیں اپنے خانوادے کلیسیا کو

خونیون کو مار ڈالا اور اُن کا شہر پھونک دیا پھر اُس نے اپنے چاکرون سے کہا کہ بیاہ کي طیاري تو ہوئي پر وے جنکو بلایا نالایق تھے پس تم سڑکون پر جاوٴ اور جتنے تمھیں ملین بیاہ مین بلاوٴ سو اُن نوکرون نے رستون پر جاکے بھلے برے جو اُنھیں ملے سب کو جمع کیا اور بیاہ کا گھر مہمانون سے بھر گیا جب بادشاہ مہمانون کو دیکھنے اندر آیا اُسنے وہان ایک آدمي دیکھا جو شادي کا لباس پہنے نہ تھا اور اُس سے کہا اي میان تو شادي کے کپڑے پہنے بغیر یہان کیون آیا اُس کي زبان بند ہوگئي تب بادشاہ نے نوکرون کو کہا اُس کے ہاتھہ پیر باندھکے اُسے لیجاوٴ اور باہر اندھیرے مین ڈال دو وہان رونا اور دانت پیسنا ہوگا کیونکہ بلائے گئے بہت ہین پر چنے ہوئے تھوڑے *

تثلیث کے بعد اکیسوان اتوار

دعا -

اي رحیم خداوند ہم تیري منت کرتے ہین اپنے ایماندار لوگون کو معافي اور سلامتي بخش کہ وے اپنے تمام گناہون سے پاک ہوجاوین اور خاطر جمعي سے تیري بندگي کرین — ہمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

مکتوب افسیون کو ٦ ب ۱۰ آ

اي میرے بھائیو خداوند اور اُس کي قدرت کي قوت سے زورآور بنو خدا کے سارے ہتھیار باندھو تاکہ تم شیطان کے منصوبون کے مقابل قایم رہ سکو کیونکہ ہمین خون اور جسم سے کشتي کرنا نہین بلکہ سردارون سے اور اختیار دارون سے اور اِس دنیا کي تاریکي کے قدرت والون سے اور شریر روحون سے ہي جو بلند مکانون مین ہین اِسواسطے تم خدا کے سارے ہتھیار اُٹھا لو تاکہ تم برے دن مقابلہ کر سکو اور سب کام کرکے قایم

تثلیث کے بعد بیسوان اتوار

دعا

ای قادر مطلق اور نہایت رحیم خدا ہم تیري منت کرتے هین کہ اپنے کمال کرم سے اُن سب چیزون سے جو هماري برائي کا باعث هووین همین محفوظ رکهہ تاکہ هم جسم و جان سے طیار هوکر اُن باتون کو جنکا کرنا تو هم سے چاهتا هی خوشي سے پوري کرین — همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

مکتوب افسیون کو ۵ ب ۱۵ آ

پس خبردار تم دیکهہ بهال کے چلو نادانون کي طرح نہین بلکہ دانائون کي مانند وقت کو غنیمت جانو کیونکہ دن برے هین اِسواسطے تم بے تمیز نہ رهو بلکہ سمجهو کہ خداوند کي مرضي کیا هی اور شراب پي کے متوالے نہ هو کہ اُس مین خرابي هی بلکہ روح سے بهر جاؤ اور آپس مین زبور اور گیت اور روحاني غزلین گایا کرو اور اپنے دل مین خداوند کے لیئے گاتے بجاتے رهو اور سب باتون مین همارے خداوند یسوع مسیح کے نام سے خدا باپ کے همیشہ شکرگذار رهو اور خدا کے خوف سے ایک دوسرے کي فرمان برداري کرو *

انجیل متي ۲۲ ب ۱ آ

یسوع نے کہا کہ آسمان کي بادشاهت اُس بادشاہ کي مانند هی جس نے اپنے بیٹے کا بیاہ کیا اور اُس نے اپنے نوکرون کو بهیجا کہ مہمانون کو بیاہ مین بلاوین پر اُنهون نے نہ چاها کہ آوین پهر اُس نے اور نوکرون کو یہہ کہکے بهیجا کہ مہمانون سے کہو کہ مین نے کهانا طیار کیا میرے بیل اور موٹے موٹے جانور ذبح هوئے اور سب کچهہ طیار هی بیاہ مین آؤ پر وے کچهہ خیال مین نہ لاکر چلے گئے ایک اپنے کهیت اور دوسرا اپني سوداگري کو اور باقیون نے اُس کے نوکرون کو پکڑ کے بےعزت کیا اور مار ڈالا تب بادشاہ سنکر غصہ هوا اور اپني فوج بهیج کے اُن

میں سچائي هی کہ تم اگلي چلن کي بابت اُس پراني انسانیت کو جو
فریب دینیوالي شہوتون کے سبب سے خراب هوئي هی اُتارو اور اپنے
دل اور طبیعت کي نسبت نئے بنو اور نئي انسانیت کو جو خدا کے
موافق راستبازي اور سچائي کي پاکیزگي میں پیدا هوئي پہنو سو
جھوتھہ چھوڑ کے هر ایک شخص اپنے پڑوسي سے سچ بولے کہ هم تو آپس
میں ایک دوسرے کے انگ هیں غصہ کرکے گنہگار مت هو ایسا نہ هو
کہ سورج ڈوبے اور تم خفا کے خفا رهو شیطان کو جگہہ نہ دو جس نے
چوري کي هو پھر چوري نہ کرے بلکہ اچھا پیشہ اختیار کرکے هاتھون سے
محنت کرے تاکہ محتاج کو کچھہ دے سکے کوئي گندي بات تمھارے
منہہ سے نہ نکلے بلکہ وہ جو ترقي کے لیئے بہتر هو تاکہ سننے والون کو
فائدہ بخشے اور خدا کي روح مقدس کو جس سے تم پر خلاصي کے دن تک
مہر هوئي رنجیدہ نہ کرو ساري کڑواهت اور غضب اور غصہ اور غل اور
بد زباني تمام بدي سمیت تم سے دور هو جاوین تم ایک دوسرہ پر
مہربان هو اور دردمند اور ایک دوسرے کو بخشا کرو چنانچہ خدا نے
بھي مسیح کے لیئے تمھیں بخشا هی *

انجیل متي ۹ ب ۱ آ

یسوع ناو پر چڑھہ کے پار اُترا اور اپنے شہر میں آیا اور دیکھو
ایک جھولے کے مارے کو جو چارپائي پر پڑا تھا اُس پاس لائے یسوع نے
اُن کا اعتقاد دیکھکے اُس جھولے کے مارے سے کہا ای بیتے خاطر جمع رکھہ
تیرے گناہ معاف هوئے تب بعضے فقیہون نے اپنے دل میں کہا کہ یہہ کفر
بکتا هی یسوع نے اُن کے خیال دریافت کرکے کہا تم کیون اپنے دل میں
بدگماني کرتے هو کیا کہنا آسان هی یہہ کہ تیرے گناہ معاف هوئے یا
یہہ کہ اُتھہ اور چل لیکن تاکہ تم جانو کہ ابن آدم کو زمین پر گناہ
معاف کرنے کا اختیار هی اُس نے اُس جھولے کے مارے سے کہا اُتھہ اپني
چارپائي اُتھا لے اور اپنے گھر چلا جا وہ اُتھہ کر اپنے گھر چلا گیا تب لوگون
نے یہہ دیکھہ کر تعجب کیا اور خدا کي تعریف کرنے لگے کہ اُس نے ایسي
قدرت انسان کو بخشي *

کہ تو اپنے پڑوسي کو ایسا پیار کر جیسا آپ کو اِنھي دو حکمون پر ساري شریعت اور انبیا موقوف ھیں جب فریسي جمع تھے یسوع نے اُن سے پوچھا کہ مسیح کے حق میں تمھارا کیا گمان ھی وہ کس کا بیٹا ھی وے بولے داؤد کا اُس نے اُن سے کہا پھر داؤد روح کے بتانے سے کیونکر اُسے خداوند کہتا ھی کہ خداوند نے میرے خداوند کو کہا کہ جب تک میں تیرے دشمنون کو تیرے پانو کي چوکي نہ کرون تو میرے دھنے بیٹھ پس جب داؤد اُس کو خداوند کہتا ھی تو وہ اُس کا بیٹا کیونکر ٹھہرا پر کوئي اُس کے جواب میں ایک بات نہ بول سکا اور اُس دن سے کسي کا حواؤ نہ پڑا کہ اُس سے پھر کچھہ سوال کرے *

تثلیث کے بعد انیسوان اتوار

دعا

اَی خدا چونکہ ھم تجھہ بغیر تجھے خوش نہیں کر سکتے اپني رحمت سے یہہ عنایت کر کہ تیرا روح قدس سب باتون میں ھمارے دل کي ھدایت اور حکومت کرے — ھمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

مکتوب افسیون کو ۴ ب ۱۷ آ

اسلیئے میں یہہ کہتا ھون اور خداوند کے آگے حکم کرتا ھون کہ تم آگے کو ایسي چال نہ چلو جیسے اور غیر قوم اپني جھوٹھي سمجھہ کے موافق چلتے ھیں کہ اُن کي عقل تاریک ھوگئي ھی اور وے اُس نادانی کے سبب جو اُن میں ھی اور اپني دل کي سختي کے باعث خدا کي زندگي سے جدا ھیں اُنھون نے سن ھوکے آپ کو شہوت کے سپرد کیا تاکہ ھر طرح کے گندے کام حرص سے کریں پر تم نے مسیح سے ایسي تعلیم نہ پائي تم نے تو اُسکي سني ھی اور اُس سے تعلیم پائي ھی چنانچہ یسوع

جو کوئي آپ کو بلند کرتا هی پست کیا جائیگا اور جو اپنے تئیں پست کرتا هی بلند کیا جائیگا *

تثلیث کے بعد اٹھاروان اتوار

دعا

ای خداوند هم تیري منت کرتے هیں کہ تو اپنے لوگون پر ایسا فضل کر کہ وے دنیا جسم اور شیطان کي آزمایشون کا سامھنا کرین اور پاک دل اور نیت سے تجھ یکتا خدا کي پیروي کرین — همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

مکتوب ۱ کرنتیون کو ۱ ب ۴ آ

مین خدا کے اُس فضل پر جو مسیح یسوع سے تم کو عنایت هوا تمھارے لیئے همیشہ اپنے خدا کا شکر کرتا هون کہ اُس کے سبب تم هر طرح تمام بیان اور تمام معرفت سے غني هو چنانچہ وہ گواهي جو مسیح کي بابت هی تم میں ثابت هوئي یہان تک کہ تم کسي انعام مین کم نہیں اور همارے خداوند یسوع مسیح کے ظاهر هونے کي راہ تکتے هو وهي تمهیں آخر تک ثابت قدم رکھیگا تاکہ تم همارے خداوند یسوع مسیح کے دن بے عیب ٹھہرو *

انجیل متي ۲۲ ب ۳۴ آ

جب فریسیون نے سنا کہ اُسنے زادوقیون کا منہہ بند کیا هی وے جمع هوئے اور اُن میں سے ایک شریعت کے سکھلانے والے نے اُس سے آزمانے کے لیئے یہہ پوچھا کہ ای اُستاد شرع میں بڑا حکم کون هی یسوع نے اُسے کہا خداوند کو جو تیرا خدا هی اپنے سارے دل اور اپني ساري سمجھہ سے پیار کر پہلا اور بڑا حکم یهي هی اور دوسرا اُس کي مانند هی

ھمیشہ ھمارے آگے پیچھے رھے اور سب اچھے کامون پر صدا ھم کو مستعد رکھے — ھمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

مکتوب افسیون کو ۴ ب ۱ آ

پس مین جو خداوند کے لیئے قیدي ھون تم سے التماس کرتا ھون کہ جس بلاھٹ سے تم بلائے گئے اُس کے مناسب چلو کمال خاکساري اور فروتني سے صبر کرکے محبت سے ایک دوسرے کي برداشت کرو اور کوشش کرو کہ روح کي یگانگي صلح کے بند سے بندھي رھے ایک بدن اور ایک روح ھی چنانچہ تمھین بھي جو بلائے گئے ھو اپنے بلائے جانے سے ایک ھي امید ھی ایک خداوند ایک ایمان ایک بپتسما ایک خدا جو سب کا باپ کہ سب کے اوپر اور سب کے درمیان اور تم سب مین ھی *

انجیل لوقا ۱۴ ب ۱ آ

ایسا ھوا وہ کہ سبت کے دن بزرگ فریسیون مین سے ایک کے گھر کھانے گیا اور وے اُس کي تاک مین تھے اور دیکھو کہ ایک شخص اُس کے سامھنے تھا جسے جلندھر تھا یسوع نے جواب مین شریعت سکھلانیوالون اور فریسیون سے کہا کہ سبت کے دن چنگا کرنا روا ھی یا نہین وے چپ رھے تب اُس نے اُسے پکڑ کے چنگا کرکے جانے دیا اور جواب مین اُن سے کہا کہ تم مین سے کون ھی کہ اگر اُس کا گدھا یا بیل سبت کے دن کوئے مین گرے وہ تورت اُس کو نہ نکالے وے اُس کي اِن باتون کا جواب نہ دے سکے اور مہمانون کو جب دیکھا کہ وے اُونچي جگہین پسند کرتے ھین اُن سے ایک تمثیل کہي کہ جب کوئي تجھے شادي مین بلوے صدر جگہہ مین مت بیٹھہ کہ شاید تجھہ سے بھي کسو بڑے کو بلایا ھو اور جس نے تیري اور اُسکي مہماني کي ھی آکے تجھہ سے کہے کہ جگہہ اُس کو دے اور شرمندہ ھوکے تجھکو نیچے بیٹھنا پڑے بلکہ جب تیري مہماني ھو سب سے نیچي جگہہ بیٹھہ تاکہ جب وہ جس نے تجھکو بلایا ھی آوے تجھہ کو کہے کہ ای دوست آ اونچي جگہہ بیٹھہ تب اُنکے سامھنے جو تیرے ساتھہ کھانے بیٹھے ھین تیري عزت ھوگي کیونکہ

انسانیت مین بہت هي زورآور هو جاوٴ اور مسیح تمھارے دلون مین
ایمان کے وسیلے سے بسے اور تم محبت مین جڑ پیدا کرکے اور نیو ڈال کے
سارے مقدس لوگون سمیت سمجھنےکي قدرت پیدا کرو کہ اُسکي چوڑان
اور گہراو اور لنبان اور اُنچان کتني هی اور مسیح کي محبت جو سمجھہ
سے باهر هی دریافت کرو تاکہ تم خدا کي ساري بھر پوري سے بھر جاوٴ
اب اُس کو جو ایسا قادر هی کہ جو کچھہ هم مانگتے یا خیال کرتے هین
اُس سے نہایت زیادہ اُس قدرت کے موافق جو هم مین تاثیر کرتي
کرسکتا هی اُسي کو کلیسیا کے درمیان مسیح یسوع مین پشت در پشت
ابد تک حمد هووے * آمین

انجیل لوقا ۷ ب ۱۱ آ

اور دوسرے دن ایسا هوا کہ وہ ناین نام شہر کو روانہ هوا اور
اُس کے بہت سے شاگرد اور بڑي بھیڑ اُس کے ساتھہ تھي جب وہ اُس
شہر کے پھاٹک کے نزدیک پہنچا تو دیکھو کہ ایک مردے کو باهر لیجاتے
تھے جو اپني مان کا کہ بیوہ تھي اِکلوتا تھا اور شہر کے بہت سے لوگ
اُسکے ساتھہ تھے اور اُس کو دیکھہ کے خداوند کو اُس پر رحم آیا اور اُسے
کہا مت روٴ اور پاس آکے تابوت کو چھوا اور اُٹھانیوالے ٹھہر گئے تب اُسنے
کہا ای جوان مین تجھہ سے کہتا هون اُٹھہ اور وہ مردہ اُٹھہ بیٹھا اور
بولنے لگا اور اُس نے اُسے اُسکي مان کو سونپا اور سب ڈر گئے اور خدا
کي تعریف کرکے بولے کہ بڑا هي نبي هم مین اُٹھا اور یہہ کہ خدا نے
اپنے لوگون پر نظر کي اور اُسکي یہہ بات ساري یہودیہ اور تمام اُس پاس
کے ملک مین پھیلي *

تثلیث کے بعد ستَرھوان اتوار

دعا

ای خداوند هم تجھہ سے یہہ درخواست کرتے هین کہ تیرا فضل

کي کیون فکر کرتے ہو جنگلي سوسن کو دیکھو کیسے بڑھتے ھین وہ نہ محنت کرتے نہ کاتتے ھین پر مین تمھین کھتا ھون کہ سلیمان بھي اپني ساري شان و شوکت مین اُن مین سے ایک کي مانند پہنے نہ تھا پس جب خدا میدان کي گھاس کو جو آج ھی اور کل تنور مین جھونکي جاتي یون پہناتا ھي تو ای سست اعتقادو کیا تم کو زیادہ نہ پہنائیگا اِس لئے فکر مت کرو کہ ہم کیا کھائینگے کیا پیئینگے یا کیا پہنینگے کیونکہ اِن سب چیزون کي تلاش مین غیر قومین رھتین ھین اور تمھارا باپ جو آسمان پر ھي جانتا ھی کہ تم اُن سب چیزون کے محتاج ھو پر تم پہلے خدا کي بادشاھت اور اُس کي راستبازي کو ڈھونڈھو تو اُنکے سوا یہہ سب چیزین بھي تمھین ملینگي پس کل کي فکر نہ کرو کیونکہ کل اپني چیزون کي آپ ھي فکر کر لیگا آج کا دکھہ آج ھي کے لیئے بس ھی *

تثلیث کے بعد سولھوان اتوار

دعا

اي خداوند ہم تیري منت کرتے ھین کہ اپنے ھمیشہ کے ترس سے اپني کلیسیا کو پاک اور اُس کي حمایت کر اور اِس سبب سے کہ وہ تیري مدد بغیر سلامت نہین رہ سکتي اپني مدد اور خوبي سے ھمیشہ اُسکي حفاظت کر — ھمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

مکتوب افسیون کو ۳ ب ۱۳ آ

پس مین چاھتا ھون کہ تم میري مصیبتون کے سبب جو تمھاري خاطر ھین سست مت ھوؤ کیونکہ یے تمھارے لیئے عزت ھین اِسواسطے ھمارے خداوند یسوع مسیح کے باپ کے آگے جس سے تمام خاندان آسمان اور زمین پر کہلاتا ھی مین اپنے گھٹنے ٹیکتا ھون کہ وہ اپنے فضل کي دولت کے موافق تمھین یہہ دے کہ تم اُس کے روح کے سبب باطني

اپني ناتواني کے سبب کچھہ بغیر گرنے سے بچ سکے هماري مدد کرکے همین سب نقصان کرنیوالي چیزون سے سدا بچا رکھہ اور اُن سب باتون کي طرف جو هماري نجات کے لیئے فایدہ مند هین همین هدایت فرما — همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

مکتوب گلتیون کو ٦ ب ١١ آ

تم دیکھتے هو کہ مین نے تمهین کیسا بڑا خط اپنے هاتھہ سے لکھا هی جتنے دنیا کي نیکنامي چاهتے هین وے زبردستي تمهارا ختنہ کرواتے هین صرف اتنے واسطے کہ وے مسیح کي صلیب کي بابت ستائے نہ جائین کیونکہ وے جو ختنہ کرواتے سو بهي شریعت کو حفظ نهین کرتے پر چاهتے هین کہ تم ختنہ کرواؤ تاکہ وے تمهارے جسم کي بابت فخر کرین پر ایسا نہ هووے کہ مین فخر کرون سوا اپنے خداوند یسوع مسیح کي صلیب پر جس سے دنیا میرے آگے صلیب پر کھینچي گئي اور مین دنیا کے آگے کیونکہ مسیح یسوع مین نہ مختوني کچھہ هی نہ نامختوني بلکہ نئي پیدایش شرط هی اور جتنے اِس قاعدے پر چلتے هین سلامتي و رحم اُن پر اور خدا کے اسرائیل پر هووے آیندہ کو کوئي مجھے تکلیف نہ دے کیونکہ مین اپنے بدن پر خداوند یسوع والے داغ لیئے پھرتا هون اي بھائیو همارے خداوند یسوع مسیح کا فضل تمهاري روح کے ساتھہ رهے * آمین

انجیل متي ٦ ب ٢٤ آ

کوئي آدمي دو خاوند کي خدمت نهین کرسکتا اِس لیئے کہ یا ایک سے دشمني رکھیگا اور دوسرے سے دوستي یا ایک کو مانیگا اور دوسرے کو ناچیز جانیگا تم خدا اور دولت دونون کي خدمت نهین کرسکتے اِس لیئے مین تم سے کهتا هون کہ اپني زندگي کے لیئے فکر نہ کرو کہ هم کیا کھائینگے کیا پیئینگے نہ اپنے بدن کے کہ کیا پهنینگے کیا زندگي خوراک سے بهتر نهین اور بدن پوشاک سے پرندون کو دیکھو وے نہ بوتے نہ لوتے نہ کوٹھي مین جمع کرتے هین تو بهي تمهارا باپ جو آسمان پر هی اُنکي پرورش کرتا هی کیا تم اُن سے بهتر نهین هو تم مین سے کون هی جو فکر کرکے اپني عمر مین ایک گھڑي بڑھا سکتا هی اور پوشاک

تفضیئے ھسکا غضب جھگڑے جدائیان بدعتین ڈاہ قتل مستیان عیش و عشرت اور جو کام کہ اُنکي مانند ھین اور اُنکي بابت مین تمھین آگے هي کہتا ھون جیسا مین آگے کہہ چکا کہ ایسے کام کرنیوالے خدا کي بادشاھت کے وارث نہ ھونگے پر روح کا پھل جو ھی سو محبت خوشي سلامتي صبر خیرخواھي نیکي ایمانداري فروتني پرھیزگاري ایسے ایسے کامون کي مخالف کوئي شریعت نہین اور اُنھون نے جو مسیح کے ھین جسم کو اُسکي بري خصلتون اور خواھشون سمیت صلیب پر کھینچا ھی *

انجیل لوقا ۱۷ ب ۱۱ آ

اور ایسا ھوا کہ یسوع جب اورشلیم کو جاتا تھا سامرینہ اور جلیل کے بیچ سے گذرا اور ایک بستي مین جاتے ھوئے دس کوڑھي اُسے ملے جو دور کھڑے تھے اُنھون نے چلاکے کہا کہ ای یسوع ای صاحب ھمپر رحم کر اُس نے اُنھین دیکھکے کہا کہ جاکے اپنے تئین کاھنون کو دکھاؤ اور ایسا ھوا کہ وے جاتے ھوئے چنگے ھوگئے اور ایک نے اُن مین سے جب دیکھا کہ چنگا ھوا بڑي آواز سے خدا کي تعریف کرتا ھوا اُلٹا پھرا اور منہہ کے بل یسوع کے پانو پر گرکے اُس کا شکر کیا اور وہ سامري تھا تب یسوع نے جواب مین کہا کیا دسون صاف نہ ھوئے پھر وے نو کہان ھین کیا اِس پردیسي کے سوا کوئي نہ ملا کہ پھر کے خدا کي تعریف کرے اور اُسے کہا اُٹھہ کے روانہ ھو تیرے ایمان نے تجھے بچایا *

تثلیث کے بعد پندرھوان اتوار

دعا

ای خداوند ھم تیري منت کرتے ھین کہ اپني ھمیشہ کي مہرباني سے اپني کلیسیا کي نگہباني کیا کر اور جب کہ انسان ھوتي ھی کہ انسان

ننگا اور گھایل کرکے ادھموا چھوڑ گئے اتفاقا ایک کاهن اُس راہ سے جا نکلا اور اُسکو دیکھہ کے کنارے سے چلا گیا اسي طرح ایک لیوي بھي اُس جگہہ آکے اُسے دیکھہ کر کنارے سے چلا گیا پر ایک مسافر سامري وهان آیا اور اُسکو دیکھہ کے رحم کیا اور اُس پاس آکے اُسکے زخمون کو تیل اور شراب ڈال کے باندھا اور اپنے جانور پر ڈال کے سرا میں لے گیا اور اُسکي خبرداري کي اور دوسرے دن جب جانے لگا دو دینار نکال کر بھٹیارے کو دیا اور کہا کہ اِسکي خبرداري کر اور جو کچھہ اِس سے زیادہ خرچ هوگا مین پھر آکے تجھے دونگا اب اِن تینون میں سے اُس کا جو بٹمارون مین جا پڑا تھا تو کس کو پڑوسي جانتا هي اُس نے کہا اُس کو جس نے اُسپر رحم کیا تب یسوع نے اُسے کہا جا تو بھي ایسا هي کر *

تثلیث کے بعد چودھوان اتوار

دعا

اے قادر مطلق اور همیشہ کے خدا ایمان امید اور محبت میں هماري ترقي کر اور ایسا کر کہ جس کا تو حکم کرتا هي اُسکي هم محبت رکھین تاکہ جس کا تو وعدہ فرماتا هي اُسے هم حاصل کرین — همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

مکتوب گلتیون کو ۵ باب ۱۶ آ

مین کہتا هون کہ تم روحاني چال چلو تو تم جسم کي خواهش کو پورا نہ کروگے کیونکہ جسم کي خواهش روح کي مخالف هي اور روح کي خواهش جسم کي مخالف اور یہہ آپس مین برخلاف هین یہان تک کہ جو کچھہ تم چاهتے سو نہین کر سکتے هو پر اگر تم روح کي هدایت سے چلتے هو تو شریعت کي بند مین نہین اور جسم کے کام تو ظاهر هین یہي زنا حرامکاري ناپاکي شہوت بت پرستي جادوگري دشمنیان

کہتا کہ تیري نسلون کو جیسا بہتون کے واسطے بلکہ جیسا ایک کے واسطے کہتا ھی کہ تیري نسل کو وہ مسیح ھی اور مین یہہ کہتا ھون کہ اِس عہد کو جو مسیح کے حق مین خدا نے آگے مقرر کیا تھا شریعت جو چار سو تیس برس کے بعد آئي ردّ نہین کرسکتي کہ وہ وعدہ باطل ھو جاوے کیونکہ اگر میراث شریعت کے وسیلے سے ھی تو پھر وعدہ سے نہین پر خدا نے اُسے ابراھیم کو وعدہ ھي سے بخشا پس شریعت کس واسطے ھی وہ گناھون کے سبب افزود ھوئي جب تک کہ وہ نسل جس کے لیئے وعدہ کیا گیا تھا نہ آوے اور وہ فرشتون کے وسیلے سے ایک درمیاني کے ھاتھہ سپرد ھوئي اب درمیاني ایک کا نہین ھوتا پر خدا ایک ھي ھی پس کیا شریعت خدا کے وعدون سے برّ خلاف ھی ھرگز نہین کیونکہ اگر کوئي ایسي شریعت دي گئي ھوتي جو زندگي بخش سکتي تو البتہ راستبازي شریعت سے ھوتي پر کتاب نے سب کو گناہ کے تحت شمار کیا تاکہ وہ وعدہ جو یسوع مسیح پر ایمان لانے کے وسیلے سے ھی ایمان لانیوالون کو دیا جاوے *

انجیل لوقا ۱۰ ب ۲۳ آ

مبارک وہ آنکھین جو یہہ چیزین دیکھتین کہ تم دیکھتے ھو کیونکہ مین تم سے کہتا ھون کہ بہت سے نبیون اور بادشاھون نے چاھا کہ جو تم دیکھتے ھو دیکھین پر نہ دیکھا اور جو کچھہ تم سنتے ھو سنین پر نہ سنا اور دیکھو ایک فقیہہ اُٹھا اور یہہ کہکے اُسکي آزمایش کي کہ ای اُستاد مین کیا کرون کہ ھمیشہ کي زندگي کا وارث ھون۔ اُس نے اُسے کہا کہ شریعت مین کیا لکھا ھی تو کس طرح پڑھتا ھی اُس نے جواب مین کہا تو خداوند کو جو تیرا خدا ھی اپنے سارے دل اور اپني ساري جان اور اپنے سارے زور اور اپني ساري سمجھہ سے پیار کر اور جیسا آپ کو ویساھي اپنے پڑوسي کو اُس نے اُسے کہا تونے ٹھیک جواب دیا یہي کر تو جیئیگا پر اُس نے یہہ چاھکے کہ اپنے تئین راستباز ٹھہراوے یسوع سے کہا کہ میرا پڑوسي کون ھی یسوع نے جواب مین کہا کہ ایک شخص اورشلیم سے اریحا کو جاتا تھا اور بٹمارون مین جا پڑا وے اُسے

دلانیوالي خدمت جلال هی تو راستبازي کي خدمت کا جلال کتنا زیادہ نہ هوگا *

انجیل مرقس ۷ ب ۳۱ آ

یسوع صور اور صیدا کي سرحد سے نکل کر جلیل کے دریا کے پاس ڈکاپلس کي سرحد میں آیا اور اُنهون نے ایک بهرے توتلے کو اُس پاس لاکے اُس کي منت کي کہ اپنا هاتهہ اُس پر رکهے وہ اُسکو بهیڑ میں سے کنارے لے گیا اور اپني اُنگلیان اُس کے کانون میں ڈالین اور اپنا تهوک لیکے اُس کي زبان پر لگایا اور آسمان کي طرف نظر کرکے آہ کي اور اُسے کہا افتح یعنے کهل جا ووهین اُسکے کان کهل گئے اور اُسکي زبان کي گرہ بهي کهل گئي اور وہ صاف بولنے لگا اور اُس نے اُنهیں حکم دیا کہ کسي سے نہ کهیں لیکن جتنا اُس نے منع کیا تها وے اُتنا زیادہ مشهور کرتے تهے اور اُنهون نے نهایت حیران هوکے کها اُس نے سب کچهہ اچها کیا وہ تو بهرون کو سننے کي اور گونگون کو بولنے کي طاقت دیتا هی *

تثلیث کے بعد تیرهوان اتوار

دعا

اي قادر مطلق اور رحیم خدا تیري هي عنایت سے هوتا هی کہ تیرے امانتدار لوگ تیري بندگي سچائي سے اور سراهے جانے کے طور پر کرتے هین هم تیري منت کرتے هین یهہ بخش کہ هم اِس زندگي میں تیري بندگي ایسي ایمانداري سے بجا لاوین کہ آخر کو تیرے آسماني وعدون کے وفا سے محروم نہ رہ جاوین — همارے خداوند یسوع مسیح کے ثواب کے سبب * آمین

مکتوب گلتیون کو ۳ ب ۱۶ آ

ابراهیم اور اُس کي نسل سے وعدے کئے گئے سو وہ اُسے نهین

پر اُس محصول لینیوالے نے دور سے کھڑا ہوکے اِتنا بھي نہ چاھا کہ آسمان کي طرف آنکھہ اُٹھائے بلکہ چھاتي پیٹتا اور کہتا تھا کہ ای خدا مجھہ گنہگار پر رحم کر میں تم سے کہتا ہون یہہ شخص دوسرے سے راستباز ٹھہر کے اپنے گھر گیا کیونکہ جو آپ کو بڑا جانتا ھی چھوٹا کیا جائیگا اور جو اپنے تئین چھوٹا جانتا ھی بڑا کیا جائیگا *

تثلیث بعد بارھوان اتوار

دعا

ای قادر مطلق اور ھمیشہ کے خدا جو ھمارے دعا مانگنے کي نسبت سننے پر ھمیشہ زیادہ مستعد رھتا اور ھماري آرزو اور لیاقت کي بہ نسبت زیادہ ھم کو دینیوالا ھی اپني رحمت کثرت سے ھم پر نازل کر اور جن باتون سے ھمارے دل ڈرتے ھین اُنھین معاف فرما اور وے اچھي چیزین ھمین دے جنکے مانگنے کے ھم لایق نہین مگر تیرے بیٹے ھمارے خداوند یسوع مسیح کے ثواب اور سفارش کے بہ سبب * آمین

مکتوب ۲ کرنتیون کو ۳ ب ۴ آ

ھم ایسا بھروسا مسیح کي معرفت خدا پر رکھتے ھین نہ کہ ھم از خود اِس لایق ھین کہ آپ کچھہ خیال بھي کرسکین بلکہ ھماري لیاقت خدا سے ھی اُس نے ھم کو یہہ لیاقت بھي دي ھی کہ ھم نئے عہد کے خادم ھووین لفظ کے نہین بلکہ روح کے کیونکہ لفظ مار ڈالتا پر روح جلاتا ھی اور اگر موت کي وہ خدمت جو لفظي اور پتھرون پر کھودي گئي تھي ایسے جلال کے ساتھہ ھوئي کہ بني اسرائیل موسیٰ کے چھرے پر بہ سبب اُس جلال کے جو اُس کے چھرے پر تھا اور نیست ھونیوالا تھا نظر نہ کرسکے تو روح کي خدمت کتني زیادہ جلال کے ساتھہ نہ ھوگي کہ جب الزام

راہ میں دوڑکر تیرے کرم کے وعدون کو پہنچیں اور تیرے آسماني خزانے کے شریک هو جاویں — همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

مکتوب ۱ قرنتیون کو ۱۵ ب ۱ آ

بھائیو مین تمھین اُسي انجیل کي بات جتاتا هون جس کي خوشخبري مین نے تمھین دي اور تم نے پائي اور اُس پر قایم هو اُسي کے سبب تم بچ بھی جاتے هو بشرطیکه وہ خوشخبري جو مین نے تمھین دي یاد رکھو نهین تو تمھارا ایمان لانا بیفائدہ هی کیونکه مین نے اول باتون مین وهي تم کو سونپا جو مین نے پایا که جیسا نبیون کي کتابون مین لکھا هی مسیح همارے گناهون کے واسطے موا اور گاڑا گیا اور تیسرے دن کتابون کے موافق جي اُٹھا اور کافا کو اور اُسکے بعد بارهون کو دکھائي دیا بعد اُسکے پانچ سو بھائي سے زیادہ تھے جنھین وہ یکبارہ دکھائي دیا اکثر اُن مین سے اب‌تک موجود هین پر کئي ایک سوگئے پھر یعقوب کو دکھائي دیا پھر سارے رسولون کو اور سب کے پیچھے مجھه کو جو ادھورے دنون کا پیدا هون دکھائي دیا که مین رسولون مین سب سے چھوٹا هون اور اُس لایق نهین که رسول کهلاؤن اِسواسطے که مین نے خدا کي کلیسیا کو ستایا پر مین جو کچھه هون خدا کے فضل سے هون اور اُسکا فضل جو مجھه پر هوا سو بیفائدہ نه هوا پر مین نے اُن سب سے زیادہ محنت کي نه مین نے بلکه خدا کے فضل نے جو میرے ساتھه تھا پس کیا مین کیا وے ایسي منادي کرتے هین اور تم ایسا هي ایمان لائے هو *

انجیل لوقا ۱۸ ب ۹ آ

یسوع نے اُن سے جو اپنے پر بھروسا رکھتے تھے که راستباز هین لیکن اورون کو ناچیز جانتے تھے یهه تمثیل کهي که دو شخص هیکل مین دعا مانگنے گئے ایک فریسي دوسرا محصول لینے والا فریسي اکیلا کھڑا هو کے یون دعا مانگتا تھا که اي خدا مین تیرا شکر کرتا هون که اورون کي مانند لٹیرا ظالم زناکار یا جیسا یهه محصول لینے والا هی نهین هون مین هفتے مین دو بار روزہ رکھتا مین اپنے سارے مال کي دهیکي دیتا هون

سب مین تمام تاثیر کرتا هی لیکن سب کے فائدے کے لیئے روح کا ظہور هر ایک مین هوتا هی ایک کو روح سے حکمت کي بات ملتي هی اور دوسرے کو اُسي روح سے علم کي بات اور بعضے کو اُسي روح سے ایمان اور بعضے کو اُسي روح سے چنگا کرنے کي نعمتین اور کسي کو کرامتون کي قدرتین اور کسي کو نبوت اور بعضے کو روحون کي پہچان اور بعضے کو طرح طرح کي زبانین اور بعضے کو زبانون کا ترجمه کرنا لیکن وهي ایک روح یهه سب کچهه کرتا هی اور جیسا چاهتا هرایک کو بانٹتا هی *

انجیل لوقا ۱۹ ب ۴۱ آ

اور جب نزدیک آکے شہر کو دیکھا اُس پر رویا اور کہا کاشکے تو اپنے اِسي دن اُن باتون کو جو تیري سلامتي کي هین جانتا پر اب وے تیري آنکھون سے چھپي هین کیونکه وے دن تجهه پر آوینگے که تیرے دشمن تیرے گرد مورچه باندهه کے چارون طرف گھیر کے تجھے هر جانب سے تنگ کرینگے اور تجهه کو اور تیرے لڑکون کو جو تجهه مین هین خاک مین ملاوینگے اور وے تجهه مین پتھر پر پتھر نه چھوڑینگے اِسلیئے که تونے اُس وقت کو که جب تجهه پر نگاه تھي نه پہچانا تب هیکل مین جاکے اُنھین جو اُس مین بیچتے اور خریدتے تھے نکالنے لگا اور اُن سے کہا لکھا هی که میرا گھر بندگي کا گھر هی پر تم نے اُسکو چورونکا کھوه بنایا اور هر روز هیکل مین تعلیم دیتا تھا *

تثلیث کے بعد گیارھوان اتوار

دعا

اي خدا جو اپني کمال قدرت خصوصا رحم کرنے اور ترس کھانے مین ظاهر کرتا هی رحمت سے هم پر ایسا فضل کر که تیرے حکمون کي

پہلے سے پوچھا کہ تو کتنا میرے مالک کا دھارتا ہی اُسنے کہا سو پیمانے تیل تب اُس کو کہا کہ اپنی دستآویز لے اور بیٹھ کے جلد پچاس لکھ دے پھر دوسرے سے کہا تو کتنا دھارتا ہی اُس نے کہا سو پیمانے گیہوں اُسے کہا کہ اپنی دستآویز لے اور اسی لکھ دے تب مالک نے بے ایمان مختار کی تعریف کی اِس لیئے کہ اُس نے ہوشیاری کی اسی طرح دنیا کے لوگ اپنے وقت میں نور کے لوگوں سے ہوشیار ہیں سو میں تم سے کہتا ہوں کہ جھوٹھی دولت سے اپنے لیئے دوست پیدا کرو کہ جب تم جاتے رہو تم کو ہمیشہ کے مکانوں میں جگہہ دیں *

تثلیث کے بعد دسواں اتوار

دعا

اے خداوند تیری رحمت کے کان تیرے عاجز بندوں کی دعاؤں پر کھلے رہیں اور جس میں وے اپنی مرادوں کو پہنچیں ایسا کر کہ وے اُن چیزوں کی درخواست کریں جو تجھے پسند آویں — ہمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

مکتوب ۱ کرنتیوں کو ۱۲ ب ۱ آ

بھائیو میں نہیں چاہتا ہوں کہ تم روحانی نعمتوں سے ناواقف رہو تم جانتے ہو کہ تم غیر قوم تھے اور گونگے بتوں کے پیچھے جس طرح چلائے گئے چلتے تھے پس میں تمھیں جتاتا ہوں کہ وہ جو یسوع کو ملعون کہتا ہی خدا کے روح سے نہیں بولتا اور کوئی بغیر روح قدس کے یسوع کو خداوند کہہ نہیں سکتا ہی اور نعمتیں طرح طرح کی ہیں پر روح ایک ہی ہی اور خدمتیں بھی طرح طرح کی ہیں پر خداوند ایک ہی ہی اور تاثیریں طرح طرح کی ہیں پر خدا ایک ہی ہی جو

اور سبھون نے اُس بادل اور سمندر مین موسیٰ کا بپتسما پایا اور سبھون نے ایک هي روحاني خوراک کهائي اور سبھون نے ایک هي روحاني پاني پیا کیونکه اُنهون نے اُس روحاني پهاڑي سے جو اُنکے ساتهه چلي پاني پیا اور وه پهاڑي مسیح تها پر اُن مین بهتون سے خدا راضي نه تها که وے میدان مین مارے پڑے اور یے باتین همارے واسطے نمونه هوئین تاکه هم برائیون کي خواهش نه کرین جیسي اُنهون نے کي اور تم بت پرست نه بنو چنانچه اُن مین کئي ایک تهے جیسا لکها هی که یهه قوم کهانے پینے بیٹهي پهر ناچنے اُٹهي اور هم حرام کاري نه کرین چنانچه اُن مین سے کئي ایک نے کي اور دن بهر مین تیس هزار مرگئے اور هم مسیح کا امتحان نه کرین چنانچه اُن مین سے بعضون نے کیا اور سانپون سے هلاک هوئے اور تم نه کڑکڑاو چنانچه اُن مین سے کئي ایک کڑکڑائے اور هلاک کرنیوالے سے هلاک هوئے یے سب باتین جو اُن پر پڑین نمونه هوئین اور هم جو آخري زمانے مین هین هماري نصیحت کے واسطے لکهي گئین پس جو کوئي آپ کو قایم سمجهتا هی سو خبردار رهے ایسا نه هو که گر پڑے تم کسي امتحان مین سوا اُسکے جو انسان سے کیا جاتا هی نهین پڑے اور خدا وفا کرنیوالا هی که تم کو تمهاري طاقت سے زیاده امتحان مین پڑنے نه دیگا بلکه وه امتحان کے ساتهه نکال کي راه بهي کهولیگا تاکه تم برداشت کر سکو *

انجیل لوقا ۱۶ ب ۱ آ

یسوع نے اپنے شاگردون سے کہا که کسو دولتمند کا ایک مختار تها جس کا لوگون نے اُس سے گله کیا که یهه تیرا مال اُڑاتا هی تب اُسنے اُس کو بلاکے پوچها که یهه کیا هی جو تیرے حق مین سنتا هون اپني مختاري کا حساب دے که اب سے تو مختار نهین ره سکتا اُس مختار نے اپنے جي مین کہا که کیا کرون کیونکه میرا مالک مختاري مجهه سے لیتا هی مین کهود نهین سکتا اور بهیکهه مانگنے سے شرم آتي هی اب جان گیا که کیا کرون تاکه جد مختاري سے چهوٹ جاؤن مجهے لوگ اپنے گهرون مین رکهین تب اپنے خداوند کے هر ایک قرضدار کو بلا کے

خدا کے وارث اور میراث مین مسیح کے شریک بشرطیکہ ہم اُسکے ساتھہ دکھہ اُٹھاوین تاکہ اُسکے ساتھہ جلال بھي پاوین *

انجیل متي ۷ ب ۱۵ آ

جھوٹھے پیغمبرون سے خبردار رھو جو تمھارے پاس بھیڑون کے بھیس مین آتے پر باطن مین پھاڑنیوالے بھیڑیئے ھین تم اُنھین اُنکے پھلون سے پہچانوگے کیا کانٹون سے انگور یا اونٹکتارون سے انجیر توڑتے ھین اسي طرح ھر ایک اچھا درخت اچھے پھل لاتا اور برا درخت برے پھل لاتا ھی اچھا درخت برے پھل نہین لاسکتا نہ برا درخت اچھے پھل لا سکتا جو درخت اچھے پھل نہین لاتا کاٹا اور آگ مین ڈالا جاتا ھی پس اُنکے پھلون سے اُنھین پہچانوگے نہ ھر ایک جو مجھے خداوند خداوند کہتا ھی آسمان کی بادشاھت مین داخل ھوگا مگر وھي جو میرے آسماني باپ کي مرضي پر چلتا ھی *

تثلیث کے بعد نوان اتوار

دعا

اي خداوند ہم تیري منت کرتے ھین ھمین ایسي عقل بخش کہ سدا اُن باتون کو سوچین اور بجا لاوین جو درست ھین تاکہ ہم جو تجھہ بغیر کوئي اچھي بات نہین کرسکتے تیري مدد سے تیري مرضي کے موافق زندگي گذار سکین — ھمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

مکتوب ۱ کرنتیون کو ۱۰ ب ۱ آ

بھائیو مین نہین چاھتا کہ تم اِس سے نا واقف رھو کہ ھمارے باپ دادے سب بادل کے نیچے تھے اور وے سب سمندر مین سے ھوکر نکل گئے

کہ اِنھین سیر کرے تب اُسنے اُن سے پوچھا کہ تمھارے پاس کتنی روٹیان ھین وے بولے سات پھر اُسنے جماعت کو حکم کیا کہ زمین پر بیٹھہ جائین اور اُسنے وھی سات روٹیان لین اور شکر کرکے توڑین اور اپنے شاگردون کو دین کہ اُنکے آگے رکھین سو اُنھون نے لوگون کے آگے رکھدین اور اُنکے پاس کئی ایک چھوٹی مچھلیان تھین سو اُسنے برکت چاھکے حکم کیا کہ اُنھین بھی آگے دھرین چنانچہ اُنھون نے کھایا اور سیر ھوئے اور اُن ٹکرون کی جو بچ رھے تھے سات ٹوکریان اُٹھائین اور کھانے والے چار ھزار کے قریب تھے پھر اُسنے اُنھین رخصت کیا *

تثلیث کے بعد آٹھوان اتوار

دعا

ای خدا تیری بے زوال پیش بینی سے آسمان اور زمین کی سب چیزون کا بندوبست ھوتا ھی ھم عاجزی سے تیری منت کرتے ھین کہ ساری نقصان پہنچانیوالی چیزین ھم سے دور کر اور جو چیزین کہ ھمارے لیئے فایدہ مند ھین ھمین بخش — ھمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

مکتوب رومیون کو ۸ ب ۱۲ آ

بھائیو ھم کچھہ جسم کے قرضدار نہین کہ جسم کے طور پر چلین کیونکہ اگر تم جسم کے طور پر زندگی کرو تو مروگے پر اگر روح سے بدن کی بری خواھشون کو مارو تو جیئوگے اِس لیئے کہ جتنے خدا کے روح کی ھدایت سے چلتے وے ھی خدا کے فرزند ھین کہ تم نے غلامی کی روح نہین پائی کہ پھر ڈرو بلکہ لیپالک ھونیکا روح پایا جس سے ھم ابا یعنے اے باپ پکار پکار کہتے ھین وھی روح ھماری روح کے ساتھہ گواھی دیتا کہ ھم خدا کے فرزند ھین اور جب فرزند ھوئے تو وارث بھی یعنے

تثلیث کے بعد ساتوان اتوار

دعا

اي سب قوت اور قدرت کے مالک جو سب اچھي چيزون کا بنانے اور دينے والا هي اپنے نام کي محبت همارے دلون مين پيوند کر هم مين سچي دينداري بڑها هماري نيکيون کي همين تربيت کر اور اپني بڑي رحمت سے اُسي پر همين قايم رکهه — همارے خداوند يسوع مسيح کے وسيلے سے * آمين

مکتوب روميون کو ٦ ب ١٩ آ

مين تمهارے جسم کي کم زوري کے سبب آدمي کي طرح بيان کرتا هون سو جيسے تم نے اپنے انگ ناپاکي اور شرارت کي غلامي مين سونپے تهے تاکه شرارت کرين ويسے هي اب اپنے انگ راستبازي کي غلامي مين پاک هونيکے واسطے سونپو کيونکه جب تم گناه کے غلام تهے راستبازي سے آزاد تهے پس تم نے اُن کامون سے جنسے اب شرمنده هو کيا پهل پايا کيونکه اُنکا انجام موت هي پر اب تم گناه سے چهوٹ کر خدا کے بندے هوکے پاکيزگي کا پهل لاتے هو اور انجام هميشه کي زندگي هي کيونکه گناه کا عوض موت هي پر خدا کي بخشش همارے خداوند يسوع مسيح کے وسيلے هميشه کي زندگي هي *

انجيل مرقس ٨ ب ١ آ

اُن دنون مين جب بڑي بهيڑ جمع تهي اور اُن پاس کچهه کهانے کو نه تها يسوع نے اپنے شاگردون کو بلاکے کها مجهے اُن لوگون پر رحم آتا هي که اب تين دن گذرے که يے ميرے ساتهه هين اور اُنکے پاس کچهه کهانے کو نهين اگر مين اُنهين بهوکهے گهر جانے کو رخصت کرون تو وے راه مين مانده هو جائينگے کيونکه بعضے اُن مين سے دور سے آئے هين اُسکے شاگردون نے اُسے جواب ديا که اِس ويراني مين کهان سے کوئي روٹي پاوے

جب هم اُسکي طرح مرکے بوئے گئے تو البته جي اُٹھنے مین بهي اُسکي مانند هونگے که هم جانتے هین که هماري پراني آدمیت اُسکے ساتهه صلیب پر کھینچي گئي تاکه گناه کا بدن نیست هو جاے که هم آگے کو گناه کے غلام نه بنین کیونکه جو مرا سو گناه سے چھوٹا پس اگر هم مسیح کے ساتهه مرے تو همین یقین هي که اُسکے ساتهه بهي جیئینگے هم یهه جانتے هین که مسیح مردون مین سے جي اُٹھا پهر نهین مرنیکا اور موت پهر اُسپر اختیار نهین رکھتي کیونکه وه جو موا سو گناه کي نسبت ایک دفعه موا پهر جو جیتا سو خدا کي نسبت جیتا اسي طرح تم بهي آپ کو گناه کي نسبت مرده سمجهو پر خدا کي نسبت همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے زنده *

انجیل متي ٥ ب ٢٠ آ

یسوع نے اپنے شاگردون سے کہا که اگر تمهاري راستبازي فقیهون اور فریسیون کي سے زیاده نه هو تم آسمان کي بادشاهت مین کسي طرح داخل نه هوگے تم سن چکے هو که اگلون سے کہا گیا تو خون مت کر اور جو که خون کریگا عدالت مین سزا کے لایق هوگا پر مین تمهین کہتا هون که جو کوئي اپنے بهائي پر بے سبب غصه هو عدالت مین سزا کے قابل هوگا اور جو کوئي اپنے بهائي کو باولا کہے مجلس مین سزا کے لایق هوگا اور جو اُسکو کافر کہے جهنم کي آگ کا سزاوار هوگا پس اگر تو قربان گاه مین اپني نذر لیجاوے اور وهان تجهے یاد آوے که تیرا بهائي تجهه سے کچهه مخالفت رکھتا هي تو وهان اپني نذر قربانگاه کے سامهنے چهوڑ کے چلا جا پہلے اپنے بهائي سے میل کر تب آکے اپني نذر گذران جب تک که تو اپنے مدعي کے ساتهه راه مین هي جلد اُس سے موافقت کر نه هو که مدعي تجهے قاضي کے حوالے کرے اور قاضي تجهے پیادے کے سپرد کرے اور تو قید مین پڑے مین تجهه سے سچ کہتا هون که جب تک کوڑي کوڑي ادا نه کرے تو وهان سے کسي طرح نه چهوٹیگا *

نہ پکڑا مگر تیرے کہنے سے جال ڈالتا ہون اور جب اُنھون نے یہہ کیا
تو مچھلیون کا بڑا غول گھر آیا ایسا کہ اُنکا جال پھٹنے لگا تب اُنھون نے
اپنے ساتھیون کو جو دوسری کشتی پر تھے اشارہ کیا کہ آکے مدد کرین وے
آئے اور دونون کشتیان ایسی بھر دیان کہ ڈوبنے لگین شمعون پطرس نے
یہہ دیکھہ کر یسوع کے پانو پر گرکے کہا کہ ای خداوند میرے پاس سے جا
کہ مین گنہگار ہون کیونکہ اُن مچھلیون کے ہاتھہ لگنے سے شمعون اور
اُسکے سب ساتھی اور اُسکے شریک زبدی کے بیٹے یعقوب اور یوحنا بھی
حیران تھے تب یسوع نے شمعون کو کہا مت ڈر اِس دم سے تو آدمیون
کا شکار کریگا وے کشتیون کو کنارے پر کھینچ لائے اور سب چھوڑ کے اُسکے
پیچھے چلے *

تثلیث کے بعد چھٹوان اتوار

دعا

ای خدا تونے اُنکے لیئے جو تجھہ سے محبت رکھتے ہین ایسی
اچھی چیزین طیار کر رکھین جو آدمی کی سمجھہ سے باہر ہین ہمارے
دلون مین اپنی محبت اِس قدر ڈال کہ ہم تجھہ کو سب چیزون سے
زیادہ چاہ کر تیرے وعدون کو جو ہماری ساری خواہشون سے بڑھکر
ہین حاصل کرین — ہمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

مکتوب رومیون کو ۶ ب ۳ ۱

کیا تم نہین جانتے کہ ہم مین سے جنھون نے مسیح یسوع کا
بپتسما پایا اُسکی موت کا بپتسما پایا پس موت کے بپتسمے کے سبب
اُسکے ساتھہ گاڑے گئے تاکہ جیسے مسیح مردون مین سے باپ کے جلال کے
وسیلے سے جی اُٹھا ویسے ہی ہم بھی نئی زندگی مین قدم مارین کیونکہ

ہے اِس جہان کا بندوبست سلامتي کے ساتھہ ایسا درست ہو کہ تیري کلیسیا دینداري کے کمال چین مین تیري بندگي خوشي سے کیا کرے — ہمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

مکتوب ۱ پطرس کا ۳ ب ۸ آ

تم سب کے سب ایک دل ہو ہمدرد ہو برادرانہ محبت رکھو رحم دل اور خوش‌خو ہوؤ بدي کے عوض بدي نہ کرو گالي کے عوض گالي نہ دو بلکہ اُسکے خلاف برکت چاہو کہ تم جانتے ہو کہ تم برکت کے وارث ہونے کو بلائے گئے ہو جو کوئي چاہے کہ زندگي سے خوش ہو اور اچھے دنون کو دیکھے سو اپني زبان کو بدي سے اور اپنے ہونٹھون کو دغا کي بات بولنے سے باز رکھے بدي سے کنارہ کرے اور نیکي پر عمل کرے صلح کو ڈھونڈھے اور اُسکا پیچھا کرے کیونکہ خداوند کي نگاہ راستبازون پر اور اُسکے کان اُنکي منت پر ہیں پر خداوند کا چہرہ بدکارون کا مخالف ہی اور اگر تم نیکي کي پیروي کیا کرو کون ہی جو تم سے بدی کرے پر اگر تم راستبازي کے سبب دکھہ بھي پاؤ تو نیک بخت ہو اور اُنکے ڈرانے سے مت ڈرو اور نہ گھبرا جاؤ بلکہ خداوند خدا کو اپنے دلون مین مقدس جانو *

انجیل لوقا ۵ ب ۱ آ

ایسا ہوا کہ جب خدا کا کلام سننے کو لوگ اُسپر گرے پڑھے تھے وہ جنیسرت کي جھیل کے کنارے کھڑا تھا اور اُسنے جھیل کے کنارے دو کشتي لگي دیکھي اور مچھوے اُنپر سے اُتر کے اپنے جال دھو رہے تھے اُسنے اُن کشتیون مین سے ایک پر جو شمعون کي تھي چڑھہ کے اُس سے درخواست کي کہ کنارے سے تھوڑا ہٹا لے چلین اور وہ بیٹھہ کے لوگون کو کشتي پر سے تعلیم دینے لگا اور جب کلام کرچکا تو شمعون سے کہا کہ گہرے مین لیچل اور تم شکار کے لیئے اپنے جال ڈالو شمعون نے جواب مین اُس سے کہا کہ ای صاحب ہم نے ساري رات محنت کي پر کچھہ

جلال کے جو ہم پر ظاہر ہونیوالا ہی مقابل ہون کہ خلقت کمال آرزو سے خدا کے فرزندون کے ظاہر ہونے کي راہ تکتي ہی اِس لیئے کہ خلقت خرابي مین پھنسي اپني خوشي سے نہین بلکہ پھنسانیوالے کے سبب اِس امید پر کہ خلقت بھي غلامي کي خرابي سے چھوٹ کے خدا کے فرزندون کے جلال کي آزادگي مین داخل ہووے کیونکہ ہم جانتے ہین کہ ساري خلقت مل کے اب تک چیخین مارتي اور اُسے پیڑین لگي ہین اور فقط وہ نہین بلکہ ہم بھي جنھین روح کا پہلا حاصل ملا اپنے مین کراہتے ہین اور لیپالک ہونے یعني اپنے جسمون کي رہائي کي راہ تکتے ہین *

انجیل لوقا ۶ ب ۳۶ آ

پس جیسا تمھارا باپ رحیم ہی تم رحیم ہو عیب نہ لگاوٗ تو تمپر بھي عیب نہ لگایا جائیگا اور گناہ ثابت نہ کرو تو تمھارے بھي گناہ ثابت کیئے نہ جائینگے بخشو کہ تم بھي بخشے جاوٗگے دو کہ تمھین بھي دیا جائیگا اچھا نپوا داب داب اور ہلا ہلاکے منھا منھہ گرتا ہوا بھر کے تمھاري گود مین دینگے کیونکہ جس پیمانے سے تم ناپتے ہو اُسي سے تمھارے لیئے بھي ناپا جائیگا پھر اُسنے اُن سے ایک مثل کہي کہ کیا اندھا اندھے کو راہ دکھا سکتا ہی کیا وے دونون گڑھے مین نہ گرینگے شاگرد اپنے اُستاد سے بڑا نہین بلکہ جب طیار ہوا اپنے اُستاد سا ہوگا اور اُس تنکے کو جو تیرے بھائي کي آنکھہ مین ہی کیون دیکھتا ہی پر اُس کانڈي پر جو تیري آنکھہ مین ہی نہین خیال کرتا یا تو کیونکر اپنے بھائي کو کہہ سکتا کہ بھائي رہ جا یہہ تنکا جو تیري آنکھہ مین ہی نکال دون پھر اُس کانڈي کو جو تیري آنکھہ مین ہی نہین دیکھتا ای مکار پہلے اُس کانڈي کو اپني آنکھہ مین سے نکال تب تو اُس تنکے کو جو تیرے بھائي کي آنکھہ مین ہی اچھي طرح دیکھہ کے نکال سکیگا *

تثلیث کے بعد پانچوان اتوار

دعا

ای خداوند ہم تیري منت کرتے ہین یہہ بخش کہ تیري حکومت

قبول کرتا هی اور اُنکے ساتهه کهاتا هی تب اُسنے اُن سے یهه تمثیل کهي که تم میں سے کون هی جس کے پاس سو بهیڑ هون اگر اُن میں سے ایک کهو جائے اُن ننانوے کو جنگل میں نه چهوڑے اور اُس کهوئي هوئي کو جب تک نه پاوے ڈهونڈها نه کرے اور پاکے خوشي سے اپنے کاندهے پر اُٹها نه لے اور گهر میں جاکے دوستون اور پڑوسیون کو بلاکے نه کهے که میرے ساتهه خوشي کرو کیونکه میں نے اپني کهوئي هوئي بهیڑ پائي میں تم سے کهتا هون که اسي طور آسمان میں ایک گنهگار کے واسطے جو توبه کرتا هي ننانوے راستباز سے جو توبه کي حاجت نهیں رکهتے زیاده خوشي هوگي یا کون عورت هي جس پاس دس درم هون اگر ایک کهو جاے چراغ بال کے گهر کو نه جهاڑے اور جب تک نه پاوےکوشش سے ڈهونڈها نه کرے اور جب پاوے دوستون اور پڑوسیون کو بلا کے نه کهے که میرے ساتهه خوشي کرو که میں نے اپنا کهویا درم پایا میں تمهیں کهتا هون که خدا کے فرشتون کے آگے ایک گنهگار کے لیئے جو توبه کرتا هی ایسي هي خوشي هوگي *

تثلیث کے بعد چوتها اتوار

دعا

ای خدا تو سب کا جو تجهه پر بهروسا رکهتے هیں نگهبان هی اور تجهه بغیر کوئي چیز مضبوط نهیں کوئي چیز پاک نهیں اپني مهرباني هم پر بڑها اور بهت زیاده کر که تیري حکومت اور هدایت کے سبب هم فاني چیزون میں سے اِس طور پر گذر جاویں که آخر اُن چیزون کو نه کهوویں جو همیشه کي هیں ای آسماني باپ یهه همارے خداوند یسوع مسیح کي خاطر بخش * آمین

مکتوب رومیون کو ۸ ب ۱۸ آ

میري سمجهه میں حال کے دکهه درد اِس لایق نهیں که اُس

گھر بھر جاے کیونکہ میں تم سے کہتا ہوں کہ کوئی شخص اُن میں سے
جو بلائے گئے میرا کھانا چکھنے نہ پاویگا *

تثلیث کے بعد تیسرا اتوار

دعا

ای خداوند ہم تیری منت کرتے ہیں کہ مہربانی سے ہماری سن
اور یہہ بخش کہ ہم جنھیں تونے دعا مانگنے کی دلی آرزو دی ہی تیری
بڑی مدد سے سارے خطروں اور مصیبتوں میں بچے رہیں اور تسلی
حاصل کریں — ہمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

مکتوب ۱ پطرس کا ۵ ب ۵ آ

تم سب کے سب ایک دوسرے کے تابع رہو اور فروتنی کا لباس
پہنو کیونکہ خدا مغروروں کا سامہنا کرتا اور فروتنوں کو فضل بخشتا ہی
سو تم خدا کے زبردست ہاتھہ کے تلے دبے رہو تاکہ وہ تمھیں وقت پر
سرفراز کرے اور اپنی ساری فکر اُسپر ڈال دو کیونکہ اُسکو تمھاری فکر ہی
ہوشیار اور جاگتے رہو کیونکہ تمھارا مخالف شیطان گرجنے والے ببر کی
مانند ڈھونڈھتا پھرتا ہی کہ کسکو پھاڑ کھاوے تم ایمان میں مضبوط
ہوکے اُسکا مقابلہ کرو اور جان رکھو ۔ کہ ایسے ہی دکھہ تمھارے بھائی جو
دنیا میں ہیں اُٹھاتے ہیں اب خدا جو کمال فضل کرتا جسنے ہمکو اپنے
جلال ابدی کے لیئے مسیح یسوع سے بلایا ہی آپہی تم کو تھوڑا سا دکھہ
سہنے کے بعد طیار مضبوط استوار پایدار کرے جلال اور قدرت ابد تک
اُسی کا ہی * آمین

انجیل لوقا ۱۵ ب ۱ آ

اور سب محصول لینے والے اور گنہگار اُسکے نزدیک آئے کہ اُسکی
سنیں اور فریسی اور فقیہوں نے کڑکڑا کے کہا یہہ شخص گنہگاروں کو

لازم هی که هم بهي بهائیون کے واسطے اپني جان دیں پر جس کسي پاس دنیا کا مال هو اور وہ اپنے بهائي کو محتاج دیکھے اور اپنے تئیں رحم سے باز رکھے تو خدا کي محبت اُس مین کیونکر بستي هی میرے بچو چاهیئے که هم کلام اور زبان سے نهین بلکه کام اور سچائي سے محبت رکھین اور اِس سے هم جانتے هین که هم سچائي کے هین اور اُسکے آگے اپني خاطر جمع کرینگے کیونکه اگر همارا دل همین الزام دے خدا تو همارے دل سے بڑا هی اور سب کچهه جانتا هی پیارو اگر همارا دل همین الزام نه دے تو هم خدا کے حضور بے پروا هین اور جو کچهه هم مانگتے اُس سے پاتے هین کیونکه هم اُسکے حکمون پر عمل کرتے اور جو کچهه اُسے خوش آتا بجا لاتے هین اور اُسکا حکم یهه هی که هم اُسکے بیٹے یسوع مسیح کے نام پر ایمان رکھین اور جیسا اُسنے هم کو حکم دیا هم آپس مین محبت رکھین اور جو اُسکے حکمون پر عمل کرتا هی یهه اُس مین اور وہ اِس مین رهتا هی اور اُس سے یعنے روح سے جو اُسنے همین دیا هی هم جانتے هین که وہ هم مین رهتا هی *

انجیل لوقا ۱۴ ب ۱۶ آ

ایک شخص نے بڑا کهانا کرکے بهتون کو بلایا اور کهانے کے وقت نوکر کو بهیجا که مهمانون کو کہے که آؤ اب سب کچهه طیار هی اُسپر سبهون نے مل کر عذر کرنا شروع کیا پهلے نے اُسے کہا که مین نے کهیت خریدا هی ضرور هی که جاکے اُسے دیکھون مین تیري منت کرتا هون که میري طرف سے عذر کر دوسرے نے کہا مین نے پانچ جوڑي بیل خریدا هی جاتا هون که اُنکو آزماؤن مین تیري منت کرتا هون که میرے لیئے عذر کر تیسرے نے کہا که مین نے بیاہ کیا هی اِس سبب سے نهین آسکتا پس اُس نوکر نے آکے اپنے خداوند کو اِن باتون کي خبر دي تب گهر کے مالک نے غصه هوکے اپنے نوکر سے کہا جلد شهر کے بازارون اور گلیون مین جا اور غریبون اور لنجون لنگڑون اور اندهون کو یهان لا نوکر نے کہا که اے خداوند جیسا تونے فرمایا هوا تو بهي جگهه هی خداوند نے نوکر سے کہا راهون اور باڑون کي طرف جا اور جس طرح بنے لوگون کو لا که میرا

تمھارے پاس جایا چاھیں نہ سکیں اور نہ جو لوگ وھان ھیں اس پار ھمارے پاس آ سکتے تب اُسنے کہا پس ای باپ تیري منت کرتا ھون کہ تو اُسکو میرے باپ کے گھر بھیج کیونکہ میرے پانچ بھائي ھین اُن کو جتاوے ایسا نہ ھو کہ وے بھي اِس دکھہ کي جگہہ میں آویں ابراھیم نے اُسے کہا کہ اُنکے پاس موسیٰ اور نبي ھیں چاھیئے کہ وے اُنکي سنیں اُسنے کہا نہیں ای باپ ابراھیم پر اگر کوئي مردون میں سے اُنکے پاس جاے وے توبہ کرینگے اُسنے اُسے کہا کہ جب وے موسیٰ اور نبیون کي نہ سنینگے تو اگر مردون میں سے کوئي اُٹھے اُسکي نہ مانینگے *

تثلیث کے بعد دوسرا اتوار

دعا

ای خداوند جنکو تو اپنے خوف اور محبت میں پالتا ھی اُنکي مدد اور ھدایت کرني تو کبھي نہیں بھولتا ھم تیري منت کرتے ھیں کہ تو اپني حسن پیش بیني کي پناہ میں ھمکو محفوظ رکھہ اور ایسا کر کہ ھم تیرے پاک نام کا ھمیشہ خوف اور محبت رکھیں — ھمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

مکتوب ۱ یوحنا ۳ ب ۱۳ آ

میرے بھائیو اگر دنیا تم سے دشمني کرے تعجب نہ کرو ھم تو جانتے ھیں کہ ھم موت سے گذر کے زندگي میں آئے کیونکہ ھم بھائیون سے محبت رکھتے ھیں جو اپنے بھائي سے محبت نہیں رکھتا سو موت میں رھتا ھی جو کوئي اپنے بھائي سے دشمني رکھتا ھی خوني ھی اور تم جانتے ھو کہ کسي خوني میں حیات ابدي نہیں بستي ھمنے اِس سے محبت کو جانا کہ اُسنے ھمارے واسطے اپني جان سونپ دي اور

بیٹا ھی خدا اُس میں اور وہ خدا میں رھتا ھی اور ھم نے خدا کي محبت کو جو ھم سے ھی جانا اور اُسپر اعتقاد کیا خدا محبت ھی وہ جو محبت میں رھتا ھی خدا میں رھتا ھی اور خدا اُس میں اِس سے محبت ھم میں کامل ھوتي ھی کہ ھم عدالت کے دن بے پروا رھیں کیونکہ جیسا وہ ھی ویسے ھي ھم اِس دنیا میں ھیں محبت میں دھشت نہیں بلکہ کامل محبت دھشت کو نکال دیتي ھی کیونکہ دھشت میں عذاب ھی وہ جو ڈرتا ھی محبت میں کامل نہیں ھوا ھم اِس لیئے اُس سے محبت رکھتے ھیں کیونکہ پہلے اُس نے ھم سے محبت رکھي اگر کوئي کہے میں خدا سے محبت رکھتا ھون اور اپنے بھائي سے دشمني رکھے تو جھوٹھا ھی کیونکہ اگر وہ اپنے بھائي سے جس کو اُسنے دیکھا محبت نہیں رکھتا ھی تو خدا سے جسکو اُسنے نہیں دیکھا کیونکر محبت رکھہ سکتا ھی اور ھم نے اُس سے یہہ حکم پایا ھی کہ جو کوئي خدا سے محبت رکھتا ھی سو اپنے بھائي سے بھي محبت رکھے *

انجیل لوقا ۱۶ ب ۱۹ آ

ایک دولتمند تھا جو لال اور مہین کپڑے پہنتا اور روز روز شان شوکت سے عیش کرتا تھا اور لاذر نامي ایک محتاج آدمي جس کا بدن ناسور سے بھرا تھا اُسکو اُسکي ڈیوڑھي پر ڈال جاتے تھے وہ آرزو رکھتا تھا کہ اُن ٹکڑون سے جو دولتمند کي میز سے گرتے تھے اپنا پیٹ بھرے بلکہ کتے آکے اُسکے گھاوْ چاٹتے تھے اور ایسا ھوا کہ وہ محتاج مرگیا اور فرشتون نے اُسے لیجا کر ابراھیم کي گود میں رکھا اور دولتمند بھي موا اور گاڑا گیا اور اُسنے دوزخ میں اپني آنکھہ اُٹھا کے عذاب میں ھوکے ابراھیم کو دور سے دیکھا اور اُسکي گود میں لاذر کو اور اُسنے پکارکے کہا کہ اَی باپ ابراھیم مجھہ پر رحم کر اور لاذر کو بھیج کہ اپني اُنگلي کا سرا پاني سے بھگا کے میري زبان ٹھنڈي کرے کیونکہ میں اِس لو میں تڑپتا ھون تب ابراھیم نے کہا کہ اَی بیٹا یاد کر کہ تو اپني زندگي میں اپني اچھي چیزیں لے چکا اور لاذر بري چیزیں سو اب وہ تسلي پاتا ھی اور تو تڑپتا ھی اور اِن سب کے سوا ھمارے تمھارے درمیان ایک بڑا گڑھا ھی ایسا کہ جو یہان سے

کہ ابن آدم بھي اُٹھایا جاوے تاکہ جو کوئي اُسپر ایمان لاوے هلاک
نہ هووے بلکہ همیشہ کي زندگي پاوے *

تثلیث کے بعد پہلا اتوار

دعا

اي خدا تو اُن سب کي جو تجھہ پر بھروسا رکھتے هیں قوت
هي رحمت سے هماري دعائیں قبول کر اور چونکہ هم اپني فاني طبیعت
کي ناتواني کے سبب تجھہ بغیر کچھہ اچھے کام نہیں کرسکتے اپنے فضل
سے هماري مدد کر کہ هم تیرے حکم بجا لانے میں نیت اور فعل سے تجھے
خوش آویں — همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے *

مکتوب ۱ یوحنا کا ۴ ب ۷ آ

پیارو آؤ هم ایک دوسرے سے محبت رکھیں کیونکہ محبت
خدا سے هي اور جو محبت رکھتا هي وہ خدا سے پیدا هوا هي اور خدا
کو پہچانتا هي جس میں محبت نہیں سو خدا کو نہیں جانتا کیونکہ
خدا محبت هي خدا کي محبت جو هم سے هي اِس سے ظاهر هوئي کہ
خدا نے اپنے اِکلوتے بیٹے کو دنیا میں بھیجا تاکہ هم اُسکے سبب سے زندگي
پاویں محبت اِس میں نہیں کہ هم نے خدا سے محبت کي بلکہ اِس میں
هي کہ اُس نے هم سے محبت کي اور اپنے بیٹے کو بھیجا کہ همارے
گناهوں کا کفارہ هووے پیارو جب کہ خدا نے هم سے ایسي محبت کي
تو لازم هي کہ هم بھي ایک ایک سے محبت رکھیں کسي نے خدا کو
کبھي نہیں دیکھا اگر هم ایک دوسرے سے محبت رکھیں تو خدا هم
میں رهتا هي اور اُسکي محبت هم میں کامل هوئي هم اِسي سے جانتے
هیں کہ هم اُس میں رهتے هیں اور وہ هم میں کہ اُسنے اپنے روح میں سے
همیں دیا اور هم نے دیکھا هي اور گواهي دیتے هیں کہ باپ نے بیٹے کو
دنیا کا بچانیوالا ٹھہرا کر بھیجا جو کوئي اقرار کرے کہ یسوع خدا کا

دیتے هین که ای خداوند توهي جلال و عزت اور قدرت کے لایق هی کیونکه توهي نے ساري چیزین پیدا کین اور وے تیري هي مرضي سے هین اور پیدا هوئي هین *

انجیل یوحنا ۳ ب ۱ آ

فریسیون مین سے ایک شخص نیقودیموس یهودیون کا ایک سردار تها اُسنے رات کو یسوع پاس آکے کہا که ربي هم جانتے هین که تو خدا کي طرف سے اُستاد هوکے آیا کیونکه کوئي شخص یهه معجزه جو تو دکهاتا هی جب تک که خدا اُسکے ساتهه نه هو نهین دکها سکتا یسوع نے جواب دیکر اُس سے کہا مین تجهه سے سچ سچ کهتا هون اگر کوئي سرنو پیدا نه هو تو وه خدا کي بادشاهت کو دیکهه نهین سکتا نیقودیموس نے اُس سے کہا آدمي جب بوڑها هو گیا تو کیونکر پیدا هو سکتا هی کیا اُس مین یهه طاقت هی که دو باره اپني ما کے پیٹ مین درآئے اور پیدا هووے یسوع نے جواب دیا که مین تجهے سچ سچ کهتا هون اگر آدمي پاني اور روح سے پیدا نه هووے تو وه خدا کي بادشاهت مین داخل هو نهین سکتا جو جسم سے پیدا هوا هی جسم هی اور جو روح سے پیدا هوا هی روح هی تعجب نه کر که مین نے تجهے کہا که تمهین سرنو پیدا هونا ضرور هی هوا جدهر چاهتي هی چلتي هی اور تو اُسکي آواز سنتا هی پر نهین جانتا که وه کهان سے آتي اور کهان جاتي هی هر ایک جو روح سے پیدا هوا ایساهي هی نیقودیموس نے جواب مین اُس سے کہا یهه باتین کیونکر هو سکتي هین یسوع نے جواب دیا کیا تو بني اسرائیل کا اُستاد هی اور یهه باتین نهین جانتا مین تجهے سچ سچ کهتا هون که جو هم جانتے هون کهتے هین اور جسے هم نے دیکها هی اُسپر گواهي دیتے هین اور تم هماري گواهي قبول نهین کرتے جب مین نے تمهین زمین کي باتین کهین اور تم یقین نهین کرتے پهر اگر مین تمهین آسمان کي باتین کهون تو تم کیونکر یقین کروگے اور سوا اُس شخص کے جو آسمان پر سے اُترا یعنے ابن آدم جو آسمان پر هی کوئي آسمان پر نهین گیا اور جس طرح موسیٰ نے سانپ کو بیابان مین بلندي پر رکها اُسي طرح سے ضرور هی

کیا کہ ہم سچے ایمان سے ازلي تثلیث کے جلال کا اقرار اور جناب باري کي قدرت سے توحید کي پرستش کرتے هیں هم تیري منت کرتے کہ همین اسي ایمان پر قایم رکھہ اور ساري مصیبتون سے همیشہ همین بچا کہ تو واحد خدا ابد تک جیتا اور سلطنت کرتا هی * آمین

مکتوب کے عوض مکاشفات کا ۴ ب ۱ آ

بعد اُسکے جو مین نے نگاہ کي تو کیا دیکھتا هون کہ آسمان پر ایک دروازہ کھلا هی اور پہلي آواز جو مین نے سني نرسنگے کي سي تھي جو مجھہ سے بولي اور کہا کہ اِدھر اوپر آ اور مین تجھے دکھلاؤنگا کہ اِسکے بعد کیا هوا چاهتا هی ووهین مین روح مین آگیا پھر کیا دیکھتا هون کہ آسمان پر ایک تخت دھرا هی اور اُس تخت پر کوئي بیٹھا هی اور جو اُسپر بیٹھا تھا وہ دیکھنے مین سنگ یشم اور عقیق سا تھا اور ایک دھنک جو دیکھنے مین زمرد سا تھا اُس تخت کے گرد تھا اور اُس تخت کے آس پاس چوبیس تخت تھے اُن تختون پر مین نے چوبیس بزرگ سفید پوشاک پہنے هوئے بیٹھے دیکھے اور اُنکے سرون پر سونے کے تاج تھے اور بجلي اور گرج اور آوازین اُس تخت سے نکلتي تھین اور آگ کے سات چراغ اُس تخت کے آگے روشن تھے یے خدا کي سات روحین هین اور اُس تخت کے آگے ایک سمندر شیشہ کا بلور کي مانند تھا اور تخت کے بیچو بیچ اور تخت کے گرد چار جاندار تھے جو آگے پیچھے آنکھون سے بھرے تھے پہلا جاندار ببر کي مانند تھا اور دوسرا بچھڑے کي مانند اور تیسرے کا چہرہ انسان کا سا تھا اور چوتھا اُڑتے عقاب سا اور اُن چارون جاندارون کے چھہ چھہ پر تھے اور اُنکي چارون طرف اور اندر آنکھین هي آنکھین تھین اور وے اِس ذکر سے رات دن باز نہ رهتے تھے کہ قدوس قدوس قدوس خداوند خدا قادر مطلق جو تھا اور جو هی اور جو آنیوالا هی اور جب وے جاندار اُسکي جو تخت پر بیٹھا هی اور ابد تک زندہ هی بزرگي اور عزت اور شکرگذاري کرتے هین تب وے چوبیس بزرگ اُسکے سامھنے جو تخت پر بیٹھا هی گرپڑتے هین اور اُسکو جو ابد تک زندہ هی سجدہ کرتے هین اور اپنے تاج یہہ کہتے هوئے اُس تخت کے آگے ڈال

کا کلام قبول کیا هی تب اُنھوں نے پطرس اور یوحنا کو اُنکے پاس بھیجا اُنھوں نے جاکے اُنکے لیئے دعا مانگي که روح قدس پاویں کیونکه اب تک اُن میں سے وہ کسو پر نازل نه هوا تھا اُنھوں نے صرف خداوند یسوع کے نام پر بپتسما پایا تھا تب اُنھوں نے اُن پر هاتھه رکھے اور اُنھوں نے روح قدس پایا *

انجیل یوحنا ۱۰ ب ۱ آ

میں تم سے سچ سچ کہتا هوں جو کوئي دروازے سے بھیڑ خانے میں داخل نہیں هوتا بلکه اور طرف سے اوپر چڑھتا هی وہ چور اور بٹ مار هی لیکن وہ جو دروازے سے داخل هوتا هی بھیڑوں کا گڑریا هی دربان اُسکے لیئے کھولتا هی اور بھیڑیں اُسکي آواز سنتي هیں اور وہ اپني بھیڑوں کو نام لے کے بلاتا هی اور اُنھیں باهر لیجاتا هی اور جب وہ اپني بھیڑوں کو باهر نکالتا هی تو اُنکے آگے آگے چلتا هی اور بھیڑیں اُسکے پیچھے هو لیتي هیں کیونکه وے اُسکي آواز پہچانتي هیں اور وے بیگانے کے پیچھے نہیں جاتیں بلکه اُس سے بھاگتي هیں اِس لیئے که بیگانوں کي آواز نہیں پہچانتیں یسوع نے یہه تمثیل اُنھیں کہي لیکن وے نه سمجھے که یے کیا باتیں تھیں جو وہ اُنسے کہتا تھا تب یسوع نے اُنھیں پھر کہا میں تم سے سچ سچ کہتا هوں که بھیڑوں کا دروازہ میں هوں سب جتنے مجھه سے آگے آئے چور اور بٹ مار هیں اور بھیڑوں نے اُنکي نه سني وہ دروازہ میں هوں اگر کوئي شخص مجھه سے داخل هو تو نجات پاویگا اور اندر باهر آئے جائیگا اور چراگاہ پائیگا چور نہیں آتا مگر چرانے اور قتل کرنے اور هلاک کرنے کو میں آیا هوں تاکه وے زندگي پاویں اور زیادہ حاصل کریں *

تثلیث کا اتوار

دعا

ای قادر مطلق اور همیشه کے خدا جسنے اپنے بندوں پر فضل

میں منادي کرو اور گواهي دو کہ یہہ وهي هی جو خدا کي طرف سے
مقرر هوا کہ زندون اور مردون کا انصاف کرنیوالا هو سب نبي اُس پر
گواهي دیتے هین کہ جو کوئي اُس پر ایمان لاوے اُس کے نام سے اپنے گناهونکي
مغفرت پاوے پطرس یے باتیں کہرها تہا کہ روح قدس اُن سب پر
جو کلام سنتے تہے نازل هوا اور مختون ایماندار جو پطرس کے ساتهہ آئے
تہے حیران هوئے کہ غیر قومون پر بهي روح قدس کي بخشش جاري
هوئي کیونکہ اُنهین طرح طرح کي بولي بولتے اور خدا کي بڑائي کرتے
سنا تب پطرس نے پهر کہا کوئي پاني روک سکتا هی کہ یے جنهون نے
هماري طرح روح قدس پایا بپتسما نہ پاوین تب اُس نے حکم دیا
کہ وے خداوند کے نام پر بپتسما پاوین پهر اُنهون نے اُس سے درخواست
کي کہ کچهہ دن یہان رهے *

انجیل یوحنا ۳ ب ۱۶ آ

خدا نے جہان کو ایسا پیار کیا هی کہ اُس نے اپنا اِکلوتا بیٹا بخشا تاکہ
جو کوئي اُس پر ایمان لاوے هلاک نہ هو بلکہ همیشہ کي زندگي
پاوے کیونکہ خدانے اپنے بیٹے کو جہان مین اِس لیئے نہین بهیجا کہ جہان
پر سزا کا حکم کرے بلکہ اِس لیئے کہ جہان اُس کے سبب نجات پاوے
جو اُسپر ایمان لاتا اُسکے لیئے سزا کا حکم نہین لیکن جو اُسپر ایمان نہین
لاتا اُسکے واسطے سزا کا حکم هو چکا کیونکہ وہ خدا کے اِکلوتے بیٹے کے نام
پر ایمان نہ لایا اور سزا کے حکم کا سبب یہہ هی کہ نور جہان مین آیا
اور آدمیون نے تاریکي کو نور سے زیادہ پیار کیا کیونکہ اُنکے کام برے تہے
اِس لیئے کہ جو کوئي برا کرتا هی وہ نور سے دشمني رکهتا هی اور نور کے
پاس نہین آتا تاکہ ایسا نہ هو کہ اُسکے کام ظاهر هو جاوین پر وہ جو حق
کرتا هی نور کے پاس آتا هی تاکہ اُس کے کام ظاهر هووین کہ وے خدا
مین کیئے گئے هین *

وهٹ سنڈے کے بعد منگل کا دن

مکتوب کے عوض اعمال کا ۸ ب ۱۴ آ

جب رسولون نے جو اورشلیم میں تہے سنا کہ سامریون نے خدا

تمہین دیتا ہون دلگیر مت ہو اور مت ڈرو تم سن چکے ہو کہ مین نے تم کو کہا مین جاتا ہون اور تم پاس پھر آتا ہون اگر تم مجھے پیار کرتے تو تم میرے اِس کہنے سے کہ مین باپ پاس جاتا ہون خوش ہوتے کیونکہ میرا باپ مجھہ سے بڑا ہی اور اب مین نے تمہین اُسکے ہونے سے پیشتر کہا کہ جب ہو جاوے تو تم ایمان لائیو بعد اِسکے مین تم سے بہت کلام نہ کرونگا اِس لیئے کہ اِس جہان کا سردار آتا ہی اور مجھہ مین اُسکي کوئي چیز نہین لیکن تاکہ دنیا جانے کہ مین باپ سے محبت رکھتا ہون جس طرح باپ نے مجھے فرما دیا مین ویساهي کرتا ہون *

وهٹ سنڈے کے بعد پیر کا دن

مکتوب کے عوض اعمال کا ۱۰ باب ۳۴

تب پطرس نے زبان کھولي اور کہا اب مجھے یقین ہوا کہ خدا ظاہر پر نظر نہین کرتا بلکہ ہر قوم مین جو اُس سے ڈرتا اور راستبازي کرتا اُس کو پسند آتا ہی یہہ وهي کلام ہی جو اُس نے بني اسرائیل کے پاس بھیجا جب یسوع مسیح کي معرفت جو سب کا خداوند ہی صلح کي خوشخبري دیتا تھا تم اِس ماجرے کو جانتے ہو جو اُس بپتسما کے بعد جس کي منادي یوحنا نے کي جلیل سے شروع ہوکے تمام یہودیہ مین پھیل گیا یعنے یسوع ناصري کي بات کہ کس طرح خدا نے اُسے روح قدس اور قدرت سے مسیح کیا اور وہ بھلائي کرتا اور اُن سب کو جو شیطان کے ہاتھہ سے ظلم اُٹھاتے تھے چنگا کرتا پھرا کیونکہ خدا اُس کے ساتھہ تھا اور اُن سب کامون کے جو اُس نے یہودیون کے ملک و اورشلیم مین کیئے ہم گواہ ہین اُس کو اُنھون نے صلیب پر لٹکا کے مار ڈالا اُس کو خدا نے تیسرے دن اُٹھایا اور ظاہر کر دکھایا ساري قوم پر نہین بلکہ اُن گواہون پر جو آگے سے خدا کے چنے تھے یعنے ہم پر کہ اُس کے مردون مین سے جي اُٹھنے کے بعد اُس کے ساتھہ کھایا پیا اور اُس نے ہمین حکم دیا کہ لوگون

و علامي اور رهنيوالے مسوپوتاميه يهوديه اور قپادوقيه پنطس و اسيا فرجيه و پنفيليه مصر اور ليبيه کے اُس حصے کے جو قرينه کے علاقه مين هي اور رومي مسافر يهودي اور جو يهودي هوگئے کريتي اور عرب هوکے هم اپني زبانون مين اُنهين خدا کي بڑي باتين بولتے سنتے هين *

انجيل يوحنا ۱۴ ب ۱۵ آ

يسوع نے اپنے شاگردون سے کها اگر تم مجهے پيار کرتے هو تو ميرے حکمون پر عمل کرو اور مين اپنے باپ سے درخواست کرونگا اور وه تمهين دوسرا تسلي دينيوالا بخشيگا که هميشه تمهارے ساتهه رهے يعنے روح حق جسے دنيا قبول نهين کر سکتي کيونکه اُسے نه ديکهتي هي اور نه اُسے جانتي هي ليکن تم اُسے جانتے هو کيونکه وه تمهارے ساتهه رهتا هي اور تم مين هوويگا مين تمهين يتيم نه چهوڑونگا مين تمهارے پاس آؤنگا اب تهوڑي دير هي که دنيا مجهے پهر نه ديکهيگي پر تم مجهے ديکهتے هو اور اِس ليئے که مين جيتا هون تم بهي جيوگے اُس روز تم جانوگے که مين باپ مين اور تم مجهه مين اور مين تم مين هون جس پاس ميرے حکم هين اور وه اُن پر عمل کرتا هي وهي مجهه سے محبت رکهتا هي اور وه جو مجهه سے محبت رکهتا هي ميرے باپ کا پيارا هوگا اور مين اُسے پيار کرونگا اور اپنے تئين اُس پر ظاهر کرونگا يهودا نے (نه وه جو اسکريوطي تها) اُسے کها که اى خداوند کيونکر هي که تو آپکو هم پر ظاهر کريگا اور دنيا پر نهين يسوع نے جواب مين اُسے کها اگر کوئي مجهے پيار کرتا هي وه ميرے کلام پر عمل کريگا اور ميرا باپ اُسے پيار کريگا اور هم اُس پاس آوينگے اور اُسکے ساتهه رهينگے جو مجهے پيار نهين کرتا ميرے کلام پر عمل نهين کرتا اور يهه کلام جو تم سنتے هو ميرا نهين بلکه باپ کا هي جس نے مجهے بهيجا هي مين نے يے باتين تمهارے ساتهه هوتے هوئے تم سے کهين ليکن وه تسلي دينيوالا روح قدس جسے باپ ميرے نام سے بهيجيگا وهي تمهين سب چيزين سکهلاويگا اور سب باتين جو کچهه که مين نے تمهين کهي هين تمهين ياد دلاويگا آرام تمهين دے جاتا هون اپنا آرام مين تمهين ديتا هون نه جس طرح سے که دنيا ديتي هي مين

کرینگے اِس لیئے کہ اُنھون نے نہ باپ کو جانا اور نہ مجھے اور مین نے یے باتین تم کو کہین تاکہ جب وہ وقت آوے تو تم یاد کرو کہ مین نے تمھین کہین اور مین نے شروع مین یے باتین تمھین نہ کہین کیونکہ مین تمھارے ساتھہ تھا *

روح قدس کا اتوار یعنے وھٹ سنڈے

دعا

ای خدا جس نے آج هي کے دن اپنے ایمان دارون پر اپنے روح قدس کي روشني بھیج کر اُنکے دلون کو سکھایا ھمین یہہ بخش کہ ھم اُسي روح مے سب باتون مین درست سمجھہ رکھین. اور ھمیشہ اُسکي پاک تسلي مے خوشي کرتے رھین — ھمارے بچانے والے یسوع مسیح کے ثواب کي بدولت جو تیرے اور اُسي روح قدس کي یگانگت مین ایک خدا ابد تک جیتا اور سلطنت کرتا ھی * آمین

مکتوب کے عوض اعمال ۲ ب ۱ آ

جب پنتکسست کا دن آیا وے سب ایک دل ہوکے ایکٹھے ھوئے ایکبارگي آسمان سے ایک آواز آئي جیسي بڑي آندھي چلے اور اُس سے سارا گھر جہان وے بیٹھے تھے بھر گیا اور اُنھین جدا جدا آگ کي سي زبانین دکھائي دین اور اُن مین سے ھر ایک پر بیٹھین تب وے سب روح قدس سے بھر گئے اور طرح طرح کي زبانین جیسے روح نے اُنھین بولنے کي قدرت بخشي بولنے لگے اور خدا ترس یہودي ھر ایک قوم مین سے جو آسمان کے تلے ھی اورشلوم مین آ رھے تھے سو جب یہہ آواز آئي تو بھیڑ لگ گئي اور سب دنگ ھوئے کیونکہ ھر ایک نے اُنھین اپني بولي بولتے سنا اور سب حیران ھوکے اور تعجب کرکے آپس مین کہنے لگے دیکھو کیا یے سب جو بولتے ھین جلیلي نہین پھر کیونکر ھر ایک ھم مین سے اپني ملک کي بولي سنتا ھی ھم پارتھي اور میدي

صعود کے بعد کا اتوار

دعا

ای خدا جلال کے بادشاہ تونے اپنے اِکلوتے بیٹے یسوع مسیح کو بڑي فتحمندي کے ساتھہ اپني آسماني بادشاھت مین بلند کیا هم تیري منت کرتے هین همین یتیم نه چھوڑ بلکہ اپنا روح قدس همارے پاس بھیج که وه هماري تسلي کرے اور همین اُسي مقام پر بلند کر جهان همارا نجات دینیوالا مسیح آگے گیا هی جو تیرے اور روح قدس کے ساتھہ ایک خدا ابد تک جیتا اور سلطنت کرتا هی * آمین

مکتوب ۱ پطرس کا ۴ ب ۷ آ

سب چیزون کا آخر نزدیک هی اِس لیئے هوشیار اور دعا کرتے هوئے جاگتے رهو سب سے پہلے ایک دوسرے کو شدت سے پیار کرو کیونکه محبت بہت گناهون کو ڈھانپ دیتي هی آپس مین بے کُڑکُڑائے مسافر دوست رهو جس کو جسَ قدر نعمت ملي وه اُس سے اُنکي مانند جو خدا کي طرح طرح کي نعمتون کے اچھے خانسامان هین ایک دوسرے کي خدمت مین خرچ کرے اگر کوئي بولے تو وہ خدا کے کلام کے مطابق بولے اگر کوئي خدمت کرے تو اُتني کرے جتنا اُسے خدا نے مقدور دیا هی تاکه سب بات مین یسوع مسیح کے وسیلے خدا کا جلال ظاهر هو عظمت و قدرت همیشه اُسي کے لیئے هی * آمین

انجیل یوحنا ۱۵ ب ۲۶ آ و ۱۶ ب ۱ آ

جب که وه تسلي دینیوالا جسے مین تمهارے لیئے باپ کي طرف سے بھیجونگا یعنے روح حق جو باپ سے نکلتا هی آوے تو وه میرے لیئے گواهي دیگا اور تم بھي گواهي دوگے کیونکه تم شروع سے میرے ساتھہ هو مین نے یے باتین تمهین کهین تاکه تم ٹھوکر نه کھاؤ وے تم کو عبادت خانون سے نکال دینگے بلکه وه گھڑي آتي هی که جو کوئي تمهین قتل کریگا گمان کریگا که خدا کي بندگي بجا لاتا هی اور تم سے ایسا سلوک

سے بپتسما پاؤگے تب اُنھوں نے جو ایکٹھے تھے اُس سے پوچھا کہ ای خداوند
کیا تو اِس وقت اسرائیل کي بادشاھت پھر بحال کیا چاھتا ھی اُسنے
اُنھیں کہا تمھارا کام نہیں کہ اُن وقتوں اور موسموں کو جنھیں باپ نے
اپنے ھي اختیار میں رکھا ھی جانو لیکن تم روح قدس سے قوت پاؤگے
جب وہ تم پر آویگا اور تم اورشلیم اور سارے یہودیہ و سامریہ میں بلکہ
زمین کي حد تک میرے گواہ ھوگے اور وہ یہہ کہکے اُنکے دیکھتے ھوئے
اوپر اُٹھایا گیا اور بدلي نے اُسے اُنکي نظر سے چھپا لیا اور اُسکے جاتے ھوئے
جب وے آسمان کي طرف تک رھے تھے دیکھو دو مرد سفید پوشاک
پہنے اُنکے پاس کھڑے تھے اور کہنے لگے ای جلیلي لوگو تم کیوں کھڑے
آسمان کي طرف تک رھے ھو یہي یسوع جو تمھارے پاس سے آسمان پر
اُٹھایا گیا ھی جس طرح تمنے اُسے آسمان کو جاتے دیکھا اِسي طرح آویگا *

انجیل مرقس ۱۶ ب ۱۴ آ

یسوع نے اُن گیارھوں کو جب وے کھانے بیٹھے تھے دکھائي دیا
اور اُنکي بے اعتقادي اور سخت دلي پر ملامت کي کیونکہ وے اُنکي
باتوں کو جنھوں نے اُسکے جي اُٹھنے کے بعد اُسے دیکھا تھا یقین نہ لائے
تھے اور اُس نے اُنھیں کہا کہ تم تمام دنیا میں جاکے ھر ایک مخلوق کے
سامھنے انجیل کي منادي کرو جوکہ ایمان لاتا اور بپتسما پاتا ھی نجات
پائیگا اور جو ایمان نہیں لاتا اُس پر سزا کا حکم کیا جائیگا اور وے جو
ایمان لاینگے اُنکے ساتھہ یہہ علامتیں ھونگي کہ وے میرے نام سے دیووں
کو نکالینگے اور نئي زبانیں بولینگے سانپوں کو اُٹھا لینگے اور اگر کوئي ھلاک
کرنیوالي چیز پیئینگے اُنھیں کچھہ نقصان نہ ھوگا وے بیماروں پر ھاتھہ
رکھینگے تو چنگے ھو جائینگے خداوند اُنھیں یہہ فرماکے آسمان پر جاتا رھا
اور خدا کے دھنے ھاتھہ بیٹھا پھر اُنھوں نے ھر جگہہ جا کر منادي کي اور
خداوند اُنکي مدد کرتا تھا اور کلام کو معجزوں سے جو اُسکے ساتھہ ساتھہ
ھوتے تھے ثابت کرتا رھا * آمین

جانتا هی اور محتاج نهین که تجهه سے کوئي سوال کرے اِس سے هم کو یقین هوا که تو خدا سے نکلا هی یسوع نے اُنهین جواب دیا کیا اب تم ایمان لائے هو دیکهو گهڑي آتي هی بلکه آ چکي که تم مین هر ایک پراگنده هوکے اپني راه لیگا اور مجهے اکیلا چهوڑ دوگے تو بهي مین اکیلا نهین کیونکه باپ میرے ساتهه هی مین نے تمهین یه باتین کهین تاکه مجهه مین آرام پاؤ تم دنیا مین مصیبت اُٹهاؤگے لیکن خاطر جمع رکهو که مین نے دنیا کو جیتا هی *

صعود یعني مسیح کے آسمان پر جانے کا دن

دعا

اي قادر مطلق خدا هم تیري منت کرتے هین یهه بخش که جس طرح هم اعتقاد رکهتے هین که تیرا اِکلوتا بیٹا همارا خداوند یسوع مسیح آسمانون پر چڑهه گیا هی اُسي طرح هم بهي دل و جان سے وهان چڑهه جاوین اور اُسکے ساتهه هردم رهین — جو تیرے اور روح قدس کے ساتهه ایک خدا ابد تک جیتا اور سلطنت کرتا هی * آمین

مکتوب کے عوض اعمال ۱ ب ۱ آ

اي تاوفلوس جو کچهه که یسوع شروع سے کرتا اور سکهاتا رها اُس دن تک که وه روح قدس سے اپنے رسولون کو جنهین اُس نے چنا تها حکم دیکر اوپر اُٹهایا گیا مین وه سب پهلي کتاب مین بیان کر چکا اُن پر اُسنے اپنے مرنیکے پیچهے آپ کو بهت سي ظاهر دلیلون سے زنده ثابت کیا که وه چالیس دن تک اُنهین نظر آتا اور خدا کي بادشاهت کي باتین کهتا رها اور اُنهین ایکٹها کرکے حکم دیا که اورشلیم سے باهر نه جاؤ بلکه باپ کے اُس وعدے کي جس کا ذکر تم مجهه سے سن چکے هو راه دیکهو که یوحنا نے تو پاني سے بپتسما دیا پر تم تهوڑے دنون کے بعد روح قدس

خیال پیدا کریں جو نیک هوویں اور تیری رحمت کي هدایت سے اُنهیں عمل میں لاویں — همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

مکتوب یعقوب ۱ ب ۲۲ آ

تم کلام پر عمل کرنیوالے هوؤ نه آپ کو فریب دیکر صرف سننے والے رهو کیونکه جو شخص صرف کلام کو سنا کرتا اور اُس پر عمل نهیں کرتا وہ اُس آدمي کي مانند هی جو اپنا منهه آئینه میں دیکهتا اِس لیئے که اُس نے آپ کو دیکها اور چلا گیا اور فورا بهول گیا که میں کیسا تها پر جو آزادگي کي کامل شریعت پر ٹکٹکي باندهه کے اُسکے غور میں رهتا هی وہ سنکر بهولنے والا نهیں بلکه عمل کرنے والا هوکے اپنے عمل میں مبارک هوگا جو کوئي آپ کو دیندار سمجهتا هی اور اپني زبان کو لگام نهیں دیتا بلکه اپنے دل کو فریب دیتا هی تو اُسکي دینداري باطل هی جو دینداري خدا اور باپ کے آگے پاک اور بے عیب هی سو یهي هی یتیموں اور بیواؤن کي مصیبت کے وقت اُنکي خبرگیري کرنا اور آپ کو دنیا سے بیداغ بچا رکهنا *

انجیل یوحنا ۱۶ ب ۲۳ آ

میں تم سے سچ سچ کهتا هوں تم میرا نام لیکے جو کچهه باپ سے مانگوگے وہ تمکو دیگا ' اب تک تم نے میرے نام سے کچهه نهیں مانگا مانگو که پاؤگے تاکه تمهاري خوشي کامل هو میں نے یے باتیں تمثیلوں میں تمهیں کهیں پر وہ وقت آتا هی جو میں تمهیں تمثیلوں میں پهر نه کهونگا بلکه باپ کي خبر تمهیں صاف دونگا اُس دن تم میرے نام سے مانگوگے اور میں تمهیں نهیں کهتا که میں باپ سے تمهارے لیئے درخواست کرونگا اِس لیئے که باپ تو آپ هي تمهیں پیار کرتا هی کیونکه تم نے مجهے پیار کیا اور ایمان لائے هو که میں خدا سے نکلا هوں میں باپ سے نکلا هوں اور دنیا میں آیا هوں پهر دنیا سے رخصت هوتا هوں اور باپ پاس جاتا هوں اُسکے شاگردوں نے اُسے کها دیکهه اب تو صاف کهتا هی اور تمثیل میں نهیں کهتا اب هم جانتے هیں که تو سب چیزیں

اِس لیئے ساري گندگي اور بدي کے فضلے پھینک کر اُس کلام کو جو پیوند
هوتا اور تمھاري جان بچا سکتا هی فروتني سے قبول کرلو *

انجیل یوحنا ۱۶ ب ۵ آ

یسوع نے اپنے شاگردون سے کہا اب میں اُس پاس جس نے مجھے
بھیجا جاتا هون اور تم میں سے کوئي مجھه سے نہیں پوچھتا کہ تو کہان
جاتا هي اور اِس لیئے کہ میں نے یہ باتیں تم سے کہیں تمھارا دل غم سے
بھر گیا لیکن میں تمھیں سچ کہتا هون کہ تمھارے لیئے میرا جانا هي
فائده هي کیونکه اگر میں نه جاؤن تو تسلي دینے والا تم پاس نه آئیگا پر اگر
میں جاؤن تو میں اُسے تم پاس بھیج دونگا اور وه جب آویگا تو جہان کو
گناه سے اور راستي سے اور عدالت سے ملزم ٹھہریگا گناه سے اِس لیئےکه وے
مجھه پر ایمان نہیں لائے راستي سے اِس لیئے کہ میں اپنے باپ پاس جاتا
هون اور تم مجھے پھر نه دیکھوگے عدالت سے اِس لیئے کہ اِس جہان کے
سردار پر حکم کیا گیا هی هنوز بہت سي باتیں هیں که میں تمھیں کہون
پر اب تم اُنکي برداشت نہیں کر سکتے لیکن جب وه یعني روح حق
آوے تو وه تمھیں ساري سچائي کي راه بتاویگا اِس لیئےکه وه اپني نه کہیگا
لیکن جو کچھه وه سنیگا سو کہیگا اور تمھیں آینده کي خبریں دیگا
وه میري بزرگي کریگا اِس لیئے که وه میري چیزون سے پاویگا اور تمھیں
دکھاویگا سب چیزیں جو باپ کي هیں میري هیں اِس لیئے میں نے کہا
که وه میري چیزون سے لیگا اور تمھیں دکھائیگا *

ایسٹر کے بعد پانچواں اتوار

دعا

اى خداوند جس سے سب اچھي چیزیں آتي هیں هم کو جو
تیرے عاجز بندے هیں یہه بخش که تیرے پاک الہام سے هم وهي

دیر اور تم مجھے نہ دیکھوگے اور پھر تھوڑي دیر اور تم مجھے دیکھوگے
میں تم سے سچ سچ کہتا ہوں کہ تم روؤگے اور نالہ کروگے اور دنیا خوش
ہوگي اور تم غمگین ہوگے لیکن تمھارے غم کا انجام خوشي ہوگي جب
عورت جنے لگتي ہی تو غمگین ہوتي ہی اِس لیئے کہ اُسکي گھڑي پہنچي
لیکن جب لڑکا جني پھر اُس خوشي سے کہ دنیا میں ایک آدمي پیدا
ہوا اُس درد کو یاد نہیں کرتي اور تم اب غمگین ہو پر میں تمھیں پھر
دیکھونگا اور تمھارا دل خوش ہوگا اور تمھاري خوشي تم سے کوئي چھین
نہ لیگا *

ایسٹر کے بعد چوتھا اتوار

دعا

اې قادر مطلق خدا توهي اکیلا گنہگار آدمیون کے بے لگام ارادے
اور خواهشون کي تدبیر کرسکتا هي اپنے لوگون کو یہہ بخش کہ جو کچھہ
تونے فرمایا هي وے اُسے چاهیں اور جو کچھہ تونے وعدہ کیا اُسکے طالب
رهیں ایسا کہ دنیا کي رنگ برنگ اور طرح طرح کي تغیري بحالي
میں همارے دل مقرر وهان لگے رهیں جهان سچي خوشیان حاصل هوتي
هیں ــــ همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

مکتوب یعقوب کا اب ۱۷ آ

هرایک اچھي بخشش اور کامل انعام اوپر هي سے هي اور نورون
کے باني کي طرف سے اُترتا هي جس میں بدلنے اور پھر جانیکا سایہ بھي
نہیں اُس نے اپنے ارادے سے همیں سچائي کے کلام سے پیدا کیا تاکہ هم
اُسکے مخلوقون میں پہلے پھلون کي مانند هووین اِس لیئے اې پیارے بھائیو
هر ایک آدمي سنے میں تیز اور بولنے میں دهیما اور غصہ کرنے میں
دهیما هووے کیونکہ آدمي کا غصہ خدا کي راستبازي کے کام نہیں کرتا

اراده سے دکھاتا هی که وے راه راست پر پھر آویں اُن سب کو جو
مسیحي دین کے شریک هوتے هیں یهه بخش که وے اُن باتون سے جو
اُنکے اقرار کے برخلاف هین کنارے رهیں اور اُن سب باتون کي جو اُسکے
موافق هیں پیروي کریں — همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے* آمین

مکتوب ۱ پطرس کا ۲ ب ۱۱ آ

اي پیارو میں تم سے یون جیسے پردیسیون اور مسافرون سے منت
کرتا هون که تم جسماني خواهشون سے جو سپاهي بن کر جان کا مقابله
کرتي هیں پرهیز کرو اور اپني چال غیر قومون کے بیچ نیکي کے ساتهه رکهو
تاکه وے جو تمهیں بدکار جان کے تمهاري بدگوئي کرتے هیں تمهارے
نیک کامون پر نظر کرکے اُس دن جب اُن پر نگاه هو خدا کا جلال ظاهر
کریں پس هر ایک حکومت کے جو انسان کي طرف سے هی خداوند
کے لیئے تابع رهو بادشاه کے اِس لیئے که وه سب سے بزرگ هی اور حاکمون
کے اِس لیئے که وے اُسکے بهیجے هوئے هیں تاکه بدکارون کو سزا دیں
اور نیکو کارون کي تعریف کریں کیونکه خدا کي مرضي یون هی که
تم اچهے عمل کرکے احمقون کي ناداني کا منهه بند کر رکهو اور اپنے تئیں
آزاد جانو پر اپني آزادي کو بدي کا پرده نه کرو بلکه آپ کو خدا کے
بندے جانو سب کي حرمت کرو بهائیون سے اُلفت رکهو خدا سے ڈرو
بادشاه کي عزت کرو*

انجیل یوحنا ۱۶ ب ۱۶ آ

یسوع نے اپنے شاگردون سے کہا تهوڑي دیر اور مجهے نه دیکهوگے
اور پهر تهوڑي دیر اور مجهے دیکهو گے کیونکه میں باپ کے پاس جاتا هون
تب اُسکے بعضے شاگردون نے آپس میں کها یهه کیا هی جو وه همیں کهتا
هی که تهوڑي دیر اور تم مجهے نه دیکهو گے اور پهر تهوڑي دیر اور تم
مجهے دیکهو گے اور یهه اِس لیئے که میں باپ پاس جاتا هون پهر اُنهون
نے کها یهه کیا هی جو وه کهتا هی که تهوڑي دیر هم نهیں جانتے وه کیا
کهتا هی سو یسوع نے جانا که وے چاهتے هیں که اُس سے سوال کریں تب
اُنهیں کها تم آپس میں اُسکي بابت پوچهتے هو جو میں نے کها که تهوڑي

کون سا فخر هی پر اگر نیکي کر کے دکهه پاتے اور صبر کرتے هو اُس مین خدا کے نزدیک تمهاري فضیلت هی کیونکه تم اِسي کے لیئے بلائے گئے هو که مسیح بهي همارے واسطے دکهه پاکے ایک نمونه همارے لیئے چهوڑ گیا هی تاکه تم اُسکے نقش قدم پر چلے جاوٴ اُس نے گناه نه کیا اور اُسکي زبان مین چهل بل نه پایا گیا وه گالیان کهاکے گالي نه دیتا اور دکهه پاکے دهمکاتا نه تها بلکه اپنے تئین اُس کے جو راستي کے ساتهه انصاف کرتا هی سپرد کرتا تها اُسنے آپ اپنے بدن پر همارے گناهون کو صلیب پر اُٹها لیا تاکه هم گناهون کي نسبت مرکے راستبازي مین جیئین اُن کوڑون کے سبب سے جو اُس پر پڑے تم چنگے هوئے کیونکه تم بهٹکي هوئي بهیڑون کي مانند تهے پر اب اپني جانون کے گڑرئے اور نگهبان پاس پهر آئے هو *

انجیل یوحنا ۱۰ ب ۱۱ آ

یسوع نے کہا اچها گڑریا مین هون اچها گڑریا بهیڑون کے لیئے اپني جان دیتا هی پر مزدور اور وه جو گڑریا نهین اور بهیڑون کا مالک نهین بهیڑیا آتے دیکهکر بهیڑون کو چهوڑ دیتا هی اور بهاگ نکلتا هی اور بهیڑیا اُنهین پکڑتا هی اور بهیڑون کو پراگنده کرتا هی مزدور بهاگتا هی کیونکه وه مزدور هی اور بهیڑون کے لیئے کچهه فکر نهین کرتا اچها گڑریا مین هون اور اپني پهچانتا هون اور میري مجهے جانتي هین جس طرح سے باپ مجهے جانتا هی اُس طرح مین باپ کو جانتا هون اور مین بهیڑون کے لیئے اپني جان دیتا هون اور میري اور بهي بهیڑین هین جو اِس گلے کي نهین ضرور هی که مین اُنهین بهي لاوٴن اور وے میري آواز سنینگي اور گله ایک اور گڑریا ایک هوگا *

ایسٹر کے بعد تیسرا اتوار

دعا

اى قادر مطلق خدا جو گمراهون کو اپني سچائي کي روشني اِس

وہ گواهي یہہ هی کہ خدا نے همین همیشہ کي زندگي بخشي اور یہہ زندگي اُسکے بیٹے مین هی جس کے ساتهہ بیٹا هی اُسکے ساتهہ زندگي هی جسکے ساتهہ خدا کا بیٹا نہین اُسکے ساتهہ زندگي نہین *

انجیل یوحنا ۲۰ ب ۱۹ آ

اُسي دن جو هفتے کا پہلا تها شام کے وقت جب اُس جگہہ کے دروازے جہان سب شاگرد جمع هوئے تهے یہودیون کے ڈر سے بند تهے یسوع آیا اور بیچ مین کهڑا هوا اور اُنهین کہا تم پر سلام اور یون کہکے اپنے هاتهون اور پسلي کو اُنهین دکهایا تب شاگرد خداوند کو دیکهکے خوش هوئے اور یسوع نے پهر اُنهین کہا تم پر سلام جس طرح میرے باپ نے مجهے بهیجا هی مین بهي اُسي طرح تمهین بهیجتا هون اُسنے یہہ کہکے اُن پر پهونکا اور کہا کہ تم روح قدس لو جنکے گناهون کو تم بخشو اُنکے بخشے جاتے هین جنهین تم نہ بخشوگے نہ بخشے جائینگے *

ایسٹر کے بعد دوسرا اتوار

دعا

اي قادر مطلق خدا جسنے اپنا اکلوتا بیٹا عنایت کیا کہ وہ همارے گناهون کا ایک کفارہ اور دینداري کي چال کا ایک نمونہ بهي هو همپر فضل کر کہ هم کمال شکرگذاري سے اُسکي وہ بیش قیمت نعمت همیشہ قبول کیا کرین اور هر روز کوشش کرتے رهین کہ اُسکي پاک ترین روش کے مبارک نقش قدم پر چلین — اُسي همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

مکتوب ۱ پطرس کا ۲ ب ۱۹ آ

کیونکہ اگرکوئي خدا پر نظر کرکے بے انصافي سے دکهہ اُٹهاکر صبر کرے تو یہہ فضیلت هی — کہ اگر تم نے گناہ کرکے طمانچے کهائے اور صبرکیا تو

تیسرے دن مردون میں سے جي اُٹھے اور اورشلیم سے لیکے ساري قومون
میں توبہ اور گناھون کي معافي کي منادي اُسکے نام سے کیجاے اور تم اِن
باتون کے گواہ ھو *

ایسٹر کے بعد پہلا اتوار

دعا

اے باپ قادر مطلق تونے اپنا اِکلوتا بیٹا بخشا کہ وہ ھمارے
گناھون کے عوض مرے اور ھمارے راستباز ٹھہرائے جانے کے لئے پھر جي
اُٹھے ھمیں یہہ توفیق دے کہ ھم کینہ اور بدي کا خمیر ایسا دور کریں
کہ پاک چلن اور سچائي کے ساتھہ سدا تیري بندگي کرتے رھیں — اُسي
تیرے بیٹے ھمارے خداوند یسوع مسیح کے ثواب کي بدولت * آمین

مکتوب ۱ یوحنا ۵ ب ۴ ا

جو کہ خدا سے پیدا ھوا ھے دنیا پر غالب ھوتا ھے اور وہ غلبہ
جس سے ھم دنیا پر غالب آتے ھیں ھمارا ایمان ھے کون ھے جو دنیا پر
غالب ھے مگر وھي جو ایمان لاتا ھے کہ یسوع خدا کا بیٹا ھے یہہ
وھي ھے جو پاني اور لہو کے ساتھہ آیا یعني یسوع مسیح جو نہ فقط
پاني سے بلکہ پاني اور لہو کے ساتھہ آیا اور روح وہ ھے جو گواھي دیتي
ھے کیونکہ روح برحق ھے کہ تین ھیں جو آسمان پر گواھي دیتے
ھیں باپ اور کلام اور روح قدس اور یے تینون ایک ھیں اور تین ھیں
جو زمین پر گواھي دیتے ھیں روح اور پاني اور لہو اور یے تینون ایک پر
متفق ھیں اگر ھم آدمیون کي گواھي قبول کریں تو خدا کي گواھي
اُس سے بڑي ھے کیونکہ خدا کي گواھي یھي ھے جو اُس نے اپنے بیٹے کے
حق میں دي جو کہ خدا کے بیٹے پر ایمان لاتا ھے گواھي آپ میں رکھتا
ھے جو خدا پر ایمان نہیں لاتا اُسنے اُسکو جھوٹھا کیا کیونکہ اُسنے اُس
گواھي کو جو خدا نے اپنے بیٹے کے حق میں دي ھے یقین نہیں کیا اور

دوسري زبور میں لکھا هی کہ تو میرا بیٹا هی آج تو مجھہ سے پیدا
هوا اور یہہ بات کہ اُسنے اُسکو مردوں میں سے اُٹھایا تاکہ بعد اُسکے
نہ مرے یون کہي کہ میں داوُد کي سچي نعمتیں تمھیں دونگا اِس لیئے وہ
دوسري جگہ میں بھي کہتا هی کہ تو اپنے قدوس کو مرنے نہ دیگا داوُد
تو اپنے وقت میں خدا کي مرضي بجا لاکے سو گیا اور اپنے باپ دادوں سے
جا ملا اور سڑ گیا پر یہہ جسے خدا نے اُٹھایا نہ سڑا پس ای بھائیو یہہ
جانو کہ اُسي کے وسیلے تمکو گناھوں کي معافي کي خبر دي جاتي هی
اور اُن سب باتوں سے جنسے تم موسی کي شریعت کے رو سے راستباز
نہ ٹھہر سکتے تھے هر ایک جو ایمان لاتا هی اُسکے وسیلے راستباز ٹھہر
جاتا پس خبردار رهو ایسا نہ هو کہ جو نبیوں کي کتاب میں لکھا هی
تم پر آوے کہ ای تحقیر کرنیوالو دیکھو اور تعجب کرو اور نیست هوجاوُ
کیونکہ میں تمھارے زمانے میں ایک کام کرتا هوں ایسا کام کہ کوئي
تم سے کیساهي بیان کریگا تم کبھي یقین نہ کروگے *

انجیل لوقا ۲۴ ب ۳۶ آ

یسوع نے آپ اُنکے بیچ میں کھڑے هوکے اُن سے کہا تمھیں سلام
پر اُنھوں نے گھبراکے اور ڈر کے خیال کیا کہ روح کو دیکھتے هیں مگر اُس نے
اُنسے کہا کہ تم کیوں گھبراهٹ میں هو اور کاهیکو تمھارے دل میں شک
آتا هی میرے هاتھہ پانو کو دیکھو کہ میں هي هوں اور مجھے ٹٹولو اور
دیکھو کیونکہ روح کو جسم اور هڈي نہیں جیسا مجھہ میں دیکھتے هو
اور یہہ کہکے اُنھیں اپنے هاتھہ اور پانو دکھائے اور وے جب مارے خوشي
کے اعتبار نہ کرتے اور تعجب کرتے تھے اُس نے اُن سے کہا کہ یہاں تمھارے
پاس کچھہ کھانا هی تب اُنھوں نے بھوني مچھلي کا ٹکرا اور شہد کا چھتا
اُسکو دیا اُسنے لیکے اُنکے سامھنے کھایا اور اُنسے کہا کہ یہہ وهي باتیں هیں
کہ جب میں تمھارے ساتھہ تھا تم سے کہیں کہ ضرور هی کہ سب کچھہ
جو موسی کي توریت اور نبیوں کي کتاب اور زبور میں میري بابت
لکھا هی پورا هو تب اُنکے ذهن کھولے کہ کتابوں کو سمجھیں اور اُنسے
کہا کہ یوں لکھا هی اور یوں هي ضرور تھا کہ مسیح دکھہ اُٹھاوے اور

کہ کہتے تھے خداوند سچ مچ اُٹھا اور شمعون کو دکھائي دیا تب
اُنھون نے راہ کا حال بیان کیا اور یہہ کہ کیونکر اُنھوں نے روٹي توڑنے پر
اُسے پہچانا *

ایسٹر کے بعد منگل

دعا

ای قادر مطلق خدا تونے اپنے اِکلوتے بیٹے یسوع مسیح کے وسیلے
سے موت کو مغلوب کیا اور ہمارے واسطے ہمیشہ کي زندگاني کا دروازہ
کھول دیا ہم عاجزي سے تیري منت کرتے ہیں کہ جس طرح تو پیشتر
سے فضل خاص کرکے نیک ارادے ہمارے دلون میں پیدا کرتا اُسي طرح
ہم تیري ہردم کي مدد سے اُنھیں نیک انجام کو پہنچاویں — ہمارے
خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے جو تیرے اور روح قدس کے ساتھہ
سدا ایک خدا ابد تک جیتا اور سلطنت کرتا هی * آمین

مکتوب کے عوض اعمال ۱۳ ب ۲۶ آ

ای بھائیو ابراھیم کي اولاد اور تم میں سے جتنے خدا سے ڈرتے ہو
تمھارے پاس اِس نجات کي خبر بھیجي گئي - کیونکہ اورشلیم کے رھنے والے
اور اُنکے سرداروں نے اُسے اور نبیون کي باتیں جو ہر سبت کو پڑھي
جاتي ہیں نہ جان کے اُسکے قتل کا حکم کرنے سے اُنکو پورا کیا اگرچہ اُسکے
قتل کي کوئي وجھہ نہ پائي تو بھي پیلاطوس سے درخواست کي کہ اُسے
مار ڈالے اور جب سب کچھہ جو اُسکے حق میں لکھا تھا پورا کر چکے تو
اُسے صلیب پر سے اُتار کے قبر میں رکھا لیکن خدا نے اُسے مردون میں سے
اُٹھایا اور وہ بہت دن اُنکو جو اُسکے ساتھہ جلیل سے اورشلیم کو آئے تھے
دکھائي دیا وے لوگون کے آگے اُسکے گواہ ہیں اور ہم تمکو خوشخبري
دیتے ہیں کہ اُس وعدے کو جو ہمارے باپ دادون سے کیا گیا تھا خدا نے
ہمارے لیئے جو اُنکي اولاد ہیں پورا کیا کہ یسوع کو پھر جلایا چنانچہ

ماجراؤں کي بابت آپس میں بات چیت کرتے تھے اور ایسا ہوا کہ جب وہ
بات چیت اور پوچھہ پاچھہ کر رہے تھے یسوع آپ نزدیک آکے اُنکے ساتھہ
چلا لیکن اُنکي آنکھیں بند ہوگئیں تھیں کہ اُس کو نہ پہچانا اُس نے اُنسے کہا
یے کیا باتیں ہیں جو تم راہ میں آپس میں کرتے جاتے ہو اور تمھارا چہرہ
اُداس ہی تب ایک نے جس کا نام کلیوپاس تھا جواب میں اُسے کہا کہ
کیا اکیلا توھي اورشلیم میں پردیسي ہی کہ جو کچھہ اِن دنون اُس میں
ہوا ہی نہیں جانتا اُس نے اُنسے کہا کیا اُنھون نے اُسے کہا کہ یسوع ناصري
کا ماجرا جو نبي تہا اور خدا اور خلق کے سامھنے کام اور کلام میں
قدرت والا چنانچہ سردار کاہن اور ہمارے سردارون نے اُس کو قتل کے
لیئے سونپا اور صلیب دیا پر ہم امیدوار تھے کہ یہي اسرائیل کو مخلصي
دیگا اور اِن سب کے سوا آج تیسرا روز ہی کہ یے ماجرا ہوا اور ہم میں
سے کئي عورتون نے بھي ہم کو گھبرا رکھا ہی کہ تڑکے اُسکي قبر پر
گئیں اور اُسکي لاش کو نہ پایا اُنھون نے آکے کہا کہ ہم نے فرشتے دیکھے
جنھون نے کہا کہ وہ زندہ ہی اور بعضون نے ہمارے ساتھیون میں سے
قبر پر جاکے جیسا کہ اُن عورتون نے کہا پایا پر اُسکو نہ دیکھا تب
اُس نے اُنسے کہا کہ ای نادانو اور نبیون کي ساري باتون کے ماننے میں
سست مزاجو کیا ضرور نہ تھا کہ مسیح دکھہ اُٹھاوے اور اپنے جلال میں
داخل ہو اور موسیٰ اور سب نبیون کي وہ باتیں جو سب کتابون میں
اُسکے حق میں ہیں شروع سے اُنکے لیئے بیان کیں اور وے اُس بستي کے
جس کي طرف جاتے تھے نزدیک پہنچے اور ایسا معلوم پڑا کہ وہ آگے
جایا چاہتا ہی تب اُنھون نے اُسکو روک کے کہا کہ ہمارے ساتھہ رہ
کیونکہ شام ہوا چاہتي ہی اور دن آخر ہوا تب وہ بھیتر آکے اُنکے ساتھہ
رہا اور ایسا ہوا کہ جب وہ اُنکے ساتھہ کھانے بیٹھا تھا روٹي لیکر شکر کیا
اور توڑ کے اُنکو دي تب اُنکي آنکھیں کھل گئیں اور اُس کو پہچانا اور وہ
اُنکے پاس سے غایب ہو گیا تب اُنھون نے آپس میں کہا جب راہ میں
ہم سے باتین کرتا اور ہمارے لیئے کتابون کے مطلب کھولتا تھا تو
کیا ہمارے دل میں بڑي خوشي نہ سمائي اور اُسي دم اُٹھکر وے
اورشلیم کو پھرے اور اُن گیارھون اور اُن کے ساتھیون کو اکٹھے پایا

کھول دیا ہم عاجزي سے تیري منت کرتے ہیں کہ جس طرح تو پیشتر
سے فضل خاص کرکے نیک ارادے ہمارے دلوں میں پیدا کرتا اُسي طرح
ہم تیري ہر دم کي مدد سے اُنھیں نیک انجام کو پہنچاویں — ہمارے
خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے جو تیرے اور روح قدس کے ساتھہ
سدا ایک خدا ابد تک جیتا اور سلطنت کرتا ہی * آمین

مکتوب کے عوض اعمال ۱۰ ب ۳۴ آ

پطرس نے زبان کھولي اور کہا اب مجھے یقین ہوا کہ خدا
ظاہر پر نظر نہیں کرتا بلکہ ہر قوم میں جو اُس سے ڈرتا اور راستبازي
کرتا اُسکو پسند آتا ہی یہہ وہي کلام ہی جو اُسنے بني اسرائیل کے پاس
بھیجا جب یسوع مسیح کي معرفت (جو سب کا خداوند ہی) صلح کي
خوشخبري دیتا تھا تم اِس ماجرے کو جانتے ہو جو اُس بپتسما کے بعد
جسکي منادي یوحنا نے کي جلیل سے شروع ہوکے تمام یہودیہ میں پھیل
گیا یعنے یسوع ناصري کي بات کہ کس طرح خدا نے اُسے روح قدس
اور قدرت سے مسیح کیا اور وہ بھلائي کرتا اور اُن سب کو جو شیطان کے
ہاتھہ سے ظلم اُٹھاتے تھے چنگا کرتا پھرا کیونکہ خدا اُسکے ساتھہ تھا اور
اُن سب کاموں کے جو اُسنے یہودیوں کے ملک و اورشلیم میں کیئے ہم
گواہ ہیں اُسکو اُنھوں نے صلیب پر لٹکا کے مار ڈالا اُسکو خدا نے تیسرے
دن اُٹھایا اور ظاہر کر دکھایا ساري قوم پر نہیں بلکہ اُن گواہوں پر جو
آگے سے خدا کے چنے تھے یعنے ہم پر جنھوں نے اُسکے مردوں میں سے جي اُٹھنے
کے بعد اُسکے ساتھہ کھایا پیا اور اُسنے ہمیں حکم دیا کہ لوگوں میں منادي
کرو اور گواہي دو کہ یہہ وہي ہی جو خدا کي طرف سے مقرر ہوا کہ
زندوں اور مردوں کا انصاف کرنیوالا ہو سب نبي اُس پر گواہي دیتے ہیں
کہ جو کوئي اُسپر ایمان لاوے اُسکے نام سے گناہوں کي مغفرت پاوے *

انجیل لوقا ۲۴ ب ۱۳ آ

دیکھو اُسي دن اُن میں سے دو آدمي اُس بستي کي طرف جسکا
نام اماوس اور اورشلیم سے سات تیر پرتاب پر تھا جاتے تھے اور اُن سب

تلاش مین رهو جهان مسیح خدا کے دهنے بیٹھا هی آسماني چیزون سے دل لگاؤ نه اُن چیزون سے جو زمین پر هین کیونکه تم مرگئے هو اور تمهاري زندگي مسیح کے ساتهه خدا مین پوشیده هی جب مسیح جو هماري زندگي هی ظاهر هوگا اُسکے ساتهه تم بهي جلال سے ظاهر هوگے اِسواسطے تم اپنے انگون کو جو زمین پر هین یعنے حرامکاري اور ناپاکي اور شهوت اور بري خواهش اور لالچ کو جو بت پرستي هی مار ڈالو۔ اُنهین کے سبب سے خدا کا غضب نافرمانبردار فرزندون پر پڑتا هی اور آگے جب تم اُنکے بیچ جیتے تهے تم بهي اُنکي راه پر چلتے تهے *

انجیل یوحنا ۲۰ ب ۱ آ

هفتے کے پهلے دن مریم مجدلیه تڑکے ایسا که هنوز اندهیرا تها قبر پر آئي اور پتهر کو قبر سے ٹالا هوا دیکها تب وه شمعون پطرس اور اُس دوسرے شاگرد پاس جسے یسوع پیار کرتا تها دوڑي آئي اور اُنهین کها که خداوند کو قبر سے نکال لے گئے اور هم نهین جانتے که اُنهون نے اُسے کهان رکها پهر پطرس دوسرے شاگرد کے ساتهه هوکے نکلا اور قبر کي طرف آنے لگا چنانچه وے دونون ایکٹهے دوڑے پر دوسرا شاگرد پطرس سے بڑهه گیا اور قبر پر پهلے پهنچا اُسنے جهک کے سوتي کپڑے پڑے دیکهے پر وه اندر نه گیا پهر شمعون پطرس اُسکے بعد پهنچا اور قبر کے اندر گیا اور سوتي کپڑے پڑے هوئے دیکهے اور وه رومال جس سے اُسکا سر بندها تها نه اُن سوتي کپڑون کے ساتهه پر جدا لپیٹا هوا ایک جگهه پڑا دیکها تب دوسرا شاگرد بهي جو قبر پر پهلے آیا تها اندر گیا اور دیکهه کے یقین کیا کیونکه وے هنوز کتاب کو نه جانتے تهے که وه ضرور مردون مین سے جي اُٹهیگا تب وے شاگرد اپنے دوستون پاس پهر گئے *

ایسٹر کے بعد پیر کو

دعا

اي قادر مطلق خدا تونے اپنے اِکلوتے بیٹے یسوع مسیح کے وسیلے سے موت کو مغلوب کیا اور همارے واسطے همیشه کي زندگاني کا دروازه

صفائي اور سچائي کي بے خمیر روٹي سے * ۱ قرنتیون ۵ ب ۸ آ

مسیح جب مرکے جي اُٹھا پھر نہین مرنیکا موت پھر اُسپر اختیار نہین رکھتي

کیونکہ وہ جو موا تو گناہ کي نسبت ایک دفعہ موا پھر وہ جو جیتا هی سو خدا کي نسبت جیتا هی

اسیطرح تم بھي اپکو گناہ کي نسبت مردہ سمجھو پر خدا کي نسبت همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے زندہ * رومیون ٦ ب ۹ آ

اب مسیح تو مردون مین سے اُٹھا هی اور اُن مین سے جو سوگئے هین پہلا پھل هوا

کہ جب آدمي کے سبب موت هی تو آدمي هي کے سبب مردون کي قیامت بھي هی

کہ جیسا آدم کے سبب سب مرتے هین ویساهي مسیح کے سبب سب جلائے جاوینگے * ۱ قرنتیون ۱۵ ب ۲۰ آ

ستایش باپ اور بیٹے اور روح قدس کي هو *

جیسي ابتدا مین تھي اب بھي هی اور همیشہ رهیگي * آمین

دعا

اي قادر مطلق خدا تونے اپنے اکلوتے بیٹے یسوع مسیح کے وسیلے سے موت کو مغلوب کیا اور همارے واسطے همیشہ کي زندگاني کا دروازہ کھول دیا هم عاجزي سے تیري منت کرتے هین کہ جسطرح تو پیشتر سے فضل خاص کرکے نیک ارادے همارے دلون مین پیدا کرتا اُسي طرح هم تیري هردم کي مدد سے اُنھین نیک انجام کو پہنچاوین— همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے جو تیرے اور روح قدس کے ساتھہ سدا ایک خدا ابد تک جیتا اور سلطنت کرتا هی * آمین

مکتوب کلیسیون کو ۳ ب ۱ آ

پس اگر تم مسیح کے ساتھہ جي اُٹھے هو تو آسماني چیزون کي

کي جو آگے نافرمابردار تھین اُس وقت که خدا کا صبر نوح کے دنون جب کشتي طیار هوتي تھي انتظار کرتا رها جس مین تھوڑے جانین یعنے آٹھه آدمي پاني سے صحیح سلامت بچ گئے وه تو نشان تھا بپتسما کا جو بدن کي میل چھڑانا نهین بلکه نیک نیتي سے خدا کو جواب دینا هی اور یسوع مسیح کے جي اُٹھنے کے وسیلے اب هم کو بھي بچاتا هی وه آسمان پر جاکے خدا کے دهنے هی اور فرشتے اور اختیار اور قدرت والے اُسکے تابع هین *

انجیل متي ٢٧ ب ٥٧ آ

جب شام هوئي یوسف نامي ارمتیا کا ایک دولتمند جو یسوع کا شاگرد بھي تھا آیا اُسنے پیلاطوس پاس جاکے یسوع کي لاش مانگي تب پیلاطوس نے حکم دیا که لاش اُسے سونپ دین یوسف نے لاش کو لیکر سوتي صاف چادر مین لپیٹي اور اپني نئي قبر مین جو چٹان مین کھدوائي تھي رکھي اور ایک بھاري پتھر قبر کے منهه پر ڈھلکا کے چلا گیا اور مریم مجدلیه اور دوسري مریم وهان قبر کے سامھنے بیٹھي تھین دوسرے روز جو طیاري کے دن کے بعد هی سردار کاهن اور فریسون نے پیلاطوس پاس جمع هوکے کها که خداوند همین یاد هی که وه دغاباز اپنے جیتے جي کهتا تھا که مین تین دن بعد جي اُٹھونگا اِس لیئے حکم کر که تین دن تک قبر کي نگهباني کرین ایسا نه هو که اُسکے شاگرد رات کو آکر اُسے چرا لیجاوین اور لوگون سے کهین که وه مردون مین سے جي اُٹھا تو یهه پچھلا فریب پهلے سے بد تر هوگا پیلاطوس نے کها تمهارے پاس پهرے والے هین جاکے مقدور بھر اُسکي نگهباني کرو اُنهون نے جاکر اُس پتھر پر مهر کردي اور پهرے بیٹھا کر قبر کي نگهباني کي *

ایسٹر ڈے یعنے همارے خداوند کے جي اُٹھنے کا دن

فجر کي نماز مین آس زبور کے عوض جسکا یهه شروع هی که آؤ هم خداوند کي مدحسرائي کرین یے مناقب گائي یا پڑهي جاین

مسیح همارا فسح همارے لیئے قرباني هوا اِس لیئے اب هم عیدکرین*

پرانے خمیر سے نهین اور نه بدي اور نه شرارت کے خمیر سے بلکه دل کي

لاشین سبت کے دن صلیب پر نہ رہ جائین کیونکہ وہ بڑا سبت تھا تب سپاهیون نے آکے پہلے اور دوسرے کي ٹانگین جو اُسکے ساتھہ صلیب پر کھینچے گئے تھے توڑین لیکن جب اُنھون نے یسوع کي طرف آکے دیکھا کہ وہ مرچکا هی تو اُسکي ٹانگین نہ توڑین پر سپاهیون مین سے ایک نے بھالے سے اُسکي پسلي چھیدي اور في الفور اُس سے لہو اور پاني نکلا اور جس نے یہہ دیکھا گواهي دي اور اُسکي گواهي سچي هی اور وہ جانتا هی کہ سچ کہتا هی تاکہ تم ایمان لاؤ اِس لیئے یے باتین هوئین کہ کتاب پوري هووے کہ اُسکي کوئي هڈي توڑي نہ جائیگي اور پھر دوسري کتاب کہتي هی کہ وے اُس پر جسے اُنھون نے چھیدا نظر کرینگے *

ایسٹرایون یعنے مسیح کے جي اُٹھنے کے عرفہ کو

دعا

اَی خداوند بخش کہ جس طرح هم نے تیرے مبارک بیٹے اپنے نجات دینیوالے یسوع مسیح کي موت کا بپتسما پایا اُسي طرح هردم اپني نفساني خواهشون کے مارنے سے اُسکي ساتھہ گاڑے جاوین اور قبر و موت کے دروازہ سے گذر کر قیامت کو خوشي سے پہنچین — یہہ اَی تیرے بیٹے همارے خداوند یسوع مسیح کے ثواب کي بدولت هووے جو همارے لیئے موا اور گاڑا گیا اور پھر جي اُٹھا * آمین

مکتوب ۱ پطرس ۳ ب ۱۷ آ

کیونکہ اگر خدا کي مرضي یون هی کہ تم بھلا کرکے دکھہ پاؤ تو یہہ اُس سے بہتر هی کہ برا کرکے دکھہ پاؤ کیونکہ مسیح نے بھي ایک بار گناهون کے واسطے دکھہ اُٹھایا یعنے راستباز نے ناراستون کے لیئے تاکہ وہ هم کو خدا کے پاس پہنچاے کہ وہ جسم کي رو سے تو مارا گیا لیکن روح سے زندہ کیا گیا اور اُس سے اُن روحون کے پاس جو قید تھین جاکے منادي

کوئي نہين ھي تب اُسنے اُسے اُنکے حوالے کیا کہ اُسے صلیب دي جاوے
اور وے یسوع کو پکڑکے لے گئے سو وہ اپني صلیب اُٹھائے ہوئے اُس جگہہ
کو جو کھوپڑي کي جگہہ کہلاتي ھی جس کا ترجمہ عبراني مین گلگتہ
ھي گیا وھان اُنھون نے اُسے اور اُسکے ساتھہ اور دو کو صلیب پر کھینچا
ھرایک طرف ایک اور یسوع کو بیچ مین اور پیلاطوس نے ایک کتابہ
لکھا اور صلیب پر لگادیا وہ لکھا یہہ تھا کہ یسوع ناصري یہودیونکا بادشاہ
اُس کتابے کو بہت سے یہودیون نے پڑھا اِس لیئے کہ وہ مقام جہان یسوع
صلیب پر کھینچا گیا تھا شہر کے نزدیک تھا اور وہ عبراني اور یوناني
اور لاطیني مین لکھا تھا تب یہودیون کے سردار کاھنون نے پیلاطوس کو
کہا کہ یہودیون کا بادشاہ مت لکھہ بلکہ یہہ لکھہ کہ اُسنے کہا کہ مین
یہودیون کا بادشاہ ھون پیلاطوس نے جواب دیا کہ مین نے جو لکھا سو
لکھا پھر سپاھیون نے جب یسوع کو صلیب پر کھینچ چکے تو اُسکے کپڑون
کو لیا اور چار حصے کیئے ھر سپاھی کو ایک اور اُسکے کرتے کو بھي لیا
اور کرتا بن سیا سراسر بنا ھوا تھا اِس لیئے اُنھون نے آپس مین کہا کہ ھم
اُسے نہ پھاڑین بلکہ اُسپر چٹھي ڈالین کہ یہہ کسے پہنچتا ھی یہہ اِسلیئے
ھوا کہ کتاب جو کہتي ھی کہ اُنھون نے میري پوشاک بانٹ لي اور میرے
کرتے کے لیئے چٹھي ڈالي پوري ھووے سو سپاھیون نے ایسا ھي کیا تب
یسوع کي صلیب پاس اُسکي ما اور اُسکي ماکي بہن مریم کلیوپاس کي جورو
اور مریم مجدلیہ کھڑي تھین یسوع نے اپني ما کو اور اُس شاگرد کو جسے
وہ پیار کرتا تھا پاس کھڑے ھوئے دیکھہ کر اپني ما کو کہا کہ اي عورت
دیکھہ یہہ تیرا بیٹا پھر اُس نے اُس شاگرد کو کہا دیکھہ یہہ تیري ما اور
اُسي گھڑي سے اُس شاگرد نے اُسے اپنے گھر مین رکھا بعد اُسکے یسوع نے
جان کے کہ اب سب باتین پوري ھو چکین جس مین کتاب پوري
ھووے کہا کہ مین پیاسا ھون وھان ایک لوٹا سرکے سے بھرا ھوا دھرا تھا
اُنھون نے اسفنج کو سرکے مین تر کرکے زوفا مین لپیٹ کے نل پر رکھا اور
اُسکے منہہ مین دیا پھر یسوع نے جب سرکہ چکھا تو کہا پورا ھوا اور
سر جھکا کے جان دي پھر اِس لیئے کہ وہ وقت طیاري کا تھا یہودیون نے
پیلاطوس سے عرض کي کہ اُنکي ٹانگین توڑین اور اُنھین لیجاوین تاکہ

انجیل یوحنا ١٩ ب ١ آ

پیلاطوس نے یسوع کو پکڑکے کوڑے مارے اور سپاہیون نے
کانٹون کا تاج سج کے اُسکے سرپر رکھا اور اُسے بینجنی پوشاک پہنا کے کہا
کہ یہودیون کے بادشاہ سلام اور اُنھون نے اُسے طمانچے مارے تب
پیلاطوس نے دوبارہ باہر جاکے اُنھیں کہا کہ دیکھو مین اُسے تم پاس باہر
لے آیا ہون تاکہ تم جانو کہ میں اُسکا کچھہ قصور نہیں پاتا تب یسوع
کانٹون کا تاج رکھے اور بینجنی پوشاک پہنے ہوئے باہر آیا اور پیلاطوس
نے اُنسے کہا دیکھو اُس شخص کو جب سردار کاہن اور پیادون نے اُسے
دیکھا تو چلائے کہ صلیب دے صلیب دے پیلاطوس نے اُنھیں کہا تمھین
اُسے لو اور صلیب دو کیونکہ میں اُسکا کچھہ قصور نہیں پاتا یہودیون نے
اُسے جواب دیا کہ ہم شریعت والے ہیں اور ہماری شریعت کے مطابق
وہ قتل کے لایق ہی اِس لیئے کہ اُسنے اپنے تئیں خدا کا بیٹا ٹھہرایا جب
پیلاطوس نے یہہ کلام سنا اور زیادہ ڈرا اور دیوانخانے مین پھر اندر آکے
یسوع سے کہا تو کہان کا ہی پر یسوع نے اُسے کچھہ جواب نہ دیا تب
پیلاطوس نے اُسے کہا کہ تو مجھہ سے نہیں بولتا کیا تو نہیں جانتا کہ
مجھے اختیار ہی چاہون تو تجھے صلیب دون اور چاہون تو تجھے
چھوڑ دون یسوع نے جواب دیا کہ اگر یہہ تجھے اوپر سے دیا نہ جاتا تو
مجھہ پر تیرا کچھہ اختیار نہ ہوتا سو جسنے مجھے تیرے حوالے کیا اُسکا
گناہ بڑا ہی اُس وقت پیلاطوس نے ارادہ کیا کہ اُسے چھوڑ دے پر
یہودیون نے چلاکے کہا کہ اگر تو اِس مرد کو چھوڑ دیتا ہی تو تو قیصر کا
دوست نہیں جو کوئی کہ اپنے تئیں بادشاہ مقرر کرتا ہی وہ قیصر کا
مخالف ہی پیلاطوس یہہ بات سنکر یسوع کو باہر لایا اور اُس مقام پر
جو چبوترہ اور عبرانی میں گبتا کہلاتا ہی عدالت کی گدّی پر بیٹھا
اور یہہ فسح کی طیاری کا وقت تھا اور چھٹے گھنٹے کے قریب تھا پھر
اُسنے یہودیون کو کہا کہ دیکھو اپنا بادشاہ تب وے چلائے کہ لیجا لیجا
اُسے صلیب دے پیلاطوس نے اُنھیں کہا کہ میں تمھارے بادشاہ کو
صلیب دون سردار کاہنون نے جواب دیا کہ ہمارا بادشاہ سوا قیصر کے

آتا هون میري بابت کتاب کے دفتر مین لکھا هي تاکه ای خدا تیري مرضي بجا لاؤن پہلے جب کہا که قرباني اور نذر اور سوختني قرباني اور گناه کي قرباني کي خواهش تونے نه رکھي نه اُن سے خوش هوا اور یہي قربانیان شریعت کے موافق گذراني جاتي هین تب اُس نے کہا که دیکھه ای خدا مین آتا هون که تیري مرضي بجا لاؤن تو وه پہلے کو اُٹھاتا تاکه دوسرے کو بٹھاوے اُسي مرضي سے هم یسوع مسیح کے بدن کے ایکبار گذراننے کے سبب پاک هوئے هین ـ اور هر ایک کاهن روز بروز خدمت کرتے هوئے اور هردم ایک هي طرح کي قربانیان جو هرگز گناه مٹانے کے قابل نہین هین گذرانتا هوا کھڑا رهتا لیکن یہه شخص ایک هي قرباني گناهون کے واسطے گذران کر خدا کے دهنے همیشه کو بیٹھه رها تب سے انتظار کرتا هی که اُسکے دشمن اُسکے پانو کي چوکي هون کیونکه اُس نے ایک هي نذر گذراننے سے مقدسون کو همیشه کے لیئے کامل کیا اور روح قدس بھي همارے لیئے گواهي دیتا کیونکه جب اُسنے کہا تھا که یہه وه عہد هی جو مین اِن دنون کے بعد اُنسے باندهونگا خداوند فرماتا هی که مین اپني شریعت کو اُنکے دل مین ڈالونگا اور اُنکي سمجھه مین لکھونگا اور اُنکے گناهون اور اُنکي ناراستیون کو کبھي یاد نه کرونگا اب جہان اُنکي مغفرت هی وهان گناه کے لیئے پھر نذر گذراننا نہین پس ای بھائیو جب که هم نے دلیري حاصل کي که پاک ترین مکان مین یسوع کے لہو سے دخل پاوین اُس نئي اور جیتي راه سے جو اُس نے اپنے جسم کے پردے کو پھاڑ کے همارے لیئے طیار کي اور جبکه همارا بڑا کاهن هی جو خدا کے گھر کا مختار هی تو آوٴ سچے دل سے اور کامل ایمان کے ساتھه اور دل کي بري نیت پر چھڑکاو کرکے نزدیک جاوین اور اپنے بدن کو صاف پاني سے دهو کے اپني امید کے اقرار کو مضبوطي سے تھانبھے رهین کیونکه وه جسنے وعده کیا سچا هی اور هم ایک دوسرے پر لحاظ کرین تاکه هم ایک دوسرے کو محبت اور نیکوکاري کي طرف اُسکاوین اور آپس مین اکٹھے هونے سے باز نه آوین جیسا بعضون کا دستور هی بلکه ایک دوسرے کو نصیحت کرین اور یہه اتنا زیاده جتنا تم دیکھتے هو که وه دن نزدیک هوتا جاتا هی ✱

کو راضي تھا جو اب تیرے اور روح قدس کے ساتھہ سدا ایک خدا ابد تک جیتا اور سلطنت کرتا هی * آمین

ای قادر مطلق اور همیشہ کے خدا جس کے روح سے کلیسیا کا تمام بدن هدایت پاتا اور پاکیزہ هوتا هی هماري التجا اور دعاؤن کو جو هم تیري پاک کلیسیا کے هر ایک درجے کے لوگون کے لیئے تجھہ سے عرض کرتے هین قبول کر کہ اُس کے هر ایک عضو اپنے اپنے عهدے اور خدمت مین راستي اور دینداري کے ساتھہ تیري بندگي بجا لاوے - همارے خداوند اور نجات بخشنیوالے یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

ای رحیم خدا تونے سب آدمیون کو پیدا کیا اور اپنے کسي مخلوق سے دشمني نهین رکھتا اور کسي گنهگار کا مرنا نهین بلکہ یہہ چاهتا هی کہ وہ رجوع لاوے اور جیئے سب یهود اور مسلمان اور بے اعتقاد اور بدعتیون پر رحم کر اور اُن سے ساري ناداني اور سخت دلي اور اپنے کلام کے تحقیر دور کر اور ای مبارک خداوند اُن کو اِس طرح هدایت فرما اور اپنے گلے مین شامل کر کہ وے سچے اسرائیلي باقي ماندون کے ساتھہ نجات پاوین اور ایک هي گلہ ایک هي چوپان کے یعنے همارے خداوند یسوع مسیح کے هو جاوین جو تیرے اور روح قدس کے ساتھہ ایک خدا ابد تک جیتا اور سلطنت کرتا هی * آمین

مکتوب عبرانیون کو ۱۰ ب ۱ آ

شریعت جو آنیوالي نعمتون کي پرچھائین هی اور اُن چیزون کي حقیقي صورت نهین اُن قربانیون سے جو وے هر سال همیشہ گذرانتے اُنکو جو وهان آتے هین کبھي کامل نهین کرسکتي نهین تو وے قرباني گذرانتے سے باز آتے کیونکہ عبادت کرنیوالے ایکبار پاک هوکے آگے کو اپنے تئین گنهگار نہ جانتے بلکہ یے قربانیان برس برس گناهون کو یاد دلاتي هین کیونکہ هو نهین سکتا کہ بیلون اور بکرون کا لهو گناهون کو مٹاوے اِس لیئے وہ دنیا مین آتے هوئے کهتا هی کہ قرباني اور نذر کو تونے نہ چاها پر میرے لیئے ایک بدن طیار کیا سوختني قرباني اور اُن قربانیون سے جو گناہ کے لیئے هین تو راضي نہ هوا تب مین نے کها کہ دیکھہ مین

اُنکے ساتھہ ٹھٹھا کرکے کہتے کہ اوروں کو بچایا اگر یہہ مسیح خدا کا چنا ہوا ہی تو آپ کو بچاوے اور سپاہی بھی اُسپر ہنستے تھے اور آگے اُسے سرکہ دیکے کہا اگر تو یہودیوں کا بادشاہ ہی تو اپنے تئیں بچا اور اُسکے اوپر یونانی رومی اور عبری میں یہہ نوشتہ لکھا تھا کہ یہہ یہودیونکا بادشاہ ہی اور ایک اُن بدکاروں میں سے جو صلیب پر لٹکتے تھے اُسے طعنہ مار کے کہتا تھا کہ اگر تو مسیح ہی تو آپ کو اور ہم کو بچا دوسرے نے اُسے ملامت کرکے جواب دیا کیا تو بھی خدا سے نہیں ڈرتا کہ اسی سزا میں گرفتار ہی اور ہم تو واجبی کیونکہ اپنے کیئے کا پھل پاتے ہیں پر اُسنے تو کوئی بیجا کام نہ کیا اور اُسنے یسوع سے کہا ای خداوند جب تو اپنی بادشاہت میں آوے مجھے یاد کیجیو یسوع نے اُسے کہا میں تجھہ سے سچ کہتا ہوں کہ آج تو میرے ساتھہ بہشت میں ہوگا اور چھٹویں گھنٹے کے قریب تھا کہ ساری زمین پر اندھیرا چھا گیا اور نویں گھنٹے تک رہا اور سورج تاریک ہوگیا اور ہیکل کا پردہ بیچ سے پھٹ گیا اور یسوع نے زور سے پکار کے کہا ای باپ میں اپنی روح تیرے ہاتھہ میں سونپتا ہوں یہہ کہکے جان دی اور صوبہ دار نے یہہ حال دیکھہ کے خدا کی تعریف کی اور کہا بیشک یہہ آدمی راستباز تھا اور سب لوگ جو یہہ تماشا دیکھنے آئے تھے جب یہہ حال دیکھا چھاتی پیٹتے پھرے اور اُسکے سب جان پہچان اور عورتیں جو جلیل سے اُسکے پیچھے آئی تھیں دور کھڑی ہوکے یہہ حال دیکھہ رہی تھیں ❋

گدفریدے یعنی مسیح کے مصلوب ہونے کا دن

دعائیں

ای قادر مطلق خدا ہم تیری منت کرتے ہیں اپنے اِس خانوادے پر مہربانی سے نظر کر کہ اُسکے واسطے ہمارا خداوند یسوع مسیح پکڑوائے جانے اور شریروں کے ہاتھہ میں گرفتار ہونے اور صلیبی موت کے دکھہ اُٹھانے

کچھہ نہ پایا اور نہ ھیرودیس نے کیونکہ میں نے تمھیں اُسکے پاس بھیجا پس دیکھو اُس سے کوئي ایسا کام نہ ھوا جو قتل کے لایق ھو اِس لیئے اُسکے تنبیہہ کرکے چھوڑ دیتا ھون (اُسے ھر عید میں ضرور تھا کہ کسوکو اُنکے واسطے چھوڑ دے) تب سب مل کے چلائے کہ اُسے لیجا اور براباس کو ھمارے لیئے چھوڑ دے (وہ کسو فساد کے سبب جو شہر میں ھوا تھا و خون کي بابت قید تھا) پیلاطوس نے یہہ چاھکےکہ یسوع کو چھوڑ دے پھر اُنھیں سمجھایا پر اُنھون نے چلاکے کہا کہ اُس کو صلیب دے صلیب دے تیسري بار اُس نے اُن سے کہا کیون اُسنے کیا بدي کي ھی میں نے اُس میں قتل کے لایق کوئي قصور نہ پایا اِس لیئے میں اُسے تنبیہہ کرکے چھوڑ دونگا اُنھون نے شور مچاکے اُسے تنگ کیا اور چاھا کہ وہ صلیب دیا جاے اور اُن کے اور سردار کاھنون کے شور نے اُسے دبا لیا تب پیلاطوس نے حکم کیا کہ اُنکي خواھش کے موافق ھو اور اُنکے واسطے اُس شخص کو جو فساد اور خون کے سبب قید تھا جسے اُنھون نے چاھا تھا چھوڑ دیا اور یسوع کو اُنکي مرضي پر سونپ دیا اور جب اُسکو لیجاتے تھے شمعون نام قوریني کو جو شہر کے باھر سے آتا تھا پکڑ کے صلیب اُس پر رکھہ دي کہ یسوع کے پیچھے پیچھے لے چلے اور لوگون کي بڑي بھیڑ اور عورتیں جو اُسکے واسطے چھاتي پیٹتي اور رو رھي تھیں اُسکے پیچھے پیچھے چلیں یسوع نے پھرکے اُن سے کہا کہ اي اورشلیم کي بیٹیو مجھہ پر نہ روؤ بلکہ آپ پر اور اپنے لڑکون پر روؤ کیونکہ دیکھو وے دن آتے ھیں کہ لوگ کہینگے مبارک ھیں بانجھیں اور وہ پیٹ جو نہ جنے اور وے چھاتیان جنھون نے دودھہ نہ پلایا تب پہاڑون سے کہنا شروع کرینگےکہ ھم پر گر پڑو اور پہاڑیون سے کہ ھمیں چھپاؤ کیونکہ جب سبز درخت کے ساتھہ ایسا کرتے ھیں تو سوکھے کے ساتھہ کیا نہ کیا جائیگا اور وے دو آدمي کو بھي جو بدکار تھے لیچلے کہ اُسکے ساتھہ مارے جاوین اور جب وے وھان جسکو کھوپڑي کي جگھہ کہتے ھیں پہنچے اُسکو وھان صلیب دي اور بدکارون کو بھي ایک دھنے اور دوسرا بائیں اور یسوع نے کہا کہ اي باپ اُنکو معاف کر کیونکہ نہیں جانتے کہ کیا کرتے ھیں اور اُنھون نے اُسکے کپڑون کے حصے کرکے چٹھي ڈالي اور لوگ کھڑے دیکھہ رھے تھے اور سردار بھي

جانچتے تو سزا نہ پاتے اور خداوند ہمیں سزا دیکے تربیت کرتا ھی
نہ ہووے کہ ہم پر دنیا کے ساتھہ سزا کا حکم ہو پس ای میرے بھائیو
جب تم کھانے کے لیئے جمع ہو تو ایک دوسرے کی راہ دیکھو اور اگر
کوئی بھوکھا ہو تو اپنے گھر میں کھاوے نہ ہو کہ تم جمع ہوکے سزا پاو
اور جو کچھہ باقی ہی سو میں آکے درست کرونگا *

انجیل لوقا ۲۳ ب ۱ آ

ساری جماعت اُٹھہ کے اُسے پیلاطوس پاس لےگئي اور اُس پر
تہمت لگانی شروع کی کہ اِسے ہمنے قوم کو بہکاتے اور قیصر کو محصول
دینے سے منع کرتے اور اپنے تئیں مسیح بادشاہ کہتے پایا تب پیلاطوس نے
اُسے پوچھا کیا تو یہودیوں کا بادشاہ ھی اُسنے اُسے جواب میں کہا ہاں
تو ٹھیک کہتا ھی تب پیلاطوس نے سردار کاہن اور لوگوں سے کہا کہ
میں اِس شخص کا کچھہ قصور نہیں پاتا پر اُنہوں نے اور بھی تقاضا کرکے
کہا کہ یہہ جلیل سے لیکر سارے یہودیہ میں یہاں تک تعلیم دے دے
فساد برپا کرتا ھی پیلاطوس نے جلیل کا نام سنکر پوچھا کہ کیا یہہ آدمی
جلیلی ھی جب جانا کہ ہیرودیس کے عمل کا ھی اُسے ہیرودیس پاس
جو اُن دنوں اورشلیم میں تھا بھیجا اور ہیرودیس یسوع کو دیکھہ کے
بہت خوش ہوا کیونکہ مدت سے چاہتا تھا کہ اُسے دیکھے اِس لیئے کہ
اُسکی بہت باتیں سنی تھیں اور اُسکے کوئی کرامت دیکھنے کی
امید تھی اور اُس نے اُسے بہتیری باتیں پوچھیں پر اُسنے اُسے کچھہ جواب
نہ دیا اور سردار کاہن اور فقیہوں نے اُٹھہ کے اُس پر بڑی بڑی تہمتیں
لگائیں تب ہیرودیس نے اپنی فوج سمیت اُسکی بیعزتی اور ہنسی
کی اور اُسے چمچماتی پوشاک پہناکے پھر پیلاطوس کنے بھیجا اور اُسی دن
پیلاطوس اور ہیرودیس آپس میں دوست ہوئے کیونکہ آگے اُن دونوں
میں دشمنی تھی اور پیلاطوس نے سردار کاہن اور سرداروں اور لوگوں کو
ایکٹھے کر کے اُن سے کہا کہ تم اِس شخص کو میرے پاس یہہ کہتے لائے کہ
یہہ لوگوں کو بہکاتا ھی دیکھو میں نے تمہارے آگے اُسکی آزمایش کی پر اُن
قصوروں میں سے جسکی تم اُسپر تہمت رکھتے ہو میں نے اُس شخص میں

ایسٹر سے پہلا جمعرات

مکتوب ۱ قرنتیون کو ۱۱ ب ۱۷ آ

اب جو مین تمھین کہتا ہون اِس مین تمھاري تعریف نہین کرتا
کہ تم جو جمع ہوتے ہو تو اِس مین تمھاري بھلائي نہین بلکہ برائي ہی
مین سنتا ہون کہ جب تم کلیسیا مین جمع ہوتے ہو تمھارے بیچ
اختلاف ہوتے ہین اور مین اُسکو تھوڑاسا سچ جانتا ہون کیونکہ ضرور
ہی کہ تمھارے بیچ فرقے بھي ہو جاوین تاکہ وے جو تم مین مقبول
ہین ظاہر ہو جاوین پھر جو تم ایک ہي مقام مین جمع ہوتے ہو تو
یہہ عشاء رباني کھانے کے لیئے نہین ہی کیونکہ اُسکے کھانے کے وقت
ہر ایک پہلے اپنا ہي کھانا کھا لیتا ہی اور کوئي بھوکھا رہ جاتا اور کوئي
مست ہوتا ہی کیا تم کھانے پینے کے لیئے گھر نہین رکھتے ہو یا خدا
کي کلیسیا کو ناچیز جانتے ہو اور محتاجون کو شرمندہ کرتے ہو اب مین
تم سے کیا کہون کیا تمھاري تعریف کرون مین اِس مین تمھاري تعریف
نہین کرنے کا کیونکہ مین نے جو خداوند سے پایا سو تمھین بھي سونپا کہ
خداوند یسوع نے جس رات کہ پکڑوایا گیا روٹي لي اور شکر کرکے توڑي
اور کہا کہ لو کھاؤ یہہ میرا بدن ہی جو تمھارے لیئے توڑا جاتا ہی تم میري
یادگاري کے لیئے یہہ کیا کرو اور اسي طرح اُسنے کھانے کے بعد پیالہ بھي
لیا اور کہا کہ یہہ پیالہ وہ نیا عہد ہی جو میرے لہو سے ہی جب جب
تم پیؤ میري یادگاري کے لیئے پیؤ کیونکہ جب جب تم یہہ روٹي کھاتے
اور یہہ پیالہ پیتے ہو تو تم خداوند کي موت کو جب تک کہ وہ آوے
جتاتے رہتے ہو اِسواسطے جو کوئي نامناسب طور سے یہہ روٹي کھاوے یا
خداوند کا پیالہ پیوے تو وہ خداوند کے بدن اور لہو کا گنہگار ہوگا پس
آدمي پہلے آپکو جانچے اور یونہین اِس روٹي مین سے کھاوے اور اِس پیالے
سے پیوے کیونکہ جو نامناسب طور سے کھاتا اور پیتا ہی سو خداوند کے
بدن کا لحاظ نکرکے اپني سزا کھاتا اور پیتا ہی اسي سبب سے تم مین
بہتیرے کم زور اور بیمار ہین اور کتنے سو گئے اگر ہم اپنے تئین

اُسکو چنگا کیا پھر یسوع نے سردار کاھن اور ھیکل کے سردار اور بزرگون سے جو اُسکے پاس آئے تھے کہا کہ تم جیسے چور پکڑنے کو تلوارین اور لاٹھیان لیکر نکلے ھو مین ھر روز ھیکل مین تمھارے ساتھہ تھا تم نے مجھہ پر ھاتھہ نہ ڈالا لیکن یہہ تمھاري گھڑي اور تاریکي کا اختیار ھی تب وے اُسے پکڑ لے چلے اور سردار کاھن کے گھر لے گئے اور پطرس دور دور اُسکے پیچھے پیچھے چلاگیا اور وے آنگن کے بیچ مین آگ جلاکے ملکر بیٹھے تھے پطرس اُنکے بیچ مین بیٹھا ایک لونڈي نے اُسے آگ کے پاس بیٹھا دیکھکر اُس پر خوب نگاہ کرکے کہا یہہ بھي اُسکے ساتھہ تھا اُسنے اُسکا انکار کرکے کہا ای عورت مین اُسے نہین جانتا تھوڑي دیر بعد ایک اور کسي نے اُسے دیکھہ کر کہا کہ تو بھي اُن مین سے ھی پطرس نے کہا ای شخص مین نہین ھون گھنٹے ایک بعد اور کسونے تاکید سے کہا کہ یہہ آدمي بیشک اُسکے ساتھہ تھا کیونکہ جلیلي ھی پطرس نے کہا ای شخص مین نہین سمجھتا کہ تو کیا کہتا ھی یہہ کہہ ھي رھا تھا کہ جھٹ مرغ نے بانگ دي تب خداوند نے پھر کے پطرس کي طرف دیکھا اور پطرس کو خداوند کي بات جو اُسنے کہي تھي کہ مرغ کے بانگ دینے کے آگے تو میرا تین بار انکار کریگا یاد آئي اور پطرس باھر جاکے زار زار رویا اور وے لوگ جنکي حوالات مین یسوع تھا اُسکو کوڑے مارکے ٹھٹھے مین اُڑانے لگے اور اُسکي آنکھہ موندکے اُسکو طمانچے مارے اور اُسے پوچھا کہ نبوت کر کہ کسنے تجھکو مارا اور اُسکے حق مین اور بھي بہت کفر بکا اور جب دن ھوا لوگون کے بزرگ اور سردار کاھن اور فقیہہ جمع ھوئے اور اُسے اپني سبھا مین لائے اور کہا اگر تو مسیح ھی ھم سے کہہ اُس نے اُنسے کہا اگر مین تم سے کہون تو تم یقین نہ کروگے اور اگر پوچھون بھي تو جواب نہ دوگے اور نہ مجھے چھوڑوگے اب سے ابن آدم خدا کي قدرت کے دھنے ھاتھہ بیٹھا رھیگا سبھون نے کہا پس کیا تو خدا کا بیٹا ھی اُسنے اُن سے کہا تم ٹھیک کہتے ھو مین ھون تب اُنھون نے کہا اب ھمین اور گواھي کیا درکار کیونکہ ھم نے خود اُسکے منھہ سے سنا ٭

نے تیرے لیئے دعا مانگي کہ تیرا ایمان جاتا نہ رہے اور جب تو پھرے تو
اپنے بھائیوں کو مضبوط کر تب اُسنے اُسے کہا کہ ای خداوند میں تیرے
ساتھہ قید ہو نے بلکہ مرنے کو طیار ہوں تب اُس نے کہا ای پطرس میں
تجھہ سے کہتا ہوں کہ آج مرغ بانگ نہ دیگا جب تک تو تین مرتبہ
میرا انکار نہ کرے کہ میں اُسے نہیں پہچانتا اور اُسنے اُنسے کہا کہ جب
میں نے تمھیں بے بٹوئے اور بے جھولي اور بے جوتوں کے بھیجا کیا کسو
چیز کي کمي ہوئی اُنھوں نے کہا کسو کي نہیں اُسنے اُنھیں کہا پر اب
جسکے پاس بٹوا ہو لیوے اور اسي طرح جھولي بھي اور جس پاس نہیں
اپنے کپڑے بیچ کے تلوار خریدے کیونکہ میں تم سے کہتا ہوں کہ یہہ
لکھا کہ وہ بدوں میں گنا گیا ضرور ہی کہ میرے حق میں پورا ہو اِسلیئے
کہ یہہ جو میرے حق میں لکھا ھی تمام ہوتا ھی اُنھوں نے کہا کہ دیکھہ
ای خداوند یہاں دو تلوار ہیں اُس نے اُنسے کہا بہت ھی – اور وہ نکل کے
اپنے دستور پر زیتون کے پہاڑ کي طرف چلا اور اُسکے شاگرد اُسکے پیچھے
ہو لیئے اور اُس جگہہ پہنچ کے اُسنے اُنسے کہا دعا مانگو تاکہ آزمایش
میں نہ پڑو اور اُسنے اُنسے تیر کے ٹپے ایک پر بڑھہ کے گھٹنے ٹیک کر
دعا مانگي کہ ای باپ اگر تو چاھے تو یہہ پیالہ مجھہ سے ٹال دے
لیکن میري مرضي نہیں بلکہ تیري ہو اور آسمان سے ایک فرشتہ اُسکو
دکھائی دیا جو اُسے قوت دیتا تھا اور وہ جان‌کني میں پڑکے اور بہت
گڑگڑا کے دعا مانگتا تھا اور اُسکا پسینا لہوکے تھسکے کي مانند ہوکر زمین
پر گرتا تھا اور دعا سے اُٹھہ کر اپنے شاگردوں کے پاس آیا اور اُنھیں غم سے
سوتا پایا اور اُن‌سے کہا کہ تم کیوں سوتے ہو اُٹھہ کر دعا مانگو تاکہ
آزمایش میں نہ پڑو وہ یہہ کہہ رہا تھا کہ دیکھو ایک جماعت دکھائي
دي اور ایک اُن بارھوں میں سے جو یہودا کہلاتا تھا اُنکے آگے آگے یسوع
پاس آیا کہ اُسکو چومے تب یسوع نے اُسے کہا کہ ای یہودا تو آدمي کے
بیٹےکو چوم کے پکڑواتا ھی پس اُنھوں نے جو اُسکے ساتھہ تھے وہ جو ہوا
چاھتا تھا معلوم کرکے اُسے کہا ای خداوند کیا ہم تلوار چلاویں اُنمیں سے
ایک نے سردار کاھن کے نوکر کو لگائي اور اُس‌کا دھنا کان اُڑا دیا تب
یسوع نے جواب میں کہا اِتنے ھي پر رہنے دو اور اُسکے کان کو چھو کر

مالک سے کہو کہ اُستاد کہتا هی کہ وہ مہمان سرا کہان هی جس مین
اپنے شاگردون کے ساتھہ فسح کہاوُن وہ تمهین ایک بڑا کوٹھا فرش بچھا
دکھاویگا وهین طیاري کرو اُنهون نے جاکے جیسا اُنسے کہا تھا پایا اور فسح
طیار کیا اور جب وقت آیا وہ اپنے بارہ رسولون کے ساتھہ کھانے بیٹھا اور
اُنسے کہا مجھے بڑي خواهش تھي کہ اپنے دکھہ سہنے کے آگے یہہ فسح
تمهارے ساتھہ کہاوُن کیونکہ مین تم سے کہتا هون کہ پھر کبھو اُسے
نہ کہاوُنگا جب تک خدا کي بادشاهت مین پورا نہ هو اور پیالے
کو لیکے شکر کیا اور کہا کہ اِسکو لیکے آپس مین بانٹ لو کیونکہ مین
تم سے کہتا هون کہ انگور کا رس پھر نہ پیئونگا جب تک خدا کي
بادشاهت نہ آوے پھر روٹي لي اور شکر کرکے توڑي اور یہہ کہکے اُنکو دي
کہ یہہ میرا بدن هی جو تمهارے واسطے دیا جاتا هی یہہ میري یادگاري
کے واسطے کیا کرو اور اسیطرح کھانے کے بعد اُس پیالے کو لیکر کہا کہ یہہ
پیالہ نیا عهد هی جو میرے لهو سے کہ تمهارے واسطے بہایا جاتا هی بندھا
پر اب دیکھو اُسکا هاتھہ جو مجھے گرفتار کرواتا هی میرے ساتھہ میز پر
هی ابن آدم تو جیسا اُسکے واسطے مقرر هی جاتا هی مگر اُس شخص پر
افسوس جو اُسے گرفتار کرواتا هی تب وے آپس مین پوچھنے لگے کہ وہ
کون هی جو یہہ کام کریگا اور اُن مین یہہ بھي تکرار تھي کہ دیکھیئے
هم مین سے کون بڑا ٹھہرتا هی اُسنے اُنسے کہا کہ قومون کے بادشاہ اُنپر
حکومت کرتے هین اور جو لوگ اُن مین اختیار والے هین خداوند نعمت
کہلاتے پر تم ایسے نہ هو بلکہ جو تم مین بڑا هی چھوٹے کي اور خاوند
خدمت کرنے والے کي مانند هو کیونکہ کون بڑا هی جو کھانے بیٹھا یا وہ
جو خدمت کرتا هی کیا وہ نہین جو کھانے بیٹھا هی لیکن مین تمهارے
درمیان خدمت کرنے والے کي مانند هون تم وے هي هو جو میري
آزمایشون مین سدا میرے ساتھہ رهے اور جیسا میرے باپ نے میرے لیئے
ایک بادشاهت مقرر کي مین بھي تمهارے لیئے مقرر کرتا هون تاکہ
میري بادشاهت مین میري میز پر کہاوُ پیئو اور تختون پر بیٹھہ کر
اسرائیل کے بارہ گھرانے کي عدالت کرو پھر خداوند نے کہا شمعون ای
شمعون دیکھہ شیطان نے چاها کہ تمهین گیهون کي طرح پھٹکے لیکن مین

لہو ھی جو خدا نے تمھارے لیئے ٹھہرایا اور اُسنے اُسي طرح خیمہ پر اور
خدمت کي تمام چیزون پر لہو چھڑکا اور قریب ساري چیزون کے شریعت
کے مطابق لہو سے پاک کي جاتي ھیں اور بغیر لہو بہائے مغفرت نہیں
ھوتي پس ضرور تھا کہ آسماني چیزون کے نمونے یون پاک کیئے جاوین
مگر خود آسماني چیزین اِن سے بہتر قربانیون سے پاک کي جاوین کیونکہ
مسیح اُس پاک مکان میں جو ھاتھون سے بنایا گیا اور حقیقي مکان کا
نمونہ ھی داخل نہیں ھوا بلکہ آسمان ھي میں تاکہ اب سے خدا کے
حضور ھمارے لیئے حاضر رھے پر ایسا نہیں کہ وہ آپکو بار بار گذرانے جیسے
سردار کاھن پاک ترین مکان میں ھر سال دوسرے کا لہو لیکے جاتا ھی
کیونکہ اگر ایسا ھوتا تو ضرور تھا کہ وہ دنیا کے شروع سے بار بار مرا کرتا پر
اب آخري زمانے میں ایکبار ظاھر ھوا تاکہ اپنے تئیں قرباني کرنے سے گناہ
کو نیست کرے اور جیسا آدمیون کے لیئے ایک بار مرنا اور بعد اُسکے
عدالت مقرر ھوئي ایسا ھي مسیح ایک بار بہتون کے گناھون کا بوجھہ
اُٹھانے کے لیئے آپ قربان ھوکے دوسري بار بغیر گناہ کے ظاھر ھوگا تاکہ
اُنکو جو اُسکي راہ تکتے ھیں نجات دیوے *

انجیل لوقا ۲۲ ب ۱ آ

اب عید فطیر جسکو فسح کہتے ھیں نزدیک آئي اور سردار کاھن
اور فقیہہ تدبیر میں تھے کہ اُسکو کس طرح مار ڈالیں کیونکہ لوگون سے
ڈرتے تھے تب شیطان یہودا میں جو اسکریوطي کہلاتا اور بارھون کي گنتي
میں تھا سمایا اُسنے جاکے سردارکاھن اور سپاھیون کے سردارون سے صلاح کي
کہ اُسکو کس طرح اُنکے حوالے کرے وے خوش ھوئے اور اُسے روپئے دینے کا
اقرار کیا اُسے قبول کیا اور قابو ڈھونڈتا تھا کہ جب لوگ نہ رھیں اُسے
اُنکے حوالہ کرے تب فطیر کا دن جس میں فسح ذبح کیا چاھیئے آیا یسوع
نے پطرس اور یوحنا کو بھیجا کہ پہلے جاؤ ھمارے لیئے فسح طیار کرو تاکہ
کھاوین اُنھون نے اُسے کہا تو کہان چاھتا ھی کہ ھم طیار کرین اُسنے
اُنسے کہا دیکھو جب شہر میں داخل ھوگے ایک آدمي پاني کا گھڑا لیئے
تمھیں ملیگا جس گھر میں وہ جاے اُسکے پیچھے چلے جاؤ اور گھر کے

سے جاتے تھے سر ہلاکر یہہ کہکے اُسے ملامت کرتے تھے کہ واہ تو جو ہیکل
کو ڈھاتا اور تین دن میں بناتا تھا اپنے تئیں بچا اور صلیب پر سے اُتر آ
اسیطرح سردار کاھنون نے بھی آپس میں فقیہون کے ساتھہ ٹھٹھے کرتے
ہوئے کہا اُسنے اورون کو بچایا اپنے تئیں بچا نہیں سکتا بنی اسرائیل کا
بادشاہ مسیح اب صلیب پر سے اُتر آوے کہ ہم دیکھیں اور ایمان لاویں
اور وے جو اُسکے ساتھہ صلیب پر کھینچے گئے اُسے ملامت کرتے تھے اور
جب چھٹھا گھنٹا پہنچا اُس ساری زمین پر اندھیرا چھا گیا اور نویں
گھنٹے تک رھا اور نویں گھنٹے یسوع بڑی آواز سے چلا کے بولا ایلی ایلی
لما سبقتانی جسکا ترجمہ یہہ ھی ای میرے خدا ای میرے خدا تونے
مجھے کیون چھوڑا بعضے اُن میں جو وھان کھڑے تھے یہہ سنکے بولے
دیکھو وہ ایلیاس کو بلاتا ھی اور ایک نے دوڑ کے اسفنج کو سرکے سے تر
کرکے ایک نرکٹ پر رکھہ کے اُسے چسایا اور کہا بھلا ہم دیکھیں تو کہ
ایلیاس اُسے اُتارنے آوے تب یسوع نے بڑی آواز سے چلا کر جان دی اور
ہیکل کا پردہ اُوپر سے نیچے تک پھٹ گیا اور اُس صوبہ دار نے جو
اُسکے سامھنے کھڑا تھا اُسے یون چلاتے اور جان دیتے دیکھہ کے کہا کہ یہہ
شخص سچ سچ خدا کا بیٹا تھا ٭

ایسٹر سے پہلا بدھہ

مکتوب عبرانیونکو ۹ ب ۱۶ آ

جہان عہد ھی وھان اُس ذبیحے کی موت جس پر وہ مقرر
ہوتا ضرور ھی کہ عہد مردون پر باندھا جاتا ھی اور پختہ نہیں جب تک
کہ وہ ذبیحہ زندہ ھی اِس سبب سے پہلا عہد بھی بغیر لہو کے نہیں
باندھا گیا کہ جب موسیٰ نے تمام لوگون کو شریعت کا ہرایک حکم کہہ
سنایا تب بچھڑون اور بکرون کا لہو پانی اور لال اُون اور زوفا کے ساتھہ
لیکر اُس کتاب اور سارے لوگون پر چھڑک کے کہا کہ یہہ اُس عہد کا

عید میں ایک قیدی کو جسے وے چاهتے تھے اُن کي خاطر چھوڑ دیتا تھا اور ایک شخص براباس نام اُن فسادیون کے ساتھہ کہ جنھون نے فساد میں خون کیا تھا قید تھا تب وہ جماعت چلا کے اُس سے عرض کرنے لگي کہ جیسا تیرا دستور هی ویساهي همارے واسطے کر پیلاطوس نے اُنهین جواب دیا کیا تم چاهتے هو کہ میں تمهارے لیئے یہودیون کے بادشاہ کو چھوڑ دون کیونکہ وہ جانتا تھا کہ سردار کاهنون نے حسد سے اُسکو حوالہ کیا تھا پر سردار کاهنون نے جماعت کو ابھارا کہ وہ اُنکے لیئے براباس کو چھوڑ دے تب پیلاطوس نے پھر اُنسے کہا اب تم کیا چاهتے هو میں اُسے جسے تم یہودیون کا بادشاہ کہتے هو کیا کرون وے پھر چلائے کہ اسے صلیب دے پیلاطوس نے پھر اُنسے کہا کیون اِسنے کیا برائي کي هی تب وے اور بھي زیادہ چلائے کہ اِسے صلیب دے تب پیلاطوس نے جماعت کي رضامندي چاہ کر اُن کے لیئے براباس کو چھوڑ دیا اور یسوع کو کوڑے مارکے حوالہ کیا کہ صلیب پر کھینچا جاے اور سپاهي اُسکو اُس دالان میں جو پریطوریوم کہلاتا هی لے گئے اور سارے رسالے کو ایکٹھا کیا اُنهون نے اُسے ارغواني کپڑے پهنائے اور کانٹون کا تاج سج کے اُسکے سرپر رکھا اور اُسے سلام کرنے لگے کہ اي یہودیون کے بادشاہ سلام اور وے اُسکے سرپر نرکٹ سے مارتے تھے اور اُسپر تھوکتے اور گھٹھنے ٹیک کے اُسے سجدہ کرتے تھے اور جب اُس سے هنسي کر چکے تو اُسکے بدن سے ارغواني کپڑے اُتارے اور اُس کا کپڑا اُسے پهنا کے صلیب دینے لے چلے اور ایک شخص قوریني شمعون نام جو سکندر اور روفس کا باپ تھا دیهات سے آتے هوئے اُدھر سے گذرا اُنهون نے اُسے بیگار پکڑا کہ اُسکي صلیب اُٹھا لیچلے اور وے اُسے مقام جلجتہ میں جسکا ترجمہ کھوپڑي کي جگھہ هی لائے اور وهین میں مُرّ ملاکے اُسے پینے کو دیا پر اُسنے نہ پیا اور اُنهون نے اُسے صلیب پر کھینچکر اُسکے کپڑے بانٹے اور اُنپر قرعہ ڈالا کہ هرایک شخص کیا کیا لے اور تیسرا گھنٹا تھا جب اُنهون نے اُسے صلیب دیا اور اُسکا تہمت نامہ یون لکھا تھا کہ یہہ یہودیون کا بادشاہ هی اور اُنهون نے اُسکے ساتھہ دو چور کو ایک کو دهنے هاتھہ اور دوسرے کو بائین صلیب پر کھینچا تب وہ جو لکھا هوا کہ وہ بدکارون میں گنا گیا پورا هوا اور وے جو اُدھر

ایسٹر سے پہلا منگل

مکتوب کے عوض اشعیا کا ۵۰ ب ۵ آ

خداوند خدا نے میرے کان کھولے ھین اور مین باغی نہ تھا
اور نہ برگشتہ ھوا تھا مین نے اپنی پیٹھہ گھونسا مارنے والون کو دی اور
اپنے رخسارے اُنکو جنھون نے میرے بال نونچے مین نے رسوائی اور
تھوک سے اپنا منہہ نہ چھپایا کیونکہ خداوند خدا میری حمایت کریگا
سو مین شرمندہ نہ ھونگا اور اِسی لیئے مین نے چقماق کے پتھر کی مانند
اپنا منہہ بنایا اور مجھے یقین ھی کہ مین پشیمان نہ ھوونگا وہ جو
مجھے راستباز ٹھہراتا ھی نزدیک ھی مجھہ سے کون جھگڑا کرسکیگا آؤ
ھم مقابلہ کرلین کون ھی جو مجھہ سے سمجھہ لے وہ آوے اور میرا
سامھنا کرے دیکھو خداوند خدا میری حمایت کریگا وہ کون ھی جو
مجھے مجرم کرے لو وے سب کپڑے کی طرح پرانے ھوجائینگے کیڑا
اُنھین کھا جایگا تمھارے درمیان وہ کون ھی جو خداوند سے ڈرتا اور
اُسکے خادم کی مانتا ھی اور تاریکی مین پھرتا ھی اور روشنی نہین پاتا وہ
خداوند کے نام پر توکل کرے اور اپنے خدا پر تکیہ رکھے دیکھو تم سب جو
آگ سلگاتے ھو جسکی چنگاریان تم کو اُس پاس سے گھیر لیتیان ھین اپنی
آتش کے اُجالے مین اور اُن چنگاریون مین جنھین تم نے نکالا چلو میرے
ھاتھہ سے تم پر یہہ واقع ھوگا کہ عذاب مین پڑے لوٹوگے *

انجیل مرقس ۱۵ ب ۱ آ

جون صبح ھوئی سردار کاھن نے بزرگون اور فقیھون اور ساری
مجلس کے ساتھہ مشورت کرکے یسوع کو باندھا اور اُسے لیجاکر پیلاطوس
کے حوالہ کیا پیلاطوس نے اُسے پوچھا کیا تو یھودیون کا بادشاہ ھی اُسنے
جواب مین اُس سے کہا تو سچ کہتا ھی اور سردار کاھنون نے اُسپر بہت سی
فریادین کین تب پیلاطوس نے اُس سے پھر پوچھا کیون تو کچھہ جواب
نہین دیتا دیکھہ وے تجھہ پر کیا کیا گواھیان دیتے ھین تو بھی یسوع نے
کچھہ جواب نہ دیا یہان تک کہ پیلاطوس نے تعجب کیا اور وہ اُس

جھوٹھي گواهي دي که هم نے اُسے یہه کہتے سنا هی که میں اِس هیکل کو جو هاتهه سے بني هی ڈھا دونگا اور تین دن میں ایک دوسري کو جو هاتهه سے نه بنے بناونگا تس پر بھي اُنکي گواهي موافق نه تھي تب سردار کاهن نے بیچ میں کھڑے هو یسوع سے پوچھا کیا تو کچھه جواب نہیں دیتا یے تجھه پر کیا گواهي دیتے هیں پر وہ چپ رها اور کچھه جواب نه دیا پھر سردار کاهن نے اُس سے پوچھا اور کہا کیا تو مسیح اُس مبارک کا بیٹا هی یسوع نے اُسے کہا میں وهي هوں اور تم ابن آدم کو القادر کے دهنے هاتهه بیٹھے اور آسمان کے بادلوں پر آتے دیکھوگے تب سردار کاهن نے اپنے کپڑے پھاڑ کے کہا اب همیں اور گواہ کیا درکار هی تم نے یہه کفر سنا تمکو کیا معلوم هوتا هی اُن سبھوں نے فتویٰ دیا که وہ قتل کے لایق هی تب کتنے اُس پر تھوکنے اور اُسکا منهه ڈھانپنے اور اُسے گھونسے مارنے اور کہنے لگے وہ نبوت سے خبر دے اور نوکروں نے هاتهه سے اُسے تھپیڑے مارے جب پطرس نیچے دالان میں تھا سردار کاهن کي لونڈیوں میں سے ایک وهاں آئي اور پطرس کو آگ تاپتے دیکھکر اُسکي طرف نظر کر کے کہنے لگي تو بھي یسوع ناصري کے ساتهه تھا اُسنے انکار کیا که میں نہیں جانتا اور نہیں سمجھتا تو کیا کہتي هی اور باهر صحن میں گیا اور مرغ نے بانگ دي اور لونڈي اُسے پھر دیکھکر اُن سے جو وهاں کھڑے تھے کہنے لگي یہه اُنھیں میں سے ایک هی اُسنے پھر انکار کیا اور تھوڑي دیر پیچھے پھر اُنھوں نے جو وهاں کھڑے تھے پطرس کو کہا سچ تو اُنھیں میں سے هی کیونکه تو جلیلي اور تیري بولي ویسي هي هی پر وہ لعنت کرنے اور قسمیں کھانے لگا که میں اُس شخص کو جسکا تم ذکر کرتے هو نہیں جانتا دوسري بار مرغ نے بانگ دي تب پطرس کو وهي بات جو یسوع نے اُس سے کہي تھي یاد آئي که پیشتر اُس سے که مرغ دو بار بانگ دے تو تین بار میرا انکار کریگا تب وہ زار زار رونے لگا *

ھی اِس پیالے کو مجھہ سے ٹال دے لیکن نہ وہ جو میں چاھتا ھون بلکہ جو تو چاھتا ھی پھر وہ آیا اور اُنھیں سوتے پایا اور پطرس کو کہا ای شمعون تو سوتا ھی کیا تو ایک گھڑي جاگ نہ سکا جاگتے رھو اور دعا مانگو تا ایسا نہو کہ تم امتحان میں پڑو روح تو مستعد ھی پر جسم کمزور ھی وہ پھر گیا اور وھي بات دعا میں مانگي اور پھر آکے اُنھیں سوتے پایا کیونکہ اُنکي آنکھیں نیند سے بھري تھیں اور وے نہیں جانتے تھے کہ اُسے کیا جواب دیویں پھر تیسري بار آکے اُنھیں کہا کہ اب سوتے رھو اور آرام کرو بس وقت آ پہنچا دیکھو ابن آدم گنہگارون کے ھاتھون میں حوالہ کیا جاتا ھی اُٹھو ھم چلیں دیکھو وہ جو مجھے پکڑواتا ھی نزدیک ھی وہ یہہ کہتا ھي تھا کہ في الفور اُن بارہ میں سے ایک یہودا نامي اور اُسکے ساتھہ سردار کاھنون اور فقیہون اور بزرگون کي طرف سے ایک بڑي جماعت تلواریں اور لاٹھیان لیکے آ پہنچي اور پکڑوانے والے نے اُنھیں یہہ پتا دیا تھا کہ جس کا میں بوسہ لون وھي ھی اُسے تم پکڑ کے حفاظت سے لے جاؤ وہ آکے في الفور اُس پاس گیا اور کہا ای ربي ای ربي اور اُسے چوما اور اُنھون نے اُس پر ھاتھہ ڈال کے اُسے پکڑ لیا ایک نے اُن میں سے جو وھان حاضر تھے تلوار کھینچ کے سردار کاھن کے نوکر کو لگائي اور اُسکا کان اُڑا دیا تب یسوع اُنھیں کہنے لگا کیا تم تلواریں اور لاٹھیان لیکے مجھے چور کي مانند پکڑنے آئے ھو میں تو ھر روز تمھارے پاس ھیکل میں وعظ کرتا تھا اور تم نے مجھے نہیں پکڑا لیکن کتابون کا پورا ھونا ضرور ھي تب وے سب اُسے چھوڑ کے بھاگ گئے مگر ایک جوان جو سوتي چادر اپنے بدن پر اوڑھا تھا اُسکے پیچھے ھو لیا اور جوانون نے اُسے پکڑا پر وہ سوتي چادر اُنکے ھاتھون میں چھوڑ کر ننگا بھاگا تب وے یسوع کو سردار کاھن کنے جس پاس سب سردار کاھن اور بزرگ اور فقیہہ جمع ھوئے تھے لیگئے اور پطرس دور سے اُسکے پیچھے سردار کاھن کے دالان تک ھو لیا اور نوکرون کے ساتھہ بیٹھہ کر آگ تاپنے لگا تب سردار کاھنون اور ساري مجلس نے یسوع پر گواھی ڈھونڈھي کہ اُسے جان سے ماریں پر نہ پائي اگرچہ بہتون نے اُس پر جھوٹھي گواھي دي پر اُنکي گواھیان موافق نہ تھیں تب بعضون نے اُٹھہ کے اُس پر یہہ

لیئے تیاری کرو تب اُسکے شاگرد چلے گئے اور شہر میں آکے جیسا اُسنے اُنھیں کہا تھا ویساھی پایا اور فسح تیار کیا جب شام ہوئی وہ اُن بارھوں کے ساتھہ آیا جب وے بیٹھکے کھانے لگے یسوع نے کہا میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ ایک تم میں سے جو میرے ساتھہ ہی مجھے پکڑوائے گا تب وے غمگین ہونے لگے اور اُنمیں سے ایک ایک اُس سے کہنے لگا کیا میں ہوں اُسنے جواب میں کہا بارھوں میں سے ایک جو میرے ساتھہ باسن میں ہاتھہ ڈالتا ہی وہی ہی/ابن آدم تو جیسا اُسکے حق میں لکھا ہی جاتا ہی لیکن افسوس اُس شخص پر جس کے ہاتھہ سے ابن آدم پکڑوایا جاتا ہی اُسکے لیئے بہتر تھا کہ وہ پیدا نہ ہوتا جب وے کھاتے تھے یسوع نے روٹی اُٹھائی اور شکر کرکے توڑی اور اُنھیں دیکر کہا/لو کھاؤ یہہ میرا بدن ہی/پھر اُسنے پیالہ لیکر شکر کرکے اُنھیں دیا اور اُن سبھوں نے اُسے پیا اور اُسنے کہا/کہ نئے عہد کا یہہ میرا لہو ہی جو بہتوں کے لیئے بہایا جاتا ہی میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ میں انگور کا رس جس دن تک خدا کی بادشاہت میں اُسے نیا نہ پیئوں پھر نہ پیئونگا تب وے زبور گاکے زیتون کے پہاڑ پر گئے اور یسوع نے اُنسے کہا تم سب آج کی رات میرے سبب ٹھوکر کھاؤگے اِس لیئے کہ یہہ لکھا ہی میں گڑرئیے کو مارونگا اور بھیڑیں پراگندہ ہو جائینگی پر میں اپنے اُٹھنے کے بعد تم سے آگے جلیل کو جاؤنگا تب پطرس نے اُس سے کہا اگرچہ سب ٹھوکر کھاویں پر میں نہ کھاؤنگا یسوع نے اُسے کہا میں تجھہ سے سچ کہتا ہوں کہ آج ہی کی رات مرغ کے دو بار بانگ دینے کے آگے تو تین بار میرا انکار کریگا تب اُسنے بار بار کہا اگر تیرے ساتھہ میرا مرنا ضرور ہو تو بھی ہرگز تیرا انکار نہ کرونگا اور اُن سبھوں نے بھی ویسا ہی کہا پھر وے ایک جگہہ میں جس کا نام جتسمنی تھا آئے اور اُسنے اپنے شاگردوں کو کہا جب تک میں دعا مانگوں تم یہاں بیٹھو اور پطرس اور یعقوب اور یوحنا کو اپنے ساتھہ لیا اور گھبرانے اور بہت دلگیر ہونے لگا اور اُنسے کہا میری جان کو موت کا سا غم ہی تم یہاں ٹھہرو اور جاگتے رہو اور وہ تھوڑا آگے جاکر زمین پر گرا اور دعا مانگی کہ اگر ہوسکے تو یہہ گھڑی مجھہ سے ٹل جائے اور کہا ای ابا ای باپ سب کچھہ تجھہ سے ہو سکتا

مقدس مکان کو پامال کیا ہم قدیم سے اُنکی مانند ہوئے جنپر تو تسلط
نہیں رکھتا اور جو تیرے نام کے نہیں کہلاتے *

انجیل مرقس ۱۴ ب ۱ آ

دو دن کے بعد فسح اور فطیری روٹی کی عید تھی اور سردار کاہن
اور فقیہ تدبیر کر رہے تھے کہ اُسے کیونکر مکر سے پکڑ کے جان سے ماریں
پر اُنہوں نے کہا کہ عید کے دن نہیں ایسا نہ ہو کہ لوگوں میں فساد
ہووے اور جب وہ بیت عنیا میں کوڑھی شمعون کے گھر کھانے بیٹھا ایک
عورت جٹاماسی کا بیش قیمت خالص عطر مرمر کے عطردان میں لائی اور
ڈبیا کو توڑ کے عطر کو اُسکے سر پر ڈالا تب بعضے اپنے دل میں آزردہ ہوکے
کہنے لگے عطر کی یہہ خرابی کس لیئے ہوئی کیونکہ یہہ عطر تین سو دینار
کو بک سکتا اور غریبوں کو دیا جاتا اور وے اُسے ملامت کرنے لگے تب
یسوع نے کہا اُسے چھوڑ دو کیوں اُسے ستاتے ہو اُسنے میرے ساتھہ اچھا
سلوک کیا ہی اِس واسطے کہ غریب لوگ ہمیشہ تمہارے ساتھہ ہیں
اور جب تم چاہو اُنسے نیکی کر سکتے ہو پر میں ہمیشہ تمہارے ساتھہ
نہ ہوؤنگا جو کچھہ وہ کر سکی سو کر چکی اُسنے سبقت کرکے میرے
بدن کو دفن کے لیئے معطر کیا میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ تمام
دنیا میں جہاں کہیں اِس انجیل کی منادی کی جائیگی یہہ بھی جو
اِسنے کیا ہی اِسکی یادگاری کے لیئے بیان کیا جائیگا تب یہودا اسکریوطی
جو اُن بارہ میں سے تھا سردار کاہنوں پاس گیا تاکہ اُسے اُنکے ہاتھہ
پکڑوا دیوے وے یہہ سنکے خوش ہوئے اور اُسکو روپیہ دینیکا وعدہ کیا تب
وہ فکر میں لگا کہ کس طرح قابو پاکے اُسے پکڑوا دے اور عید فطیر کے
پہلے دن جب وے فسح کے لیئے قربانی کرتے تھے اُسکے شاگردوں نے اُسے
کہا تو کہاں چاہتا ہی کہ ہم جاکے فسح کا کھانا تیرے لیئے تیار کریں
اُسنے اپنے شاگردوں میں سے دو کو بھیجا اور اُنہیں کہا شہر میں جاؤ
وہاں ایک شخص پانی کا گھڑا اُٹھائے ہوئے تمہیں ملیگا اُسکے پیچھے ہو لو
جب وہ کسی گھر میں داخل ہووے تم اُس گھر کے مالک سے کہو اُستاد
کہتا ہی کہ وہ جگہہ جہاں میں اپنے شاگردوں کے ساتھہ فسح کھاؤں کہاں
ہی وہ ایک بڑا بالاخانہ فرش بچھا اور آراستہ تمہیں دکھاویگا وہاں ہمارے

لایا اور میرے جوش نے مجھے اُبھارا اور میں اپنے قہر سے لوگوں کو
لتاڑونگا اور ایسا کرونگا کہ وہ میرے قہر کے شراب سے متوالے ہو جاوینگے
اور اُنکے زور کو خاک میں ملا دونگا میں خداوند کي بخششوں کے
اور اُسکي نیکیوں کے مطابق جو اُسنے اپني رحمتوں کے اور اپني خاص
مہربانی کے مطابق اسرائیل کے گھرانے سے کیں خداوند کي خاص عنایتوں
کا تذکرہ کرونگا اور اُسکي ثنا گاونگا کیونکہ اُسنے کہا ھي یقیناً وے میرے
لوگ ھیں اور میرے لڑکے جو جھوٹھہ نہ بولینگے چنانچہ وہ اُنکا بچانیوالا
ہوا اُنکے سارے دکھوں مے جو اُنھیں پہنچے وہ ملول ہوا اور اُسکے حضور
کے فرشتے نے اُنھیں بچا لیا اُسنے اپني الفت اور اپني محبت سے اُنھیں
نجات دي اُسنے اُنھیں اُٹھایا اور اگلے وقت میں ہمیشہ اُنھیں لیئے پھرا
لیکن وے بغي ہوئے اور اُنھوں نے اُسکے روح قدس کو غمگین کیا اِس لیئے
وہ اُنکا دشمن ہوگیا اور اُنسے لڑا پھر اُسنے اگلے دنوں کو اور اُسکي
امت کو یاد کیا اور فرمایا وہ کہاں ھی جو اُنکو اپنے گلہ کے چوپان
سمیت دریا سے باہر لایا وہ کہاں ھی جسنے اپنے روح قدس کو اُس میں
ڈالا جسنے اپنے بازو قوي سے اُنکو موسیٰ کے دھنے ہاتھہ سے رہنمائي کي
اور اُنکے آگے دریا کو چیرا تاکہ اپنا ایسا نام کرے کہ ابد تک رہے جو
اُنکي پیشوائي کرکے اُنھیں اُس گھوڑے کي مانند جو صحرا سے گذر کر
جاے دریا کے پار لیگیا تاکہ وے ٹھوکر نہ کھاویں جسطرح سے کہ ایک
چارپایہ نشیب میں اُترتا ھی اُسیطرح خداوند کے روح نے اُنھیں آرام دیا
سو تونے اپني قوم کي رہنمائي کي تاکہ تیرا نام جلیل ہو آسمان پر سے
نگاہ کر اور اپنے قدس اور جلال کي بارگاہ سے دیکھہ کہاں ھی تیرا ولولہ اور
تیرا زور اور تیري میا اور تیري رحمتیں مجھہ پر کیا وے موقوف ہوگئیں
بیشک تو ہمارا باپ ھی اگرچہ ابراہیم ہمسے ناواقف ھی اور اسرائیل
ہمارا اقرار نہیں کرتا ای خداوند تو ہمارا باپ ھی اور ہمارا نجات
بخشنیوالا تیرا نام ابدي ھی خداوندا تو نے کیوں ایسا کیا کہ ہم تیري
راہوں سے بھٹکیں اور ہمارے دلوں کو ایسا سخت کیا کہ تجھہ سے نہ ڈریں
اپنے بندوں کي خاطر یعنے اپنے میراث کے فرقوں کے لیئے پلٹ آ تیرے
قدس کے لوگ تھوڑي مدت اُس کے مالک ہوئے ہمارے دشمنوں نے تیرے

اکیلا چھوڑا اُن میں سے بعضوں نے جو وھان کھڑے تھے سنکر کہا کہ وہ
الیاس کو پکارتا ھی ووھیں اُن میں سے ایک نے دوڑ کر بادل لیکر سرکہ
میں بھگایا اور نرکٹ پر رکھہ کر اُسے چسایا اوروں نے کہا رہ جا ھم
دیکھیں الیاس اُسے چھڑانے آتا ھی کہ نہیں اور یسوع نے پھر بڑے زور سے چلاکر
جان دي اور دیکھو ھیکل کا پردہ اوپر سے نیچے تک پھٹ گیا اور زمین
کانپي اور پتھر تڑق گئے اور قبریں کھل گئیں اور بہت لاشیں پاک
لوگون کي جو آرام میں تھے اُٹھیں اور اُسکے اُٹھنے کے بعد قبرون سے نکل
کر مقدس شہر میں جاکر بہتون کو نظر آئیں جب صوبہ دار نے اور جو
اُسکے ساتھہ یسوع کي نگہباني کرتے تھے بھونچال اور سارا ماجرا دیکھا تو
نہایت ڈر گئے اور کہنے لگے یہہ بیشک خدا کا بیٹا تھا ❋

اسٹر سے پہلا پیر

مکتوب کے عوض اشعیا کا ۶۳ ب ۱ آ

یہہ کون ھی جو ادوم سے آتا ھی اور سرخ پوشاک پہن کر
بوصرا سے یہہ جو اپنے جامہ میں جلیل دیکھہ پڑتا ھی اور اپني توانائي کي
بزرگي سے سیاحت کرتا ھی یہہ میں ھون جو راستبازي سے بولتا ھون اور
نجات دینے میں زبردست ھوں تیرے کپڑے کس لیئے سرخ ھیں اور
تیري پوشاک کیون اُس شخص کي مانند ھی جو کولھو میں انگور کو
روندتا ھی میں نے تن تنہا کولھو میں ڈال کے انگورون کا شیرہ نکالا اور
لوگون میں سے میرے ساتھہ کوئي نہ تھا کیونکہ میں اُنھیں اپنے غصے سے
لتاڑونگا اور اپنے جوش سے اُنھیں روندونگا اور اُنکا لہو میرے لباس پر
چھڑکا جائیگا اور میں اپني ساري پوشاک کو داغدار کرونگا کہ انتقام کا
دن میرے دل میں ھی اور اُسکا برس جسے میں نے نجات دي ھی آیا
ھی میں نے نگاہ کي اور کوئي مدد کرنیوالا نہ تھا میں نے تعجب کیا کہ
دستگیري کرنیوالا کوئي نہیں سو میرا اپنا بازو نجات کو میرے حضور

خون ہم پر اور ہماري اولاد پر ہو تب اُسنے براباس کو اُنکے لیئے چھوڑ دیا
اور یسوع کو کوڑے مار کر حوالے کیا کہ صلیب پر کھینچا جاوے تب
حاکم کے سپاهیون نے یسوع کو دیوان خانے میں لیجا کر اپني تمام گروہ اُسکے
گرد جمع کي اور اُسکے کپڑے اُتار کر اُسے قرمزي پیراھن پہنایا اور کانٹون
کا تاج بنا کے اُسکے سر پر رکھا اور ایک سرکنڈا اُسکے ھاتھہ میں دیا اور
اُسکے آگے گھٹنے ٹیک کر اُس پر ٹھٹھا مار کے کہا ای یہودیون کے بادشاہ
سلام اور اُسپر تھوکا اور وہ سرکنڈا لیکر اُسکے سر پر مارا اور جب وے
ٹھٹھا کر چکے تو اُس پیراھن کو اُتار کر پھر اُسي کے کپڑے اُسے پہنائے اور
صلیب پر کھینچنے کو لیچلے جب باھر جاتے تھے اُنھون نے شمعون نامي
قوریني کو بیگار پکڑا کہ اُسکي صلیب لیچلے اور ایک مقام جلجتا نامي
یعنے کھوپڑي کي جگہہ میں پہنچ کے پت ملا ھوا سرکہ اُسے پینے کو دیا
اُسنے چکھہ کے نہ چاہا کہ پیئے اور اُسے صلیب پر کھینچ کر اُسکے
کپڑون پر چٹھي ڈال کے بانٹ لیئے تاکہ جو نبي نے کہا تھا پورا ھو کہ
اُنھون نے میرے کپڑے آپس میں بانٹ لیئے اور میرے کرتے پر چٹھي
ڈالي پھر وھان بیٹھہ کے اُسکي نگہباني کرنے لگے اور اُسکي تہمت
لکھہ کر اُسکے سر کے اُوپر ٹانگ دیا کہ یہہ یسوع یہودیون کا بادشاہ
ھي اور اُسکے ساتھہ دو چور بھي صلیب پر کھینچے گئے ایک دھنے ھاتھہ
دوسرا بائیں اور جو اِدھر اُدھر سے جاتے سر ھلا کر اُس پر کفر بکتے تھے اور
کہتے تھے واہ تو جو ھیکل کا ڈھانیوالا اور تین دن میں بنانیوالا ھی آپکو
بچا اگر تو خدا کا بیٹا ھی صلیب پر سے اُتر آ یونہیں سردار کاھنون
نے بھي فقیہون اور بزرگون کے ساتھہ ٹھٹھا مار کے کہا اِسنے اورون کو
بچایا آپ کو نہیں بچا سکتا اگر اسرائیل کا بادشاہ ھی تو اب صلیب
پر سے اُتر آوے کہ ہم اُس پر ایمان لاوینگے اُسنے خدا پر بھروسا رکھا اگر وہ
اُسکا پیارا ھی تو وہ اب اُسکو چھڑاوے کیونکہ وہ کہتا تھا کہ میں خدا کا
بیٹا ھون اسي طرح وے بھي جو اُسکے ساتھہ صلیب پر کھینچے گئے تھے
اُسے برا کہتے تھے پھر دو پہر سے لیکے تیسرے پہر تک اُس ساري زمین پر
اندھیرا چھاگیا تیسرے پہر کے قریب یسوع نے بڑے شور سے چلاکر کہا ایلي
ایلي لماسبقتاني یعنے ای میرے خدا ای میرے خدا کیون تو نے مجھے

جاکے آپکو پھانسي دي سردار کاھنون نے روپئے ایکر کہا اِنھین خزانہ مین رکھنا روا نہین کہ یہہ خون کا دام ھی تب اُنھون نے صلاح کر کے اُن روپیون سے کمہار کا کھیت پردیسیون کے گاڑنے کے لیئے خریدا اُس سبب آج تک وہ کھیت خون کا کھیت کہلاتا ھی تب وہ جو ارمیا نبي کي معرفت کہا گیا تھا پورا ھوا کہ مین نے وہ تیس روپیہ لیا اُسکا دام جسکي قیمت اسرائیلون مین سے بعضون نے ٹھہرائي اور اُنھون نے وہ روپیہ کمہار کے کھیت کے واسطے دیا جیسا خداوند نے مجھے فرمایا اور یسوع حاکم کے روبرو کھڑا تھا اور حاکم نے اُس سے پوچھا کیا تو یہودیون کا بادشاہ ھی یسوع نے اُسے کہا ھان تو ٹھیک کہتا ھی اور اِس وقت سردار کاھن اور بزرگ اُس پر فریاد کر رھے تھے پر وہ کچھہ جواب نہ دیتا تھا تب پیلاطوس نے اُسے کہا کیا تو نہین سنتا کہ یے تجھہ پر کیسي کیسي گواھي دیتے ھین پر اُسنے اُسکي ایک بات کا بھي جواب نہ دیا چنانچہ حاکم نے بہت تعجب کیا حاکم کا دستور تھا کہ ھر عید کو لوگون کے واسطے ایک بندھوا جسے وے چاھتے چھوڑ دیتا تھا اُس وقت براباس نامي ایک مشہور بندھوا تھا جب وے ایکٹھے ھوئے پیلاطوس نے اُنسے کہا تم کسے چاھتے ھو کہ مین تمھارے لیئے چھوڑ دون براباس یا یسوع کو جو مسیح کہلاتا ھی کیونکہ وہ سمجھہ گیا کہ اُنھون نے اُسے ڈاہہ سے حوالے کیا اور جب وہ حکومت کي مسند پر بیٹھا اُسکي جورو نے کہلا بھیجا کہ تو اِس راستباز سے کچھہ کام نہ رکھہ کیونکہ مین نے آج خواب مین اُسکے سبب بہت تصدیع پائي لیکن سردار کاھنون اور بزرگون نے جماعت کو اُبھارا کہ براباس کو مانگ لین اور یسوع کو قتل کروائین حاکم نے پھر اُنسے کہا تم اُن دونون سے کسے چاھتے ھو کہ مین تمھارے لیئے چھوڑ دون وے بولے براباس کو پیلاطوس نے اُنسے کہا پھر یسوع کو جو مسیح کہلاتا ھی مین کیا کرون اُن سبھون نے کہا اُسے صلیب دے حاکم نے کہا کیون اُسنے کیا بدي کي پر وے اور بھي چلائے کہ اُسے صلیب دے جب پیلاطوس نے دیکھا کہ کچھہ بن نہین پڑتا بلکہ اور بھي ھلڑ ھوتا ھی تو پاني لیکے جماعت کے آگے اپنے ھاتھہ دھوئے اور کہا مین اِس راستباز کے خون سے پاک ھون تم جانو تب سب لوگون نے جواب مین کہا اُسکا

ایسٹر سے پہلا اتوار

دعا

ای قادر مطلق اور همیشه کے خدا تونے اُس بڑي محبت سے جو
انسان سے رکھتا هی اپنے بیٹے همارے نجات دینیوالے یسوع مسیح کو
بھیجا که همارا سا جسم اختیار کرے اور صلیب پر موت کا دکھه اُٹھاوے
تاکه سب انسان اُسکي کمال فروتني کے نشان پر چلیں مہرباني سے یهه
عنایت کر که هم اُسکي صبر کے پیرو اور اُسکے جي اُٹھنے کے بھي شریک
هوویں — اُسي همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

مکتوب فلپیون کا ۲ ب ۵ آ

تمهارا مزاج وهي هووے جو مسیح یسوع کا تھا که اُسنے خدا
کي صورت میں هو کے خدا کے برابر هونا غنیمت نه جانا لیکن اُسنے
آپکو نیچ کیا خادم کي صورت پکڑي آدمي کي شکل بنا اور آدمي کي
صورت میں ظاهر هوکے آپکو پست کیا اور مرنے تک بلکه صلیبي موت
تک فرمان بردار رها اِسواسطے خدا نے اُسے بهت سرفراز کیا اور اُسکو
ایسا نام جو سب نامون سے بزرگ هی بخشا تاکه یسوع کے نام پر
کیا آسماني کیا زمیني اور کیا جو زمین کے تلے هیں هرایک گھٹنا ٹیکے
اور هرایک زبان اقرار کرے که یسوع مسیح خداوند هی تاکه خدا باپ
کا جلال هووے *

انجیل متي ۲۷ ب ۱ آ

جب صبح هوئي سب سردار کاهن اور قوم کے بزرگون نے یسوع
کي بابت صلاح کي که اُسے قتل کریں پھر اُسے باندهه کر لے گئے اور
پنطوس پیلاطوس حاکم کے حوالے کیا تب یهودا جسنے اُسے پکڑوا دیا تھا
دیکھه کر که اُسکے قتل کا حکم هوا پچتایا اور وه تیس روپئے سردار کاهن
اور بزرگون پاس پھیر لایا اور کہا میں نے گناه کیا جو بیگناه کو پکڑوایا
وے بولے همیں کیا تو جان تب وه روپئے هیکل میں پھینک کر چلا گیا اور

انجیل یوحنا ۸ ب ۴۶ آ

یسوع نے کہا کون تم میں سے مجھپر گناہ ثابت کرتا ھی پر
میں جو سچ کہتا ھوں تم مجھہ پر ایمان کیوں نہیں لاتے جو خدا کا ھی
خدا کي باتیں سنتا ھی تم اِس لیئے نہیں سنتے ھو کہ تم خدا کے نہیں
ھو — تب یہودیوں نے جواب میں اُسے کہا کیا ھم اچھا نہیں کہتے کہ
تو سامري ھی اور تیرے ساتھہ دیو ھی یسوع نے جواب دیا میرے
ساتھہ دیو نہیں پر میں اپنے باپ کي عزت کرتا ھوں اور تم میري
بیعزتي کرتے ھو اور میں اپني بزرگي نہیں ڈھونڈھتا ایک ھی جو
ڈھونڈھتا ھی اور حکم کرتا ھی میں تم سے سچ سچ کہتا ھوں اگر کوئي
شخص میرے کلام پر عمل کرے تو وہ موت کو ھرگز کبھي نہ دیکھیگا
یہودیوں نے اُسے کہا اب ھمکو یقین ھی کہ تیرے ساتھہ دیو ھی ابراھیم
اور نبي مرگئے اور تو کہتا ھی اگر کوئي شخص میرے کلام پر عمل کرے
تو موت کا مزہ کبھي نہ چکھیگا کیا تو ھمارے باپ ابراھیم سے جو مرگیا
بزرگتر ھی سب نبي مرگئے تو اپنے تئیں کیا ٹھہراتا ھی یسوع نے
جواب دیا اگر میں اپني بزرگي کرتا ھوں تو میري بزرگي کچھہ نہیں پر
میرا باپ ھي جسے تم کہتے ھو ھمارا خدا ھی وہ میري بزرگي کرتا ھی
تم نے اُسے نہیں جانا لیکن میں اُسے جانتا ھوں اور اگر میں کہوں کہ
میں اُسے نہیں جانتا تو میں تمھاري طرح جھوٹھا ھوونگا پر میں اُسے
جانتا ھوں اور اُسکے کلام پر عمل کرتا ھوں تمھارا باپ ابراھیم بہت
مشتاق تھا کہ میرے دن دیکھے چنانچہ اُسنے دیکھے اور خوش ھوا تب
یہودیوں نے اُسے کہا تیري عمر ابھي پچاس برس کي نہیں اور تونے ابراھیم
کو دیکھا ھی یسوع نے اُنھیں کہا میں تم سے سچ سچ کہتا ھوں پیشتر
اُس سے کہ ابراھیم تھا میں ھوں تب اُنھوں نے پتھر اُٹھائے کہ اُسے ماریں
پر یسوع نے اپنے تئیں پوشیدہ کیا اور اُنکے بیچ میں ھوکے ھیکل سے نکلا
اور یوں چلا گیا *

اُن ٹکڑون کو جو بچ رہے ھین جمع کرو تاکہ کچھہ خراب نہ ھووے
چنانچہ اُنھون نے جمع کیئے اور جو کي پانچ روٹیون کے ٹکڑون سے جو اُن
کھانے والون سے بچ رہے تھے بارہ ٹوکریان بھرین تب اُن لوگون نے یہہ
معجزہ جو یسوع نے دیکھایا دیکھکر کہا فی الحقیقت وہ نبي جو جہان
مین آنیوالا تہا یہي ھی *

لنت کا پانچوان اتوار

دعا

ای قادر مطلق خدا ھم تیري منت کرتے ھین کہ اپنے بندون پر
کرم کي نظر کر کہ تیري کمال عنایت اُنکے جسم و جان سدا تیري
ھدایت و حفاظت مین رھین – ھمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے
سے * آمین

مکتوب عبرانیون کا ۹ ب ۱۱ آ

جب مسیح آنیوالي نعمتون کا سردار کاھن ھو آیا تو بزرگتر اور
کاملتر خیمہ کي راہ سے جو ھاتھون کا بنا نہین یعنے اِس خلقت کا نہین
نہ بکرون نہ بچھڑون کا لہو لیکے بلکہ اپنا ھي لہو لیکے پاک ترین مکان
مین ایک بار داخل ھوا کہ اُس نے ھمارے لیئے ھمیشہ کي خلاصي حاصل
کي کیونکہ اگر بیلون اور بکرون کا لہو اور کلور کي راکھہ جو ناپاکون پر
چھڑکي جانے سے بدن کي صفائي کي بابت اُنکو پاک کرسکتي ھی تو
کتنا زیادہ مسیح کا لہو جسنے بے عیب ھوکے ابدي روح کے وسیلے آپکو
خدا کے سامھنے قرباني گذرانا تمھاري تمیز کو مردے کامون سے پاک کریگا
تاکہ تم زندہ خدا کي عبادت کرو اور اِسي سبب سے وہ نئے عہد کا
درمیاني ھی تاکہ جب وہ پہلے عہد کے گناھون کے چھڑانے کے لیئے موت
ہوے تو وے جو بلائے گئے ھین ابدي میراث کا وعدہ حاصل کرین *

اوپر کي اورشليم آزاد هی سو هي هم سب کي ما هی کيونکه لکها هی که
ای بانجهه جو جنے والي نهين جي جان سے خوش هو اور تو جو درد جنے
کا نهين جانتي اب پهول اور قهقهه مار کيونکه بيکس عورت کے لڑکے
خصم والي کے لڑکون سے زياده هين— پس ای بهائيو هم اسحاق کي طرح
وعدے کے فرزند هين پر جيسا اُس وقت وه جسکي پيدايش جسماني تهي
اُسے جسکي پيدايش روحاني تهي ستاتا تها ويسا اب بهي هوتا هی پر
کتاب کيا کهتي هی که لونڈي کو اور اُسکے بيٹے کو نکال کيونکه لونڈي کا
بيٹا آزاد کے بيٹے کے ساتهه هرگز وارث نهوگا غرض ای بهائيو هم لونڈي
کے بيٹے نهين بلکه آزاد کے هين *

انجيل يوحنا ٦ ب ١ آ

يسوع درياے جليل کے پار جو درياے طبرياس هی گيا اور
ايک بڑي بهيڑ اُسکے پيچهے هو لي کيونکه اُنهون نے اُسکے معجزے جو
اُسنے بيمارون پر دکهائے ديکهے تهے پهر يسوع ايک پهاڑ پر گيا اور وهان
اپنے شاگردون کے ساتهه بيٹها اور فسح جو يهوديون کي ايک عيد هی
نزديک تهي پهر جب يسوع نے آنکهين اوپر کين اور ديکها که بڑي بهيڑ
اُس پاس آتي هی تو فيلبوس سے کها که هم کهان سے اُنکے کهانے کے ليئے
روٹيان خريدين پر اُس نے يهه امتحان کي راه سے کها تها کيونکه وه
آپ جانتا تها جو کيا چاهتا تها فيلبوس نے اُسے جواب ديا که اگر اُن مين
سے هرايک کو ايک هي ايک ٹکڑا ديا جاے تو دو سو دينار کي روٹيان
اُنکے ليئے بس نه هونگي ايک نے اُسکے شاگردون مين سے جو شمعون پطرس
کا بهائي اندرياس تها اُسے کها يهان ايک چهوکرے کے پاس جو کي پانچ
روٹيان اور دو چهوٹي مچهليان هين پر يے اتنے لوگون مين کيا هين تب
يسوع نے کها که لوگون کو بيٹهاؤ اور اُس جگهه بهت گهاس تهي چنانچه
وے لوگ جو گنتي مين قريب پانچ هزار کے تهے بيٹهے اور يسوع نے
روٹيان اُٹها لين اور شکر کرکے شاگردون کو دين اور شاگردون نے اُنهين جو
بيٹهے تهے بانٹين اور اِسي طرح مچهليون مين سے جس قدر که وے
چاهتے تهے اور جب وے سير هو چکے تو اُسنے اپنے شاگردون سے کها که

جمع نہین کرتا سو بتھراتا هی- جب ناپاک روح آدمي سے باهر نکلتي تو سوکھي جگھون مین آرام ڈھونڈھتي پھرتي اور جب نہین پاتي کہتي هی کہ مین اپنے گھر کو جس سے نکلي هون پھر جاونگي اور آکے اُسے جھاڑا اور لیس پاتي هی تب جاکے اور سات روحین جو اُس سے بدتر هین اپنے ساتھہ لاتي هی اور آکے اُس مین بستي هی اور اُس آدمي کا پچھلا حال پہلے سے برا هوتا هی — اور ایسا هوا کہ جب وہ یہہ کہتا تھا ایک عورت نے اُس جماعت مین سے پکار کے اُسے کہا مبارک هی وہ پیٹ جس مین تو رها اور وے چھاتیان جو تونے پئین اُسنے کہا هان مبارک وے هین جو خدا کا کلام سنتے اور مانتے هین *

لنت کا چوتھا اتوار

دعا

ای قادر مطلق خدا هم تیري منت کرتے هین همین جو اپنے برے کامون کے سبب عدل کي راہ سے سزا کے لایق هین یہہ عنایت کر کہ تیرے فضل کي تسلي حاصل کرکے مہرباني کي راہ سے هم خلاصي پاوین- همارے خداوند اور نجات دینیوالے یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

مکتوب گلتیون کو ۴ سب ۲۱ آ

مجھہ سے کہو تو تم جو شریعت کے تابع هوا چاهتے هو کیا تم نہین سنتے کہ شریعت کیا کہتي هی کہ یہہ لکھا هی ابراهیم کے دو بیٹے تھے ایک لونڈي سے دوسرا آزاد سے پر وہ جو لونڈي سے تھا جسم کے طور پر پیدا هوا اور جو آزاد سے تھا سو وعدہ کے طور پر یے باتین تمثیلین هین اِس لیئے کہ یے عورتین دو عہد هین ایک تو سینا پہاڑ کي جو نرے غلام جنتي هی یہہ حاجرہ هی کیونکہ حاجرہ عرب کا کوہ سینا اور یہان کي اورشلیم کا جواب هی اور اپنے لڑکون کے ساتھہ غلامي مین هی پر

کوئي حرام کار اور ناپاک اور لالچي جو بت پرست هی مسیح اور خدا
کي بادشاهت کا وارث نهین هی کوئي تمکو بیهوده باتون سے بهلاوا
نه دے کیونکه ایسي باتون کے سبب خدا کا غضب نافرمان بردارون پر
پڑتا هی پس تم اُنکے شریک نه هو کیونکه تم آگے تاریکي تهے پر اب خدا
مین هوکے نور هو تم نور کے فرزندون کي طرح چلو اِس لیئے که نور کا
پهل کمال خوبي اور راستبازي اور سچائي هی اور دریافت کرو که خداوند
کو کیا خوش آتا هی اور تاریکي کے لا حاصل کامون مین شریک مت هو
بلکه بیشتر اُنکو ملامت کرو کیونکه اُنکے پوشیده کامون کا ذکر بهي کرنا
شرم هی اور ساري چیزین جو ملامت کے لایق هین روشني سے ظاهر
هوتي هین کیونکه هر ایک چیز جو روشن کرتي روشني هی اِس لیئے وه
کهتا هی ارے تو جو سوتا هی جاگ اور مردون مین سے اُٹهه که مسیح
تجهے روشن کریگا *

انجیل لوقا ۱۱ ب ۱۴ آ

یسوع ایک دیو کو جو گونگا تها نکالتا تها اور ایسا هوا که
جب دیو نکل گیا وه گونگا بولا اور لوگون نے تعجب کیا پر بعضون نے
اُن مین سے کها که وه دیوون کے سردار بعلزبول کي مدد سے دیوون کو
نکالتا هی اورون نے آزمایش کے لیئے اُس سے ایک آسماني نشان مانگا پر
اُسنے اُنکے خیالون کو جان کے اُن سے کها که جو بادشاهت آپس مین
برخلاف هوتي ویران هو جاتي هی اور ایسا هر ایک گهر بهي اُجڑ جاتا
هی پس اگر شیطان اپنے سے خلاف هو جاے تو اُسکي بادشاهت کیونکر قایم
رهیگي کیونکه تم کهتے هو مین دیوون کو بعلزبول کي مدد سے نکالتا هون
بهلا اگر مین دیوون کو بعلزبول کي مدد سے نکالتا هون تو تمهارے بیتے
کسکي مدد سے نکالتے هین اِس لیئے وهي تمهارا انصاف کرینگے پر اگر مین
خدا کي قدرت سے دیوون کو نکالتا هون تو بیشک خدا کي بادشاهت
تمهارے پاس آپهنچي جب زورآور آدمي هتهیار باندهه کے اپنے گهر کي
چوکي دیتا هی اُسکا مال بچا رهتا هی پر اگر کوئي اُس سے زورآور آکے اُسے جیتے
تو سب هتهیار جسپر اُسکا بهروسا هی چهین لیتا هی اور اُسکے مال کو
بانٹ دیتا هی جو میرے ساتهه نهین میرا مخالف هی جو میرے ساتهه

اور دیکھو ایک کنعاني عورت وہان کي سرحد سے نکل کے پکارتي ہوئي چلي آئي کہ ای خداوند داوٗد کے بیٹے مجھہ پر رحم کر کہ میري بیٹي سخت دیواني ہی اُسنے اُسے کچھہ جواب نہ دیا تب اُسکے شاگردون نے پاس آکر اُسکي منت کي کہ اُسے رخصت کر کیونکہ وہ ہمارے پیچھے چلاتي ہی اُسنے جواب مین کہا مین اسرائیل کے گھر کي کھوئي ہوئي بھیڑون کے سوا اور کسي پاس نہین بھیجا گیا پر وہ آئي اور اُسے سجدہ کرکے کہا ای خداوند میري مدد کر اُسنے جواب دیا مناسب نہین کہ لڑکون کي روٹي لیکر کتون کو پھینک دیوین اُسنے کہا سچ ای خداوند مگر کتے بھي جو ٹکرے اُنکے خداوند کي میز سے گرتے کھاتے ہین تب یسوع نے جواب مین اُسے کہا ای عورت تیرا اعتقاد بڑا ہی جو چاہتي ہی تیرے لیئے ہو جاے اور اُسي دم اُسکي بیٹي چنگي ہوگئي *

لنت کا تیسرا اتوار

دعا

ای قادر مطلق خدا ہم تیري منت کرتے ہین کہ اپنے عاجز بندون کي دلي آرزون پر نگاہ کر اور اپني جناب کا دھنا ہاتھہ بڑھا تاکہ وہ ہمارے سب دشمنون سے ہماري پناہ ہووے — ہمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

مکتوب افسیونکو ۵ ب ۱ آ

پس تم عزیز فرزندون کي طرح خدا کے پیرو ہو اور محبت کے طور پر چلو جیسے مسیح نے بھي ہم سے محبت کي اور خوشبو کے لیئے ہمارے عوض مین اپنے تئین خدا کے آگے نذر اور قربان کیا اور حرام کاري اور ہر طرح کي ناپاکي اور لالچ کا تم مین ذکر تک نہو جیسا مقدس لوگون کو مناسب ہی اور گندگي اور بیہودہ بات یا ٹھٹھے بازي جو نامناسب ہی نہ ہووے بلکہ بیشتر شکر گذاري کیونکہ تم اِس سے واقف ہو کہ

هی سجدہ کر اور صرف اُسي کي بندگي کر تب شیطان اُسے چھوڑ گیا
اور دیکھو فرشتون نے آکے اُسکي خدمت کي *

لنت کا دوسرا اتوار

دعا

اي قادر مطلق خدا تو دیکھتا هی کہ همین اپنے سنبھالنے کي کچھہ طاقت نہین ظاهر مین همارے بدن اور باطن مین هماري روح کي حفاظت کر کہ هم اُن سب مصیبتون سے جو بدن پر آیا چاهین اور اُن سب برے خیالون سے جو روح پر حملہ کرین اور اُسکا نقصان کیا چاهین بچے رهین — همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

مکتوب ۱ تسلنیقیون کو ۴ ب ۱ آ

اي بھائیو هم تم سے خداوند یسوع کے واسطے عرض اور منت کرتے هین کہ جیسا تم نے هم سے سیکھا کہ کس طرح چلنا اور خدا کو خوش رکھنا ضرور هی اُس مین ترقي کرو کہ تم جانتے هو کہ هم نے تم کو خداوند یسوع کي طرف سے کیا حکم دیا کیونکہ خدا کي مرضي یہہ هی کہ تم پاک هوکے حرام کاري سے اپنے تئین باز رکھو تاکہ هرایک تم مین سے اپنے بدن کو پاکیزگي اور عزت کے ساتھہ رکھنا جانے نہ شہوت کي بد مستي مین غیر قومون کي مانند جو خدا کو پہچانتے نہین اور کوئي کسي بات مین اپنے بھائي سے بیجا اور اُسپر زیادتي نکرے کیونکہ خداوند اُن سب کامون کا بدلا لینیوالا هی چنانچہ هم نے آگے بھي تم سے کہا اور گواهي دي کہ خدا نے هم کو ناپاکي کے لیئے نہین بلکہ پاکیزگي کے لیئے بلایا اِسواسطے جو حقارت کرتا هی سو آدمي کي نہین بلکہ خدا کي حقارت کرتا هی جسنے همین اپنا پاک روح بھي دیا *

انجیل متي ۱۵ ب ۲۱ آ

یسوع وهان سے روانہ هوکے صور و صیدا کي سرحدون مین گیا

ٹھوکر کھانے کے باعث نہیں ہوتے تاکہ یہہ خدمت بدنام نہ ہو پر آپ کو
ہرایک بات میں خدا کے خادم کي طرح ظاہر کرتے ہیں بڑي
برداشت سے مصیبتون سے احتیاجون سے تنگیون سے مار پیٹ سے قید سے
ہنگامون سے محنتون سے بیداریون سے فاقون سے پاکیزگي سے علم سے صبر
سے مہرباني سے پاک روح سے بے ریا محبت سے راستي کي بات سے خدا
کي قدرت سے راستبازي کي ہتھیارون سے جو دہنے بائین ہیں عزت
اور بیعزتي سے بدنامي اور نیک‌نامي سے دغاباز کي مانند ہیں پر سچے
ہیں گمنام کي مانند ہیں پر مشہور ہیں مردے کي مانند ہیں پر
دیکھو ہم جیتے ہیں تنبیہہ پانیوالون کي مانند ہیں پر موئے نہیں غمگین
کي مانند ہیں پر ہمیشہ خوش ہیں کنگال کي مانند ہیں پر بہتون کو
دولتمند کرتے ہیں نادار کي مانند ہیں پر سب کچھہ رکھتے ہیں *

انجیل متي ۴ ب ۱ آ

تب یسوع روح کي ہدایت سے بیابان میں گیا تاکہ شیطان
اُسے ازماوے اور جب چالیس دن رات روزہ رکھہ چکا آخر کو بھوکھا ہوا
اور آزمایش کرنیوالے نے اُس پاس آکے کہا اگر تو خدا کا بیٹا ہی تو کہہ کہ
یہہ پتھر روٹي بن جاوین اُسنے جواب میں کہا لکھا ہی کہ انسان صرف
روٹي سے نہیں بلکہ ہر ایک بات سے جو خدا کے منہہ سے نکلتي جیتا
ہی تب شیطان اُسے مقدس شہر میں ساتھہ لے گیا اور ہیکل کي منڈیر پر
کھڑا کرکے اُسے کہا کہ اگر تو خدا کا بیٹا ہی تو اپنے تئین نیچے گرادے
کیونکہ لکھا ہی وہ تیرے لیئے اپنے فرشتون کو فرماویگا کہ تجھے ہاتھون
پر اُٹھا لیین ایسا نہ ہو کہ تیرے پانو کو پتھر سے ٹھیس لگے یسوع نے
اُسے کہا یہہ بھي لکھا ہی کہ تو خداوند کو جو تیرا خدا ہی مت
آزما پھر شیطان اُسے ایک بڑے اونچے پہاڑ پر لے گیا اور دنیا کي ساري
بادشاہتین اور اُنکي شان و شوکت اُسے دکھائین اور اُس سے کہا اگر تو گرکے
مجھے سجدہ کرے تو یہہ سب کچھہ تجھے دونگا تب یسوع نے اُسے کہا
اے شیطان دور ہو کیونکہ لکھا ہی کہ تو خداوند ہي کو جو تیرا خدا

انجیل متي ٦ ب ١٦ آ

جب تم روزہ رکھو مکارون کي مانند اپنا چہرہ اُداس نہ بناؤ کیونکہ وے اپنا منہہ بگاڑتے ھین کہ لوگ اُنھین روزہ دار جانین مین تم سے سچ کہتا ھون کہ وے اپنا اجر پاچکے پر جب تو روزہ رکھے اپنے سر کو چکنا کر اور اپنا منہہ دھو تاکہ آدمي نہین بلکہ تیرا باپ جو پوشیدہ ھی تجھے روزہ‌دار جانے اور تیرا باپ جو پوشیدگي مین دیکھتا ھی ظاھر مین تجھے اجر دیگا مال اپنے واسطے زمین پر جمع نکرو جہان کیڑا اور مورچہ خراب کرتے ھین اور جہان چور سیندھہ دیکے چراتے ھین بلکہ مال اپنے لیئے آسمان پر جمع کرو جہان نہ کیڑا نہ مورچہ خراب کرتا اور نہ چور سیندھہ دیکے چراتے ھین کیونکہ جہان تمھارا خزانہ ھی وھین تمھارا دل بھي لگا رھیگا *

لنت کا پہلا اتوار

دعا

اي خداوند تو نے ھماري خاطر چالیس دن اور چالیس رات روزہ رکھا ھم پر فضل کر کہ ایسي پرھیزگاري اختیار کرین کہ ھمارے جسم روح سے مغلوب ھوکر راستبازي اور سچي پاکیزگي سے تیري الہي تحریک کو ھمیشہ مانتے رھین تاکہ تیري بزرگي اور جلال ظاھر ھووے کہ تو باپ اور روح‌قدس کے ساتھہ ایک خدا ابد تک زندہ اور سلطنت کرتا ھی * آمین

مکتوب ٢ قرنتیون کو ٦ ب ١ آ

پس ھمخدمت ھوکے ھم تم سے منت بھي کرتے ھین کہ خدا کا فضل قبول کرنا تمھارا عبث نہو کیونکہ وہ کہتا ھی کہ مین نے قبولیت کے وقت مین تیري سني اور نجات کے دن تیري مدد کي — دیکھو اب قبولیت کا وقت ھي دیکھو اب نجات کا دن ھی — ھم کسي کے

لنٹ کا پہلا دن جسے آش ویڈنزڈے کہتے ھین

دعا

اي قادر مطلق اور ھمیشہ کے خدا جو اپنے کسي مخلوق سے دشمني نہین رکھتا اور سب توبہ کرنے والون کے گناھون کو بخشتا ھی ھم مین نئے اور توبہ کرنیوالے دل پیدا کر اور بنا کہ ھم اپنے گناھون کے لایق افسوس اور اپني خرابي کا اقرار کرکے تجھہ سے جو سب رحمتون کا خدا ھی کامل مغفرت اور معافي حاصل کرین — ھمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

یہہ دعا لنٹ بھر ھر روز اس دن کي مقرري دعا کے بعد پڑھي جاوے

مکتوب کے عوض یوئیل نبي کي کتاب ۲ ب ۱۲ آ

خداوند فرماتا ھی کہ تم اپنے سارے دل سے روزے اور ماتم اور زاري کے ساتھہ میري طرف پھرو تم اپنے دلون کو چاک کرو نہ کہ اپنے گریبان اور خداوند اپنے خدا کي طرف متوجہ ھوؤ کیونکہ وہ کریم و رحیم ھی قہر کرنے مین دھیما اور بڑا دردمند اور دکھہ دینے سے ملول ھوتا ھی کیا جانے وہ شاید باز آوے اور پچھتاوے اور اپنے پیچھے ایک برکت چھوڑ جاوے یعنے ایک خوردني ھدیہ اور نوشیدني ھدیہ خداوند تمھارے خدا کے لیئے — صیھون مین نرسنگا پھونکو ایک دن روزے کے لیئے مقدس ٹھہراؤ مقدس جماعت کي منادي کرو لوگون کو جمع کرو جماعت کو پاک کرو بزرگون کو جمع کرو لڑکون کو اور اُنکو جو چھاتیان چوستے ھین ایک جا کرو دولھا اپني شبستان سے اور دولھن اپنے خلوت خانہ سے باھر نکلین کاھن خداوند کے خادم سایبان اور قربانگاہ کے درمیان رووین اور یون کہین کہ اي خداوند اپنے لوگون سے تحمل کر اور اپني ملک کو بے عزت نہ ھونے دے کہ غیر قومین اُنپر حکومت کرین وے قومون کے درمیان کاھیکو کہین کہ اُنکا خدا کہان ھی *

رکھتي هی سب کي برداشت کرتي هی محبت کبھي جاتي نہين رهتي اگر
نبوتين هين تو موقوف هونگي اگر زبانين هين تو بند هو جائينگي اگر
علم هی تو لاحاصل هو جائيگا کيونکه همارا علم ناقص هی اور هماري
نبوت نا تمام پر جب کمال هوگا تو ناقص نيست هو جائيگا جب
مين لڑکا تھا تب ميري بولي لڑکے کي سي اور مزاج لڑکے کا سا اور
سمجھه لڑکے کی سي تھي پر جب جوان هوا تب مين نے لڑکائي سے
هاتھه اُٹھايا که اب هم آئينے سے دهندهلا سا ديکھتے هين پر تب روبرو
ديکھينگے اِس وقت ميرا علم ناقص هی پر اُس وقت مين اِسطرح جانونگا
جسطرح وه مجھے جانتا هی اب تو ايمان اميد محبت يے تينون
موجود هين پر اُن مين جو بڑهه کر هی سو محبت هی *

انجيل لوقا ۱۸ ب ۳۱ آ

پھر يسوع نے بارهون کو ساتھه ليکے اُن سے کہا که ديکھو هم اورشليم
کو جاتے هين اور سب کچھه جو نبيون کي معرفت ابن آدم کے حق مين
لکھا هی پورا هوگا کيونکه وه قومون کے حوالے کيا جائيگا وے اُسکو ٹھٹھے
مين اُڑاوينگے اور بے عزت کرينگے اور اُسکے منهه پر تھوکينگے اور اُسکو کوڑه
مارکے قتل کرينگے اور وه تيسرے دن جي اُٹھيگا ليکن اُنھون نے اُن مين
سے کوئي بات نه سمجھي اور يهه کلام اُنپر چھپا رها اور اِن باتون کا
مطلب ذره اُن کي سمجھه مين نه آيا پھر ايسا هوا که جب وه اريحا
کے نزديک آيا ايک اندها راه پر بيٹھا بھيکھه مانگتا تھا اُسنے جماعت
کو گذرتے هوئے سنکے پوچھا که کيا هی تب اُنھون نے اُس سے کہا که
يسوع ناصري جاتا هی اُسنے پکار کے کہا ای يسوع داؤد کے بيٹے مجھه پر
رحم کر اُنھون نے جو آگے جاتے تھے اُسکو ڈانٹا که چپ ره پر وه اور بھي
چلايا که ای داؤد کے بيٹے مجھه پر رحم کر تب يسوع نے ٹھہر کے فرمايا
که اُسکو ميرے پاس لاؤ جب نزديک آيا اُسنے اُس سے پوچھا تو کيا چاهتا
هی که مين تيرے واسطے کرون اُسنے کہا ای خداوند يهه که مجھے آنکھين
مليں يسوع نے اُسے کہا که مليں تيرے ايمان نے تجھے چنگا کيا وه اُسي دم
ديکھنے لگا اور خدا کي تعريف کرتا هوا اُسکے پيچھے چلا اور سب لوگون
نے ديکھه کے خدا کي تعريف کي *

قبول کر لیتے ھین لیکن جڑ نہین رکھتے کچھہ دن ایمان لاکے آزمایش کے وقت پھر جاتے اور جو کانٹون مین گرے وے ھین کہ سنتے اور جاکے فکر اور دولت اور زندگانی کے عیش مین دب جاتے اور پھل کے پکنے کی نوبت نہین پہنچتی پر جو اچھی زمین پر گرے وے ھین جو اچھے اور نیک دل سے کلام کو سنکے یاد رکھتے اور صبر کرکے پھلتے ھین *

لنت سے آگے پہلا اتوار

دعا

اے خداوند تونے ھمین سکھایا کہ ھمارے سب کام محبت بغیر نکمے ھین اپنے روح قدس کو بھیج اور ھمارے دلون مین محبت ڈال کہ وہ تمام تحفون سے عمدہ انعام ھے وہ تو صلح اور ساری خوبیون کی اصل بندش ھے اور بغیر اُسکے جو کوئی جیتا وہ تیرے نزدیک مردہ ٹھہرا ھے — یہہ اپنے اِکلوتے بیٹے یسوع مسیح کی خاطر بخش * آمین

مکتوب ۱ قرنتیون کا ۱۳ ب ۱ آ

اگر مین آدمی یا فرشتون کی زبانین بولون اور محبت نہ رکھون تو مین ٹھنٹھناتا پیتل یا جھنجھناتا جھانجھہ ھون اور اگر مین نبوت کرون اور اگر مین غیب کی سب باتین اور سارے علم جانون اور میرا ایمان پورا ھو یہان تک کہ مین پہاڑون کو چلاؤن پر محبت نہ رکھون تو مین کچھہ نہین ھون اور اگر مین اپنا سارا مال خیرات مین دے ڈالون یا اگر مین اپنا بدن دون کہ جلایا جاے پر محبت نہ رکھون تو مجھے کچھہ فائدہ نہین محبت صابر ھے ملایم ھے محبت ڈاہ نہین کرتی محبت شیخی نہین کرتی پھولتی نہین بے موقع نہین کرتی خود غرض نہین تند مزاج نہین بدگمان نہین ناراستی سے خوش نہین بلکہ راستی سے خوش ھے سب باتون کو پی جاتی ھے سب کچھہ باور کرتی ھے سب چیز کی امید

کھانے میں حد سے زیادہ قیدون میں بیشتر موتون مین اکثر مین نے یہودیون سے پانچ بار ایک کم چالیس کوڑے کھائے تین بار چھڑیون سے مار کھائي ایک دفعہ پتھراو کیا گیا تین مرتبہ جہاز ٹوٹ جانے کي بلا مین پڑا ایک رات دن سمندر میں کاٹا میں سفرون مین بہت دریاؤن کے خطرون میں چورون کے خطرون میں اپني قومون سے خطرون مین غیر قومون سے خطرون مین شہر کے بیچ خطرون مین جنگل کے بیچ خطرون میں سمندر کے بیچ خطرون میں جھوٹھے بھائیون کے بیچ خطرون مین رہا ہون محنت اور مشقت میں بیداریون میں بارہا بھوکھہ اور پیاس مین فاقون میں اکثر سردي اور ننگے رہنے کي حالت مین بھي رہا ہون ان باہروالي چیزون کے سوا ساري کلیسیاؤن کي فکر مجھہ کو ہر روز دباتي ہی کون کمزور ہی کہ مین کمزور نہیں ہون کون ٹھوکر کھاتا ہی کہ مین نہین جلتا اگر فخر کیا چاہیئے تو میں اپني کمزوریون پر فخر کرونگا ہمارے خداوند یسوع مسیح کا خدا اور باپ جو ابد تک مبارک ہي جانتا ہی کہ میں جھوٹھہ نہیں کہتا *

انجیل لوقا ۸ ب ۴ آ

جب بڑي بھیڑ ہوئي اور ہر شہر کے لوگ اُسکے پاس آئے تھے اُسنے تمثیل مین کہا کہ ایک کسان بیج بونے گیا اور بوتے وقت کچھہ راہ کے کنارے گرا اور روندا گیا اور چڑیوُن نے اُسے چگ لیا اور کچھہ پتھر پر گرا اور اُگ کے سوکھہ گیا کیونکہ اُسے تري نہ پہنچي اور کچھہ کانٹون میں گرا کانٹون نے ساتھہ بڑھہ کے اُسے دبا لیا اور کچھہ اچھي زمین مین گرا اور اُگ کے سوگنا پھلا یہہ کہہ کے اُسنے پکارا جسے سننے کا کان ہو سنے اُسکے شاگردون نے اُسے پوچھا کہ یہہ تمثیل کیا ہی اُسنے کہا کہ خدا کي بادشاہت کا بھید سمجھنا تمھین دیا گیا ہی پر اورون کو تمثیل میں کہ دیکھتے ہوئے نہ دیکھین اور سنتے ہوئے نہ سمجھین تمثیل یہہ ہي کہ بیج خدا کا کلام ہی جو راہ کے کنارے ہین وہ ہین کہ سنتے ہین تب شیطان آکے اُس کلام کو اُنکے دل سے نکال لیجاتا ہي ایسا نہو کہ ایمان لاکے نجات پاویں اور پتھر پر کے وے ہین کہ جب کلام کو سنتے ہین تو خوشي سے

تو گھرکے مالک پر کڑکڑائے اور کہا پچھلون نے ایک ھي گھنٹے کام کیا اور تونے اُنھیں ھمارے برابر کودیا جنھون نے تمام دن کي محنت اور دھوپ سہي اُسنے اُن مین سے ایک کے جواب مین کہا ای میان مین تجھہ پر ظلم نہین کرتا کیا تو ایک دینار پر مجھسے راضي نہ تھا تو اپنا لے اور چلا جا مین جتنا تجھے دیتا ھون پچھلے کو بھي دونگا کیا روا نہین کہ اپنے مال سے جو چاھون سو کرون کیا تو اِس لیئے بري نظر سے دیکھتا ھی کہ مین نیک ھون اِسي طرح پچھلے پہلے ھونگے اور پہلے پچھے کیونکہ بہت سے بلائے گئے پر چنے ھوئے تھوڑے ھین *

لنت سے آگے دوسرا اتوار

دعا

ای خداوند خدا تو دیکھتا ھی کہ جو کچھہ ھم کرتے ھین اُسپر بھروسا نہین رکھتے رحم کر کے یہہ بخش کہ ھم تیري قدرت سے ھرایک مصیبت سے محفوظ رھین — ھمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

مکتوب ۲ قرنتیون کا ۱۱ ب ۱۹ آ

تم آپ عقلمند ھوکر بےوقوفون کي برداشت خوشي سے کرتے ھو کہ جب کوئي تمھین غلام بناتا ھی یا جب کوئي تمھین نگلتا ھی یا جب کوئي تم سے کچھہ لیتا ھی یا جب کوئي آپ کو بلند کرتا ھی یا جب کوئي تمھارے منہہ پر طمانچہ مارتا ھی تب تم برداشت کرتے ھو مین بےحرمتي کي بابت بولتا ھون کہ گویا ھم کمزور تھے پر جس بات مین کوئي دلیر ھی تو بیوقوفي سے یہہ کہتا ھون کہ مین بھي دلیر ھون کیا وے عبراني ھین مین بھي ھون کیا وے اسرائیلي ھین مین بھي ھون کیا ابراھیم کي نسل ھین مین بھي ھون کیا مسیح کے خادم ھین مین نادانی سے کہتا ھون کہ مین زیادہ تر ھون یعنے محنتون مین زیادہ کوڑے

مہرباني اور رحمت سے تیرے نام کے جلال کے لیئے چھوٹ جاوین— یہہ ہمارے نجات دینے والے یسوع مسیح کے واسطے ہو جو تیرے اور روح‌قدس کے ساتھہ سدا ایک خدا ابد تک جیتا اور سلطنت کرتا ہی * آمین

مکتوب ۱ قرنتیون کا ۹ ب ۲۴ آ

کیا تم نہین جانتے ہو کہ میدان مین جب دوڑتے ہین تو سب دوڑتے ہین پر بازي ایک ہي پاتا ہی پس تم ایسا دوڑو کہ تم جیتو اور ہرایک کشتي گیر سب باتون کا پرہیز رکھتا ہی سو وے اُس تاج کے لیئے جو فاني ہی اور ہم اُس تاج پانے کو جو باقي ہی یہہ کرتے ہین سو مین دوڑتا ہون پر بے ٹھکانے نہین مین گھوسے لڑتا ہون پر اُسکي مانند نہین جو ہوا کو مارتا ہی بلکہ مین اپنے بدن کو پیسے ڈالتا ہون اور باندھہ کے کھسیٹے لیئے پھرتا ہون نہووے کہ مین اورون کو منادي کرکے آپ نامقبول ٹھہرون *

انجیل متي ۲۰ ب ۱ آ

آسمان کي بادشاہت اُس گھروالے کي مانند ہی جو تڑکے باہر نکلا تاکہ اپنے انگورستان مین مزدور لگاوے اور اُسنے ایک ایک دینار مزدورون کا روزینہ مقرر کرکے اُنہین اپنے انگورستان مین بھیجا اور اُسنے پہر دن چڑھے باہر جاکے اورون کو بازار مین بیکار کھڑے دیکھا اور اُن سے کہا تم بھي انگورستان مین جاو جو کچھہ واجبي ہی تمہین دونگا سو وے گئے پھر اُسنے دوپہر اور تیسرے پہر کو باہر جاکے ویساہي کیا ایک گھنٹا دن رہتے پھر باہر جاکے اورون کو بیکار کھڑے پایا اور اُن سے کہا تم کیون یہان تمام دن بیکار کھڑے رہتے ہو اُنہون نے اُس سے کہا اِس لیئے کہ کسي نے ہم کو مزدوري پر نہین رکھا اُسنے اُنہین کہا تم بھي انگورستان مین جاوٗ اور جو کچھہ واجبي ہی پاوگے جب شام ہوئي انگورستان کے مالک نے اپنے کارندے سے کہا مزدورون کو بلا اور پچھلون سے لیکے پہلون تک اُنکي مزدوري دے جب وے جنہون نے گھنٹے بھر کام کیا تھا آئے تو ایک ایک دینار پایا جب اگلے آئے اُنہین یہہ گمان تھا کہ ہم زیادہ پاوینگے پر اُنہون نے بھي ایک ایک دینار پایا جب اُنہون نے یہہ پایا

نہ جاننا اے بچو تمھیں کوئی فریب دینے نہ پاوے جو کوئی راستبازی کیا کرتا ہی سو راستباز ہی جیسا وہ راستباز ہی جو کوئی گناہ کیا کرتا ہی سو شیطان کا ہی کہ شیطان شروع سے گنہگار ہی خدا کا بیٹا اسلیئے ظاہر ہوا کہ شیطان کے کاموں کو نیست کرے *

انجیل متی ۲۴ ب ۲۳ آ

تب اگر کوئی تم سے کہے کہ دیکھو مسیح وہاں یا یہاں ہی تو نہ ماننا کیونکہ جھوٹھے مسیح اور جھوٹھے نبی ظاہر ہونگے اور ایسے بڑے نشان اور کرامتیں دکھاوینگے کہ اگر ہو سکتا تو وے چنے ہوؤں کو بھی گمراہ کرتے دیکھو میں تمھیں آگے ہی کہہ چکا پس اگر وے تمھیں کہیں کہ دیکھو وہ جنگل میں ہی تو باہر نہ جائیو یا کہ دیکھو وہ کوٹھری میں ہی تو نہ مانیو کیونکہ جیسی بجلی پورب سے کوند کے پچھم تک چمکتی ویسا ہی ابن آدم کا آنا بھی ہوگا کیونکہ جہاں مردار ہو وہاں گدھ بھی جمع ہونگے اُن دنوں کی مصیبت کے بعد ترت سورج اندھیرا ہوجائیگا اور چاند اپنی روشنی نہ دیگا اور ستارے آسمان سے گرجائینگے اور آسمان کی قوتیں ہل جائینگی تب ابن آدم کا نشان آسمان پر ظاہر ہوگا اور اُس وقت زمین کے سارے گھرانے چھاتی پیٹینگے اور ابن آدم کو بڑی قوت اور جلال کے ساتھہ آسمان کے بادلوں پر آتے دیکھینگے اور وہ نرسنگے کے بڑے شور کے ساتھہ اپنے فرشتوں کو بھیجیگا وے اُسکے چنے ہوؤنکو چاروں طرف سے آسمان کی اِس حد سے اُس حد تک جمع کرینگے *

لنت یعنی روزے سے آگے تیسرا اتوار

دعا

اے خداوند ہم تیری منت کرتے ہیں اپنے بندوں کی دعائیں توجہہ کرکے سن کہ ہم جو اپنے گناہوں کی واجبی سزا پاتے ہیں تیری

کہونگا کہ پہلے کڑوے دانے جمع کرو اور جلانے کے واسطے اُنکے گٹھے باندھو پر گیہوں میری کوٹھی میں جمع کرو *

اپیفنی کے بعد چھٹھواں اتوار

دعا

ای خدا جسکا مبارک بیٹا اِس لیئے ظاہر ہوا کہ شیطان کے کاموں کو نیست و نابود کرے اور ہمیں خدا کے فرزند اور ہمیشہ کی زندگی کے وارث ٹھہراوے ہم تیری منت کرتے ہیں ہمیں یہہ بخش کہ ہم یہہ امید رکھہ کر اپنے کو ایسا پاک کریں جیسا وہ پاک ہی تاکہ جب وہ قوت اور بڑے جلال کے ساتھہ پھر ظاہر ہو تو ہم اُسکی ابدی شان و شوکت کی سلطنت میں اُسکی مانند ہو جاویں جہاں وہ تیرے ساتھہ ای باپ اور تیرے ساتھہ ای روح قدس سدا ایک خدا ابد تک جیتا اور سلطنت کرتا ہی * آمین

مکتوب ۱ یوحنا ۳ ب ۱ آ

دیکھو کیسی محبت باپ نے ہم سے کی کہ ہم خدا کے فرزند کہلاویں اِسواسطے دنیا ہم کو نہیں جانتی کہ اُسنے اُسکو نہیں جانا پیارو اب ہم خدا کے فرزند ہیں اور یہہ تو اب تک ظاہر نہیں ہوتا کہ ہم کیا کچھہ ہونگے پر ہم جانتے ہیں کہ جب وہ ظاہر ہوگا ہم اُسکی مانند ہونگے کیونکہ ہم اُسے جیسا وہ ہی ویسا دیکھینگے اور جو کوئی اُس سے یہہ امید رکھتا ہی وہ اپنے تئیں جیسا وہ پاک ہی ویسا ہی پاک کرتا ہی جو کوئی گناہ کرتا ہی سو خلاف شرع کرتا ہی کیونکہ گناہ خلاف شرع ہی اور تم یہہ جانتے ہو کہ وہ ظاہر ہوا تاکہ ہمارے گناہوں کو اُٹھا لیجاوے اور اُس میں گناہ نہیں جو کوئی اُس میں بستا ہی گناہ نہیں کرتا جو کوئی گناہ کیا کرتا ہی اُسنے اُسے نہ دیکھا اور

خانوادے کو اپنے دین حق پر ہمیشہ مضبوط رکھہ تاکہ وے جو صرف تیرے آسماني فضل پر تکیہ رکھتے ہیں تیري بڑي قدرت سے ہمیشہ محفوظ رہیں — ہمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

مکتوب کلسیون کا ۳ ب ۱۲ آ

پس خدا کے چنے ہوؤں کي مانند جو مقدس اور پیارے ہیں دردمندي اور مہرباني اور فروتني و خاکساري اور برداشت کا لباس پہنو اور اگر کوئي کسي پر دعوی رکھتا ہو تو ایک دوسرے کي برداشت کرے اور ایک دوسرے کو بخشے جیسا مسیح نے تمہیں بخشا ویسا ہي تم بھي کرو اور اُن سب کے اوپر محبت کو پہن لو کہ وہ کمال کا کمربند ہی اور خدا کي سلامتي جسکي طرف تم ایک تن ہوکر بلائے گئے ہو تمہارے دلون پر حکومت کرے اور تم شکرگذار رہو مسیح کا کلام تم میں کثرت سے دانائي کے ساتھہ بسے کہ زبورون و گیتون و روحاني غزلون سے تم ایک دوسرے کو تعلیم اور نصیحت کرو اور فضل سے خداوند کے لیئے دلون سے گاؤ اور جوکچھہ کرتے ہو کلام اور کام سب کچھہ خداوند یسوع کے نام سے کرو اور اُسکے وسیلے سے خدا باپ کا شکر بجا لاؤ *

انجیل متي ۱۳ ب ۲۴ آ

آسمان کي بادشاہت اُس آدمي کي مانند ہی جسنے اچھا بیج اپنے کھیت میں بویا پر جب لوگ سوگئے اُسکا دشمن آیا اور اُسکے گیہوؤن میں کڑوا دانا بو گیا جس وقت انکورا نکلا اور بالیں لگیں تب کڑوا دانہ بھي ظاہر ہوا تب اُس گھر والے کے نوکرون نے آکے کہا ای صاحب کیا تونے اپنے کھیت میں اچھے بیج نہ بوئے تھے پھر کڑوے دانے کہان سے آئے اُسنے اُنہیں کہا کسي دشمن نے یہہ کیا تب نوکرون نے کہا اگر مرضي ہو تو ہم جائے اُنہیں جمع کریں اُسنے کہا نہیں ایسا نہو کہ جب تم کڑوے دانون کو جمع کرو تو اُن کے ساتھہ گیہون بھي اُکھاڑ لو کاٹنے کے دن تک دونون کو ایکٹھے بڑھنے دو کہ میں کاٹنے کے وقت کاٹنے والون کو

کہ وے خدا کے خادم هيں تاکہ اُس کام ميں مشغول رهيں پس سب کا حق ادا کرو جسکو خراج چاهيئے خراج اور جسکو محصول چاهيئے محصول دو اور جس سے ڈرا چاهيئے ڈرو اور جسکي عزت کيا چاهيئے عزت کرو *

انجيل متي ٨ ب ٢٣ آ

اور جب وہ ناو پر چڑھا اُسکے شاگرد اُسکے پيچھے آئے اور ديکھو دريا ميں ايسي بڑي اندھي آئي کہ ناو لہرون ميں چھپ گئي پر وہ سوتا تھا تب اُسکے شاگردون نے آکے اُسے جگايا اور کہا اي خداوند هميں بچا کہ هم ڈوبے اُسنے اُنهيں کہا اي کم اعتقادو کيون ڈرتے هو تب اُسنے اُٹھہ کے هوا اور دريا کو ڈانٹا تو بڑا نيوا هوگيا اور لوگ تعجب کرکے کہنے لگے کہ يہہ کسطرح کا آدمي هے کہ هوا اور دريا بھي اُسکي مانتے هيں جب اُس پار جرجسيون کے ملک ميں پہنچا دو ديوانے قبرون سے نکل کر اُسے ملے وے ايسي تند تھے کہ کوئي اُس راستے سے چل نہ سکتا تھا اور ديکھو اُنھون نے چلاکے کہا اي يسوع خدا کے بيٹے هميں تجھہ سے کيا کام تو يہان آيا کہ وقت سے پہلے هميں دکھہ دے اور اُن سے کچھہ دور سورون کا ايک بڑا غل چرتا تھا سو ديوون نے اُسکي منت کرکے کہا اگر تو همکو نکالتا هے تو هميں اُن سورون کے غل ميں جانے دے تب اُسنے اُنهيں کہا جاوٴ وے نکلکے اُن سورون کے غل ميں گئے اور ديکھو سورون کا سارا غل کڑاڑے پر سے دريا ميں کودا اور پاني ميں ڈوب مرا تب چرانيوالے بھاگے اور شہر ميں جاکر سب ماجرا اور اُن ديوانون کا احوال بيان کيا اور ديکھو سارا شہر يسوع کي ملاقات کو نکلا اور اُسے ديکھہ کے اُسکي منت کي کہ اُنکي سرحد سے باهر جاوے *

اپيفني کے بعد پانچوان اتوار

دعا

اي خداوند هم تيري منت کرتے هيں کہ تو اپني کليسيا اور

کہتا ہون کہ مین نے ایسا ایمان اسرائیل مین بھي نہ پایا اور مین تم سے
کہتا ہون کہ بہتیرے پورب اور پچھم سے آوینگے اور ابراھیم و اسحاق اور
یعقوب کے ساتھہ آسمان کي بادشاھت مین بیٹھینگے پر بادشاھت کے
فرزند باھر اندھیرے مین ڈالے جائینگے جہان رونا اور دانت پیسنا ہوگا
تب یسوع نے اُس سردار کو کہا جا اور جیسا تو ایمان لایا تیرے لیئے
ویساھي ہو اور اُسي گھڑي اُسکا چھوکرا چنگا ہو گیا *

اپیفني کے بعد چوتھا اتوار

دعا

ای خدا تو جانتا ھی کہ ھم اِسطرح کے بیشمار اور بڑے بڑے
خطرون سے گھرے ھین کہ اپني بشریت کي بیقراري کے سبب ھمیشہ
سیدھے کھڑے نہین رہ سکتے ھمین ایسي طاقت دے اور ھماري ایسي
حفاظت کر کہ سارے خطرون مین ھم ثابت رھین اور سب آزمایشون
سے بچ نکلین — ھمارے خداوند یسوع مسیح کے سبب سے * آمین

مکتوب رومیون کا ۱۳ ب ۱ آ

ھرایک شخص حاکمون کے تابع رھے کیونکہ ایسي کوئي
حکومت نہین جو خدا کي طرف سے نہو اور جتني حکومتین ھین سو
خدا کي طرف سے مقرر ھین پس جو کوئي حکومت کا سامھنا کرتا ھی
سو خدا کي مقرري بات کا مخالف ھی اور وے جو مخالف ھین سو
اپني سزا پاوینگے کہ حاکم نیکو کارون کو نہین بلکہ بدکارون کو خوف کا
باعث ھی پس اگر تو چاھے کہ حکومت سے نڈر رھے تو نیکي کر کہ وہ
تیري تعریف کریگا کیونکہ وہ خدا کا خادم تیري بہتري کے لیئے ھی پر
اگر تو برا کرے تو ڈر کہ وہ تلوار عبث نہین پکڑتا کہ وہ خدا کا خادم
بدکار کو سزا دیکے بدلا لینیوالا ھی پس تابع رھنا نہ صرف غضب کے
سبب بلکہ نیک نیتي کے واسطے بھي ضرور ھی اِس لیئے تم خراج بھي دو

سے نظر کر اور همارے سبب خطرے اور ضرورت کے وقت اپنا دهنا هاتهہ هماري مدد اور حمایت کے لیئے بڑهایا کر — همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

مکتوب رومیون کا ۱۲- سب ۱۶ آ

اپنے تئیں عقلمند نہ سمجهو بدي کے عوض میں کسي سے بدي نہ کرو ان کامون پر جو سب لوگون کے نزدیک بهلے هیں غوراندیش رهو اگر هوسکے تو مقدور بهر هر انسان کے ساتهہ ملے رهو عزیزو اپنا بدلہ مت لو بلکہ غصہ کي راہ چهوڑ دو کیونکہ یہہ لکها هی کہ خداوند فرماتا هی بدلا لینا میرا کام هی میں هي بدلا لونگا پس اگر تیرا دشمن بهوکها هو اسکو کهلا اگر پیاسا هو اسے پاني پلا کیونکہ یہہ کرکے اسکے سر پر آگ کے انگارونکا ڈهیر لگاویگا بدي کا مغلوب نهو بلکہ بدي پر نیکي سے غالب هو *

انجیل متي ۸ ب ۱ آ

جب وہ اُس پہاڑ سے اُترا بہت سي جماعتیں اُسکے پیچهے هولیں اور دیکهو ایک کوڑهي نے آکے اُسے سجدہ کیا اور کہا ای خداوند اگر تو چاهے تو مجهے پاک صاف کرسکتا هی یسوع نے هاتهہ بڑهاکے اُسے چهوا اور کہا میں چاهتا هون تو پاک صاف هو جا وهیں اُسکا کوڑهہ جاتا رها تب یسوع نے اُسے کہا دیکهو کسي سے نہ کهیو پر جاکے اپنے تئیں کاهن کو دکها اور جو نذر موسیٰ نے مقرر کي گذران تاکہ انکے لیئے گواهي هو اور جب یسوع کفرناحوم میں داخل هوا ایک صوبہ دار اُس پاس آیا اور اس سے منت کرکے کہا کہ ای خداوند میرا چهوکرا جهولے کا مارا گهر میں پڑا اور نہایت دکهہ میں هی یسوع نے اس سے کہا میں آکے اسے چنگا کرونگا صوبہ دار نے جواب میں کہا ای خداوند میں اِس لایق نہیں کہ تو میري چهت تلے آوے بلکہ صرف ایک بات کہہ تو میرا چهوکرا چنگا هو جائیگا کیونکہ میں بهي جو دوسرے کے اختیار میں هون اور سپاهي میرے حکم میں هیں جب ایک کو کہتا هون جا وہ جاتا هی اور دوسرے کو کہ آ وہ آتا هی اور اپنے غلام کو کہ یہہ کر وہ کرتا هی یسوع نے یہہ سنکر تعجب کیا اور انکو جو پیچهے آتے تهے کہا میں تم سے سچ

مے صرگرم هو خداوند كي بندگي ميں رهو اميد ميں خوش تكليف ميں برداشت كرنے والے دعا مانگنے پر مستعد رهو مقدسون كي احتياج ميں شريك هو مسافر پروري ميں مشغول رهو انكے ليئے جو تمهيں ستاتے هيں بركت چاهو خير منلوُ لعنت نكرو خوشوقتون كے ساتهه خوشوقتي كرو اور رونے والون كے ساتهه روو آپس ميں ايك سا مزاج ركهو بڑے بڑے خيال مت باندهو بلكه غريبون كے ساتهه غريبي كرو *

انجيل يوحنا ۲ ب ۱ ۲

اور تيسرے دن قانائے جليل ميں كسي كا بياه هوا اور يسوع كي ما وهان تهي اور يسوع اور اسكے شاگردون كي بهي اس بياه ميں دعوت تهي اور جب وين گهٹ گئي يسوع كي ما نے اسے كها كه ان كے پاس وين نه رهي يسوع نے اسے كها كه اى عورت مجهے تجهه سے كيا كام ميرا وقت هنوز نهيں آيا اسكي ما نے خادمون كو كها جو كچهه وه تمهيں كہے تم اسپر عمل كرو اور وهان پتهر كے چهه مٹكے طهارت كے ليئے يهوديون كے دستور كے موافق دهرے تهے كه هر ايك ميں دو يا تين من كي سمائي تهي يسوع نے انهيں كها مٹكون ميں پاني بهرو سو انهون نے انكو لبالب بهرا پهر اسنے انهيں كها كه اب نكالو اور مجلس كے سردار پاس ليجاو اور وے لے گئے جب مير مجلس نے وه پاني جو وين بن گيا تها چكها اور معلوم نه كيا كه يهه كهان سے تها مگر چاكر كه جنهون نے وه پاني نكالا تها جانتے تهے تو دولها سے خطاب كيا اور كها كه هر شخص پہلے اچهي وين خرچ كرتا هے اور ناقص اسوقت كه جب پيكے جهك گئے پر تو نے اچهي وين اب تك ركهه چهوڑي هے يهه پہلا معجزه يسوع نے قانائے جليل ميں دكهايا اور اپنا جلال ظاهر كيا اور اسكے شاگرد اسپر ايمان لائے *

اپهفني كے بعد تيسرا اتوار

دعا

اى قادر مطلق اور هميشه كے خدا هماري ناتوانيون پر مهرباني

روز پیچھے اُسے هیکل میں اُستادون کے بیچ بیٹھے هوئے اُنکي سنتے اور اُنسے سوالات کرتے پایا اور سب جو اُسکي سنتے تھے اُسکي سمجھ اور اُسکے جوابون سے دنگ تھے تب وے اُسے دیکھکر حیران هوئے اور اُسکي ما نے اُس سے کہا بیٹے کس لئے تونے هم سے ایسا کیا دیکھ تیرا باپ اور میں کڑھتے هوئے تجھے ڈھونڈھتے تھے اُسنے اُنھیں کہا کیون تم مجھے ڈھونڈھتے تھے کیا تم نے نہ جانا کہ مجھے اپنے باپ کے یہان رهنا ضرور هی پر وے اِس بات کو جو اُسنے اُنھیں کہي نہ سمجھے اور وہ اُنکے ساتھ روانہ هوکر ناصرہ میں آیا اور اُنکے تابع رها اور اُسکي ما نے یہہ سب باتیں اپنے دل میں رکھیں اور یسوع حکمت اور قد اور خدا کے اور آدمي کے پیار میں بڑھا *

اپیفني کے بعد دوسرا اتوار

دعا

اَی قادر مطلق اور همیشہ کے خدا تو آسمان اور زمین کي سب چیزون پر حکومت رکھتا هی مهرباني سے اپنے لوگون کي منتیں سن اور هماري زندگي کے سب دنون میں اپني طرف سے همیں آرام بخش — همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

مکتوب رومیون کا ۱۲ ب ۶ آ

پس همنے اُس نعمت کے موافق جو عنایت هوئي جدا جدا انعام پایا سو اگر وہ نبوت هی تو هم ایمان کے اندازے کے موافق نبوت کریں اور اگر خدمت هی تو خدمت میں رهیں اگر کوئي معلم هووے تو تعلیم پر اور نصیحت کرنیوالا نصیحت میں مشغول رهے اور جو خیرات بانٹنے والا هی صاف دلي سے بانٹے اور سردار کوشش سے سرداري کرے رحم کرنے والا خوشي سے رحم کرے محبت بے ریا هووے بدي سے نفرت کرو نیکي سے ملے رهو برادرانہ محبت سے ایک دوسرے کو پیار کرو عزت کي راہ سے ایک دوسرے کو بہتر سمجھو کوشش میں سستي نہ کرو روح

ایپفنی کے بعد پہلا اتوار

دعا

ای خداوند هم تیري منت کرتے هیں که اپنے بندوں کي دعا جو تجھے پکارتے هیں مہربانی سے قبول کر اور یہه بخش که وہ اُن کاموں کو جنکا کرنا اُن پر واجب هی دریافت اور معلوم کریں اور توفیق و طاقت بھي پاویں که اُنھیں ایمان داري کے ساتھه بجا لاویں — همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

مکتوب رومیوں کا ۱۲ ب ۱ آ

پس ای بھائیو میں خدا کي رحمتوں کا واسطه دیکے تم سے التماس کرتا هوں که تم اپنے بدن خدا کي نذر کرو تاکه زنده قرباني و مقدس و پسندیده هوں که یہه تمھاري عقلي عبادت هی اور اِس جہان کے هم شکل مت هو بلکه اپنے دل کے نئے هونے سے اپني شکل بدل ڈالو تاکه تم خدا کے اُس ارادے کو جو بہتر اور پسندیده اور کامل هی بخوبي جانو میں اُس نعمت سے جو مجھے عنایت هوئي هی تم میں سے هر ایک کو کہتا هوں که اپنے مرتبے سے زیاده عالي مزاج نه بنو بلکه درستي سے ایسا مزاج رکھو جیسا خدا نے هر ایک شخص کو اندازے سے ایمان دیا کیونکه جیسا همارے ایک بدن میں بہت سے انگ هیں اور هر ایک انگ کا ایک هي کام نہیں ایسے هي هم جو بہت سے هیں ملکر مسیح کا ایک بدن هوئے هیں اور آپس میں ایک دوسرے کے انگ *

انجیل لوقا ۲ ب ۴۱ آ

اسکے ما باپ هر برس عید فسح میں اورشلیم کو جاتے تھے اور جب وہ باره برس کا هوا وے عید کے دستور پر اورشلیم کو گئے اور اُن دنوں کو پورا کرکے جد پھرنے لگے وہ لڑکا یسوع اورشلیم میں ره گیا پر یوسف اور اُسکي ماں نه جانا بلکه یہه سمجھه کے که وہ قافلے میں هی ایک منزل گئے اور اُسے رشته داروں اور جان پہچانوں میں ڈھونڈھا اور نه پاکر اُسکي تلاش میں اورشلیم کو پھرے اور ایسا هوا که اُنھوں نے تین

سب پر يهه بات روشن کرون که اُس بهيد کا ميل کيا هي جو ازل سے
خدا مين جس نے سب کچهه يسوع مسيح سے پيدا کيا پوشيده تها که
اب کليسيا کے وسيلے سے خدا کي طرح طرح کي حکمت سردارون اور
اختيار والون پر جو آسمان کے مقامون مين هين ظاهر هووے اُس ارادۂ
قديم کے مطابق جو اُسنے همارے خداوند يسوع مسيح مين ازل سے کيا
اور هم اُس مين هو کے ايمان کے وسيلے سے همت اور دخل بهروسے کے
ساتهه رکهتے هين *

انجيل متي ۲ ب ۱ آ

جب يسوع هيروديس بادشاه کے وقت يهوديه کے بيت لحم مين
پيدا هوا تو ديکهو کئي مجوسيون نے پورب سے اورشليم مين آکے
کها که کهان هي وه جو يهوديونکا بادشاه پيدا هوا که هم نے پورب مين
اُسکا ستاره ديکها اور اُسے سجده کرنے کو آئے هين جب هيروديس بادشاه
نے يهه سنا تب وه اور اُسکے ساتهه تمام اورشليم گهبرايا تب اُسنے سب
سردار کاهنون اور قوم کے فقيهون کو جمع کرکے اُن سے پوچها که مسيح
کهان پيدا هوگا اُنهون نے اُسے کها يهوديه کے بيت لحم مين کيونکه نبي
نے يون لکها هي که اي يهوديه کے بيت لحم تو يهودا کے سردارون مين
هرگز کمترين نهين هي کيونکه تجهه مين سے ايک سردار نکليگا جو ميري
قوم اسرائيل کي رعايت کريگا تب هيروديس نے اُن مجوسيون کو چپکے سے
بلا کے اُن سے تحقيق کي که وه ستاره کب دکهلائي ديا اور اُنهين يهه
کهه کے بيت لحم مين بهيجا که جاکر اُس لڑکے کي بابت خوب دريافت
کرو اور جب اُسے پاؤ مجهے خبر دو که مين بهي جاکے اُسے سجده کرون
وے بادشاه سے يهه سنکے روانه هوئے اور ديکهو وه ستاره جو اُنهون نے
پورب مين ديکها تها اُنکے آگے آگے چلا گيا اور اُس جگه کے اوپر جهان وه
لڑکا تها جاکے ٹههرا وے اُس ستارے کو ديکهه کے بهت هي خوش هوئے
اور اُس گهر مين پهنچکر اُس لڑکے کو اُسکي ما مريم کے ساتهه پايا اور اُسکے
آگے جهک کے اُسے سجده کيا اور اپني جهوليان کهول کے سونا اور لوبان
اور مرّ اُسے نذر گذرانا اور خواب مين آگاهي پاکر که هيروديس کے پاس
نه جاوين وے دوسري راه سے اپنے ملک کو پهرے *

دیکھ کے خدا کي تعریف اور بڑائي کرتے ہوئے پھرے اور جب آٹھ دن پورے ہوئے کہ لڑکے کا ختنہ ہو اُسکا نام یسوع رکھا گیا جو اُسکے پیٹ میں پڑنے کے آگے فرشتے نے رکھا تھا *

یہي دعا اور مکتوب اور انجیل ہر روز اپیفني تک پڑھي جاوے

مسیح کے امتون پر ظاہر ہونیکا دن یعنے اپیفني

دعا

اے خدا تونے ایک ستارہ کي رہبري سے اپنے اِکلوتے بیٹے کو غیر قومون پر ظاہر کیا اپني رحمت سے یہہ بخش کہ ہم جو اب تجھے ایمان کي راہ سے پہچانتے ہیں اس زندگي کے بعد تیري جلیل خدائي کي خوشي میں شامل ہوویں — ہمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

مکتوب افسیونکا ۳ ب ۱ آ

اسواسطے میں پولوس جو تم غیر قومون کے لیئے یسوع مسیح کا قیدي ہون تم نے تو سنا ہوگا کہ مجھے تمہارے لیئے خدا کے فضل کي مختاري ملي کہ اُسنے الہام سے اُس بھید کو مجھہ پر کھولا چنانچہ میں اُسکو تھوڑے میں آگے لکھہ چکا جسے تم پڑھہ کے جان سکتے ہو کہ میں مسیح کا بھید کس قدر سمجھتا ہون جو اگلے زمانون میں بني آدم کو اِس طرح نہ معلوم ہوا جس طرح اُسکے مقدس رسولون اور نبیوں پر روح سے اب ظاہر ہوا کہ غیر قوم انجیل کے وسیلے سے میراث میں شریک اور بدن میں شامل اور اُسکے وعدے میں جو مسیح کے سبب سے ہي ساجھي ہون اور خدا کے فضل کے اُس انعام سے جو اُسکي قدرت کي تاثیر سے مجھے ملا ہي میں اِس انجیل کا خادم ہون مجھے جو سارے حقیرترین مقدسون سے حقیر ہون یہہ فضل عنایت ہوا کہ میں غیر قومون کے درمیان مسیح کي بے قیاس دولت کي خوشخبري دون اور

ختنہ کروایا اور اُسے شریعت کا محکوم کر دیا ھمین روح کے اصل ختنہ کي توفیق بخش کہ ھمارے دل اور ھمارے ھر ایک بند دنیاوي اور جسماني لذتون کي طرف سے مردہ ھو جاوین اور سب باتون مین ھم تیري مرضي مبارک کے تابع رھین — اُسي تیرے بیٹے ھمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

مکتوب رومیونکا ۴ ب ۸ آ

مبارک وہ شخص جسکے گناھون کا حساب خداوند نہ لیگا پس کیا یہہ مبارکي مختونون ھي کے لیئے ھی یا نامختونون کے لیئے بھي ھم تو کہہ چکے کہ ابراھیم کے لیئے اُسکا ایمان راستبازي گنا گیا پس وہ کب گنا گیا مختوني یا نامختوني کي حالت مین مختوني مین نہین بلکہ نامختوني مین اور اُسنے ختنہ بمنزلہ نشان کے پایا کہ اُس ایمان کي راستبازي کي مہر ھو جو اُسکا نامختوني مین تھا تاکہ وہ اُن سب کا جو نامختوني مین ایمان لاتے ھین باپ ھو کہ اُنکے لیئے بھي راستبازي گني جاے اور مختون کا باپ ھو نہ اُنکا جو صرف مختون ھین بلکہ جو ھمارے باپ ابراھیم کے ایمان کي بھي جو نامختوني مین تھا پیروي کرتے ھین کیونکہ وہ وعدہ جو ابراھیم اور اُسکي نسل کے ساتھہ تھا کہ تو دنیا کا وارث ھوگا سو شریعت کے وسیلے سے نہین بلکہ ایمان کي راستبازي سے تھا کیونکہ اگر شریعت والے وارث ھین تو ایما بے فائدہ اور وعدہ لاحاصل *

انجیل لوقا ۲ ب ۱۵ آ

اور ایسا ھوا کہ جب فرشتے اُنکے پاس سے آسمان پر گئے گڑریون نے آپس مین کہا کہ آؤ ھم بیت لحم کو جاوین اور اِس بات کو جو ھوئي ھی جسکي خداوند نے ھم کو خبر دي ھی دیکھین تب اُنھون نے جلدي جاکے مریم اور یوسف کو اور اُس لڑکے کو چرني مین رکھا پایا اور دیکھہ کے اُس بات کو جو اُس لڑکے کے حق مین اُن سے کہي گئي تھي پھیلایا اور سب سننے والون نے اِن باتون سے جو گڑریون نے اُنھین کہین تعجب کیا پر مریم نے اِن سب باتون کو اپنے دل مین یکجا کرکے یاد رکھہ اور گڑریئے اِن سب باتون کو سنکے اور جیسي اُن سے کہي گئي تھین

رھے تھے پر جب وقت پورا ھوا تب خدا نے اپنے بیٹے کو بھیجا وہ عورت سے پیدا ھو کے شریعت کے تابع ھوا تاکہ وہ اُنکو جو شریعت کے تابع ھیں مول لے اور ھم لیپالک ھونے کا درجہ پاویں اور اس لیئے کہ تم بیٹے ھو خدا نے اپنے بیٹے کا روح تمھارے دلوں میں بھیجا جو ابا یعنی ای باپ پکارتا ھي پس اب تو غلام نہیں بلکہ بیٹا ھی اور جب کہ بیٹا ھی تو مسیح کے سبب خدا کا وارث ھی *

انجیل متي ۱ ب ۱۸ آ

یسوع مسیح کي پیدایش یوں ھوئي کہ جب اُسکي ما مریم کي منگني یوسف کے ساتھہ ھوئي اُس سے پہلے کہ وے ایکتھہ ھوئے وہ روح‌قدس سے حاملہ پائي گئي تب اُسکے شوھر یوسف نے جو راست باز تھا اور نہ چاھا کہ اُسکي تشہیر کرے ارادہ کیا کہ اُسے چپکے سے چھوڑ دے وہ ان باتوں کي سوچ ھي میں تھا کہ دیکھو خداوند کے فرشتے نے اُسپر خواب میں ظاھر ھوکے کہا ای یوسف داؤد کے بیٹے اپني جورو مریم کو اپنے یہاں لانے سے مت ڈر کیونکہ جو اُسکے پیٹ میں پڑا سو روح‌قدس سے ھی اور وہ بیٹا جنیگي اور تو اُسکا نام یسوع رکھنا کیونکہ وہ اپنے لوگوں کو اُنکے گناھوں سے بچاویگا یہہ سب کچھہ اس لیئے ھوا کہ جو خداوند نے نبي کي معرفت کہا تھا پورا ھو کہ دیکھو ایک کنواري پیٹ سے ھوگي اور بیٹا جنیگي اور اُسکا نام عمنوائیل رکھینگے جسکے ترجمہ یہہ ھي خدا ھمارے ساتھہ تب یوسف نے سوتے سے اُٹھہ کو جیسا خداوند کے فرشتے نے اُسے فرمایا تھا کیا اور اپني جورو کو اپنے یہاں لے آیا پر اُسکو نہ جانا جب تک اپنا پہلوٹا بیٹا نہ جني اور اُسکا نام یسوع رکھا *

مسیح کے ختنے کا دن

دعا

ای قادر مطلق خدا تونے انسان کے لیئے اپنے مبارک بیٹے کے

کہ مار ڈالے تب وہ اُٹھہ کے رات ہي کو لڑکے اور اُسکي ما کو ساتھہ لیکر مصر کو روانہ ہوا اور هیرودیس کے تمام ہونے تک وہاں رہا کہ جو خداوند نے نبي کي معرفت کہا تھا پورا ہو کہ میں نے اپنے بیٹے کو مصر سے بلایا جب هیرودیس نے دیکھا کہ اُسنے مجوسیوں سے فریب کھایا تھا تو نہایت غصہ ہوا اور لوگوں کو بھیج کر بیت لحم اور اُسکي ساري سرحدوں کے سب لڑکوں کو جو دو برس کے اور اُس سے چھوٹے تھے اُس وقت کے موافق کہ اُسنے مجوسیوں سے تحقیق کي تھي قتل کروایا تب وہ جو ارمیا نبي نے کہا تھا پورا ہوا کہ رامہ میں ایک آواز سننے میں آئي ہی نالے اور رونے اور بڑے ماتم کي کہ راحیل اپنے لڑکوں پر روتي اور تسلي نہیں چاھتي اِس لیئے کہ وے نہیں ہیں *

کرسمس ڈے کے بعد اتوار کا دن

دعا

اے قادر مطلق خدا جسنے اپنا اِکلوتا بیٹا ھمکو عنایت کیا کہ وہ ھماري سرشت اختیار کرے اور گویا آج کے دن ایک پاک دامن کنواري سے پیدا ہووے یہہ بخش کہ ہم سر نو پیدا ہوں اور تیرے فضل سے تیرے منہہ بولے بیٹے بن کر روز بروز تیرے روح قدس سے تازہ ہوتے جاویں ھمارے اُسي خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے جو تیرے اور اُسي روح کے ساتھہ سدا ایک خدا ابد تک جیتا اور سلطنت کرتا ہی * آمین

مکتوب گلاتیوں کا ۴ ب ۱ آ

میں کہتا ہوں کہ وارث جب تک لڑکا ہی اُس میں اور غلام میں فرق نہیں اگرچہ وہ سب کا مالک ہی لیکن اُس وقت تک جو باپ نے مقرر کیا مربیوں اور مختاروں کے اختیار میں ہی سو ہم بھي جب لڑکے تھے تب تک دنیا کي تربیت کي پہلي باتوں میں غلام بن

معصوموں کا دن

دعا

ای قادر مطلق خدا تو نے بچوں اور شیرخواروں کے منہہ سے قدرت ظاهر کي اور ننهہ بچون سے اُنکے قتل هونے کے وسیلے اپني حمد کروائي اُن سب بري خواهشون کو جو هم میں هیں مارکے نیست و نابود کرڈال اور اپنے فضل سے همیں ایسي طاقت دے کہ هم اپني معصوموں کي سي چال اور اپنے ایمان کي پایداري سے مرتے دم تک تیرے پاک نام کا جلال ظاهر کریں—همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

مکتوب کے عوض مکاشفات ۱۴ ب ۱ آ

میں نے جو نگاہ کي تو کیا دیکھا کہ ایک برہ صیهون پہاڑ پر کهڑا تها اور اُسکے ساتهہ ایک لاکهہ چوالیس هزار جنکے ماتهون پر اُسکے باپ کا نام لکها تها پهر میں نے آسمان سے ایک آواز سني جو بهت پانیون کے شور اور بڑے گرجنے کي آواز کي مانند تهي اور میں نے بربطنوازون کي آواز جو اپنے بربط بجاتے تهے سني اور وے تخت کے سامهنے اور اُن چارون جانورون اور بزرگون کے آگے گویا نیا راگ گا رهے تهے اور کوئي اُن ایک لاکهہ چوالیس هزار کے سوا جو زمین سے خریدے گئے تهے اُس گیت کو سیکهہ نہ سکا یے وے لوگ هیں جو عورتون کے ساتهہ گندگي میں نہ پڑے کہ کنوارے هیں یے وے هیں جو برہ کے پیچهے جهان کهیں وہ جاتا هے جاتے هیں یے خدا اور برہ کے لیئے پہلے پهل هوکے آدمیون میں سے مول لیئے گئے هیں اور اُنکے منهہ میں مکر پایا نہ گیا کہ وے خدا کے تخت کے آگے بے عیب هیں*

انجیل متي ۲ ب ۱۳ آ

خداوند کے فرشتے نے یوسف کو خواب میں دکهائي دیکے کہا اُٹهہ اُس لڑکے اور اُسکي ما کو ساتهہ لیکر مصر کو بهاگ جا اور وهان رہ جب تک میں تجهے خبر ندون کیونکہ هیرودیس اُس لڑکے کو ڈهونڈهیگا

کے ساتھہ اور اُسکے بیتے یسوع مسیح کے ساتھہ هی اور هم یہ باتین تمهین اِسواسطے لکھتے هین کہ تمهاري خوشي پوري هو. اور وہ خبر جو هم نے اُس سے سني اور پھر تمهین دیتے هین سو یهي هی کہ خدا نور هی اور اُس مین تاریکي ذرا بهي نهین اگر هم کهین کہ هم اُس سے میل رکھتے هین اور تاریکي مین چلتے هین تو جھوتھے هین اور سچ پر عمل نهین کرتے پر اگر جسطرح وہ نور مین هی هم نور مین چلین تو هم آپس مین میل رکھتے هین اور اُسکے بیتے یسوع مسیح کا لهو هم کو سارے گناہ سے پاک کرتا هی اگر کهین کہ هم بیگناہ هین تو هم اپنے کو بهلا دیتے هین اور سچائي هم مین نهین اگر هم اپنے گناهون کا اقرار کرین تو وہ همارے گناہ بخشنے اور هم کو هر طرح کي ناراستي سے پاک کرنے مین صادق‌القول اور عادل هی اگر هم کهین کہ هم نے گناہ نهین کیا تو هم اُسے جهتهلاتے هین اور اُسکا کلام هم مین نهین هی *

انجیل یوحنا ۲۱ ب ۱۹ آ

یسوع نے پطرس سے کہا کہ میرے پیچھے هولے تب پطرس نے پھر کے اُس شاگرد کو جسے یسوع پیار کرتا تھا جسنے رات کے کھانے کے وقت اُسکے سینے پر گرکے پوچھا کہ ای خداوند وہ جو تجھے پکڑواتا هی کون هی پیچھے آتے دیکھا پطرس نے اُسے دیکھہ کے یسوع کو کہا ای خداوند اُس شخص کا کیا هوگا یسوع نے اُسے کہا اگر مین چاهون کہ جب تک مین آؤن وہ یهان تهہرے تو تجھہ کو کیا تو میرے پیچھے هولے تب بهائیون مین یهہ بات مشهور هوئي کہ وہ شاگرد نہ مریگا لیکن یسوع نے اُسے نهین کہا کہ وہ نہ مریگا مگر یهہ کہا کہ اگر مین چاهون کہ میرے آنے تک وہ تهہرے تو تجھہ کو کیا یهہ وهي شاگرد هی جو اِن باتونکي گواهي دیتا اور اُنکا لکھنے والا هی اور هم کو یقین هی کہ اُسکي گواهي سچ هی اور بهي بهت سے کام هین جو یسوع نے کیئے کہ اگر وے جدا جدا لکھے جاتے تو مین گمان کرتا هون کہ کتابین جو لکھي جائین دنیا مین نہ سما سکتین *

پھراؤگے تاکہ سب راستبازون کا خون جو زمین پر بہایا گیا تمپر آوے هابیل راستباز کے خون سے برخیاہ کے بیٹے ذکریا کے خون تک جسے تم نے هیکل اور قربانگاہ کے درمیان قتل کیا مین تم سے سچ کہتا هون کہ یہہ سب کچھہ اِس زمانے کے لوگون پر آویگا ای اورشلیم جو نبیون کو مار ڈالتي اور اُنهین جو تجھہ پاس بھیجے گئے پتھراو کرتي هی مین نے کتنی بار چاها کہ تیرے لڑکون کو جسطرح مرغي اپنے بچون کو پرون تلے اکٹھا کرتي هی جمع کرون پر تم نے نہ چاها دیکھو تمهارا گھر تمھارے لیئے ویران چھوڑا جاتا هی کیونکہ مین تم سے کہتا هون کہ اب سے تم مجھے پھر نہ دیکھوگے جب تک کہ نہ کھوگے مبارک وہ جو خداوند کے نام سے آتا هی *

مقدس یوحنا انجیلي کا دن

دعا

ای رحیم خداوند هم تیري منت کرتے هین کہ اپنے نور کي چمکتي جھلک اپني کلیسیا پر ڈال کہ وہ تیرے مبارک رسول مقدس یوحنا انجیلي کي تعلیم سے منور هوکر تیري سچائي کي روشني مین اِس طرح چلے کہ آخر همیشہ کي زندگانی کي روشني کو پہنچے — همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

مکتوب ۱ یوحنا ۱ ب ۱ آ

زندگي کے کلام کي بابت جو شروع سے تھا جسے همنے سنا اور اپني آنکھون سے دیکھا اور تاک رها اور همارے هاتھون نے چھوا هم خبر دیتے هین کیونکہ زندگي ظاهر هوئي اور همیشہ کي زندگي کو جو باپ کے پاس تھي اور هم پر ظاهر هوئي تمکو خبر پہنچاتے هین هم نے دیکھا اور هم گواهي دیتے اور جو کچھہ هم نے دیکھا اور سنا اُسکي خبر تم کو دیتے هین تاکہ تم بھي همارے ساتھہ میل رکھو اور همارا میل باپ

مقدس استیفان کا دن

دعا

اَی خداوند یہہ بخش کہ ہم اپني سب مصیبتون مین جو اِس روے زمین پر تیري سچائي پر گواهي دینے کے سبب همپر پڑتي هین غور سے آسمان کي طرف نگاہ کرین اور اُس جلال کو جو ظاهر هونیوالا هی ایمان سے تکتے رهین اور روح قدس سے معمور هوکر تیرے پہلے شہید مقدس استیفان کي مانند اپنے ستانیوالون کو پیار اور دعاء خیر کرنا سیکھین کہ اُسنے اپنے قاتلون کے واسطے ای مبارک یسوع تجھہ سے دعا مانگي جو خدا کے دهنے هاتهہ کهڑا هی تاکہ اُن سب کي جو تیرے لیئے دکھہ اُٹھاتے هین حمایت کرے توهي اکیلا همارا درمیاني اور وکیل هی * آمین

اسکے بعد مسیح کي پیدایش کے دن کي دعا نئے سال کے عرفہ تک بلانافہ پڑهي جاوے

مکتوب کے عوض اعمال کي کتاب ۷ ب ۵۵ آ

استیفان روح قدس سے معمور هو آسمان کي طرف تک رهاتها اور خدا کا جلال اور یسوع کو خدا کے دهنے هاتهہ کهڑا دیکها اور کہا دیکهو مین آسمان کو کهلا اور ابن آدم کو خدا کے دهنے هاتهہ کهڑا دیکهتا هون تب اُنهون نے بڑے زور سے چلاکے اپنے کان بند کیئے اور ایک دل هوکے اُسپر لپکے اور شہر سے باهر نکال کے اُسپر پتهراو کیا اور گواهون نے اپنے کپڑے سولوس نامے ایک جوان کے پانو پاس رکهہ دیئے اور جب وے استیفان پر پتهراو کرتے تهے اُسنے دعا مانگ کے کہا ای خداوند یسوع میري روح کو قبول کر پهر وہ گهٹنے ٹیک کر زور سے پکارا کہ ای خداوند یہہ گناہ اُنپر ثابت نہ کر اور یہہ کہکے سوگیا *

انجیل متي ۲۳ ب ۳۴ آ

دیکهو مین نبیون اور داناؤن اور فقیہون کو تمهارے پاس بهیجتا هون تم اُن مین سے بعضون کو مار ڈالوگے اور صلیب پر کهینچوگے اور بعضون کو اپنے عبادت خانون مین کوڑے ماروگے اور ستا ستا کر شہر شہر

هی آج تو مجھسے پیدا هوا اور پھر یہہ کہ میں اُسکا باپ هوونگا اور وہ میرا بیٹا هوگا اور پھر جب پہلوٹے کو دنیا میں لایا تو کہا کہ خدا کے سب فرشتے اُسکو سجدہ کریں اور فرشتوں کي بابت یوں فرماتا هی کہ وہ اپنے فرشتوں کو روحیں اور اپنے خادموں کو آگ کا شعلہ بناتا هی مگر بیٹے کي بابت کہتا هی کہ ای خدا تیرا تخت ابد تک هی راستي کا عصا تیري بادشاهت کا عصا هی تونے راستی سے الفت اور بدي سے عداوت رکھي اِس سبب سے ای خدا تیرے خدا نے خوشي کے تیل سے تیرے شریکوں کي نسبت تجھے زیادہ مسیح کیا اور یہہ کہ ای خداوند تونے ابتدا میں زمین کي نیو ڈالي اور آسمان تیرے هاتھہ کے بنائے هیں وے نیست هو جائینگے پر تو باقي هی وے سب پوشاک کي مانند پرانے هو جائینگے اور چادر کي طرح تو اُنھیں لپیٹیگا اور وے بدل جائینگے پر تو وهي هی اور تیرے برس جاتے نرهینگے *

انجیل یوحنا ۱ ب ۱ آ

ابتدا میں کلام تھا اور کلام خدا کے ساتھہ تھا اور کلام خدا تھا یہي ابتدا میں خدا کے ساتھہ تھا سب چیزیں اُس سے موجود هوئیں اور موجودات میں بغیر اُسکے کوئي چیز موجود نہیں هوئي زندگي اُس میں تھي اور وہ زندگي انسان کا نور تھي اور وہ نور تاریکي میں چمکتا هی اور تاریکي نے اُسے دریافت نکیا ایک شخص خدا کي طرف سے بھیجا گیا تھا اُسکا نام یوحنا تھا یہہ گواهي کے لیئے آیا کہ نور پر گواهي دے تاکہ سب اُسکے سبب سے ایمان لاویں وہ نور نہ تھا پر نور پر گواهي دینے آیا تھا سچا نور وہ تھا جو دنیا میں آکے هرایک آدمي کو روشن کرتا هی وہ جہان میں تھا اور جہان اُسي سے موجود هوا اور جہان نے اُسے نہ جانا وہ اپنوں پاس آیا اور اپنوں نے اُسے قبول نہ کیا لیکن جتنوں نے اُسے قبول کیا اُسنے اُنھیں اقتدار بخشا کہ خدا کے فرزند هوں یعنے اُنھیں جو اُسکے نام پر ایمان لاتے هیں وے نہ لہو سے نہ جسم کي خواهش سے نہ انسان کے قصد سے مگر خدا سے پیدا هوئے هیں اور کلام مجسم هوا اور وہ فضل اور راستي سے بھر پور هوکے همارے درمیان رها اور همنے اُسکا ایسا جلال دیکھا جیسا باپ کے اِکلوتے کا جلال *

درست کرو" اور وے جو بھیجے گئے تھے فریسیون میں سے تھے اور اُنھون نے
اُس سے سوال کیا اور کہا کہ اگر تو نہ مسیح ھی نہ ایلیاس اور نہ وہ نبي
پھر کیون بپتسما دیتا ھی یوحنا نے جواب میں اُنھیں کہا کہ میں پاني
سے بپتسما دیتا ھون پر تمھارے درمیان ایک کھڑا ھی جسے تم نھین
جانتے یہہ وھي ھی جو میرے پیچھے آنیوالا تھا جو مجھہ سے مقدّم ھی
جسکي جوتي کا تسمہ میں کھولنے کے لایق نھیں ھون بیت‌عبرا میں اردن
کے پار جہان یوحنا بپتسما دیتا تھا یہہ باتیں واقع ھوئیں *

ھمارے خداوند یسوع مسیح کے پیدا ھونے کے دن یعني کرسمس ڈے

دعا

ای قادر مطلق خدا جسنے اپنا اِکلوتا بیٹا ھمکو عنایت کیا کہ
وہ ھماري سرشت اختیار کرے اور گویا آج کے دن ایک پاک دامن‌کنواري
سے پیدا ھووے یہہ بخش کہ ھم سرنو پیدا ھو اور تیرے فضل سے
تیرے منھہ بولے بیٹے بن‌کر روز بروز تیرے روح‌قدس سے تازے ھوتے جاوین
ھمارے اُسي خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے جو تیرے اور اُسي روح
کے ساتھہ سدا ایک خدا ابد تک جیتا اور سلطنت کرتا ھی * آمین

مکتوب عبرانیون کو ۱ ب ۱ آ

خدا جو اگلے زمانے میں نبیون کے وسیلے باپ دادون سے بار بار اور
طرح طرح بولا اِس آخري زمانے میں ھم سے بیٹے کے وسیلے بولا جسکو
اُسنے ساري چیزون کا وارث ٹھہرایا اور جسکے وسیلے اُسنے عالم بنائے وہ
اُسکے جلال کي رونق اور اُسکي ماھیت کا نقش ھوکے سب کچھہ اپنے
ھي قدرت کے کلام سے سنبھالتا ھی وہ آپ سے ھمارے گناھون کو پاک
کرکے بلند آسمان پر جناب اعالي کے داھنے جا بیٹھا وہ فرشتون سے
اِسقدر بزرگ تر ٹھہرا جسقدر اُسنے میراث میں اُنکي نسبت بہتر
خطاب پایا کیونکہ اُسنے فرشتون میں سے کس‌کو کبھي کہا کہ تو میرا بیٹا

آمد کا چوتھا اتوار

دعا

ای خداوند هم تیري منت کرتے هین که تو اپني قدرت ظاهر کر اور همارے درمیان آ اور بڑي قوت سے هماري مدد کر که هم جو اپني بدي اور گناهون کے سبب اس میدان کي دوڑ مین جو همارے لیئے مقرر هی اٹکے اور بهت هي رکے هین تیرا کمال کرم و فضل جلد هماري مدد کرے اور همین چھڑاوے — تیرے بیٹے همارے خداوند کے کفارے کے سبب جسے تیرے اور روح‌قدس کے ساتھه عزت اور جلال همیشه هووے * آمین

مکتوب فلپیونکو ۴ ب ۴ آ

خداوند مین همیشه خوش رهو پھر کهتا هون خوش رهو تمهاري میانه روي سب آدمیون پر ظاهر هو خداوند نزدیک هی کسي بات کي اندیشه نه کرو بلکه هرایک بات مین دعا اور منت سے شکرگذاري کے ساتھه تمهاري عرض خدا سے کي جاوے اور خدا کي سلامتي جو ساري سمجھه سے باهر هی تمهارے دلون اور خیالون کي مسیح یسوع مین نگهباني کریگا *

انجیل یوحنا ۱ ب ۱۹ آ

یوحنا کي گواهي یهه تھي جب که یهودیون نے اورشلیم سے کاهنون اور لویون کو بھیجا که اس سے پوچھین که تو کون هي اور اسنے اقرار کیا اور انکار نه کیا بلکه اقرار کیا که مین مسیح نهین اور انهون نے اس سے پوچھا پس تو کون هي کیا تو ایلیاس هی اور اسنے کها مین نهین هون پس آیا تو وه نبي هی اسنے جواب دیا نهین تب انهون نے اس سے کها که تو کون هی تاکه هم انهین جنهون نے هم کو بھیجا کچھه جواب دین تو اپنے حق مین کیا کهتا هی اسنے کها که جیسا اشعیا نبي نے کها مین بیابان مین ایک پکارنیوالے کي آواز هون که " خداوند کي راه کو

جو باپ اور روح قدس کے ساتھہ سدا ایک خدا ابد تک جیتا اور سلطنت کرتا هی ایک مقبول قوم ٹھہریں * آمین

مکتوب ۱ کرنتي کو ۴ ب ۱ آ

آدمي همکو یون جانے جیسے مسیح کے خدمت گذار اور خدا کے بهیدون کے مختار پهر مختار مین اِس بات کي تلاش هوتي هی کہ وہ دیانت دار هووے لیکن مجهہ کو کچهہ اُسکي پروا نهین کہ تم یا اور کوئي آدمي مجهہ کو پرکهے بلکہ مین آپ بهي اپنے تئین نهین پرکهتا کیونکہ میرا دل مجهے ملامت نهین کرتا پر مین کچهہ اِس سے راستباز نهین ٹهہر جاتا میرا پرکهنےوالا خداوند هی اِسواسطے جب تک خداوند نہ آوے تم وقت سے پهلے عدالت نہ کرو وہ تاریکي کي پوشیدہ باتین روشن کردیگا اور دلون کے منصوبے ظاهر کریگا تب خدا کي طرف سے هرایک کي تعریف هوگي *

انجیل متي ۱۱ ب ۲ آ

یوحنا نے قیدخانے مین مسیح کا بیان سنکر اپنے شاگردون مین سے دو کو بهیجکے اُس سے پچهوایا کہ کیا جو آنیوالا تها توهي هی یا هم دوسرے کي راہ تکین یسوع نے جواب مین اُنهین کہا کہ جو کچهہ تم سنتے هو جاکے یوحنا سے بیان کرو کہ اندهے دیکهتے اور لنگڑے چلتے کوڑهي پاک صاف هوتے اور بهرے سنتے اور مُردے جي اُٹهتے هین اور غریبون کو انجیل سنائي جاتي هی اور مبارک وہ هی جو میرے سبب ٹهوکر نہ کهاوے جب وے روانہ هونے لگے یسوع یوحنا کي بابت جماعتون سے کهنے لگا کہ تم جنگل مین کیا دیکهنے گئے کیا ایک سرکنڈا جو هوا سے هلتا هی پهر تم کیا دیکهنے کو گئے کیا ایک مرد کو جو مهین کپڑے پهنے هی دیکهو جو مهین پوشاک پهنتے بادشاهون کے محلون مین هین پهر تم کیا دیکهنے کو گئے کیا ایک نبي هان مین تم سے کهتا هون بلکہ نبي سے بڑا کیونکہ یهہ وهي هی جسکي بابت لکها هی کہ دیکهو مین اپنا رسول تیرے آگے بهیجتا هون جو تیرے آگے تیري راہ درست کریگا *

جڑ ظاہر ہوگي اور ایک شخص غیر قوموں پر حکومت کرنیکو اُٹھیگا اُسي پر غیر قومیں امید رکھینگي اب خدا جو امید کا باني هي تمھیں ایمان لانے کے باعث ساري خوشي اور سلامتي سے بھر دے تاکہ روح‌قدس کي قدرت سے تمھاري امید زیادہ تر ہوتي جاوے *

انجیل لوقا ۲۱ ب ۲۵ آ

سورج اور چاند اور تاروں میں نشان ہونگے اور زمین پر قوموں کي مصیبت گھبراهت کے ساتھہ هوگي اور سمندر اور اُسکي لہرونکا شور هوگا اور لوگوں کي ڈر کے مارے اور اُن چیزوں کي جو زمین پر آتي هین راہ دیکھنے سے جان میں جان نرهیگي اِس لیئے کہ آسمان کي قوتیں هل جائینگي اور تب لوگ ابن آدم کو بدلي میں بڑي قدرت اور جلال کے ساتھہ آتے دیکھینگے اور جب یہہ چیزیں ہونے لگیں سیدھے هوکے سر اوپر اُٹھاؤ اِس لیئے کہ تمھارا چھٹکارا نزدیک هي اور اُسنے اُن سے ایک تمثیل کہي کہ انجیر کے درخت اور سب درختوں کو دیکھو جب اُن میں کوپلیں نکلتي هین تم دیکھہ‌کر آپ هي جانتے هو کہ اب گرمي نزدیک آئي سو اسیطرح تم بھي جب ان چیزوں کو هوتے دیکھو تو جانو کہ خدا کي بادشاهت نزدیک آئي میں تم سے سچ کہتا هوں کہ جبتک یہہ سب هو نہ لیوے یہہ پیڑھي کبھي نہ گذریگي آسمان و زمین ٹل جائینگے پر میري باتیں کبھي نہ ٹلینگي *

آمد کا تیسرا اتوار

دعا

اي خداوند یسوع مسیح تونے اپنے پہلے آنے کے وقت اپنے رسول کو بھیجا کہ تیرے آگے تیري راہ درست کرے یہہ بخش کہ تیرے رازوں کے خدمت گذار اور مختارکار اِس طرح تیري راہ کو طیار اور درست کریں کہ نافرمان‌برداروں کے دلوں کو راستبازوں کي دانائي کي طرف پھیریں کہ جب تو جہان کي عدالت کرنے کو پھر آوے هم تیرے حضور

کي چوکیان اُلٹ دیں اور اُن سے کہا یہہ لکھا ہی کہ میرا گھر عبادت کا
گھر کہلائیگا پر تم نے اُسے چورونکا کھوہ بنایا *

آمد کا دوسرا اتوار

دعا

اَی مبارک خداوند جسنے ساري مقدس کتابیں ہماري تعلیم کے
لیئے لکھوائیں یہہ بخش کہ ہم اُنہیں ایسے طور سے سنیں پڑھیں دھیان
کریں سیکھیں اور باطن میں گویا ہضم کریں کہ تیرے پاک کلام سے صبر
اور تسلي حاصل کرکے اُس حیات ابدي کي مبارک امید کو جسے تونے
ہمارے نجات بخشنیوالے یسوع مسیح کے وسیلے سے ہمیں دي اختیار
کریں اور سدا تھامبھے رہیں * آمین

مکتوب رومیونکا ۱۵ ب ۴ آ

جو کچھہ آگے لکھا گیا سو ہماري تعلیم کے لیئے لکھا گیا تاکہ ہم
صبر اور کتابون کي تسلي سے امید رکھیں اور خدا جو صبر اور تسلي کا
باني ہی تم کو یہہ بخشے کہ تم مسیح یسوع کي طرح آپس میں
ایکدل رہو تاکہ تم ایکدل اور ایک زبان ہوکے خدا کي جو ہمارے
خداوند یسوع مسیح کا باپ ہی تعریف کرو اِسواسطے تم میں سے ہرایک
دوسرے کو شامل کرے جیسے مسیح نے بھي ہمیں شامل کرلیا تاکہ خدا کا
جلال ہووے میں کہتا ہون کہ یسوع مسیح خدا کي سچّائي کے لیئے
مختونون کا خادم ہوا تاکہ اُن وعدون کو جو باپ دادون سے کیئے گئے
پورا کرے اور غیر قوم بھي رحم کے سبب خدا کي تعریف کریں چنانچہ
لکھا ہی کہ اِس واسطے میں غیر قومون کے بیچ تیري تعریف کرونگا اور
تیرا نام گاؤنگا اور وہ پھر کہتا ہی کہ اَی غیر قومو اُسکي قوم کے ساتھہ
خوشي کرو اور پھر یہہ کہ اَی ساري غیر قومو خداوند کي تعریف کرو اور
اَی لوگو تم سب اُسکي بزرگي کرو اور پھر اشعیا یہہ کہتا ہی کہ یسّي کي

پڑوسي کو ایسا پیار کر جیسا آپ کو کرتا هی که محبت وه هی جو اپنے
پڑوسي سے بدي نہین کرتي اِسواسطے محبت رکھنا شریعت کا پورا کرنا
هی اور وقت کو جان کے یونہین کرو اِس لیئے که وه گھڑي اب آ پہنچي
که هم نیند سے جاگین کیونکه جس وقت هم ایمان لائے اُس وقت کي
نسبت اب هماري نجات زیاده نزدیک هی رات بہت گذر گئي صبح
نزدیک هوئي پس هم اندھیرے کے کامون کو ترک کرین اور روشني کے
هتھیار باندھین جیسا دن کو دستور هی درستي سے چلین نه که دھوم
دھام اور مستیون سے نه که حرام کاریون اور بد پرھیزیون سے نه جھگڑے اور
ڈاه سے بلکه خداوند یسوع مسیح کا جامه پہنو اور جسم کي خواهشون
کے لیئے تدبیر نه کرو *

انجیل متي ۲۱ ب ۱ آ

جب وے اورشلیم کے نزدیک پہنچ کے بیت فجا مین زیتون کے پہاڑ
پاس آئے تب یسوع نے دو شاگردون کو یهه کہه کے بھیجا که سامھنے کي
بستي مین جاؤ اور ایک گدھي بندھي اور اُسکے ساتھه ایک بچه وهین
پاؤگے کھول کے میرے پاس لاؤ اور اگر کوئي تمکو کچھه کہے تو کہیو که
خداوند کو یے درکار هین وه اُسي دم اُنهین بھیج دیگا یهه سب کچھه
هوا تاکه جو نبي نے کہا تھا پورا هو که صیهون کي بیٹي سے کہو دیکھه
تیرا بادشاه فروتني سے گدھي پر بلکه لادو گدھي کے بچے پر سوار هوکے
تجھه پاس آتا هی سو شاگرد جاکے جیسا یسوع نے اُنهین فرمایا تھا بجا لائے
اور اُس گدھي کو بچے سمیت لے آئے اور اپنے کپڑے اُنپر ڈال کے اُسے
اُن پر بٹھلایا اور ایک بڑي جماعت نے اپنے کپڑے راستے مین بچھائے اور
اَوَرون نے درختون کي ڈالیان کاٹ کے راه مین چھترائین اور جماعتین
جو اُسکے آگے پیچھے چلي جاتي پکار کے کہتي تھین داؤد کے بیٹے کو
هوشعنا مبارک وه جو خداوند کے نام پر آتا هی اُسے آسمان پر هوشعنا
اور جب وه اورشلیم مین پہنچا سارے شہر مین غُلغُله پڑا اور کہنے لگے
که یهه کون هی تب جماعتون نے کہا که یهه جلیل کے ناصره کا یسوع
نبي هی اور یسوع خدا کي هیکل مین گیا اور اُن سب کو جو هیکل مین
خرید فروخت کر رهے تھے نکال دیا اور صرافون کے تختے اور کبوتر فروشون

دعائین مکتوبین اور انجیلین

جو سال بھر پڑھنے میں آوین

خبردار کے دعا ہر اتوار یا کسی اور تیہوار کی جسکے عزفہ ہو
اسی عرفہ کی شام کی بندگی میں پڑھی جاوے

مسیح کی آمد کا پہلا اتوار

دعا

ای قادر مطلق خدا همپر فضل کر کہ اب اِس عالم فانی کے درمیان جسمین تیرا بیتا یسوع مسیح بڑی فروتنی سے ہمارے پاس آیا هم تاریکی کے کامون کو چھوڑ دین اور روشنی کے هتهیار باندهہ لین تاکہ آخری دن جب وہ اپنی شاهانہ شان و شوکت کے ساتهہ زندون اور مردون کے انصاف کرنے کو پهر آوے هم اُسکے سبب جو تیرے اور روح قدس کے ساتهہ اب اور ابد تک جیتا اور سلطنت کرتا هی همیشہ کی زندگی کے لیئے جی اُتهین * آمین

یہہ دعا آمد کی دوسری دعاؤن کے ساتهہ کرسمس کے عرفہ تک دور پڑهی جاوے

مکتوب رومیون کو ۱۳ ب ۸ آ

سوا آپس کی محبت کے کسی کے قرضدار نہ رهو کیونکہ جو اورون سے محبت رکهتا هی اُسنے شریعت کو پورا کیا هی کہ یے حکم جو هین کہ تو زنا نہ کر خون نہ کر چوری نہ کر جهوتی گواهی نہ دے لالچ نہ کر اور دوسرے حکم جو هین اُنکا خلاصہ اِس ایک بات مین هی کہ تو اپنے

ایکدل کردینیوالا اور هلڑ مچانیوالون اور سرکشون کے بلوہ کا تھامنے والا
هی هم تیرے پاک نام کا شکر کرتے هیں کہ تونے اپنی مهربانی سے اُن
بڑے فسادون کو موقوف کیا جو اِن دنون هم میں برپا هوئے تھے — هم
کمال عاجزی سے تیری منت کرتے هیں هم سب پر ایسا فضل کر کہ آگے
کو تیرے پاک حکم کے تابع رهیں اور کمال دینداری و نیکوکاری کے ساتھہ
امن و چین میں زندگانی گذاریں اور اُن رحمتون کی جو همپر ظاهر هوئیں
تعریف اور شکرانے کی نذر سدا تجھکو گذرانا کریں — همارے خداوند
یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

وبا اور مری موقوف هونیکا

اے خداوند خدا جسنے بڑی خوف ناک وبا سے همارے گناهون
کے سبب اِن دنون همیں گھایل اور هماری خطاؤن کے واسطے همکو تباہ
کیا تھا اور صب آفت کے وقت اپنے رحم کو یاد فرما کے هماری جانون
کو موت کے پنجے سے رهائی بخشی هم تیری کلیسیا کے درمیان تیری
رحمتون کی تعریف اور بڑائی همیشہ کرتے هوئے اپنے تئیں تن من سمیت
جسے تونے بچایا هی تیرے پدرانہ شفقت کی نذر گذرانتے هیں تاکہ
تیرے لیئے ایک زندہ قربانی هووین — همارے خداوند یسوع مسیح کے
وسیلے سے * آمین

یا یہہ

اے کمال رحیم باپ هم تیرے حضور فروتنی سے اقرار کرتے هیں کہ
همارے گونا گون گناهون اور دل کی سختی کے سبب عذاب کے سب
حکمون کا جو تیری شریعت میں مندرج هیں همپر جاری هونا انصاف
تھا لیکن جبکہ تونے اپنی نهایت مهربانی سے هم عاجز نکمون کی توبہ
پر اِس متعدی بیماری کو جس سے اِن دنون هم غارت هوئے جاتے تھے
دفع کیا اور همارے گھرون سے خوشی اور تندرستی کی آواز سنائی تو هم
تیری جناب اقدس کے حضور حمد اور شکر کا هدیہ گذرانتے اور تیری
اِس نگهبانی اور پروردگاری کے واسطے تیرے جلیل نام کی تعریف اور
تعظیم کرتے هیں اپنے خداوند یسوع مسیح کے وسیلہ سے * آمین

بڑا آرام پایا اور تیرے مقدس نام کي بزرگي ظاهر هوئي — تیري اُن رحمتون سے جو همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے هوئین * آمین

مینهه تهمنے کا

ای خداوند خدا تونے شدت کے مینهه اور پانیون کي آفت سے اِن دنون همین واجبي راه سے عاجز کیا تها پهر اُسکے بدلے اپنے رحم سے وقت پر یهه ایام خوش لاکر همارے دلون کو آرام اور خوشي بخشي تیري اِس مهرباني کے واسطے هم تیري پاک نام کا شکر اور تعریف کرتے هین اور تیري شفقت کا ذکر پشتها پشت همیشه کرتے رهینگے اپنے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

سستي کا

ای کمال مهربان باپ که تونے اپنے کرم اور فضل سے اپني کلیسیا کي التجا و دعا سني اور مهنگي و کال کو سستي اور ارزاني سے بدلا هم عاجزي سے تیري اِس بڑي نعمت کا شکر بهیجتے اور منت کرتے هین که تیري مهر همپر سدا رهے تاکه هماري زمین اپني پیداوار همین دیا کرے جس سے تیري تعریف اور همارا آرام هووے همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

صلح اور دشمنون سے بچاؤ کا

ای قادر مطلق خدا جو اپنے بندون کے لیئے اُنکے دشمنون کے سامهنے بچاؤ کا ایک مضبوط قلعه هی هم تیري حمد اور تیرا شکر کرتے هین که تونے اُن بڑے بڑے خطرون سے جنمین هم صاف گهرگئے تهے بچایا هم اقرار کرتے هین که یهه صرف تیري مهرباني هی که هم اُنکے ساتهه شکار نهوئے اور هم تیري منت کرتے هین که تیري رحم کي نظر یونهین همیشه همپر رهے تاکه سارا جهان معلوم کرے که توهي همارا بچانیوالا اور زبردست رهائي دینیوالا هی — یهه همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے هووے * آمین

وطن کے هنگامه موقوف هونیکا

ای همیشه کے خدا همارے آسماني باپ جو اکیلا ایک گهر کے لوگون کا

شکرانے

شکرانۂ عموم

ای قادر مطلق خدا سب رحمتون کے باني هم تیرے نالایق بندے تیري مهرباني اور محبت کے واسطے جو تونے همپر اور سارے آدمیون پر ظاهرکي هی (* خاص کر اُنپر جو حال کي تیري رحمتون کے لئے اب تیري تعریف اور شکر کیا چاهتے هین) کمال عاجزي کے ساتهه دل و جان سے تیرا شکر کرتے هین هم اپني پیدایش پرورش اور اِس زندگي کي ساري نعمتون پر لیکن خصوصا اُس بے بدل محبت پر جو تونے همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے دنیا کي نجات کي بابت ظاهر کي هی اور فضل کے وسیلون اور جلال کي امید پر تیرا شکر بهیجتے هین اور هم تیري منت کرتے کہ اپنے سارے احسانون کي هم کو ایسي پوري سمجهه دے کہ همارے دل بے ریا تیرے شکرگذار هووین اور هم تیري تعریف فقط اپني زبان سے نهین بلکه اپنے چلن سے اِسطرح ظاهر کرین کہ اپنے تئین تیري بندگي مین سونپ دیوین اور تیرے حضور پاکیزگي اور راستي کے ساتهه عمر بهر چلین همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے جسکو تیرے اور روح قدس کے ساتهه تمام بزرگي اور جلال همیشه هووے * آمین

* یهه تب پڑھا جاوے جب کسیکے لیئے دعا مانگي گئي هو اور وه شکرانه ادا کیا چاهے

مینهه برسنے کا

ای خدا همارے آسماني باپ تو اپني پروردگاري کے فضل سے اگلا اور پچهلا مینهه زمین پر برساتا هی تاکه وه انسان کے فائدے کے لیئے پهل پیدا کرے هم فروتني سے تیرا شکر کرتے هین کہ تونے مهرباني کرکے هماري بڑي ضرورت مین اپني ملک پر آخر کو خوب مینهه برسایا اور اُسے جو سوکهه رهي تهي دهڈهي کردیا جس سے هم تیرے نالایق بندون نے

ای خدا سب انسان کے خالق اور پروردگار هم فروتني سے هرایک قسم اور هرایک درجے کے آدمیون کے واسطے تجھسے عرض کرتے هین که تو مهرباني کرکے اپني راه اُنکو بتا اپني نجات سب قومون پر ظاهر فرما خاص کر کلیسیاء جامع کي بهتري کے لیئے هم دعا مانگتے هین که وه تیرے اچھے روح سے ایسي هدایت پاوے اور ایسي تابعدار هو جاوے که جتنے اپنے تئین مسیحي قرار دیتے اور کهتے هین راه حق کي رهنمائي پاوین اور روح کي یگانگت اور صلح کے بند اور چلن کي راستي سے ایمان پر قایم رهین آگے اُن سب کو جو روح جسم خواه مال کا دکهه یا رنج اُٹهاتے هین هم تیري پدرانه شفقت کے سپرد کرتے هین (* خصوصا اُنکو جنکے لیئے هماري دعائین مطلوب هین) که تو مهرباني سے اُنکي هرایک ضرورت کے موافق اُنهین تسلی اور آرام دیوے اُنکے دکهون مین اُنهین صبوري بخشے اور اُنکي سب مصیبتون کا انجام بخیر کرے یهه یسوع مسیح کے واسطے هم مانگتے هین * آمین

ایہہ آسموقت کہا جاوے جبکہ کوئی جماعت کی دعا کی خواہش کرے

وے تیرے بڑے نام کي بزرگي اور تیري مقدس کلیسیا کے فائدہ کے لئے ایمانداري سے تیرے حضور خدمت بجا لاویں — همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

دعا جو کسي اوپر کي دعا کے بعد پڑھي جاوے

اي خدا جسکي ذات اور صفات سدا غفور و رحیم هی هماري عاجزي کي عرضیں قبول کر اور اگرچه هم اپنے گناهون کي زنجیرون میں جکڑبند هیں تاهم ترس کهاکر اپني کمال رحمت سے همیں کهول دے — همارے درمیاني اور سفارش کرنیوالے یسوع مسیح کي عزت کے واسطے * آمین

دعا حکومت معظمه یعني پارلیمنت اور سرکار هندوستان معه اهل انگریز بهادر کے لیئے

اي بے نهایت کریم خدا جسطرح عام تمام سلطنت کے لیئے اسیطرح خاص محکمۂ علیا پارلیمنت کے لیئے اور اُنسب کے لیئے جو هماري ملکه کے تحت عهددار هیں هم دعا مانگتے هیں اور یهان هندوستان میں ویسراي گورنر جنرل کے لیئے دوسرے گورنرون کے لیئے کون سلون اور صدر عدالتون کے حاکمون کے لیئے اور اُن سب کے لیئے جو اِس ملک میں کسیطرح کا اختیار رکھتے هیں هم فروتني سے تیري منت کرتے هیں که تو مهرباني سے اُنکے تمام بندوبست اور کاروبار ایسے درست فرما اور اُنکا انجام ایسا بخیر کر دے که تیرا جلال ظهور پاوے تیري کلیسیا کي بھلائي اور هماري ملکه اور اُسکي سلطنت کي حفاظت و عزت اور بهتري هووے اور اُنکي جد و جهد سے سب باتیں بهت هي بهتر اور استوار بنیاد پر اِس طرح پختگي سے اِنتظام پاویں که صلح اور خوشي اور سچائي و انصاف و دینداري اور نیکوکاري هم سبهون میں نسلا بعد نسلا قایم رهے یهه سب کچهه اور دوسري سب ضروریات جنکے وے اور هم اور تیري تمام کلیسیا محتاج هیں هم عاجزي سے اپنے نهایت مبارک خداوند اور منجي یسوع مسیح کے نام اور سفارش کے واسطے مانگتے هیں * آمین

سب قسم کے آدمیون کے لیئے ایک دعا جو اسوقت پڑھني چاهیئے که جب لیتني کا پڑھنا مقرر نهین هی

دعا

مسیحي مذهب کي ترقي کے لیئے

اي رحیم خدا تو نے سب آدمیون کو پیدا کیا اور اپنے کسي مخلوق سے دشمني نہین رکهتا اور کسي گنہگار کا مرنا نہین بلکہ یہہ چاهتا هی کہ وہ روجع لاوین اور جیئے اُن سب پر جو تیرے کلام حق کو نہین جانتے هین رحم کر اور اُن سے ساري ناداني اور سخت دیلي اور اپنے کلام کي تحقیر دور کر اور اي مبارک خداوند اُن کو اِس طرح هدایت فرما اور اپنے گلے مین شامل کر کہ وہ سچے اِسرائیلي باقي ماندون کے ساتهہ نجات پاوین اور ایک هي گلہ ایک هي چوپان کے یعنے همارے خداوند یسوع مسیح کے هو جاوین جو تیرے اور روح قدس کے ساتهہ ایک خدا ابد تک جیتا اور سلطنت کرتا هی آمین

یا یہہ

اي خدا تو نے سب قومون کو روے زمین پر رهنے کے لیئے ایک هي لہو سے پیدا کیا هی اور اپنہ متبرک بیتے کو اِس لیئے بهیجا کہ اُنهین جو دور هین اور اُنهین جو قریب هین صلح کي بات سناوے مهرباني سے ایسا کر کہ اِس ملک کے سب لوگ تیري تلاش کرین اور تجهے پاوین اور اي آسماني باپ اپنے اُس وعدے کو جلد پورا کر جو تو نے فرمایا کہ مین اپنا روح تمام آدمزاد پر نازل کرونگا همارے نجات دینیوالے یسوع مسیح کے وسیلے سے آمین

وبا اور بیماري کے وقت کي

اي قادر مطلق خدا کہ تو نے اپنے غضب میں بیابان کے بیچ اپنے خاص لوگون پر موسیٰ و هارون سے سرکشي کرنے کے سبب مري بهیجي اور پهر داوٗد بادشاہ کے وقت میں ستر هزار آدمي مري کي آفت سے مار ڈالے — تاهم اپني مهرباني پر نظر کر کے باقي لوگون کو بچایا — هم بیکس لاچار گنهگارون پر جو اِسوقت بڑي بیماري اور مري میں گرفتار هین رحم کر کہ جسطرح تونے اُسوقت کفارے کو قبول کیا اور هلاک کرنیوالے فرشتہ کو فرمایا کہ سزا دینے سے باز رہ یونهین اب تیري مرضي هو کہ یہہ وبا اور بڑي بیماري همپر سے دفع هو جاوے — یہہ همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے هووے * آمین

ایمبر کے هفتون مین اُنکے لیئے جو مقدس عهدون پر مقرر هونیوالے هین هر روز پڑهی جاوے

اي قادر مطلق خدا همارے آسماني باپ تونے اپنے پیارے بیتے کے قیمتي لهو سے هر جگهہ کي ایک کلیسیا اپنے واسطے خریدي اُسپر رحم کي نظر کر اور اِسوقت اپنی بندے اُسقفون اور اپنے گلہ کے گلہبانون کے دلون کو ایسي سمجهہ بخش اور درست کر کہ وے یکایک کسي شخص پر هاتهہ نہ رکهین بلکہ ایمانداري اور هوشیاري سے تیري کلیسیا کي پاک خدمت کے لیئے لیاقت والون کو چن لین اور جو کسي مقدس کام پر مقرر هووین اُنپر اپنا فضل کر اور اُنکو آسماني برکت دے کہ وے اپني چال اور تعلیم سے تیرا جلال ظاهر اور سب آدمیون کي نجات کے لیئے راہ تیار کرین — همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلہ سے * آمین

یا یہہ

اي قادر مطلق خدا بڑي بڑي نعمتون کے بخشنیوالے تو نے اپنے رباني انتظام سے اپني کلیسیا میں کئي درجے مقرر کئے هین هم خاکساري سے تیري منت کرتے کہ تو اُن سب پر اپنا فضل کر جو اُسکے کسي عهدے یا خدمت پر مقرر هونیوالے هین اور اُنهین اپنے دین کي ایسي درست سمجهہ دے اور چال کي نیکي سے ایسا آراستہ و پیراستہ کر کہ

مہنگي اور کال کے وقت کي

اي خدا آسماني باپ کہ تيري عنايت سے مينہہ برستا زمين اُگاتي حيوانون کي افزايش اور مچھليون کي کثرت هوتي هے هم تيري منت کرتے هين کہ اپنے لوگون کي مصيبتون پر نظر کر اور بخش کہ يهہ گراني اور مهنگي جنکي مصيبت مين اپني بدي کے سبب کمال عدل کي راہ سے هم اسوقت گرفتار هين تيري بڑي مهرباني سے سستي اور ارزاني کے ساتهہ بدل جاوے — همارے خداوند يسوع مسيح کي محبت کے واسطے جسے تيرے اور روح قدس کے ساتهہ اب اور هميشہ کو تمام عزت اور جلال هووے * آمين

يا يون

اي خدا رحيم باپ تونے اليشع نبي کے وقت سامريہ کے ملک مين بڑي مهنگي اور کال کو يکايک سستي اور ارزاني سے بدل ڈالا همپر رحم کر کہ همکو بهي جو اپنے گناهون کے سبب ويسي هي سزا پاتے هين وقت پر آرام ملے — اپني آسماني برکت سے زمين کي پيداوار بڑها — اور يهہ بخش کہ هم تيرے کمال کرم سے برکت حاصل کرکے تيرے جلال اور محتاجون کي رفع ضرورت اور اپنے آرام کے ليئے اُسے خرچ مين لاوين — همارے خداوند يسوع مسيح کے وسيلے سے * آمين

لڑائي اور هنگامون کے وقت کي

اي قادر مطلق خدا بادشاهون کے بادشاہ اور سب چيزون کے انتظام کرنيوالے جسکي قدرت کا کوئي مخلوق سامهنا کر نهين سکتا گنهگارون کو لايق سزا ديني اور سچے توبہ کرنيوالون پر رحم کرنا تيرا هي کام هے هم فروتني سے تيري منت کرتے هين کہ همارے دشمنون کے هاتهہ سے همين بچا اور خلاصي دے — اُنکا غرور گهٹا اُنکا کينہ کم کر اور اُنکي منصوبہ بازيان ابتر کر دے تا کہ هم تيري حمايت کا هتهيار باندهہ کر تو جو اکيلا سب فتح کا بخشنيوالا هے تيري تعريف کرنے کو تمام خطرون سے هميشہ بچے رهين — يهہ تيرے اِکلوتے بيٹے همارے خداوند يسوع مسيح کے ثواب کے سبب هووے * آمين

بعضے اوقات کی دعائیں اور شکرانے

جو لیٹنی یا صبح اور شام کی نماز کی دو آخری دعا کے پیشتر پڑھنے میں آویں

دعائیں

مینہہ کے واسطے

ای خدا آسمانی باپ تونے اپنے بیٹے یسوع مسیح کی معرفت اُن سب سے جو تیری بادشاہت اور اُسکی راستی کے طالب ہیں سب چیزوں کا جو اُنکے بدن کے واسطے ضرور ہیں وعدہ کیا ہم تیری منت کرتے ہیں کہ ہماری اِس ضرورت کے وقت ایسے اندازے سے مینہہ برسا دے کہ ہم اپنے آرام اور تیری عزت کے واسطے زمین کی پیداوار حاصل کریں — ہمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

مینہہ تھم جانے کے واسطے

ای قادر مطلق خداوند خدا تونے ایکبار انسان کے گناہ کے سبب آٹھہ آدمی کے سوا سارے جہان کو دبا دیا اور اُسکے بعد اپنی بڑی مہربانی سے وعدہ کیا کہ پھر اسے اِسطرح کبھی غارت نکرونگا ہم عاجزی سے تیری منت کرتے ہیں کہ اگرچہ ہم اپنی برائیوں کے سبب جھڑیوں اور بارش کی آفت کے یقیناً لایق ہیں پر تو بھی ہماری سچی توبہ پر ایسی موافق رت بھیج کہ زمین کی پیداوار ہم بر وقت پاویں اور تیری تنبیہ سے اپنی چال سدھارنی اور تیری مہربانی کے سبب تیری تعریف اور توصیف کرنی سیکھیں — ہمارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

قسیس * ای خداوند تیري رحمت همپر نازل هو

جواب * که تجهي پر همارا بهروسا هی

هم دعا مانگیں

ای باپ هم خاکساري سے تیري منت کرتے هیں که تو هماري ناتوانیون پر مهر سے نظر کر اور اپنے نام کي بزرگي کے واسطے اُن سب آفتون کو جنکے هم بهت هي سزاوار هوئے هیں همسے ٹال دے اور یهه عنایت کر که هم اپنے سب دکهون میں اپنا سارا آسرا بهروسا تیري رحمت هي پر رکهیں اور همیشه تیري عزت اور جلال کے لیئے پاک صاف چلن کے ساتهه تیري بندگي کرتے رهیں همارے اکیلے درمیاني اور شفیع همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیلے سے * آمین

مقدس کریسلستم کي دعا

ای قادر مطلق خدا تونے همپر فضل کیا هی که همنے اِسوقت ایک دل هوکے تجهسے اپني عمیم دعائیں مانگیں هیں اور تونے وعده کیا هی که جب دو یا تین میرے نام پر اکٹهے هوویں تب میں اُنکي عرضون کو قبول کرونگا اب اي خداوند اپنے بندون کي درخواستون اور آرزوؤن کو جسمیں اُنکي بهتري هو پورا کر اِس جهان میں اپني سچائي کي سمجهه اور اُس جهان میں همیشه کي زندگي همیں بخش * آمین

دوسرا کرنتي ۱۳ باب ۱۴ آ

همارے خداوند یسوع مسیح کا فضل اور خدا کي محبت اور روح قدس کي رفاقت هم سب کے ساتهه همیشه هووے * آمین

یهاں لیٹني تمام هوئي

هماري روز کي روتي آج همین دے اور جسطرح کہ هم اپنے تقصیرواروں
کو معاف کرتے هین تو هماري تقصیرین معاف کر اور همین امتحان مین
نہ ڈال بلکہ برے سے بچا * آمین

قسیس * ای خداوند همارے گناهون کے مطابق همسے سلوک نہ کر
جواب * اور هماري بدیون کي مطابق همین بدلہ نہ دے

هم دعا مانگین

ای خدا رحیم باپ جو شکستہ دلون کي آہ اور غمگینون کي آرزو کو
نا چیز نہین جانتا جب کبھي دکھہ اور مصیبتون مین هم گرفتار هوکر
تیرے حضور دعا مانگین تو مهرباني سے هماري مدد کر اور کرم سے هماري
سن کہ جو برائیان شیطان یا انسان اپنے مکر اور فریب سے همپر لایا
چاهتے هین دفع هو جاوین اور تیري حسن پیش بیني سے دور هو جاوین
کہ هم تیرے بندے هر طرح کے ستائے جانے سے بچکر تیري پاک کلیسیا
مین همیشہ تیرا شکر بجالایا کرین همارے خداوند یسوع مسیح کے
وسیلے سے

ای خداوند اُٹھہ هماري مدد کر اور اپنے نام کے واسطے همین بچا
ای خدا همنے اپنے کانون سنا اور همارے باپ دادون نے همسے بیان کیا
کہ اُنکے دنون اور اُنکے پیشتر اگلے دنون مین تونے کیا هي عجیب کام کئے
ای خداوند اُٹھہ هماري مدد کر اور اپني عزت کے واسطے همین بچا
ستایش باپ اور بیٹے اور روح قدس کي هو
جواب * جیسي ابتدا مین تھي اب بھي هی اور همیشہ رهیگي * آمین
ای مسیح همارے دشمنون سے همین پناہ دے
هماري مصیبتون پر مهرباني کي نظر کر
دردمندي سے همارے دلون کے غمون پر نگاہ کر
رحم کرکے اپنے لوگون کے گناہ معاف فرما
اپنے رحم اور کرم سے هماري دعائین سن
ای داؤد کے بیٹے همپر رحم کر
ای مسیح اب اور همیشہ کو توجہ فرماکر هماري سن
ای مسیح کرم سے هماري سن ای خداوند مسیح کرم سے هماري سن

ای مہربان خداوند ہم تیري منت کرتے ہیں کہ تو ہماري سن
اپني مہرباني سے ہمارے دشمنون اور ستانیوالون اور تہمت لگانیوالون کو معاف کر اور اُنکے دلون کو پھیر

ای مہربان خداوند ہم تیري منت کرتے ہیں کہ تو ہماري سن
اپني مہرباني سے زمین کے اچھے حاصلات پیدا کر اور ہمارے فائدہ کے لئے اُنکي نگہباني فرما کہ وقت پر وے ہمارے کام آوین

ای مہربان خداوند ہم تیري منت کرتے ہیں کہ تو ہماري سن
اپني مہرباني سے سچي توبہ کي توفیق ہمیں دے ہمارے سارے گناہ غفلت و نادانیان معاف کر اور اپنے روح قدس کا فضل ہمپر فرما کہ اپني چال تیرے پاک کلام کے موافق سدھارین

ای مہربان خداوند ہم تیري منت کرتے ہیں کہ تو ہماري سن
ای خدا کے بیٹے ہم تیري منت کرتے ہیں کہ تو ہماري سن
ای خدا کے بیٹے ہم تیري منت کرتے ہیں کہ تو ہماري سن
ای خدا کے برّے جو جہان کے گناہون کو اُٹھا لیجاتا ہي
اپنا آرام ہمیں بخش
ای خدا کے برّے جو جہان کے گناہون کو اُٹھا لیجاتا ہي
ہمپر رحم کر
ای مسیح ہماري سن
ای مسیح ہماري سن
ای خداوند ہمپر رحم کر
ای خداوند ہمپر رحم کر
ای مسیح ہمپر رحم کر
ای مسیح ہمپر رحم کر
ای خداوند ہمپر رحم کر
ای خداوند ہمپر رحم کر

تب قسیس اور جماعت اسکے ساتھ خداوند کي دعا پڑھیں

ای ہمارے باپ جو آسمان پر ہي تیرے نام کي تقدیس ہووے تیري بادشاہت آوے تیري مرضي جیسي آسمان پر ہي زمین پر بھي ہووے

اي مہربان خداوند ہم تیري منت کرتے ہیں کہ تو ہماري سن
اپني مہرباني سے سب قومون مین اتحاد صلح و موافقت بخش
اي مہربان خداوند ہم تیري منت کرتے ہیں کہ تو ہماري سن
اپني مہرباني سے ہمین ایسا دل دے جو تیري محبت اور دہشت رکھے اور تیرے حکم بجالانے مین لگارہے
اي مہربان خداوند ہم تیري منت کرتے ہیں کہ تو ہماري سن
اپني مہرباني سے اپنے سب لوگون کو زیادہ توفیق بخش کہ وے تیرے کلام کو عاجزي کے ساتھہ سنین اور خالص محبت سے اُسکو قبول کرین اور روح کے پھل لاوین
اي مہربان خداوند ہم تیري منت کرتے ہیں کہ تو ہماري سن
اپني مہرباني سے اُن سب کو جو بھٹک گئے اور جنھون نے فریب کھایا راہ حق پر لا
اي مہربان خداوند ہم تیري منت کرتے ہیں کہ تو ہماري سن
اپني مہرباني سے اُنھین جو قایم ہیں قوت بخش اور ضعیف دلونکو تسلي دے اور اُنکي مدد کر اور گرے ہوؤن کو اُٹھالے اور آخر شیطان کو ہمارے پانو تلے کچل ڈال
اي مہربان خداوند ہم تیري منت کرتے ہیں کہ تو ہماري سن
اپني مہرباني سے اُن سب کي جو خطرے مین ہیں بچالے اور انکي جو ضرورت مین ہیں مددگاري کر اُنھین جو مصیبت میں ہیں دلاسا دے
اي مہربان خداوند ہم تیري منت کرتے ہیں کہ تو ہماري سن
اپني مہرباني سے اُن سب کي جو خشکي یا تري کا سفر کرتے ہیں سب عورتون کي جنھین پیڑین لگین سب بیمارون اور ننھے بچون کي حفاظت کر اور سارے قیدي و اسیرون پر اپني رحمت فرما
اي مہربان خداوند ہم تیري منت کرتے ہیں کہ تو ہماري سن
اپني مہرباني سے سب یتیم اور بیوہ اور سب بیکسون اور مظلومون کي حمایت کر اور خبر لے
اي مہربان خداوند ہم تیري منت کرتے ہیں کہ تو ہماري سن
اپني مہرباني سے سب آدمیون پر رحم کر

اور اپني مهرباني سے اپني پاک کلیسیاء جامع کي رهنمائي فرما اور راہ راست پر اُسکا بندوبست کر

اي مهربان خداوند هم تیري منت کرتے هین که تو هماري سن

اپني مهرباني سے اپني خادمه هماري کریم الطبع ملکه اور حاکمه وکتوریا کي حفاظت کر اور اُسے طاقت بخش که وہ سچائي سے تیري عبادت کیا کرے اور راستي و پاکیزگي کے ساتهه اپني زندگاني گذارے

اي مهربان خداوند هم تیري منت کرتے هین که تو هماري سن

اپني مهرباني سے اُسکے دل کو اپنے دین اور خوف و محبت کي طرف متوجه رکهه اور یهه که وہ سدا تجهه پر بهروسا رکهے اور همیشه تیري عزت و جلال کي طالب رهے

اي مهربان خداوند هم تیري منت کرتے هین که تو هماري سن

اپني مهرباني سے اُسکا حامي اور حافظ رہ اور اُسکے سب دشمنون پر اُسے فتح بخش

اي مهربان خداوند هم تیري منت کرتے هین که تو هماري سن

اپني مهرباني سے یدوارد البرت ویلس کے شاهزادے اور تمام بادشاهي خاندان کو برکت بخش اور سلامت رکهه

اي مهربان خداوند هم تیري منت کرتے هین که تو هماري سن

اپني مهرباني سے تمام اُسقف اور قسیس اور ڈیکنون کو صحیح معرفت اور اپنے کلام کي سمجهه سے روشني بخش اور یهه که اُسکے مطابق وے اپني تعلیم اور چال سے اُسکو بتلاوین اور ظاهر کرین

اي مهربان خداوند هم تیري منت کرتے هین که تو هماري سن

اپني مهرباني سے مشیر وزیرون اور سب آمیرون پر فضل کر اور اُنکو دانائي اور سمجهه بخش

اي مهربان خداوند هم تیري منت کرتے هین که تو هماري سن

اپني مهرباني سے حاکمون کو برکت دے اور اُنکا نگهبان رہ اور اُنپر فضل کر که وے انصاف کرین اور راستي کو قایم رکهین

اي مهربان خداوند هم تیري منت کرتے هین که تو هماري سن

اپني مهرباني سے اپنے سب لوگون کو برکت دے اور محفوظ رکهه

اي مہربان خداوند ہم سے تحمل کر

ہر ایک بدي اور آفت سے گناہ سے شیطان کے مکر اور حملون سے اپنے غضب سے اور ہمیشہ کے عذاب سے

اي مہربان خداوند ہمین بچا

دل کے ہر طرح کے اندھلاپے سے گھمنڈ غرور اور ریاکاري سے حسد دشمني اور کینہ اور ہر نوع کي بد گماني سے

اي مہربان خداوند ہمین بچا

حرام کاري اور دوسرے ہر طرح کے ہلاک کرنیوالے گناہ سے اور تمام دنیاوي جسماني اور شیطاني فریبون سے

اي مہربان خداوند ہمین بچا

بجلي اور آندھي سے وبا مري اور کال سے لڑائي اور خون سے اور ناگہاني موت سے

اي مہربان خداوند ہمین بچا

ہرایک فساد پوشیدہ سازش اور بغاوت سے تمام جھوٹھي تلقین و بدعت اور آپس کي پھوٹ سے دل کي سختي اور اپنے کلام اور حکم کے ناچیز سمجھنے سے

اي مہربان خداوند ہمین بچا

اپنے پاک مجسم ہونیکے بھید کے واسطے اپني پاک پیدایش اور ختنے کے واسطے اپنے بپتسما روزے اور آزمایش کے واسطے

اي مہربان خداوند ہمین بچا

اپني جان‌کني اور لہو کے پسینے کے واسطے اپني صلیب اور دکھ سہنے کے واسطے اپني عمدہ موت اور دفن ہونے کے واسطے اپنے شاندار جي اُٹھنے اور آسمان پر جانے کے واسطے اور روح قدس کے آنے کے واسطے *

اي مہربان خداوند ہمین بچا

ہمارے ہرایک دکھ کے وقت ہمارے ہرایک سکھ کے وقت مرنے دم اور انصاف کے دن

اي مہربان خداوند ہمین بچا

اي خداوند خدا ہم گنہگار تیري منت کرتے ہین تو ہماري سن

ليتني

دعاے صميم جسے ليٹني کہتے هيں جو فجر کي نماز کے بعد اتوار اور بدھہ
اور جمعہ اور کسي دوسرے وقت کو جب حاکم شرع فرماوے
گائي يا پڑھي جاويں ٠

اي خدا باپ جو آسمان پر هي هم خوار لاچار گنهگارون پر رحم کر

ای خدا باپ جو آسمان پر هی هم خوار لاچار گنهگارون پر رحم کر

ای خدا بیٹے جہان کے خلاصي بخشنیوالے هم خوار لاچار گنهگارون پر رحم کر

ای خدا بیٹے جہان کے خلاصي بخشنیوالے هم خوار لاچار گنهگارون پر رحم کر

اي خدا روح قدس جو باپ اور بیٹے سے نکلتا هی هم خوار لاچار گنهگارون پر رحم کر

اي خدا روح قدس جو باپ اور بیٹے سے نکلتا هی هم خوار لاچار گنهگارون پر رحم کر

اي قدوس مبارک اور جليل تثليث تين اقانيم اور ايک خدا هم خوار لاچار گنهگارون پر رحم کر

اي قدوس مبارک اور جليل تثليث تين اقانيم اور ايک خدا هم خوار لاچار گنهگارون پر رحم کر

اي خداوند هماري تقصيرون کو ياد نکر اور نہ همارے باپ دادون کي تقصيرون کو اور همارے گناهون کا بدلا نلے ای مہربان خداوند هم سے تحمل کر اپنے لوگون سے جنھیں تونے اپنا بیش قیمت لہو دیکر خلاصي بخشي تحمل کر اور ابد تک هم سے خفا نہو

اپني ما کی ماهیت سے عالم میں پیدا هوا
کامل خدا اور کامل انسان نفس ناطقه اور انسانی جسم کے ساتھه
اُلوهیت کي راہ سے باپ کے برابر اور انسانیت کي راہ سے باپ سے کمتر
وہ اگرچه خدا اور آدمي بهي هی پر دو نهیں بلکه ایک مسیح هی
ایک هی اسطور پر نهیں که الوهیت کو جسم سے بدل ڈالا بلکه انسانیت کو خدا میں لیا
سب طرح سے ایک هی ماهیت کے ملانے سے نهیں بلکه آقنوم کي یکتائي سے
کیونکه جسطرح نفس ناطقه اور جسم ایک انسان هی اسیطرح خدا اور انسان ایک مسیح هی
جسنے همارے نجات کے واسطے دکهه اُٹھایا عالم ارواح میں جا اُترا تیسرے دن مردون میں سے جي اُٹھا
آسمان پر چڑهه گیا قادر مطلق خدا باپ کے داهنے هاتهه بیٹھا هی جہان سے وہ زندون اور مردون کي عدالت کرنے کو آویگا
اُسکے آنے پر سارے انسان اپنے اپنے بدن کے ساتھه پھر اُٹھینگے اور اپنے اپنے اعمال کا حساب دینگے
اور جنھون نے نیکي کي هی وے همیشه کي زندگي میں اور جنھون نے بدي کي وے همیشه کي آگ میں داخل هونگے
عقیدہ جامعه یهي هی جسے آدمي اگر بصدق دل نرکھے تو اُسکي نجات هرگز نهوگي
ستایش باپ اور بیٹے اور روح قدس کي هو
جیسي ابتدا میں تهي اب بهي هی اور همیشه رهیگي * آمین

یونہین باپ قادر مطلق بیٹا قادر مطلق اور روح قدس قادر مطلق
تو بھي تین قادر مطلق نہین بلکہ ایک قادر مطلق ھی
ویساھي باپ خدا بیٹا خدا اور روح قدس خدا
تسپر بھی تین خدا نہین بلکہ ایک خدا
اسیطرح باپ خداوند بیٹا خداوند اور روح قدس خداوند
تو بھي تین خداوند نہین بلکہ ایک خداوند
کیونکہ جسطرح مسیحی عقیدہ سے ھمپر فرض ھی کہ ھرایک اقنوم کو جداگانہ خدا اور خداوند مانین
اسیطرح دین جامع سے ھمین یہہ کہنا منع ھی کہ تین خدا یا تین خداوند ھین
باپ کسي سے مصنوع نہین نہ مخلوق نہ مولود
بیٹا اکیلے باپ سے ھی مصنوع نہین نہ مخلوق پر مولود ھی
روح‌قدس باپ اور بیٹے سے ھی نہ مصنوع نہ مخلوق نہ مولود پر نکلتا ھی
پس ایک باپ ھی نہ تین باپ ایک بیٹا ھی نہ تین بیٹے ایک روح‌قدس ھی نہ تین روح‌قدس
اور اِس تثلیث مین ایک دوسرے سے پہلے یا پیچھے نہین ایک دوسرے سے بڑا یا چھوٹا نہین
بلکہ بالکل تینو اقانیم باھم ازل سے برابر یکسان ھین
اِسلیئے سب باتون مین جیسا کہ اوپر بیان ھوا تثلیث مین توحید کی اور توحید مین تثلیث کي پرستش کي چاھیئے
پس جو کوئی نجات چاھتا اُسے ضرور ھی کہ تثلیث کي بابت ایسا ھي سمجھے
علاوہ اسکے نجات ابدي کے لیئے ضرور ھی کہ ھمارے خداوند یسوع مسیح کے مجسم ھونے پر بھي ایمان صحیح رکھے
کیونکہ ایمان صحیح یہہ ھی کہ ھم اعتقاد اور اقرار کرین کہ خداکا بیٹا ھمارا خداوند یسوع مسیح خدا اور انسان بھی ھي
خدا ھی باپ کي ماھیت سے عالمون کے پیشتر مولود اور انسان ھی

مقدس اتھاناسیس کا عقیدہ

ان عیدوں کے وقت یعنی کرسمس ڈے کو اپیفنی کو مقدس متثیاس کے دن ایسٹر ڈے صعود کے دن ھوٹسنڈے کو مقدس یوحنا بپتسمہ کے دن مقدس یعقوب کے دن مقدس برتولمی کے دن مقدس متي کے دن مقدس شمعون اور مقدس یہودا کے دن مقدس اندریاس کے دن اور تثلیث کے اتوار کو فجر کي نماز کے رسولوں کے عقیدہ کے عوض ھمارے مسیحي ایمان کا یہہ اقرار جو مقدس اتھاناسیس کا عقیدہ مشہور ھی خادم الدین اور جماعت کھڑي ھوکر پڑھیں یا گائیں

جو کوئي نجات چاھتا اُسکو سب باتون سے پہلے ضرور ھی کہ عقیدۂ جامعہ رکھے

اِس عقیدے کو جو کوئي کامل اور بیداغ نگاہ نرکھے وہ بیشک عذاب ابدي میں پڑیگا

اور عقیدۂ جامعہ یہہ ھی کہ ھم تثلیث میں واحد خدا کي اور توحید میں تثلیث کي پرستش کریں

نہ اقانیم کو ملاویں نہ ماھیت کو تقسیم کریں

کیونکہ باپ ایک اقنوم بیٹا ایک اور روح قدس ایک اقنوم ھی

مگر باپ بیٹے اور روح قدس کي اُلوھیت ایک ھي ھی جلال برابر عظمت ازلي یکسان

جیسا باپ ھی ویساھي بیٹا اور ویساھي روح قدس ھی

باپ غیر مخلوق بیٹا غیر مخلوق اور روح قدس غیر مخلوق

باپ غیر محدود بیٹا غیر محدود اور روح قدس غیر محدود

باپ ازلي بیٹا ازلي اور روح قدس ازلي

تاھم تین ازلي نہین بلکہ ایک ازلي

اسیطرح تین غیر محدود نہین اور نہ تین غیر مخلوق بلکہ ایک غیر مخلوق اور ایک غیر محدود

اپني هميشه کي بادشاهت مين پهنچا همارے خداوند يسوع مسيح کے وسيله سے * آمين

دعا پادريون اور جماعتون کے ليئے

اي قادر مطلق اور هميشه کے خدا توهي بڑے بڑے عجايب کام کرتا هي همارے اسقفون اور دين کے خادمون اور ساري جماعتون پر جو اُنکے سپرد هين اپنے فضل کا عافيت بخش روح نازل کر اور اپني برکت کي اوس اُنپر هميشه گرايا کر تاکه وے في الحقيقت تيري مرضي پر چلا کرين۔ اي خداوند همارے شفيع اور درمياني يسوع مسيح کي بزرگي کے واسطے يهه بخش * آمين

مقدس کريساستم کي دعا

اي قادر مطلق خدا تونے همپر فضل کيا هي که همنے اِس وقت ايک دل هوکے تجهسے اپني عميم دعائين مانگي هين اور تونے وعده کيا هي که جب دو يا تين ميرے نام پر اکٹهے هووين تب مين انکي عرضون کو قبول کرونگا اب اي خداوند اپنے بندون کي درخواستون اور آرزوؤن کو جسمين اُنکي بهتري هو پورا کر اِس جهان مين اپني سچائي کي سمجهه اور اُس جهان مين هميشه کي زندگي همين بخش * آمين

۲ کرنتي ۱۳ باب ۱۴ آ

همارے خداوند يسوع مسيح کا فضل اور خدا کي محبت اور روح قدس کي رفاقت هم سب کے ساتهه هميشه هووے * آمين

سال بهر کي نماز کي ترتيب يهان تمام هوئي

چين سے گذرانين يهه همارے بچانيوالے يسوع مسيح کے ثواب کے سبب هووے * آمين

تيسري دعا تمام خطرون سے حفاظت کے ليئے

اي خداوند هم تيري منت کرتے هين هماري تاريکي کو روشن کر اور اپني بڑي رحمت سے همين اس رات کے سارے خوف و خطرہ سے بچا اپنے اِکلوتے بيٹے همارے بچانيوالے يسوع مسيح کي محبت کے طفيل سے * آمين

جهان سرود گاتے هين يا اور مقام جهان گاتے هين وهان اسکے بعد گيت گانا واجب هے

دعا ملکه کي جناب کے ليئے

اي خداوند همارے آسماني باپ بزرگ اور قادر بادشاهون کے بادشاه خداوندون کے خداوند سلطانون کے اکيلے حاکم تو اپنے تخت پر سے زمين کے سارے رهنيوالون کو ديکهتا هي هم دل و جان سے تيري منت کرتے هين که هماري نهايت کريم‌الطبع خاتون رئيسه ملکه وکتوريا پر مهرباني کي نظر رکهه اور اپنے روح‌قدس کے فضل سے اُسکو ايسا معمور کر دے که وه تيري مرضي کي طرف هميشه متوجّه رهے اور تيري راه پر چلے اُسے آسماني نعمتين بخوبي عنايت فرما تندرستي اور اقبالمندي کے ساتهه اُسکي عمر بڑها اُسے قدرت دے که اپنے سب دشمنون پر فتح پاوے اور غالب آوے اور آخر اس زندگي کے بعد هميشه کي خوشي اور خرّمي کو پهنچے همارے خداوند يسوع مسيح کے وسيله سے * آمين

دعا بادشاهي خاندان کے ليئے

اي قادر مطلق خدا ساري خوبيون کے سرچشمے هم فروتني سے تيري منت کرتے هين که البرٹ ايدوارد ويلس کے شاهزادے اور بادشاهي تمام خاندان کو برکت بخش اپنا روح‌قدس اُنهين دے اپنے آسماني فضل سے مالامال کر اُنهين هرطرح کي خوشي کے ساتهه اقبالمند فرما اور

هماري روز کي روٹي آج همين دے اور جسطرح که هم اپنے تقصيرواروں کو معاف کرتے هين تو هماري تقصيرين معاف کر اور همين امتحان مين نه ڈال بلکه برے سے بچا * آمين

تب قسيس کهڑا هوکے کہے

ای خداوند اپني رحمت همپر ظاهر کر

جواب اور اپني نجات همين بخش

قسيس ای خداوند ملکه کي حفاظت کر

جواب اور جب هم تجهے پکارين رحمت سے هماري سن

قسيس اپنے خادمون کو راستبازي کا جامه پہنا

جواب اور اپنے برگزيدے لوگون کو خوش کر

قسيس ای خداوند اپنے لوگون کي حفاظت کر

جواب اور اپني ميراث مين برکت دے

قسيس ای خداوند همارے زمانے مين صلح بخش

جواب که ای خدا تيرے سوا همارے ليئے کوئي لڑنيوالا نہين

قسيس ای خدا همارے دلون کو پاک کر

جواب اور اپنے روح‌قدس کو همسے جدا نه کر

بعد اسکے يے تين دعائين پڑهي جاوين پہلي اس روز کي دوسري صلح کي اور تيسري تمام خطرون سے حفاظت کے لئے چنانچه نيچے لکهي هين اور يے دو پچهلي دعائين بيتبديل شام کي نماز مين هر روز پڑهي جاوين

شام کي نماز کي دوسري دعا

ای خدا ساري پاک خواهشين اور سب اچهي مشورتين اور تمام نيک کام تيري طرف سے هوتے هين اپنے بندون کو وه آرام دے جو دنيا نہين دے سکتي تاکه همارے دل تيرے حکمون کے بجا لانے پر مستعد رهين اور اپنے دشمنون کے خوف سے تيرے هاتهون پناه پاکے اپنے وقت امن و

ستایش باپ اور بیتے اور روح‌قدس کي هو *
جیسي ابتدا مین تهي اب بهي هي اور همیشه رهیگي * آمین

تب خادم‌الدین اور جماعت کهري هوکر رسولون کا عقیده گاٿین یا پڑهین

مین اعتقاد رکهتا هون خدا قادر مطلق باپ پر جو آسمان اور زمین کا پیدا کرنیوالا هی

اور اُسکے اِکلوتے بیتے همارے خداوند یسوع مسیح پر جو روح قدس سے پیٿ مین پڑا کنواري مریم سے پیدا هوا پنطوس پیلاطوس کي حکومت مین دکهه اُتهایا صلیب پر کهینچاگیا مرگیا اور دفن هوا اور عالم ارواح مین جا اُترا تیسرے دن مردون مین سے جي اُتها آسمان پر چڑهه گیا اور خدا باپ قادر مطلق کے داهنے هاتهه بیٿها هی جهان سے وه زندون اور مردون کا انصاف کرنے کو آویگا

مین اعتقاد رکهتا هون روح‌قدس پر پاک کلیسیاے جامع پر مقدسون کي رفاقت گناهون کي معافي جسم کے جي اُٿهنے اور همیشه کي زندگي پر * آمین

اُسکے بعد سب اداب سے گهتنے ٿیک کے یے دعائین جو نیچے لکهي هوں پڑهیں لیکن خادم‌الدین پهلے بلند آواز سے یهه کهه

خداوند تمهارے ساتهه هو
جواب اور تیري روح کے ساتهه
خادم‌الدین هم دعا مانگین
خداوند همپر رحم کر
مسیح همپر رحم کر
خداوند همپر رحم کر

تب خادم‌الدین اور خوانده اور جماعت بلند آواز سے خداوند کی دعا پڑهین

اي همارے باپ جو آسمان پر هی تیرے نام کي تقدیس هو تیري بادشاهت آوے تیري مرضي جیسي آسمان پر هی زمین پر بهي هووے

وہ راستي سے دنيا کي اور انصاف سے لوگون کي عدالت کريگا
ستايش باپ اور بيٹے اور روح قدس کي ھو
جيسي ابتدا مين تھي اب بھي ھی اور ھميشہ رھيگي * آمين

تب نئے عہد مين سے ايک درس جيسا کہ مقرر ھی پڑھا جاوے اور اسکے بعد شمعون کا گيت چنانچہ نيچے مندرج ھی

لوقا کي انجيل ۲ — ۲۹ آيت

اي خداوند اب تو اپنے بندے کو اپنے قول کے موافق سلامتي سے رخصت کرتا ھی

کہ ميري آنکھون نے تيري نجات ديکھي
جو تو نے سب لوگون کے سامھنے تيار کي ھی
قومون کي روشني کے ليئے ايک نور اور اپنے لوگ اسرائيل کے واسطے جلال
ستايش باپ اور بيٹے اور روح قدس کي ھو
جيسي ابتدا مين تھي اب بھي ھی اور ھميشہ رھيگي * آمين

يا يہہ زبور مگر مھينے کی بارھوين تاريخ کو نھين

۶۷ زبور

خدا ھمپر رحم کرے اور ھمين برکت دے اور اپنا چھرہ ھمپر جلوہ گر فرماوے

تاکہ تيري راہ زمين پر اور تيري نجات ساري قومون مين جاني جاوے

اي خدا لوگ تيري تعريف کرين سارے لوگ تيري تعريف کرين

اُمتين خوش ھووين اور خوشي کے مارے گاوين کہ تو راستي سے لوگون کي عدالت کريگا اور زمين پر اُمتون کو ھدايت فرماويگا

اي خدا لوگ تيري تعريف کرين سارے لوگ تيري تعريف کرين

زمين اپنا حاصل موجود کريگي خدا ھمارا خدا ھمين برکت ديگا

خدا ھمين برکت ديگا اور زمين کي سب حدين اُس سے ڈرينگي

اُسنے اپنے بازو کا زور دکھایا اور مغروروں کو اُنکے دلوں کے وہم میں پریشان کیا
اُسنے قدرت والوں کو تخت سے گرا دیا اور غریبوں کو بلند کیا
اُسنے بھوکھونکو اچھي چیزوں سے آسودہ کیا اور دولتمندونکو خالي ہاتھہ نکال دیا
اُسنے اپنے بندہ اسرائیل کو سنبھال لیا اُن رحمتوں کو یاد کرکے جو ابراہیم اور اُسکي اولاد پر سدا کو ہیں جیسا اُسنے ہمارے باپ دادوں سے فرمایا تھا
ستایش باپ اور بیٹے اور روح قدس کي ہو
جیسي ابتدا میں تھي اب بھي ہی اور ہمیشہ رہیگي * آمین

یا یہہ زبور مگر مہینے کي انیسوین تاریخ کو نہیں کہ اُس روز کي مقررہ زبوروں کے ساتھہ وہ پڑھي جاتي ہی

۹۸ زبور

خداوند کے لیئے نیا گیت گاؤ کہ اُسنے عجیب کام کیئے
اُسکے داھنے ہاتھہ اور اُسکے مقدس بازونے اُسے فتح دي
خداوند نے اپني نجات ظاہر کي اپني راستي اُمتونکو صاف دکھادي ہی
اُسنے اسرائیل کے گھرانے پر اپني مہرباني اور سچائي یاد فرمائي زمین کي ساري حدوں نے ہمارے خدا کي نجات دیکھي ہی
ای ساري زمین کے رہنیوالو خداوند کے لیئے خوشي سے نعرہ مارو پکار پکار خوشي سے مدح سرائي کرو
خداوند کے لیئے بین بجاؤ بین بجا کے سر باندھکے گاؤ
نرسنگے پھونکتے سارنگیاں بجاتے خداوند بادشاہ کے آگے خوشي مناؤ
سمندر اور اُسکي معموري دنیا اور اُسکے رہنیوالے شور مچاویں
نہریں تالیاں بجاویں پہاڑ ملکے خداوند کے حضور خوشي مناویں کیونکہ وہ زمین کي عدالت کرنے آتا ہي

روٹي آج همين دے اور جسطرح كه هم اپنے تقصيرواروں كو معاف كرتے هين تو هماري تقصيرين معاف كر اور همين امتحان مين نه ڈال بلكه برے سے بچا كيونكه بادشاهت قدرت اور جلال هميشه تيرا هي هى * آمين

تب وه لوگ پهر كهين

قسيس اى خداوند تو همارے هونٹهوں كو كهول
جواب اور هماري زبانيں تيري ستايش بيان كرينگي
قسيس اى خدا همارے بچانے مين جلدي كر
جواب اى خداوند جلد هماري مدد كر

يهانه سب كهڑے هوں اور قسيس كہه

ستايش باپ اور بيٹے اور روح قدس كي هو
جواب جيسي ابتدا مين تهي اب بهي هى اور هميشه رهيگي * آمين

قسيس خداوند كي تعريف كرو
جواب خداوند كے نام كي تعريف هوا كرے

تب مقرري زبور ترتيب كے موافق پڑهے يا گائے جاوين اسكے بعد پرانے عهد مين سے ايک ورق جيسا كه مقرر هى اور پهر كنواري مريم متبركه كا گيت جو نيچے لكها هى

لوقا ۱ باب

ميري جان خداوند كي تعظيم كرتي هى اور ميري روح ميرے نجات دينيوالے خدا سے خوش هوئي
كه اُسنے اپني باندي كي عاجزي پر نظر كي
ديكهه اِسليئے اس دم سے سارے زمانه كے لوگ مجهے مبارک كهينگے
كيونكه اُسنے جو قادر هى مجهه پر بڑے بڑے احسان كيئے اور اُسكا نام پاک هى
اور اُسكا رحم اُنپر جو اُس سے ڈرتے هيں پشت درپشت هى

منصوبون اور خواهشون پر بهت هي متوجه هوئے هم تيرے پاک حکمون کے بر خلاف چلے هين جو همکو کرنا لازم تها سو همنے نهين کيا اور جو همکو کرنا لازم نه تها سو همنے کيا اور هم مين کچهه سلامتي نهين هی ليکن ای خداوند هم بيکس لاچار گنهگارون پر رحم کر ای خدا اُنکو جو اپني تقصيرون کا اقرار کرتے هين چهوڑ دے اُنهين جو توبه کرتے هين بحال کر اُن وعدون کے موافق جو تو نے همارے خداوند يسوع مسيح کے وسيله انسان سے کيئے هين اور ای کمال رحيم باپ اُسکي خاطر يهه بخش که آگے کو هم ديندارى نيکوکاري اور پرهيزگاري سے چلين تاکه تيرے پاک نام کي بزرگي ظاهر هو * آمين

مغفرت کے کلمے يا گناهون کي معافي کے جو قسيس اکيله کهڑا هوکر فرماوے اور لوگ گهٹنے ٹيکے رهين

قادر مطلق خدا همارے خداوند يسوع مسيح کا باپ جو کسي گنهگار کي موت نهين بلکه يهه چاهتا هی که وه اپني بدي سے باز آوے اور جيئے اور جسنے اپنے خادمون کو اختيار اور حکم ديا هی که وے اُسکے بندون کو جو توبه کرنيوالے هين اُنکے گناهون کي مغفرت اور معافي کے کلمے سناوين اور فرماوين وه اُن سب کو جو سچي توبه کرتے اور اُسکي مقدس انجيل پر بے ريا ايمان لاتے هين معاف کرتا اور بخشتا هی پس آو هم اُسکي منت کرين که وه سچي توبه کي توفيق اور اپنا روح قدس همين دے تاکه جو کام هم اِسوقت کرتے هين اُسے پسند آوين اور آگے کو هماري باقي عمر صفائي اور پاکي سے گذرے ايسا که آخر کو هم اُسکي هميشه کي خوشي مين داخل هووين همارے خداوند يسوع مسيح کے وسيلے سے * آمين

تب خادم الدين گهٹنے ٹيک کر بلند آواز سے خداوند کي دعا پڑهے اور جماعت بهي گهٹنے ٹيک کر اُسکے ساتهه ساتهه پڑهے

ای همارے باپ جو آسمان پر هی تيرے نام کي تقديس هو تيري بادشاهت آوے تيري مرضي جيسي آسمان پر هی زمين پر بهي هووے هماري روز کي

میں اُٹھکر اپنے باپ پاس جاؤنگا اور اُس سے کہونگا کہ ای باپ میں نے آسمان کا اور تیرا گناہ کیا ھی اور اِس لایق نہیں کہ پھر تیرا بیٹا کہلاؤں * — لوقا ۱۵ — ۱۸ و ۱۹

ای خداوند اپنے بندے کا حساب عدل سے نہ لے کیونکہ تیرے حضور کوئي آدمي راستباز نہ ٹھہریگا * — زبور ۱۴۳ — ۲

اگر ہم کہیں کہ ہم بیگناہ ھیں تو اپنے کو بُھلا دیتے ھیں اور ہم میں سچائي نہیں اگر ہم اپنے گناھوں کا اقرار کریں تو وہ ھمارے گناہ بخشنے اور ھمکو ھر طرح کي ناراستي سے پاک کرنے میں صادق‌القول اور عادل ھی * — ۱ یوحنا ۱ — ۸ و ۹

ای پیارہ بھائیو بیبل کے کئي مقام ھمیں ابھارتے ھیں کہ اپنے سب طرح کے گناھوں اور بدیوں کو قبول کریں اور مان لیویں اور اُنکي بابت قادر مطلق خدا کے حضور جو ھمارا آسماني باپ ھی حیلہ نہ لاویں اور نہ اُنہیں چھپاویں بلکہ غریب عاجز تائب اور تابعدار دل سے اُنکا اقرار کریں تاکہ اُسکے بیحد فضل و کرم سے ھماري مغفرت ھو اور اگرچہ ھمیں لازم ھی کہ ھر وقت خدا کے سامھنے فروتني سے اپنے گناھوں کا اقرار کریں لیکن خاص کر اُس وقت ایسا کرنا لازم ھی کہ جب ہم اِس لئے جمع اور اکٹھے ھوویں کہ اُن بڑي بڑي نعمتوں پر جو ھمنے اُس کے ھاتھوں پائي ھیں اُسکا شکر بھیجیں اُسکے بہت ھي لائق تعریف کریں اُسکا بے نہایت مقدس کلام سنیں اور وہ چیزیں جو جان اور تن کو بھي درکار اور ضرور ھیں اُس سے مانگیں اِسواسطے میں تم سب کي جو یہاں حاضر ھو منت و سماجت کرتا ھوں کہ پاک دل اور عاجزي کي آواز سے آسماني فضل کے تخت کے حضور میرے ساتھہ ھو کے میرے پیچھے پیچھے کہو

اقرار عمیم جسے ساري جماعت خادم‌الدین سمیت گھٹنے ٹیک کر اُسکے پیچھے پیچھے کہے

ای قادر مطلق اور کمال رحیم باپ ھمنے خطا کي ھی اور کھوئي ھوئي بھیڑوں کي مانند تیري راھوں سے بھٹک گئے ھیں ھم اپنے دلوں کے

شام کي نماز

کي ترتيب

سال کے هر روز کے لئے

شام کي نماز کے شروع ميں خادم الدين بيبل کي اں آيتون ميں سے جو نيچے لکھي هيں ايک يا کئي ايک بلند آواز سے پڑھے اور اسکے بعد اسے جو اں آيتون کے پيچھے لکھا هے سناے

جب بد آدمي اپني بدي سے جو اُسنے کي هے باز آوے اور جو واجبي اور راست هے اُسے کرے تو وه اپني جان کو زنده رکھيگا * — حزقيال ۱۸ — ۲۷

ميں اپنے گناهون کا اقرار کرتا هون اور ميري خطا هميشه ميرے سامهنے هے * — زبور ۵۱ — ۳

ميري خطاؤن پر نظر نه کر اور ميري ساري برائيوں کو ميٹ دے * — زبور ۵۱ — ۹

خدا کي قربانيان شکسته دل هيں اى خدا تو کسي شکسته و خسته دل کو نا چيز نسمجهيگا * — زبور ۵۱ — ۱۷

اپنے گريبان نهيں بلکه اپنے دل چاک کرو اور خداوند اپنے خدا کي طرف پهرو کيونکه وه کريم و رحيم هے غصه کرنے ميں دهيما اور بڑا دردمند اور دکهه دينے سے ملول هوتا هے * — يوئيل ۲ — ۱۳

اگرچه خداوند اپنے خدا سے هم پهرگئے اور اُسکي بات همنے نهيں ماني که اُسکي شريعتون پر جو اُسنے همپر ظاهر کيں چلتے تو بهي خداوند همارا خدا بڑاهي رحيم اور بخشنده هے * — دانيال ۹ — ۹ و ۱۰

اى خداوند ميري تنبيهه کر پر اندازے سے اپنے غضب سے نهيں نهو که تو مجهے نيست کر ڈالے — ارميا ۱۰ — ۲۴ * زبور ۶ — ۱

توبه کرو کيونکه آسمان کي بادشاهت نزديک هے * — متي ۳ — ۲

جب دو يا تين ميرے نام پر اکٹھے هوويں تب مين انکي عرضون کو قبول کرونگا اب اى خداوند اپنے بندون کي درخواستون اور آرزوون کو جسمين اُنکي بهتري هو پورا کر اِس جهان مين اپني سچائي کي سمجهه اور اُس جهان مين هميشه کي زندگي همين بخش * آمين

۲ کرنتي ۱۳ باب ۱۴ آ

همارے خداوند يسوع مسيح کا فضل اور خدا کي محبت اور روح قدس کي رفاقت هم سب کے ساتهه هميشه هووے * آمين

سال بهر کي فجر کي نماز کي ترتيب يهان تمام هوئي *

کے سارے رهنیوالون کو دیکهتا هی هم دل و جان سے تیري منت کرتے هین
که هماري نهایت کریم‌الطبع خاتون رئیسه ملکه وکتوریا پر مهرباني کي
نظر رکهه اور اپنے روح‌قدس کے فضل سے اُسکو ایسا معمور کر دے که وه تیري
مرضي کي طرف همیشه متوجه رهے اور تیري راه پر چلے اُسے آسماني
نعمتین بخوبي عنایت فرما تندرستي اور اقبالمندي کے ساتهه اُسکي عمر
بڑها اُسے قدرت دے که اپنے سب دشمنون پر فتح پاوے اور غالب
آوے اور آخر اِس زندگي کے بعد همیشه کي خوشي اور خرّمي کو پهنچے
همارے خداوند یسوع مسیح کے وسیله سے * آمین

دعا بادشاهي خاندان کے لیئے

ای قادر مطلق خدا هماري خوبیون کے سرچشمے هم فروتني سے تیري
منت کرتے هین که البرٹ یدوارد ویلس کے شاهزادے اور بادشاهي
تمام خاندان کو برکت بخش اپنا روح‌قدس اُنهین دے اپنے آسماني
فضل سے مالامال کر اُنهین هرطرح کي خوشي کے ساتهه اقبالمند فرما اور
اپني همیشه کي بادشاهت مین پهنچا همارے خداوند یسوع مسیح کے
وسیله سے * آمین

دعا پادریون اور جماعتون کے لیئے

ای قادر مطلق اور همیشه کے خدا توهي بڑے بڑے عجایب کام
کرتا هی همارے اسقفون اور دین کے خادمون اور ساري جماعتون پر جو
اُنکے سپرد هین اپنے فضل کا عافیت بخش روح نازل کر اور اپني برکت
کي اوس اُنپر همیشه گرایا کر تاکه وے في‌الحقیقت تیري مرضي پر چلا
کرین ای خداوند همارے شفیع اور درمیاني یسوع مسیح کي بزرگي کے
واسطے یهه بخش * آمین

مقدس کریساستم کي دعا

ای قادر مطلق خدا تونے همپر فضل کیا هی که همنے اِس وقت ایک
دل هوکے تجهسے اپني عمیم دعائین مانگي هین اور تونے وعده کیا هی که

قسيس ۔ اى خدا همارے دلوں کو پاک کر
جواب اور اپنے روح‌قدس کو همسے جدا نه کر

تب يے تين دعائين پڑهي جاوين پهلي اُس روز کي اور وه وهي هى جو عشاے رباني مين مقرر هى دوسري صلح کي تيسري فضل کي تاکه هم نيک چال چلين اور يے دونو پچهلي دعائين هرگز نه بدلين بلکه هر روز سال بهر فجر کي نماز مين پڑهين جاوين جس طرح نيچے لکهي هين اور سب گهٹنے ٹيکين

دوسري دعا صلح کے ليئے

اى خدا جو صلح کا باني اور ميل کا چاهنيوالا هى جسکي پهچان پر هماري هميشه کي زندگي موقوف هى جسکي بندگي کمال آزادگي هى جسوقت همارے دشمن همپر حمله کرين اپنے عاجز بندون کي حمايت کر تاکه هم تيري حمايت پر پورا بهروسا رکهه کر کسي دشمن کے زور سے نه ڈرين همارے خداوند يسوع مسيح کي قدرت سے * آمين

تيسري دعا فضل کے ليئے

اى خداوند همارے آسماني باپ قادر مطلق اور هميشه کے خدا تونے اِس دن کي صبح تک همين سلامت پهنچايا اپني بڑي قدرت سے دن بهر هماري حمايت کر اور يهه بخش که آج هم کسي گناه مين نه پهنسين اور کسيطرح کے خطرے مين نه پڑين بلکه تيري هدايت سے همارے سارے کام ايسے درست هوجاوين که جو کچهه تيرے حضور راست هى وهي هميشه کرتے رهين همارے خداوند يسوع مسيح کے وسيله سے * آمين

جهان سرودگاه هى يا اور مقام جهان گاتے هين وهان اب گانيکا وقت هى بعد اسکے يے پانچ دعائين جو نيچے لکهي هين پڑهي جاوين مگر جب ليتني پڑهي جاوے تب انمين سے صرف دو آخري دعائين ترتيب کے موافق پڑهي جاوين

دعا ملکه کي جناب کے ليئے

اى خداوند همارے آسماني باپ بزرگ اور قادر بادشاهون کے بادشاه خداوندون کے خداوند سلطانون کے اکيلے حاکم تو اپنے تخت پر سے زمين

اسکے بعد سب ادب سے گھٹنے ٹیک کے یے دعائیں جو نیچے لکھي ہیں
پڑھیں لیکن خادم الدین پہلے بلند آواز سے یہہ کہے

خداوند تمہارے ساتھہ ہو

جواب   اور تیري روح کے ساتھہ

خادم الدین   ہم دعا مانگیں

خداوند ہمپر رحم کر

مسیح ہمپر رحم کر

خداوند ہمپر رحم کر

تب خادم الدین اور خواص اور جماعت بلند آواز سے خداوند کي دعا پڑھیں

اي ہمارے باپ جو آسمان پر ہي تیرے نام کي تقدیس ہو تیري بادشاہت آوے تیري مرضي جیسي آسمان پر ہي زمین پر بھي ہووے ہماري روز کي روٹي آج ہمیں دے اور جسطرح کہ ہم اپنے تقصیرواروں کو معاف کرتے ہیں تو ہماري تقصیریں معاف کر اور ہمیں امتحان میں نہ ڈال بلکہ برے سے بچا * آمین

تب قسیس کھڑا ہو کے کہے

اي خداوند اپني رحمت ہمپر ظاہر کر

جواب   اور اپني نجات ہمیں بخش

قسیس   اي خداوند ملکہ کي حفاظت کر

جواب   اور جب ہم تجھے پکاریں رحمت سے ہماري سن

قسیس   اپنے خادموں کو راستبازي کا جامہ پہنا

جواب   اور اپنے برگزیدہ لوگوں کو خوش کر

قسیس   اي خداوند اپنے لوگوں کي حفاظت کر

جواب   اور اپني میراث میں برکت دے

قسیس   اي خداوند ہمارے زمانے میں صلح بخش

جواب   کہ اي خدا تیرے سوا ہمارے لیئے کوئي لڑنیوالا نہیں

یا جبھہ زبور

١٠٠ زبور

اَی تمام زمینو خداوند کے لیئے خوش آوازي کرو خوشي سے خداوند کي بندگي کرو اور اُسکے حضور گاتي آوٗ

یقین جانو کہ خداوند وهي خدا هی اُسي نے همیں بنایا نہ کہ همنے آپ کو هم اُسکے بندے اور اُسکي چراگاہ کي بهیڑیں هیں

شکرگذاري کرتے هوئے اُسکے دروازون میں اور حمد کرتے هوئے اُسکي بارگاهون میں داخل هو اُسکے شکرگذار هو اور اُسکا نام مبارک جانو

کہ خداوند بهلا هی اُسکي رحمت ابدي اور اُسکي سچائی پشت در پشت هی

ستایش باپ اور بیٹے اور روح‌قدس کي هو

جیسي ابتدا میں تهي اب بهي هی اور همیشہ رهیگي * آمین

تب حاضرالدین اور جماعت کهڑي رهکر رسولون کا عقیدہ گائیں یا پڑهیں مگر آن دنون نهیں جبکہ مقدس اتهاناسیس کے عقیدہ کا پڑهنا مقرر هی

میں اعتقاد رکهتا هون خدا قادر مطلق باپ پر جو آسمان اور زمین کا پیدا کرنیوالا هی

اور اُسکے اِکلوتے بیٹے همارے خداوند یسوع مسیح پر جو روح قدس سے پیٹ میں پڑا کنواري مریم سے پیدا هوا پنطوس پیلاطوس کي حکومت میں دکهہ اُٹهایا صلیب پر کهینچاگیا مرگیا اور دفن هوا اور عالم ارواح میں جا اُترا تیسرے دن مردون میں سے جي اُٹها آسمان پر چڑهہ گیا اور خدا باپ قادر مطلق کے داهنے هاتهہ بیٹها هی جہان سے وہ زندون اور مردون کا انصاف کرنے کو آویگا

میں اعتقاد رکهتا هون روح‌قدس پر پاک کلیسیاے جامع پر مقدسون کي رفاقت گناهون کي معافي جسم کے جي اُٹهنے اور همیشہ کي زندگي پر * آمین

تب اس طرح دوسرا ورد نئے عہد میں سے پڑھا جاوے اور اسکے بعد یہہ گیت
جو نیچے لکھا ہی مگر اس دن نہیں جبکہ یہہ گیت اس روز کے ورد
میں یا مقدس یوحنا بپتسما دینیوالے کے دن کي انجیل میں ہو

مقدس لوقا کي انجیل ١ — ٦٨ آیت

خداوند اسرائیل کے خدا کي حمد کہ اسنے اپنے لوگون پر نظر کي
اور انہیں خلاصي بخشي

اور ہمارے لیئے نجات کا سینگ اپنے بندہ داؤد کے گھرانے میں
نکالا

جیسا اسنے اپنے پاک نبیون کي معرفت جو دنیا کے شروع سے ہوتے
ائے کہا

ہمکو ہمارے دشمنون اور ان سب کے ہاتھہ سے جو ہم سے کینہ رکھتے
ہیں نجات بخشي

تاکہ اس رحم کو پورا کرے جسکا ہمارے باپ دادے سے وعدہ کیا تھا
اور اپنے پاک عہد کو یاد فرماوے

یعني اس قسم کو جو اسنے ہمارے باپ ابراہیم سے کھائي کہ وہ ہمیں
یہہ دیگا

کہ ہم اپنے دشمنون کے ہاتھہ سے چھٹکارا پاکے عمر بھر انکے آگے پاکي
اور راستي سے بیخوف اسکي بندگي کریں

اور اي لڑکے تو اللہ تعالیٰ کا نبي کہلائیگا کیونکہ تو خداوند کي راہیں
درست کرنیکو اسکے آگے آگے چلیگا

کہ اسکے لوگون کو انکے گناہون کي معافي سے نجات کي خبر دے

جو ہمارے خدا کي عین رحمت سے ہی جسکے سبب صبح کي روشني
اوپر سے ہمپر پہنچي

تاکہ انہیں جو اندھیرے اور موت کے سایہ میں بیٹھے ہیں روشني
بخشے اور ہمارے قدم کو سلامتي کي راہ پر لیچلے

ستایش باپ اور بیٹے اور روح قدس کي ہو
جیسي ابتدا میں تھي اب بھي ہی اور ہمیشہ رہیگي ٭ آمین

زمین کے ای سبزو خداوند کو متبرک جانو اُسکي تعریف کرو اور سدا اُسکي تعظیم بجا لاوٗ

ای کنوو خداوند کو متبرک جانو اُسکي تعریف کرو اور سدا اُسکي تعظیم بجا لاوٗ

ای سمندرو اور دجلو خداوند کو متبرک جانو اُسکي تعریف کرو اور سدا اُسکي تعظیم بجا لاوٗ

ای بڑي مچھلیو اور سب کچھ جو پاني میں پھرتے ہو خداوند کو متبرک جانو اُسکي تعریف کرو اور سدا اُسکي تعظیم بجا لاوٗ

ہوا کے ای سب پرندو خداوند کو متبرک جانو اُسکي تعریف کرو اور سدا اُسکي تعظیم بجا لاوٗ

ای سب درندو اور چرندو خداوند کو متبرک جانو اُسکي تعریف کرو اور سدا اُسکي تعظیم بجا لاوٗ

ای بني آدم خداوند کو متبرک جانو اُسکي تعریف کرو اور سدا اُسکي تعظیم بجا لاوٗ

اسرائیل خدا کو متبرک جانے اُسکي تعریف کرے اور اُسکي تعظیم بجا لاوے

خداوند کے ای کاهنو خداوند کو متبرک جانو اُسکي تعریف کرو اور سدا اُسکي تعظیم بجا لاوٗ

خداوند کے ای بندو خداوند کو متبرک جانو اُسکي تعریف کرو اور سدا اُسکي تعظیم بجا لاوٗ

راستبازون کي ای روحو اور جانو خداوند کو متبرک جانو اُسکي تعریف کرو اور سدا اُسکي تعظیم بجا لاوٗ

ای مقدس اور دل سے فروتن مردو خداوند کو متبرک جانو اُسکي تعریف کرو اور سدا اُسکي تعظیم بجا لاوٗ

ای حننیا عزریا اور میشائیل خداوند کو متبرک جانو اُسکي تعریف کرو اور سدا اُسکي تعظیم بجا لاوٗ

ستایش باپ اور بیٹے اور روح قدس کي ہو

جیسي ابتدا میں تھي اب بھي ہی اور ہمیشہ رہیگي * آمین

ای سورج اور چاند خداوند کو متبرک جانو اُسکي تعریف کرو اور سدا اُسکي تعظیم بجا لاوٗ

ای آسمان کے ستارو خداوند کو متبرک جانو اُسکي تعریف کرو اور سدا اُسکي تعظیم بجا لاوٗ

ای مینھہ اور اوس خداوند کو متبرک جانو اُسکي تعریف کرو اور سدا اُسکي تعظیم بجا لاوٗ

خدا کي ای ھواوٗ خداوند کو متبرک جانو اُسکي تعریف کرو اور سدا اُسکي تعظیم بجا لاوٗ

ای آتش اور تپش خداوند کو متبرک جانو اُسکي تعریف کرو اور سدا اُسکي تعظیم بجا لاوٗ

ای جاڑے اور گرمیو خداوند کو متبرک جانو اُسکي تعریف کرو اور سدا اُسکي تعظیم بجا لاوٗ

ای شبنم اور پالے خداوند کو متبرک جانو اُسکي تعریف کرو اور سدا اُسکي تعظیم بجا لاوٗ

ای پالے اور سردي خداوند کو متبرک جانو اُسکي تعریف کرو اور سدا اُسکي تعظیم بجا لاوٗ

ای برف اور ثلج خداوند کو متبرک جانو اُسکي تعریف کرو اور سدا اُسکي تعظیم بجا لاوٗ

ای رات و دن خداوند کو متبرک جانو اُسکي تعریف کرو اور سدا اُسکي تعظیم بجا لاوٗ

ای اُجالے اور اندھیرے خداوند کو متبرک جانو اُسکي تعریف کرو اور سدا اُسکي تعظیم بجا لاوٗ

ای بجلي اور بادلو خداوند کو متبرک جانو اُسکي تعریف کرو اور سدا اُسکي تعظیم بجا لاوٗ

زمین خداوند کو متبرک جانے اُسکي تعریف کرے اور سدا اُسکي تعظیم بجا لاوے

ای پہاڑو اور پہاڑیو خداوند کو متبرک جانو اُسکي تعریف کرو اور سدا اُسکي تعظیم بجا لاوٗ

جب تو موت كي سختي پر غالب آيا تو نے آسمان كي بادشاهت سارے ايماندارون پر كهول دي
تو باپ کے جلال میں خدا کے دهنے بيتها هي
همين يقين هي كه تو همارا انصاف كرنے كو آويگا
اِس لئے هم تيري منت كرتے هين كه تو اپنے بندون كي مدد كر جنكو تو نے اپنا قيمتي لهو ديكے چهوڑايا هي
اُنهين هميشه کے جلال مين اپنے مقدسون کے ساتهه شمار كر
اى خداوند اپنے لوگون كو بچا اور اپني ميراث مين بركت دے
اُنكي هدايت كر اور اُنهين هميشه كو سرفراز فرما
هر روز هم تيري بڑائي كرتے هين
اور تيرے نام كي عبادت هميشه كيا كرتے هين
اى خُداوند مهرباني كركے آج همين گناه سے بچا لے
اى خداوند هم پر رحم كر هم پر رحم كر
اى خُداوند اپني رحمت همپر نازل كر كه همارا بهروسا تجهي پر هي
اى خُداوند مجهے تيرا هي بهروسا هي كبهي مجهكو شرمنده نهو نے دے

با يهه محامد

خداوند كي اى ساري صنعتو خداوند كو متبرک جانو اُسكي تعريف كرو اور سدا اُسكي تعظيم بجا لاؤ

خداوند کے اى فرشتو خداوند كو متبرک جانو اُسكي تعريف كرو اور سدا اُسكي تعظيم بجا لاؤ

اى آسمانو خداوند كو متبرک جانو اُسكي تعريف كرو اور سدا اُسكي تعظيم بجا لاؤ

اى پانيو جو جوّ پر هو خداوند كو متبرک جانو اُسكي تعريف كرو اور سدا اُسكي تعظيم بجا لاؤ

خداوند كي اى ساري قوتو خداوند كو متبرک جانو اُسكي تعريف كرو اور سدا اُسكي تعظيم بجا لاؤ

بعد اسکے بلند آواز سے پرانے عہد کا جیسے کہ جدول میں مقرر هی پہلا ورد پڑها جاوے مگر جب کہ اس روز کے لیئے خاص ورد مقرر نہوں اور پڑهنیوالا اس ڈهب پر کهڑا اور مائل هو کہ جس میں سب حاضرین اچهي طرح سے سنیں اور اسکے بعد هر روز سال بهر کے لیئے یہہ گیت جو نیچے لکها هی پڑها یا گایا جاوے

خبردار کہ هرایک ورد کے پہلے خادم الدین کہے کہ یہاں فلانا باب یا فلاني آیت فلانے باب کي فلاني کتاب سے شروع هوتي هی اور هر ورد کے بعد کہے کہ پہلا یا دوسرا ورد یہاں تمام هوا

خدا کي تعریف

ای خدا هم تیري تعریف کرتے هم اقرار کرتے هیں کہ توهي خداوند هی

ساري دنیا تجهہ ازلي باپ کي پرستش کرتي هی
سارے فرشتے آسمان اور اسکي تمام قوتیں تجهکو پکارتي هیں
کروبیں اور سرافیں هردم تجهے پکار تے هیں
قدوس قدوس قدوس لشکروں کے خداوند خدا
آسمان اور زمیں تیرے جلال کے دبدبہ سے بهرے هیں
رسولوں کي بزرگ جماعت تیري تعریف کرتي هی
پیغمبروں کي شریف مجلس تیري تعریف کرتي هی
شهیدوں کي نامدار فوج تیري تعریف کرتي هی
تمام جہان کي مقدس کلیسیا تیرا اقرار کرتي هی
کہ تو باپ تیرا دبدبہ بیحد
تیرا بزرگ حقیقي اور اکلوتا بیٹا
اور روح قدس بهي تسلي دینے والا
ای مسیح تو جلال کا بادشاه هی
تو باپ کا ازلي بیٹا هی
جب تو نے انسان کي نجات اپنے ذمہ لي تونے کنواري کے پیٹ میں جنم لینے سے نفرت نہ کي

اُسکے حضور شکر گذاري کے ساتھ آوين گيت گا گا کے اُسکے سامھنے خوشيان مناوين

کيونکه خداوند بڑا خدا اور سب معبودون سے بڑا بادشاہ هی

زمين کي گہرائيان اُسکے قبضے مين اور پہاڑون کي بلنديان اُسي کي هين

سمندر اُسيکا هی اور اُسنے اُسے بنايا اور اُسي کے هاتھون نے خشکي کو تيار کيا

آؤ هم سجدہ کرين اور جھکين اور خداوند کے حضور جو همارا پيدا کرنيوالا هی گھتنے ٹيکين

که وهي همارا خدا هی اور هم اُسکي چراگاہ کے لوگ اور اُسکے هاتهه کي بهيڑين هين

اگر تم آج اُسکي آواز سنو تو اپنے دل سخت نه کرو جيسا جھگڑے کي جگهه امتحان کے دن جنگل مين کيا تها

جسوقت تمهارے باپ دادون نے ميرا امتحان کيا مجھے آزمايا اور ميرے کامون کو ديکھا

چاليس برس تک مين اُس پشت سے بيزار رها اور مين نے کہا که يے وے لوگ هين جنکے دل خطا کار هين اور اُنهون نے ميري راهون کو نهين پہچانا

اُنکي بابت مين نے اپنے غصے مين قسم کھائي که وے ميرے آرام مين داخل نه هونگے

ستايش باپ اور بيٹے اور روح قدس کي هو

جيسي ابتدا مين تهي اب بهي هی اور هميشه رهيگي * آمين

نب مقرري زبور پڑھي جاوين اور سال بھر هر ايک زبور کے بعد يهه کہا جاوے

ستايش باپ اور بيٹے اور روح قدس کي هو

جواب جيسي ابتدا مين تهي اب بهي هی اور هميشه رهيگي آمين

اي همارے باپ جو آسمان پر هی تیرے نام کي تقديس هو تيري بادشاهت آوے تيري مرضي جيسي آسمان پر هی زمين پر بهي هووے همارے روز کي روٹي آج همين دے اور جسطرح که هم اپنے تقصيرواروں کو معاف کرتے هين تو هماري تقصيرين معاف کر اور همين امتحان مين نه ڈال بلکه برے سے بچا کيونکه بادشاهت قدرت اور جلال هميشه تيرا هي هی * آمين

تب وه يهه بهي کهے

قسيس   اي خداوند تو همارے هونٹهون کو کهول
جواب   اور هماري زبانين تيري ستايش بيان کرينگي
قسيس   اي خدا همارے بچانے مين جلدي کر
جواب   اي خداوند جلد هماري مدد کر

يهاں سب کهڑے هوں اور قسيس کهے

ستايش باپ اور بيٹے اور روح قدس کي هو
جواب   جيسي ابتدا مين تهي اب بهي هی اور هميشه رهيگي آمين
قسيس   خداوند کي تعريف کرو
جواب   خداوند کے نام کي تعريف هوا کرے

تب يهه زبور جو نيچے لکهي هی پڑهي يا گائي جاوے مگر ايسٹر کے دن
که اسکے ليئے دوسرا گيت مقرر هی اور هر مهينے کي انيسوين تاريخ
کو بهي يهه زبور اس مقام پر نه پڑهي جاوے مگر اسي روز کي
زبوروں کے ساتهه

۹۵ زبور

آؤ هم خداوند کي مدحسرائي کرين اپني نجات کي چٹان پر زمزمه پردازي کرين

منصوبون اور خواهشون پر بهت هي متوجهه هوئے هم تيرے پاک حکمون کے بر خلاف چلے هين جو همکو کرنا لازم تها سو همنے نهين کيا اور جو همکو کرنا لازم نه تها سو همنے کيا اور هم مين کچهه سلامتي نهين هي ليکن اى خداوند هم بيکس لاچار گنهگارون پر رحم کر اى خدا اُنکو جو اپني تقصيرون کا اقرار کرتے هين چهوڑ دے اُنهين جو توبه کرتے هين بحال کر اُن وعدون کے موافق جو تو نے همارے خداوند يسوع مسيح کے وسيله انسان سے کيئے هين اور اى کمال رحيم باپ اُسکي خاطر يهه بخش که آگے کو هم دينداري نيکوکاري اور پرهيزگاري سے چلين تاکه تيرے پاک نام کي بزرگي ظاهر هو * آمين

مغفرت کے کلمے يا گناهون کي معافي کے جو قسيس اکيلا کهڑا هوکے فرماوے اور لوگ گهتنے ٹيکے رهين

قادر مطلق خدا همارے خداوند يسوع مسيح کا باپ جو کسي گنهگار کي موت نهين بلکه يهه چاهتا هي که وه اپني بدي سے باز آوے اور جيئے اور جسنے اپنے خادمون کو اختيار اور حکم ديا هي که وے اُسکے بندون کو جو توبه کرنيوالے هين اُنکے گناهون کي مغفرت اور معافي کے کلمے سناوين اور فرماوين وه اُن سب کو جو سچي توبه کرتے اور اُسکي مقدس انجيل پر بے ريا ايمان لاتے هين معاف کرتا اور بخشتا هي پس آو هم اُسکي منت کرين که وه سچي توبه کي توفيق اور اپنا روح قدس همين دے تاکه جو کام هم اِسوقت کرتے هين اُسے پسند آوين اور آگے کو هماري باقي عمر صفائي اور پاکي سے گذرے ايسا که آخر کو هم اُسکي هميشه کي خوشي مين داخل هووين همارے خداوند يسوع مسيح کے وسيلے سے آمين

اس مقام مين اور هرايک دعا کے بعد جماعت کهے

آمين

تب خادم الدين گهتنے ٹيک کر بلند آواز سے خداوند کي دعا پڑهے اور جماعت دهي گهتنے ٹيک کر يهان اور دوسرے جس جس مقام پر خدا کي: دعا کهين مين يهه عمل مين آتي هي اُسکے ساتهه ساتهه پڑهے

مین اُٹھکر اپنے باپ پاس جاؤنگا اور اُس سے کہونگا کہ ای باپ مین نے آسمان کا اور تیرا گناہ کیا ھی اور اِس لایق نہین کہ پھر تیرا بیٹا کہلاؤن * — لوقا ۱۵ — ۱۸ و ۱۹

ای خداوند اپنے بندے کا حساب عدل سے نہ لے کیونکہ تیرے حضور کوئي آدمي راستباز نہ ٹھہریگا * — زبور ۱۴۳ — ۲

اگر ہم کہین کہ ہم بیگناہ ھین تو اپنے کو بھلا دیتے ھین اور ہم مین سچائي نہین اگر ہم اپنے گناھون کا اقرار کرین تو وہ ہمارے گناہ بخشنے اور ہمکو ہرطرح کي ناراستي سے پاک کرنے مین صادق القول اور عادل ھی * — ۱ یوحنا ۱ — ۸ و ۹

ای پیارہ بھائیو بیبل کے کئي مقام ہمین ابھارتے ھین کہ اپنے سب طرح کے گناھون اور بدیون کو قبول کرین اور مان لیوین اور اُنکي بابت قادر مطلق خدا کے حضور جو ہمارا آسماني باپ ھی حیلہ نہ لاوین اور نہ اُنہین چھپاوین بلکہ غریب عاجز تائب اور تابعدار دل سے اُنکا اقرار کرین تاکہ اُسکے بیحد فضل و کرم سے ہماري مغفرت ہو اور اگرچہ ہمین لازم ھی کہ ہر وقت خدا کے سامھنے فروتني سے اپنے گناھون کا اقرار کرین لیکن خاص کر اُس وقت ایسا کرنا لازم ھی کہ جب ہم اِس لئے جمع اور اکٹھے ہووین کہ اُن بڑي بڑي نعمتون پر جو ہمنے اُس کے ہاتھون پائي ھین اُسکا شکر بھیجین اُسکے بہت ھي لایق تعریف کرین اُسکا بے نہایت مقدس کلام سنین اور وہ چیزین جو جان اور تن کو بھي درکار اور ضرور ھین اُس سے مانگین اِسواسطے مین تم سب کي جو یہان حاضر ہو منت و سماجت کرتا ہون کہ پاک دل اور عاجزي کي آواز سے آسماني فضل کے تخت کے حضور میرے ساتھہ ہو کے میرے پیچھے پیچھے کہو

اقرار عمومي جسے ساري جماعت خادم الدین سمیت گھٹنے ٹیککر اسکے پیچھے پیچھے کہے

ای قادر مطلق اور کمال رحیم باپ ہمنے خطا کي ھی اور کھوئي ہوئي بھیڑون کي مانند تیري راھون سے بھٹک گئے ھین ہم اپنے دلون کے

فجر کي نماز

کي ترتيب

سال کے هر روز کے لئے

فجر کي نماز کے شروع مين خادم الدين بيبل کي ان آيتون مين سے جو نيچے لکھي هين ايک يا کئي ايک بلند آواز سے پڑهے اور اسکے بعد آگے جو ان آيتون کے پيچهے لکها هے سناوے

جب بد آدمي اپني بدي سے جو اُسنے کي هي باز آوے اور جو واجبي اور راست هي اُسے کرے تو وہ اپني جان کو زندہ رکهيگا * — حزقيال ۱۸ — ۲۷

مين اپنے گناهون کا اقرار کرتا هون اور ميري خطا هميشه ميرے سامهنے هي * — زبور ۵۱ — ۳

ميري خطاؤن پر نظر نہ کر اور ميري ساري برائيون کو ميٹ دے * — زبور ۵۱ — ۹

خدا کي قربانيان شکستہ دل هين اى خدا تو کسي شکستہ و خستہ دل کو نا چيز نسمجهيگا * — زبور ۵۱ — ۱۷

اپنے گريبان نهين بلکہ اپنے دل چاک کرو اور خداوند اپنے خدا کي طرف پهرو کيونکہ وہ کريم و رحيم هي غصہ کرنے مين دهيما اور بڑا دردمند اور دکهہ دينے سے ملول هوتا هي * — يوئيل ۲ — ۱۳

اگرچہ خداوند اپنے خدا سے هم پهرگئے اور اُسکي بات همنے نهين ماني کہ اُسکي شريعتون پر جو اُسنے همپر ظاهر کين چلتے تو بهي خداوند همارا خدا بڑاهي رحيم اور بخشندہ هي * — دانيال ۹ — ۹ و ۱۰

اى خداوند ميري تنبيهہ کر پر اندازے سے اپنے غضب سے نهين نهو کہ تو مجهے نيست کر ڈالے — ارميا ۱۰ — ۲۴ * زبور ۶ — ۱

توبہ کرو کيونکہ آسمان کي بادشاهت نزديک هي * — متي ۳ — ۲

صبح اور شام کي نماز کي ترتيب جسکو سال بھر پڑھنا اور عمل مين لانا هي

صبح اور شام کي نماز کليسيا يا عبادت خانه يا چنسل کي معلومي جگه کے درميان عمل مين آوے مگر جب که حاکم شرع اور وضع کا حکم فرماوے اور چنسل ويسي هي رهين جيسي هوتي آئين

اور يهان سمجھنا چاهئے که کليسيا اور اُسکے خادم الدين کے جس وقت که وے خدمت بجا لاوين آرايش کے وهي سامان رهين اور کام مين آوين جو که چھٹے اِدورڈ شاه کے سن جلوس کے دوسرے برس پارلمنٹ کے حکم سے اِنگلستان کي کليسيا مين تھے

تیسري جدول

ایسٹرے کي پورنماشي کا روز		ایامي حروف	ذهبي اعداد ۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹
مارچ	۲۱	ج	۲۸	۹	۲۰	۱	۱۲	۲۳	۴	۱۵	۲۶
	۲۲	د	۲۹	۱۰	۲۱	۲	۱۳	۲۴	۵	۱۶	۲۷
	۲۳	ه	۰	۱۱	۲۲	۳	۱۴	۲۵	۶	۱۷	۲۸
	۲۴	و	۱	۱۲	۲۳	۴	۱۵	۲۶	۷	۱۸	۲۹
	۲۵	ز	۲	۱۳	۲۴	۵	۱۶	۲۷	۸	۱۹	۰
مارچ	۲۶	ا	۳	۱۴	۲۵	۶	۱۷	۲۸	۹	۲۰	۱
	۲۷	ب	۴	۱۵	۲۶	۷	۱۸	۲۹	۱۰	۲۱	۲
	۲۸	ج	۵	۱۶	۲۷	۸	۱۹	۰	۱۱	۲۲	۳
	۲۹	د	۶	۱۷	۲۸	۹	۲۰	۱	۱۲	۲۳	۴
	۳۰	ه	۷	۱۸	۲۹	۱۰	۲۱	۲	۱۳	۲۴	۵
مارچ	۳۱	و	۸	۱۹	۰	۱۱	۲۲	۳	۱۴	۲۵	۶
اپریل	۱	ز	۹	۲۰	۱	۱۲	۲۳	۴	۱۵	۲۶	۷
	۲	ا	۱۰	۲۱	۲	۱۳	۲۴	۵	۱۶	۲۷	۸
	۳	ب	۱۱	۲۲	۳	۱۴	۲۵	۶	۱۷	۲۸	۹
	۴	ج	۱۲	۲۳	۴	۱۵	۲۶	۷	۱۸	۲۹	۱۰
اپریل	۵	د	۱۳	۲۴	۵	۱۶	۲۷	۸	۱۹	۰	۱۱
	۶	ه	۱۴	۲۵	۶	۱۷	۲۸	۹	۲۰	۱	۱۲
	۷	و	۱۵	۲۶	۷	۱۸	۲۹	۱۰	۲۱	۲	۱۳
	۸	ز	۱۶	۲۷	۸	۱۹	۰	۱۱	۲۲	۳	۱۴
	۹	ا	۱۷	۲۸	۹	۲۰	۱	۱۲	۲۳	۴	۱۵
اپریل	۱۰	ب	۱۸	۲۹	۱۰	۲۱	۲	۱۳	۲۴	۵	۱۶
	۱۱	ج	۱۹	۰	۱۱	۲۲	۳	۱۴	۲۵	۶	۱۷
	۱۲	د	۲۰	۱	۱۲	۲۳	۴	۱۵	۲۶	۷	۱۸
	۱۳	ه	۲۱	۲	۱۳	۲۴	۵	۱۶	۲۷	۸	۱۹
	۱۴	و	۲۲	۳	۱۴	۲۵	۶	۱۷	۲۸	۹	۲۰
اپریل	۱۵	ز	۲۳	۴	۱۵	۲۶	۷	۱۸	۲۹	۱۰	۲۱
	۱۶	ا	۲۴	۵	۱۶	۲۷	۸	۱۹	۰	۱۱	۲۲
	۱۷	ب	۲۵	۶	۱۷	۲۸	۹	۲۰	۱	۱۲	۲۳
	۱۷	ب	۲۶	۷	۱۸	۲۹	۱۰	۲۱	۲	۱۳	۲۴
	۱۸	ج									
اپریل	۱۸	ج	۲۷	۸	۱۹	۰	۱۱	۲۲	۳	۱۴	۲۵

تیسری جدول

ایسٹر ڈے کی پرنماشی کا روز		ابجدی حروف	ذہبی اعداد									
			١	٢	٣	٤	٥	٦	٧	٨	٩	١٠
مارچ	٢١	ج	٨	١٩	٠	١١	٢٢	٣	١٤	٢٥	٦	١٧
	٢٢	د	٩	٢٠	١	١٢	٢٣	٤	١٥	٢٦	٧	١٨
	٢٣	ہ	١٠	٢١	٢	١٣	٢٤	٥	١٦	٢٧	٨	١٩
	٢٤	و	١١	٢٢	٣	١٤	٢٥	٦	١٧	٢٨	٩	٢٠
	٢٥	ز	١٢	٢٣	٤	١٥	٢٦	٧	١٧	٢٩	١٠	٢١
مارچ	٢٦	ا	١٣	٢٤	٥	١٢	٢٧	٨	١٩	٠	١١	٢٢
	٢٧	ب	١٤	٢٥	٦	١٧	٢٨	٩	٢٠	١	١٢	٢٣
	٢٨	ج	١٥	٢٢	٧	١٨	٢٩	١٠	٢١	٢	١٣	٢٤
	٢٩	د	١٦	٢٧	٨	١٩	٠	١١	٢٢	٣	١٤	٢٥
	٣٠	ہ	١٧	٢٨	٩	٢٠	١	١٢	٢٣	٤	١٥	٢٦
مارچ	٣١	و	١٨	٢٩	١٠	٢١	٢	١٣	٢٤	٥	١٦	٢٧
اپریل	١	ز	١٩	٠	١١	٢٢	٣	١٤	٢٥	٦	١٧	٢٨
	٢	ا	٢٠	١	١٢	٢٣	٤	١٥	٢٦	٧	١٨	٢٩
	٣	ب	٢١	٢	١٣	٢٤	٥	١٦	٢٧	٨	١٩	٠
	٤	ج	٢٢	٣	١٤	٢٥	٦	١٧	٢٨	٩	٢٠	١
اپریل	٥	د	٢٣	٤	١٥	٢٦	٧	١٨	٢٩	١٠	٢١	٢
	٦	ہ	٢٤	٥	١٢	٢٧	٨	١٩	٠	١١	٢٢	٣
	٧	و	٢٥	٦	١٧	٢٨	٩	٢٠	١	١٢	٢٣	٤
	٨	ز	٢٦	٧	١٨	٢٩	١٠	٢١	٢	١٣	٢٤	٥
	٩	ا	٢٧	٨	١٩	٠	١١	٢٢	٣	١٤	٢٥	٦
اپریل	١٠	ب	٢٨	٩	٢٠	١	١٢	٢٣	٤	١٥	٢٦	٧
	١١	ج	٢٩	١٠	٢١	٢	١٣	٢٤	٥	١٦	٢٧	٨
	١٢	د	٠	١١	٢٢	٣	١٤	٢٥	٦	١٧	٢٨	٩
	١٣	ہ	١	١٢	٢٣	٤	٥	٢٦	٧	١٨	٢٩	١٠
	١٤	و	٢	١٣	٢٤	٥	١٦	٢٧	٨	١٩	٠	١١
اپریل	١٥	ز	٣	١٤	٢٥	٦	١٧	٢٨	٩	٢٠	١	١٢
	١٦	ا	٤	١٥	٢٦	٧	١٨	٢٩	١٠	٢١	٢	١٣
	١٧	ب	٥	١٦	٢٧	٨	١٩	٠	١١	٢٢	٣	١٤
	١٧	ب										
	١٨	ج	٦	١٧	٢٨	٩	٢٠	١	١٢	٢٣	٤	١٥
اپریل	١٨	ج	٧	١٨	٢٩	١٠	٢١	٢	١٣	٢٤	٥	١٦

جدول

١	٢	٣	١	٢	٣
	سن مسیحی			سن مسیحی	
	٦٦٠٠	٢٢	ب	٧٦٠٠	٢٦
	٦٧٠٠	٢٣		٧٧٠٠	٢٦
ب	٦٨٠٠	٢٢		٧٨٠٠	٢٧
	٦٩٠٠	٢٣		٧٩٠٠	٢٨
	٧٠٠٠	٢٤	ب	٨٠٠٠	٢٧
	٧١٠٠	٢٤		٨١٠٠	٢٨
ب	٧٢٠٠	٢٤		٨٢٠٠	٢٩
	٧٣٠٠	٢٥		٨٣٠٠	٢٩
	٧٤٠٠	٢٥	ب	٨٤٠٠	٢٩
	٧٥٠٠	٢٦		٨٥٠٠	٣٠
				الخ	*

اس مہینے اور اس مہینے کے دنوں کو جنکے سامھنے احدی اعداد تقریم میں داخل کیا چاھیئے سن عیسوی کے کسی سال مفروض کے لیئے (خواہ وہ صدی کا خواہ اسکے بیچ کا سال ھووے) اس دوسری جدول کے دوسرے خانہ طولانی میں سن مفروض کی صدی دیکھہ لو اور جو عدد کہ اسکے سامھنے ھو اسے بھی دیکھو تب تیسری جدول میں کسی ذھبی عدد مفروض کے خانہ میں بھی وھی عدد نکالو تب اسکے سامھنے دھنے ھاتھہ عرضی خانہ میں وہ مہینا اور دن تمکو ملیگا جسکے سامھنے تقویم میں اس صدی کے لیئے ذھبی عدد داخل کیا چاھیئے

معلوم کرو کہ بے کے حرف جو دوسری جدول میں ھیں سو سال ملماس کے نشان ھیں

جدول

دوسري جدول

احدي حرف اور ذهبي اعداد کے مقام تقويم مين معلوم کرنے کے ليئے

۱	۲	۳	۱	۲	۳
	سن مسيحي			سن مسيحي	
ب	۱۶۰۰	*		۴۱۰۰	۱۱
	۱۷۰۰	۱		۴۲۰۰	۱۲
	۱۸۰۰	۱		۴۳۰۰	۱۲
	۱۹۰۰	۲	ب	۴۴۰۰	۱۲
ب	۲۰۰۰	۲		۴۵۰۰	۱۳
	۲۱۰۰	۲		۴۶۰۰	۱۳
	۲۲۰۰	۳		۴۷۰۰	۱۴
	۲۳۰۰	۴	ب	۴۸۰۰	۱۴
ب	۲۴۰۰	۳		۴۹۰۰	۱۴
	۲۵۰۰	۴		۵۰۰۰	۱۵
	۲۶۰۰	۵		۵۱۷۰	۶۶
	۲۷۰۰	۵	ب	۵۲۰۰	۱۵
ب	۲۸۰۰	۵		۵۳۰۰	۱۶
	۲۹۰۰	۶		۵۴۰۰	۱۷
	۳۰۰۰	۶		۵۵۰۰	۱۷
	۳۱۰۰	۷	ب	۵۶۰۰	۱۷
ب	۳۲۰۰	۷		۵۷۰۰	۱۸
	۳۳۰۰	۷		۵۸۰۰	۱۸
	۳۴۰۰	۸		۵۹۰۰	۱۹
	۳۵۰۰	۹	ب	۶۰۰۰	۱۹
ب	۳۶۰۰	۸		۶۱۰۰	۱۹
	۳۷۰۰	۹		۶۲۰۰	۲۰
	۳۸۰۰	۱۰		۶۳۰۰	۲۱
	۳۹۰۰	۱۰	ب	۶۴۰۰	۲۰
ب	۴۰۰۰	۱۰		۶۵۰۰	۲۱

جدول

پہلي جدول

احدي حرف اور ذهبي اعداد کے مقام تقويم مين معلوم کرنے کے ليئے

٦	٥	٤	٣	٢	١	٠
ب	ج	د	ه	و	ز	ا
				۱۶۰۰	۱۷۰۰	۱۸۰۰
۱۹۰۰ ۲۰۰۰	۲۱۰۰	۲۲۰۰	۲۳۰۰ ۲۴۰۰	۲۵۰۰	۲۶۰۰	۲۷۰۰ ۲۸۰۰
۲۹۰۰	۳۰۰۰	۳۱۰۰ ۳۲۰۰	۳۳۰۰	۳۴۰۰	۳۵۰۰ ۳۶۰۰	۳۷۰۰
۳۸۰۰	۳۹۰۰ ۴۰۰۰	۴۱۰۰	۴۲۰۰	۴۳۰۰ ۴۴۰۰	۴۵۰۰	۴۶۰۰
۴۷۰۰ ۴۸۰۰	۴۹۰۰	۵۰۰۰	۵۱۰۰ ۵۲۰۰	۵۳۰۰	۵۴۰۰	۵۵۰۰ ۵۶۰۰
۵۷۰۰	۵۸۰۰	۵۹۰۰ ۶۰۰۰	۶۱۰۰	۶۲۰۰	۶۳۰۰ ۶۴۰۰	۶۵۰۰
۶۶۰۰	۶۷۰۰ ۶۸۰۰	۶۹۰۰	۷۰۰۰	۷۱۰۰ ۷۲۰۰	۷۳۰۰	۷۴۰۰
۷۵۰۰ ۷۶۰۰	۷۷۰۰	۷۸۰۰	۷۹۰۰ ۸۰۰۰	۸۱۰۰	۸۲۰۰	۸۳۰۰ ۸۴۰۰
۸۵۰۰	الخ					

کسي سن عيسوي کي احدي حرف نکالنے کے ليئے اس سن کے اعداد پر اسکي چوتهائي بيکسر ليکر اضافه کرو اور اس عدد کو بهي جو عدد مفروضه کي صدي کے طولاني خانون مين سے اوپر کے خانه مين هو بڑها دو پهر اس کو مجموع کو سات پر بانٹو پس اگر کچهه باقي نره جاوے تو احدي حرف الف هوگا اور اگر کچهه باقي ره جاوے تو جو حرف که اس باقي عدد کے نيچے هووے که طولاني خانون مين اوپر کے خانه مين هو وهي احدي حرف هوگا

ایسٹر ڈے کے پائے جانے کی جدول

ایسٹر ڈے کے پائے جانے کي جدول هر سال کے لیئے ۱۹۰۰ سن عیسوي سے ۲۱۹۹ سن مذکور تک

عدد ذهبي	مهینے کا دن		احدي حرف
۱۴	مارچ	۲۲	د
۳		۲۳	ه
		۲۴	و
۱۱		۲۵	ز
		۲۶	ا
۱۹		۲۷	ب
۸		۲۸	ج
		۲۹	د
۱۶		۳۰	ه
۵		۳۱	و
	اپریل	۱	ز
۱۳		۲	ا
۲		۳	ب
		۴	ج
۱۰		۵	د
		۶	ه
۱۸		۷	و
۷		۸	ز
		۹	ا
۱۵		۱۰	ب
۴		۱۱	ج
		۱۲	د
۱۲		۱۳	ه
۱		۱۴	و
		۱۵	ز
۹		۱۶	ا
۱۷		۱۷	ب
۶		۱۸	ج
		۱۹	د
		۲۰	ه
		۲۱	و
		۲۲	ز
		۲۳	ا
		۲۴	ب
		۲۵	ج

آوپر کي جدول میں ذهبي اعداد ایسٹر کي پورنماشي کے دن سن ۱۹۰۰ عیسوي تک کے بتلاتے هیں اور اس وقت اعداد ذهبي کي تبدیل تقویم کے دوسرے دنوں کے ساتهه کرني هوگي چنانچه اس جدول میں کي گئي اور اس میں تقویم میں سے اتنا نکالا گیا هی جتنا که ایسٹر کي پورنماشیاں سنه ۱۹۰۰ عیسوي سے سنه ۲۱۹۹ عیسوي تک معلوم کرنے کے لئے ضرور هوگا یهه جدول هر طرح ویسے هي عمل میں آوے جیسے که آوپر کي جدول جو سنه ۱۸۹۹ عیسوي تک ایسٹر ڈے کے نکالنے کو لکهي هی

جدول پهرتي هوئي عیدون کي اُن کتنے دنون کے مطابق جنپر ایسٹرڈے واقع هوسکتا هی

ایسٹرډے	ایپیفني کے بعد اتوار	سپٹواجسیما کا اتوار	لنٹ کا پهلا روز	مسئلت کا اتوار	صعود کا دن	روح قدس کے نزول کا اتوار	تثلیث کے بعد کے اتوار	آمد کا اتوار
مارچ ۲۲	۱	جنوري ۱۸	فبروري ۴	اپریل ۲۶	اپریل ۳۰	مئي ۱۰	۲۷	نومبر ۲۹
۲۳	۱	۱۹	۵	۲۷	مئي ۱	۱۱	۲۷	۳۰
۲۴	۱	۲۰	۶	۲۸	۲	۱۲	۲۷	دسمبر ۱
۲۵	۲	۲۱	۷	۲۹	۳	۱۳	۲۷	۲
۲۶	۲	۲۲	۸	۳۰	۴	۱۴	۲۷	۳
۲۷	۲	۲۳	۹	مئي ۱	۵	۱۵	۲۶	نومبر ۲۷
۲۸	۲	۲۴	۱۰	۲	۶	۱۶	۲۶	۲۸
۲۹	۲	۲۵	۱۱	۳	۷	۱۷	۲۶	۲۹
۳۰	۲	۲۶	۱۲	۴	۸	۱۸	۲۶	۳۰
۳۱	۲	۲۷	۱۳	۵	۹	۱۹	۲۶	دسمبر ۱
اپریل ۱	۳	۲۸	۱۴	۶	۱۰	۲۰	۲۶	۲
۲	۳	۲۹	۱۵	۷	۱۱	۲۱	۲۶	۳
۳	۳	۳۰	۱۶	۸	۱۲	۲۲	۲۵	نومبر ۲۷
۴	۳	۳۱	۱۷	۹	۱۳	۲۳	۲۵	۲۸
۵	۳	فبروري ۱	۱۸	۱۰	۱۴	۲۴	۲۵	۲۹
۶	۳	۲	۱۹	۱۱	۱۵	۲۵	۲۵	۳۰
۷	۳	۳	۲۰	۱۲	۱۶	۲۶	۲۵	دسمبر ۱
۸	۴	۴	۲۱	۱۳	۱۷	۲۷	۲۵	۲
۹	۴	۵	۲۲	۱۴	۱۸	۲۸	۲۵	۳
۱۰	۴	۶	۲۳	۱۵	۱۹	۲۹	۲۴	نومبر ۲۷
۱۱	۴	۷	۲۴	۱۶	۲۰	۳۰	۲۴	۲۸
۱۲	۴	۸	۲۵	۱۷	۲۱	۳۱	۲۴	۲۹
۱۳	۴	۹	۲۶	۱۸	۲۲	جون ۱	۲۴	۳۰
۱۴	۴	۱۰	۲۷	۱۹	۲۳	۲	۲۴	دسمبر ۱
۱۵	۵	۱۱	۲۸	۲۰	۲۴	۳	۲۴	۲
۱۶	۵	۱۲	مارچ ۱	۲۱	۲۵	۴	۲۴	۳
۱۷	۵	۱۳	۲	۲۲	۲۶	۵	۲۳	نومبر ۲۷
۱۸	۵	۱۴	۳	۲۳	۲۷	۶	۲۳	۲۸
۱۹	۵	۱۵	۴	۲۴	۲۸	۷	۲۳	۲۹
۲۰	۵	۱۶	۵	۲۵	۲۹	۸	۲۳	۳۰
۲۱	۵	۱۷	۶	۲۶	۳۰	۹	۲۳	دسمبر ۱
۲۲	۶	۱۸	۷	۲۷	۳۱	۱۰	۲۳	۲
۲۳	۶	۱۹	۸	۲۸	جون ۱	۱۱	۲۳	۳
۲۴	۶	۲۰	۹	۲۹	۲	۱۲	۲۲	نومبر ۲۷
۲۵	۶	۲۱	۱۰	۳۰	۳	۱۳	۲۲	۲۸

معلوم کیا چاهیئے که ملماس کے سال میں ایپیفني کے بعد کے اتوار شمار میں اتنیهي هونگے جتنے جب هوتے که ایسٹرډے اپنے وقت سے ایک دن پیچھے واقع هوتا اور اسکے سبب هر ملماس کے سال میں لنٹ سے پیشتر تیسرے اتوار کے طولاني خانه کے درمیان مهینے کي تاریخ پر ایک روز اور بڑهایا چاهیئے اور اسیطرح لنٹ کے پهلے دن کے لیئے کیا چاهیئے مگر جب که طولاني خانه میں مارچ مهینا هو که اُس حال میں جو دن که طولاني خانه میں لکها وهي صحیح هي

جدول پھرتی ہوئی عیدوں کی چونتیس برسوں کے لیئے اوپر کی تقویم کے مطابق

سن عیسوی	مسئلہ کا اتوار	صعود کا دن	روح قدس کے نزول کا دن	تثلیث کے بعد کے اتوار	آمد کا اتوار
۱۸۴۷	مئی ۹	مئی ۱۳	مئی ۲۳	۲۵	نومبر ۲۸
۱۷۴۸	۲۸	جون ۱	جون ۱۱	۲۳	دسمبر ۳
۱۸۴۹	۱۳	مئی ۱۷	مئی ۲۷	۲۵	۲
۱۸۵۰	۵	۹	۱۹	۲۶	۱
۱۸۵۱	۲۵	۲۹	جون ۸	۲۳	نومبر ۳۰
۱۸۵۲	۱۶	۲۰	مئی ۳۰	۲۴	۲۸
۱۸۵۳	۱	۵	۱۵	۲۶	۲۷
۱۸۵۴	۲۱	۲۵	جون ۴	۲۴	دسمبر ۳
۱۸۵۵	۱۳	۱۷	مئی ۲۷	۲۵	۲
۱۸۵۶	اپریل ۲۷	۱	۱۱	۲۷	نومبر ۳۰
۱۸۵۷	مئی ۱۷	۲۱	۳۱	۲۴	۲۹
۱۸۵۸	۹	۱۳	۲۳	۲۵	۲۸
۱۸۵۹	۲۹	جون ۲	جون ۱۲	۲۶	۲۷
۱۸۶۰	۱۳	مئی ۱۷	مئی ۲۷	۲۵	دسمبر ۲
۱۸۶۱	۵	۹	۱۹	۲۶	۱
۱۸۶۲	۲۵	۲۹	جون ۸	۲۳	نومبر ۳۰
۱۸۶۳	۱۰	۱۴	مئی ۲۴	۲۵	۲۹
۱۸۶۴	۱	۵	۱۵	۲۶	۲۷
۱۸۶۵	۲۱	۲۵	جون ۴	۲۴	دسمبر ۳
۱۸۶۶	۶	۱۰	مئی ۲۰	۲۶	۲
۱۸۶۷	۲۶	۳۰	جون ۹	۲۳	۱
۱۸۶۸	۱۷	۲۱	مئی ۳۱	۲۴	نومبر ۲۹
۱۸۲۹	۲	۶	۱۶	۲۶	۲۸
۱۸۷۰	۲۲	۲۶	جون ۵	۲۳	۲۷
۱۸۷۱	۱۴	۱۸	مئی ۲۸	۲۵	دسمبر ۳
۱۸۷۲	۵	۹	۱۹	۲۶	۱
۱۸۷۳	۱۸	۲۲	جون ۱	۲۴	نومبر ۳۰
۱۸۷۴	۱۰	۱۴	مئی ۲۴	۲۵	۲۹
۱۸۷۵	۲	۶	۱۶	۲۶	۲۸
۱۸۷۶	۲۱	۲۵	جون ۴	۲۴	دسمبر ۳
۱۸۷۷	۶	۱۰	مئی ۲۰	۲۶	۲
۱۸۷۸	۲۶	۳۰	جون ۹	۲۳	۱
۱۸۷۹	۱۸	۲۲	۱	۲۴	نومبر ۳۰
۱۸۸۰	۲	۶	مئی ۱۶	۲۶	۲۸

جدول پهرتي هوئي عيدون کے دنون کی چونتیس برسون کے لیئے اوپر کي تقویم کے مطابق

سن عیسوی	عدد ذہبی	شمسی اور قمری دنون کا فرق	حرف الاحد	ایپیفنی کے بعد کے اتوار	لنت سے پیشتر کے تیسرے اتوار		لنت کا پہلا روز		ایسٹر ڈے	
۱۸۴۷	۵	۱۴	ج	۳	جنوری	۳۱	فبروری	۱۷	اپریل	۴
۱۸۴۸	۶	۲۵	ا ب	۶	فبروری	۲۰	مارچ	۸		۲۳
۱۸۴۹	۷	۶	ز	۴		۴	فبروری	۲۱		۸
۱۸۵۰	۸	۱۷	و	۲	جنوری	۲۷		۱۳	مارچ	۳۱
۱۸۵۱	۹	۲۸	ه	۵	فبروری	۱۶	مارچ	۵	اپریل	۲۰
۱۸۵۲	۱۰	۹	د ج	۴		۸	فبروری	۲۵		۱۱
۱۸۵۳	۱۱	۲۰	ب	۲	جنوری	۲۳		۹	مارچ	۲۷
۱۸۵۴	۱۲	۱	ا	۵	فبروری	۲۱	مارچ	۱	اپریل	۱۶
۱۸۵۵	۱۳	۱۲	ز	۴		۴	فبروری	۲۱		۸
۱۸۵۶	۱۴	۲۳	و ه	۱	جنوری	۲۰		۶	مارچ	۲۳
۱۸۵۷	۱۵	۴	د	۴	فبروری	۸		۲۵	اپریل	۱۲
۱۸۵۸	۱۶	۱۵	ج	۳	جنوری	۳۱		۱۷		۴
۱۸۵۹	۱۷	۲۶	ب	۶	فبروری	۲۰	مارچ	۹		۲۴
۱۸۶۰	۱۸	۷	ا ز	۴		۵	فبروری	۲۲		۸
۱۸۶۱	۱۹	۱۸	و	۲	جنوری	۲۷		۱۳	مارچ	۳۱
۱۸۶۲	۱	۰	ه	۵	فبروری	۱۶	مارچ	۵	اپریل	۲۰
۱۸۶۳	۲	۱۱	د	۳		۱	فبروری	۱۸		۵
۱۸۶۴	۳	۲۲	ب ج	۲	جنوری	۲۴		۱۰	مارچ	۲۷
۱۸۶۵	۴	۳	ا	۵	فبروری	۱۲	مارچ	۱	اپریل	۱۶
۱۸۶۶	۵	۱۴	ز	۳	جنوری	۲۸	فبروری	۱۴		۱
۱۸۶۷	۶	۲۵	و	۵	فبروری	۱۷	مارچ	۶		۲۱
۱۸۶۸	۷	۶	و ه	۴		۹	فبروری	۲۶		۱۲
۱۸۶۹	۸	۱۷	ج	۲	جنوری	۲۴		۱۰	مارچ	۲۸
۱۸۷۰	۹	۲۸	ب	۵	فبروری	۱۳	مارچ	۲	اپریل	۱۷
۱۸۷۱	۱۰	۹	ا	۴		۵	فبروری	۲۲		۹
۱۸۷۲	۱۱	۲۰	و ز	۳	جنوری	۲۸		۱۴	مارچ	۳۱
۱۸۷۳	۱۲	۱	ه	۴	فبروری	۹		۱۶	اپریل	۱۳
۱۸۷۴	۱۳	۱۲	د	۳		۱		۱۸		۵
۱۸۷۵	۱۴	۲۳	ج	۲	جنوری	۲۴		۱۰	مارچ	۲۸
۱۸۷۶	۱۵	۴	ا ب	۵	فبروری	۱۳	مارچ	۱	اپریل	۱۶
۱۸۷۷	۱۶	۱۵	ز	۳	جنوری	۲۸	فبروری	۱۴		۱
۱۸۷۸	۱۷	۲۶	و	۵	فبروری	۱۷	مارچ	۶		۲۱
۱۸۷۹	۱۸	۷	ه	۴		۹	فبروری	۲۶		۱۳
۱۸۸۰	۱۹	۱۸	د ج	۲	جنوری	۲۵		۱۱	مارچ	۲۸

ایک دوسري جدول ایسترڈے کے نکالنے کے لیئے

ایک دوسري جدول
ایسترڈے کے نکالنے کے لیئے سنہ ١٨٩٩ عیسوي تک

احدي حروف

عدد ذهبي	ا	ب	ج	د	ه	و	ز
١	اپریل ١٦	١٧	١٧	١٩	٢٠	١٤	١٥
٢	٩	٣	٤	٥	٦	٧	٨
٣	مارچ ٢٦	٢٧	٢٨	٢٩	٢٣	٢٤	٢٥
٤	اپریل ١٦	١٧	١١	١٢	١٣	١٤	١٥
٥	٢	٣	٤	٥	٦	مارچ ٣١	اپریل ١
٦	٢٣	٢٤	٢٥	١٩	٢٠	٢١	٢٢
٧	٩	١٠	١١	١٢	١٣	١٤	٨
٨	٢	٣	مارچ ٢٨	٢٩	٣٠	٣١	اپریل ١
٩	١٦	١٧	١٨	١٩	٢٥	٢١	٢٢
١٠	٩	١٠	١١	٥	٦	٧	٨
١١	مارچ ٢٦	٢٧	٢٨	٢٩	٣٠	٣١	٢٥
١٢	اپریل ١٦	١٧	١٨	١٩	١٣	١٤	١٥
١٣	٦	٣	٤	٥	٦	٧	٨
١٤	مارچ ٢٦	٢٧	٢٨	٢٢	٢٣	٢٤	٢٥
١٥	اپریل ١٦	١٠	١١	١٢	١٣	١٤	١٥
١٦	٢	٣	٤	٥	مارچ ٣٠	٣١	اپریل ١
١٧	٢٣	٢٤	١٨	١٩	٢٠	٢١	٢٢
١٨	٩	١٠	١١	١٢	١٣	٧	٨
١٩	٢	مارچ ٢٧	٢١	٢٩	٣٠	٣١	اپریل ١

اس جدول کے عمل میں لانے کے لیئے فرضي سال کے واسطے حرف احدی اوپر کے خانہ میں اور عدد ذهبي داهنے طولاني خانہ میں ڈهونڈهہ لو (کیونکہ هم نے اسکے حاصل کرنے کي راہ بیان کر دي هی) تو جولسا کہ اس حرف کے نیچے اور عدد مذکور کے سامنے پڑهیگا وهي اس سال کے ایسترڈے کا هوگا پر اس باتکا ذکر کر دینا مناسب هی کہ یہاں مہینہ کا نام اوپر سے نہیں ڈهونڈها جاتا جیسا کہ دوسري جدول میں بلکہ داهني حرف کے کنارے سے

جدول ایسترڈے کے نکالنے کے واسطے

جدول ایسترڈے کے نکلنے کے واسطے اِسوقت سے لیکے سنہ ۱۸۹۹ ع تک اُوپر کي تقویم کے مطابق

عدد ذہبي	مہینے کے دن		حرف احدي
۱۴	مارچ	۲۱	ج
۳		۲۲	د
		۲۳	ه
۱۱		۲۴	و
		۲۵	ز
۱۹		۲۶	ا
۸		۲۷	ب
		۲۸	ج
۱۶		۲۹	د
۵		۳۰	ه
		۳۱	و
۱۳	اپریل	۱	ز
۲		۲	ا
		۳	ب
۱۰		۴	ج
		۵	د
۱۸		۶	ه
۷		۷	و
		۸	ز
۱۵		۹	ا
۴		۱۰	ب
		۱۱	ج
۱۲		۱۲	د
۱		۱۳	ه
		۱۴	و
۹		۱۵	ز
		۱۶	ا
۱۷		۱۷	ب
۶		۱۸	ج
		۱۹	د
		۲۰	ه
		۲۱	و
		۲۲	ز
		۲۳	ا
		۲۴	ب
		۲۵	ج

اس جدول میں تقویم سے اتنا نکال کر لکھا کہ جتنا ایسترڈے کے نکلنے کے لیئے ضرور هی اور ایسترڈے کے نکلنے کے لیئے اُس سال مقصود کے عدد ذهبي کو جو اس جدول میں لکھا هی دیکھه لو که اُسکے سامهنے ایسترڈے کي پورنماشي کا دن لکھا هی پھر تیسرے طولاني خانے میں احدي حرف کو جو پورنماشي کے دن کے بعد هی نکال لو که وہ تاریخ جو اُس احدي حرف کے سامهنے هی وهي ایسترڈے هی

اگر پورنماشی اتوار کے دن هووے (تو پهلے قاعدے کے مطابق) اُسکے بعد کا اتوار ایسترڈے هوگا

ذهبي عدد نکالنے کا یهه قاعدہ هی که حال کے سن عیسوي پر ایک عدد اضافه کرو پھر اُنتیس پر بانٹو پس اگر کچهه باقي رہ جاوے تو وهي عدد ذهبي هوگا اور جو کچهه باقي نرهے تو اُنتیس عدد عدد ذهبي هوگا

ا	۰
ز	۱
و	۲
ه	۳
د	۴
ج	۵
ب	۶

احدي حرف نکالنے کے لیئے تقویم کے موافق سنه ۱۸۹۹ عیسوي تک حال کے سنه عیسوي کي چوتهائي اُس پر بڑھا دو پھر سات پر بانٹو اگر کچهه باقي نرهے تو احدي حرف الف هوگا اور جو کچهه باقي رہ جاوے تو وہ حرف جو اُس باقي عدد مذکور کے سامهنے اس چھوٹي جدول میں هی وهي احدي حرف هی

جانا چاهیئے که ملماس کے* هرایک سال میں وہ حرف جو اوپر کے قاعدے بموجب نکلے وهي حرف احدي هوگا ملماس کا دن چھوڑا کر سال کے آخر تک

*یهاں ملماس سے مراد ایک مهینا بڑهانا نهیں بلکه ایک روز جو چوتهے سال فبروري مهینے میں هوتا هي که تین سال وہ مهینا اٹهائیس دن کا هوتا اور چوتهے سال اُنتیس دن کا اور اس اُنتیسویں دن کو ملماس کهتے هیں اسوسطے که یهه نام مشهور هی

جدول بیداریوں کي سال بھر کے لئے

جدول بیداریوں اور روزوں اور ریاضت کے دنوں کي سال بھر کے لئے

بیداریاں

بیداري همارے خداوند یسوع مسیح کے پیدا هونے سے
کنواري مریم کے نفاس سے
مبارک کنواري کے لئے نوید سے
روز ایسٹر سے پهلے
روز صعود سے
روح قدس کے نزول کے دن سے
مقدس متثیاس کے دن سے
مقدس یوحنا اصطباغي کے دن سے

[illegible]

بیداري مقدس پطرس کے دن سے
مقدس یعقوب کے دن سے
مقدس برتولما کے دن سے
مقدس متي کے دن سے
مقدس شمعون اور یهودا کے دن سے
مقدس اندریاس کے دن سے
مقدس توما کے دن سے
سب مقدسوں کے دن سے

پر اگر ان عیدوں میں سے جو ذکر هوئیں کوئي دوشنبه کے دن پڑے تو اسکي شب بیداري اس سے پهلے کے اتوار کو نهیں بلکه اس سے پهلے کے هفته کو کرني میں آوے

روزے یا ریاضت کے دن

۱ لنٹ کے چالیس دن

۲ چار فصلوں میں جو رمادیه مشهور هیں یعنے بدهه اور جمعه اور شنبه جو که ان چاروں کے بعد هوتے هیں یعنے

۱ لنٹ کے پهلے اتوار کے بعد	۳ چودهویں ستمبر کے بعد
۲ روح قدس کے نزول کے دن کے بعد	۴ تیرهویں دسمبر کے بعد

۳ تین مسئله کے دن وهي دوشنبه سهشنبه اور چارشنبه هي جو که پنجشنبه مبارک یعنے همارے خداوند کے روز صعود سے پیشتر هوتے هیں

۴ تمام سال کے سب جمعے مگر مسیح کي پیدایش اگر وه جمعه کو پڑهے

مقرر دن جنکے لیئے خاص عبادتیں کلیسیا میں معین کي گئي هیں

۱ نومبر کا پانچواں دن رومن کتهولکي کي سازش کے ذکر میں

۲ جنوري کا تیسواں روز پهلے چارلس بادشاه کے شهید هونے کے ذکر میں

۳ مئي کا انتیسواں روز دوسرے چارلس بادشاه کي پیدایش اور پهر آنے کے ذکر میں

۴ جون کي بیسویں تاریخ حال کي ملکه کے تخت نشیني کا روز

جدول تمام عیدون کی سال بھر کے لئے

جدول تمام عیدون کي جو اِنگلستان و ایرستان کي متحد کلیسیا میں مانی جاتی ھین سال بھر کے لئے

سال مین تمام اتوار کے

عید ھمارے خداوند یسوع مسیح کے مختون ھونے کے
ایپیفنی کے
مقدس پولوس رسول کے رجوع لانے کے
مبارک کنواري کے نفاس کے
مقدس متثیاس رسول کے
مبارک کنواري مریم کے نوبد کے
مقدس مرقص انجیلي کے
مقدس فیلبوس اور چھوٹے یعقوب رسولون کے
ھمارے خداوند یسوع مسیح کے روز صعود کے
مقدس برنّاباس کے
یوحنا اصطباغي کے پیدا ھونے کے
مقدس پطرس رسول کے
بڑے یعقوب مقدس رسول کے — دن کي
مقدس برتولما رسول کے
مقدس متي رسول کے
مقدس میکائیل اور سب مقدس فرشتون کے
مقدس لوقا انجیلي کے
مقدس شمعون اور یہودا رسول کے
سب مقدسون کے
مقدس اندریاس کے
مقدس توما رسول کے
ھمارے خداوند یسوع مسیح کے پیدا ھونے کے
مقدس استفان پہلے شہید کے
مقدس یوحنا رسول اور انجیلي کے
معصومون کي یعني بچون کے قتل ھونے کے

روز دوشنبه اور سه شنبه ایسترڈے کے بعد کے
روز دوشنبه اور سه شنبه وٹیڈسنڈے یعني روح قدس کے اترنے کے اتوار کے بعد کے

مارچ کي ۲۱ سے اپریل کي ۱۸ تک پورنماشیون کا بیان

اوپر کي جدول میں مارچ مہینے کي اکیسوین تاریخ سے لیکر اپریل مہینے کي اٹھارھوین تک وے اعداد جو اکثر ان تاریخون کے سامھنے لکھے ھیں سو ان پورنماسیون کے نشان ھیں کہ مارچ کي اکیسوین تاریخ یا اس تاریخ کے بعد پہلي پور نماشي ان برسون میں واقع ھو جنکے ایسے اعداد مذکورہ اعداد ذھبي مقرر ھیں اور احدي حرف جو اس پورنماشي مذکور کے بعد واقع ھوتا سو اس سال کي ایسٹرڈے کو معلوم دلاتا ھی اور یے سب قاعدے سنہ ۱۸۹۹ تک مطابق ھونگے اور اسوقت کے بعد ذھبي اعداد کے مواضع بدل جاوینگے چنانچہ آگے بیان ھوگا

جدولیں اور قاعدے اُن عیدون کے لئے جو پھرتي آتین اور اُنکے لئے جو پھرتي نہیں آتیں روزون اور ریاضت کے دنون کے ساتھہ سال بھر کے واسطے

قاعدہ اِسکے دریافت کرنے کے کہ وے عیدین اور تہوارین جو پھرتي آتین کب شروع ھوتا ھی

ایسٹرڈے [جس پر اور سب عیدون کا حساب موقوف ھی] ھمیشہ وہ اتوار ھی جو اس پرنماشي کے بعد پہلے واقع ھو تا کہ مارچ کي اکیسوین کو یا اسکے بعد ھي ھوتي اور اگر یہہ پرنماشي اتوار کے دن ھو تو اسکے بعد کا اتوار ایسٹرڈے ھوگا

آمد کا اتوار ھمیشہ وھي اتوار ھوتا جو مقدس اندریاس کي عید کے قریب تر خواہ اسکے پہلے خواہ اسکے پیچھے آتا

لنٹ سے پیشتر تیسرا اتوار ھمیشہ ایسٹرڈے کے نو ھفتہ پہلے واقع ھوتا ھی

لنٹ سے پیشتر دوسرا اتوار ایسٹرڈے کے آٹھہ ھفتہ پہلے واقع ھوتا ھی

لنٹ سے پیشتر پہلا اتوار ایسٹرڈے کے سات ھفتہ پہلے واقع ھوتا ھی

لنٹ کا پہلا اتوار ایسٹرڈے کے چھہ ھفتہ پہلے واقع ھوتا ھی

مسئلہ کا اتوار پانچ ھفتہ اور صعود کے دن ۴۰ روز روح قدس کے دن سات ھفتہ اور تثلیث کا اتوار آٹھہ ھفتے ایسٹر کے بعد واقع ھوتا ھی

جدول تقویم نقشہ اوراد کے ساتھ

دسمبر مہینے کے ۳۱ دن ہیں

تاریخ	صبح کی نماز ۱ ورد	صبح کی نماز ۲ ورد	شام کی نماز ۱ ورد	شام کی نماز ۲ ورد
۱	اشعیا ۱۴	اعمال ۲	اشعیا ۱۵	عبرانیوں ۷
۲	۱۶	۳	۱۷	۸
۳	۱۸	۴	۱۹	۹
۴	۲۰ و ۲۱	۵	۲۲	۱۰
۵	۲۳	۶	۲۴	۱۱
۶	۲۵	۷ ب ۳۰ آ تک	۲۶	۱۲
۷	۲۷	۷ ب ۳۰ آ سے	۲۸	۱۳
۸	۲۹	۸	۳۰	یعقوب ۱
۹	۳۱	۹	۳۲	۲
۱۰	۳۳	۱۰	۳۴	۳
۱۱	۳۵	۱۱	۳۶	۴
۱۲	۳۷	۱۲	۳۸	۵
۱۳	۳۹	۱۳	۴۰	۱ پطرس ۱
۱۴	۴۱	۱۴	۴۲	۲
۱۵	۴۳	۱۵	۴۴	۳
۱۶	۴۵	۱۶	۴۶	۴
۱۷	۴۷	۱۷	۴۸	۵
۱۸	۴۹	۱۸	۵۰	۲ پطرس ۱
۱۹	۵۱	۱۹	۵۲	۲
۲۰	۵۳	۲۰	۵۴	۳
۲۱	مقدس توماس	۲۱		۱ یوحنا ۱
۲۲	اشعیا ۵۵	۲۲	۵۶	۲
۲۳	۵۷	۲۳	۵۸	۳
۲۴	۵۹	۲۴	۶۰	۴
۲۵	کرسمس ڈے			
۲۶	م استفان شہید			
۲۷	م یوحنا انجیلی			
۲۸	معصوموں کا دن	۲۵		۵
۲۹	اشعیا ۶۱	۲۶	۶۲	۲ یوحنا
۳۰	۶۳	۲۷	۶۴	۳ یوحنا
۳۱	۶۵	۲۸	۶۶	یہوداہ

جدول تقویم نقشہ اوراد کے ساتھہ

نومبر مہینے کے ۳۰ دن ہیں

تاریخ	صبح کی نماز ۱ ورق		صبح کی نماز ۲ ورق		شام کی نماز ۱ ورق		شام کی نماز ۲ ورق	
۱	تمام مقدسوں کے دن							
۲	جامعہ	۱۶	لوقا	۱۸	جامعہ	۱۷	کلیسیون	۲
۳		۱۸		۱۹		۱۹		۳
۴		۲۰		۲۰		۲۱		۴
۵		۲۲		۲۱		۲۳	۱ تسلینیقیون	۱
۶		۲۴		۲۲		۲۵ ب ۱۳ آ تک		۲
۷		۲۷		۲۳		۲۸		۳
۸		۲۹		۲۴		۳۰ ب ۱۸ آ تک		۴
۹		۳۱	یوحنا	۱		۳۲		۵
۱۰		۳۳		۲		۳۴	۲ تسلینیقیون	۱
۱۱		۳۵		۳		۳۶		۲
۱۲		۳۷		۴		۳۸		۳
۱۳		۳۹		۵		۴۰	۱ طیمتاؤس	۱
۱۴		۴۱		۶		۴۲		۲ و ۳
۱۵		۴۳		۷		۴۴		۴
۱۶		۴۵		۸		۴۶ ب ۲۰ آ تک		۵
۱۷		۴۷		۹		۴۸		۶
۱۸		۴۹		۱۰		۵۰	۲ طیمتاؤس	۱
۱۹		۵۱		۱۱	باروخ	۱		۲
۲۰	باروخ	۲		۱۲		۳		۳
۲۱		۴		۱۳		۵		۴
۲۲		۶		۱۴	قصۂ سرسن		طیطس	۱
۲۳	بیل اور اژدھا			۱۵	اشعیا	۱		۲ و ۳
۲۴	اشعیا	۲		۱۶		۳	فلیمون	
۲۵		۴		۱۷		۵	عبرانیون	۱
۲۶		۶		۱۸		۷		۲
۲۷		۸		۱۹		۹		۳
۲۸		۱۰		۲۰		۱۱		۴
۲۹		۱۲		۲۱		۱۳		۵
۳۰	م اندریاس رسول		اعمال	۱		-		۶

جدول تقويم نقشه اوراد كے ساتهه

اكتوبر مهينے كے ٣١ دن هين

تاريخ	صبح كي نماز ١ ورد	صبح كي نماز ٢ ورد	شام كي نماز ١ ورد	شام كي نماز ٢ ورد
١	توبت ٧	مرقص ٤	توبت ٨	١ قرنتيون ١٦
٢	٩	٥	١٠	٢ قرنتيون ١
٣	١١	٦	١٢	٢
٤	١٣	٧	١٤	٣
٥	يهوديت ١	٨	يهوديت ٢	٤
٦	٣	٩	٤	٥
٧	٥	١٠	٦	٦
٨	٧	١١	٨	٧
٩	٩	١٢	١٠	٨
١٠	١١	١٣	١٢	٩
١١	١٣	١٤	١٤	١٠
١٢	١٥	١٥	١٦	١١
١٣	حكمت ١	١٦	حكمت ٢٠	١٢
١٤	٣	لوقا ١ ب ٣٩ آ تك	٤	١٣
١٥	٥	لوقا ١ ب ٣٩ آ سے	٦	گلتيون ١
١٦	٧	٢	٨	٢
١٧	٩	٣	١٠	٣
١٨	مقدس لوقا انجيلي	٤		٤
١٩	حكمت ١١	٥	١٢	٥
٢٠	١٣	٦	١٤	٦
٢١	١٥	٧	١٦	افسيون ١
٢٢	١٧	٨	١٨	٢
٢٣	١٩	٩	جامعه ١	٣
٢٤	جامعه ٢	١٠	٣	٤
٢٥	٤	١١	٥	٥
٢٦	٦	١٢	٧	٦
٢٧	٨	١٣	٩	فلپيون ١
٢٨	م شمعون اور يهودا	١٤		٢
٢٩	جامعه ١٠	١٥	١١	٣
٣٠	١٢	١٦	١٣	٤
٣١	١٤	١٧	١٥	قلسيون ١

جدول تقویم نقشہ اوراد کے ساتھ

سپتمبر مہینے کے ۳۰ دن ہیں

تاریخ	صبح کی نماز ۱ ورق	صبح کی نماز ۲ ورق	شام کی نماز ۱ ورق	شام کی نماز ۲ ورق
۱	هوشع ۱۴	متی ۲	یوئیل ۱	رومیوں ۲
۲	یوئیل ۲	۳	۳	۳
۳	عاموص ۱	۴	عاموص ۲	۴
۴	۳	۵	۴	۵
۵	۵	۶	۶	۶
۶	۷	۷	۸	۷
۷	۹	۸	عبدیا	۸
۸	یونس ۱	۹	یونس ۲ و ۳	۹
۹	۴	۱۰	میخا ۱	۱۰
۱۰	میخا ۲	۱۱	۳	۱۱
۱۱	۴	۱۲	۵	۱۲
۱۲	۶	۱۳	۷	۱۳
۱۳	نحوم ۱	۱۴	نحوم ۲	۱۴
۱۴	۳	۱۵	حبقوق ۱	۱۵
۱۵	حبقوق ۲	۱۶	۳	۱۶
۱۶	صفانیا ۱	۱۷	صفانیا ۲	۱ قرنتیوں ۱
۱۷	۳	۱۸	حجی ۱	۲
۱۸	حجی ۲	۱۹	ذکریا ۱	۳
۱۹	ذکریا ۲ و ۳	۲۰	۴ و ۵	۴
۲۰	۶	۲۱	۷	۵
۲۱	مقدس متی رسول	۲۲		۶
۲۲	ذکریا ۸	۲۳	۹	۷
۲۳	۱۰	۲۴	۱۱	۸
۲۴	۱۲	۲۵	۱۳	۹
۲۵	۱۴	۲۶	ملاخی ۱	۱۰
۲۶	ملاخی ۲	۲۷	۳	۱۱
۲۷	۴	۲۸	توبت ۱	۱۲
۲۸	توبت ۲	مرقس ۱	۳	۳۱
۲۹	مقدس میکائیل	۲		۱۴
۳۰	توبت ۴	۳	۶	۱۵

جدول تقویم نقشہ اوراد کے ساتھہ

اگست مہینے کے ۳۱ دن ہیں

تاریخ	صبح کی نماز ۱ ورق		صبح کی نماز ۲ ورق		شام کی نماز ۱ ورق		شام کی نماز ۲ ورق	
۱	ارمیا	۲۹	یوحنا	۲۰	ارمیا	۳۰	عبرانیوں	۴
۲		۳۱		۲۱		۳۲		۵
۳		۳۳	اعمال	۱		۳۴		۶
۴		۳۵		۲		۳۶		۷
۵		۳۷		۳		۳۸		۸
۶		۳۹		۴		۴۰		۹
۷		۴۱		۵		۴۲		۱۰
۸		۴۳		۶		۴۴		۱۱
۹		۴۵ و ۴۶		۷		۴۷		۱۲
۱۰		۴۸		۸		۴۹		۱۳
۱۱		۵۰		۹		۵۱	یعقوب	۱
۱۲		۵۲		۱۰	نوحا	۱		۲
۱۳	نوحا	۲		۱۱		۳		۳
۱۴		۴		۱۲		۵		۴
۱۵	حزقیال	۲		۱۳	حزقیال	۳		۵
۱۶		۶		۱۴		۷	۱ پطرس	۱
۱۷		۱۳		۱۵		۱۴		۲
۱۸		۱۸		۱۶		۳۳		۳
۱۹		۳۴		۱۷	دانیال	۱		۴
۲۰	دانیال	۲		۱۸		۳		۵
۲۱		۴		۱۹		۵	۲ پطرس	۱
۲۲		۶		۲۰		۷		۲
۲۳		۸		۲۱		۹		۳
۲۴	مقدس برطولما			۲۲			۱ یوحنا	۱
۲۵	دانیال	۱۰		۲۳		۱۱		۲
۲۶		۱۲		۲۴	ہوشع	۱		۳
۲۷	ہوشع	۲ و ۳		۲۵		۴		۴
۲۸		۵ و ۶		۲۶		۷		۵
۲۹		۸		۲۷		۹	۲ و ۳ یوحنا	
۳۰		۱۰		۲۸		۱۱	یہودا	۱
۳۱		۱۲	متی	۱		۱۳	رومیوں	۱

جدول تقویم نشقه اوراد کے ساتهه

جولائي مہینے کے ۳۱ دن هین

تاریخ	صبح کي نماز		شام کي نما	
	۱ ورق	۲ ورق	۱ ورق	۲ ورق
۱	امثال ۱۱	لوقا ۱۳	امثال ۱۲	فلپیون ۱
۲	۱۳	۱۴	۱۴	۲
۳	۱۵	۱۵	۱۶	۳
۴	۱۷	۱۶	۱۸	۴
۵	۱۹	۱۷	۲۰	قلسیون ۱
۶	۲۱	۱۸	۲۲	۲
۷	۲۳	۱۹	۲۴	۳
۸	۲۵	۲۰	۲۶	۴
۹	۲۷	۲۱	۲۸	۱ تسلینیقیون ۱
۱۰	۲۹	۲۲	۳۱	۲
۱۱	واعظ ۱	۲۳	واعظ ۲	۳
۱۲	۳	۲۴	۴	۴
۱۳	۵	یوحنا ۱	۶	۵
۱۴	۷	۲	۸	۲ تسلینیقیون ۱
۱۵	۹	۳	۱۰	۲
۱۶	۱۱	۴	۱۲	۳
۱۷	ارمیا ۱	۵	ارمیا ۲	۱ طیمتاؤس ۱
۱۸	۳	۶	۴	۲ و ۳
۱۹	۵	۷	۶	۴
۲۰	۷	۸	۸	۵
۲۱	۹	۹	۱۰	۶
۲۲	مریم مجدلیا ۱۱	۱۰	۱۲	۲ طیمتاؤس ۱
۲۳	ارمیا ۱۳	۱۱	۱۴	۲
۲۴	۱۵	۱۲	۱۶	۳
۲۵	مقدس یعقوب رسول	۱۳		۴
۲۶	ارمیا ۱۷	۱۴	۱۸	طیطس ۱
۲۷	۱۹	۱۵	۲۰	۲ و ۳
۲۸	۲۱	۱۶	۲۲	فلیمون
۲۹	۲۳	۱۷	۲۴	عبرانیون ۱
۳۰	۲۵	۱۸	۲۶	۲
۳۱	۲۷	۱۹	۲۸	۳

جدول تقويم نقشه اوراد کے ساتهه

جون مهينه کے ۳۰ دن هين

تاريخ	صبح کي نماز ۱ ورد	صبح کي نماز ۲ ورد	شام کي نماز ۱ ورد	شام کي نماز ۲ ورد
۱	استر ۵	مرقس ۲	استر ۶	۱ قرنتيون ۱۵
۲	۷	۳	۸	۱۶
۳	۹	۴	ايوب ۱	۲ قرنتيون ۱
۴	ايوب ۲	۵	۳	۲
۵	۴	۶	۵	۳
۶	۶	۷	۷	۴
۷	۸	۸	۹	۵
۸	۱۰	۹	۱۱	۶
۹	۱۲	۱۰	۱۳	۷
۱۰	۱۴	۱۱	۱۵	۸
۱۱	مقدس برناباس	رسول		
۱۲	ايوب ۱۶	۱۲	۱۷ و ۱۸	۹
۱۳	۱۹	۱۳	۲۰	۱۰
۱۴	۲۱	۱۴	۲۲	۱۱
۱۵	۲۳	۱۵	۲۴ و ۲۵	۱۲
۱۶	۲۶ و ۲۷	۱۶	۲۸	۱۳
۱۷	۲۹	لوقا ۱	۳۰	گلتيون ۱
۱۸	۳۱	۲	۳۲	۲
۱۹	۳۳	۳	۳۴	۳
۲۰	۳۵	۴	۳۶	۴
۲۱	۳۷	۵	۳۸	۵
۲۲	۳۹	۶	۴۰	۶
۲۳	۴۱	۷	۴۲	افسيون ۱
۲۴	يوحناء بپتسمت			
۲۵	امثال ۱	۸	امثال ۲	۲
۲۶	۳	۹	۴	۳
۲۷	۵	۱۰	۶	۴
۲۸	۷	۱۱	۸	۵
۲۹	مقدس پطرس	رسول		
۳۰	امثال ۹	۱۲	۱۰	۶

جدول تقویم نقشه اوراد کے ساتهه

مئي مهینے کے ۳۱ دن هین

تاریخ	صبح کي نماز ۱ ورق		صبح کي نماز ۲ ورق		شام کي نماز ۱ ورق		شام کي نماز ۲ ورق	
۱	مقدس فیلبوس اور مقدس یعقوب						یهوداه	
۲	۱ سلاطین	۸	اعمال	۲۸	۱ سلاطین	۹	رومیون	۱
۳		۱۰	متي	۱		۱۱		۲
۴		۱۲		۲		۱۳		۳
۵		۱۴		۳		۱۵		۴
۶		۱۶		۴		۱۷		۵
۷		۱۸		۵		۱۹		۶
۸		۲۰		۶		۲۱		۷
۹		۲۲		۷	۲ سلاطین	۱		۸
۱۰	۲ سلاطین	۲		۸		۳		۹
۱۱		۴		۹		۵		۱۰
۱۲		۶		۱۰		۷		۱۱
۱۳		۸		۱۱		۹		۱۲
۱۴		۱۰		۱۲		۱۱		۱۳
۱۵		۱۲		۱۳		۱۳		۱۴
۱۶		۱۴		۱۴		۱۵		۱۵
۱۷		۱۶		۱۵		۱۷		۱۶
۱۸		۱۸		۱۶		۱۹	۱ قرنتیون	۱
۱۹		۲۰		۱۷		۲۱		۲
۲۰		۲۲		۱۸		۲۳		۳
۲۱		۲۴		۱۹		۲۵		۴
۲۲	عزرا	۱		۲۰	عزرا	۳		۵
۲۳		۴		۲۱		۵		۶
۲۴		۶		۲۲		۷		۷
۲۵		۹		۲۳	نحمیا	۱		۸
۲۶	نحمیا	۲		۲۴		۴		۹
۲۷		۵		۲۵		۶		۱۰
۲۸		۸		۲۶		۹		۱۱
۲۹		۱۰		۲۷		۱۲		۱۲
۳۰	استر	۱		۲۸	استر	۲		۱۳
۳۱		۳	مرقس	۱		۴		۱۴

جدول تقویم نقشه اوراد کے ساتهه

اپریل مہینے کے ۳۰ دن ہیں

تاریخ	صبح کی نماز ۱ ورق	صبح کی نماز ۲ ورق	شام کی نماز ۱ ورق	شام کی نماز ۲ ورق
۱	۱ سموئیل ۵	یوحنا ۱۹	۱ سموئیل ۶	عبرانیون ۳
۲	۷	۲۰	۸	۴
۳	۹	۲۱	۱۰	۵
۴	۱۱	اعمال ۱	۱۲	۶
۵	۱۳	۲	۱۴	۷
۶	۱۵	۳	۱۶	۸
۷	۱۷	۴	۱۸	۹
۸	۱۹	۵	۲۰	۱۰
۹	۲۱	۶	۲۲	۱۱
۱۰	۲۳	۷	۲۴	۱۲
۱۱	۲۵	۸	۲۶	۱۳
۱۲	۲۷	۹	۲۸	یعقوب ۱
۱۳	۲۹	۱۰	۳۰	۲
۱۴	۳۱	۱۱	۲ سموئیل ۱	۳
۱۵	۲ سموئیل ۲	۱۲	۳	۴
۱۶	۴	۱۳	۵	۵
۱۷	۶	۱۴	۷	۱ پطرس ۱
۱۸	۸	۱۵	۹	۲
۱۹	۱۰	۱۶	۱۱	۳
۲۰	۱۲	۱۷	۱۳	۴
۲۱	۱۴	۱۸	۱۵	۵
۲۲	۱۶	۱۹	۱۷	۲ پطرس ۱
۲۳	۱۸	۲۰	۱۹	۲
۲۴	۲۰	۲۱	۲۱	۳
۲۵	م مرقس انجیلی	۲۲		۱ یوحنا ۱
۲۶	۲ سموئیل ۲۲	۲۳	۲۳	۲
۲۷	۲۴	۲۴	۱ سلاطین ۱	۳
۲۸	۱ سلاطین ۲	۲۵	۳	۴
۲۹	۴	۲۶	۵	۵
۳۰	۶	۲۷	۷	۲ و ۳ یوحنا

جدول تقویم نشقه اوراد کے ساتھه

مارچ مهینے کے ۳۱ دن هین

تاریخ	صبح کی نماز — ۱ ورق	صبح کی نماز — ۲ ورق	شام کی نماز — ۱ ورق	شام کی نماز — ۲ ورق
۱	استثنا ۱۵	لوقا ۱۲	استثنا ۱۶	افسیون ۶
۲	۱۷	۱۳	۱۸	فلپیون ۱
۳	۱۹	۱۴	۲۰	۲
۴	۲۱	۱۵	۲۲	۳
۵	۲۴	۱۶	۲۵	۴
۶	۲۶	۱۷	۲۷	قلسیون ۱
۷	۲۸	۱۸	۲۹	۲
۸	۳۰	۱۹	۳۱	۳
۹	۳۲	۲۰	۳۳	۴
۱۰	۳۴	۲۱	یوشع ۱	۱ تسلینیقیون ۱
۱۱	یوشع ۲	۲۲	۳	۲
۱۲	۴	۲۳	۵	۳
۱۳	۶	۲۴	۷	۴
۱۴	۸	یوحنا ۱	۹	۵
۱۵	۱۰	۲	۲۳	۲ تسلینیقیون ۱
۱۶	۲۴	۳	قاضیون ۱	۲
۱۷	قاضیون ۲	۴	۳	۳
۱۸	۴	۵	۵	۱ طیمتاؤس ۱
۱۹	۶	۶	۷	۲ و ۳
۲۰	۸	۷	۹	۴
۲۱	۱۰	۸	۱۱	۵
۲۲	۱۲	۹	۱۳	۶
۲۳	۱۴	۱۰	۱۵	۲ طیمتاؤس ۱
۲۴	۱۶	۱۱	۱۷	۲
۲۵	مریم کی نوید کا روز	۱۲		۳
۲۶	قاضیون ۱۸	۱۳	۱۹	۴
۲۷	۲۰	۱۴	۲۱	طیطس ۱
۲۸	رعوت ۱	۱۵	رعوت ۲	۲ و ۳
۲۹	۳	۱۶	۴	فلیمون
۳۰	۱ سموئیل ۱	۱۷	۱ سموئیل ۲	عبرانیون ۱
۳۱	۳	۱۸	۴	۲

جدول تقویم نقشہ اوراق کے ساتھہ

فبروري مہینے کے ۲۸ دن ہیں—اور سنہ ملماس کے ۲۹ دن

تاریخ	صبح کي نماز		شام کي نماز	
	۱ ورق	۲ ورق	۱ ورق	۲ ورق
۱	خروج ۱۰	مرقس ۱	خروج ۱۶	۱ قرنتیوں ۱۳
۲	مریم کا طہر نفاس	۲		۱۴
۳	خروج ۱۲	۳	۱۳	۱۵
۴	۱۴	۴	۱۵	۱۶
۵	۱۶	۵	۱۷	۲ قرنتیوں ۱
۶	۱۸	۶	۱۹	۲
۷	۲۰	۷	۲۱	۳
۸	۲۲	۸	۲۳	۴
۹	۲۴	۹	۳۲	۵
۱۰	۳۳	۱۰	۳۴	۶
۱۱	احبار ۱۸	۱۱	احبار ۱۹	۷
۱۲	۲۰	۱۲	۲۶	۸
۱۳	گنتي ۱۱	۱۳	گنتي ۱۲	۹
۱۴	۱۳	۱۴	۱۴	۱۰
۱۵	۱۶	۱۵	۱۷	۱۱
۱۶	۲۰	۱۶	۲۱	۱۲
۱۷	۲۲	لوقا ۱ ب ۳۹ آ تک	۲۳	۱۳
۱۸	۲۴	۱ ب ۳۹ آ سے	۲۵	گلتیوں ۱
۱۹	۲۷	۲	۳۰	۲
۲۰	۳۱	۳	۳۲	۳
۲۱	۳۵	۴	۳۶	۴
۲۲	استثنا ۱	۵	استثنا ۲	۵
۲۳	۳	۶	۴	۶
۲۴	مقدس متتیاس رسول	۷		افسیوں ۱
۲۵	استثنا ۵	۸	۶	۲
۲۶	۷	۹	۸	۳
۲۷	۹	۱۰	۱۰	۴
۲۸	۱۱	۱۱	۱۲	۵
۲۹	۱۳	متي ۷	۱۴	رومیوں ۱۲

جدول تقویم نقشہ اوراد کے ساتھہ

جنواري مہینے کے ۳۱ دن ہیں

تاریخ	صبح کي نماز ۱ ورق	صبح کي نماز ۲ ورق	شام کي نماز ۱ ورق	شام کي نماز ۲ ورق
۱	ختنہ			
۲	پیدایش ۱	متي ۱	پیدایش ۲	رومیون ۱
۳	۳	۲	۴	۲
۴	۵	۳	۶	۳
۵	۷	۴	۸	۴
۶	اپیفني			
۷	پیدایش ۹	۵	۱۲	۵
۸	۱۳	۶	۱۴	۶
۹	۱۵	۷	۱۶	۷
۱۰	۱۷	۸	۱۸	۸
۱۱	۱۹	۹	۲۰	۹
۱۲	۲۱	۱۰	۲۲	۱۰
۱۳	۲۳	۱۱	۲۴	۱۱
۱۴	۲۵	۱۲	۲۶	۱۲
۱۵	۲۷	۱۳	۲۸	۱۳
۱۶	۲۹	۱۴	۳۰	۱۴
۱۷	۳۱	۱۵	۳۲	۱۵
۱۸	۳۳	۱۶	۳۴	۱۶
۱۹	۳۵	۱۷	۳۷	قرنتیون ۱
۲۰	۳۸	۱۸	۳۹	۲
۲۱	۴۰	۱۹	۴۱	۳
۲۲	۴۲	۲۰	۴۳	۴
۲۳	۴۴	۲۱	۴۵	۵
۲۴	۴۶	۲۲	۴۷	۶
۲۵	مقدس پولوس کا رجوع ہونا			
۲۶	پیدایش ۴۸	۲۳	۴۹	۷
۲۷	۵۰	۲۴	خروج ۱	۸
۲۸	خروج ۲	۲۵	۳	۹
۲۹	۴	۲۶	۵	۱۰
۳۰	۶ ب ۱۴ آ تک	۲۷	۷	۱۱
۳۱	۸	۲۸	۹	۱۲

مقرری زبور بعضے دن کے لئے

	صبح	شام
مقدس مکائیل ۱ ورد	پیدایش ۳۲	دانیال ۱۰ ب ۵ آ سے
۲ ورد	اعمال ۱۲ ب ۲۰ آ تک	یہودا ۶ آ سے ۱۶ آ تک
مقدس لوقا	جامعہ ۵۱	ایوب ۱
مقدس شمعون اور مقدس یہودا	ایوب ۲۴ و ۲۵	۴۲
سب مقدسوں کا دن ۱ ورد	حکمت ۳ ب ۱۰ آ تک	حکمت ۵ ب ۱۷ آ تک
۲ ورد	عبرانیوں ۱۱ ب ۳۳ آ سے ۱۲ ب ۷ آ تک	مکاشفات ۱۹ ب ۱۷ آ تک

مقرری زبور بعضے دن کے لئے

	صبح		شام	
کرسمس ڈے	زبور	۱۹ ۴۵ ۸۵	زبور	۸۹ ۱۱۰ ۱۳۲
اشوئیڈنیسڈے یعنے لنٹ کے پہلے دن	زبور	۶ ۳۲ ۳۸	زبور	۱۰۲ ۱۳۰ ۱۴۳
گڈ فرائی ڈے	زبور	۲۲ ۴۰ ۵۴	زبور	۶۹ ۸۸
ایسٹر ڈے	زبور	۲ ۵۷ ۱۱۱	زبور	۱۱۳ ۱۱۴ ۱۱۸
روز صعود	زبور	۸ ۱۵ ۲۱	زبور	۲۴ ۴۷ ۱۰۸
روح قدس کے اترنے کا اتوار	زبور	۴۸ ۶۸	زبور	۱۰۴ ۱۴۵

تیوہاروں کے مقرری اوراد

	صبح	شام
منگل ایسٹر کے ہفتے کا ۱ ورد	خروج ۲۰	خروج ۳۲
۲ ورد	لوقا ۲۴ ب ۱۳ آ تک	۱ قرنتیون ۱۵
مقدس مرقس	جامعہ ۴	جامعہ ۵
مقدس فیلبوس اور یعقوب		
۱ ورد	۷	۹
۲ ورد	یوحنا ۱ ب ۴۳ آ سے	
روز صعود کا ۱ ورد	استثنا ۱۰	۲ سلاطین ۲
۲ ورد	لوقا ۲۴ ب ۴۴ آ سے	افسیون ۴ ب ۱۷ آ تک
روح قدس کے اترنے بعد پیر کا		
۱ ورد	پیدایش ۱۱ ب ۱۰ آ تک	گنتی ۱۱ ب ۱۶ آ سے ۳۰ آ تک
۲ ورد	۱ قرنتیون ۱۲	۱ قرنتیون ۱۴ ب ۲۶ آ تک
منگل کا ۱ ورد	۱ سموئیل ۱۹ ب ۱۸ آ سے	استثنا ۳۰
۲ ورد	۱ تسلینیقیون ۵ ب ۱۲ آ سے ۲۴ آ تک	۱ یوحنا ۴ ب ۱۴ آ تک
مقدس برناباس ۱ ورد	جامعہ ۱۰	جامعہ ۱۲
۲ ورد	اعمال ۱۴	اعمال ۱۵ ب ۳۶ آ تک
مقدس یوحناے بپتسٹ ۱ ورد	ملاخی ۳	ملاخی ۴
۲ ورد	متی ۳	متی ۱۴ ب ۱۳ آ تک
مقدس پطرس ۱ ورد	جامعہ ۱۵	جامعہ ۱۹
۲ ورد	اعمال ۳	اعمال ۴
مقدس یعقوب	جامعہ ۲۱	جامعہ ۲۲
مقدس برتولما	۲۴	۲۹
مقدس متی	۳۵	۳۸

تیوهارون کے مقرري اوراد

		صبح	شام
مقدس استفان	۱ ورد	امثال ۲۸	وعظ ۴
	۲ ورد	اعمال ۶ ب ۸ آ و	اعمال ۷ ب ۳۰
		۷ ب ۳۰ آ تک	آ سے ۵۵ آ تک
مقدس یوحنا انجیلي	۱ ورد	وعظ ۵	وعظ ۶
	۲ ورد	مکاشفات ۱	مکاشفات ۲۲
معصومون کا دن		ارمیا ۳۱ ب ۱۸ آ تک	حکمت ۱
ختنه	۱ ورد	پیدایش ۱۷	استثنا ۱۰ ب ۱۲ آ سے
	۲ ورد	رومیون ۲	قلسیون ۲
اپیفني	۱ ورد	اشعیا ۶۰	اشعیا ۴۹
	۲ ورد	لوقا ۳ ب ۲۳ آ تک	یوحنا ۲ ب ۱۲ آ تک
مقدس پولوس کا رجوع هونا	۱ ورد	حکمت ۵	حکمت ۶
	۲ ورد	اعمال ۲۲ ب ۲۲ آ تک	اعمال ۲۶
کنواري مریم کا طهرنفاس		حکمت ۹	حکمت ۱۲
مقدس متثیاس		۱۹	جامعه ۱
حضرت مریم کے نوید پانیکا روز		جامعه ۲	۳
بدهه ایستر کے آگے	۱ ورد	هوشع ۱۳	هوشع ۱۴
	۲ ورد	یوحنا ۱۱ ب ۴۵ آ سے	
جمعرات ایستر کے آگے	۱ ورد	دانیال ۹	ارمیا ۳۱
	۲ ورد	یوحنا ۱۳	
گد فرائیڈے یعنے مسیح کے		پیدایش ۲۲ ب ۲۰	
مصلوب هونیکے دن	۱ ورد	آ تک	اشعیا ۵۳
	۲ ورد	یوحنا ۱۸	۱ پطرس ۲
ایستر یعنی مسیح کے جی اٹهنے			
سے ایک دن پیشتر	۱ ورد	ذکریا ۹	خروج ۱۳
	۲ ورد	لوقا ۲۳ ب ۵۰ آ سے	عبرانیون ۴
دوشنبه ایستر کے هفته کا	۱ ورد	خروج ۱۶	خروج ۱۷
	۲ ورد	متی ۲۸	اعمال ۳

اتوار کے مقرری اوراد

		صبح	شام
تثلیث کے بعد کے اتوار	۱۳	۲ سلاطین ۱۹	۲ سلاطین ۲۳
	۱۴	ارمیا ۵	ارمیاہ ۲۲
	۱۵	۳۵	۳۶
	۱۶	حزقیال ۲	حزقیال ۱۳
	۱۷	۱۴	۱۸
	۱۸	۲۰	۲۴
	۱۹	دانیال ۳	دانیال ۶
	۲۰	یوئیل ۲	میکاہ ۶
	۲۱	حبقوق ۲	امثال ۱
	۲۲	امثال ۲	۳
	۲۳	۱۱	۱۲
	۲۴	۱۳	۱۴
	۲۵	۱۵	۱۶
	۲۶	۱۷	۱۹

تیوہاروں کے معرری اوراد

	صبح	شام
مقدس اندریاس	امثال ۲۰	امثال ۲۱
مقدس توما رسول	۲۳	۲۴
مسیح کا روز تولد یعنے کرسمس ڈے		اشعیا ۷ ب ۱۰ آ سے ۱۷ آ تک
۱ ورن	اشعیا ۹ ب ۸ آ تک	
۲ ورن	لوقا ۲ ب ۱۵ آ تک	طیطس ۳ ب ۴ آ سے ۹ آ تک

اتوار کے مقرری اوراق

		صبح		شام	
لنت کے اتوار	٦				
	١ ورق	خروج	٩	خروج	١٠
	٢ ورق	متي	٢٦	عبرانيون ٥ ب ١١ آ تک	
ایسٹر ڈے	١ ورق	خروج	١٢	خروج	١٤
	٢ ورق	روميون	٦	اعمال ٢ ب ٢٢ آ تک	
ایسٹر کے بعد کے اتوار	١	گنتي	١٦	گنتي	٢٢
	٢	گنتي ٢٣ اور	٢٤		٢٥
	٣	استثنا	٤	استثنا	٥
	٤		٦		٧
	٥		٨		٩
روز صعود کے بعد کا اتوار			١٢		١٣
روح قدس کے اترنے کے اتوار	١ ورق	١٦ ب ١٨ آ تک		اشعيا	١١
	٢ ورق	اعمال ١٠ ب ٣٤ آ سے		اعمال ١٩ ب ٢١ آ تک	
تثلیث کا اتوار	١ ورق	پيدايش	١	پيدايش	١٨
	٢ ورق	متي	٣	١ يوحنا	٥
تثلیث کے بعد کے اتوار	١	يوشع	١٠	يوشع	٢٣
	٢	قاضيون	٤	قاضيون	٥
	٣	١ سموئيل	٢	١ سموئيل	٣
	٤		١٢		١٣
	٥		١٥		١٧
	٦	٢ سموئيل	١٢	٢ سموئيل	١٩
	٧		٢١		٢٤
	٨	١ سلاطين	١٣	١ سلاطين	١٧
	٩		١٨		١٩
	١٠		٢١		٢٢
	١١	٢ سلاطين	٥	٢ سلاطين	٩
	١٢		١٠		١٨

اوراد مقرري

جو سال بهر کے اتوار اور دوسرے تیوهار کے صبح و شام کي نماز مین پڑھے جائین

اتوار کے مقرري اوراد

		صبح		شام	
مسیح کي آمد کے اتوار	۱	اشعیا	۱	اشعیا	۲
	۲		۵		۲۴
	۳		۲۵		۲۶
	۴		۳۰		۳۲
کرسمس کے بعد کے اتوار	۱		۳۷		۳۸
	۲		۴۱		۴۲
اپیفني کے بعد کے اتوار	۱		۴۴		۴۶
	۲		۵۱		۵۳
	۳		۵۵		۵۶
	۴		۵۷		۵۸
	۵		۵۹		۶۴
	۶		۶۵		۶۶
تیسرے اتوار قبل لنت کے		پیدایش	۱	پیدایش	۲
دوسرے			۳		۶
پہلے			۹ ب ۲۰ آ تک		۱۲
لنت کے اتوار	۱		۱۹ ب ۳۰ آ تک		۲۲
	۲		۲۷		۳۴
	۳		۳۹		۴۲
	۴		۴۳		۴۵
	۵	خروج	۳	خروج	۵

باقي مقدس كتابون کے پڑھنے کے احکام

عہد عتیق اس طرح پر مقرر هی کہ صبح اور شام کي نماز کے درمیان اُس میں سے پہلا ورق پڑھا جاوے ایسا کہ سال بھر میں تمام هونے کے قریب پہنچ جاوے جیسا کہ آنیوالي جدول تقویم میں مقرر هی

عہد جدید اسطرح پر مقرر هی کہ اُس میں سے صبح اور شام کي نماز کا دوسرا ورق پڑھا جاوے اور وہ هرایک سال میں مکتوبات اور اناجیل کے سوا اپني ترتیب پر تین مرتبہ پڑھنے میں آوے مگر مکاشفات کہ اُسمیں سے صرف بعضے ورق کتني عیدون میں پڑھے جاتے هیں

اور اُسکے تحقیق کے لیئے کہ هر روز کے واسطے کون کون ورق پڑھا چاهیئے جدول میں جو آگے لکھي هی مہینے کي تاریخ کو دیکھہ لو اور اُسکے سامہنے جو جو باب صبح اور شام کي نماز میں ورق کے لیئے مقرر هیں تم کو ملینگے مگر وے عیدین جو پھرتي آتیں اور جدول میں نہیں لکھیں اور وے عیدین بھي جو پھرتي نہیں آتیں کہ اُنکے سامہنے جدول میں ورق کي جگہہ خالي هی ان سب کے ورق معین مقرری اوراق کي جدولون میں ملینگے

اور خبردار رهو کہ جس روز کے واسطے زبوریں یا اوراق خاص مقرر هیں اُس دن کي زبوریں و اوراق جو جدول میں لکھے هیں (بشرطیکہ وے هي نہوویں) چھوڑ دي جاویں

یہہ بھي یاد رکھو کہ اتوار کي خاص دعا اور مکتوب اور انجیل هفتے کے هر روز کے لیئے عمل میں آیا کرے مگر جہان اس کتاب میں کوئي دوسرا حکم هو

کتاب زبور کے پڑھنے کے احکام

هر مهینے میں زبور کي تمام کتاب پڑهي جاوے جیسا که صبح و شام کي نماز میں اس کا پڑهنا مقرر هی مگر فبروري کے مهینے میں صرف اٹهائیسویں یا انتیسویں دن تک پڑهي جاوے

اور اس لیئے که جنوري اور مارچ اور مئي اور جولائي اور اگسٹ اور اکتوبر اور ڈسمبر اکتیس اکتیس دن کے هیں حکم هی که ان مهینوں میں جو زبوریں تیسویں تاریخ پڑهي گئیں سوهي اکتیسویں تاریخ بهي پڑهي جاویں اس طرح پر که آنیوالي مهینے کي پهلي تاریخ کو پهلي زبور سے پڑهنا شروع کیا جاوے

اور اسلیئے که ایک سو انیسویں زبور بائیس حصوں پر تقسیم هوئي اور ایک مرتبه کے پڑهنے میں بهت هو جاتي اسکي ترتیب یوں هوئي که ان حصوں میں چار پانچ سے زیاده ایک وقت نه پڑهے جاویں

اور هرایک زبور اور ایک سو انیسویں زبور کے هرایک حصه کے مذکور کے بعد یے الفاظ حمد کے پڑهنے میں آویں

ستایش باپ اور بیٹے اور روح قدس کي هووے
جیسي ابتدا میں تهي اب بهي هی اور همیشه رهیگي آمین

سمجها چاهیئے که زبور کي تقسیم عبرانیوں کي اور بڑي انگریزي بیبل کي جو آٹهویں هنڈري اور چهٹے ایڈورڈ شاه کے وقت میں جاري هوئي اور عمل میں آئي تقسیم کے موافق هي

فہرست

کتاب زبور اور باقي مقدس کتابون کے پڑھنے کے احکام

دعاے عمیم کي کتاب

اور

ساکریمنٹوں کي ترتیب

اور

کلیسیا کي دوسري رسم اور دستورں کي

انگلستان اور ایرستان کی متحد کلیسیا کے طریقے کے مطابق؛

اور زبور کي کتاب اور ڈیکنوں اور پریسٹوں کے

تقرر اور بشپوں کے تقدس کے

طریقے اور عقائد دین

تیسري چھپائي

معہ نظر ثاني

کلکتہ

بشپس کالج پریس

سنہ ۱۸۶۶ عیسوي